عصری لغت

پروفیسر عبدالحق

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی

عصری لغت

پروفیسر عبدالحق

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

وزارت فروغ انسانی وسائل، حکومت ہند
فروغ اردو بھون ایف سی، 33/9، انسٹی ٹیوشنل ایریا، جسولا، نئی دہلی۔110025

© قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی

کونسل کی پہلی اشاعت	:	2014
تعداد	:	550
قیمت	:	-/240روپے
سلسلۂ مطبوعات	:	1194

ASRI LUGHAT
By: Professor Abdul Haq

ISBN :978-93-5160-055-08

ناشر: ڈائرکٹر، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، فروغ اردو بھون، FC-33/9، انسٹی ٹیوشنل ایریا، جسولہ، نئی دہلی 110025، فون نمبر: 49539000، فیکس: 49539099
شعبۂ فروخت: ویسٹ بلاک۔8، آر۔کے۔پورم، نئی دہلی۔110066 فون نمبر: 26109746
فیکس: 26108159 ای۔میل: ncpulsaleunit@gmail.com
ای۔میل: urducouncil@gmail.com، ویب سائٹ: www.urducouncil.nic.in
طابع: سلاسار امپکنگ سسٹمس، C-7/5 لارینس روڈ انڈسٹریل ایریا، نئی دہلی۔110035
اس کتاب کی چھپائی میں 70GSM, TNPL Maplitho کاغذ استعمال کیا گیا ہے۔

پیش لفظ

انسان کا اجتماعی شعور صدیوں کو محیط ہے۔ اظہار کے سانچوں پر قابو پانے میں صدیاں لگی ہیں۔ اظہار کے لسانی سانچے پر عبور پانا معجزے سے کم نہیں۔ زبان کا سفر حقیقت سے مجاز تک کا نہایت بامعنی سفر ہے۔ مجاز کے توسط سے اشارے حقیقت کی ترسیل ہیں۔ مفروضے سے معروضے کی منزل مشاہدے سے تجربے کی منزل ہے جو پیچیدگی سے آسانی کی طرف لے جاتی ہے۔ فکر سے اظہار اور اظہار سے تحریر کے مراحل میں ردوقبول سلسلہ جاری رہتا ہے۔ جذبے، احساسات اور اشیا کی شناخت کے لیے لفظیات کا انتخاب اور ان کی قبولیت کے لیے زمانہ درکار ہوتا ہے۔ زبان عمرانی، معاشرتی اور تہذیبی مظہر ہے۔ ایک دن میں زبان بنتی ہے نہ قواعد۔ نطق سے اظہار تک کا سفر صدیوں پر مشتمل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس میں پیچیدگی اور تنوع پایا جاتا ہے۔ زبان نامیاتی حقیقت ہے۔ اسی لیے نئے نئے سیاق میں ظاہر ہوتی ہے۔ ہر لفظ معنوی امکانات میں ایک سے زائد سیاق رکھتا ہے۔ ہر لفظ اپنے ساتھ مختلف تصورات لے کر ظاہر ہوتا ہے لیکن اس کی سادہ اور مجرد، دونوں صورتیں ممکن ہیں۔ ہر لفظ اپنی تخلیق کے بعد جب کچھ زمانی عرصہ گزار لیتا ہے تو اس کے معنوی حدود متعین ہو جاتے ہیں اور اس کی سند لغت فراہم کر دیتا ہے۔ اردو نے اپنا ادبی سفر شروع کیا تو تحریر بھی اسے محفوظ کرتی گئی اور آج اردو کتابوں کے عظیم ذخیرے پر ہم فخر کرتے ہیں۔

اردو میں مختلف علوم وفنون کی کتابوں کو منتقل کرنا اور معیاری تحریروں کو پکی روشنائی عطا کر کے اردو حلقوں تک پہنچانا ہماری اہم ذمہ داری ہے۔ کونسل نے متنوع موضوعات پر کافی کتابیں شائع کی ہیں۔ اصطلاحات اور لغات پر بھی توجہ دی ہے۔ پرانی لغات اردو کے لسانی / ادبی استناد اور حوالوں کے لیے اہم، اشد ضروری اور کارآمد ہیں، لیکن روز بہ روز زبان کا دائرہ بڑھتا جارہا ہے۔ نئے الفاظ، تراکیب اور اصطلاحات میں اضافہ ہورہا ہے اور ہر زندہ زبان کی یہ خوبی ہے کہ اس میں تغیرات کی گنجائش رہتی ہے۔ اس ضمن میں 'عصری لغت' کی اہمیت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ پروفیسر عبدالحق یوں تو ماہر اقبالیات کی حیثیت سے پہچانے جاتے ہیں لیکن ان کے کام کا دائرہ پھیلا ہوا ہے۔ کلاسک پر گہری نظر نے حاتم کا دیوان ان سے مرتب کرایا۔ تذکروں اور تاریخ سے ان کی دلچسپی کے بعد لغت کا یہ کارنامہ انھیں اپنے ہم عصروں میں ممتاز بناتا ہے۔ 'عصری لغت' کی ضرورت کے پیش نظر اسے کونسل شائع کرتے ہوئے خوشی محسوس کررہی ہے۔ اس لغت سے طلبہ کے ساتھ عام قارئین بھی فائدہ اٹھائیں گے۔

امید ہے کونسل کی دیگر مطبوعات کی طرح اس کتاب کی بھی خاطر خواہ پذیرائی ہوگی۔

ڈاکٹر خواجہ محمد اکرام الدین

(ڈائرکٹر)

اعتراف

میں اثنائے تدریس یہ محسوس کرتا رہا کہ ایک استاد کی حیثیت سے بعض ذمہ داریوں سے کیسے عہدہ بَرا ہوا جائے۔ بڑے کام وہ حضرات انجام دے رہے ہیں جن کے پاس حوصلے زیادہ اور وسائل فراواں ہیں۔ کیا عاجزی اور محرومی میں بھی کچھ کیا جاسکتا ہے؟ یہ خلش ہمیشہ باقی رہی اور درس وتدریس میں بعض پہلوؤں کی تشنگی اکثر کھٹکتی رہی۔ خاص طور پر وسائل کے وہ اسباب، جواب تعلیمی نظام کا لازمہ بن چکے ہیں، وہ ہمارے لیے تقریباً جزوِ نصاب کی اہمیت رکھتے ہیں۔ نصابی کتب کے علاوہ حوالے اور منابع نیز تاریخی وسماجی علوم پر مستحضر کتابیں اب ضروری ہیں۔ ثقافتی علامتوں کی فرہنگ اور لفظ ومعنی کے نئے مفاہیم سے آراستہ لغات کا تقاضا پہلے سے کہیں زیادہ ہے کیونکہ متن کی تفہیم عدم توجہی سے دوچار ہے۔ وقت کی تنگی، فاصلوں میں زیادتی، کلاسوں سے طلبا کی بے اعتنائی اور اساتذہ کی بے التفاتی نے گھروں کے ماحول کو دارالمطالعہ میں تبدیل کردیا ہے۔ ان بدلے ہوئے حالات میں متون کے مطالعے کے لیے، حوالے کی کتابیں ناگزیر بن گئی ہیں، جن میں فرہنگ کی ضرورت شاید سب سے زیادہ توجہ طلب ہے۔

مختلف دانش گاہوں کی نصابی کمیٹیوں میں شرکت اور شعبوں کے اساتذہ کی گفتگو میں نصابی کتابوں کی فراہمی کا مسئلہ میرے لیے آزمائشی بنا رہا۔ انجمن اساتذۂ اردو جامعاتِ ہند کے

جلسوں میں بھی اکثر اس کا اعادہ ہوتا رہا۔ راقم نے ایک حقیر کوشش کی۔ ملک کی دانش گاہوں میں مروج مشترک شعری نصاب کا انتخاب کیا، جو 'متاعِ سخن' کے نام سے شائع ہوا اور کئی جگہ داخلِ نصاب ہوا۔ توقع سے زیادہ پذیرائی پر مجھے حیرت ہوئی۔ اسے اپنی بدتوفیقی پر ہی محمول کرتا ہوں کہ نثری انتخاب ہنوز شائع نہ ہوسکا۔ شعبے کے مبتدیوں کو کئی سال تک مسلسل زبان پڑھانے کا موقع ملا۔ زبان سکھانے کے تمام قاعدوں کا بہ غور مطالعہ کے بعد بالغ ذہن اور چھوٹے بچوں کی نفسیات کے پیشِ نظر ایک قاعدہ بھی ترتیب دیا، وہ بھی ابھی تک شائع نہیں ہوسکا ہے۔ اسے بھی اپنی بے بضاعتی سمجھتا ہوں۔ اردو میں متداول لغات اور ان کا حجم، جو ہمارے لیے سرمایۂ افتخار ہے اور علم دانش کی جویائی کے لیے گراں قدر وسیلۂ آگہی بھی، تدریس اور تفہیم میں ان سے استفادہ کرتا ہوں۔ اکثر محسوس کرتا رہا کہ نصابی تقاضوں کے تحت ایک مختصر اور خودکفیل لغت کو مرتب کیا جائے جو طلبا کی نصابی ضرورتوں کی تکمیل کرے اور پرانے طرز سے قدرے مختلف ہو اور اسے بہ سہولت سنبھالا بھی جاسکے۔ میں دعویٰ تو نہیں کرتا لیکن اس حقیقت کا اظہار کررہا ہوں کہ اس میں ابتدائی سے اعلیٰ درجات کے نصابات میں شامل الفاظ کا احاطہ کرنے کی سعی کی گئی ہے۔ خاص طور پر مختلف اصنافِ ادب میں مستعمل الفاظ کو ان کی افادیت کے پیشِ نظر شاملِ لغت کیا گیا ہے۔ اس طرح اس کی حیثیت ایک نصابی لغت سے زیادہ نہیں، نہ یہ علمی ہے نہ تحقیقی اور نہ ہی سرتاسر نیا اور نادر۔ بیشتر لغات سے استفادہ کیا گیا ہے اور اکتسابِ فیض بھی۔ یہ ایک ادنیٰ طالب علم کی بہت ہی معمولی کوشش ہے جسے اردو طلبا کے بڑھتے ہوئے تقاضوں کے پیشِ نظر ترتیب دیا گیا ہے۔ ترتیب میں پرانے طور طریقوں سے یہ کچھ مختلف بھی ہے۔ آزادی کے بعد ہندو پاک کے سرکاری و نیم سرکاری اداروں کی توجہ سے فرہنگ نگاری میں قابلِ رشک اضافہ ہوا ہے۔ یہ ضخامت اور علمی قدر و قیمت میں بے مثل ہیں۔ مگر بازاروں میں عام طور پر قدیم لغات کے نئے اشاعتی ذخائر نے ایک انقلاب برپا کیا ہے۔ میرے معمولی جائزے میں مذہبی تصانیف کے بعد اس صنف کو جو توسیع ملی ہے وہ ادب و دانش کے کسی بھی موضوع کو نہیں حاصل ہوسکی ہے۔ مال و منفعت کے لیے بھی اس سے بہتر اشاعتی وسیلہ ممکن نہ تھا، کیونکہ ملک میں شرحِ خواندگی میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے۔ زبان دانی اور بہتر سے بہتر تہذیبی اظہار کی طرف اب زیادہ توجہ دی جارہی ہے۔ اب کرۂ ارض کے

باشندے ایک مرکزِ محسوس سے قریب تر ہو رہے ہیں۔ نوعِ بشر اپنے جبلّی تقاضوں سے مجبور ہے۔ ایک طرف ثقافتی تلاش اور اس پر استقامت مزاجِ عالم کا خمیر بن رہا ہے۔ دوسری طرف تجارتی لین دین اور سیاسی روابط نے زبان و تہذیب کے در وا کر دیے ہیں۔ وحدتِ آدم کے ناپید کنار تصورات نے آئینِ ہم آغوشی کے راز فاش کر دیے ہیں، جس کے طفیل اب علم اللسان اور علم اللغات کی سحر ساز افادیت کے سبب ہر ترقی یافتہ زبان کے لغات دوسری ترقی یافتہ زبانوں میں منتقل ہو رہے ہیں۔ علم کی توسیع تو ہے ہی مگر یہ زبان کی معجز نمائی بھی ہے، خاص طور پر ذرائع ابلاغ کی ترجیحات پر توجہ دیں تو ایک عالمِ ممکنات روشن ہو جائے۔ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک ہوں یا ترقی پذیر، سب کی نشریات میں کہیں نہ کہیں اردو کو مقام ضرور حاصل ہے۔ دنیا کا کوئی ادارہ اردو بولنے اور سمجھنے والی اتنی بڑی آبادی کو نظر انداز نہیں کر سکتا۔ آفاقی سطح پر اس طبقے کو دو تین زبانوں کے بعد سب پر سبقت حاصل ہے۔ خود اپنے گرد و پیش کو دیکھیے اس کے بیخ و بُن کو مٹا دینے کے لیے کون سی حکمتِ عملی نہیں اپنائی گئی مگر آج کے سیاق پر نظر ڈالیں تو اردو تہذیب کے سیلِ رواں سے دانایانِ وطن ہراساں ہیں۔ اجمالی طور پر یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ فرہنگ ایک ناگزیر علمی اور ثقافتی ضرورت ہے۔ میں نے صرف نصابات تک اپنے کو محدود رکھا ہے اور اس میں بھی ادبی اور لسانی نصابات۔ ظاہر ہے کہ سائنسی، تکنیکی اور تمام دوسرے علوم کے تعلق سے لغات کی تیاری اہلِ دانش کریں گے جو وقت اور طالب علموں کی سب سے بڑی ضرورت ہے کیونکہ سائنسی علوم اب ثقافتی اقدار کا جزو لاینفک بن گئے ہیں، ان کی طرف بھی پیش رفت ہو رہی ہے۔

مجھے امید ہے کہ بہت سی خامیوں کے باوجود شاید یہ کسی حد تک اردو طلبا کے لیے مفید ثابت ہو سکے۔ اسے بہتر سے بہتر صورت میں پیش کرنے کی کوشش جاری رہے گی۔ کیونکہ یہ لغات نگاری کے خمیر میں شامل ہے۔ جب تک لفظوں کے تلفظات یا حرکات و سکنات تغیر پذیر ہیں مفاہیم کی تعبیر اور تعین میں تبدیلی واقع ہوتی رہے گی۔ یوں بھی اس دارِ فانی میں نہ اشیا مطلق ہیں اور نہ آگہی۔ مطلقیت کا مدعی اور مستحق صرف وہ ذات والا صفات ہے جو علم و دانش کا ہی نہیں لفظ و معنی کی بے پایاں وسعتوں کا بھی محافظ ہے۔ اس کا صرف ایک لفظ 'کُن' کائنات کی تخلیق کا موجب بنا اور لفظ و معنی کی تقدیس کو جاوداں صورت بخشی۔ الفاظ صرف انسانی تعینات نہیں ہیں بلکہ الہامی تحریم

کی منزہ صورت رکھتے ہیں، ان کے احترام سے ہی علم وفن معتبر اور منور ہوتے ہیں۔ ان معروضات کے علاوہ اس تالیف میں آشوبِ روزگار سے برابر نبرد آزما رہا۔ ایک ایسا وقت آیا کہ دَرماندہ ہو کر بیٹھ رہا۔ پھر اسی ذات بابرکت نے ہمت دی اور اشاعت کے لیے اسباب مہیا کیے۔ اس تالیف سے بصارت پر بُرا اثر پڑا اور بینائی میں فرق آیا۔ دُعا کرتا ہوں کہ اردو طلبا کی بصارتوں میں ہمیشہ اضافہ ہوتا رہے اور لفظ و معنی کے دائمی نور سے ان کے قلوب روشن ہوتے رہیں۔

میں بعض خامیوں اور کوتاہیوں کے لیے شرمسار ہوں، جنھیں دور کرنے کے لیے خاطر خواہ کوشش نہیں کر سکا۔ تدریسی ذمہ داریوں کے علاوہ دنیاوی مکروہات نے فرصت نہ دی۔ شعبہ اور انجمن اساتذۂ اردو کے معاملات نے بھی کم ہی مہلت دی مزید براں کتابت اور طباعت کی ہمت شکن صورتِ حال ایک دل دوز کہانی ہے۔ مشاہدہ یہ ہے کہ کسی کتاب کی تیاری ایک جوئے شیر لانے سے کم نہیں اور لغت تو ہر ایک لفظ کے عوض قطرۂ خونِ دل کا خراج طلب کرتا ہے۔ ایک احساس اور ایک تشویق ہی اس کی تکمیل میں معاون ہے، ورنہ یہ کام نہ انفرادی ہے اور آسان۔ لغت میں صرف دو علامتوں سے کام لیا گیا ہے۔ مونث (مو) اور مذکر (مذ)۔

میں مقر ہوں اور معترف بھی کہ اردو ایک آزاد اور ترقی یافتہ زبان ہے، جو بھی لفظ اردو میں رائج ہے وہ اس کی میراث اور اصل ہے۔ خواہ وہ لفظ کسی زبان کا ہو۔ اسی یقین کے پیشِ نظر لفظوں کے ساتھ عربی، فارسی، ترکی، انگریزی یا ہندی کا اشارہ غیر مناسب اور غیر ضروری سمجھتا ہوں۔ معانی و مطالب کی فراہمی یا کفالت، بغایت کمال، ذہنِ انسانی کی بھرپور ترقی میں سنگِ نشاں سے کم نہیں۔ توضیح اور تقلید دونوں سے طلبا کو آزاد رہنے کا موقع ملنا چاہیے تاکہ ان کی آگہی کو علم و عرفان کا بے پایاں شعور میسر آ سکے۔ 'عصری لغت' کی تیسری اشاعت کو سعادت سمجھتا ہوں۔

میں اپنے بہی خواہوں، بیوی اور بیٹیوں کے ساتھ اردو طلبا اور اساتذہ کی نیک خواہشات کا صدقِ دل سے معترف اور دُعا گو ہوں کہ خالقِ ارض و سما ان کے قلب و نظر میں لفظ و معنی کا قندیل روشن کرے اور اظہار کی بے کراں وسعتوں سے ہم کنار کرے۔ (آمین)

پروفیسر عبدالحق

ا

ا: مذ، تین بڑی زبانوں میں عربی، فارسی اور اردو حروف تہجی کا پہلا حرف، لغوی معنی خدائے واحد، تنہا، اکیلا، مرد مجرد، اس کی دو قسمیں ہوتی ہیں ممدودہ اور مقصورہ، جب الف پر مَد ہو یعنی کھینچ کر پڑھا جائے تو الف ممدودہ کہلاتا ہے جیسے آ اور جب الف کھینچ کر نہ پڑھا جائے تو مقصورہ کہلاتا ہے، جیسے: ا

آ: مذ، آنا مصدر سے فعلِ امر، کسی کو بلانے آواز دینے یا بلانے کا حکم دینے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، جا کی ضد ہے، سُر اور تان شروع کرنے کی آواز

آآ: اکثر پالتو جانوروں کو بلانے لیے استعمال کرتے ہیں

آ آ: حرف ندا، تاکیدی اشارہ، خوردوں اور کم رتبے والوں کو بلانے کی خاص آواز

آب: مذ، پانی، آنسو، عرق، پسینہ، تلوار کی کاٹ، موتی کی چمک، شراب، جوہر، خوبی، مواد، بارش

آباب: سفر کی تیاری، آمادگی

آب آب: پانی پانی، سیال، شرمندہ، نادم پشیمان

آب آب کرنا: شرمندہ کرنا، شرم دلانا

آب آب ہونا: پانی پانی ہونا، شرمندہ ہونا، نادم یا خفیف ہونا، پسینہ پسینہ ہونا، بہہ نکلنا، جھینپنا، ہلکا ہونا

آب آتش رنگ: آب آتشیں، سرخ شراب

آب آجانا: باڑھ چڑھنا، اوزار پر چمک یا صفائی کا پیدا ہونا

آب احمر: سرخ شراب

آب آخرت: غسلِ میت

آب آمد تیمم برخاست: مثل، اصل چیز ملنے پر عارضی چیز کی ضرورت کا ختم ہو جانا، جیسے نماز پڑھنے کے لیے وضو شرط ہے اور وضو کے لیے پانی کا ہونا ضروری ہے، پانی نہ ملنے پر مٹی سے تیمم کر کے نماز پڑھنے کی اجازت ہے، لیکن تیمم کے بعد اگر پانی مل جائے تو تیمم کی اجازت ختم ہو جاتی ہے

آب آہن تاب: مذ، وہ پانی جس میں لوہا گرم کرنے کے بعد بجھایا جاتا ہے

آب اُترنا: چمک ختم ہو جانا، بے قدر ہونا، آب اڑنا، دھار کند ہو جانا

آب ارغوانی: شراب

آب از سر گذشت: تکلیف یا مصیبت حد سے گزر گئی، پانی سر سے اونچا ہو گیا، ناقابل برداشت

آب استادہ: مذ، رکا ہوا پانی، ایک جگہ ٹھہرا ہوا پانی

آب اندام: نازک بدن، ہلکے پھلکے جسم والا

آب انگور: شراب

آب باراں: بارش کا پانی

آب باز: مذ، تیراک، پانی میں تیرنے والا، پانی سے کھیلنے والا

آب بقا: مذ، امرت جس پانی کے پینے کے بعد موت نہ آئے، کہا جاتا ہے کہ حضرت خضر علیہ السلام بھی پانی پینے کی وجہ سے امر ہیں، آب حیات

آبِ بقائے دوام: مذ، ہمیشہ ہمیشہ زندہ رکھنے والا پانی

آب بگڑنا: مو، چمک جاتی رہنا، آب نہ رہنا، کاٹ کم ہو جانا، عزت میں کمی آ جانا

آب پاشاں: ایرلن کا ایک تہوار جس میں ایک دوسرے پر گلاب کا پانی چھڑکتے ہیں

آب پاشی: مو، کھیتوں کی سینچائی کرنا، درختوں کو پانی دینا، پانی کا چھڑکاؤ کرنا، وزارت یا محکمۂ نہر

آبِ پشت: مث، نطفہ

آبِ پیکاں: مو، تیر کے نوک کی تیزی

آب پیما: مقیاس الماء، پانی کی طرح بہنے والی رقیق چیزوں کی صفائی اور گندگی ناپنے کا آلہ، ہائیڈرومیٹر،

آب تاب: مو، چمک دمک، رونق، شان و شوکت، پھڑک

آب ترسی: پاگل کتے کے کاٹنے پر، پانی سے ڈرنا،

آبِ تلخ: مذ، شراب، تیزاب، کھاری پانی، آنسو،

آبِ تیغ: مو، تلوار کی دھار، چمک یا کاٹ،

آب جانا، جاتی رہنا: مو، بے وقعت ہو جانا، دھار کا گند ہو جانا، چمک دمک باقی نہ رہنا،

آبِ جاری: مذ، چشمہ، دریا یا نہر کا بہتا ہوا پانی، زمین سے ابلتا ہوا پانی، رواں پانی جس سے وضو اور غسل کرنا شرعاً جائز ہو

آبِ جاں: آبِ حیات، آبِ حیواں، زندگی بخش، جس کے پینے سے موت نہ آئے

آبِ جو: نالہ، ندی، چشمہ، نہر

آبِ جوش: مذ، گوشت کا عرق، یخنی، شوربا سوڈا واٹر، پانی میں ابالی ہوئی چیز

آب چڑھانا: مو، لوہے پر دھار رکھنا، جلا کرنا، اوزار تیز کرنا، باڑھ رکھنا، سان پر چڑھانا، آئینہ کو صاف کرنا

آبِ چشم: مذ، آنسو

آبِ چک: مو، مکان کے پچھواڑے چھت کا پانی ٹپکنے کی جگہ، پرنالہ

آبِ حرام: مذ، نشہ آور پانی، شراب

آبِ حیات: مذ، امرت، زندگی دینے والا پانی

آبِ حیواں: مذ، امرت، زندگی دینے والا پانی

آبِ خاصہ: مذ، بادشاہوں کے پینے کا پانی،

آبِ خجالت: شرم سے نکلنے والا پسینہ

آبِ خضر: مذ، آبِ حیات، جس پانی کو حضرت خضر نے پیا اور امر ہو گئے

آبِ خورہ: مذ، پانی پینے کے لیے مٹی کا چھوٹا سا پیالہ نما برتن

آبِ خوردہ: مذ، نصیب، قسمت

آبِ خیز: مذ، وہ علاقۂ زمین جہاں پر پانی کی سطح اوپر ہو، تھوڑی کھدائی پر پانی نکل آئے

آب دار: مذ، چمک دار، شان والا، تیز دھار رکھنے والا اوزار، باڑھ دار ہتھیار، وہ نوکر جو گھر میں پانی کے انتظام پر مامور ہو، کھیتوں میں نہر کے پانی کو پہنچانے اور نگرانی کرنے والا ذمہ دار ملازم،

آب داری: مو، چمک صفائی، تیزی، کاٹ، جلا، صیقل، رونق، پانی کے انتظام پر مامور ملازم کی خدمت گاری

آب دست: مذ، استنجا، پاکیزگی، پاخانے سے فراغت کے بعد پاکیزگی کے لیے پانی

آب دندان: مذ، دانتوں کی چمک

آب دوز: مو، وہ جنگی کشتی یا جہاز جو پانی کے نیچے چلے اور اوپر بھی

آب دیدہ: مذ، آنسوؤں سے تر آنکھیں رکھنے والا انسان، اداس، غم گین، روتا ہوا، روانسا

آب دینا: مذ، جلا دینا، تیز کرنا

آب راکِد: مذ، ٹھہرا ہوا پانی، جو سوتے سے نہ ملتا ہو

آب رحمت: مذ، بارش، مینہ، بخشش، عطا

آب رکھوانا: مو، سان پر چڑھانا، باڑھ رکھوانا، دھار تیز کرانا

آب رواں: مذ، جاری یا بہتا پانی، نہایت باریک قسم کا کپڑا

آب ریز: مذ، پانی گرنے کی جگہ

آب زر: مذ، سونے کا پانی جو نقاشی یا تصویر نگاری کے کام میں لایا جاتا ہے، اعزاز و اکرام کے قابل

آب زلال: مذ، صاف و شفاف پانی، نتھرا ہوا شیریں اور ٹھنڈا پانی

آب زمزم: مذ، مکہ معظمہ کے مشہور تاریخی چشمہ کا پانی، یہ چشمہ حضرت اسمٰعیلؑ کی ایڑیوں کی رگڑ سے جاری ہوا تھا، اب اس چشمہ کو کنویں کی طرح سے گھیر دیا گیا ہے

آب زن: مذ، وہ برتن جس میں دواؤں کو ابال کر مریض کو اس میں بٹھایا جائے

آبسار: سفید پتھر

آب سبیل: مذ، مسافروں اور پیاسوں کے پینے کے لیے راستے پر رکھا ہوا پانی

آبشار: مذ، جھرنا، وہ قدرتی پانی جو بلندی سے نیچے گرتا رہتا ہے

آب شور: مذ، کھاری پانی، سمندر کا پانی

آب شورہ: مذ، شورے سے ٹھنڈا کیا ہوا پانی

آب شیریں: مذ، میٹھا پانی

آبکار: مذ، عرق کھینچنے والا، شراب بیچنے والا یا جگہ یا کارخانہ

آب کش: مذ، کنویں سے پانی نکالنے والا سقا

آبکاری: مو، شراب کھینچنا یا بیچنا، شراب کا کاروبار یا کارخانہ یا تجارت، حکومت کے ماتحت شراب کی نگرانی اور اس سے محصول وصول کرنے کا محکمہ

آب کوثر: مذ، بہشت میں جاری مشہور نہر کا بہت شیریں اور ٹھنڈا پانی

آب گریہ: مذ، آنسو

آب گل: مذ، عرق گلاب

آب گوں: مذ، آسمانی یا نیلے رنگ کا چمکیلا شیشہ، چمکتی ہوئی تلوار

آب گیر: مذ، تالاب، حوض، پانی جمع ہونے کی جگہ

آب گینہ: مذ، بلور، شیشہ، کانچ، آئینہ، انگوری شراب

آب گینۂ فانوس: مذ، شمع دان کا شیشہ، لالٹین کا شیشہ

آب مِٹ جانا: مو، چمک دمک کا ختم ہو جانا، بے رونق ہو جانا

آب مضاف: مذ، کسی چیز کا عرق ملا ہوا پانی

آبنائے: مو، دو بڑے سمندروں کو ملانے والا پانی کا تنگ یا بہت کم چوڑا حصہ یا راستہ جو دو بڑے خشکی کے حصوں کو الگ کرے

آب ندامت: مذ، شرمندگی کا پسینہ

آب ندیدہ موزہ کشیدہ: مثل، مشکل سے دوچار ہونے سے پہلے ہی نالہ وفریاد کرنا، پانی دیکھے بغیر اسے پار کرنے کے لیے موزہ اتارنا

آب نقرہ: مذ، چاندی کا پانی، جب چاندی کو گلا کر پانی کی طرح بہتا ہوا کر دیا جائے، پارہ

آب نَے: مذ، حقے کی نلی کا وہ حصہ جو پانی میں ہوتا ہے

آب نیساں: مذ، موسم بہار (مارچ، اپریل) کی بارش، کہا جاتا ہے کہ اس بارش کے قطروں سے سیپ میں موتی پیدا ہوتا ہے، بانس میں بسلوچن (تباشیر)، گائے کے سینگ میں گاؤلوچن پیدا ہوتا ہے

آب وتاب: مو، چمک دمک، رونق عزت

آب وخور: مو، دانہ پانی، روزی، خوراک

آب ودانہ اٹھ جانا: مذ، روزی وروزگار کا ختم ہو جانا، کسی ایک جگہ کو ترک کرنے کے لیے مجبور ہو جانا، کسی شدید بیماری میں غذا کا بند ہو جانا، دنیا سے رخصت ہونا

آب ورنگ: مذ، چمک دمک، رونق، شان بان

آب وروغن: مذ، چمک دمک، رنگ روپ

آب وگل: مذ، طبیعت، خمیر، فطرت، سرشت، مزاج، مٹی اور پانی کا مادہ جس سے انسان بنا ہے

آب ونمک: مذ، ذائقہ، مزہ، حسن میں کشش کی کیفیت

آب وہوا: مو، موسم، حالات، ماحول، رُت

آب ہونا: مذ، پانی کی طرح بہنے والا ہونا، خوف، نرمی، رحم دلی کا احساس پیدا ہونا، ہلکا ہونا، جلا ہونا، تیزی ہونا، باڑھ ہونا

آب آب ہونا: مذ، شرمندہ یا نادم ہونا، جھینپنا

آباد: مذ، آدمیوں سے بھرا ہوا، چہل پہل سے بھرپور، پررونق بستی

آباد رہنا: مذ، بھرا پرا رہنا چہل پہل سے بھرپور ہونا

آبادکار: مذ، غیر آباد علاقے کو بسانے والا

آبادانی: مذ، بستی، آبادی، چہل پہل یا رونق سے بھرپور

آباء: مذ، جمع اب کی، والد، جد، دادا

آباءواجداد: مذ، باپ دادا، مورث، اسلاف

آبائی: مورثی، باپ دادا کی

آبیانہ: مذ، پانی کا محصول

آبرُو: مو، چہرے کی چمک، نور، عزت، وقار، شرم،

لاج، حیثیت، ناموس

آبرُو اُتارنا، آبرو ریزی کرنا: ذلیل کرنا، رسوا کرنا، بے عزت کرنا

آبرُو بچانا: مو، عزت محفوظ رکھنا

آبرُو بڑی دولت ہے: عزت بڑی دولت ہے

آبرُو بگاڑنا، آبرُو بگڑنا: بے عزت ہونا، ذلیل ہونا

آبرُو بیچنا: عزت کھو بیٹھنا، خوار ہونا

آبرُو پانی کرنا یا پانی ہونا یا پانی پھر جانا یا پانی پھیر دینا: عزت ختم ہو جانا، ذلیل ہونا، آبرو پر حرف آنا، آبرو خاک میں ملانا، آبرو خاک میں مل جانا، آبرو ڈبونا، آبرو ڈوب جانا

آبرُو سلامت رہنا: عزت کا باقی رہنا

آبرُو سے پیش آنا: عزت و احترام کے ساتھ تواضع

آبرُو سے ہاتھ دھونا یا دھو بیٹھنا: عزت کھو بیٹھنا، عزت سے مایوس ہو جانا

آبرُو ولٹنا یا لُوٹنا: بے عزت کر دینا

آبشگن: چھپانا، پوشیدہ رکھنا

آبشورہ: نمک سے ٹھنڈا کیا ہو پانی

آبشم: مذ، خام ریشم

آب کش: مذ، بہشتی، پانی لانے والا

آب گل: گلاب کا عرق، گلاب کے پھولوں کا پانی

آب گوں: پانی کے رنگ کا، پیالہ

آپ: اپنی ذات سے، اپنا وجود، خود، ضمیر غائب اور حاضر دونوں کے احترام کے لیے استعمال ہوتا ہے

آپ آپ کہنا، کرنا: خوشامد، یا چاپلوسی کرنا

آپ آپ میں: آپسی، آپس میں

آپ آئے بھاگ آئے: آپ کا تشریف لانا برکت و خوش نصیبی ہے

آپ اپنی ہی گاتے ہیں: آپ اپنی ہی کہے جاتے ہیں دوسروں کی سنتے نہیں

آپا دھاپی: مو، خود غرضی، اپنی ہی فکر کرنا، نفسا نفسی

آپ ایسے آپ ویسے: خوشامد کی باتیں

آپ بھلے تو جگ بھلا: اگر آپ اچھے ہیں تو دنیا بھی اچھی ہے

آپ بیتی: اپنی کہانی، خود نوشت، زندگی کے حالات جو خود سے لکھے جائیں

آپ کی دال یہاں نہیں گلے گی: آپ کی کوئی تدبیر یہاں کارگر نہ ہوگی، آپ کی یہاں کچھ نہ چلے گی

آپ ہی بی بی آپ ہی باندی: گھر میں اکیلی عورت، سبھی کام کرنے والی

آپا: مو، اپنی ذات، اصلیت، حقیقت، ہستی، خودی، بہن

آپے سے باہر ہو جانا: غصہ میں ہوش و حواس کھو بیٹھنا

آپے میں نہ رہنا: مغرور ہونا، زیادہ غصہ کرنا

آتا جاتا: معلومات، مطالعہ، مشق، آنے جانے والا، راستہ چلنے والا

آتے بھلے نہ جاتے: آنا جانا برابر ہے

آتش: مو، آگ

آتش افروز: آگ بھڑکانے والا

آتشِ افسردہ: شعلہ سے خالی آگ

آتش انگیز: آگ بھڑکانے والا

آتش بار: آگ برسانے والا

آتش باز: آتش بازی بنانے والا

آتش بازی: آگ کا کھیل

آتش بیان: جوش وخروش پیدا کرنے والا مقرر

آتشِ بے دُود: بغیر دھوئیں کی آگ، شراب، سورج

آتش پا: بے چین، تیز چلنے والا

آتش پرست: پارسی، زرتشت کو ماننے والے، آگ کی عبادت کرنے والے

آتشِ تر: شراب

آتش خانہ: پارسیوں کا عبادت خانہ جہاں ہر وقت آگ روشن رہتی ہے

آتش خو: تیز مزاج والا، غصہ کرنے والا

آتش دان: انگیٹھی، چولھا

آتش زبان: ولولہ انگیز تقریر کرنے والا، آتش بیان

آتش زنی: آگ لگانا، فساد برپا کرنا

آتش زیرپا: بے قرار، بے چین

آتشِ سنگ: پتھر سے نکلنے والی چنگاری

آتشِ سیّال: شراب

آتشِ فارسی: آتشک کی بیماری

آتش فشاں: آگ کے شعلے نکالنے والا

آتش کا پرکالہ: تیز، ہوشیار، شرارتی، آگ کا ٹکڑا

آتش کبریت: دیاسلائی، گندھک کی آگ

آتش کدہ: آتش پرستوں کی عبادت گاہ

آتش گیر: جلد آگ پکڑنے والی، دست پناہ

آتش ناک: بہت گرم

آتشِ نمرود: حضرت ابراہیم کو جلانے کے لیے نمرود کی تیار کرائی ہوئی آگ

آتشک: مو، ایک جنسی بیماری

آتشیں: آگ کی طرح گرم اور سرخ

آتشیں رُخ (رُخسار): سرخ چہرہ، سرخ گال

آتو-آتوں: مو، استانی

آٹا: ند، پسا ہوا غلہ

آٹا دال: روزی، کھانا، غذا

آٹا گیلا ہونا: مصیبت میں پڑنا، پریشان ہونا

آٹے دال کا بھاؤ معلوم ہونا: صحیح صورت حال کا علم ہونا، تکلیف وآرام کا معلوم ہونا

آٹے کی آپا: بے وقوف عورت، بھولی بھالی عورت

آٹے کے ساتھ گھن کا پسنا: م، بڑوں کے ساتھ چھوٹے کا نقصان اٹھانا، خطا کاروں کے ساتھ معصوم کو تکلیف پہنچنا

آٹے میں نمک: م، ذرا سا، بہت تھوڑا

آٹا: بند کرنا، ڈھانپنا، دبانا

آٹھ آٹھ آنسو رونا: زار زار رونا، پھوٹ پھوٹ کر رونا، بہت رونا

آٹھ اٹھارہ کرنا: تنگ کرنا، پریشان کرنا

آٹھ پہر: دن رات، ہر وقت

آٹھ پہر میان سے باہر رہنا: م، دن رات لڑنے کے لیے تیار رہنا

آٹھواں: ساتویں کے بعد، حمل کا آٹھواں مہینہ،

آثار: ن، اثر کی جمع، صحابیوں کے افعال و اقوال، طور طریقہ، نشان، علامت، باقی ماندہ، یادگار، بنیاد، نیو

آثار پیدا ہونا: علامت ظاہر ہونا

آثارِ قیامت: قیامت کی علامت ظاہر ہونا

آثارِ قدیمہ: کھنڈرات، پرانی عمارتیں

آثم: گنہ گار، خطا کار

آج: موجودہ وقت

آج آئے کل چلے: م، کم ٹھہرنا، جلدی جانا

آج کا کام کل پر ٹالنا: تساہلی برتنا، ٹال مٹول کرنا

آج کِدھر بھول پڑے: اچانک کیسے آ گئے،

آج کِدھر چاند نِکلا: آج تشریف لانے کی زحمت کیسے کی؟

آج کرے کل پائے: اپنے کیے کا بدلہ ضرور ملتا ہے

آج کل کرنا: ٹال مٹول کرنا، جھوٹا وعدہ کرنا،

آج مَرے کل دُوسرا دن: م، زندگی کا بے ثبات ہونا

آجر: ن، اجرت پر کام لینے والا، مزدوری پر کام لگانے والا

آجا: ن، دادا، نانا، باپ، بوڑھی دائی، ملازمہ

آچار: ن، ترکاری یا پھل کو مسالہ، سرکہ یا تیل وغیرہ سے تیار کیا ہوا مرکب

آحاد: احد کی جمع، ایک سے نو تک کی اکائیاں

آخ: مو، کھانسنے کی آواز، نفرت کے اظہار کے لیے بھی یہ لفظ استعمال کیا جاتا ہے

آخ تھو: نفرت، حقارت، تف، کراہیت کا کلمہ

آختہ: خصی، بدھیا کیا ہوا جانور

آخِذ: پکڑنے والا، نکالنے والا، حاصل کرنے یا لینے والا

آخِر آخِر: انجام کار، آخر کار، نتیجہ میں

آخِر الامر: انجام کار، آخر کار، نتیجہ

آخِرَت: مو، مرنے کے بعد آنے والی دنیا

آخِرَت بگاڑنا، آخِرَت بگڑنا، آخِرَت خراب کرنا: زندگی میں خراب کام کرنا

آخِرَت کا سودا: نیک کام

آخریں: سب سے آخر کا

آخور: مو، طویلہ، اصطبل، جانوروں کے گھاس کھانے کی جگہ، ناکارہ، بے کار، کوڑا کرکٹ

آخور خشک: وہ جگہ جہاں چوپایوں کے لیے گھاس چارا نہ ہو

آخور سالار: اصطبل خانے کا مہتمم

آخور سنگیں: ریگستان، چٹیل میدان

آخون، آخوند: مذ، معلم، سکھانے والا، استاد

آد: ابتدا، قدیم، پہلے، ہمیشہ

آداب: مذ، ادب کی جمع، عزت، تعظیم و توقیر سے سلام پیش کرنا، اصول، قاعدہ، فرہنگ

آداب بجالانا: احترام سے سلام کرنا، قاعدے اور اصول کا ادا کرنا، شکر بجالانا، چلنے کی اجازت مانگنا، آداب کرنا، آداب عرض کرنا، احترام سے سلام کرنا

آداب والقاب: جس کو خط لکھا جائے اس کی بزرگی اور مرتبے کے لحاظ سے مخاطب کرنے کے الفاظ

آداب و تسلیمات: بہت انکسار سے سلام کرنا

آدم: مذ، حضرت آدم، آدمی، انسان

آدم ثانی: حضرت نوح کا لقب ہے

آدم خاکی: انسان جو مٹی سے بنا ہے

آدم خور: درندہ جو آدمی کو کھا جاتا ہے

آدم زاد: انسان کی اولاد

آدم نہ آدم زاد: ویران یا غیر آباد جگہ

آدمی: انسان، سلیقہ مند، ملازم، شوہر،

آدمیت: مو، شرافت، سلیقہ، عقل و شعور، اخلاق

آدنا: شروع کرنا، ابتدا کرنا

آدھ: نصف، آدھا کا مخفف

آدھارہ جانا یا ہو جانا: دبلا ہو جانا

آدھا ساجھا: برابری کی شمولیت یا شرکت

آدھوں آدھ: برابر کے دو حصے

آدھی: نصف، آدھا کی مونث

آدھی بات نہ سُننا: مرتبہ کے خلاف کوئی بات گوارا نہ کرنا

آدھی چھوڑ ساری کو دوڑنا: ذرا سی چیز قبول نہ کر کے پوری کے لیے بھاگ دوڑ کرنا

آدینہ: مذ، جمعہ

آذار: مذ، رومی سال کا چھٹا مہینہ، چیت یا مارچ

آذر: مذ، شمسی سال کا نواں مہینہ، جنوری یا ماگھ، آتش، حضرت ابراہیم کے والد کا نام

آذر پرست: مجوسی، آتش پرست

آر: مو، بچھو، بھڑ کا ڈنک، کلمے کے آخر میں مصدری اور کام کرنے والے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، سنار، لوہار

آراء: مو، رائے کی جمع، مشورہ، تبادلۂ خیالات

آرا: مذ لکڑی چیرنے کے لیے دندانے دار لوہے کا اوزار

آرائش: آرے سے لکڑی چیرنے والے

آرے چلنا: ظلم و زیادتی ہونا

آرائنگی: مو، سجاوٹ، اہتمام، سنوارنا

آراستہ: سنوارا ہوا، سجایا ہوا

آراستہ پیراستہ: بنا سنورا، سجا سجایا، تیار، مسلح

آراضی: مو، کاشت کے لائق زمین

آرام: چین، تسکین، سکھ، راحت، بیماری میں کمی، صحت، شفا، فرصت، اطمینان

آرام طلب: کاہل، سست

آرام گاہ: سونے کی جگہ

آرائش: مو، سجاوٹ، آرائنگی، بناؤ سنگار

آرایندہ: سجانے والا

آرپار: ایک سرے سے دوسرے سرے تک، دونوں رخ

آرتجان: چاپلوسی، خوشامد

آرد: مذ، آٹا

آرزو: مو، تمنا، دلی خواہش

آرزو خاک میں مل جانا: ناکام ہونا، خواہش پوری نہ ہونا

آرزو کا خون ہونا: ناکام ہونا، مایوس ہونا

آرس: آئینہ، آرسی

آریندہ: لانے والا، جمع آرندگان

آروغ: مو، ڈکار

آریہ: مو، ہندوستان کی قدیم قوم، عزت دار، بزرگ

آڑ: مو، بچاؤ، پناہ، مددگار، ٹیکن، سہارا، کھم، ستون، رکاوٹ، انکا، باڑھ

آڑ پکڑ: اوٹ میں آنا، سہارا لینا، بہانہ کرنا

آڑ توڑ: پردہ ختم کر دینا، حجاب نہ کرنا

آڑ ڈھونڈھنا: پناہ مانگنا، بچاؤ کی فکر کرنا

آڑ لینا: پناہ لینا

آڑ میں آجانا: اوٹ میں آجانا

آڑا: ترچھا، ٹیڑھا، اریب

آڑا پائجامہ: ایک قسم کا چوڑی دار پائجامہ

آڑا ترچھا: ٹیڑھا، بانکا

آڑا ترچھا ہونا: ناراض ہونا، بگڑنا

آڑا ہونا: ٹیڑھا ہونا، ترچھا ہونا، اوندھا ہونا، سڑنا

آڑو: ایک مشہور پھل کا نام

آڑھت: مو، بڑی دکان یا کوٹھی جہاں تاجروں کا مال کمیشن لے کر بیچا جاتا ہے

آڑھتی - آڑھتیا: مذ، تھوک مال بیچنے والا، آڑھت کا کام کرنے والا

آڑی: مو، مددگار، ٹیڑھی، ترچھی، جب بچوں کی دو جماعتیں کھیلتی ہیں تو ہر ایک کا ایک امیر ہوتا ہے

باقی سب آڑی کہلاتے ہیں

آڑی ترچھی سُننا: برا بھلا سننا، ڈانٹ پھٹکار سننا

آڑی ترچھی سُنانا: برا بھلا کہنا، ڈانٹنا، ڈپٹنا، پھٹکارنا

آز: مو، حرص، طمع، لالچ، ہوس

آزاد: خودمختار، بے غم، جو کسی کی ماتحتی میں نہ ہو، غلام کے برعکس، رہا، پاک بے فکر، بے پروا

آزادرو، آزادہ رو: آزاد طبیعت کا، لاابالی، بے تعصب، نڈر

آزاد رہنا: الگ رہنا، علاحدہ رہنا، کسی سے تعلق نہ رکھنا، بچا رہنا

آزاد ہونا: چھوٹنا، رہا ہونا، کسی ملک یا ریاست کا خود مختار ہونا، بے شرم بے ادب ہونا

آزاد کرنا: رہا کرنا، چھٹکارا دینا، چھوڑنا، پابند نہ رکھنا، نجات دینا

آزادمَرد: کھرا انصاف گو، لگی لپٹی نہ رکھنے والا، بے باک

آزادمَنش: جو کسی کا پابند نہ ہو

آزادانہ: آزادی کے ساتھ

آزادانہ رائے: وہ رائے جس میں کسی جماعت یا گروہ کی جانب داری روا نہ رکھی گئی ہو

آزادی کا خط: رہائی کا اجازت نامہ

آزار: ضد، بیماری، مصیبت، سختی، جنجال

آزار اُٹھانا: دکھ جھیلنا، مصیبت اٹھانا

آزار پانا: دکھ پانا، رنج اٹھانا، درد پانا

آزار پہنچنا: مصیبت میں مبتلا ہونا، ستایا جانا

آزار پہنچانا: دکھ دینا، تکلیف پہنچانا، ستانا

آزار پھیلنا: کسی بیماری کا بڑھنا

آزار پیدا ہونا: روگ لگنا، خلل ہونا، مصیبت کا پیدا ہونا

آزار دینا: تکلیف دینا

آزار لگنا: بیماری لگنا، دکھ لگنا، جنجال لگنا، مصیبت پڑنا

آزُردہ: ناراض، ناخوش، رنجیدہ

آزُردہ خاطر: اداس دل، غمگین، آزردہ دل، بددل، مایوس، ناامید

آزُردہ کرنا: دل دکھانا، ناراض کرنا، رنجیدہ کرنا

آزمانا: جانچنا، پرکھنا

آزمالینا: جانچ لینا، امتحان کر لینا، اچھی طرح دیکھ بھال کر لینا

آزمائش: مو، جانچ، پڑتال، امتحان، تجربہ

آزمائش کرنا: آزمانا، پرکھنا، جانچ کرنا

آزمائشی: بطور آزمائش، تجربہ کے طور پر

آزمُودہ: تجربہ کار، دیکھا بھالا، پرکھا ہوا، کسوٹی لگایا ہوا

آزمُودہ کار: ہنرمند، ہوشیار، ماہر، پختہ کار، چالاک، مشّاق

آڑُوباڑُو: آس پاس، اِدھر اُدھر

آس: مو، امید، خواہش، آسرا، بھروسا، سہارا

آس اَولاد: بال بچے

آس اَولاد والی: بال بچے والی عورت

آس باندھنا: امید کرنا، آسرا لگانا، بھروسہ کرنا، توقع رکھنا، منتظر ہونا، انتظار کرنا، راہ دیکھنا، لَو لگانا

آس بَجنا: امید بر آنا، مراد حاصل ہونا

آس بندھنا: توقع ہونا، امید بندھنا

آس پُوری ہونا: کام بن جانا، کامیاب ہونا

آس تجنا: امید چھوڑ دینا، ہاتھ دھونا

آس تکنا: انتظار کرنا، امیدوار ہونا، راہ دیکھنا، متوقع ہونا

آس توڑنا: ناامید کرنا، مایوس کرنا

آس ٹوٹنا: ناامید ہونا، مایوس ہونا

آس چھوٹنا: ناامید ہونا، مایوس ہونا

آس چھوڑ دینا: امید سے ہاتھ اٹھانا، ہاتھ دھو بیٹھنا، لاچار ہو کے بیٹھ جانا

آس دینا: امید بندھوانا، ڈھارس بندھانا

آس (رکھنا) کرنا: بھروسہ رکھنا، امید رکھنا

آس لگانا: امید باندھنا

آس ہونا: امید ہونا، بھروسہ ہونا، اطمینان ہونا، حل ہونا

آسا: امید، بھروسا

آسان: سہل، سہج، مشکل کی ضد

آسان کرنا: سہل کر دینا، مشکل دور کرنا، سلجھانا، حل کرنا، کھولنا

آسان کر دینا: سلجھا دینا، حل کر دینا، پانی کر دینا

آسان ہونا: سہل ہونا، مشکل کا ختم ہونا، بے تکلیف ہونا

آسانی: مو، سہولت، رعایت، آرام، راحت

آسائش: مو، سکھ، چین، عیش، راحت، آرام

آس پاس: اردگرد، پاس پڑوس، چاروں طرف، نزدیک، قریب

آس پاس پھرنا: طواف کرنا، جان نچھاور کرنا

آس پاس ہونا: نزدیک ہونا

آستاں-آستانہ: مذ، چوکھٹ، ڈیوڑھی، بزرگوں کے مزار و روضہ کا دروازہ، دہلیز

آستین: مو، شیروانی، قمیص، کرتا وغیرہ کی بانہہ

آستین چڑھانا: آستین اوپر کھینچنا، کام کے لیے تیار ہونا، لڑنے مرنے کے لیے تیار ہونا

آستین کا سانپ: چھپا ہوا دشمن

آستین میں سانپ پالنا: اپنے بدخواہ کو اپنے پاس رکھنا، دشمن کی حمایت کرنا

آسرا: مذ، سہارا، بھروسہ، آس، امید، وسیلہ، توقع

آسرا پکڑنا: سہارا لینا، بھروسہ کرنا، امید کرنا

آسرا تکنا: سہارا ڈھونڈنا، پناہ چاہنا، راہ دیکھنا

آسرا ٹوٹنا: امید ختم ہونا، سہارا نہ رہنا

آسرا دینا: سہارا دینا، امید دلانا

آسرا ڈھونڈنا: سہارا تلاش کرنا

آسرا کرنا: امید کرنا، توقع رکھنا

آسرا لگانا: امید باندھنا

آسرا لینا: پناہ لینا، پناہ چاہنا، مدد ڈھونڈنا

آسرا ہونا: امید ہونا، بھروسہ ہو، سہارا ہونا

آسمان: فلک، آکاش

آسمان پر اڑنا: اترانا، غرور کرنا، شیخی بگھارنا، ڈینگ مارنا

آسمان پر تھوکنا: ایسی حرکت کرنا جس سے اپنی ہی ذلت ظاہر ہو، اپنے سے بڑے سے مدمقابل ہونا

آسمان پر چڑھا کے اتارنا: عزت بڑھا کے گھٹانا

آسمان پر چڑھانا: سربلند کرنا، مرتبہ عطا کرنا، حد سے زیادہ تعریف کرنا، خوشامد کرنا، چاپلوسی کرنا

آسمان پر دماغ کھینچنا: اپنے کو بہت بڑا سمجھنا، تکبر کرنا

آسمان پر قدم رکھنا: شیخی مارنا، غرور کرنا

آسمان پر قدم ہونا: بلند مرتبہ ہونا، خود پسند ہونا، مغرور ہونا

آسمان پھٹ پڑنا: قہر الٰہی کا نازل ہونا، سخت مصیبت پڑنا

آسمان پر دماغ ہونا: نہایت بلند مرتبہ اور عالی منصب ہونا، سب سے اونچا ہونا

آسمان تھرّانا: شدید ظلم ہونا، عظیم حادثہ ہونا

آسمان ٹل جانا: ناممکن بات کا وقوع پذیر ہونا

آسمان (ٹوٹ پڑنا) ٹوٹنا: سخت آفت آنا، غضب الٰہی نازل ہونا

آسمان و زمین کے قلابے ملانا: انتہائی کوشش کرنا، بہت جھوٹ بولنا، گپ مارنا

آسمان سر پر اُٹھانا: اکثر شور مچانا، اودھم مچانا

آسمان سے باتیں کرنا: نہایت بلند ہونا، بہت مغرور ہونا

آسمان سے ٹکر کھانا: اپنے سے بہت بڑے مرتبے والے سے مقابلہ کرنا

آسمان سے گرنا: مفت ہاتھ آنا، بے وقعت ہونا، اونچے مرتبے سے گرنا

آسمان کے تارے توڑنا: ناممکن اور دشوار کام کو انجام دینا، عیاری کرنا

آسمان میں چھید کرنا: نہایت عیاری اور چالاکی کرنا

آسمان میں چھید ہونا: لگاتار مینھ برسنا، دھواں دھار برسنا، موسلا دھار برسنا

آسمان و زمین سیاہ ہو جانا: بہت پریشانی اور غم ہونا

آسمان و زمین کے پردے میں نہیں: نایاب جو کہیں بھی نہ ہو

آسمانی: آسمان کی طرف منسوب، نیلا، ہلکا نیلا، آسمان کی طرح

آسمانی آفت: ناگہانی بلا، قہر خداوندی

آسمانی رنگ: نیلا رنگ

آسمانی کتاب: وہ کتاب جو نبیوں اور رسولوں پر خدا

کی طرف سے نازل ہوئی ہو،توریت موسیٰؑ پر، زبور داؤدؑ پر، انجیل عیسیٰؑ پر اور قرآن حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر

آسن: نذ، گدی، مسند، ہاتھی کی وہ جگہ جہاں مہاوت بیٹھتا ہے

آسن اُکھڑنا: سوار کا اپنی جگہ سے ٹل جانا، گھوڑے پر جما نہ رہنا

آسن باندھنا: رانیں جکڑنا، رانوں میں کسنا

آسن تلے آنا: ران تلے آنا، سواری کے تلے آنا، سواری دینا

آسن جلنا: ایک طرح بیٹھے بیٹھے ران یا زانو میں گرمی پیدا ہونا

آسن جمانا: گھوڑے پر جم کر بیٹھنا، کسی جگہ قیام کرنا، قبضے میں لانا، قابو کرنا

آسن جمنا: گھوڑے پر جم کر بیٹھ جانا

آسن جوڑنا: آسن سے آسن جوڑنا، رانوں کے بل بیٹھنا

آسن ڈگانا: نیت میں فرق ڈالنا، تپسیا سے دل اُچاٹ کر دینا

آسن لگانا: جوگیوں کا اڑ کر بیٹھنا، آرام کرنا، رات گزارنا، رہنا، ٹھہرنا

آسن لینا: ٹانگیں اٹھانا

آسن مارنا، مار کر بیٹھنا: جوگیوں کا عبادت کے واسطے کسی جگہ جم کر بیٹھنا، آلتی پالتی

آسن پاٹی: بیٹھنے کا بچھونا، جو بان یا گھاس کا بنا ہوتا ہے

آسنی: مو، گھاس کی بنی ہوئی چھوٹی چٹائی، فقیروں کے بیٹھنے کا بستر ا

آسودہ: خوش حال، دولت مند

آسودہ حال: مال دار، امیر

آسودہ خاطر: بے فکر، بے غم

آسودہ ہو جانا: پیٹ بھر جانا

آسودہ ہونا: دولت مند ہونا، فارغ البال ہونا

آسیب: نذ، صدمہ، خوف، دکھ، جن، پری، دیو، سایہ

آسیب آنا: صدمہ پہنچنا، چوٹ لگنا، جن بھوت کا ستانا

آسیب اُتارنا: جن اتارنا، بھوت بھگانا

آسیب پہنچانا: صدمہ دینا، نقصان پہنچانا، دکھ یا تکلیف دینا

آسیب پہنچنا: صدمہ پہنچنا، نقصان پہنچنا، تکلیف پہنچنا

آسیب کا سر پر کھیلنا: آسیب زدہ کا سر ہلانا، اچھلنا اور کھیلنا

آسیب زدہ: جس پر جن کا سایا یا اثر ہو، جن پری کا ستایا ہوا

آسیبی: وہ شخص جس پر آسیب ہو، آسیبی مکان، وہ مکان جس میں بھوت پریت وغیرہ کا بسیرا ہو

آش: مو، شوربا، پتلی غذا

آش پکانا: شوربا پکانا، کسی کے خلاف سازش کرنا، ٹھیک بنانا، درست کرنا، پلیتھن نکالنا

آش پلاؤ: ایک قسم کا جو کا پلاؤ جو مریض کو دیا جاتا ہے

آشا: مو، امید، آرزو، خواہش

آشتی: مو، صلح، دوستی، اتفاق، اتحاد، ایکا، میل، ملاپ

آشرم: مذ رشیوں کی سکونت گاہ، کٹی، مٹھ مدرسہ، پاٹھ شالہ

آشرمی: مذ، آشرم کا باسی

آشفتگی: مو، پریشانی، دیوانہ پن، باؤلا پن، آوارگی،

آشفتہ: پریشان، بدحواس، سراسیمہ والہ وشیدا، اڈانواڈول

آشفتہ بیاں: فضول باتیں کرنے والا، بیہودہ باتیں کرنے والا

آشفتہ بیانی: بیہودہ گوئی

آشفتہ حال: پریشان حال، خراب، خستہ، جس کی طبیعت ویران ہو

آشفتہ حالی: پریشان حالی، پراگندگی

آشفتہ سر: دیوانہ، پاگل

آشفتہ سری: دیوانگی، پاگل پن

آشفتہ نوا: جس کی آواز یا نالہ وفریاد سے پریشانی کا اظہار ہو

آشفتہ نوائی: پریشان کردینے والا، نالہ وفریاد، پریشانی کا اظہار ہو

آشکار: ظاہر، نمایاں، واضح، کھلا، فاش

آشکارا: ظاہر، نمایاں، واضح، کھلا، فاش

آشکارا کرنا: ظاہر کرنا، پردہ اٹھانا، بے حجاب کرنا

آشکارا ہونا: کھلنا، ظاہر ہونا، راز کا فاش ہونا، کسی چیز کا چھپا نہ رہنا

آشنا: مذ، مو، واقف کار، شناسا، جان پہچان والا

آشنا پرست: دوست سے بہت ہی محبت رکھنے والا، دوست کی قدر کرنے والا

آشنا ہو جانا: واقف ہو جانا، مانوس ہو جانا، دوست بن جانا

آشنائی: مو، ملاقات، دوستی، محبت، تعلق

آشنائی چھوٹنا: ملاقات ومحبت کا چھوٹنا

آشنائی کا جھوٹا: جھوٹا دوست، بے وفا، دغا دینے والا

آشنائی کا سچا: دوستی میں پورا، دوستی نباہنے والا (نبھانے والا)

آشنائی کرنا: دوستی کرنا، آنکھ لڑانا

آشنائی نباہنا: دوستی اور محبت میں وفادار ہونا

آشنائی نبھنا: محبت کا دیر تک قائم رہنا

آشنائی ہونا: آنکھ لگنا، محبت ہونا، دوستی ہونا

آشوب: مذ، ہل چل، اتھل پتھل، پریشانی، فتنہ وفساد

آشوب اٹھانا: فتنہ وفساد برپا کرنا

آشوب چشم: آنکھ دکھنا، آنکھ آنا

آشوب محشر: ہنگامۂ قیامت، بہت زیادہ شور وہنگامہ

آشیانہ: مذ، گھونسلا، چڑیوں کے رہنے کا گھاس پھوس کا گھر

آشیان: نشیمن، گھونسلا

آشیان اٹھانا: گھونسلا چھوڑنا، جگہ تبدیل کرنا

آشیان باندھنا: نشیمن تعمیر کرنا، گھونسلا بنانا، آشیاں لگانا

آصف: مذ، حضرت سلیمانؑ کے وزیر کا نام، ہر لایق وزیر

آصف الدولہ: اودھ کے ایک مشہور نواب کا نام

آصف جاہ: آصف کے مرتبہ کا، امرا کا لقب

آصفیہ: آصف کی طرف نسبت کی ہوئی

فرہنگِ آصفیہ: اردو کا ایک مشہور اور ضخیم لغت مرتبہ سید احمد دہلوی

آغا: مذ، صاحب، مالک، خداوند

آغاز: مذ، شروع، ابتدا

آغاز وانجام جاننا: اول اور آخر کا علم ہونا

آغاز وانجام نہ سوچنا: نتیجہ کا خیال نہ کرنا، بغیر سوچے سمجھے کام کر بیٹھنا

آغاز کرنا: شروع کرنا، پہل کرنا

آغا ہونا: شروع ہونا، پہل ہونا

آغوش: مذ، مو، گود، بغل

آغوش آباد کرنا: گود میں آنا، گود گرم کرنا

آغوش آباد ہونا: گود گرم ہونا

آغوش بھرنا: گود میں بھرپور آنا

آغوش پھیلانا: گود میں لینے کو بڑھنا

آغوش خالی کرنا: گود سے نکل جانا، الگ تھلگ ہو جانا

آغوش خالی ہونا: بچہ مر جانا، بے اولاد ہو جانا

آغوش کھولنا: گود پھیلانا

آغوش گرم کرنا: گود میں آنا

آغوش میں آنا: گود میں آنا، ہم کنار ہونا

آغوش میں رہنا: پہلو میں رہنا، قریب رہنا

آغوش میں سونا: گود میں سونا، ملائم بستر ہونا

آغوش میں لینا: گلے لگانا، معانقہ کرنا

آغوں: مو، شیر خوار بچے کی آواز

آغوں کرنا: شیر خوار بچے کا آواز نکالنا

آفات: مو، آفت کی جمع، مصیبتیں، تکلیفیں، عذاب خداوندی

آفاتِ آسمانی، سماوی: آسمانی حادثے جیسے غضب کی آندھی، طوفانی بارش، بجلی، اولے

آفاتِ ارضی: زمین سے پیدا ہونے والی مصیبتیں، جیسے سیلاب، زلزلہ، آتش فشاں، پہاڑ کا پھٹ پڑنا

آفت: مو، دکھ، مصیبت، فتنہ، ظلم، ستم، نا انصافی، قحط، وبا، صدمہ

آفاق: مذ، آسمان کے کنارے، عالم، سنسار، جگ، جہاں، دنیا

آفاق گیر: دنیا کو فتح کرنے والا، دنیا پر چھا جانے والا

آفت آنا: مصیبت پڑنا، آسیب پہنچنا، قحط آنا، کال

پڑنا، خشک سالی ہونا

آفت اُٹھانا: مصیبت جھیلنا، تکلیف اٹھانا، شور مچانا، فساد برپا کرنا

آفت برپا کرنا: فساد اٹھانا، فتنہ برپا کرنا

آفت پڑنا: مصیبت آنا، قہر نازل ہونا، صدمہ پہنچنا، مشکل پڑنا

آفت توڑنا: خفا ہونا، غصے ہونا، ظلم کرنا، غضب ڈھانا، شور وغل کرنا

آفت ٹالنا: مصیبت سے بچانا، مشکل آسان کرنا

آفت ٹلنا: مصیبت دور ہونا

آفت ٹوٹنا: مصیبت پڑنا، صدمہ یا بلا نازل ہونا جھگڑا ہونا

آفت ڈالنا: مصیبت ڈالنا

آفت ڈھانا: قیامت برپا کرنا، ستم توڑنا، ہنگامہ کرنا

آفت سر پر لینا: جھگڑا مول لینا، جھگڑے میں پڑنا

آفت سہنا: مصیبت جھیلنا، دُکھ اٹھانا

آفت میں پھنسنا: مصیبت میں پھنسنا

آفت میں جان آنا: رنج وغم میں مبتلا ہونا، عذاب میں پڑنا

آفت کا پرکالہ: غضب کا پتلا، شوخ وشنگ

آفت کی پُڑیا: دغاباز، شریر

آفتاب: مذ، سورج، دھوپ، گنجفہ اور تاش کے ایک میر کا نام، لاجواب

آفتاب برآمد ہونا: صبح ہونا

آفتاب پرست: سورج کا پجاری، سورج مکھی

آفتاب ڈھلنا: دن کا زوال شروع ہونا، آدھے دن کا ختم ہونا

آفتاب سَر پر آنا: دوپہر ہونا، بارہ بجے کا عالم ہونا

آفتاب غروب ہونا: سورج ڈوبنا، شام ہونا

آفتاب کا ایک نیزے یا سَوا نیزے پر آنا: قیامت آنا، سخت مصیبت آنا

آفتاب کا مغرب سے نکلنا: مسلم عقیدے کے مطابق قیامت کے قریب سورج پچھم سے نکلے گا،

آفتاب کو چراغ دکھانا: تجربہ کار آدمی کو کام کا طریقہ بتانا

آفتابہ: مذ، لوٹا جس میں پانی رکھ کر منہ ہاتھ دھوتے ہیں

آفتابی: گول، چمک دار، ایک قسم کی آتش بازی

آفتابی چہرہ: گول چہرہ

آفریدگار: پیدا کرنے والا، خدا

آفریں: مو، شاباش، واہ وا، کیا کہنا

آفریں کرنا: شاباشی دینا، تعریف کرنا، سراہنا

آقا: مذ، مالک، خداوند، شوہر، افسر، حاکم

آک: مذ، ایک درخت کا نام جسے مدار اور اکوا بھی کہتے ہیں

آکاش بانی (وانی): ریڈیو، خدائی آواز، الہام

آکاش بیل: امربیل، جس کی جڑ نہیں ہوتی، یہ بیل درختوں پر ہوتی ہے

آکاش پھل: اولاد، بیٹی، بیٹا

آگ: مو، وہ چیز جس سے شعلہ نکلتا ہے، جلن، تاپ، گرمی، کام کا شوق، جذبہ، لو، لگن، دھن، دشمنی

آگ اُٹھانا: جھگڑا پیدا کرنا، لڑائی بھڑکانا

آگ بَگولا بننا: غصے میں لال ہو جانا، غضبناک ہونا

آگ بُجھانا: آگ ٹھنڈی کرنا، آگ پر پانی ڈالنا، فساد روکنا، ملاپ کرانا

آگ بُجھنا: آگ ٹھنڈی ہونا، فساد یا جھگڑے کا ٹلنا، پیٹ بھرنا

آگ برسنا: نہایت تیز گرمی ہونا، زور سے گولہ باری ہونا

آگ برسانا: آتش بازی چھوڑنا، شدت کی گرمی پہنچانا، گولہ باری کرنا

آگ بھڑکانا: فساد بڑھانا، فساد کے لیے ابھارنا

آگ بھڑکنا، بھڑک اٹھنا: آگ دہکنا، جوش پیدا ہونا، فساد بڑھنا

آگ پانی کا بَیر: قدرتی اختلاف، مزاج کا فرق

آگ پانی میں لگانا: جہاں لڑائی نہ ہوئی ہو وہاں لڑائی کرا دینا، ناممکن بات کرنا

آگ پر تیل ڈالنا: جھگڑا بڑھانا، غصے کو تیز کرنا

آگ پر لٹانا: بہت تڑپانا، جلانا، بیحد بے قرار کرنا

آگ پر لوٹنا: بہت بے قرار ہونا، رشک و حسد سے جلنا

آگ پڑنا: بُرا لگنا، ناگوار گزرنا، مہنگا بکنا، گرانی ہونا

آگ پھانکنا: جھوٹ بولنا، مبالغہ کرنا، بہتان لگانا، حسد کرنا

آگ پھُوس میں بَیر ہے: آگ اور پھوس کا ساتھ ممکن نہیں

آگ پھُونکنا، پھُونک دینا: آگ جلانا، شورش پیدا کرنا، بھڑکانا، چغلی کھانا، ایک آدمی کی بات دوسرے سے کہنا جس سے نفرت پیدا ہو

آگ پھیلانا: فساد برپا کرنا، فتنہ اٹھانا

آگ پھیلنا: فساد کھڑا ہونا، فتنہ برپا ہونا

آگ جوڑنا: اُپلے یا لکڑی آپس میں ملا کر آگ سلگانا

آگ جھاڑنا: پتھر سے آگ نکالنا

آگ دبانا: انگاروں کو راکھ یا کسی چیز سے چھپا دینا، فتنہ دبانا

آگ دِکھانا: آگ لگانا

آگ دینا: مُردہ کو جلانا

آگ ڈالنا: سلگانا، آگ لگانا

آگ سَرد ہونا: آگ بجھنا، شوق باقی نہ رہنا، فتنہ و فساد رفع ہونا

آگ سُلگانا: آگ روشن کرنا، لگائی بجھائی کرنا، چغلی کرنا، لڑانا

آگ سے پانی ہو جانا: غصے کا دھیما پڑ جانا

آگ کا بنا ہوا: تیز مزاج، بدمزاج

آگ کے مول: بہت قیمتی، گراں، مہنگا

آگ پتنگا: شرارہ، چنگاری

آگ کا پرکالہ: آگ کا پتلا، انگارا

آگ لگانا: کسی چیز میں آگ ڈالنا، جلانا، پھونکنا

آگ لہکنا: یکا یک آگ بھڑک اٹھنا، دہک جانا، مشتعل ہو جانا

آگ مٹنا: جلن جاتی رہنا، حسد نہ رہنا

آگ میں آگ لگانا: جلتے کو اور جلانا، دکھی کو اور دکھ پہنچانا، غصہ میں اور غصہ دلانا

آگ میں پانی ڈالنا: آگ بجھانا، لڑائی کو دبانا، صلح کرانا

آگ میں پڑنا: مصیبت یا بلا میں پھنسنا

آگ میں جلانا: آگ میں ڈالنا، رشک، حسد میں جلانا

آگ میں جھونکنا: جان بوجھ کر بلا میں پھنسا دینا، آفت میں مبتلا کر دینا

آگ ہونا: جل اٹھنا، غصے میں لال پیلا ہونا، بھڑک اٹھنا

آگا: مذ، کسی چیز کا اگلا حصہ، انجام، آخرت

آگا باندھنا: سامنا، روکنا، رکاوٹ ڈالنا

آگا بھاری ہونا: حمل ہونا، پیر بھاری ہونا، سڑک میں ٹھوکر یا گڑھا ہونا

آگا پیچھا کرنا: پس و پیش کرنا، ہچکچانا

آگا روکنا: سامنا روکنا، پردہ کرنا، چادر تاننا

آگا لینا: سامنا لینا، آگے بڑھ کے روکنا

آگا مارنا: بڑھ کے مارنا، حملہ کرنا، چھاپہ مارنا، شکست دینا

آگاہ: خبردار، واقف، جانکار

آگاہ کرنا: جتانا، بتلانا

آگاہی: واقفیت، علم، جانکاری

آگاہی پانا: واقف ہونا، خبر پانا

آگاہی دینا: اطلاع دینا، خبر دینا

آگاہی رکھنا: خبر رکھنا، واقفیت رکھنا

آگے آگے: (آگے کی تاکید) آئندہ کو زمانہ مستقبل میں، چند روز میں

آگے آگے چلنا: کسی کے آگے بڑھ کر قدم رکھنا، خدمت میں آگے چلنا

آگے آگے رنگ لانا: آئندہ خرابی پیدا کرنا، آئندہ سر اٹھانا

آگے آگے ہونا: پیش پیش ہونا، راستہ دکھانا

آگے آنا: سامنے آنا، روبرو آنا، نزدیک آنا

آگے بڑھانا: آگے چلانا

آگے بڑھنا: آگے جانا، آگے چلنا، لڑنے کے واسطے سامنے ہونا

آگے پانا: تکلیف اٹھانا، اپنے عمل کی سزا پانا

آگے پیچھے: سامنے اور عقب میں

آگے پیچھے چلنا: ایک کے پیچھے دوسرے کا چلنا، بے ڈھنگے پن سے چلنا

آگے جانا: راستہ بتانا، رہنما بننا، کسی کام میں پہل کرنا، دوسرے کے لیے مشعلِ راہ بننا

آگے چلنا: بڑھ کر چلنا، کسی کام میں بڑھ جانا

آگے خدا کا کام: رہے نام سدا اللہ کا، اس کے آگے کچھ نہیں ہے

آگے دَھرا ہے: سامنے رکھا ہے، پیش آنا ہے

آگے دَھر لینا: رکھ لینا، سامنے رکھ لینا، آنکھوں کے سامنے رکھنا، پکڑ لینا

آگے دَھرنا: سامنے رکھنا، نذر کرنا، بھینٹ چڑھانا

آگے دیکھ کے: سامنے نظر کر کے، ذرا ہشیاری سے، سنبھل کر، بچ کر

آگے دیکھنا: سامنے دیکھنا، آنکھیں کھولنا، ہوشیار ہونا، آگے کی خبر رکھنا، دوسری جگہ جانا

آگے ڈالنا: سامنے رکھنا، روبرو ڈال دینا

آگے ڈولنا: سامنے پھرنا، بال بچے ہونا، آل اولاد ہونا

آگے رکھنا: شاگرد ہونا، شیرینی رکھنا، استاد بنانا

آگے رنگ لانا: آئندہ کوئی گل کھلانا، کوئی خرابی پیدا کرنا

آگے سے روکنا: پیش بندی کرنا، منع کرنا، باز رکھنا

آگے سے سوچنا: پہلے سے فکر کرنا

آگے سے گانٹھنا: پہلے راضی کر لینا، پہلے سے یار بنانا

آگے سے نکل جانا (نکلنا): سامنے سے گزر جانا

آگے سے ہٹانا: سامنے سے دور کرنا، ایک طرف کرنا

آگے سے ہٹنا: سامنے سے دور ہونا، ایک طرف ہو جانا، نظر سے اوجھل ہو جانا

آگے قدم دھرنا (رکھنا): پیش قدمی کرنا، ترقی کرنا

آگے کا قدم پیچھے پڑنا: پیچھے ہٹنا، تنزل کرنا، ڈر جانا، گھبرا جانا

آگے کرنا: پیش کرنا، سامنے کرنا

آگے ہونا: آگے بڑھنا، پیش قدمی کرنا، پردہ نہ ہونا، روبرو آنا، مقابلہ کرنا

آگیا: امر، ہدایت، اجازت، حکم، فرمان

آگیا پالن کرنا: حکم بجالانا

آگیا دینا: حکم دینا، اجازت دینا

آگیا ماننا: حکم ماننا، اطاعت کرنا

آل: امر، اولاد، بیٹے پوتے، بیٹی پوتیاں، کنبہ، پریوار

آلِ پیغمبر: رسول مقبول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد، سیّدوں کی ذات

آلِ عبا: وہ لوگ جن پر رسولِ اکرمؐ نے اپنی کملی ڈال کر محبت ظاہر فرمائی، یعنی حضرت علی و فاطمہ و حسن و حسین رضی اللہ عنہم اجمعین

آل و اطفال: بال بچے، پوتا، پوتی، نواسا، نواسی

آل: مذ، ایک درخت جس کی جڑ سے لال رنگ حاصل کیا جاتا ہے (ALL) تمام، سب، جملہ

آلات: مذ، آلہ کی جمع، اوزار، ہتھیار

آلاتِ حرب: مذ، جنگی سامان

آلاتِ کشاورزی: کھیتی باڑی کے اوزار

آلاریسی: بے پروا، بے فکر، بے فکری، سستی

آلام: مذ، الم کی جمع، مصیبت، دکھ

آلائش: مو، میل، گندگی، پھوڑے کی پیپ یا لہو

آلتی پالتی: مو، چار زانو

آلتی پالتی مارنا: چار زانو ہو کے بیٹھنا

آلسی: ست، کام چور، نکھٹو

آلکس: سستی، کاہلی، کسالت، اونگھ، نیند کا غلبہ

آلکس آنا: سستی یا کاہلی آنا، نیند آنا، اونگھ آنا

آلگنا: قریب تر ہونا، گھات میں بیٹھ جانا

آلو: مذ، ایک مشہور زمینی پھل

آلو بخارا: ایک قسم کا کھٹا میٹھا پھل

آلو چہ: آلو بخارا جیسا ایک کھٹا پھل

آلودہ: لتھڑا ہوا، ناپاک

آلودہ دامن: گناہوں میں پھنسا ہوا

آلودہ کرنا: بھرنا، لتھیڑنا، سانا

آلہ: مذ، اوزار، ہتھیار

آلہ کار: کام کا ذریعہ، وسیلہ

آلی: گیلی، نم، سکھی، سہیلی

آلے بالے: مذ، حیلے حوالے، ٹال مٹول، بہانے

آم: مذ، ہندوستان کا ایک مشہور پھل جو موسم بہار میں ہوتا ہے، اس کی دو قسمیں ہوتی ہیں، قلمی اور تخمی

آم پھلنا: آم کا درخت میں لگنا، آم کی فصل ہونا

آم ٹپکنا: آم کا پختہ ہو کر ڈال سے زمین پر آ گرنا

آم چوسنا: پکا ہوا آم منہ میں ڈال کر اس کا رس چوسنا

آم ڈھل جانا: آم کا رکھے رکھے زیادہ ملائم ہو کر بے مزہ ہو جانا

آم میں بور آنا: آم کے پیڑ میں پھول یا منجری آنا

آماجگاہ: نشانہ کی جگہ، میدانِ عمل

آمادگی: مو، رضامندی، تیاری

آمادہ: مو، رضامند، تیار

آماس: مو، سوجن، ورم

آماسِ گلو: گلے کی سوجن، گھیگا

آمال: مو، امل کی جمع، امید، خواہش، تمنا

آمد: مو، آنا، تشریف لانا، از خود خیال میں آنا، شعر کی اصطلاح میں آورد کی ضد

آمد آمد: آنے کا چرچا، آنے کا ذکر، جلد آنے کی توقع

آمدوالا: آمدنی والا

آمد و خرچ: خرچ اور آمدنی

آمدنی: بچت اور نفع

آمد کا موسم: وہ دن جن میں غلہ یا سوداگری کا مال

آتا ہے، دسادر آنے کے دن

آمر: مذ، حاکم، مطلق العنان، ڈکٹیٹر

آمرانہ: حاکمانہ

آمرزش: مو، بخشش، معافی

آمرزگار: بخشنے والا، گناہوں کو معاف کرنے والا

آملنا: بغل گیر ہونا

آملہ: آنولہ، ترپھلہ میں سے ایک پھل

آمنا سامنا: مذ، مقابلہ، مڈبھیڑ، لڑائی

آمنے سامنے: ایک دوسرے کے آگے، ایک دوسرے کے مقابل

آموختہ: سیکھا ہوا، پڑھا ہوا

آموختہ پڑھنا: دہرانا، پڑھا ہوا سبق دہرانا

آموزش: مو، سکھائی

آموزگار: مذ، سکھانے والا، معلم، استاد، گرو، میاں جی

آمیزش: مو، ملاوٹ

آمیزش ہونا: ملاوٹ ہونا، چیز کا خالص نہ ہونا

آمین: اے خدا ایسا ہی ہو، سورہ فاتحہ پڑھنے کے بعد کہتے ہیں

آمین آمیں ہونا: امن چین ہونا، مراد برآنا

آمین کہنا: دعا مانگنے کے بعد زبان سے لفظ آمین کہنا

آمین کہنے والے: ہاں میں ہاں ملانے والے خوشامدی

آن: مو، قسم، عہد، سوگند، ضد، ہٹ، عادت، خصلت

آن توڑنا: قول وقرار توڑنا، رسم کے خلاف کرنا

آن جانا: بات خراب ہونا، عزت باقی نہ رہنا

آن رہ جانا: بات رہ جانا، آبرو رہ جانا

آن کھان ہو گیا: تباہ ہو گیا، برباد ہو گیا، عزت جاتی رہی

آن بان: شان وشوکت، وضع، ٹھاٹ، بانکپن

آن بان سے رہنا: شان وشکوت سے بسر کرنا، ٹھاٹ سے رہنا

آن بان والا: وضع دار، غیرت دار

آن تان میں پورا ہونا: شان وشوکت میں کامل ہونا، وضع کا پابند ہونا

آن کا مہمان: کوئی دم کا مہمان، جلد دنیا سے جانے والا

آن کی آن میں: آناً فاناً، ذرا سی دیر میں

آں: اسم اشارہ، وہ

آنجناب: جناب والا، عالی قدر

آنحضرت: تعظیم کے لیے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کی جگہ استعمال کرتے ہیں

آنا: جانا کی ضد، نازل ہونا، آپہنچنا، تشریف لانا

آنا جانا: آمد ورفت، میل ملاپ، میل جول، ربط ضبط

آنا کانی: مو، سُنی اَن سُنی کرنے کی حالت، ٹال مٹول، حیلہ حوالہ

آنا کانی کرنا: سُنی اَن سُنی کرنا، درگزر کرنا

آفت: مو، انتڑی، لمبی چیز

آنتوں کا بل کھلنا: بہت سی بھوک کے بعد خوب ڈٹ کر کھانا

آنتوں کا بل کھولنا: فاقہ کے بعد پیٹ بھر کر کھانا

آنتوں میں بل پڑنا: پیٹ میں بل پڑنا، پیٹ میں درد شروع ہو جانا

آنتیں سمیٹنا: بھوکا رہنا، بھوک کو برداشت کرنا

آنتیں سوکھنا: بھوک کے مارے انتڑیوں کا سوکھ جانا

آنتیں قل ہو اللہ پڑھنے لگیں: مثل، بھوک کے مارے خاتمہ ہونے لگا، نہایت بھوک لگ رہی ہے

آنتیں کوستی ہیں: بھوک سے آنتیں فریاد کرتی ہیں، بہت زیادہ بھوک لگی ہے

آنتیں گلے آنا: مصیبت میں پڑنا، بلا میں مبتلا ہونا

آنتیں مُنہ کو آنا: ناک میں دم آنا، بیزار ہونا، نہایت ناگوار ہونا

آنٹ: مو، دشمنی، گرہ، گانٹھ، پولا، گٹھا

آنٹ پڑنا: گرہ پڑنا، دل میں فرق آنا، دشمنی ہونا،

آنٹ لگانا: روک پیدا کرنا، چاندی کو تپا کر کھرا کھوٹا پہچاننا

آنٹ نکلنا: دل صاف ہونا

آنٹی: مو، گٹھا، پولا، موت یا ریشم کی لچھی

آنٹی دینا: اڑنگا مارنا، حریف کی ٹانگ میں ٹانگ اڑا کر گرا دینا

آنچ: مو، آگ کی لپٹ، تاؤ، جوش

آنچ آنا: صدمہ پہنچنا، چوٹ لگنا، نقصان ہونا

آنچ دکھانا: گرم کرنا، جلانا

آنچ کڑی ہونا: تیز آگ ہونا

آنچ کھانا: گرم ہونا، گلنا، گھلنا، پگھلنا

آنچ نہ آنا: صدمہ نہ پہنچنا

آنچ نہ آنے دینا: دکھ مصیبت نہ آنے دینا

آنچل: نہ، دوپٹے کا سرا، اوڑھنی کا پلو، گھونگھٹ

آنچل پڑنا: کسی چیز سے آنچل کا چھو جانا

آنچل پھاڑنا: آنچل کترنا، ٹونکا کرنا

آنچل دبانا: بچے کا دودھ پینا، چھاتی منہ میں لینا

آنچل دینا: بچہ کے منہ میں چھاتی دینا، بچے کو دودھ پلانا

آنچل سر پر ڈالنا: دوپٹہ سر پر ڈالنا

آنچل سنبھالنا: آنچل اٹھانا، آنچل درست کرنا

آنچل لینا: مہمان آنے والی عورت کا استقبال کرنا اور تعظیم کے طور پر دوپٹہ کا کنارہ چھونا

آنچل میں بات باندھنا: بات پلّے باندھنا، کسی کی نصیحت یا قول کو یاد رکھنا

آنچل میں باندھنا: دوپٹہ میں گرہ لگانا، یاد رکھنا

آندھی: مو، تیز ہوا کا طوفان، جھکڑ، چالاک، تیز رو

آندھی آنا: جھکڑ چلنا، طوفان آنا

آندھی اُٹھنا: طوفان اٹھنا

آندھی چڑھنا: آندھی اٹھنا

آندھی چھانا: آندھی کا غبار چھانا

آندھی کاٹنا: منتر پڑھ کے انگلی سے روکنا

آندھی ہونا: کسی کام میں نہایت سرگرمی سے مصروف ہونا

آنڈو: مذ، وہ شخص یا جانور جس کے بڑے بڑے خصیے ہوں، سانڈ، بھینسا

آنڈی: مو، پیاز کی گٹھی

آنسو: مذ، وہ پانی جو شدت غم اور فرط خوشی میں آنکھوں سے جاری ہو

آنسو آنا: آنسو ٹپک پڑنا

آنسو بہانا: گریہ وزاری، رونا دھونا

آنسو بھر آنا: آبدیدہ ہونا، آنکھوں میں پانی بھرنا

آنسو بھر لانا: آنکھوں سے پانی بہانا

آنسو پُچھنا: رونا تھمنا، دھارس بندھنا

آنسو پونچھنا: تسلی دینا، تسکین بخشنا، دھارس بندھانا

آنسو پینا: ضبط کرنا، صبر کرنا، نہ رونا، برداشت کرنا

آنسو تھمنا: رونا بند ہونا

آنسو ٹپکانا: رونا

آنسو ٹپک پڑنا: آنسو گر پڑنا، کسی صدمہ کی وجہ سے رو پڑنا

آنسو کی دھار: آنسوؤں کا تار

آنسو کی لڑی: مسلسل آنسو بہنا

آنسو گرنا: آنسو ٹپکنے لگنا

آنسوؤں سے مُنہ دھونا: زار زار رونا، بہت رونا

آنسوؤں کا تار بندھنا: زار زار رونا، ہزار و قطار رونا

آنسوؤں کا چھالا: وہ چھالا جو آنسوؤں کی گرمی سے پڑ جائے

آنسوؤں کی جھڑی لگانا/لگنا: مسلسل رونا

آنکڑا: مذ، عدد، گنتی کا نشان، لوہے کا کانٹا، اڑی لکڑی

آنکس: مذ، آنکڑا، ہاتھی کو ہانکنے کا آلہ

آنکنا: اندازہ کرنا، تخمینہ کرنا، خرچ کا اندازہ لگانا

آنکو: آنکنے والا، تخمینہ لگانے والا

آنکھ: مو، نین، نیناں، دیدہ، چشم، نظر، نگاہ، توجہ، التفات، اولاد، آسرا، پاس، مروّت

آنکھ آنا: آنکھیں دکھنا

آنکھ اُبل آنا: آنکھ میں زور کی تکلیف ہونا

آنکھ اَٹک جانا: آنکھ لگ جانا، محبت ہو جانا

آنکھ اُٹھا کر دیکھنا: نظر بھر کر دیکھنا، توجہ کرنا

آنکھ اُٹھانا: نظر اونچی کرنا، باز رہنا، دست بردار ہونا

آنکھ اُٹھ جانا: دیکھ لینا، نگاہ اونچی ہونا

آنکھ اُٹھ نہ سکنا: نہایت شرمندہ ہونا

آنکھ اُچٹ جانا: جاگ پڑنا، نیند میں خلل ہونا

آنکھ اُلجھنا: محبت ہو جانا،

آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل: جو چیز آنکھ کے سامنے نہیں وہ اگر قریب بھی ہو پھر بھی دور ہے

آنکھ اُونچی نہ ہونا: شرم سے آنکھ نہ اٹھنا

آنکھ بچا جانا: کترا جانا، آنکھ چرا لینا

آنکھ بچا کے آنا: چھپ کے آنا، چوری چھپے آنا

آنکھ بچانا: کسی کی نظر سے اپنے کو چھپانا، کترانا، نہ دکھائی دینے کا بہانہ کرنا

آنکھ بچنا: نگاہ چوکنا، خیال ہٹنا، دھیان ہٹنا

آنکھ بچی مال دوستوں کا: مثل، ذرا سی غفلت ہوئی اور چیز غائب

آنکھ بدل جانا: پہلی سی نظر نہ رہنا، اگلی سی محبت نہ رہنا، بے وفا ہونا

آنکھ برابر کرنا: آنکھ ملانا، آنکھ سامنے کرنا، آنکھ روبرو کرنا

آنکھ بگڑنا: آنکھ میں پانی اتر آنا، جالا پڑنا، بینائی کا کمزور ہونا

آنکھ بند ہونا، ہو جانا: سو جانا، مر جانا، خوف چھا جانا

آنکھ (آنکھیں) بنوانا: آنکھ یا آنکھیں درست کرنا، شیشے یا پتھر کی آنکھ بنوانا

آنکھ بھر کے دیکھنا: پوری طرح دیکھنا، گہری نگاہ سے دیکھنا

آنکھ بھوں چڑھانا: ترش رو ہونا، تیوری چڑھانا، خفا ہونا

آنکھ پر پردہ پڑنا: غافل ہونا، دھوکا کھانا، فریب کھانا

آنکھ پسارنا: آنکھیں پھاڑنا، دور اندیش ہونا،

آنکھ پلٹنا: نظر پھرنا، نگاہ بدلنا

آنکھ پر پٹی باندھنا: آنکھ بند کر لینا، نہ دیکھنا

آنکھ پھرنا، پھر جانا: نگاہ بدل جانا، دشمن بن جانا، خفا و ناراض ہونا

آنکھ پھڑکنا: خود بخود پلک یا پپوٹے میں حرکت ہونا

آنکھ (آنکھیں) پھوٹ جانا: اندھا ہو جانا، آنکھ کی روشنی چلا جانا

آنکھ (آنکھیں) پھوڑ لینا: اپنے آپ کو اندھا کر دینا

آنکھ (آنکھیں) پھوڑنا: اندھا کرنا

آنکھ (آنکھیں) پھیرنا (پھیر لینا): بے مروّت ہو جانا، دنیا سے گزرنا

آنکھ پھیلانا: آنکھ پسارنا

آنکھ پیدا کرنا: دیکھنے یا پرکھنے کی لیاقت پیدا کرنا

آنکھ (آنکھیں) طوطے کی طرح بدل لینا: ذرا سی دیر میں بے وفا بن جانا

آنکھ ٹوٹ آنا: آنکھ آ جانا، آنکھ دُکھنے آ جانا

آنکھ (آنکھیں) ٹھنڈی کرنا: تسلی و تشفی دینا، دل خوش کرنا

آنکھ ٹیڑھی کرنا: بے وفائی کرنا، بُرشی سے پیش آنا

آنکھ ٹیڑھی ہونا: برہم ہونا، خفا ہونا

آنکھ چُرا جانا: کترانا، آنکھ چرانا

آنکھ چکانا: آنکھ مٹکانا، دیدے مٹکانا

آنکھ (آنکھیں) چندھی ہونا: بیماری کے سبب آنکھ پوری نہ کھلنا

آنکھ چُوکنا: نظر بچنا، غافل ہونا

آنکھ چھپانا، چھپالینا: نہ دیکھنا، شرم کرنا، مغرور ہونا، پرانی دوستی آشنائی کو بھلا دینا

آنکھ دکھانا: گھرکی دینا، گھور کر دیکھنا

آنکھ دُھوئی دھلائی ہے: مثل، ذرا بھی حیا نہیں ہے، مروّت نہیں ہے، ڈھٹائی ہے

آنکھ دیکھتے جانا: منشا معلوم کرتے رہنا، اندازہ لگاتے رہنا

آنکھ دیکھنا: صحبت برتنا، صحبت پانا، تعلیم وتربیت حاصل کرنا

آنکھ ڈالنا: سرسری نظر سے دیکھنا، توجہ کرنا، نیت رکھنا

آنکھ ڈبڈبانا: آنسو بھر آنا، آب دیدہ ہونا

آنکھ ڈھکنا: آنکھ موند لینا

آنکھ رکھنا: پیار ومحبت کی نظر سے دیکھنا، آس کرنا، امید رکھنا

آنکھ (آنکھیں) روشن ہونا: کسی کو دیکھ کر خوش ہونا، مسرور ہونا

آنکھ سامنے نہ کرنا: شرمانا، حیا کرنا

آنکھ سامنے نہ ہونا: روبرو نہ ہونا، شرم کے مارے آنکھ نہ اٹھانا

آنکھ (آنکھیں) سرخ کرنا: غصہ کرنا، خفا ہونا، لال پیلا ہونا

آنکھ سے آنکھ ملانا: آنکھیں چار کرنا، محبت کرنا

آنکھ سے آنکھ ملنا: روبرو ہونا

آنکھ سے اوجھل ہونا: آنکھ کے سامنے نہ ہونا، نظر سے دور ہونا

آنکھ سے دیکھ کے مکھی کرنا: سوچ سمجھ کے کوئی کام کرنا، دیکھ بھال کے کرنا

آنکھ سے گرنا: نظر سے گرنا، بے قدر ہونا، ذلیل و رسوا ہونا

آنکھ سے لہو ٹپکنا: آنکھ سے خون جاری ہونا، بہت زیادہ رونا

آنکھ سے نکل جانا: دیکھنے میں آنا، نگاہ سے گزر جانا

آنکھ سینکنا-سیکنا: نظارہ بازی کرنا

آنکھ کا اندھا گانٹھ کا پُورا: مثل، بے وقوف مالدار

آنکھ کا پانی ڈھلنا: بے شرم ہونا، بے حیا ہونا، لاج نہ ہونا

آنکھ کا تارا: آنکھ کی روشنی، نہایت پیارا، بیٹا

آنکھ کا تارا ہونا: بہت عزیز اور پیارا ہونا

آنکھ کا جالا: جھلی جو آنکھ کی پتلی پر آجاتی ہے

آنکھ کا ڈھیلا: دیدہ

آنکھ کا کاجل چُرانا: ماہر چور بننا، شاطر اور عیار ہونا

آنکھ کھلنا، کھل جانا: جاگ اٹھنا، نیند سے بیدار ہو جانا، عبرت حاصل کرنا، حقیقت حال سے واقف ہونا

آنکھ کی پتلی: لاڈلا، نہایت پیارا

آنکھ کی پتلی پھرنا، پھر جانا: موت کی نشانی ظاہر ہونا

آنکھ (آنکھوں) کی ٹھنڈک: وہ دوست، رشتہ دار جسے دیکھ کر آنکھیں ٹھنڈی ہوں

آنکھ کے بل چلنا: انتہائے شوق کا اظہار کرنا

آنکھ گرم کرنا: نظارہ بازی کرنا

آنکھ گڑنا: نظر جمنا

آنکھ لال کرنا: غضب ناک ہونا، خفا ہونا، غصے ہونا

آنکھ لجانا: شرم وحیا سے آنکھ نیچی کرنا

آنکھ لڑانا: آنکھ ملانا، گھورنا، عاشق ہونا

آنکھ لڑ جانا (لڑنا): والہ وشیدا ہو جانا، عاشق ہو جانا

آنکھ لگانا: محبت کرنا، آشنائی کرنا، تاک میں رہنا

آنکھ لگنا، لگ جانا: عاشق ہو جانا، دل لگنا، محبت ہو جانا

آنکھ للچانا: جی للچانا، خواہش مند ہونا، آرزو رکھنا

آنکھ مارنا: آنکھ سے اشارہ کرنا، کسی کام کو آنکھ سے منع کرنا

آنکھ ملانا: رخ کرنا، متوجہ ہونا، آنکھ لڑانا، ملاقات کرنا

آنکھ ملنا: نگاہ لڑنا، محبت ہو جانا

آنکھ میلی کرنا: بے مروت ہو جانا، تیوری پر بل لانا

آنکھ میلی نہ کرنا: رنج نہ کرنا، کسی صدمہ سے پریشان نہ ہونا

آنکھ میں بسنا: نظر میں سمانا، پسند آنا

آنکھ میں خار ہونا: ناگوار ہونا، آنکھوں کو برا لگنا

آنکھ میں ذرا آنسو (سیل) نہیں: ذرا مروت اور رحم نہیں، بے حیا

آنکھ میں سمانا: آنکھ میں جچنا، آنکھ میں بسنا

آنکھ میں کھبنا: نظر پہ چڑھنا، پسند آجانا

آنکھ میں کھٹکنا: ناگوار ہونا، برا لگنا

آنکھ نہ ڈالنا: توجہ نہ کرنا، پروانہ کرنا

آنکھ نیچی کرنا، ہونا: لجانا، شرمانا

آنکھ والا: پہچاننے والا، پرکھنے والا، جوہری

آنکھ ہی پھوٹی تو بھوں سے کیا کام: مثل، جب اصل تعلق ہی نہیں رہا تو پھر آنا جانا بھی کیسا

آنکھ ہے: نیت ہے، ارادہ ہے، خواہش ہے، پسند ہے

آنکھوں آنکھوں میں: اشاروں ہی اشاروں میں

آنکھوں آنکھوں میں چرا لینا: چپکے سے اڑا لینا، کسی چیز کو جھپٹ لینا

آنکھوں پر (آؤ) آیئے: تشریف لایئے

آنکھوں پر (بیٹھو)، بیٹھیے: آجایئے

آنکھوں پر بٹھانا: نہایت عزت کرنا، بہت ہی خاطر تواضع کرنا

آنکھوں پر پٹی باندھنا: اندھا بننا، غافل اور بے

خبر ہونا، بے مروّت ہو جانا

آنکھوں پر پردہ (پردے) پڑنا: غفلت کرنا، خیال نہ رہنا، بیوقوف بن جانا، کچھ نہ سوجھنا

آنکھوں پر پلکوں کا بوجھ نہیں ہوتا: اپنا پیارا کبھی ناگوار نہیں گزرتا

آنکھوں پر جگہ دینا: محبت اور عقیدت سے بٹھانا

آنکھوں پر دیوار اٹھانا: منکر جانا، جان بوجھ کر انکار کرنا

آنکھوں پر قدم رکھیں: شوق سے آئیں، آپ کے قدم سر آنکھوں پر

آنکھوں پر (پہ) قدم لینا: خاطر داری کرنا

آنکھوں تلے پھرنا: آنکھوں میں بسنا، خیال میں پھرنا

آنکھوں (دیکھا) دیکھی: آنکھوں سے دیکھا ہوا، درجۂ یقین کو پہنچا ہوا

آنکھوں سے اُترنا: ذلیل و خوار ہونا

آنکھوں سے اُٹھانا: نہایت شوق سے اٹھانا

آنکھوں سے پَردہ اُٹھ جانا: غفلت دور ہونا، لاعلمی کا ازالہ ہونا

آنکھوں سے تلوے سہلانا: تلووں سے آنکھیں ملنا، انتہائی محبت کرنا

آنکھوں سے جان نکلنا: راہ تکتے تکتے مر جانا

آنکھوں سے خون بہانا: کثرت غم کے باعث آنسوؤں کی بجائے خون رونا

آنکھوں سے دیکھا، جو کبھی کانوں سے بھی نہ سنا تھا: مثل، ایسی بات دیکھنا جسے کبھی کانوں سے بھی نہ سنا ہو

آنکھوں سے صُورت نہ جانا: خیال میں صورت سامنے پھرتی رہنا

آنکھوں سے کوئی کام بجالانا: نہایت عقیدت اور اطاعت سے کوئی کام انجام دینا

آنکھوں سے گرنا، گر جانا: نظروں سے اترنا، بے قدر ہونا

آنکھوں سے لگانا: بہت قدر کرنا، تعظیم اور ادب سے لینا

آنکھوں کا پانی ڈھلنا: بے حیا ہونا، بے شرم و بے لحاظ ہونا

آنکھوں کا تارا: نہایت پیارا، نہایت عزیز

آنکھوں کا تیل نکالنا: باریک کام کرنا، دیدہ ریزی کرنا

آنکھوں کی پُتلی: آنکھ کا تارا، بہت پیارا

آنکھوں کے آگے: روبرو، نظر کے سامنے

آنکھوں کے (آگے) سامنے رکھنا: نظروں سے دور نہ ہونے دینا، نگاہوں میں رکھنا

آنکھوں کے بَل چلنا: نہایت ادب اور تعظیم سے جانا

آنکھوں کے ڈورے: آنکھوں کی لال لال رگیں جو نشے یا خمار سے پیدا ہوتی ہیں

آنکھوں کے سامنے اندھیرا آنا: کمزوری سے آنکھوں میں تاریکی چھانا

آنکھوں میں آنا: نظروں میں سمانا، نظر پر چڑھنا

آنکھوں میں بسنا: بھانا، پسند آنا

آنکھوں میں بہار آنا: نگاہوں سے خوشی کا ظاہر ہونا، دل شگفتہ ہونا

آنکھوں میں بیٹھنا: پسند آنا، بھانا

آنکھ میں پالنا: نہایت پیار اور محبت سے پرورش کرنا

آنکھوں میں پھیکا لگنا: نظروں میں اچھا نہ لگنا

آنکھوں میں ٹھہرنا: نظروں میں جچنا، قدر پانا، اچھا معلوم ہونا

آنکھوں میں جگہ دینا: آنکھوں میں بٹھانا، آنکھوں پر رکھنا، تعظیم کرنا

آنکھوں میں چُرانا: سب کے سامنے چرا لینا

آنکھوں پر چربی چھانا: آنکھوں پر پردہ پڑنا، مغرور ہونا، اچھے برے میں تمیز نہ کرنا

آنکھوں میں خار ہونا، گزرنا، لگنا: ناگوار گزرنا، برا لگنا

آنکھوں میں خاک ڈالنا (جھونکنا): ظاہر بات کو چھپانے کی کوشش کرنا، دھوکا دینا، فریب دینا، دغا دینا

آنکھوں میں خُون اُترنا، اُتر آنا: بہت غصہ آنا، آنکھیں سرخ ہو جانا

آنکھوں سے خُون برسنا: شکل سے خوں خواری ظاہر ہونا

آنکھوں میں دَم اٹکا ہونا: دم آنکھوں میں باقی رہنا

آنکھوں میں دَم ہونا (آنا): نزع میں ہونا، موت کا وقت قریب آ جانا

آنکھوں میں رات کاٹنا: ساری رات جاگ کے گزارنا

آنکھوں میں رات کٹنا: بالکل نہ سونا، بے کل رہنا

آنکھوں میں سفیدی چھانا: اندھا ہو جانا

آنکھوں میں سمانا: آنکھوں میں بسنا، پسند آنا

آنکھوں میں طراوت آنا: آنکھوں میں تازگی آنا، آنکھوں میں ٹھنڈک آنا

آنکھوں میں گھر کرنا: آنکھوں میں بسنا، نظروں میں سمانا، عزیز ہونا

آنکھیں آنا: آنکھیں دُکھنے آنا

آنکھیں اِدھر اُدھر ہونا: نگاہیں پریشان ہونا

آنکھیں اُلٹ جانا: آنکھیں موج جانا، زیادہ نشہ ہونا، مرنے کے قریب ہونا

آنکھیں اُمنڈ آنا: رونے کا جوش ہونا

آنکھیں اُوپر نہ اُٹھانا: خوف یا شرم سے آنکھیں اونچی نہ کرنا، لحاظ خیال کرنا

آنکھیں پڑنا: خاص توجہ ہونا، التفات کی نظر سے دیکھا جانا

آنکھیں پلٹنا: بے رخ و بے مروت ہو جانا، تیور بدل لینا، مغرور ہونا

آنکھیں پونچھنا: تسلی دینا، ڈھارس بندھانا

آنکھیں پھٹ گئی ہیں: دولت پا کے مغرور ہو گئے ہیں

آنکھیں پتھرانا: حیران ہونا ہکا بکا ہونا، مغرور ہونا، آنکھوں میں درد ہونا

آنکھیں پھرا کے رہ جانا: تیورا کے مر جانا

آنکھیں پھر جانا: دیدے پھر جانا، موت کی علامت ظاہر ہونا، مغرور ہونا، تیوری چڑھانا

آنکھیں پھڑکانا: ناز وغمزے سے آنکھیں مٹکانا

آنکھیں پھوٹ جائیں (پھوٹیں): دوسرے کو بدعا کے طور پر اپنے لیے قسم کے طور پر

آنکھیں پھیر کے چل دینا: نظر انداز کرنا، کترا کے نکل جانا، منہ پھیر کے چلا جانا

آنکھیں ترسنا: دیکھنے کے لیے آنکھوں کا منتظر ہونا

آنکھیں تلے اُوپر ہو جانا: موت کے وقت پتلیاں پھر جانا

آنکھیں ٹھنڈی رہیں: اولاد کی خوشیاں نصیب ہوں

آنکھیں جاتی رہنا: بینائی جاتی رہنا، آنکھیں پھوٹ جانا، اندھا ہونا

آنکھیں جلنا: آنکھوں میں چبھن ہونا، سوزش ہونا،

آنکھیں جھپکنا: نیند کا آنا، آنکھوں کا کھلنا اور بند ہونا، چکا چوند ہونا

آنکھیں جھکنا: شرمسار ہونا، پشیمان ہونا

آنکھیں چار طرف (رکھنا) رہنا: ہوشیار رہنا، چوکس رہنا

آنکھیں چار نہ کرنا: آنکھ سے آنکھ نہ ملانا، حجاب، شرم کرنا

آنکھیں چار ہونا: روبرو ہونا، آمنے سامنے ہونا، دوچار ہونا

آنکھیں چُرانا: نظریں بچانا، روگردانی کرنا، کترانا، بے توجہی ظاہر کرنا

آنکھیں چڑھانا: ناک بھوں چڑھانا، تیوری پر بل لانا، غصہ کرنا

آنکھیں چُندھیانا (چندھیا جانا): خیرہ ہونا، چکا چوند ہونا

آنکھیں چُندھی ہونا: آنکھیں چھوٹی ہونا اور پوری نہ کھلنا

آنکھیں خُون میں ڈوبنا: غصے کی وجہ سے آنکھوں کا سرخ ہونا، بے حد غصہ کرنا

آنکھیں (دکھانا) دِکھلانا: دہشت پیدا کرنا، غضب کی نگاہ سے دیکھنا، ڈرانا، دھمکی دینا

آنکھیں دُکھنا، دُکھنے آنا: آنکھوں کا سرخ ہونا، آنکھوں میں تکلیف ہونا، آنکھوں میں کھٹک ہونا

آنکھیں دوڑانا: چاروں طرف دیکھنا، نظر ڈالنا، سب طرف دیکھنا

آنکھیں (دیکھا کرنا) دیکھتے رہنا: لطف و عنایت کا امیدوار رہنا، اشارہ پاتے ہی حکم بجالانے کو تیار رہنا

آنکھیں دیکھتی ہیں: آنکھیں منتظر ہیں، آنکھیں فرشِ راہ ہیں

آنکھیں دیکھی ہیں: تجربہ حاصل کیا ہے، صحبت

اٹھائی ہے، تربیت پائی ہے

آنکھیں دیوار ہو جانا: کچھ نہ سوجھنا، کچھ دکھائی نہ دینا

آنکھیں رو رو کے (لال) خون کبوتر کرنا: اتنا رونا کہ آنکھیں لال ہو جائیں

آنکھیں روشن کرنا: ملاقات یا دیدار سے خوش ہونا، اندھے کو بینا کر دینا

آنکھیں زمین سے لگ گئیں: نادم و شرمندہ ہونا، شرم کے مارے آنکھ نہ اٹھا سکنا

آنکھیں سفید ہونا: اندھا ہونا، انتظار کرنا

آنکھیں فرشِ راہ ہونا: ادب و احترام کے لیے قدموں کے نیچے آنکھیں بچھانا،

آنکھیں کڑوانا: نیند کا خمار ہونا، آنکھوں میں نیند بھرنا، آنکھیں کھٹکنا

آنکھیں کھل جانا: جاگ اٹھنا، بیدار ہونا، غفلت کا ختم ہونا، حیران ہو جانا ہکا بکا ہو جانا

آنکھیں کھولنا: بیدار ہونا، جاگنا، ہوشیار ہونا، سنبھلنا

آنکھیں گرم کرنا: غصہ کرنا، غصے سے دیکھنا، گھورنا

آنکھیں گلابی ہونا: آنکھوں میں سرور ہونا

آنکھیں لال کرنا: غیظ و غضب سے دیکھنا، رو رو کر آنکھیں لال کر لینا

آنکھیں لگانا: مشتاق ہونا، محبت کرنا

آنکھیں لگنا: منتظر ہونا، ٹکٹکی باندھنا، آنکھیں گڑنا، محبت ہونا، عشق ہونا

آنکھیں موند لینا: مر جانا، بے خبر ہو جانا

آنکھیں نکالنا: غصہ کرنا، خفا ہونا، لال پیلا ہونا، ڈرانا، دھمکانا، اندھا کرنا

آنگن: گھر کے اندر کا صحن، انگنائی

آنند: شادمانی، راحت، مسرت، خوشی، لطف

آنو: ایک قسم کا چکنا سفید لیس دار مادہ جو پیچش میں پاخانہ کے ساتھ آتا ہے

آنولہ، ایک کسیلا پھل

آنہ: پرانے روپے کا سولھواں حصہ

آنی جانی: ناپائدار، فانی، فنا ہونے والی

آنی جانی ہونا: زوال ہونا، قائم نہ رہنا

آوہ: کمہار کی بھٹی، پزاوہ، بھلا

آوہ بگڑنا، آوے کا آوہ بگڑنا: تمام برتنوں کا بگڑنا، خاندان کا خاندان بگڑنا، سارے کنبے کا خراب ہونا

آنوے کا آوہ خراب ہے: خاندان کے تمام لوگوں کی خرابی، پورے سماج کا خراب ہونا

آوارگی: بے مقصد گھومنا، ابتری، پریشانی، پراگندگی، خرابی، بدمعاشی، لُچپداپن، آزادی

آوارہ: آزاد گھومنے والا، بداخلاق، بے مقصد، بیہودہ، واہی تباہی، اوباش، بدچلن، غنڈا

آوارہ پھرنا: خراب و بدحال پھرنا، مارا مارا پھرنا، ایک جگہ نہ رکنا

آوارہ کرنا: بدکردار بنانا، خراب کرنا، اوباش بنانا

آوارہ گرد: بے مقصد مارا مارا پھرنے والا، بدچلن، بدکردار

آوارہ مزاج: لااُبالی، بدچلن

آوارہ وطن: مسافر، پردیسی، غریب الدیار

آواز: منہ سے نکلنے والی بات، لفظ، بول، پکار، صدا، ندا، غل، شوروغل، نغمہ کی لے، اعلان

آواز آنا: سنائی دینا، کان میں بول پڑنا، کان میں بھنک پڑنا

آواز اُٹھانا: گانے میں آواز کا اونچا کرنا، اونچے سُر لگانا، مخالفت کرنا، احتجاج کرنا، حقیقت کا اظہار کرنا

آواز بلند کرنا: زور سے چلا کے بولنا، اونچی آواز سے گفتگو کرنا

آواز بند کردینا: خاموش کردینا، چپ کردینا، قائل کردینا، ہم خیال بنانا

آواز بند ہونا: آواز بھاری ہونا، آواز بھرانا، گلا جکڑ جانا، گانے یا چلانے سے آواز کا پھٹ جانا

آواز پر آنا: بلانے کے ساتھ ہی آنا

آواز پر کان دھرنا (رکھنا) (لگانا): بہت غور سے سننا، دھیان دے کر سننا، انہماک سے سننا،

آواز پر لگانا: آواز کی پیروی کرنا، ساتھ ساتھ چلنا، جانوروں یا پرندوں کو سدھانا کہ وہ آواز سن کر قریب آجائیں

آواز (پہ) پر لگنا: آواز کو پہچاننا، مایوس ہوجانا، بول سمجھنا

آواز پھٹنا: آواز کا خراب ہونا، آہنگ کا خراب ہوجانا

آواز پھُولنا: آواز کا صاف نہ نکلنا، بھاری ہونا

آواز دینا: پکارنا، بلانا، طلب کرنا، بولنا

آواز سننا (سُنائی پڑنا) دینا: کانوں میں آواز کا داخل ہونا، سنائی دینا

آواز سے آواز ملنا: لَے سے لَے کا ملنا، ایک آواز کا دوسری آواز کے برابر ہونا، سر سے سر ملنا

آواز صاف ہونا (ہوجانا): آواز کا لے میں ہونا، گلا صاف ہوجانا، آواز کا بھاری پن ختم ہوجانا

آوازِ غیب: فرشتہ کی آواز، دل میں پیدا ہونے والی آواز، الہامی آواز

آوازِ قدم: پاؤں کی آہٹ، پاؤں کی چاپ

آواز کرنا: بلانا، پکارنا، آواز دینا، بندوق داغنا، توپ داغنا، فقیر کا صدا دینا

آواز کسنا: تان کی آواز لگانا، طنز کرنا

آواز (کھلنا) کھل جانا: آواز کا صاف ہونا، گلا صاف ہونا، آواز سے بھاری پن کا دور ہونا

آواز گوش آشنا ہونا: پہلے سے سنی ہوئی آواز، جانی پہچانی آواز

آواز گوش زد ہونا: آواز سنائی دینا

آواز گونجنا: آواز کا اثر دیر تک باقی رہنا

آواز لڑنا: دو آوازوں کا ملنا

آواز لگانا: پکارنا، آواز دینا، پکار کے بیچنا، صدا دینا،

مانگنا، گانا

آواز ملانا: ہم آواز ہو کر گانا

آواز میں آواز ملانا: بول سے بول ملانا، سُر سے سُر ملانا، ایک سُر سے دوسرے سُر کا ملنا

آواز میں نمک ہونا: پُر درد یا پُر اثر آواز ہونا

آواز نکالنا: بولنا، رونا، چیخنا، گانا شروع کرنا

آواز نکلنا: صدا آنا، منہ سے بات نکلنا

آوازہ: مشہور، شہرت، ناموری، غلغلہ، دھوم، غل، شور

آوازہ بلند ہونا: شہرت پانا، نامور ہونا، دھوم مچنا، شور پیدا ہونا

آوازہ پھینکنا، آوازے پھینکنا: طنز کرنا، فقرہ کسنا، طعنہ دینا، چٹکی لینا

آوازہ سُنانا: طنز کرنا، طعنہ دینا، بولی ٹھولی مارنا

آوازہ کرنا: مذاق اڑانا، طعنہ دینا، طنز کرنا، ہنسی اڑانا

آوازہ کسنا: طنز کرنا، چھیڑنا، فقرہ چست کرنا، دھتکارنا

آوازہ مارنا: طنز کرنا، طعنہ دینا، چھیڑ خانی کرنا

آوازے مارنا: طعنہ زنی کرنا، آوازے پھینکنا

آوازے سُنانا: طعنہ زنی کرنا، چھیڑ خانی کرنا

آویزش: مقابل ہونا، چپقلش، لڑائی، فساد، ٹکراؤ

آویزہ: کان میں پہننے کا زیور، بندہ، بالا، بالی

آہ کرنا: آفسوس کا اظہار، ہائے

آہ آہ کرنا: دل سے آہ نکالنا، ہائے ہائے کرنا، کراہنا، درد میں بیقرار ہونا

آہ بھر کر رہ جانا: صبر کر لینا، کلیجہ تھام کر رہ جانا، افسوس کر کے رہ جانا

آہ بھرنا: افسوس کرنا، ہائے ہائے کرنا، کراہنا، درد میں مبتلا ہونا

آہ پڑنا: کسی کی آہ کا اثر پہنچنا، بددعا کا اثر ہونا، مظلوم کی دعا کا اثر ہونا

آہ خالی نہ جانا: آہ و فریاد کا اثر ہونا

آہ روکنا: صبر کرنا، آہ کا ضبط کرنا

آہ سرد بھرنا: ٹھنڈے سانس بھرنا، صدمہ اٹھانا

آہ سوزان: گرم آہ، جلانے والی آہ

آہ کا نعرہ مارنا: زور زور سے آہ کرنا، آہ کھینچنا، چیخنا، زور سے کراہنا

آہ کرنا، کھینچنا: کراہنا، نالہ و فریاد کرنا، آہ و فغان کرنا، نالہ و شیون کرنا

آہ لگنا: آہ پڑنا، کسی کی بددعا کا اثر ہونا

آہ لینا: کسی کو ستا کر اس کی بددعا لگنا، تکلیف کا اثر پڑنا

آہ نکلنا: ہائے کرنا

آہ نہ آئے: تڑپ پیدا نہ ہو، افسوس نہ آئے، ذرا رحم نہ آئے، خیال بھی نہ ہو

آہ و بکا: رونا پیٹنا، واویلا کرنا، نالہ و فغاں

آہ و زاری کرنا: رونا پیٹنا، واویلا کرنا، رونا دھونا

آہ و فغان: نالہ و فریاد، نالہ وزاری

آہا: حیرت اور خوشی کا کلمہ

آہار: مانڈی، لیئی، کلف، غذا، کھانا

آہٹ: پاؤں کی آواز، کھٹکا

آہٹ پانا: چلنے کی آواز پالینا آنے کی آہٹ محسوس کرلینا

آہٹ پر کان ہونا: پاؤں کی آواز پر دھیان ہونا

آہٹ لینا: خبردار رہنا، آواز پر کان رکھنا، ہوشیار رہنا

آہٹ ہونا: کھٹکا ہونا

آہستگی: خاموشی کے ساتھ، ہلکے پاؤں کے ساتھ، دھیما پن، نرمی، سہولت، آسانی

آہستہ: ہلکے پاؤں، دھیما نرم نرمی سے، ملائمت سے

آہستہ آہستہ: ہولے ہولے دھیرے دھیرے رفتہ رفتہ

آہن: لوہا

آہن رُبا: چمبک پتھر، مقناطیس

آہنگر: لوہار

آہنگری: لوہار کا پیشہ

آہنی، آہنیں: لوہے کی، لوہے کی بنی ہوئی

آہنیں جگر: لوہے جیسا مضبوط جگر والا، ہمت ور، دلیر، بہادر، جری، شجاع

آہنی ظروف: لوہے کے بنے ہوئے برتن

آہنگ: نغمہ، زمزمہ، آواز، لے، قصد، ارادہ، وقت

آہو: ہرن

آہو بچہ: ہرن کا بچہ

آہو چشم: ہرن جیسی آنکھ والا

آہو گیر: ہرن کا شکاری

آؤ: آنا مصدر سے جمع امر حاضر، تشریف لاؤ

آؤ بھگت: خاطر داری، خاطر تواضع، خوش آمدید، مہمان داری

آؤ بھگت کرنا: تواضع کرنا، خاطر مدارات کرنا، مہمان نوازی کرنا

آؤ تاؤ: رنگ ڈھنگ

آؤ جاؤ: چلت پھرت، آنا جانا، آمد و رفت

آؤ دیکھا نہ تاؤ: (مثل) بغیر سوچے سمجھے کام کرنا

آئی: آئی ہوئی چیز، آنا مصدر سے ماضی (مونث) کا صیغہ

آئی بلا ٹلنا: مصیبت دور ہونا، تکلیف کا ختم ہونا

آئی بلا سر سے ٹلنا: سر پر مصیبت آکر دور ہوجانا

آئی بلا کو ٹال دینا: آفت کو دور کرنا، پریشانیوں سے نجات دینا

آئی پر نہ چوکے: ضرورت پر کام کو انجام دینا، کر ڈالے، کر گزرے

آئی ٹل جانا: آفت کا آکر دور ہوجانا، پریشانیوں کا ختم ہوجانا

آئی عقل جانا: بدحواس ہوجانا، ہوش جاتے رہنا

آئی گئی میرے ماتھے: سارا الزام اپنے ہی سر ہو گیا، سب کچھ اپنے اوپر عائد ہو گیا

آئے: آنا مصدر سے فعل ماضی مذکر بتشریف لائے، آ گئے، گئے کی ضد

آئے بھی تو کیا آئے: بہت کم وقت کے لیے آئے

آئے تو کیا آئے: آنا نہ آنے کے برابر ہوا

آئے دن: ہر روز، ہمیشہ، بار بار، اِن دنوں

آئے گئے: آنے جانے والے، مسافر

آئین: دستور، نظام مملکت، قانون معاشرہ، قاعدہ، قانون، دستور العمل، ملک کا بنیادی قانون، رواج، ریت

آئین بندی: آرائش، زیب و زینت، نظام فطرت، آرائش جو کسی معزز مہمان کی آمد یا کسی تقریب کے لیے کی جائے

آئین جاری کرنا: قانون نافذ کرنا، دستور یا ساسی جاری کرنا، نظام قائم کرنا

آئین جاری ہونا: دستور ہو جانا، رسم و رواج ہو جانا، قانون جاری ہونا

آئین دیوانی: لین دین کا قانون، وہ قانون جو مالی معاملات سے متعلق ہو

آئین فوجداری: وہ قانون جس میں لڑائی جھگڑے کی دفعات اور سزاؤں کا بیان ہو

آئین لشکری: فوج کے نظم و نسق کا قانون

آئین مال: مال گزاری کے قانون، رسوم سرکاری، قانون خراج

آئین مُلکی: کسی ملک کا بنیادی قانون، دستور اساسی

آئینہ: چہرہ دیکھنے کا شیشہ، درپن، حیران، روشن، ظاہر، صاف، شفاف، اجلا، صاف دکھائی دینے والا، نمایاں

آئینہ اندھا (ہو جانا) ہونا: آئینہ دھندلا پڑ جانا جس میں عکس صاف دکھائی نہ دے

آئینہ باطن: صاف دل، جس میں کینہ کپٹ، بغض و حسد نہ ہو

آئینہ بنا دینا: شفاف کر دینا، حیران کر دینا، قلعی کر کے یا مانجھ کر چمکا دینا

آئینہ بن جانا: حیران ہونا، صاف شفاف ہو جانا، چمک دار ہو جانا

آئینہ بندی کرنا: شیشہ وغیرہ سے مکان سجانا، آرائش کرنا

آئینہ خانہ: وہ گھر جس میں آئینے لگے ہوں

آئینہ دار: جس کے پاس آئینہ ہو، اچھائی یا برائی ظاہر کرنے والا

آئینہ دکھانا: ہو بہو شکل دکھانا، آئینہ داری کرنا، عیب و ہنر ظاہر کرنا، شیشہ دکھانا

آئینہ رُخ (رو): آئینہ کی طرح شفاف چہرے والا

آئینہ ساز: شیشے بنانے والا، آئینہ گر

آئینہ سامنے سے نہ ہٹنا: ہمہ وقت آرائش میں مصروف رہنا

آئینہ کا جوہر: آئینہ کی چمک، آب و تاب، جوہر

آئینہ کر دینا: بالکل شفاف کر دینا، چمکا دینا، ظاہر کر دینا، روشن کر دینا

آئینہ گر: آئینہ بنانے والا، آئینہ ساز

آئینہ گری: آئینہ بنانے کا کام، آئینہ سازی

آئینہ میں مُنہ تو دیکھو: بڑی بات مت کرو، آئینہ میں صورت تو دیکھو، آئینہ لے کے منہ تو دیکھو، ذرا اپنی شکل ملاحظہ کرو

آئینہ ہونا (ہو جانا): ظاہر ہونا، کھل جانا، صاف شفاف ہونا

آئینے میں بال (آ جانا) پڑ جانا: شگاف پڑ جانا، آئینے میں ہلکا سا خط یا لکیر نمودار ہونا

آئینی: دستور کے مطابق، قانون کے مطابق

آیئے: تشریف لایئے، قدم رنجہ فرمایئے

آیا: دایہ، بچوں کو دودھ پلانے والی عورت، فعل ماضی مصدر آنا سے، آ گیا، حاضر ہونا، بلانے کے جواب میں، استفہام کے طور پر بمعنی کیا؟

آیا گری: آیا یا انا کا پیشہ، دائی پنا

آیا گیا: آنے جانے والا، مہمان، مسافر، بھولا بسرا

آیا گیا ہونا: بھول جانا، فراموش ہو جانا

آیات: مو، آیت کی جمع، نشانی، اوقاف قرآن میں سے ایک وقفے کا نام جو دائرے کی شکل کا ہوتا ہے، قرآن پڑھتے وقت اس جگہ ٹھہرا جاتا ہے

آیاتِ متشابہات: قرآن کی وہ آیتیں جن کے معنی صاف اور واضح نہ ہوں

آیاتِ محکمات: وہ قرآنی آیات جن میں تاویل کی ضرورت اور گنجائش نہیں

آیت: مو، نشانی، فقرۂ قرآن یا توریت یا انجیل، حجت ظاہری

آیت آنا: آسمان سے آیت نازل ہونا

آیت اُترنا: آیت نازل ہونا

آیتِ سجدہ: قرآن مجید کی وہ آیت جسے پڑھنے اور سننے کے بعد سجدہ کرنا ضروری ہو جاتا ہے

آیتِ لا: وہ آیت جس پر لا (نہیں) لکھا ہو، قاریوں نے ایسی آیت پر نہ ٹھہرنا بہتر خیال کیا ہے

آیتِ مطلق: وہ آیت جس پر قطعی ٹھہرنا پڑے جس کے آگے گول دائرے کے سوا کوئی علامت نہ ہو

آیت وحدیث ہے: قرآن شریف کی آیت، رسول اللہ کا ارشاد، وہ بات جس میں شک کی گنجائش نہ ہو، بالکل حق

آیہ: مو، آیت

آیۂ رحمت: قرآن مجید کی وہ آیت جس میں خدا کی رحمتوں کا ذکر ہے

اب: مذ، باپ، والد، ابّا، ابّو

اب وجد: باپ، دادا، خاندان کے بزرگ، پرکھے

اب: اِس وقت، اِس گھڑی، آجکل، اِس دم، اِس زمانہ میں، اسی وقت

اب آئے: ابھی آتے ہیں، بہت دیر میں آئے

اب کر کے: تھوڑے دنوں سے، چند روز سے، حال میں

اب کرنا: ٹال مٹول کرنا، حیلہ حوالہ کرنا، آجکل کرنا، وعدہ خلافی کرنا

اللہ ہی اللہ ہے: سب سہارے ٹوٹ گئے، دنیاوی تعلقات ٹوٹ گئے

اب تب: حیلہ حوالہ، ٹال مٹول، اِس وقت، اُس وقت

اب تب لگنا (ہونا): مرنے کا وقت قریب آنا

اب تو: اس کے بعد، آئندہ، ان حالات میں، آجکل، اس وقت، اس دفعہ، آخرکار، بدرجۂ مجبوری

اب جا کر: اتنے دن پیچھے

اب سے: اِس وقت سے، آئندہ سے

اب کیا ہوتا ہے: وقت اور موقع نکل گیا، اب کوئی چارۂ کار نہیں

ابّا: مذکر، باپ، والد، جنم دینے والا، خاندان کے بزرگ، تعظیم کے لیے بھی جیسے چچا ابّا، خالو ابّا

ابّا جان: باپ کو محبت سے خطاب کر۔ نے کا کلمہ

ابّا جانی: ابا جان سے زیادہ پیار کا کلمہ

ابّا جی: باپ کو پکارنے کا کلمہ

ابّا حضور: والد کے لیے مؤدبانہ کلمہ

ابابیل: مو، ایک چھوٹا سا کالا پرندہ جس کا سینہ سفید ہوتا ہے

ابابیلیا: ابابیل سے ملتا جلتا ایک قسم کا کبوتر جس کا رنگ ابابیل سے مشابہ ہوتا ہے

اُبارنا: بچانا، باقی رکھنا، جمع رکھنا

اُباس: بو، بدبو

اُباسی: سڑا ہوا، خمیر اٹھا ہوا

اُباکنا: ابکائیاں لینا، قے کرنا، اُلٹی کرنا

اُبال: جوش، پھد پھداہٹ، کف، پھین

اُبال آنا (اٹھنا): جوش آنا، پھد پھدانا

اُبالا: جوش دیا ہوا، بے گھی کا سالن، بے مزہ کھانا، معمولی کھانا

اُبالنا: جوش دینا، اوٹانا، کھولانا، غصہ دلانا، بھڑکانا

اِبتذال: مذ، ادنیٰ درجے کا، ہلکا پن، پست، قابلِ نفرت، بے قدر

اَبتر: برا، خراب، خستہ، بدحال، بکھرا ہوا، آوارہ، پراگندہ

اِبتسام: مذ، تبسم، خوشی، مسکراہٹ

اِبتلا: مو، مصیبت، پریشانی، آزمائش، امتحان

اُبٹن: مو، بدن پر ملنے کے لیے چند چیزوں سے تیار کیا ہوا لیپ

اَبجد: مذ، حروف تہجی، حرفوں کا نظام، الف، بے، تے

اَبحار: مذ، سمندروں، کئی سمندر، بحر کی جمع

ابخرہ: مذ، بخار، گرمی، حدت، بھاپ، جمع ابخرات

اَبخل: بہت ہی کنجوس، نہایت بخیل، مکھی چوس

اَبد: مو، ہمیشہ، دوام، نہ ختم ہونے والا زمانہ

اِبداع: مو، ایجاد، نئی چیز پیدا کرنا، اختراع

اَبدال: مذ، خدا رسیدہ، اولیاء اللہ، صوفیوں کا ایک لقب

اَبدالی: مذ، افغانستان کے باشندوں کا ایک قبیلہ، مشہور بادشاہ نادر شاہ ابدالی

اَبدان: مذ، جسموں، بہت سے بدن، بدن کی جمع

اَبدی: ہمیشگی، دوامی، بہت دنوں تک رہنے والی

اَبر: مذ، بادل، گھٹا، مینہ

ابرِ بہاراں: بارش کرنے والے بادل، برسات لانے والے بادل

ابرِ کرم: بخشش اور مہربانی کا بادل، سخاوت کا بادل

اَبرِ کوہسار: پہاڑ کی وادیوں میں سے اٹھنے والا بادل

اَبرِ نیساں: مینہ لانے والا بادل، موتی پیدا کرنے والا بادل

اَبرار: مذ، دوست، پاکیزہ لوگ، بر کی جمع

اَبرام: مذ، رنجیدگی، ملول کرنا، عاجز کرنا، درخواست

اَبرص: مذ، سفید داغ کا مریض

اَبرق: مو، ایک طرح کی چمکیلی دھات

اَبرو: مو، بھوں، جمع ابرواں

اَبری: مو، ایک قسم کا رنگ دار کاغذ

اَبریشم: مذ، کچا ریشم، خام ریشم

اِبریق: مذ، لوٹا، پانی پینے کا ٹونٹی دار برتن، چھاگل چمک دار تلوار، جمع اباریق

اُبسنا: سڑنا، گلنا، بدذائقہ ہونا

اَبصار: مذ، آنکھیں، بینائی، بصر کی جمع

اِبطال: مذ، غلط کرنا، جھوٹا کرنا، باطل ٹھہرانا

اَبعاد: مذ، جہات، سمتیں، فاصلے، دوریاں، پیمائش جیسے لمبائی، چوڑائی، گہرائی وغیرہ بُعد کی جمع

اَبکار: مو، کنوارپن، بغیر شادی شدہ لڑکیاں، بکر کی جمع

اُبکائی: متلی، قے، مالش کرنا

اَبلا: مو، کمزور عورت، نازک عورت

اِبلاغ: مذ، پہچانا، بھیجنا، منتقل کرنا، رسائی حاصل کرنا

اَبلق: دو رنگا، چتکبرا، سفید و سیاہ رنگ کا، کوڑھی

اَبلق ایام: دن رات، شب و روز، لیل و نہار

اُبلنا: گرم ہو کر چھلک پڑنا، جوش کھانا، تاؤ کھانا

اَبلہ: بے وقوف، نادان، ناسمجھ، جمع ابلہاں

اِبلیس: مذ، شیطان، شریر، فسادی، خدا کی بارگاہ سے نکالا ہوا

اِبن: مذ، بیٹا، لڑکا، پسر، جمع ابناء

اِبن السبیل: راہی، مسافر

اِبن مریم: حضرت عیسیٰ مسیحؑ

اَبّو: باپ، پدر

اَبّو: مذ، باپ، پدر، مالک، سرپرست

اَبوالبشرؑ: حضرت آدم، انسان کا باپ

اَبوالقاسمؐ: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی کنیت

اَبوبکرؓ: حضرت ابوبکر صدیقؓ، خلیفہ اول کی کنیت

اَبوتراب: حضرت علیؓ کی کنیت

اَبوالہول: ایک خیالی جانور جس کا جسم شیر کی طرح اور چہرہ عورت کی طرح تصور کیا جاتا ہے

اَبواب: مذ، کتاب کے حصے، دروازے، باب کی جمع

اُبھارنا: اونچا اٹھانا، اکسانا، ورغلانا، بہکانا

اِبہام: مذ، گول مول بات کرنا، صاف صاف نہ کہنا

اُبھرن: زیور، آرائش، پوشاک

اَبیات: مذ، اشعار، بیت کی جمع

اَبیر: مذ، ابرک کا پاؤڈر جسے ہولی میں ملتے ہیں

اَبیض: سفید، اُجلا

اَپاہج: معذور، لنگڑا، لولا، ناکارہ، بے کار

اَتاترک: ترکوں کا باپ، غازی مصطفےٰ کمال پاشا کا لقب

اُتارن: مو، پرانا کپڑا، پہنا ہوا کپڑا

اَتاق: مذ، گھر، ڈیرہ، خیمہ، مکان

اَتالیق: مذ، استاد، سبق سکھانے والے، تربیت دینے والے

اِتباع: مذ، تسلیم کرنا، پیروی کرنا، نقل کرنا

اِتحاد: مذ، مل جل کر، ایک ساتھ، میل ملاپ، ایک ہو کر

اِتحاف: مذ، تحفہ پیش کرنا، سوغات، انعام

اَتر: مذ، شمال، جواب، بعد کا

اِترانا: غرور کرنا، ناز کرنا، گھمنڈ کرنا

اِتصاف: مذ، خصوصیت رکھنا، تعریف کرنا، خوبی رکھنا

اِتصال: مذ، میل میلاپ، ملنا، قریب ہونا

اِتفاق: مذ، اچانک، یکا یک، میل جول، دوستی

اِتقا: پرہیز کرنا، ڈرنا، گناہوں سے بچنا

اَتگہ: مذ، دائی کا شوہر، اتا کا خاوند

اِتلاف: مذ، ضائع کرنا، بربادی، ختم کر دینا

اَتم: پورے طور پر، تمام تر، مکمل

اِتمام: مذ، مکمل کرنا، تمام کرنا، تکمیل کرنا

اِتہام: مذ، الزام، تہمت، بہتان، شک و شبہ

اَتالا: ڈھیر، انبار، بکھرا ہوا سامان

اُٹھائی گیرا: چور، جیب کترا، اُچکا

اِٹھلانا: نخرہ کرنا، اترانا، ناز کرنا

اَثاثہ: مذ، اسباب، سامان، جمع کی ہوئی چیزیں، جمع اثاث

اِثبات: مذ، اقرار، تائید، ہم خیال، ثابت، تصدیق

اَثر: مذ، تاثیر، ردِعمل، نشان، حدیث کی ایک قسم، کھنڈر، جمع آثار

اِثقال: مذ، بھار، بوجھ، وزن، ثِقل کی جمع

اَثمار: مذ، پھلوں، میوے، خوشے، ثمر کی جمع

اَثمد: مذ، سرمہ کا پتھر

اَثنا: بیچ، درمیان، دوران، وقفہ

اِثنا عشری: بارہ اماموں کو ماننے والا، شیعہ فرقہ

اَثیم: خطا کار، گنہگار، عاصی

اِجابت: مو، قبولیت، منظوری، جواب دہی، گندگی دور کرنا

اِجارہ: مذ، پورے طور پر تنہا قبضہ، کسی کی شرکت کے بغیر مکمل اختیار، دعویٰ

اِجازت: مو، منظوری، ارشاد، حکم

اِجازہ: مذ، راہ داری کا پروانہ

اُجاغ: مذ، چولھا، دیگ دان

اُجاگر: مذ، ظاہر، نمایاں، روشن

اَجانب: مذ، اجنبی لوگ، بے گانے، اجنب کی جمع

اُجبک: مذ، احمق، بے وقوف، اناڑی، ترکوں کی ایک قوم، وسط ایشیا کا مسلم ملک ازبکستان کے رہنے والے، ازبک کی بگڑی ہوئی شکل

اِجتماع: مذ، اکٹھا ہونا، مجمع، لوگوں کا جمع ہونا

اِجتناب: مذ، پرہیز کرنا، بچنا، کنارہ کرنا، الگ رہنا

اِجتہاد: مذ، قرآن وحدیث کی روشنی میں کسی مسئلہ کا حل نکالنا، نئی بات پیدا کرنا، کوشش کرنا

اَجداد: مذ، باپ دادا، جد کی جمع، پُرکھے

اُجڈ: بے وقوف، بے سلیقہ، گنوار، اکھڑ

اَجر: مذ، ثواب، نیک کام کا بدلہ، انعام

اِجرا: مذ، جاری کرنا، نکالنا، شروع کرنا

اَجرام: مذ، جرم کی جمع، گناہ کرنا

اَجرامِ فلکی: آفتاب، ماہ تاب، ستارے وغیرہ

اُجرت: مو، مزدوری، محنت کا صلہ، مشقت کا معاوضہ

اَجزا: مذ، حصے، ٹکڑے، جز کی جمع

اَجساد: مذ، بہت سے بدن، جسد کی جمع

اَجسام: مذ، بہت سے جسم، جسم کی جمع

اَجگر: مذ، اژدہا، بہت موٹا سانپ

اَجل: مو، موت، مرگ، قضا

اَجلّ: عظیم، بزرگ، بزرگی میں بلند اصحاب، ذی وقار حضرات

اِجلاس: مذ، جلسہ، نشست، کچہری، دربار

اَجلاف: مذ، ذلیل، کمینے، سفلے، جلف کی جمع

اَجلال: مذ، عظمت، بزرگی، شکوہ، بلند مرتبت

اَجِلّہ: مذ، عظیم لوگ، ذی وقار، جلیل کی جمع

اِجماع: مذ، اکٹھا ہونا، جمع ہونا، متحد ہونا، ایک رائے ہونا

اِجمال: مذ، مختصر بیان کرنا، کم کہنا، تفصیل سے بیان نہ کرنا

اَجمل: خوب صورت، حسین، دل کش

اَجناس: مو، غلے، اشیا، چیزیں، جنس کی جمع

اَجنبی: نامعلوم، نا آشنا، پردیسی، انجان، بغیر جان پہچان کا

اَجوائن: مو، سیاہ رنگ کا ایک دانہ جو دواؤں کے کام میں آتا ہے

اَجورہ: مذ، اجرت، محنت کا بدلہ، مزدوری

اجوف: کھوکھلا، خالی پیٹ

اَجہل: بے وقوف، ان پڑھ، جاہل

اَجیر: مذ، مزدور، محنتی، مشقتی

اَجیرن: دوبھر، مشکل، ناگوار، ناپسند

اَچانک: یکا یک، ناگہاں، یکبارگی

اُچاٹ: اکتانا، دل ہٹ جانا، بیزار ہونا

اَچکن: مو، شیروانی، بٹن دار لمبا کوٹ

اَحاد: مذ، اکائیاں، ایک سے نو تک کی گنتی، احد کی جمع

اَحادیث: مو، پیغمبر اسلامؐ کے اقوال وافعال، باتیں، خبریں، حدیث کی جمع

اِحاطہ: مذ، گھیرا، حلقہ، چاردیواری، حد، حصار

اَحِبّا: مذ، حبیب کی جمع، دوست، عزیز

اَحباب: مذ، حبیب کی جمع، بہت سے دوست، یار، آشنا

اَحبار: مذ، حبر کی جمع، یہودیوں کے علما، اہل دانش

اِحتجاب: مذ، چھپنا، پردہ میں ہونا، پوشیدہ رہنا،

اِحتجاج: مذ، مخالفت، اعتراض، حجت، انکار کی آواز اٹھانا

اِحتراز: مذ، نفرت، پرہیز، کنارہ کشی، علاحدگی

اِحترام: مذ، تقدیس، عزت، حرمت، توقیر

اِحتساب: مذ، حساب کتاب، جانچ، پڑتال، آزمائش

اِحتشام: مذ، شان وشکوہ، دبدبہ، لاؤلشکر

اِحتضار: مذ، سامنے آنا، حاضر ہونا، ہونا، موت کے فرشتوں کا آنا

اِحتضارِ علم: علم کا تازہ ہونا

اِحتکار: مذ، شریعت کی رو سے ناجائز ذخیرہ اندوزی، گراں بیچنے کے لیے کھانے کی چیزوں کی ذخیرہ اندوزی

اِحتلام: مذ، خواب میں منی کا نکلنا، بدخوابی

اِحتمال: مذ، شک وشبہ، وہم وگمان

اِحتیاج: مذ، حاجت، ضرورت، خواہش

اِحتیاج بر آنا: حاجت پوری ہونا، ضرورت پوری ہونا

اِحتیاج رکھنا: حاجت یا ضرورت ہونا، خواہش رکھنا، ضرورت مند ہونا

اِحتیاج لانا: التماس کرنا، درخواست کرنا

اِحتیاط: مذ، خبردار رہنا، خیال رکھنا، بچنا، ہوشیاری دوراندیشی

اِحتیاطاً: احتیاط کے طور پر، خبرداری سے، ہوشیاری سے

اَحجار: مذ، حجر کی جمع، پتھر، سنگ

اَحد: ایک، تنہا، اکیلا، یگانہ، لاشریک، خدا کا صفاتی نام

اَحدالامرین: دو باتوں میں سے ایک

اَحدالطرفین، الفریقین: دو جماعتوں میں سے ایک

اَحرار: مذ، حر کی جمع، آزاد لوگ

اِحراز: مذ، محفوظ رکھنا، بچائے رکھنا، نگاہ رکھنا

اِحزان: مذ، حُزن کی جمع، غم، اندوہ

اِحرام: مقررہ جگہوں سے خانۂ کعبہ کی زیارت کرنے تک چند جائز باتوں کا اپنے اوپر حرام کر لینا، بدن ڈھانکنے کے لیے بے سلے کپڑے استعمال کرنا

اِحساس: مذ، حس، حواس خمسہ کے ذریعہ علم ہونا

اِحسان: مذ، نیکی، بھلائی، اچھا سلوک، مہربانی، شکر

اِحسان اتارنا: اچھے سلوک کے بدلے بہتر سلوک کرنا نیکی کا بدلہ دینا

اِحسان اٹھانا: احسان مند ہونا، احسان لینا، شکر گزار بننا، ممنون ہونا

اِحسان جتانا: احسان کا ذکر زبان پر لانا، اچھے برتاؤ یاد دلانا

اِحسان دھرنا، رکھنا: ممنون بنانا، شکر گزار بنانا

اِحسانِ عظیم: بہت بڑی بھلائی

اِحسان فراموش: احسان کو بھلا دینے والا، نظر انداز کر دینے والا

اِحسان کرنا: اچھا سلوک کرنا، بھلائی نیکی کرنا

اِحسان گردن سے اُتارنا: احسان کا بدلہ دینا

اِحسان لینا: احسان اٹھانا، شکر گزار بننا

اِحسان ماننا: ممنون ہونا، شکر گزار ہونا

اِحسان مند: شکر گزار، احسان ماننے والا

اِحسان ناشناس: احسان فراموش، جو احسان نہ مانے، احسان کو بھلا دے

اِحسانات: مذ، احسان کی جمع، مہربانیاں، نوازشیں، عنایتیں

اَحسن: بہتر، بہت اچھا، بہت نیک، بہت خوب

اَحشا: مذ، معدے کے اندر موجود شے، حشو کی جمع

اِحصا: مذ، شمار کرنا، گننا، ضبط کرنا

اِحصار: مذ، سامنے لانا، حاضر کرنا، پیش کرنا

اِحصان: شادی کرنا، شادی شدہ، نیکی

اِحضار: حاضر ہونا، ظاہر ہونا، روبرو ہونا

اَحقر: خاکسار، چھوٹا، ہیچ مداں، فدوی

اَحکام: مذ، حکم نامے، فرامین، حکم کی جمع

اَحکم: بہت بڑا، بہت طاقت والا مالک

اِحمال: مذ، بار برداری، بوجھ اٹھانا، برداشت کرنا

اَحمد: آں حضرت صل اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک، بہت زیادہ تعریف و توصیف کرنے والا، حمد و ثنا کرنے والا

اَحمر: لال، سرخ

اَحمق: نادان، بے وقوف، بے عقل

اَحول: جس کو ایک کے دو نظر آئیں، بھینگا

اَحیا: مذ، جان ڈالنا، زندہ کرنا، پھیلانا

اَحیاناً: مذ، اتفاقاً، شاید، کبھی

اَخ: مذ، بھائی، برادر، جمع اخوان

اخبار: مذ، خبریں دینے والا پرچہ، روزنامچہ

اختتام: مذ، خاتمہ، آخر، انجام

اَختر: مذ، ستارا، تارا سیارہ

اختراع: مذ، نئی بات پیدا کرنا، ایجاد کرنا

اِختصار: مذ، خلاصہ، کم کرنا، گھٹانا

اِختلاج: مذ، پھڑکنا، دھڑکنا، بے قرار ہونا

اِختلاط: مذ، میل جول، اخلاص، پیار و محبت

اِختلاف: مذ، خلاف ہونا، مخالفت کرنا، عداوت

اِختلال: مذ، خلل پڑنا، پریشان ہونا

آختہ: وہ جانور جس کے پٹھے نکال دیے جاتے ہیں، بدھیا، خصی

اَخذ: مذ، پکڑنا، اختیار کرنا، لینا، نکالنا

اِخراج: مذ، نکاس، نکلنا، خارج ہونا، باہر کرنا

اَخضر: سبز، ہرا

اَخگر: مو، چنگاری

اِخلاص: مذ، خالص، پاک صاف، محبت

اَخلاف: مذ، اولاد، بعد میں آنے والے

اِخوان: مذ، بھائی، برادر

اَخوت: مو، بھائی چارگی، برادری

اَخیافی: وہ بھائی بہن جن کے باپ الگ اور ماں ایک ہو

اَدا: مو، انداز ناز، اشارہ، رمز، قرینہ

اِدارت: مو، رسالہ یا اخبار یا کتاب وغیرہ کا مرتب کرنا

اِدارہ: دفتر، محکمہ، نظام

ادارۂ بلدیہ: دفتر میونسپل بورڈ، سٹی کارپوریشن، میٹروپالیٹن کونسل

ادارۂ قلمی: محکمہ مال

ادارۂ نظامی: محکمہ فوج

اداریہ: مذ، اخبار کے مدیر کا لکھا ہوا خاص مضمون، مقالہ افتتاحیہ

اُداس: مغموم، غمگین، رنجیدہ، سوگوار

اُداس رکھنا: غمگین رکھنا، افسردہ خاطر رکھنا

اُداس کرنا: افسردہ کرنا، رنجیدہ کرنا

اُداس ہونا: رنجیدہ اور غمگین ہونا

اُداسی: مو، غمگینی، ویرانی، بے رونقی،

اُداسی برسنا: غمگینی یا پریشانی ظاہر ہونا، بے رونقی معلوم ہونا

اُداسی پھیلنا: سناٹا ہو جانا، بے رونقی ہو جانا

اُداسی چھانا: اداسی کی حالت طاری ہونا

اَدام: ہمیشہ زندہ رکھے

اَدام اللہ فیوضہم: اللہ ان کے فیض کو ہمیشہ رکھے

ادائیگی: رقم محصول یا لگان کا ادا ہونا

اَدب: مذ، ہر چیز کی حد کو نگاہ میں رکھنا، حفظ مراتب، لحاظ، تمیز، علم زبان جس میں نحو، لغت، عروض، انشاء، معانی اور بیان وغیرہ داخل ہیں

اَدب آموز: ادب سکھانے والا، وہ شخص جو ادب سیکھے ہوئے ہو

اَدب آموزی: ادب سکھانا، تعلیم دینا

اَدب العالیہ: اعلیٰ درجے کا ادب

اَدب دینا (سکھانا): تہذیب کی تعلیم دینا، شائستگی سکھانا

اَدب سیکھنا: تمیز حاصل کرنا

اَدب کرنا: لحاظ کرنا، پاس کرنا، مرتبے اور درجے کا خیال رکھنا

اُدَبا: مذ، ادیب کی جمع، ادب سکھانے والا، انشاپرداز لوگ

اِدبار: مذ، پیٹھ دکھانا، بدنصیبی، بداقبالی، نحوست، غریبی، ناداری

اَدَبی: ادب سے منسوب، ادب سے متعلق

اَدبیّت: تمیز، تہذیب، زبان دانی، ادب شناسی

اِدخال: مذ، داخل کرنا، داخل کرانا

اِدرار: مذ، بہنا، جاری ہونا، کھل کر پیشاب ہونا

اِدراک: مذ، پانا، دریافت کرنا، عقل، فہم

اَدرک: مو، ایک قسم کی خوشبودار جڑ جو سوکھ جانے پر سونٹھ کہلاتی ہے

اِدریس: مذ، ایک مشہور پیغمبر کا نام

اِدّعا: مذ، دعویٰ کرنا، بے دلیل بات کہنا، اپنی طرف ایسی بات منسوب کرنا جو واقعی نہ ہو

اِدّعائے ملکیت: مالک ہونے کا دعویٰ کرنا

اَدعیہ: مو، دعا کی جمع، دعائیں

اَدعیۂ ماثورہ: وہ دعائیں جو سرکار دو عالمؐ سے منقول ہوں

اِدغام: مذ، ایک جنس کے دو حرفوں کو آپس میں ملا دینا

اَدَق: نہایت باریک، نہایت مشکل، دوبھر، کٹھن

اَدقچہ: مذ، کارچوبی، سفید حاشیے کی چادر جو سجاوٹ کے لیے توشک کے نیچے بچھائی جاتی ہے

ادھ گدرا: نیم پختہ، کچا پکا، آدھا کچا آدھا پکا

اَدلا بَدلا، ادل بدل: عوض معاوضہ، الٹ پھیر، ایک چیز دے کر دوسری چیز لینا

اَدِلّہ: مو، دلیل کی جمع، دلیلیں، دلائل

اَدوان، اَدوائن: وہ رسّی جو چارپائی کی پائینتی کی طرف لگی ہوتی ہے

اَدویہ: مو، دوا کی جمع، دوائیں

اَدھ: آدھے کا مخفف، نصف

اُدھ بھر: درمیان کا حصہ

اُدھ چرا: آدھا چرا ہوا

اُدھ سیرا: آدھا سیر کا باٹ، دو پاؤ کا وزن

اُدھ کچرا: ادھورا، جو پورا نہ ہو، گدر پھل

اُدھ کچری: ادھ کچرا کی تانیث

اُدھار: قرض

اُدھار بیوپار: قرض سے کاروبار کرنا

اُدھار دینا: قرض دینا

اُدھار کھاتا: وہ کتاب یا رجسٹر جس میں واجب الادا رقم لکھی ہوئی ہو

اُدھار کھانا: قرض کھانا، قرض لینا، دشمن ہونا، درپے آزار ہونا

اُدھار لینا: قرض لینا

اُدھار ہونا: قرض ہونا، قرض چڑھنا

اِدھر: اس، اس طرف، ورے

اِدھر اُدھر: جہاں تہاں، ایسی ویسی جگہ، یہاں وہاں

اِدھر اُدھر کرنا: کسی چیز کو غائب کر دینا، چرا لینا، ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ رکھ دینا، ٹھکانے سے بے ٹھکانے کر دینا، بے ترتیب کر دینا

اِدھر سے اُدھر ہونا: کسی چیز کا بے موقع یا بے ٹھکانے ہو جانا، سرک جانا، غائب ہو جانا

اِدھر کی دُنیا اُدھر ہونا: بڑا انقلاب ہونا، کایا پلٹ جانا

اِدھر کے نہ اُدھر کے: دین کے نہ دنیا کے، دوست کے نہ دشمن کے

اِدھر ہونا یا اُدھر ہونا: ایک طرف ہو جانا، کسی ایک کی طرف داری کرنا، مر جانا یا جی جانا

اُدھڑنا: سیون کا اکھڑنا، ٹانکا ٹوٹنا، کھل جانا، کھال کا پھٹنا یا اکھڑنا، برباد ہونا

اُدھیڑنا: سلے ہوئے کپڑے کے ٹانکے توڑنا، پرنوچنا مارنا پیٹنا، کھال اتارنا، بدنام کرنا

اَدہم: مذ، مشکی گھوڑا، بلخ کے مشہور بادشاہ کا لقب جو تخت سلطنت چھوڑ کر فقیر بن گئے تھے

اُدھم: شور وغل، ہنگامہ

اُدھم اُٹھانا، جوتنا: ادھم مچانا، شور وغل کرنا، ہنگامہ کرنا

اُدھمی: ادھم مچانے والا،

اُدہَن: وہ پانی جو کھچڑی، دال یا چاول پکانے کے واسطے کھولایا جاتا ہے، کھولتا ہوا

اُدھنّا: دو پیسے کا سکہ

اُدھورا: آدھا، ناتمام، ناقص، اسقاط حمل کا بچہ

اُدھورا پڑنا: پورا نہ پڑنا، پورا نہ ہونا

اُدھیڑ: بڑھاپے اور جوانی کے درمیان کا، متوسط عمر کا، ڈھلی ہوئی عمر کا

اُدھیڑ ہونا: متوسط عمر کا ہونا، درمیانی عمر کا ہونا

اُدھیڑ بُن: اُدھیڑنا اور بننا، سوچ بچار، غور وفکر، تردد، تشویش

اُدھیڑ دینا: ٹانکے توڑ دینا، سلائی کھول دینا، چمڑی

اتارنا، زیادہ مار پیٹ کرنا

اُدھیڑنا: سیون کھولنا، ٹانکے الگ کرنا، پٹی ہوئی چیز کی چمت اکھاڑنا

اَدیان: مذ، دین کی جمع، مذاہب

ادیب: مذ، ادب سکھانے والا، علم وادب جاننے والا، زبان کا ماہر

ادیبہ: مو، علم وادب جاننے والی، زبان کی ماہر عورت

اڈّا: مذ، وہ بیٹھک جو پالتو پرندوں کے بیٹھنے کو بنائی جاتی ہے، جائی کاڑھنے اور کارچوبی بنانے کا مستطیل چوکھٹا، ہوائی جہاز، بسیں اور تانگوں کے ٹھہرنے کی جگہ، طوائفوں کے رہنے کی جگہ، چکلا، وہ جگہ جہاں کوئی شخص ہمیشہ بیٹھا کرے، چڑیوں کے بیٹھنے کے لیے لوہے کی چھڑیا سریا

اُڈّو اُڈّو: مو، آوارہ پھرنے والی عورت

اڈّو کرنا: نکو بنانا، بدنام کرنا، رسوا کرنا، نظروں سے گرانا

اُڈّو ہونا: رسوا ہونا، بدنام ہونا، نکو بننا

اُڈھنگا: بےڈھنگا، بدسلیقہ

اِڈیٹر: مذ، اخبار رسالے یا کسی بڑی کتاب کو مرتب کرنے والا، مدیر، مُدَوِّن

اِڈیٹوریل: مذ، مقالہ افتتاحیہ، اداریہ

اِڈیشن: مذ، طبع، چھاپا، جمع، جوڑ

اِڈیشنل: بڑھا ہوا، اضافہ کیا گیا، زائد، فالتو، جو لازمی نہ ہو

اَذان: مو، کان میں خبر یا آواز پہنچانا، نماز کے واسطے بلانے کی آواز، مرغ کی آواز میں بانگ

اَذان دینا: اذان کہنا، بانگ دینا، مرغ کا بولنا

اُذبک: تاتاری ترکوں کے ایک قبیلہ کا نام، ازبکستان کی زبان یا وہاں کا باشندہ

اِذعان: مذ، فرماں برداری، طاقت، یقین، اعتبار، بھروسہ

اَذکار: مذ، ذکر کی جمع، بیانات قصے، کہانیاں، وعظ، ورد، وظیفے

اَذکیا: مذ، ذکی کی جمع، ذہین اور ہوشیار لوگ

اَذل: سب سے زیادہ ذلیل

اِذن: مذ، حکم، اجازت، پروانگی

اِذنِ عام: اجازت، وہ اجازت جو میت کا وارث جنازہ کی نماز کے بعد ضروری کام والوں کو چلے جانے کے لیے دیتا ہے

اَذہان: مذ، ذہن کی جمع، عقل، سمجھ، ادراک

اَذیت: مو، دکھ درد، تکلیف، ایذا

ار: مذ، ایک قسم کی بہت ہلکی لکڑی جس سے صندوق اور تلوار کی میان وغیرہ بناتے ہیں، اگر کا مخفف

اَرابہ: مو، بیل گاڑی، چھکڑا

اِرادت: مو، خواہش، عقیدت، اعتماد، جمع ارادات

اِرادت مند: معتقد، اعتقاد رکھنے والا، نیاز مند

اِرادت مندی: اعتقاد، یقین، خوش عقیدگی

اِرادہ: مذ، قصد، عزم، منصوبہ، منشا، مرضی، خواہش

اِرادہ باندھنا: ارادہ کرنا، قصد کرنا، ٹھاننا، منصوبہ بنانا

اِرادہ بندھنا: قصد ہونا، ارادہ ہونا

اِرادہ رکھنا: قصد رکھنا، نیت رکھنا

اِرادی: اختیاری، ارادہ سے متعلق

اراروٹ: ایک قسم کی غذا جو ایک درخت کی جڑ سے حاصل ہوتی ہے اور بچوں اور مریضوں کے لیے پانی یا دودھ میں پکا کر استعمال کی جاتی ہے

اَراضی: مو، ارض کی جمع، زمین، دھرتی، زمین کاشت

ارضی بُنجَر: بے کاشت زمین، بے کار پڑی ہوئی زمین

اراضی بندوبستی: وہ زمین جس کا بندوبست کیا گیا ہو

اراضی خالصہ: خالص سرکاری زمین

اراضی دریا برآمد: وہ زمین جو دریا کے ہٹ جانے سے ظاہر ہو جائے

اراضی دریا بُرد: وہ زمین جو دریا کی طغیانی سے ڈوب گئی ہو

اراضی شاملات: آبادی کی مشترک زمین جس کی تقسیم نہ ہو سکی ہو

اراضی شُور: وہ زمین جو کھیتی کے لائق ہو، شور زمین

اراضی معافی: وہ زمین جو کسی کی مالگذاری معاف ہو

اراضی وقف: وہ زمین جو کسی کی ملکیت نہ ہو اور عوام کی بھلائی کے کام کے لیے چھوڑی گئی ہو

اَراکین: مذ، رکن کی جمع، کھمبے، ممبران، اعضا

اَراکینِ دولت: امراو وزرا، مصاحبین وغیرہ

ارب: سو کروڑ

اَرباب: مذ، رب کی جمع، صاحب، خداوند، مالک، والی، دوست، پالنے والے

اَربابِ نجُبت: منطقی لوگ

اَربابِ دولت: دولت والے، مالدار لوگ

اَربابِ سخن: شاعر

اَربابِ عدالت: عدالت کے عہدہ داران

اَربابِ عشرت: محفل رنگ و بو کے شریک، ناچ رنگ کے رسیا

اَربابِ قلم: لکھنے پڑھنے والے، انشا پرداز، مصنف، مؤلف، صحافی، اخبار نویس

اَربابِ معنی: حقیقت شناس، عارف، جاننے والے

اَربابِ نشاط: ناچنے گانے والے، ناچ گانے کے شوقین

اَربابِ وفا: ہمت والا، فراخ حوصلہ

اَربع: چار، تین کے بعد کا عدد

اربع عناصر: چار عنصر، مٹی، آگ، ہوا، پانی

اربعہ: چار

اَربعین: مذ، چالیس، چالیس دن، چلہ

اِرتباط: مذ، ربط، ضبط، میل ملاپ، دوستی، راہ و رسم، ہم آہنگی

اِرتجال: جلدی کرنا، بغیر سوچے جلدی بولنا، کام فوراً کرنا

اِرتحال: مذ، موت آنا، رحلت ہونا، زندگی کا خاتمہ

اِرتداد: مذ، پھر جانا، مرتد ہو جانا، ایک مذہب چھوڑ کے دوسرا مذہب اختیار کر لینا

اِرتعاش: مذ، کانپنا، رعشہ، کپکپی، لرزہ

اِرتفاع: مذ، اونچان، بلندی، ابھار

اِرتفاع پیما: بلندی ناپنے کا آلہ، جس کی مدد سے ہوا باز زمین سے بلندی کا اندازہ کرتے ہیں

اِرتقا: صف، اوپر چڑھنا، بتدریج بڑھنا

اِرتقا کا نظریہ: وہ نظریہ جس کے مطابق مادے میں نشو ونما اور تبدیلی ہوتی رہتی ہے اور مادّی چیزیں ترقی کی منزلیں طے کرتی رہتی ہیں

اِرتکاب: مذ، گناہ یا جرم کرنا، عمل کرنا

اِرتکاز: اجتماع، ایک جگہ جمع ہونا

ارتھی: ہندوؤں کا جنازہ، ٹھٹھری

ارتھی نکلے: مرجائے، جنازہ نکلے، بددعا

اَرج: مو، جوہر لیاقت، شان وشوکت، مرتبہ، عزت

اَرجمند: قدر و قیمت والا، مرتبہ والا، عزت والا

اَرحام: مذ، رحم کی جمع، بچہ دانی، کوکھ

اَرحم: زیادہ رحم کرنے والا، بہت مہربانی کرنے والا

اَرد، اُڑد: ماش، ایک قسم کی دال

اِرد گرد: چاروں طرف، چوگرد، گرداگرد، آس پاس

اِرد گرد پھرنا: چاروں طرف گھومنا

اَردَلی: پیادہ، ساتھ رہنے والا سپاہی، اطلاع لانے لے جانے والا ہرکارہ

اَردَلی میں چلنا: حاکم کی سواری کے ساتھ چلنا

اَردَلی میں رہنا: حاکم کی سواری کے ساتھ رہنا

اُردو: لشکر، لشکر گاہ، ہندو پاکستان اور ایشیا کی مشہور زبان جو مختلف زبانوں سے مل کر بنی ہے اور ہر جگہ بولی، سمجھی اور لکھی پڑھی جاتی ہے

اُردو بازار: لشکر کا بازار، چھاؤنی کا بازار، صدر بازار، وہ بازار جہاں اردو کتابوں کی خرید و فروخت ہوتی ہے، اس نام کے بازار ہندو پاک کے تمام بڑے شہروں میں ہیں

اُردوئے مُعَلّیٰ: بابائے اردو مولوی عبدالحق جنرل سکریٹری انجمن ترقی اردو ہندو پاک کے خطوط کا مجموعہ

اُردوئے مُعَلّیٰ: دلّی کی اعلیٰ زبان جو لال قلعہ میں بولی جاتی تھی، فصیح اور مستند، مرزا غالب کے خطوط کا ایک مجموعہ

اَرذَل: بہت ہی رذیل، نہایت کمینہ، پاجی

اَرزاں: صف، سستا، کم قیمت، گراں کی ضد

اَرزانی: مو، سستاپن، کثرت، بہتات، زیادتی، کم قدری، بے توقیری

ارزن: مذ، ایک غلے کا نام، چینا، باجرہ

ارژنگ: مذ، چین کے مشہور مصور مانی کا نگارخانہ، چین کا ایک مشہور مصور

ارسال: مذ، بھیجنا، روانہ کرنا، روانگی

ارسطو، ارسطاطالیس: کامل و فاضل شخص، یونان

کا مشہور عالم جو سکندر اعظم کا استاد اور مشیر تھا

اَرسلان: شیر

اِرشاد: مذ، ہدایت، حکم، نصیحت، وعظ

اِرشاش: ہلکی بارش، خون یا آنسو کا قطرہ، قطرہ ٹپکنا

اِرشاد بجالانا: حکم ماننا

اِرشاد فرمانا، کرنا: حکم دینا، کہنا

اَرشد: نہایت ہدایت یافتہ، بہت ہی نیک

ارصاد: رصد کی جمع، ستارہ شناسی، ہیئت کا علم

اَرض: مو، زمین، دھرتی، علاقہ، زمینی حصہ

ارضی: زمینی، زمین کا، زمین سے متعلق

ارضیات: مذ، زمین کے طبقوں کا علم

ارغنون: آرگن باجا، ایک قسم کا باجا جو افلاطون نے ایجاد کیا تھا

اَرغوان: مذ، سرخ اور نارنگی رنگ، ایک سرخ رنگ کے پھول کا نام

اَرغوانی: قرمز کے رنگ کا، لال رنگ کا، نارنگی رنگ کا

اَرفع: مذ، بلند، اونچا

اَرقام: مذ، رقم کی جمع، تحریر، ہندسہ، خاکہ

اَرقم: مذ، زہریلا سانپ، ایک عرب قبیلہ کا نام

اَرکان: مذ، رکن کی جمع، ستھم، ستون، وزیر، امیر جن پر سلطنت کا دارومدار ہو، ممبر

اَرکان ادا کرنا: عبادت کو قواعد اور اصول کے مطابق پورا کرنا

اَرکان ادا ہونا: کسی کام کے لوازمات پورے ہو جانا

اِرَم: مذ، شداد کی بنائی ہوئی جنت کا نام، باغ بہشت

ارمان: مذ، تمنا، آرزو، حسرت، چاہ، خواہش، شوق، تاسف، دریغ

اَرمان بھرا، بھری: حسرت مند، آرزوؤں اور حسرتوں سے پُر

ارمان پُورا ہونا: آرزو پوری ہونا

ارمان جاتا رہنا: کسی بات کی آرزو مٹ جانا

ارمان جی کے جی میں رہنا: حسرت رہ جانا، آرزو پوری نہ ہونا، ارمان نہ نکلنا

ارمان خاک میں ملنا: مایوسی ہونا، ناامیدی ہونا

ارمان کا خون ہونا: آرزو پوری نہ ہونا

ارمان کرنا: تمنا کرنا، آرزو کرنا

ارمان نکالنا: شوق پورا کرنا، حسرت نکالنا

ارمُغان: مذ، تحفہ، ہدیہ، سوغات، نذر، پیش کش

ارمغانِ حجاز: علامہ اقبال کا آخری شعری مجموعہ

ارنڈ: مذ، ایک درخت جس کے بیج سے تیل نکالا جاتا ہے

ارواح: مو، روح کی جمع، روحیں، جانیں، فرشتے

اروی: ایک لیس دار ترکاری جو جڑ کی قسم سے ہوتی ہے

اَرّہ: مذ، لکڑی چیرنے کا اوزار، آرا

ارہر: ایک غلہ جس کی دال پکا کر کھاتے ہیں

اری: کلمۂ خطاب، کم رتبہ عورت یا چھوٹی بچی یا برابر درجے کے لیے

ارے: اے، کم رتبہ شخص کے لیے، کلمۂ تعجب

اَریب: چالاک، ہوشیار، پُرفریب

اُریب: آڑا، ترچھا

اریب کی باتیں: پیچیدہ باتیں، فریب کی باتیں، دھوکے کی گفتگو

اریب کی چال: دغا فریب کی بات

اَڑ: ضد، ہٹ، ثقالت

اڑ بیٹھنا: ضد کرنا، اصرار کرنا

اڑ جانا: ہٹ کرنا، ضد کرنا، جم جانا، تھم جانا، رک جانا

اڑ کر لینا: دھرنا دے کر لینا، بے وصول کیے نہ چھوڑنا، پکڑ کر لینا

اَڑ کے بیٹھنا: جم کے بیٹھنا، اس قصد سے بیٹھنا کہ جب تک کام پورا نہ ہو، اٹھیں گے نہیں

اَڑاَڑا: مذ، مکان یا دیوار گرنے کی آواز، دریا کا کڑاڑا

اَڑاَڑادھم، دھڑام: کسی چیز کے بے تحاشا گرنے کی آواز

اَڑاَڑا کر گرنا: دھماکے سے گرنا، مکان کا بلند آواز سے گرنا

اُڑا: اڑ گیا، نایاب، کمیاب

اُڑا آنا: بہت جلد آنا، تیزی سے آنا

اُڑا پڑ جانا: ناپید ہو جانا

اُڑا پھرنا: جلد جلد چکر لگانا، ہوا میں اِدھر اُدھر پھرنا

اُڑا جانا: تیز تیز جانا، اڑتے ہوئے جانا، ٹال جانا، کھا جانا

اُڑا دینا: مشہور کر دینا، بند کر دینا، چوری کر لینا، غائب کر دینا، ادھیڑنا

اُڑا لانا: ہوا کی مدد سے کسی چیز کو بالا بالا لانا، چالاکی سے کوئی چیز حاصل کرنا

اُڑا لینا: چرا لینا، اِس طرح لے جانا کہ معلوم نہ ہو، ہو بہو نقل کرنا

اُڑان: مو، پرواز، اڑنا، چھلانگ، جست

اُڑان گھائی: بندھی ہوئی چوٹیں، چالاکی، ہوشیاری، فریب

اڑان گھائی بتانا: انٹی مارنا، دغا دینا، دھوکا دینا، بہکانا

اُڑانا: اٹکانا، پھنسانا، الجھانا، روکنا، ٹھہرانا، حائل کرنا

اُڑانا: پرواز میں لانا، پرواز کرانا، پرندوں یا پتنگ وغیرہ کو فضا میں پہنچانا، کاٹنا، تراشنا، جدا کرنا، کترنا، چرا کر لانا، غائب کر کے لانا

اُڑا ہونا: ضد پر قائم رہنا، حائل ہونا

اُڑاؤ: اڑانے والا، فضول خرچ

اُڑاؤ کھاؤ: فضول خرچ، کھانے لٹانے والا

اُڑتی: اڑتی ہوئی، تول میں کچھ کم

اُڑتی بیماری: وہ بیماری جو ایک سے دوسرے کو لگ جائے، متعدی مرض، چھوت کی بیماری

اُڑتی پڑتی خبر: افواہ

اُڑتی سی خبر: افواہ، بھنک، گپ

اُڑ جانا: پرند کا اُڑ کر چلا جانا، چل دینا، ہوا ہو جانا، غائب ہو جانا، لپک کر جانا

اُڑس لینا: کھونس لینا، داخل کر لینا

اُڑسنا: گھسیڑنا، چھیدنا، کھبونا، چبھونا، تہ کرنا، منہ بند کر دینا

اُڑ کے کہاں جاؤ گے: کہاں بھاگ کر جا سکتے ہو، بچ کر کہاں جاؤ گے

اُڑ کے لگنا: ایک کی بیماری دوسرے کو لگ جانا

اُڑ کے مِلنا: خود پہنچ جانا، بڑے اشتیاق سے ملنا

اُڑن: اڑنے والا، پرواز کرنے والا، غائب ہو جانے والا

اُڑن چھو ہونا: چل دینا، ناپید ہونا، غائب ہونا

اُڑن فاختہ: سیدھا سادہ، مورکھ، بے وقوف

اُڑن کھٹولا: اڑنے والا تخت، پریوں کے سیر کرنے کا تخت

اُڑنا: اٹکنا، سد راہ ہونا، مزاحم ہونا، بھڑنا، الجھنا، جمنا، ضد کرنا، ہٹ کرنا، داؤ پر لگانا، جام ہو جانا

اُڑنا: پرواز کرنا، بلند ہونا، غائب ہونا، چوری ہونا، اِترانا، بھاگ جانا، چل دینا، مٹنا، ہنسی مذاق کرنا

اُڑنگا: کشتی کا ایک پیچ جس سے مقابل کو اس کی ٹانگ میں اپنی آڑی ٹانگ آنٹی کی طرح مار کر گرا دیتے ہیں، روک، آڑ، رخنہ

اُڑنگانا: ہوتے کام کو روک دینا، حرج پیدا کرنا

اُڑمارنا: اڑنگے کا پیچ کرنا، رخنہ ڈالنا

اُڑھانا: اوڑھنا کا متعدی، کوئی کپڑا بدن یا سر پر ڈالنا

اُڑیل: اڑ جانے والا، ضدی، ہٹیلا، سرکش، خود سر

از: حرف جر، سے، تک کی ضد

ازبر: حفظ، زبانی یاد، نوک زبان

ازبس: بہت، نہایت، غرض، نتیجہ

ازحد: نہایت، بے حد، حد سے زیادہ، حد درجہ

ازخود: آپ سے، خود ہی، اپنے آپ، بقصداً، بلا ارادۂ غیر

ازخود رفتگی: آپے سے باہر ہونا، بے خودی

ازخود رفتہ: آپے سے باہر، دیوانہ، باؤلا، مجنون، متوالا

ازراہِ محبت: دوستی کے طور پر

ازسرتاپا: سر سے پاؤں تک، اول سے آخر تک، بالکل، تمام

ازسرِنو: نئے سرے سے

ازغیب: غیب سے

ازغیبی: پوشیدہ طور پر، نامعلوم طریقے سے، خدا کی طرف سے

ازکار رفتہ: نکما، کام کے ناقابل، بے کار

اِزار: مو، پاجامہ، شلوار

اِزار بند: ناڑا، کمر بند

اِزار بند کا رشتہ: بیوی کی طرف کا رشتہ، سسرالی رشتہ

اِزار بند کی ڈھیلی: بدکار، فاحشہ عورت

اِزار بند کی سچی: عصمت والی عورت

اِزار بند نہ کھلنا: عورت کا کنوارا ہونا

اِزالہ: مذ، زائل کرنا، دور کرنا، مٹانا

ازدِحام: مذ، انبوہ، بھیڑ، جمع

اَزدَر: مذ، مناسب، قابل، موزوں، خوب صورت

اِزدیاد: زیادہ ہونا، کثرت، زیادتی

اَزرَق: نیلا، آسمانی

اَزرَق چشم: گربہ چشم، کرنجا، نیلی آنکھوں والا

اَزَل: مو، وہ زمانہ جس کی کوئی ابتدا نہ ہو، شروع، آغاز

اَزلی: ہمیشہ سے، دوامی

اَزمِنہ: مذ، زمانہ کی جمع، زمانے

اَزواج: مو، زوج کی جمع، جوڑیاں (شوہر اور بیوی) منکوحہ عورتیں

ازواجِ مُطہرات: مو، پاک بیبیاں، سرکار دو عالمؐ کی بیویاں

ازہار: مذ، زہر کی جمع، کلیاں، بے کھلے پھول

ازہر: نہایت چمکدار

اژدر: مذ، ایک موٹے لمبے سانپ کی قسم، اجگر، اژدہا

اژدر ماہی: ایک عنصلی قسم کی مچھلی

اژدرِ موسیٰ: حضرت موسیٰ کا وہ عصا جو اژدہا بن جاتا تھا

اژدہا: مذ، اجگر، بہت بڑا سانپ

اژدہے کے منہ سے پھرے: بڑی مصیبت سے نجات پائی

اژدہے کے منہ میں پاؤں رکھنا: خطرناک جگہ جانا

اِس: اشارہ قریب، یہ، یہی، اُس کی ضد

اِس پر بھی: اتنا کچھ ہو لینے کے بعد

اِس پر نہ پھولو: اس بات پر گھمنڈ نہ کرو، اس پر نہ اتراؤ

اِس پر نہ جاؤ: یہ خیال نہ کرو، اس پر توجہ نہ کرو

اِس میں کچھ فی ہے: اس میں کوئی چال ہے

اِس ہاتھ دے اُس ہاتھ لے: ہر کام کا بدلہ فوراً ملتا ہے

اُس: اشارہ بعید، وہ، وہی، اس کی ضد

اُس کی قدرت کے کھیل ہیں: خدا کی شان کے جلوے ہیں

اُس کی لاٹھی میں آواز نہیں: خدا کا قہر نا گہانی ہوتا ہے

اُس کے دینے کے ہزاروں ہاتھ ہیں: بندوں کو دینے کے لیے خدا کے پاس بے شمار ذرائع ہیں

اُس کے منہ کی: کسی کی زبان سے نکلی ہوئی بات

اُساتذہ: مذ، استاذ کی جمع، اپنے فن میں ماہر لوگ

اُساتین: ستون کی جمع، کھمبے

اُسارا: چھپر، سائبان، برآمدہ، ور، دہلیز

اُسارِیر: مذ، سر کی جمع، ہتھیلی یا پیشانی کی لکیریں

اُساس: مو، بنیاد، نیو، جڑ

اَساسی: بنیادی

اَساطیر: مو، اسطارہ اور اسطورہ کی جمع، دیوی دیوتاؤں کی کہانیاں، قصے

اَساطیر الاولین: اگلے لوگوں کے قصے، کہانیاں ان سے منسوب واقعات

اساطین: مذ، اسطوانہ کی جمع، بہت سے ستون

اَسافِل: مذ، اسفل کی جمع، کم تر، گھٹیا، رذیل انسان، کمینہ

اَسالیب: مذ، اسلوب کی جمع، طریقے، طرز انداز، نگارش، ندرت بیان

اَسامی: اسم کی جمع الجمع، نام، لوگ، آدمی، کسان، کاشت کار، زمینداروں کے ماتحت کاشت کار یا ملازم، نوکر

اُساتا: برسانا، غلے کو بھوسے سے جدا کرنا

اَسانید: مو، اسناد کی جمع حدیث کی وہ کتب جن میں حدیثیں مع راویوں کے ناموں کے لکھی گئی ہیں، بخاری، مسلم وغیرہ

اَسب: مذ، گھوڑا

اَسباب: مذ، سبب کی جمع، وجہیں، وسیلے، باعث، ضرورت کا سامان

اَسباق: مذ، سبق کی جمع، بہت سے سبق

اِسپغول، اِسپغول: مذ، ایک مشہور دوا جس سے لعاب نکلتا ہے

اسبق: سب سے اوّل، زیادہ آگے

اسپ: مذ، گھوڑا

اِسپرٹ: مو، روح، جوہر، ست، شراب، حوصلہ، ہمت

اِسپرنگ: مو، پیچ دار کمانی

اِسپند: مذ، کالا دانہ، ایک قسم کا بیج جو عموماً نظر بد سے حفاظت کے لیے جلاتی ہیں

اُستاد: مذ، سکھانے والا، معلم، گرو، ماسٹر

اِستادگی: مو، کھڑا کرنا یا ہونا، قائم کرنا

اُستادی: استاد ہونا، کمال ہنرمندی، چالاکی، ہوشیاری

اُستاذ: مذ، مدرس، معلم، جمع اساتذہ،

اُستاذی: میرا استاد، میرے استاد، احترام کے لیے

اُستانی: معلّمہ آتوں، وہ عورت جو لکھنا پڑھنا یا کوئی کام سکھائے، استاد کی بیوی اگرچہ وہ پڑھانے کا کام نہ کرے

اِستبداد: مذ، ظلم، جور سے حکومت کرنا، خودمختاری، ضد، ہٹ

اِستبدال: مذ، تبدیل کرنا، تبادلہ، منتقل کرنا

اِستبشار: مذ، خبر پھیلانا، خوش خبری دینا، خوشی کا اظہار

اِستبصار: مذ، دانائی، بینائی، سوجھ بوجھ ہونا

اِستبعاد: مذ، دوری، علاحدگی چاہنا

اِستبہام: مذ، غیر واضح، مبہم، معنی سے محروم

اِستثنا: علاحدہ کرنا، جدا کرنا، الگ کرنا، کسی عام حکم سے کسی شخص یا قاعدے کو نکالنا

اِستجابت: مو، قبولیت

اِستحاضہ: مو، حیض کثرت سے آنا، وہ خون جو بیماری کے

سبب حیض کے ایام کے سوا دوسرے دنوں میں آتا رہے

اِستحسان: مذ، پسندیدگی، اچھا جاننا، پسند کرنا

اِستحضار: مذ، بلانا، حاضر ہونا، سامنے ہونا

اِستحقار: مذ، نفرت سے دیکھنا، ذلیل جاننا، حقیر سمجھنا

اِستحقاق: مذ، حق چاہنا، حق دار ہونا، حق، دعویٰ، قابلیت

اِستحکام: مذ، مضبوطی، پختگی، استقلال، قیام

اِستحلال: مذ، مناسب سمجھنا، جائز سمجھنا

اِستخارہ: طلب خیر، نیکی کی توفیق خدا سے مانگنا

اِستخارہ آنا: استخارے کا جواب اثبات میں آنا

اِستخبار: مذ، دریافت کرنا، انکشاف کرنا، ظاہر کرنا، مشورہ دینا

اِستخراج: مذ، نکالنا، برآمد کرنا، چھانٹنا، جدا کرنا

اِستخفاف: مذ، خفت، ہلکی، بے وقار سمجھنا، ہلکا سمجھنا

اُستخوان: مذ، ہاڑ، ہڈی، گٹھلی

اِستدبار: مذ، واپس آنا، نتیجہ پر غور کرنا، پلٹنا

اِستدراج: مذ، خلاف معمول کام، غیر مسلم سادھوؤں اور جوگیوں کی کرامات، آہستہ آہستہ آگے بڑھنا

اِستدراک: پانا، سمجھ حاصل کرنا، پہنچنا، سمجھنا، ذہن نشین کرنا، اصلاح کرنا

اِستدعا: مو، خواہش، درخواست، طلب، دعویٰ چاہنا

اِستدلال: مذ، دلیل، برہان، ثبوت، دلیل چاہنا، دلیل لانا

اُستر: مذ، دوہرے کپڑے کے نیچے کی تہ، ابرہ کی ضد

اِستراحت: مو، آرام چاہنا، راحت طلب کرنا

اِستراق: مذ، چوری کرنا

اِسترداد: مذ، رد کرنا، چھوڑنا، انکار کرنا، واپس لینا

اُسترُدن: مذ، حجامت بنانا، بال کاٹنا

اُسترہ: مذ، بال مونڈنے کا اوزار

اِسترہاب: مذ، ڈرانا، خوف دلانا، آگاہ کرنا، خبردار کرنا

اِستسقا: پانی مانگنا، جلندھر کا مرض جس میں آدمی پیاس کی شدت سے بے چین رہتا ہے

اِستسہال: مذ، سہل، آسان

اِستشہاد: مذ، گواہی طلب کرنا، ثبوت چاہنا

اِستصباح: مذ، چراغ بجھا دینا، چراغ طلب کرنا

اِستصواب: مذ، مشورہ لینا یا کرنا، رائے پوچھنا، تجویز چاہنا

اِستطاعت: مو، قدرت، طاقت، مقدور، بساط

اِستعارہ: مذ، مانگ لینا، علم بیان کی اصطلاح میں مجاز کی ایک قسم ہے جس میں کسی لفظ کے حقیقی اور مجازی معانی کے بیچ تشبیہ کا رشتہ ہو

اِستعانت: مو، مدد، امداد، مدد مانگنا

اِستعفا: مذ، معافی چاہنا، نوکری سے الگ ہو جانا، ذمہ داریوں سے دست بردار ہو جانا

اِستعمار: مذ، نو آبادی، کسی اُجاڑ مقام پر قابض ہو کر اس کی آبادی بڑھانا، کسی دوسرے ملک پر ناجائز قبضہ کر لینا

اِستعمال: مذ، کام میں لانا، برتنا

اِستِغاثہ: امداد، مدد طلب کرنا، انصاف چاہنا، شکایت، رعایت

اِستِغراق: مذ، کسی خیال میں ڈوب جانا، خیال میں گم ہو جانا

اِستِغفار: مذ، بخشش چاہنا، توبہ کرنا، معافی چاہنا

اِستِغفار کرنا: خدا سے گناہوں کی معافی چاہنا

اِستِغنا: مذ، بے پروائی، بے نیازی، بے فکری

اِستِفادہ: مذ، فائدہ حاصل کرنا، مطالعہ کرنا

اِستِفتا: مذ، مسئلہ پوچھنا، عالم یا مفتی سے شرعی حکم دریافت کرنا، فتویٰ چاہنا

اِستِفراغ: مذ، قے، الٹی

اِستِفسار: مذ، دریافت کرنا، سمجھنے کی خواہش کرنا، پوچھنا

اِستِفہام: مذ، دریافت کرنا، پوچھنا، سمجھنا

اِستِقامت: مو، استقلال، راست کرداری، کسی بات پر جمے رہنا

اِستِقبال: مذ، خوش آمدید کہنا، پذیرائی کہنا، توقیر کرنا، آگے بڑھ کر ملنا

اِستِقرار: مذ، مقرر کرنا، طے کرنا، اقامت کرنا، مان لینا

اِستِقراض: مذ، قرض لینا، ادھار مانگنا

اِستِقلال: مذ، قیام، مضبوطی، استحکام

اِستِکبار: مذ، ناز، غرور، اَنا، تکبر

اِستِکراہ: مذ، کراہت، نفرت، ناپسندیدگی

اِستِکمال: پورا کرنا، مکمل کرنا، ختم کرنا

اِستِلزام: مذ، ضروری، لازم

اِستِلام: مذ، حجر اسود کا بوسہ، چومنا، بوسہ دینا

اِستِلیح: مذ، جھیل، تالاب

بحث بڑھنا: گفتگو میں طوالت ہونا، بات کا لمبا ہونا،

بحث چھڑنا: تذکرہ ہونا، مناظرہ ہونا

بحر: مذ، بڑا دریا، ساگر، بڑا سمندر، شعر کا وزن

بحران: مذ، بیماری کے زور کا دن، اڑچن، رکاوٹ

بحری: بحر سے منسوب، سمندری، دریائی

بحری بیڑہ: سمندری جہازوں کا قافلہ

بحریہ: بحری فوج

بحل: معافی، درگزر، قابل معافی

بحور: مذ، بحر کی جمع، سمندروں

بحیرہ: مذ، بحر کی تصغیر، چھوٹا سمندر

بُخار: مذ، دھواں، بھاپ، حرارت، گرمی، غصہ، رنج، شکایت

بخار آنا/بخار چڑھنا: تپ چڑھنا، بدن گرم ہونا، ڈرنا، خوف آنا

بخار اٹھنا: دھواں اٹھنا

بخار بھرا ہونا: شکایت سے لبریز ہونا، دل میں کدورت ہونا

بخار دل میں رکھنا: عداوت رکھنا، کینہ وبغض رکھنا

بخار نکالنا: دل کا جوش نکالنا، غصہ اتارنا، حسرت نکالنا، ہوس نکالنا

بخاری: باورچی خانہ، دالان کی کوٹھری جو غلے کے لیے دیوار میں بناتے ہیں، چھنی یا، انگیٹھی

بُخاری: شہر بخارا سے منسوب، بخارا کا باشندہ، احادیث نبویہؐ کی ایک مشہور کتاب جو اپنے مولف امام بخاریؒ کے نام سے منسوب ہے

بخت: بد، غصہ، نصیب، قسمت

بخت آزمائی: تقدیر آزمانا، مقدر کا جانچنا، نصیب کا پرکھنا

بخت آور: بختاور، خوش نصیب، خوش قسمت، اقبال مند

بخت چمکنا: اچھی قسمت ملنا، نصیب جاگنا

بخت رسا: اقبال مندی، خوشی نصیبی

بخت یار: خوش نصیب، اقبال مند

بخت دینا: دے دینا، مفت دے دینا، معاف کر دینا، سزا نہ دینا

بخشش: مو، انعام، عطیہ، معافی، درگزر

بخشنا: عطا کرنا، معاف کرنا، ثواب پہنچانا

بخشی: بد، فوج کی تنخواہ تقسیم کرنے اور حساب کتاب رکھنے والا عہدہ دار، چوکیداروں کی تنخواہ بانٹنے والا

بخشی خانہ: فوج کی تنخواہ تقسیم کرنے کا دفتر

بخشی گری: فوج کی تنخواہ بانٹنے کا عہدہ

بُخل: لالچ، طمع، حرص، کنجوسی، تنگ دلی

بخیانا: بخیہ کرنا، سینا

بخیل: کنجوس، تنگ دل

بخیہ: ایک قسم کی مضبوط اور باریک سلائی

بخیہ اُدھیڑنا: ٹانکے کھولنا، راز فاش کرنا، قلعی کھولنا

بد: برا، خراب، ناقص، نکما، شریر، فسادی، نیک کی ضد

بد آئین و بداطوار: بے اصول آدمی، برے طور طریقے والا

بد اختر: بدنصیب

بد اخلاق: ناشائستہ، نالائق، بری عادت والا،

بد اسلوب: بے ڈھنگا، بری شکل کا، بدچلن، بدکردار

بد اصل: پاجی، بدذات، کم اصل

بد اطوار: برے کردار کا، برے ڈھنگوں کا،

بد اعتقاد: جس کا عقیدہ خراب ہو

بد اعمال: جس کے عمل اچھے نہ ہوں

بد امنی: گڑبڑ، انتشار، فتنہ وفساد

بد اندیش: برا چاہنے والا، مخالف، دشمن

بد باطن: کینہ پرور، سیاہ دل، برے دل والا

بد بخت: بدنصیب، بدقسمت

بد بو: سڑاند، خراب بو

بد بو آنا: کسی شے سے بری بو آنا، ناگوار بو پھیلنا

بد پرہیز: احتیاط نہ برتنے والا، پرہیز نہ کرنے والا

بدتر: زیادہ خراب، بہت خراب، بہت برا

بدچلن: بدکار، برے کردار والا

بدحال: بری حالت والا

بدحواس: بے ہوش، حیران، پریشان

بدخط: وہ شخص جس کا خط خراب ہو

بدخطی: بری لکھائی

بدخلق: بدمزاج، برے اخلاق کا

بدخو: بری خصلت کا

بدخواب آنا: برا خواب دیکھنا، احتلام ہونا

بدخوابی: احتلام

بدخواہ: برا چاہنے والا، بیری، مخالف

بدخواہی: دشمنی، مخالفت

بددعا دینا، کرنا: کوسنا، برا چاہنا

بددعا لگنا: کسی کو کوسنے کا اثر ہونا

بددعا لینا: کوسنے کا مستحق ہونا

بددل: ناخوش، بادل برداشتہ

بددماغ: چڑچڑا، نک چڑھا، مغرور، گھمنڈی

بددیانت: خیانت کرنے والا، دغاباز، بے ایمان

بدذات: کمینہ، کم ذات، شوخ، شریر، سفلہ، پاجی

بدذاتی پر آنا: شرارت پر آمادہ ہونا، کمینگی کا مظاہرہ کرنا

بدراہ: بدوضع، بدچلن، بدکار، گمراہ

بدرنگ: خراب رنگ کا، رنگ اڑا ہوا

بدروز: بدبخت، مصیبت کا مارا

بدروزگار: بدنصیب، کم نصیب

بدزبان: بدکلام، گستاخ، گالی گلوچ کرنے والا

بدسگال: برا چاہنے والا

بدسیرت: برے کردار والا

بدشگونی: نحوست، بدفالی

بدصورت: بھونڈی صورت والا، بری شکل والا

بدطینت: بری عادت والا، بدخصلت، بدمزاج

بدظن: وہمی، شکی، بدگمان

بدعملی: اندھیر، بدنظمی، بدانتظامی

بدعہد: بے وفا، قول سے پھرنے والا، وعدہ خلاف

بدعہدی: بے وفائی، وعدہ خلافی، دغابازی

بدفرجام: وہ شخص جس کا انجام بخیر نہ ہو

بدقماش: بدچلن، بدوضع

بدکار: زناکار، حرام کار، بدچلن، بدکردار

بدکردار: بدعمل، بدچلن

بدکیش: بے دین، بدخو

بدگمان: برا گمان رکھنے والا، برا خیال رکھنے والا، شکی، وہمی

بدگو: گالیاں بکنے والا، بری باتیں کہنے والا

بدگوشت: وہ زائد گوشت جو کسی فاسد مادّہ کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے

بدگوئی: غیبت، چغل خوری، برائی، جھوٹ

بدمزاج: چڑچڑا، غصہ ور، تندخو

بدمزگی: بدذائقہ پن، رنجش، مخالفت، عداوت، دشمنی

بدمزہ: بے مزہ، برے ذائقہ والا

بدمزہ ہونا: بے مزہ ہونا، خفا ہونا، ترش رو ہونا، مکدر ہونا

بدمست: مدہوش، بے ہوش، نشے میں چور، شریر

بدمستی: مدہوشی، شہوت پرستی، شرارت

بدمعاش: حرام خور، شریر، لچا، لفنگا

بدمعاملہ: لین دین کا کھوٹا، بے ایمان، بددیانت

بدنام: رسوا، خراب شہرت رکھنے والا

بدنامی کا ٹیکا: رسوائی کا داغ

بدنصیب: کم بخت، بدقسمت

بدنظر: بری نظر سے دیکھنے والا

بدنما: بدزیب، بھونڈا، بدشکل، بھدا، مکروہ

بدنہاد: بدسرشت، بدخو، بری طبیعت والا

بدنیت: برے ارادے والا، لالچی، حریص

بدوضع: بدچلن، بداطوار، بدصورت

بدہضمی: ہضم کی خرابی، ہضم نہ ہونا

بدہیئت: بدصورت، بدشکل، ہیبت ناک شکل والا

بداہت: مو، بے ساختہ بات کہنا، اچانک حادثہ یا واقعہ، بالکل ظاہر ہونا، فی البدیہہ کہنا

بدائع: مذ، بدیع کی جمع، عجائبات، نئی چیزیں

بدایت: مو، شروع کرنا، آغاز کرنا

بدر: مذ، چودھویں کا چاند، ماہ کامل، پورا چاند، مدینہ شریف سے ملا ہوا ایک گاؤں اور کنواں جہاں مسلمانوں کی کافروں سے پہلی جنگ غزوہ بدر ہوئی اور مسلمانوں کو اللہ نے فتح نصیب کی

بدر: بیرون، باہر، خارج، جیسے شہر بدر، ملک بدر ہونا یا کرنا

بدراہ: گم راہ، راستے سے بھٹکا ہوا

بدرنویس: حساب کتاب کی جانچ پڑتال، روپے سے متعلق حساب کتاب رکھنے والا، قابل اعتراض

بدرجہ: درجہ کے حساب سے، اس سے زیادہ

بدرشب: پورے چاند کے نکلنے سے روشن رات، چاندنی رات

بدرقہ: مذ، رہبر، راستہ دکھانے والا، سفر کا ساتھی، سہارا، وسیلہ، اعانت، مدد، اصلاح، درستی، سپاہ، محافظ، دیکھ بھال کرنے والا، وہ معاون دوا جو اصل دوا کے ساتھ دی جاتی ہے

بدروزگار: بدقسمت، قسمت کا مارا ہوا، برے دن

بدرہ: مذ، تھیلی، توڑا

بدزیب: بدصورت، نامناسب، غیر موزوں

بدست: ہاتھ سے، ہاتھ میں، ہاتھ میں آنا

بدستور: طور طریقے کے مطابق، ویسے ہی، ہو بہو، من وعن

بدطینت: برے مزاج والا، خراب، قابل نفرت،

بدعت: مو، دین دھرم میں نئی بات یا نئی رسم کا پیدا کرنا، غیر پسندیدہ، نئی رسم یا نئی بات

بدعتی: دین میں نئی بات یا اجنبی بات یا رسم ورواج پیدا کرنے والا، غیر پسندیدہ رسم جاری کرنے والا

بدعہد: وعدہ خلاف، جھوٹا

بدظن: مشتبہ، شک وشبہ رکھنے والا، بھروسا نہ رکھنے والا

بدکانا، بدکنا: گھوڑے کو ڈرانا، بھڑکانا، چمکانا، چونکنا، بھڑکنا، ڈرنا، چمکنا، خوف زدہ ہونا، خوف وبیزاری پیدا ہونا

بدقت: بہ مشکل تمام، دشواریوں سے، گہری نظر سے

بدکردار: برے چال چلن والا، خراب،

بدکیش: حیوان، غیر انسانی، بُرا

بدگمان: مشتبہ، ناقابل اعتماد، بے وفا، وہم زدہ

بدل: نذ، عوض، معاوضہ، بدلہ، اجرت، مثال، صلہ

بدل اشتراک: اخبار کا چندہ

بدل جانا: پھر جانا، تبدیل ہو جانا، وعدہ خلافی کرنا، مکر جانا

بدل لینا: پلٹ لینا، ہیر پھیر کر دینا، کسی چیز کے بدلے دوسری چیز لے لینا

بدلا، بدلہ: عوض، اجرت، صلہ، بخشش، معاوضہ، انتقام

بدلا اتارنا: احسان اتارنا، اچھے سلوک کے جواب میں کام کرنا

بدلہ لینا: عوض لینا، انتقام لینا

بدلنا: تبادلہ کرنا، پلٹنا، پھرنا، تبدیل ہونا

بدلی: تبدیلی، منتقلی، بادل کا ٹکڑا

بدلی کی چھاؤں: بے اعتبار، بادل، غیر مستقل، فانی

بدلی ہونا: ابر ہونا، بادل ہونا، تبادلہ ہونا

بدمست: شرابی، ہوش وحواس سے بے خبر

بدمعاش: بری زندگی والا، بدکردار، خطاکار

بدن: نذ، تن، جسم، اندام، جمع، ابدان

بدنا بدنا: شرط لگانا، ماننا، تسلیم کرنا، اقرار کرنا، عہد کرنا، وعدہ کرنا

بدن بگڑ جانا: جذام کوڑھ کا مرض ہو جانا، کوڑھی ہو جانا

بدن توڑنا: جسم کا ٹوٹنا، انگڑائی لینا، جسم کا بھاری ہونا، ریاضت کرنا

بدن چرانا: حجاب کرنا، شرم کرنا

بدن سازی: جسم کو خوب صورت اور مضبوط بنانے کی مشق کرنا

بدن میں آگ لگنا: نہایت غصہ ہونا، غیظ وغضب ہونا

بدھنی: ٹونٹی دار مٹی کا لوٹا

بدھیا: آختہ کیا ہوا بیل، نامرد بیل

بدھو: بے وقوف

بَدھی: پھولوں کا ہار، استرا تیز کرنے والا چمڑا

بَدّو: بدوی، عرب کے خانہ بدوش، جنگلوں میں رہنے والے، بدچلن، بدنام

بَدوی: مذ، جنگلوں میں رہنے والا عرب خانہ بدوش

بدی: مو، برائی، بدخواہی، غیبت

بدی پر آنا: برائی پر آمادہ ہونا، حکم عدولی کرنا، دشمنی پر کمر باندھنا، بغاوت کرنا

بدی کرنا: برائی کرنا، دشمنی کرنا، مخالفت کرنا، ستانا، غیبت کرنا

بدیس: ملک غیر، پردیس، بے وطن

بدیع: بنانے والا، ایجاد کرنے والا، انوکھا، نئی بنائی ہوئی چیز، جمع بدائع، حیرت انگیز، تعجب خیز

بدیہہ: صاف، صریح، ظاہر، برجستہ، بغیر کسی غور و فکر کے، برمحل

بدیہہ گوئی: برجستہ کہنا، بے غور و فکر کے موقع کے مناسب کہنا، کسی واقعہ سے متاثر ہو کر فوراً شعر کہنا

بدیہی: جس میں دلیل یا ثبوت کی ضرورت نہ ہو، واضح، ظاہر، روشن

بڈھی: بوڑھی عورت، معمر خاتون، ضعیف عورت

بَر: فتح یابی، ظفر مندی

بَرّ: مذ، انعام اکرام، بخشش، جود و سخا، عنایت و نوازش کرنا، خرچ کرنا

بذلہ: مذ، لطیفہ، دلچسپ اور مزے دار باتیں

بذلہ سنج، بذلہ گو: خوش دل، خوش مزاج، لطیفہ بیان کرنے والا، ہنسنے ہنسانے والا، ہنس مکھ

بَر: پسند، چناؤ، ور، شوہر، میاں، عرض، منگیتر، تمنا، مراد، دُعا، برکت

بر دینا: شادی کر دینا

بر سنا: بارش ہونا، روپے پیسے کا زیادہ ہونا، غصہ میں برا بھلا کہنا

بر مانگنا: مراد مانگنا، بیٹی والوں کی طرف سے بیاہ کا تقاضا کرنا

بَر: نیز، اوپر، باہر بلند، غالب، پھل، چھاتی، سینہ، اُٹھانے یا لے جانے والا

برآمد: تلاش، کھوج، ظہور، طلوع، نمود، روانگی، باہر جانا، مال کی نکاسی

برآمد کرنا: کھوج لگانا، نکالنا، ظاہر کرنا، ملکی مال باہر ملک بھیجنا

برآنا: کامیاب ہونا، کام پورا ہونا، حاصل ہونا

برآمدہ: بالا خانہ کا باہر نکلا ہوا حصہ، ادسارا

برافروختہ: روشن، جلتا ہوا، غصے میں، بے قابو

برانگیختہ: بھڑکایا ہوا، مشتعل، ہوا دیا ہوا

برانگیختہ کرنا: بھڑکانا، اکسانا، مشتعل کرنا، غصہ دلانا

برپا: پاؤں پر کھڑا، برقرار، ٹھہرا ہوا، منعقد

برپا کرنا: قائم کرنا، ہنگامہ مچانا، اٹھانا، منعقد کرنا

برپا ہونا: قائم ہونا، مچنا، اٹھنا، منعقد ہونا، پھیلنا،

برتر: زیادہ بہتر، افضل، نسبتاً بہتر، بزرگ تر

برتری: بہتری، فضیلت، بزرگی، بڑائی، اعزاز

برجستہ: فوراً، اسی وقت، بروقت، فی الفور، بے ساختہ، برمحل، موزوں

برحق: حق پر، راستی، درست، صحیح بجا

برخاست: ختم، ملازمت سے الگ، برطرف

برخاست کرنا: علاحدہ کرنا، ملتوی کرنا، ختم کرنا

برخلاف: مخالف، الٹا، برعکس

برخوردار: سعادت مند، نصیب والا، فرماں بردار، زندگی کا پھل کھانے والا، لڑکا، بیٹا

برخود: اپنے تئیں، خود سے

بردار: رکھنے والا، اٹھانے والا، ڈھونے والا

برداشت: صبر، تحمل، تاب، انگیز

برداشتہ خاطر: بیزار، اچاٹ، بددل، ناپسندیدہ، گھبرایا ہوا

بُردبار: صبر کرنے والا، برداشت کرنے والا

بَرسرِ مطلب: خاص مقصد پر، اصل مدعا، صحیح بات

بَرطرف: الگ، جدا، برخاست، سبکدوش

بَرعکس: الٹا، مخالف، برخلاف، کسی چیز کی ضد

برغاب: تالاب، گڈھا، جہاں پانی جمع ہوتا ہو

برقرار: قائم رہنا، ٹھہرنا، جمار ہنا

برگ: پتہ، گھاس

برگزیدہ: چنا ہوا، انتخاب کیا ہوا، بزرگ، معزز

برگشتگی: پھرنا، انحراف، بغاوت، سرکشی، مخالفت

برگشتہ ایام: برگشتہ اختر، برگشتہ طالع، براوقت، بدقسمت، بدنصیب

برلانا: کامیاب کرنا، پورا کرنا، انجام کو پہنچانا، تکمیل تک لے جانا

برمحل: مناسب وقت پر، موقع پر، اچھے وقت پر

برملا: کھلم کھلا، بغیر کسی رورعایت کے علانیہ، پوشیدہ کی ضد

برومند: پھل کھانے والا، پھل لانے والا، فائدہ حاصل کرنے والا

برومندی: کامیابی، عزت یابی، اصل مقصد کا پالینا

بَرّ: خشکی، جنگل، بیابان، صحرا

بَرِّ اعظم: وہ زمینی بڑا حصہ جس میں بہت سے ملک موجود ہوں، جیسے ایشیا، شمالی امریکہ، جنوبی امریکہ، افریقہ، آسٹریلیا، قطب شمالی اور قطب جنوبی کے بڑے برفیلے علاقہ کو بھی پہلے دو براعظموں میں شمار کیا جاتا رہا ہے، مگر انسانی آبادی نہ ہونے کی وجہ سے اب انھیں نہیں تسلیم کیا جاتا

برّ: مو، نیکی، بخشش

بُرا: خراب، بدمزہ، بے کار

برابر: متوازی، مساوی، ہمسر، ہم عمر، ہم پایہ، ہموار

برادر: ند، بھائی، برشتہ دار، ہم قوم، ہم مذہب، ہم پیشہ

بَرات: حصہ، بخرا، حساب کتاب کا دن، دولھا کا جلوس

ازدحام، سیدھا، آدھا آدھا، قریب، پاس، نزدیک

برادرِ اخیافی: ماں ایک اور باپ جدا جدا رکھنے والا بھائی

برادرِ اعیانی: سگے بھائی، ایک ماں اور ایک باپ کے

برادرِ بطنی: سوتیلے بھائی

برادرِ رضاعی: دودھ شریک بھائی

برادرِ علاتی: سوتیلے بھائی، باپ ایک ماں دو

برادرِ نسبتی: سالا، بہنوئی

برادہ: مذ، لکڑی یا کسی دھات کا چورا، سفوف

براز: فضلہ، پاخانہ، میلا، گوہ

برازی: مذ، صحرا، جنگل، پُرشور زمین

بَراعت: مو، چمک، نور، روشنی، فصاحت، کمال، ہنرمندی

بَرّاق: چمکدار، جگمگاتا ہوا، بجلی کی طرح تیز رفتار، ہوشیار، تیز ذہن، صاف، شفاف

بُراق: مذ، مقدس چوپایہ جس پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم معراج کی رات سوار ہو کر آسمان پر تشریف لے گئے، دُلدل

بَرّاں: بہت تیز دھار والا، تیز کاٹ والا

براناا: بڑبڑانا، سوتے میں گفتگو کرنا

بَراہمہ: مذ، برہمن کی جمع

بَراہین: مذ، مو، برہان کی جمع، دلائل، دلیلیں

بَراءت: مو، نجات، چھٹکارا، بچاؤ، صفائی

بَرائے: حرف ربط، واسطے، لیے، وسیلے سے، برکت سے، صدقے میں

بَرباد: تباہ، ویران، خراب، ضائع، تلف

بَربادی: مو، تباہی، ویرانی، خرابی

بَربریت: مو، خونخواری، جنگلی پن، وحشی

بَربط: مو، ایک قسم کا ساز، عود

بُرج: مذ، گنبد، راس، ستارے کی جگہ

برجیس: مذ، مشتری، قاضی فلک

بَرچاف: مذ، دانہ، بیج

بَرچھ: مذ، اوزار، ہتھیار

بَرچھی: مو، اوزار، بھالا

بَرچیدن: جمع کرنا، اکٹھا کرنا

بَرَح: چھوت لگنا، وبائی پریشانی

بَرحق: درحقیقت، نہایت مناسب، سچائی

بَرد: مذ، سردی، جاڑے کا موسم

بُرد: مو، ایک قسم کی چادر یا کمبل

بُرد: مو، نفع لے جانا، اٹھانا، یافت، رشوت، برداشت، بالائی آمدنی

بردبار: برداشت کرنے والا، صابر، متحمل

بَردہ: مذ، غلام، بندہ، نوکر چاکر

بردہ فروش: غلاموں یا قیدیوں کا سوداگر

برزخ: مذ، موت اور قیامت کے درمیان کا

زمانہ، پردہ، آڑ، جمع برازخ

برزن: مذ، سڑک، گلی کوچہ، بازار

برس پڑنا: غصہ ہونا، گالی بکنا

برش: مذ، ایک مرکب دوائی کا نام جو انیون سے تیار کی جاتی ہے

برش: مو، تیزی، کاٹ، دھار

برشتہ: بھونا ہوا، بریاں، پکایا ہوا

برشکال: مو، برسات کا موسم بارش کا زمانہ برکھارت، مینہ

برص: مذ، سفید کوڑھ، ایک مرض جس میں چمڑا سفید ہو جاتا ہے

برف: مو، جمایا ہوا پانی، پالا

برفانی: بہت سرد، اولے دار، برف والی

برفی: مو، کھویا اور شکر سے تیار کی ہوئی ایک قسم کی مٹھائی

برق: مو، آسمانی بجلی، مصنوعی بجلی، تیز، چالاک

برق ٹوٹنا: بجلی گرنا

برق خاطف: بجلی کی چمک جو آنکھوں میں چکاچوند پیدا کردے

برق دم: تیز دھار والی تلوار وغیرہ

برق دم ہونا: چاق و چوبند ہونا، تیز ہونا، چمکدار ہونا

برق رپا: بجلی کو زمین پر اتارنے والی مشین

برق زدہ: بجلی کا جلا ہوا، جس کے اوپر بجلی گری ہو

برقع: مذ، جسم کو ڈھانپنے یا لپیٹنے کا کپڑا یا چادر، نقاب، پردہ، گھونگھٹ، چادر، عورتوں کے اوڑھنے کا کپڑا

برقع اٹھانا: بے پردہ کرنا، منہ سے نقاب اٹھانا، راز ظاہر کرنا

برقی رو: بجلی کی لہر جو بٹن دبانے سے جسم میں سے گزرتی ہے

برقیہ: مذ، تار، ٹیلی گرام

برکات: مو، برکت کی جمع

برکت: مو، زیادتی بہتات، کثرت اور نعمت کی زیادتی، رونق، عروج

برکت اٹھنا: برکت ختم ہونا، نحوست آنا، رونق نہ رہنا

برکت دینا: ترقی دینا، کام میں بڑھتی، اضافہ، بڑھانا

برکھارت: برسات کا موسم، برشکال

برگ: مذ، پتا، ورق، سامان، توشہ

برگ تنبول: پان

برگ ریز: پت جھڑ، پتے گرانے والا، موسم خزاں

برگ وبار: پھل اور پتے، شاخ وثمر

برگ سبز: سبز پتا، کم مقدار، حقیر چیز، پان

برگ وساز: ساز وسامان، زندگی کا سامان، ضروریات

بَرما: مذ، لکڑی میں چھید کرنے کا ایک آلہ، ہندوستان کا ایک پڑوسی ملک

بَرنا: نوجوان، نوعمر، ایک درخت کا نام

بَروُت: مو، مونچھ

بُردوت: مذ، سردی، ٹھنڈک، خنکی

بَرّہ: مذ، بھیڑیا، بکری کا بچہ، بُغالہ

برہان: مو، دلیل، حجت

برہم: رنجیدہ، خفا، ناراض، غصہ

بَرہنہ: ننگا، عریان، بے راہ، کھلا ہوا

بَرہنگی: مو، عریانی، ننگا پن، بے پردگی

بَری: آزاد، چھوٹا ہوا، بے گناہ، بے قصور

بَرّی: خشکی کا، زمین کا

بریاں: پکا ہوا، بھنا ہوا، برشتہ

بریانی: ایک قسم کا خوش ذائقہ پلاؤ جس میں روغن زیادہ ہوتا ہے اور گوشت بھون کر ڈالا جاتا ہے

بَرید: مذ، قاصد، پیغامبر، ایلچی، ہرکارہ، ڈاک

بَریشم: مذ، ابریشم، ریشم

بَریں: بلند، اونچا، عظیم برتر اعلیٰ، اس پر

بَریّہ: مو، مخلوق، اللہ کی مخلوق، جمع برایا

بز: مو، ایک درخت، برگد، بکواس، جھک، پاگل پن کی باتیں

بڑا: لمبا، دراز، اونچا، بلند، برتر، امیر، زیادہ، ماش کی پیٹھی کی تلی ہوئی ٹکیہ جو دہی اور سانبھر میں بھگو کر کھائی جاتی ہے

بڑا آزار: تشویشناک بیماری، لاعلاج مرض، تپ دق

بڑا بوڑھا: بزرگ، سرپرست، قابل عزت

بڑبولا: شیخی بگھارنے والا، گھمنڈی، مغرور، بڑا بول بولنے والا

بڑا دن: کرسمس، 25 دسمبر حضرت عیسیٰ کی پیدائش کا دن

بڑبڑایا: جھکی، بڑبڑانے والا، بکواس کرنے والا، بڑا ہانکنے والا

بڑھ بڑھ کے بولنا: شیخی بگھارنا، گپ ہانکنا، بدتمیزی کرنا، اپنی حیثیت سے کہیں زیادہ بڑھ چڑھ کے بولنا

بڑھل: ایک ہندوستانی پھل جو گول اور زرد ہوتا ہے، برسات کے شروع میں پکتا ہے

بڑھئی: نجار، لکڑی کا کام کرنے والا، ترکھان

بڑی بات: عمدہ بات، مشکل کام، امر محال

بڑی بی: بوڑھی عورت کو احترام کے ساتھ پکارنے کے لیے

بُز: مو، بکری، بکرا

بزدل: ڈرپوک، بے ہمت، کم حوصلہ

بزدلی: نامردی، کم ہمتی

بُزغالہ: بکری کا بچہ، پہاڑی بکرا

بَزاز: مذ، کپڑا بیچنے والا، پارچہ فروش

بَزازا: کپڑا منڈی

بَزازی: مو، پارچہ فروشی، کپڑا بیچنے کا پیشہ

بُزرگ: بڑا، بوڑھا، معمر، بڑی عمر والا، بالغ، معزز شریف، خدا کا ولی، سرپرست

بُزرگسال: بوڑھا، بوڑھی

بُزرگوار: بزرگ کی طرح

بزرگی: بڑائی، عزت، عظمت، شرافت

بَزم: مو، محفل، مجلس، اجتماع

بَزم آرا: مجلس سجانے والا، صاحب مجلس، میر مجلس

بَزم افروز: مجلس کو رونق بخشنے والا

بَزم سخن: شعر و شاعری کی مجلس، محفل مشاعرہ

بَزم ماتم: نوحہ و غم کی مجلس

بَزم نشاط: خوشی کی مجلس، ناچ گانے کی اور رقص و سرود کی جگہ

بَزن: قتل کرنے کا حکم، حملہ کرنا، خاتمہ کرنا، گردن مارنے کا حکم

بس: زور، قابو، طاقت، اختیار، قوت، قدرت، کافی، بہت، فقط، خاموش رہو

بَسا: بہت، اکثر

بَسا اَوقات: بہت دفعہ، اکثر مرتبہ

بِساط: مذ، بستر، بچھونا، فرش، سرمایہ، پونجی، حوصلہ، قدرت، طاقت

بِساط خانہ: وہ جگہ یا بازار جہاں بساطی بیٹھتے ہیں

بِساط سے باہر: مقدور سے باہر

بِساط کیا ہے: حیثیت کیا ہے، ہستی کیا ہے، اوقات کیا ہے

بساطی: ضروریات زندگی کی چھوٹی موٹی چیزیں فروخت کرنے والا

بسانا: آباد کرنا، خوشبو سے معطر کرنا، قیام کرنا

بسائند: کھانے کی چیز میں ایک خاص قسم کی بدبو

بست: بیس (20)

بسرنا: فراموش ہو جانا، ذہن سے اتر جانا

بسور: رونے کے لیے منہ بنانا، آہستہ آہستہ رونا

بسیار: بہت زیادہ

بشار: روپے کا بکھرنا، سکہ زد، سونا چاندی

بَشارت: مو، خوش خبری، اچھی خبر، دل خوش کرنے والی بات، مژدہ، الہام

بَشارت دینا: خواب میں بتانا، غیبی آواز کے طور پر معلوم ہونا

بَشاش: مسرور، خوش و خرم، شگفتہ، مگن، تر و تازہ

بشاشت: شگفتگی، خوشی، مسرت، تازگی، فرحت

بشر: آدمی، انسان

بشرط: شرط کے ساتھ، شرطیہ

بشریٰ: اچھی خبر لانا، خوش خبری لانا، مسرت و انبساط سے بھرپور

بشری: انسان سے متعلق، انسان

بشیر: مذ، اچھی خبر سنانے والا، ہدایت دینے والا، بشارت سنانے والا، حضور کا صفاتی نام

بشع: بدبودار، ناپسندہ

بشگرد: شکاری، شکار کی جگہ، تعاقب کرنا، کھیل

بشمول: شامل کر کے، ملا کر کے، جوڑ کر کے

بصارت: مو، نظر، بینائی، آنکھ روشنی، جمع بصائر

بَصر: مو، نظر، بینائی، آنکھ

بصیر: نظر والا، بینا، دیکھنے والا، ہوشیار، خدا کا ایک صفاتی نام

بصیرت: مو، دیکھنے کی طاقت، بینائی، نظر، روشنی، عرفان، عقلمندی، دانائی

بصیص: روشن، چمک، آب وتاب، رائے، خیال

بضاعت: مو، دھن دولت، پونجی، سرمایہ، ساز و سامان، اسباب

بضعہ: مو، گوشت کا ٹکڑا، دسترس، اردو میں مذکر مستعمل ہے

بَط: پانی کا ایک پرندہ، بطخ

بطے: شراب کی صراحی، بطخ کی شکل کی صراحی

بطّال: مذ، بڑا دروغ گو، جھوٹا، فریبی، مکار انسان

بطحا: مذ، وسیع وکشادہ زمین، مراد مکہ معظمہ

بطخ: پالی جانے والی بطخ

بطرف: ایک طرف، کنارا

بطریق: مذ، پادریوں کا سردار، مجوسیوں کا مذہبی پیشوا

بطش: زبردستی چھیننا، ہڑپ کرنا، لے بھاگنا، حملہ کرنا، ظلم کرنا

بُطلان: مذ، غلط ثابت کرنا، رد کرنا، تردید کرنا، ضائع ہونا

بطل: مذ، بہادر، ہیرو، پہلوان، قوی جسم

بَطن: مذ، پیٹ، شکم، گود، اندرونی حصہ

بطور: طریقہ پر، طرح سے

بظاہر: نمایاں طور سے، دکھائی دینے پر، خارجی طور سے

بَعث: مذ، بھیجنا، پیغام، اٹھانا، ابھارنا، قیامت، عرب ملکوں میں اشتراکی نظام کو ماننے والی سیاسی جماعت،

بَعثت: مو، رسالت، پیغمبر کا بھیجا جانا، عہد رسالت،

بَعد: پیچھے، آخر

بُعد: فاصلہ، دوری

بعض: چند، مختلف، کوئی، کچھ، بعل، سرپرست، امیر، قابض، شوہر، اونچی زمین، وہ پودے جنھیں سال میں ایک بار پانی ملے

بعونِ اللہ تعالیٰ: اللہ کی مدد سے، خدا کی تائید و تعاون سے

بَعید: دور، فاصلے پر، علاحدہ، الگ

بَعید العقل: بعید القیاس، عقل وقیاس کے باہر

بَعیر: مذ، اونٹ

بغا: زنا کار، شہوت پرست

بُغارہ: مذ، گہرا، زخم، گھاؤ

بغال: مذ، خچر، بغل کی جمع

بغاوت: مو، سرکشی، نافرمانی، بلوہ، غدر

بُغچہ: مذ، بقچہ، گٹھری

بخچی: بقچہ کی تانیث، چھوٹی گٹھری، پوٹلی

بخدا: قیمہ کوٹنے کا بڑا چھرا

بخض: مذ، نفرت، عداوت، دشمنی، کینہ، حسد

بخضی: نفرت یا دشمنی رکھنے والا، کینہ پرور

بغل: مو، کندھے کے نیچے کا حصہ، پہلو، بازو، کنارہ

بغلول: کوڑھ مغز، احمق، بے وقوف

بغلی: پہلو کا، کنارے کا، قبر کی ایک قسم

بغلیں بجانا: کسی کے دکھ درد میں خوش ہونا

بغلیں جھانکنا: نادم ہونا، شرمندہ ہونا

بغیا: مو، چھوٹا سا باغ، باغیچہ

بغیار: خوش خبری، تازہ گوشت کا تحفہ

بف: بالوں کی میل، سوکھا پن، روسی

بقا: مو، دوام، قیام، ہمیشگی، پائداری، ثبات، زندگی، فنا کی ضد

بقار: مذ، جانوروں، کا خرید و فروخت کرنے والا، ہانکنے والا، لوہار

بقاع: نشیبی علاقہ جہاں پانی ٹھہرتا ہو

بقال: مذ، سبزی فروش، ترکاری بیچنے والا بنیا، کھانے پینے کی چیزیں بیچنے والا

بقایا: مذ، بقیہ کی جمع، بچی ہوئی رقم، واجب الادا، باقی ماندہ

بقچہ: مذ، چھوٹا بستہ، چھوٹی گٹھری، سامان رکھے ہوئے

بقر: مذ، گائے، بیل

بقر عید: عید الاضحیٰ، عید قرباں

بقعہ: مذ، خانقاہ، مندر، جگہ، گھر، نمایاں ٹکڑا

بقل، مقلہ: مو، ترکاری، ساگ، سبزی

بقیہ: بچا کھچا، جمع بقایا

بک: مو، بکواس، بڑ، بے فائدہ بات، فضول بکنا، بلاضرورت گفتگو

بک بک: بڑبڑ، بکواس، بے کار باتیں، بیہودہ گفتگو

بکا: مو، رونا، نالہ وزاری، فریاد و ہائی، ہائے ہائے کرنا

بکار: خرابی، بگاڑ، فساد، بیماری، روگ

بکارت: مو، دوشیزگی، کنوار پن، غیر شادی شدہ ہونا، پاکیزگی، عصمت

بکاول: مذ، بڑا خانساماں، نگراں باورچی

بکثرت: زیادتی، افراط، بہت زیادہ

بک جانا: فروخت ہونا، ممنون ہونا، بے دام غلام ہونا

بگ: باگ کا مخفف، لگام، عنان

بگ مُٹ: باگ ٹوٹی ہوئی، باگ چھوٹی ہوئی، سرپٹ، بے تحاشا، بہت تیز

بگاڑ: خرابی، رنجش، خفگی، بیر دشمنی، نقصان، ضرر عیب، روگ، مرض، نا اتفاقی، بغاوت، سرکشی

بگھنا: افسوس، رنج، تکلیف، صدمہ، پینے کا گلاس، تفریح، استقبال

بگو: کہو، کہنا

بَل: مذ، زور، طاقت، پیچ وتاب، مروڑ، اینٹھ، خم، کجی

بل آنا: قوت پیدا ہونا، طاقت آنا، پیچ پڑنا، فق پڑنا، سلوٹ آنا، لکیر پڑنا

بل بوتا: طاقت، قوت، بوتا

بیل دینا: مروڑ، اینٹھنا، قربانی کرنا، نذر چڑھانا

بل ڈالنا: شکن ڈالنا، پیچ ڈالنا، فرق ڈالنا

بِل: سوراخ، چھید، کیڑے مکوڑے کی جگہ

بلا: مو، سختی، زحمت، مصیبت، دکھ، آفت، قہر، غضب، چڑیل، ڈائن، چالاک، قیامت

بلا ٹلنا: آئی مصیبت کا دور ہونا، جھگڑے سے نجات ہونا

بلا سے: کیا پرواہے، کوئی بات نہیں

بلا کا: بہت زیادہ غضب کا، بے انتہا، بے حد، چالاک، بخت

بلا کش: آفت جھیلنے والا، مصیبت برداشت کرنے والا

بلال: مذ، مشہور صحابی، حبش کے رہنے والے موذن مسجد نبوی مدینہ منورہ

بلا لینا: نثار ہونا، صدقے جانا، نہایت پیار کرنا

بلانصیب: بدنصیب، بد بخت، کم نصیب

بلانوش: بہت شراب پینے والا، شراب کے نشہ میں مست رہنے والا

بلاواسطہ: براہ راست، سیدھے، بغیر کسی وسیلہ کے

بلاوجہ: بے سبب، ناحق، خواہ مخواہ

بِلّا: بلی کا مذکر، جلسہ وغیرہ کے موقع پر لگانے کا بیج

بِلاد: مذ، بلند کی جمع، بہت سے شہر

بلادت: مذ، کند ذہنی، بے وقوفی

بلاغت: مو، کلام میں انتہائی درجے پر پہنچنا، فصیح کلام، موقع کے مطابق بات

بُلبل: مذ مو، عندلیب، ایک نہایت خوش آواز پرندہ، ہزار داستان

بُلبل ہزار داستان: خوش بیان، شیریں کلام

بَلَد: شہر، نگر، آبادی

بلدیہ: مو، میونسپلٹی، میونسپل کارپوریشن، محکمہ یا مجلس جو شہر کی صفائی اور حفظان صحت کے لیے ہو

بلغاء: بلیغ لوگ، علما، فضلا

بلغم: مذ، کھنکار، تھوک

بلقیس: مو، ملکہ سبا کا نام جس کی شادی ایک روایت کے مطابق حضرت سلیمانؑ سے ہوئی تھی

بلند: اونچا، عالی، برتر، لمبا، طویل

بلند آواز: بڑی آواز، اونچا سُر، بڑے سُر والا

بلند پایہ: عالی مقام، اونچا رتبہ، باعظمت

بلند پرواز: اونچا اڑنے والا، بلند خیال، گہری فکر والا

بلوغ، بلوغت: مذ مو، جوانی، شباب، کمال

بلید: کند ذہن، غبی، جس کا تیز ذہن نہ ہو

بلیغ: مو، پورا، کامل، انتہا کو پہنچا ہوا، عالم، فاضل

بلیّہ: مو، بلا، مصیبت، آفت، آزمائش

بَم: راگ یا باجے کی بھاری آواز

بم: مو، چشمہ، سوتا، غل، شور، نقارہ، بگھی کا بانس

بَن: مذ، جنگل، صحرا، بیابان، میدان، کپاس کا پودا

بَن باس: جنگل میں جا کر رہنا سہنا، جنگل میں رہنے کا حکم دینا

بَن باسی: جنگل میں رہنے والا

بن بلاؤ: جنگلی بلا، بیابانی بلا

بن تیتر: جنگلی تیتر

بَن: ابن کا مخفف، بیٹا

بِن: ہوا، بجز، بغیر

بِن بیاہا: کنوارا، غیر شادی شدہ

بُن: مو، جڑ

بُنِ گوش: کان کی لَو

بُنِ مو: بال کی جڑ

بَن آنا: اچھے وقت کا آنا، قسمت کھل جانا، موقع ملنا، ممکن ہونا

بَنا: دولھا، نشہ، پیارا، لاڈلا

بِنا: بن، بغیر، سوا

بِنا: مو، جڑ، بنیاد، نیو، اصل، باعث، سبب، آغاز، شروعات

بِنا بریں: اس بنیاد پر، اس لیے، اس وجہ سے

بَنات: مو، بنت کی جمع، بیٹیاں

بنات النعش: عقد ثریا، سات ستاروں کا جھرمٹ

بِنت: مو، لڑکی، بیٹی

بِنت العنب: انگور کی بیٹی، یعنی شراب، دخت رز

بنجارا: خانہ بدوش، نیم مہذب قوم، خرید و فروخت کرنے والے

بَند: مذ، جوڑ، عضو، گرہ، گانٹھ، روک، داؤں

بُندا: آویزہ، کان میں پہننے کا ایک زیور

بَندر: بوزنہ، ایک جانور کا نام، بوزینہ، میمون، جو انسانی فعل کی نقل کرتا ہے

بندرگاہ: مونث، سمندر کے کنارے آبی جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ

بندش: مو، بندھن، گرہ، گھات

بندگان: مذ، بندہ کی جمع، غلام، خادم، ملازم

بندگی: عبادت، خاکساری، عجز، پرستش، آداب، تسلیم، سلام

بندوبست: مذ، ضابطہ، انتظام، اہتمام، انصرام، قاعدہ، سلیقہ، تدبیر، تجویز

بندوق: وہ اسلحہ جس کی نلی میں بارود بھر کر چھوڑتے ہیں

بندہ: مذ، غلام، نوکر، ملازم، نیاز مند، آدمی، عابد، زاہد

بندہ زاد: نوکر کی اولاد، غلام کا بیٹا

بندہ نواز: حقیر کو عروج دینے والا، مالک، مختار، حاکم، توجہ و عنایت کرنے والا

بَندی: مو، ملازم، لونڈی، باندی، عاجزہ، خادمہ

بَندی: قیدی، جیل میں رہنے والا، سزا پانے والا، مجرم

بَندی خانہ: جیل خانہ، قید خانہ، زندان

بنسی: بانسری، مچھلی کے شکار کی ڈور اور کانٹے والی چھڑ

بِنصر: مو، بیچ کی انگلی اور چھنگلی کے بیچ کی انگلی

بنفشہ: مو، ایک بوٹی جو نزلہ زکام میں دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے

بنگ: مو، بھنگ

بنگش: مذ، کشمیر کے پاس ایک علاقہ، بنگش کا رہنے والا

بنگلا: ایک قسم کا پان، بنگالی زبان

بنی: مذ، بہن کا مخفف، بیٹے اولاد، نسل

بُنیاد: مو، نیو، اصل، طاقت، مقدور، بساط، حوصلہ

بُو: مو، مہک، باس، خوشبو، راز، شان، شبہ اور شک کی جگہ

بُو پانا: خبر پانا، سن گن مل جانا

بُو: ابو کا مخفف، باپ

بوالعجب: عجیب و غریب شخص، بازی گر، شعبدہ والا، انوکھا، حیران، بے وقوف

بوالفضول: بکواس کرنے والا، باتونی

بوالہوس: بہت بڑا لالچی، بہت حریص، نفسانی جذبات کا پرستار

بواسیر: مو، باسور کی جمع، پھنسیاں، مسّے، مقعد کی پھنسیاں

بوانا: کاشت کرنا، زمین میں ڈالنا

بوتہ: مذ، سونے اور چاندی کو پگھلانے کے لیے مٹی کا برتن، کوٹھالی

بوٹا: مذ، بگلا

بوٹا: چھوٹے پودے، جھاڑ، پھول پتی، آرائش، بوٹی

بوٹی: مو، گوشت کا ٹکڑا

بوجھل: بھاری، وزنی، گراں بار

بوجھنا: سمجھنا، خیال کرنا، جاننا

بود: مو، وجود، قیام، ہستی

بُودا: ڈرپوک، بزدل، کم ہمت، کمزور، دبلا پتلا

بود و باش: رہن سہن، قیام، سکونت، طرز زندگی

بُورانا: پاگل ہونا، مجنون ہونا

بورا: کھانڈ، چینی، سفوف، چورن

بوریا باف: چٹائی بننے والا، چٹائی بنانے والا

بوزنہ، بوزغیہ: مذ، بندر

بوستاں: مذ، باغ، باغیچہ، فارسی کی مشہور کتاب

بوس و کنار: مذ، بوسہ، لینا، چومنا، پیار کرنا، چومنا اور بغل گیر ہونا، محبت اور پیار کرنا

بوسہ زن: بوسہ لینے والا، چومنے والا

بوسیدہ: مو، پرانا، کھسا پٹا، بے کار، فرسودہ

بوقلموں: رنگا رنگ، مختلف رنگوں کا، تعجب خیز

بول: مذ، پیشاب

بول: بات، کلام، گیت کا ٹکڑا

بول و براز: پیشاب اور پائخانہ

بوم: مذ، اُلو، ایک پرندہ مانند شکرہ وغیرہ

بوندا باندی: ہلکی بارش، پھوار، تھوڑی بارش

بہ: مذ، عورتوں کے کان یا ناک کا وہ سوراخ جس میں زیور پہنتی ہیں

بہ: بہتر، اچھا، عمدہ

بَہا: مذ، مول، دام، قیمت

بَہادُر: مذ، جواں مرد، شجاع، حوصلہ مند، سورما، نڈر، بے خوف، دلیر

بَہار: مو، پھول کھلنے کا موسم، بسنت رُت، شگفتگی فصل ربیع، مزہ، رونق، خوشی، جوانی، شباب

بَہانہ: مذ، حیلہ، عذر، نال مٹول، دھوکا، فریب

بَہانہ باز: بہانہ ڈھونڈنے والا، حیلہ گر، دھوکے باز

بَہانہ جو: بہانہ ڈھونڈنے والا، حیلہ گر، دھوکے باز

بَہائم: مذ، بہیمہ کی جمع، چوپائے، مویشی، حیوان

بَہائی: مذ، بہاء اللہ کے مذہب کا معتقد، اس مذہب سے منسوب

بہبود: مو، بھلائی، نفع، فائدہ، اچھے کام، خوشحالی

بہتان: مذ، تہمت، افترا، الزام، عیب، بدنامی

بہتر: اعلیٰ، عمدہ، افضل، زیادہ اچھا

بَہجت: مو، خوشی، شادمانی، تازگی، سرور

بہدانہ: بہی کا بیج، ایک مشہور دوا کا نام

بہرا: سننے سے محروم، جو دوسروں کی بات سننے سے مجبور ہو

بَہرام: مذ، پانچویں آسمان کا ایک ستارہ، ایران کے ایک مشہور بادشاہ کا نام

بَہروپ: مکر، فریب، دھوکا، بھیس، سوانگ

بَہرہ: مذ، نصیب، قسمت، حصہ، بھاگ

بَہرہ ور، بَہرہ مند، بَہرہ یاب: قسمت والا، حصہ والا

بَہرہ مندی: خوشحالی، اقبال مندی

بہری: ایک شکاری چڑیا، شکرہ

بہشت: مذ و مو، جنت، فردوس، باغ، فضا کی جگہ

بہشتی: جنت کا رہنے والا، بھلا آدمی، نیکوکار، پانی بھرنے والا، سقا

بہکنا: گمراہ ہونا، غلطی پر ہونا، لغزش، شراب کے نشہ کا اثر، مست کی بڑبڑاہٹ

بہل: سواری کی گاڑی، بیل گاڑی

بہلنا: خوش ہونا، تفریح کرنا، راضی ہو جانا، جی لگ جانا

بہلیا: گاڑی ہانکنے والا

بہم: باہم کا مخفف، اکٹھے، ایک دوسرے کے ساتھ،

بہمن: مذ، ہوشیار، ذہین، ابر باراں، ایرانی سال کا گیارھواں مہینہ

بی: مو، بی بی کا مخفف، بی بی، بیگم، کلمہ خطاب ہے جو عورتوں سے مخاطب ہوتے وقت کہتے ہیں

بی بی: بیگم، خانم، خاتون، امیر زادی، شریف زادی، گھر والی

بے: ا بے کا مخفف، کلمہ خطاب، اے

بے: حرف نفی، بغیر، بن، ہوا، بجز جیسے بے آبرو، بے اثر، بے اختیار

بے اعتنائی: بے پروائی، لاپروائی، عدم توجہی

بے باق: کچھ باقی نہ ہونا، حساب کتاب کی تکمیل، پوری ادائیگی

بے بال و پر: بے یار و مددگار، تنہا، اکیلا، کمزور، ناتواں

بے باک: نڈر، بے خوف، دلیر، بہادر

بے برگ و نوا: عاجز، بے سروسامان

بے بہرہ: محروم، بے نصیب، آوارہ، خراب، خستہ، بدتمیز، گستاخ بے ادب

بے داد گر ظالم: زور آور، بے رحم

بے داغ: صاف، بے عیب، بے قصور، بے گناہ

بے عدیل: بے مثال، بے نظیر

بے ہودہ: خراب، بے فائدہ، ناجائز، بکواس

بیابان: ند، ریگستان، جنگل، ویرانہ، اجاڑ

بَیاض: مو، سفیدی، یادداشت، کتاب جس میں منتخب اشعار لکھتے ہیں

بیت: مو، گھر، مکان، حویلی، محل، شعر، دونوں مصرعے

بیت بازی: شعروں سے مقابلہ کرنا

بیت الحرام: مکہ معظمہ، خانہ کعبہ

بیت الخلا: پاخانہ سے فارغ ہونے کی جگہ، سنڈاس،

بیت العلوم: دانش گاہ، یونیورسٹی

بیت الغزل: غزل کی جان، غزل کا بہت اچھا شعر

بیت المال: سرکاری خزانہ، شاہی خزانہ، وہ دولت جس کا کوئی مالک نہ ہو بلکہ سب کی ملکیت ہو

بیت المعمور: خانہ کعبہ، آباد گھر

بیت المقدس: مقدس گھر، خانہ خدا، مسجد اقصیٰ،

بیخ: مو، اصل، جڑ، بنیاد، نیو

بیخ و بن: جڑ اور بنیاد

بید: ند، لچک دار شاخوں کا درخت

بیدار: ہوشیار، چوکنا، جاگا ہوا

بیرون: باہر، خارج، اندرون کی ضد

بیزار: ناخوش، ناراض، خفا، الگ تھلگ

بیش: زیادہ، افزوں

بیش بہا: بہت زیادہ قیمت کا، عمدہ، بڑھیا، بے مثل

بیشہ: جنگل، بیابان، صحرا

بیضا: روشن، چمکدار، سفید

بیضہ: ند، انڈا، فوطہ، خصیہ

بیع: مو، بکری، فروخت

بیگار: مفت کی محنت، بغیر اجرت یا مزدوری کے محنت لینا، ظلم، زیادتی

بَیل: نر گاؤ، بچھڑا، بے وقوف، احمق

بیگانہ: غیر، پرایا، اجنبی، نامانوس، ناآشنا

بیل: زمین پر پھیلنے والی شاخیں یا کسی کے سہارے چڑھنے والے پودے

بیم: خوف، اندیشہ، ڈر

بَین: زور زور سے رونا، ماتم کرنا، رونا رُلانا

بَین: بیچ، درمیان، فاصلہ، فرق

بین الاقوامی: مختلف اقوام کا، سارے عالم کی، قوموں سے متعلق

بینا: دیکھنے والا، نظر رکھنے والا، ہوشیار، چالاک، ذی فہم

بَیِّنات: مو، بیِّنہ کی جمع، روشن دلیلیں، واضح مثالیں، سچ بولنے والے گواہ

بیوی کا غلام: عورتوں کا فرماں بردار، زن مرید

بھادوں: ہندوستانی سال کا پانچواں مہینہ

بھاڑ: وہ چولھا جس میں بھڑ بھونجے دانہ بھونتے ہیں

بھاڑ جھونکنا: کوئی کام نہ کرنا، بے ہنر ہونا، وقت گنوانا

بھاکا: زبان، بھاشا

بھاگ: خوش قسمت، مقدر، حصہ

بھانپنا: تاڑ لینا، پہچان لینا، قیاس سے جان لینا

بھانت بھانت کا: طرح طرح کا، رنگ برنگ کا

بھانڈ: مسخرا، بہروپیا

بھانگ: بنگ، بھنگ

بھان متی: بازی گر، شعبدہ باز، دھوکا باز، فریبی،

بھاؤ: کیفیت، حالت، روپ، جذبہ، قیمت، شرح، نخرہ، محبت، عزت، خاطر تواضع، مہمان نوازی

بھبکنا: مشتعل ہونا، بہت زیادہ گرم ہونا، جل اٹھنا

بھبوکا: بڑے غصہ کے ساتھ، خوف ناک، غضب ناک، بہت لال، روشن

بھٹکنا: گمراہ ہونا، راستہ بھول جانا، صحیح راستے سے ہٹ جانا

بھٹیارا: نان بائی، روٹی پکانے والا، مسافروں کا خادم، سرائے کا مالک

بھجن: خدا کی عظمت سے بھرپور نغمہ، حمد و ثنا کے ترانے

بھجنگ: بہت ہی سیاہ، کالا سانپ

بھر بھرانا: ورم کرنا، سوجنا، پھولنا، آماس کرنا

بھڑاس: دل کا بوجھ، غبار، دکھ درد کا اظہار

بھڑ بھونجا: دانہ بھونے والا

بھڑکنا: پھوٹ پڑنا، مشتعل ہو جانا، شعلے اٹھنا، خوف رکھنا، نفرت کرنا

بھڑنا: مقابلہ کرنا، لڑنا، گتھ جانا

بھُس: بھوسی، چھلکا

بھگدڑ: افراتفری، مجمع کا بکھر جانا، انتشار

بھوت: ناپاک روح، شیطان

بھول چوک: کمی زیادتی، غلطی، قصور

بھیانک: خوفناک، ڈراؤنا، خطرناک، سنسان، ویران

بھینگا: جو آنکھ کو دبا کر دیکھتا ہو، جسے ایک کی جگہ دو نظر آئیں

پ

پا: مذ پاؤں، قدم، پیر، پائداری، مضبوطی، قدرت، طاقت، بنیاد

پاافزار: جوتی، پاپوش

پاافشار: کھڑاؤں، لکڑی کا بنا جوتا

پاانداز: لوہے، ربڑ، کپڑے، چٹائی یا مونج کا ٹکڑا جو پاؤں کی دھول صاف کرنے کے لیے دروازے پر بچھا دیتے ہیں

پابند: عادی، خوگر، قیدی، بے بس، حیران، فرمانبردار، مستقل، مضبوط، زنجیر

پابجولاں: پاؤں میں زنجیر، قیدی، معذور، ملازم، غلام، شادی شدہ

پابہ رکاب: سفر کے لیے تیار، چلنے کے لیے مستعد

پابندی: روک تھام، بندش، ملازمت، نوکری، غلامی، قید، قیام، بیڑی، لحاظ، خیال، دھیان

پابوس: پاؤں چومنے والا، پاؤں پر گرنے والا، خوشامد کرنے والا

پاپوش: جوتا

پاپیادہ: پیدل، پاؤں پاؤں

پازیب: پاؤں کی زینت، ایک زیور جو پاؤں میں پہنا جاتا ہے، چھاگل، گوجری

پاجی: شرارتی، کمینہ، رذیل، سفلہ، شریر، بدمعاش

پاداش: سزا، بدلہ، صلہ، مکافات

پادری: عیسائی مذہب کے سربراہ، عیسائی مبلغ

پادشاہ: مذ، سلطان، بادشاہ کے لڑکے کا نام اس کے نام کی وجہ سے ایران کو پارس کہتے ہیں

پارسا: متقی، پرہیزگار، نیک، پاک

پارسی: مجوسی، آتش پرست، زرتشت کے معتقد

پارہ: مذ، پارچہ، ٹکڑا، ریزہ پرزہ، قاش

پارینہ: پرانا، دیرینہ

پائے: مذ، پاؤں، پگ، قدم، پیر

پائے تخت: دارالخلافت، ریاست کا صدر مقام دارالسلطنت، راجدھانی

پائدار: مضبوط، پختہ، پکا، دیرپا، مستحکم

پائدان: جوتا اتارنے کی جگہ، گہوارہ

پایان: مذ، انجام، آخر، نتیجہ

پایہ: مذ، پاؤں، قدم، زینہ، سیڑھی، قدمچہ، درجہ، رتبہ، مرتبہ، منصب، شان، عزت

پایہ شناس: رتبہ پہچاننے والا، قدر کرنے والا

پاس: مذ، پہر، تین گھنٹے کا وقت، خیال، لحاظ، ادب

پاسِ آبرو: عزت کا لحاظ، حرمت کا خیال

پاسِ ادب: ادب کا خیال، ادب کا لحاظ

پاسبان: رکھوالا، دیکھ بھال کرنے والا، چوکیدار

پاسبانی: رکھوالی، دیکھ بھال، نگہبانی، پہرہ، چوکیداری

پاستاں: نہ، پرانا، قدیم، عتیق

پاسِ خاطر: لحاظ، رعایت، مروّت

پاس داری: حمایت، لحاظ، مروت، خیال، ادب، طرف، داری

پاس کرنا: لحاظ کرنا، رعایت کرنا

پاسنگ: نہ، تھوڑا سا، بہت کم، ترازو کے پلڑوں میں توازن کے لیے استعمال کیا جانے والا وزن

پاشش: چھڑکنے والا، پھیلانے والا

پاش پاش: ریزہ ریزہ، ٹکڑے ٹکڑے، چور چور، پرزے پرزے

پاشا: حاکم، عامل، نواب، سردار، ترکی کے سرداروں کا لقب

پاک: صاف، ستھرا، طاہر، معصوم، حلال، پاکستان کا مخفف جو ہند کا ایک پڑوسی مسلم ملک ہے

پاکستان: اسلامی جمہوریہ پاکستان جس کا قیام اگست 1947ء میں ہوا

پاکوب: ناچنے والا، رقص کرنے والا

پامال: روندا ہوا، ذلیل حقیر، مصیبت، تکلیف

پاکیزگی: مو، صفائی، طہارت

پَت جھڑ: موسم خزاں، درختوں سے پتے گرنے کا موسم

پُتلا: مجسمہ، تصویر، مورت، بت، صنم

پتنگا: پروانہ، کیڑا، چنگاری، شرارہ

پتھر کا دل: ظالم، سخت دل، بے رحم، پختہ، قوی

پتھر کی لکیر: فنا نہ ہونے والی چیز، پائدار

پٹا: جانوروں کے گلے میں پہنایا جانے والا چمڑا، زمین کا اجازت نامہ، سر کے لمبے بال

پٹکا: کمر میں پہنی جانے والی پٹی، کمر بند

پجاری: عبادت گزار، مجاور، متقی، خدا ترس

پخ: رکاوٹ، روک، روڑا، عیب، شرط، وقت

پخت و پز: مضبوط و مستحکم، ٹھوس، ٹھیک، فیصلہ، وعدہ، عہد، قول

پختگی: مو، مضبوطی، پائداری، پک جانا

پختہ: پکا، خوب مضبوط، پائدار

پختہ کار: واقف کار، تجربہ کار، ہوشیار، کام کا ماہر

پدمنی: حسین عورت، نازک اور نرم جسم والی عورت

پدیدہ، پدیدار: صاف، عام بات، کھلا، واضح

پذیر: لاحقہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے، جیسے انقلاب پذیر، دل پذیر، اثر انداز ہونے والا، حاصل کرنے والا، لینے والا

پذیرائی: مو، پسندیدگی، خوش آمدید، استقبال، منظوری، قبولیت

پَر: اوپر کا مخفف، کیونکہ، لیکن، مگر، دوری یا وقت کے اظہار کے لیے، علامت مفعول کے لیے بھی مستعمل ہے

پَر: نہ، پتا، پنکھ، پرندوں کے بال، تیر کے بازو

پَرافشاں: پر جھاڑتا ہوا، پر تولتا ہوا، پریشان، بے تاب، پھڑ پھڑاتا ہوا

پر تولنا: پرواز کے لیے تیار ہونا

پر لگنا: بال پنکھ پیدا ہونا، ناز کرنا، دوسرے دور میں داخل ہونا

پر مارنا: پرواز کرنا، اڑنا، کوشش کرنا، جدوجہد کرنا

پرواز: اڑان، پردار، اڑنے والا، پروالا، پرندہ

پُر: افراط، بھرا ہوا، لبریز، بھرپور، مکمل

پُر آب: پانی سے بھرا ہوا، آنسوؤں سے بھرا ہوا

پُر آشوب: فتنوں سے بھرپور، جھگڑے اور فساد سے بھرا ہوا، خراب

پُر تکلف: تکلف سے بھرپور، سراپا بناوٹ، بہت سجا ہوا، بڑی محنت

پُر پیچ: پیچیدگیوں سے بھرا ہوا، بہت دشوار

پُر خم: ٹیڑھا، ترچھا، آڑا

پُر دل: جری، بہادر، جرأت مند

پُر فضا: دلآویزیوں سے بھرا ہوا، بہاردار، کھلا ہوا، رونق والا، شاداب و سرسبز

پُر کار: جراؤ، مرصّع، کام سے بھرا ہوا، گاڑھا، موٹا

پُر گو: گفتگو میں مشاق، بہت باتیں کرنے والا، باتونی

پُر مغز: خیال افروز، مضمون سے بھرا ہوا، عالمانہ،

پُر ملال: رنجیدہ، دکھی، رنج سے بھرا ہوا

پَرا: قطار، صف، سلسلہ، مجمع، غول

پُرا: محلّہ، گاؤں، آبادی، ٹولہ، پورہ

پراکرت: عوامی بولی جو سنسکرت سے نکلی، اردو ہندی کا ایک ماخذ، مقامی زبان

پراگندہ: پریشان، حیران، تردد میں مبتلا، مصیبت زدہ، سوچ بچار

پَران: اڑنے والا، اڑتا ہوا

پرانچہ: بزاز، پارچہ فروش، کپڑے بننے کا کام کرنے والا

پَرایا: دوسرے کا، غیر کا، اپنا نہیں

پَرتو: مذ، سایہ، عکس، پرچھائیں، پرچھاؤں، نور، کرن

پَرجا: رعایا، رعیت، عوام، محکوم

پرچا: مانوس، بے تکلف، آشنا، گھلا ملا

پرچم: مذ، جھنڈا، پھریرا

پرچہ: مذ، خط، چھٹی، رقعہ، اخبار، رسالہ، پرزہ، ٹکڑا، کترن، امتحانی سوالات کا کاغذ

پرچون: کھانے کی چیزیں، آٹا، دال، نمک، چاول، تیل، مسالا

پرخاش: مو، عداوت، رنج، ان بن، لڑائی، نااتفاقی، جھگڑا، ٹکراؤ

پرخاش جو: لڑائی کے لیے تیار رہنے والا، فساد پر تیار رہنے والا

پرداخت: مو، پرورش، تربیت، مدد، سہارا، نگرانی، حفاظت

پرداز: مو، آغاز، شروع، تمہید، حسن، سجاوٹ، چمک، نقش و نگار، نکھار

پردہ: مذ، حجاب، آڑ، گھونگھٹ، اوجھل، روک، برقع،

نقاب، پوشیدہ

پردہ اٹھانا: نقاب الٹ دینا، بے پردگی، راز ظاہر کرنا، حجاب سے قطع تعلق کرنا، بے تکلفی، بے شرم ہونا

پردہ پوش: خرابی کو چھپانے والا، کسی کی برائی کو چھپانے والا

پردہ دار: راز دار، بھید چھپانے والا، پردہ کا پابند، محرم راز

پردہ در: عیب کھولنے ولا، برائی ظاہر کرنے والا، مخبر

پردہ نشین: پردے میں بیٹھنے والا، پردے کا اہتمام کرنے والا، مہذب، شریف، پاک دامن

پُرزہ: مذ، کترن، دھجی، ٹکڑا، عضو

پُرسا، پرسہ: مذ، تعزیت، ماتم پرسی، کسی کی موت پر اظہارِ غم

پَرستان: مذ، جہاں پریاں رہتی ہیں، اندر کا اکھاڑا

پَرستش: مو، بندگی، عبادت، پوجا، احترام وعظمت کا اعتراف، معتقد ہونا، خاکساری

پُرسش: مو، استفسار، پوچھ گچھ، تفتیش، دریافت کرنا، معلومات کرنا

پَرکار: مذ، دائرہ، کھینچنے کا آلہ

پُرکار: دانا، عیار، ہوشیار

پَرکالہ: مذ، ٹکڑا، سخت، حصہ، جزو، پارہ، شرارہ، لپٹ، کرن، آئینہ، ہوشیار، شعلہ

پرگنہ: مذ، علاقہ، حصہ، ضلع

پرکھ: معلومات، شناخت، پہچان، چھان پھٹک، اچھے برے کا امتیاز، کسوٹی، تجربہ، امتحان

پرست: عبادت یا بندگی کرنے والا، معتقد، پیرو

پرستار: مذ، بندگی کرنے والا، معتقد، پیرو، غلام، چاہنے والا

پرند: مذ، اڑنے والا، طائر، پکھیرو، سرغ، چڑیا

پرلا: آخری درجے کا، سب سے بعد کا، ادھر کا، انتہا

پرندہ: مذ، اڑنے والا، چڑیاں، طائر

پُروا: پورب سے آنے والی ہوا، صبا، بادِ مشرق، گاؤں، آبادی

پَروا: مو، چاہت، خواہش، آرزو، ضرورت، توجہ، رغبت، اندیشہ، گمان، خوف

پَرواز: مو، اڑان

پَروان: مذ، دیکھ بھال، حفاظت، بالغ، مکمل، کامیاب

پروانگی: مو، رخصت، اجازت، حکم، اطاعت

پروانہ: مذ، پتنگا، ایک پردار کیڑا، اجازت نامہ، عاشق، مشتاق، چاہنے والا

پرور: پالنے والا، محافظ

پروردگار: مذ، پرورش کرنے والا، پالنے والا، خدا

پَروَردہ: مذ، پلا ہوا، پرورش کیا ہوا، دبایا ہوا

پَرورش: مو، پالنا، پوسنا، نگرانی، حفاظت، تعلیم وتربیت، عنایت، مہربانی

پڑوس: مکان کے پاس کا، قربت، ہمسائیگی، جان پہچان، دوستی

پرویز: مذ، فاتح، خوش نصیب، بہت اعلیٰ، سخی، شائستہ، شان بان، ایران کے بادشاہ کا لقب، ملکہ شیریں کا خاوند

پرونا: گوندھنا، ایک رسّی میں باندھنا، آرائش کرنا، مضبوط کرنا

پروین: مذ، سات ستاروں کا مجموعہ، عقدِ ثریا، بنات النعش

پرہ: مذ، قطار، صف، دامن، کنارا، سرا

پرہیز: مذ، پابندی، احتیاط، احتراز، بیزاری

پرہیزگار: پابند محتاط، بچنے والا، ڈرنے والا، خداترس

پری: اڑنے والی، حسین عورت

پری بند: عورت کا ایک زیور، بازو بند

پری پیکر: حسین وجمیل، پری جیسا جسم والا، نہایت خوب صورت

پریت: پیت، محبت، دوستی، التفات، محبوب

پری خواں: بھوت پریت اتارنے والا

پری زاد: حسین وجمیل، پری کی اولاد، پری سے پیدا ہوا، پری کی نسل، بہت خوبصورت

پری وش: بہت ہی خوبصورت، بہت حسین، پری کی طرح

پریشان: مصیبت زدہ، حیران، سرگرداں، فکرمند، تتر بتر

پڑاؤ: ٹھہرنے کی جگہ، جائے قیام، منزل، سرائے، چوکی، مسافر خانہ

پڑتال: جائزہ، پرکھ، جانچ، چھان بین، تفتیش، تجزیہ، نظرِ ثانی

پژمردہ: مذ، بجھا ہوا، افسردہ، مایوس، مرجھایا ہوا

پژمردہ خاطر: اُداس طبیعت کا، غمگین طبیعت کا، رنجیدہ مزاج، مردہ طبیعت

پس: پیچھے، بعد، پھر، علاوہ، اس وجہ سے، اس لیے

پس انداز: باقی ماندہ، بچا کھچا، نفع، جمع کیا ہوا، اکٹھا کیا ہوا، ندوختہ

پَسپا: پیچھے ہٹا ہوا۔ شکست کھایا ہوا

پسِ پشت: لاپروائی کرنا، التفات نہ برتنا، نظرانداز کرنا

پَس خوردہ: بچا ہوا، جھوٹا، سامنے کا باقی کھانا

پَس ماندہ: بچا ہوا، وارث، بقایا، بچت

پَس منظر: تمہید، آغاز کے طور پر، کسی واقعہ یا بیان سے متعلق اہم ابتدائی باتیں

پَست: نیچا، نشیب، گہرائی، کمینہ، ذلیل، رذیل

پست قد: بونا، چھوٹے قد کا

پست ہمت: ڈرپوک، بزدل، کم حوصلہ، ذلیل، کم ہمت، کمزور

پستان: مو، عورتوں کی چھاتی، سینہ اور چھوٹے دانے

پستہ: مذ، ہرے رنگ کا ایک میوہ

پَستی: مو، کمتری، ذلت، گراوٹ، گہرائی، زوال، حقارت، رسوائی

پسر: مذ، بیٹا، لڑکا، فرزند

پسر زادہ: بیٹے کا بیٹا، پوتا

پسر صُلبی: اپنا لڑکا، سگا بیٹا

پسلی پھڑکنا: یاد آنا، خبر ہونا، معلوم ہونا

پَس: سب سے بعد کا، قدیم، آخر کار، انجام کار

پسینے پسینے ہونا: پسینے میں تر ہو جانا، شرمندہ ہونا

پسندیدہ: خواہش کے مطابق، پسند کیا ہوا، مرغوب، اچھا

پس ماندگان: عزیز و اقارب، خاندان کے لوگ، پیچھے چھوٹے ہوئے لوگ، کسی مرنے والے کے رشتہ دار

پشت: مو، کمر، پیچھے، پیٹھ، مدد، سہارا، خاندان

پشت پناہ: مددگار، حمایت کرنے والا، امان دینے والا، دوست

پشت دکھانا: پیٹھ دکھانا، میدان سے بھاگ جانا، ڈر پوک ہونا

پشتہ: مذ، مٹی کا ڈھیر، ٹیلا، بند، مینڈ، کتاب کی جلد کے جوڑ کا حصہ

پشتیبان: مذ، مددگار، دوست، ساتھی، سہارا دینے والا

پشتینی: مو، خاندانی، موروثی، پشت در پشت، پرانے زمانے سے

پشم: مو، بال، رُواں، اون، رونگٹا، موئے زیر ناف، بے مایہ، حقیر، بے کار

پشمینہ: بالوں کا بنا ہوا ایک لباس، کمبل، اونی کپڑا

پشواز: عورتوں کی ایک گھیر دار پوشاک

پشّہ: مذ، مچھر، زہریلا کیڑا، حقیر، بے مایہ، کمزور

پشیمان: شرمندہ، نادم، پچھتانے والا، افسوس کرنے والا

پُف: مو، پھونک، پھونک مارنا، پھونکنا

پکّا: پکا ہوا، ہوشیار، تجربہ کار، محکم، مضبوط، بے عیب، خالص

پکھاوج: مردنگ، ایک قسم کی چھوٹی ڈھولک، ایک راگ اور سُر

پکھراج: ایک قیمتی پتھر، نیلے یا سبز رنگ کا قیمتی ہیرا

پکھیرو: چڑیا، پرندہ، پنچھی، طائر

پگ: قدم، پاؤں، پیر، قدم کا فاصلہ، رسّی

پگڑی اتارنا: پگڑی اچھالنا، بے عزتی کرنا، آبرو برباد کرنا، ذلیل و رسوا کرنا

پل: آن، لمحہ، سیکنڈ، آنکھ کی جھپک، ثانیہ

پل: دریا سے گزرنے کا راستہ

پلاس: مذ، ناٹ، موٹا کپڑا، ڈھاک کا پودا

پلنا: گھسنا، داخل ہونا

پلک: مو، مژہ، پل، مژگان، آنکھ کے بال

پلندا: ڈھیر، گٹھری، گڈی

پلّو دار: سنہری کام کیا ہوا لباس کا کنارا، گوٹ لگا ہوا آنچل یا کنارا

پلیت، پلید: گندا، ناپاک، خبیث، شیطان

پلیتہ: مذ، بتی، فتیلہ، تعویذ، رسّی کا سرا جس میں آگ

لگاتے ہیں

پلیتھن: آٹا جو روٹی پکاتے وقت استعمال کرتے ہیں

پلے دار: مزدور، قلی، حمال، بوجھ ڈھونے والا

پلہ: ترازو کا پلڑا، زینہ، درجہ، مرتبہ

پن: ہم صفت کی علامت جیسے لڑکپن، کمینہ پن

پن چکی: پانی سے چلنے والی چکی، دانا پیسنے کی چکی جو بجلی تیل کی جگہ پانی سے چلائی جاتی ہے

پنگھٹ: گھاٹ، پانی بھرنے کی جگہ، پانی پینے پلانے کی جگہ، ندی کا کنارا، کنواں، دریا پار کرنے کی جگہ

پنّا: زمرد، سبز رنگ کا قیمتی پتھر، بھنے آم کا شربت، ورق، املی کا شربت

پناہ: سو، آڑ، حفاظت، مدد، امن، عافیت، چھاؤں

پناہ گاہ: حفاظت کی جگہ، امن وامان کا مقام

پنبہ: نذ، روئی، کپاس، سوت

پنج: پانچ

پنج سورہ: پانچ قرآنی سورتیں، سورۂ فاتحہ اور چاروں قل

پنجتن: پانچ پاک بدن یعنی رسول اکرمؐ، حضرت علیؓ، حضرت فاطمہؓ، حضرت امام حسنؓ اور امام حسینؓ

پنج روزہ: پانچ دن کا تھوڑا عرصہ

پنج گوشہ: پانچ کونے کا

پنجہ: چنگل

پنچایت: عوام کا جلسہ، فیصلہ کرنے والے عوامی ادارے، شور وغل، ہلڑ بازی، کثرت رائے

پنڈ چھڑانا: کترانا، بچانا، ذمہ داری سے بچنا، بے تعلق ہونا، رہا ہونا

پنڈال: شامیانہ، قنات، خیمہ کا یکجائی مجموعہ

پنڈلی: گھٹنے اور ٹخنے کا درمیانی حصہ، ساق

پنساری: دوافروش، جڑی بوٹی بیچنے والا، مسالے بیچنے والا، عطار

پنکی: افیونی، افیون کے نشے میں، نشیلا

پنگل: اپاہج، معذور، ہاتھ پاؤں کی خرابی والا

پنواڑی: پان فروش

پنہاں: راز، پوشیدہ، چھپا ہوا

پنہارا: بہشتی، پانی بھرنے والا سقا، کمہار

پنیر: دودھ سے جمایا ہوا، دہی کی طرح کا، پھاڑا ہوا دودھ

پنیالا: عنابی رنگ کا گول پھل، پانی کا بے مزہ، پانی میں رہنے والا سانپ

پود: سو، وہ پودا جو ایک جگہ بو کر دوسری جگہ لگایا جاسکے، نہال

پودینہ: نذ، ایک قسم کی تیز خوشبودار پتی

پور: انگلی کا جوڑ، گنے اور نس کے جوڑ

پورے دنوں سے ہونا: نو مہینے کا حمل ہونا، حمل کی مدت پوری ہونا

پوست: نذ، چرم، چمڑا، چھلکا، خشخاش، کوکنار

پوستین: کھال کا کوٹ، چمڑے کا لباس

پو: صبح کا سویرا، روشنی، علی الصباح، تڑکے

پوہارہ: جیت، پانسے کا پلٹ جانا، فتح

پو پھٹنا: صبح کا نمودار ہونا، صبح کی سپیدی، علی الصباح، صبحِ صادق

پوپلا: بغیر دانت کا

پوٹ: پوٹلی، گٹھری، بوجھ، پشتارہ

پوجا: عبادت، پرستش

پوشیدہ: چھپا ہوا، پردے میں، مخفی، غیر نمایاں

پہر: دن یا رات کا ایک چوتھائی حصہ

پہلو: مذ، کروٹ، بغل، گود، جانب، طرف، سمت، کنارا، چال، آمنے سامنے، نکتہ

پہلو گرم کرنا: گود میں بیٹھنا، آغوش میں لیٹنا، مباشرت کرنا

پہلو تہی کرنا: چشم پوشی کرنا، نظر انداز کرنا، بچنا، نظر بچانا، پرہیز کرنا

پہلو نکالنا: غور و فکر سے نئی بات سوچنا، تدبیر لگانا

پہلوی: قدیم فارسی زبان

پہنائی: مو، چوڑائی، عرض، وسعت، بے کرانی

پہیلی: معمہ، چیستاں، بوجھنے والی بات، مشکل بات

پے: مذ، پٹھا، قدم، کھوج، نشان

پیادہ: مذ، پیدل، شطرنج کا مہرہ، ہرکارہ، چپراسی

پیار: محبت، لاڈ، عشق، الفت

پیچ: مو، بل، لپیٹ، حلقہ، چکر، پھیرا، دشوار

پیچ دار: پیچیدہ، مشکل، دقیق

پیچش: مو، مروڑ، درد کے ساتھ دست

پیدا: ظاہر، موجود، چنا ہوا، آمدنی، نئی چیز بنانا

پیام: مذ، پیغام، خبر، اطلاع

پیامبر: خبر لانے والا، اطلاع دینے والا، رسول

پیت: محبت، اُلفت، عشق

پیداوار: کھیتی کارخانے کا حاصل، وہ چیز جو کارخانے یا کھیتی میں تیار ہو

پیر: عمر رسیدہ، بوڑھا، ہادی، رہنما، ولی، بزرگ

پیرا: سجانے والا، آرائش کرنے والا

پیراک: پانی میں تیرنے والا، تیراک، شناور

پیرانہ: پیر سے منسوب، بوڑھا، بزرگ

پیرانہ سال: بوڑھا، ضعیف، عمر رسیدہ

پیراہن: مذ، لباس، کرتا، قمیص

پیرایہ: مذ، طور، طریقہ، ڈھب، زینت

پیرنا: تیرنا، بہنا، ماہر ہونا

پیر خراباتؔ: ساقی، شراب خانے کا مالک

پیر زال: بڑھیا، بوڑھی عورت، عمر رسیدہ عورت

پیر نابالغ: کم عقل بوڑھا، بچوں کی طرح باتیں کرنے

والا بوڑھا

پیرو: مذ، پیچھے چلنے والا، تقلید کرنے والا، مرید، چیلا

پیروکار: کسی معاملہ میں کسی کی طرف سے پیروی کرنے والا

پیروز: مذ، مبارک، فیروز، کامیاب

پیزار: مو، جوتی، پاپوش، عداوت

پیش: آگے، سامنے، پہلے، قبل، کسی حرف کے اوپر کا اعراب

پیش امام: امام، نماز پڑھانے والا

پیش رفت: قابو، بس، ترقی، کارگر، اثر انداز

پیشانی: مو، ماتھا، قسمت، جبین

پیشگی: پہلے سے ادائیگی، بیعانہ، سائی

پیشواز: مو، عورتوں کا گھیر دار لباس

پیشوائی: مو، رہبری، استقبال

پیشہ: مذ، ہنر، فن، کام، دھندا

پیشین: مذ، پہلے زمانے کا، قدیم، اگلا، پہلے کا

پیغام: مذ، اطلاع، خبر، پیام

پیک: مذ، قاصد، ہرکارہ، چٹھی پہنچانے والا

پیک دان: تھوکنے کا برتن، تھوک دانی

پیکار: مذ، جنگ، لڑائی، دشمنی، گردش کرنے والا، عداوت

پیکان: مذ، تیر، برچھے کی نوک، نیزے کی انی

پیکر: مو، شکل، صورت

پیکھنا: دیکھنا، کٹھ پتلی کا کھیل، تماشا، فریب نظر

پیل: مذ، ہاتھی، فیل

پیلنا: کولہو میں پیسنا، تیل نکالنا، ڈالنا، داخل کرنا، دھکیلنا

پیمان: مذ، عہد، وعدہ، شرط، قسم

پیمانہ: مذ، گلاس، ناپنے کا آلہ، ترازو، پلڑا

پیمائش: مو، ناپ، تجزیہ، اندازہ

پینس: پالکی، ڈولی

پیوستہ: چپھا ہوا، ملا ہوا، ملحق، ایک جان، ہمیشہ

پیوند: مذ، بندش، ملاپ، جوڑ

پیوند زمین ہونا: مرحوم ہونا، رحلت کر جانا

پیہم: لگاتار، متواتر، مسلسل، پے بہ پے، ہمیشہ

پھاوڑا: بیلچہ، مٹی کھودنے کا اوزار، پھبتی، مذاق، تضحیک، طنز، رسوائی، جملہ کسنا،

پھبن: حسن، سجاوٹ، آراستگی

پھپھولا: چھالا، آبلہ

پھٹکار: لعنت، ذلت، لعن طعن، بددعا

پھریری: کپکپی، تھرتھراہٹ، لرزہ، رعشہ

پھڑکنا: مضطرب ہونا، بے چین ہونا، بے حال ہونا، عشق کرنا، آرزومند ہونا، حرکت کرنا

پھسپھسانا: لجلجا، ملائم، نازک، نرم، بدمزہ، خراب

پھسر پھسر کرنا: سرگوشیاں کرنا، کانا پھوسی کرنا، آہستہ آہستہ گفتگو کرنا

پھسلانا: بہلانا، رغبت دینا، دھوکہ دینا، مطلب پورا کرنا

پھکڑ: فحش، گالی گلوچ، گندہ، بے ہودہ

پھل پانا: صلہ ملنا، بدلہ ملنا، نتیجہ سامنے آنا، نفع حاصل کرنا، سزا پانا

پھاندنا: پھلانگ مارنا، کودنا، جست کرنا، پھاندنا

پھلکا: باریک روٹی، ہلکی ملائم روٹی

پھلیل: پھولوں میں بسا ہوا تیل، خوشبودار تیل

پھنپھنانا: غضب ناک ہونا، بے انتہا غصہ کرنا

پھوار: ننھی ننھی بوندوں والی بارش

پھوٹ: دشمنی، عداوت، اختلاف

پھول جھڑنا: پھولوں کا موسم، خزاں سے مرجھانا

پھول والوں کی سیر: برسات میں منایا جانے والا دہلی کا مشہور میلہ ہے جو خواجہ بختیار کاکیؒ کے مزار کے پاس منعقد کیا جاتا ہے

پھولو پھلو: شاد کام رہو، خوش رہو، سلامت رہو

پھونک پھونک کر: بہت احتیاط سے

پھوئیاں پھوئیاں: ایک ایک قطرہ، بوند بوند

پھینی: تلی ہوئی میدے کی لچھے دار روٹی

ت

تا: تہ، بل، جب تک، جس وقت تک، پیچ، تک، اگر، تاکہ، اس لیے کہ

تاامکان: کوشش بھر، جہاں تک ممکن ہے، اپنی طاقت بھر

تابہ مقدور: حتی الامکان، کوشش بھر، مقدور بھر،

تاحال: اس وقت تک، اب تک

تاکہ: کیونکہ، اس واسطے، اس لیے کہ

تاکے: کب تک

تاہم: اس کے باوجود، پھر بھی، اس پر بھی،

تاب: ضو، روشنی، چمک، گرمی، حرارت، قدرت، طاقت، برداشت، پیچیدگی، بل، تکلیف، محنت

تاب دار: روشن، خم دار، پیچ دار، الجھے ہوئے

تاب ناک: روشن، چمک دار، خم دار، نورانی

تاب وتواں: قوت، مقدور، مجال، حوصلہ، قوت برداشت، تحمل

تاباں: روشن، چمک دار، نورانی، خم دار

تابستاں: مذ، تیز دھوپ، گرمی، گرمی کا موسم

تابش: مذ، حرارت، تپش، گرمی، دھوپ، روشنی، چمک، آب وتاب

تابع: ماتحت، فرماں بردار، مطیع، خدمت گزار

تابعدار: فرماں بردار، خادم، مطیع، نوکر

تابع مہمل: معنی دار الفاظ کے ساتھ بے معنی الفاظ مثلاً جھوٹ موٹ، غلط سلط

تابوت: مذ، وہ صندوق جس میں مردے کی نعش رکھتے ہیں، لاش، جنازہ

تابندہ: روشن، تاب دار، چمکتا ہوا، نورانی

تابیدہ: روشن، چمک دار، بل کھایا ہوا، خم دار

تاثر: مذ، متاثر ہونا، اثر قبول کرنا، ردعمل، اثر رہنا

تاثیر: مو، نشان، نتیجہ، پھل، اثرات، عمل، خوبی، خاصیت، پہچان

تاج: مذ، بادشاہوں کی ٹوپی، شاہانہ کلاہ

تاج پوشی: تاج پہننا، جشن بادشاہی

تاجدار: صاحب تاج، بادشاہ، تخت وتاج کا مالک

تاجر: مذ، بیوپاری، سوداگر، تجارت کرنے والا

تاخت: مو، بربادی، تباہی، لوٹ کھسوٹ، حملہ، تہس نہس

تاخت وتاراج کرنا: تباہ کرنا، برباد کرنا، ملیامیٹ کرنا

تاخر: مذ، پیچھے ہونا، بعد میں، تاخیر کے ساتھ، دیر کرنا، کم تر درجے کا

تاخیر: مو، پیچھے چھوڑنا، دیر کرنا، وقفہ، فاصلہ

تادیب: مو، سزا، تنبیہ، آگاہ، ادب سکھانا، علم زبان دانی

تار: مذ، تاگا، دھاگا، سلسلہ، ریزہ، تانا بانا، اندھیرا، تاریکی کے بعد، شیرہ

تارا: ستارہ، آنکھ کی پتلی، شیرہ یا قوام کا چیپ، بہت اونچا، گوندھنا، بجلی کی رو، تار کے ذریعہ آنے والی خبر

تار تار: ٹکڑے ٹکڑے

تاراج: مذ، تباہی، غارت، لوٹ، بربادی، تہس نہس

تاراجگاہ: لوٹ کی جگہ، غارت گری کی جگہ

تارک الدنیا: خانہ نشین، گوشہ نشین، دنیا سے الگ ہو جانے والا

تارک الصلوٰۃ: بے نمازی، نماز ترک کرنے والا

تارکشی: تار کا کام، تار کھینچنے کا کام، رنگین تاروں سے بنا ہوا کپڑا

تاروپود: تانا بانا، بنیاد، تکمیل، سلسلہ

تارنگاہ: تار نظر، دکھائی دینے والا سلسلہ

تاروں کی انجمن: ستاروں کا جھرمٹ، تاروں کی کثرت

تاریخ: مو، چوبیس گھنٹے، دن ورات، مہینے کا ایک دن، واقعہ کا دن، وہ کتاب جس میں گزرے ہوئے واقعات اور کارنامے درج ہوں

تاریخ پڑنا: مقدمے کی شنوائی کے لیے دن کا تعین ہونا

تاریخ کہنا: قطعۂ تاریخ لکھنا، کسی واقعہ کا تاریخ کے ساتھ شعر میں ذکر کرنا، حساب ابجد کے مطابق حروف کی مدد سے تاریخ نکالنا

تاریک: سیاہ، کالا، گھپ، اندھیرا، دھندلا

تاریک چشم: جسے رات میں نظر نہ آئے، کم نظر

تارے دکھائی دینا: پریشانی میں پڑنا، مصیبت زدہ

ہونا، کمزور ہونا، ہمت ہارنا، حوصلہ پست ہونا

تارے گننا: نیند نہ آنا، جاگتے رہنا، اختر شماری، مصیبت کی رات گزارنا

تاڑ: تاڑ کا درخت جو کھجور سے اونچا ہوتا ہے

تاڑنا: بھانپنا، اندازہ لگانا، قیاس کرنا، ملامت کرنا، تنبیہ کرنا

تاز: بھاگ دوڑ، حملہ، لشکر کشی

تازگی: شادابی، ہریالی، سرسبزی، طراوت، نیاپن

تازہ: نیا، جدید، ہرا، ابھی ابھی برآمد ہوا، مونا، تندرست

تازہ دم: مستعد، چست، توانا

تازہ دماغ: جس کا دماغ تھکا ہوا نہ ہو، عقلمند، حاضر دماغ

تازی: عربی، عرب کا باشندہ، عربی گھوڑا، شکاری کتا

تازہ شگوفہ: نئی بات، انوکھی شرارت

تازہ کار: انوکھا کام کرنا، عجیب وغریب کام کرنا، حیرت انگیز کام

تازیانہ: مذ، کوڑا، چابک، چھی

تاس: مذ، تسلا، بڑی تشتری

تاسف: مذ، حیرت، افسوس، رنج و ملال، حیرت ناک، افسوس

تاسیس: جڑ، بنیاد، نیو

تاش: زربفت، زری کا کپڑا، کھیلنے کے پتے

تاشا: ایک باجا، دف کی قسم کا جسے دو لکڑیوں سے بجاتے ہیں

تافتاں: تنور میں پکی ہوئی ایک قسم کی خمیری روٹی

تاک: مذ، انگور کی بیل، نظر، ٹکٹکی، گھات، ہوشیاری، انتظار، نشانہ، نگرانی

تاک جھانک: دیکھ بھال، نگاہ بازی، چھپ کر دیکھنا

تاک میں رہنا: گھات میں رہنا، موقع کی تلاش میں رہنا، انتظار کرنا

تاکید: مو، ضد، ہٹ، اصرار، تنبیہ، سنبھالنا، بار بار منع کرنا، احتیاط

تال میل: ربط، مطابقت، تعلق، ایک آدمی کا دوسرے سے گہرا ربط، موزونی، موافقت ہونا

تالیف: مو، دو چیزوں کو آپس میں ملانا، دوستی پیدا کرنا، کتاب لکھنا، تحریر مرتب کرنا

تالیف قلب: دل داری، دل جوئی، محبت کی راہ، دوستی، الفت

تام: پورا، کل، تمام

تامل: مذ، ہچکچاہٹ، غور، شبہ، تذبذب، صبر وضبط

تامین: مو، حمایت، حفاظت، نگرانی، نگہداری

تان: سُر، تال، الاپ، گت، تانا

تانبیل: کچھوا

تانیث: مو، مونث کی علامت، تذکیر کا تضاد

تاوان: مذ، جرمانہ، ڈنڈ، بدلہ

تاویل: مو، کوئی دوسرا معنی پیدا کرنا، وضاحت، شرح، دوسری تعبیر، حیلہ، بہانہ، عذر

تاہل: مذ، شادی کرنا، بال بچوں والا ہونا

تائب: مذ، گناہوں سے شرمندہ، توبہ کرنے اور در گزر کرنے والا

تاؤ آنا: جوش کھانا، مشتعل ہونا، پیچ تاب پیدا ہونا، کھانے کا تیار ہونا

تاؤ دکھانا: غصہ آنا، جوش میں آنا، پیچ تاب کھانا، ابال کا آجانا

تائید: مو، تقویت دینا، حمایت، مدد، طرف داری کرنا

تب: بخار، گرمی، تپش، تپ

تبادلہ: مذ، آپس میں یا ایک مقام سے دوسرے مقام پر ادلی بدلی کرنا، عوض، بدلہ، معاوضہ

تبار: مذ، خاندان، گھرانا، قوم، ذات، لوگ

تبارک: عالی، عظیم، بزرگ، بڑا

تباہ: برباد، ویران، اجڑا ہوا، خستہ حال

تباہی: بربادی، خرابی، ویرانی

تباین: مذ، فاصلہ، فرق، تفاوت، مخالفت، ضد

تبحر: مذ، علم یا ہنر میں کمال حاصل کرنا، سمندر کی طرح بے کراں اور اتھاہ ہونا

تبحرِ علمی: علم میں سب سے زیادہ قابل، علمی قابلیت، بہت زیادہ مطالعہ

تبختر: مذ، ناز و انداز، خرام ناز، غرور آنا، تکبر، اترانا

تبخیر: مذ، بو، بھاپ، ریاحی، بہت ہلکی حرارت، تھوڑی حرارت

تبدیل: مو، بدلنا، پلٹنا، فرق، بدل، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا

تبذیر: مو، زائد پیسہ خرچ کرنا، فضول خرچی، خراب کرنا، راز کھولنا، بیج ڈالنا

تبر: مذ، کلہاڑی، فولادی آلہ جس سے لکڑی کاٹتے اور چیرتے ہیں

تبرا: مذ، نفرت، بیزاری، لعن طعن

تبرع: مذ، بخشا، دینا، بغیر توقع کے عنایت کرنا

تبرک: مذ، برکت والی چیز، تحفہ، ہدیہ، بہت ہی مختصر، پاک مبارک، نیاز و فاتحہ کی چیزیں، جمع تبرکات

تبرید: مو، ٹھنڈا، تازگی، تازہ پن، معدہ کی گرمی کو دور کرنے والی دوائیں

تبسم: مذ، مسکراہٹ، زیر لب مسکرانا، صرف لب کے تاثر سے ہنسنا، زیر لب مسکرانا

تبصرہ: مذ، تنقید، نقد و نظر، اچھی بری رائے کا اظہار

تبعیت: مو، اتباع، پیروی، فرماں برداری، نقل، اطاعت

تبلیغ: مو، کسی بات کا پہنچانا، اشاعت، ہم خیال کرنا، خدا کا حکم تسلیم کرانا، مائل کرنا

تبویب: مو، کتاب کا مختلف حصوں میں بانٹنا، ابواب کی تقسیم، عنوانات کا تعین

تبیان: مو، واضح کرنا، ظاہر کرنا، آشکار ہونا، واشگاف ہونا، بیان کرنا، تفصیلات

تپ: مو، گرمی، حرارت، جوش، بخار، پوجا، ریاضت

تپ دق: ٹی بی، پھیپھڑے کا ایک مرض جس میں مریض کمزور ہو جاتا ہے اور خون کی قے کرتا ہے

تپ لرزہ: وہ بخار جو کپکپی دے کر آئے، سردی دے کر آنے والا بخار، جوڑی

تپ محرقہ: میعادی بخار، ٹائی فائڈ

تپاک: مذ، گرم جوشی، شوق، استقبال، آؤ بھگت، مہمان نوازی، خلوص، محبت

تپان: خوب گرم، جلتا ہوا، گرم گرم، تڑپتا ہوا

تپش: مو، گرمی، حرارت، آفتاب کی تمازت، جلن

تتبع: مذ، پیروی، نقل، فرماں داری، حکم ماننا، اطاعت کرنا

تتر بتر: بکھرا ہوا، پھیلا ہوا، جدا جدا، الگ الگ، منتشر

تتق: مذ، پردہ، خیمہ، آڑ

تتلا: جو بعض حروف کو صحیح مخرج سے ادا نہ کر سکے، صحیح لفظ تو تلا ہے

تتمہ: مذ، بقیہ، بچا ہوا، کسی چیز کا آخری حصہ، خاتمہ، کتاب کا ضمیمہ

تثلیث: مو، تین حصوں میں بانٹنا، عیسائی مذہب کا عقیدہ، تین خدا ماننا، خدا، حضرت مسیحؑ اور روح القدس

تثنیہ: مذ، دو حصہ، دوگنا، دو نقطے والے

تجاذب: مذ، کشش، جذب کرنے کی صلاحیت، کھینچنے کی قوت، میلان

تجار: مذ، تاجر کی جمع، سوداگری کرنے والے، بیوپاری، خرید و فروخت کرنے والے

تجارب: مذ، تجربہ کی جمع، عمل، مشاہدات، پرکھ

تجارت: مو، بیوپار، خرید و فروخت، لین دین، سوداگری

تجاوز: مذ، حد سے گزرنا، نشان یا اُصول کی خلاف ورزی کرنا، اختیار سے آگے ہونا، انحراف کرنا، اعتدال سے ہٹ جانا، حکم عدولی کرنا، شرارت کرنا، درگزر کرنا، معاف کر دینا

تجاہل: مذ، جان کر انجان بننا، ٹالنا، نظر انداز کرنا، واقف کار ہو کر انکار کرنا، چشم پوشی کرنا، آنکھ بچانا، بے پروائی ظاہر کرنا، اغماض برتنا

تجاہلِ عارفانہ: جانتے ہوئے اس طرح ظاہر کرنا کہ گویا بے خبر ہیں

تجدُّد: مذ، نیا، تازہ، اچھوتا، نیا پن

تجدید: مو، نئی چیز کا پیدا کرنا، معلوم کرنا، دریافت کرنا، ایجاد، بالکل نئے سرے سے شروع کرنا

تجربہ: مذ، نیا علم اور نیا انکشاف حاصل کرنا، آگہی، امتحان، آزمائش، جانکاری، علم

تجربہ گاہ: وہ جگہ جہاں نئی چیزوں کا عملی علم حاصل کیا جائے، یا پرکھا جائے

تجرّد: مذ، نرگاپن، خلوت، بغیر شادی شدہ، شادی سے پہلے، آزادی

تجرید: مو، عریانی، تنہائی، اکیلا پن، بیوی کے بغیر، بغیر شادی کے، ایک کو دوسرے سے علاحدہ کرنا

تجزیہ: مذ، ایک ایک کر کے دیکھنا، ٹکڑے ٹکڑے

کر کے پرکھنا، تحلیل کرنا، برائی بھلائی کا پرکھنا

تجسس: مذ، تحقیق، جستجو، تلاش، تحقیقات، کھوج، دریافت

تجلی: مو، اظہار، وضاحت، نور، روشنی، چمک، جھلک

تجلی زار: تجلی کدہ، تجلی گاہ، خوب روشن، نورانی جگہ

تجمل: مذ، شان و شوکت، آن بان، ٹھاٹ، جلال، عظمت، وقار، برنائی، دھوم دھام، احتشام

تجنیس: مو، مشابہ ہونا، ہم جنس یا ایک طرح ہونا، دو لفظوں کا تلفظ ایک جیسا ہو مگر معانی مختلف ہوں

تجوید: مو، قرآن شریف کو حروف کے اصل مخارج کے ساتھ پڑھنے کا فن، قرأت قرآن کو صحیح پڑھنے کا علم

تجویز: مو، رائے، مشورہ، صلاح، فیصلہ، ڈھنگ، سوچ بچار، غور و فکر، تاثر

تجہیز: مو، کفن دفن کرنا، آراستہ کرنا، منظم کرنا

تجہیل: مو، بے وقوف بنانا، جاہل کہنا، کم عقل بنانا

تحائف: مذ، تحفہ کی جمع، سوغات، ہدیے، نذرانے، اچھی چیزیں

تحت: مذ، نیچے کا حصہ، گہرائی، تصرف، قابو، نیچے، ضمن میں

تحت اللفظ: حرف بہ حرف، ترنم کے بغیر پڑھنا

تحدید: مو، حد باندھنا، پابندی، معذوری، مجبوری

تحذیر: مو، ڈرانا، خوف دلانا، ہوشیار کرنا، خبردار کرنا

تحریر: مو، لکھائی، لکھائی کرنا، خط، رقعہ، مضمون، نوشتہ

تحریص: مو، لالچ دینا، پھسلانا، بہکانا، اغوا کرنا، حرص دلانا

تحریف: مو، تبدیل کرنا، خیانت کرنا، اصل، عبارت کی جگہ کچھ کا کچھ کر دینا

تحریک: مو، حرکت دینا، ہلانا، حرکت، آمادہ کرنا، جنبش کرنا، اشتعال دینا، ترغیب، کسی نظریہ کا ہم خیال بنانا

تحریم: مو، منع کرنا، احترام کرنا، عزت کرنا

تحسین: تعریف کرنا، مرحبا، آفریں کہنا

تحشیہ: مذ، کتاب کا حاشیہ لکھنا، کنارے کنارے لکھنا

تحصیل: حاصل کرنا، علم سیکھنا، جمع کرنا، محصول یا لگان کی وصولی

تحفظ: مذ، حفاظت، بچاؤ، احتیاط، نگرانی

تحفہ: مذ، ہدیہ، سوغات، انعام و اکرام، نذر، پیشکش

تحقیر: مذ، حقیر سمجھنا، نفرت، حقارت، بے قدری

تحقیق: مو، اصلیت معلوم کرنا، دریافت کرنا، سچائی کی تلاش، سراغ لگانا

تحکم: مذ، حکم کرنا، فرماں بردار بنانا، قوت، غلبہ، طاقت، جبر و قہر، زور آوری

تحلیل: مذ، حل ہوا، الگ الگ، ہضم ہو جانا، ضم ہو جانا، کمزور پڑنا

تحمل: مذ، بردباری، قوت برداشت، نرمی، قوتِ ضبط

تحمید: مو، تعریف، حمد و ثنائے باری تعالیٰ

تحویل: مو، امانت، قبضہ، اپنا ذاتی، تبدیل کرنا، حالت بدلنا، بدل، سپردگی

تحیر: مذ، تعجب خیزی، حیرت انگیزی، انوکھا پن، حیرانی

تخالف: مذ، آپس میں مختلف ہونا، ایک دوسرے کی ضد ہونا، عدمِ اتفاق، دشمنی

تخت: مذ، بیٹھنے کی چوکی، خاص طور پر بادشاہوں کے لیے، مسند، گدی

تختِ رواں: اڑن کھٹولا، ہوادار تخت جس پر بادشاہ یا رقص کرنے والے گانے والے بیٹھے ہوں

تختِ طاؤس: شاہ جہاں کا بنوایا ہوا تخت جس پر مور بنا تھا

تختہ: مذ، پٹرا، لوح، چوکی، مسند

تختی: تخت کی تانیث اور تصغیر، لوح، لکڑی کی تختی جس پر مبتدی لکھتے ہیں، چاندی یا اور چیز کا کھدا ہوا نقش

تخرجہ: مذ، عدد گھٹا کر مادۂ تاریخ نکالنا، خارج کر کے، الگ کر کے

تخریب: مو، خراب کرنا، ویران، بربادی، تباہی

تخصیص: مو، اچھائی، خصوصیت، انفرادیت

تخفیف: مو، گھٹانا، کم کرنا، کمی، ہلکا کرنا، معزولی، کسی عہدے کا ختم کرنا، بیماری میں آرام پانا

تخلص: مذ، نجات، حفاظت، شاعروں کا قلمی نام جو مقطع میں استعمال کیا جاتا ہے

تخلیص: مو، نجات دینا، بچانا، حفاظت کرنا، خلاصی دینا

تخلیل: مو، خلال کرنا، دانتوں کا یا داڑھی کا خلال کرنا

تخلیہ: مذ، اکیلا، خلوت، تنہائی، علاحدگی، کسی جگہ کا خالی کرنا

تخم: دانہ، بیج، گٹھلی، نطفہ

تخم پاشی: زمین میں دانہ ڈالنا، بیج بونا، تخم ڈالنا

تخمہ: مذ، بدہضمی یا معدہ کی خرابی سے پیدا ہونے والی قے

تخمی: جو قلمی نہ ہو، بیج سے پیدا کیا گیا ہو

تخمیر: مو، خمیر کا اٹھنا یا اٹھانا، تیار ہونا یا خمیر تیار کرنا

تخمینہ: مذ، سرسری اندازہ، اصل سے قریب، انکل، قیاس، موٹا حساب

تخیل: مو، خیال، فکر، تصوّر، سوچنا

تخیل: سوچنے کی صلاحیت، خیال و فکر کی قوت

تدابیر: مو، تدبیر کی جمع، ترکیبیں، پیش بندی، مداوا

تدارُک: مذ، چارہ، روک تھام، علاج، تلافی، تنبیہ، سزا، بدلہ، مرمت

تدافُع: مذ، روکنا، دفع کرنا، مٹانا، حفاظت کرنا، غلط کام کو روکنا، انتظام، بچانا

تدبُّر: مذ، غور و فکر، نتیجے پر غور کرنا، دور اندیشی، مستقبل کے بارے میں سوچنا

تدبیر: مو، کام کے آغاز و انجام پر غور و فکر کرنا، کوشش کرنا، سوچنا، حکمت عملی، ہوشیاری، فراست، روک تھام کرنا

تدبیرِ منزل: خانہ داری کے انتظامات اپنانا، گھریلو معاملات

تدرو: مذ، خرام کے ساتھ چلنے والا، چکور کی طرح کا ایک پرندہ

تدریج: مو، دھیرے دھیرے، درجہ بدرجہ، آہستہ آہستہ

تدریس: مو، علم سکھانا، تعلیم، پڑھائی، پڑھانا، تعلیم دینا

تدفین: مو، میت کو دفن کرنا، زمین میں گاڑنا، زمین کے سپرد کرنا، کفن دفن کرنا

تدقیق: مو، بہت گہرا غور وفکر، سوچ سمجھ، چھان بین

تدویر: مو، دائرہ بنانا، گولائی بنانا، قرآن کو صبح صبح پڑھنا

تدوین: ترتیب دینا، مدوّن کرنا، تالیف کرنا، مرتب کرنا، مضامین کو جمع کرنا، قدیم مخطوطات کی مدد سے ایک مستند نسخہ مرتب کرنا

تذبذب: مذ، کش مکش، شک وشبہ، تردّد، دودلا ہونا

تذرو: مذ، چکور کی طرح خوش رفتار پرندہ

تذکرہ: مذ، بیان، ذکر، چرچا، یادگار، سوانح عمری، وہ کتاب جس میں کسی شخص کا حال لکھا جائے، علامہ مشرقی کی تصنیف، مولانا آزاد کی سوانح عمری

تذکیر: مو، مرد ہونا، مذکر ہونا، مذکر کا صیغہ، تانیث کی ضد

تذلیل: مو، آبروریزی کرنا، ذلیل ورسوا کرنا، خوار کرنا، بے عزتی کرنا

تذہیب: مو، سونے کا پانی چڑھانا، مطلّا کرنا، سونے کا ورق چڑھانا

تر: نم، گیلا، بھیگا ہوا، ملائم، ہرا بھرا، تازہ، نیا، سبز

تردامن: سیہ کار، بدکار، خطا کار، گنہگار، مجرم

تردست: چست، چالاک، ہوشیار، ماہر، فنکار

تروتازہ: شاداب، سرسبز، تازہ پھل یا ترکاری

تراجم: مذ، ترجمہ کی جمع، ترجمے، تذکرے، کسی شخص کا ذکر، ایک زبان سے دوسری زبان میں منتقل کرنا

ترادف: مذ، ایک معنی کا، لگاتار، مسلسل، ہم معنی

تراش: مو، طریقہ، سلیقہ، آرائش، کم کرنا، کاٹ چھانٹ، طرز

تراشنا: کاٹنا، چھیلنا، مونڈنا، کترنا، پھلوں کی پھانک اور قاش بنانا

تراشہ: مو، چھیلن، کترن

تراشیدہ: کاٹا ہوا، کترا ہوا، چھیلا ہوا

تراکیب: مو، ترکیب کی جمع، ترکیبیں، تدبیریں، شکلیں

ترانہ: مذ، گیت، نغمہ، خوش آہنگ، لَے

تراوش: مو، بہنا، گرنا، ٹپکنا، چھڑکنا، چھوٹنا

تراویح: مو، رمضان میں عشا کے بعد بیس سنت رکعتیں جس میں پورا قرآن پڑھا جاتا ہے، راحت، آرام، سکون

تربت: مو، گور، قبر، مزار

تربوز: گرمیوں کا ایک پھل، اوپر سے ہرا مگر اندر سے بہت سرخ اور تر ہوتا ہے

تربیت: مو، دیکھ بھال، نگرانی، تعلیم، پرورش، پرداخت، پالنا

تربیت: مو، سلیقہ سے، قاعدہ سے، درجہ بدرجہ، انتظام، سجاوٹ، آراستگی

ترتیل: مو، قرآن کو صحیح صحیح پڑھنا، حروف کے نکلنے کی صحیح جگہ سے پڑھنا، رک رک کر پڑھنا

ترجمان: مذ، بیان کرنے والا، مفسر، تعبیر کرنے والا، کسی کی طرف سے بولنے والا، شرح کرنے والا

ترجمہ: مذ، ایک زبان سے دوسری زبان میں منتقل کرنا

ترجیح: مو، مقابلے میں بہتر سمجھنا، فوقیت، فضیلت،

بڑا سمجھنا، برتری، سبقت

ترحُّم: مذ، محبت، ملائم، رحم، مہربانی

ترخیم: مو، دم کاٹنا، کسی حصہ کا کم کرنا

ترد ید: کاٹنا، رد کرنا، جواب دینا، انکار کرنا، نہ ماننا

ترس: مذ، ڈر، خوف، دہشت

ترسا: مذ، خوف دلانے والا، آتش پرست

ترساں: خوف زدہ، دہشت زدہ

ترسیل: مو، پہنچانا، ابلاغ، بھیجنا، روانہ کرنا، سمجھانا، اظہار کرنا

ترش: میٹھے کی ضد، کھٹا، بدمزاج، بددماغ

ترشح: مذ، نکلنا، برآمد ہونا، نمایاں ہونا، ظاہر، آشکارا، قطرہ قطرہ، ٹپکنا

ترغیب: مو، شوق پیدا کرنا، رغبت دلانا، آمادہ کرنا، لالچ دلانا، خواہش پیدا کرنا

ترفُّع: مذ، عظمت، بلندی، ترقی

ترقی: مو، بڑھنا، اونچا ہونا، زیادتی، اضافہ، اوج، عروج

ترقی پذیر: آگے بڑھنے والا، ترقی کرنے والا، مائل بہ ترقی

ترقیق: مو، بہتا ہوا ہونا، پانی کی طرح ہونا، بہت پتلا ہونا، سیال ہونا

ترقیم، ترقیمہ: مو، لکھنا، لکھائی، تحریر کرنا، رقم کرنا، کتاب کے آخر میں تاریخ نقل وتحریر کی عبارت کو ترقیمہ کہتے ہیں

ترک: مذ، بری ہونا، قطع تعلق کرنا، چھوڑنا، درگزر کرنا، نظرانداز کرنا

ترک دنیا: دنیا سے نفرت کرنا، خانہ نشین ہونا، تنہائی پسند ہوجانا، عیش وآرام سے بےزاری

ترک موالات: اکیلے رہنا، ساتھ مل کر کام نہ کرنا، عدم تعاون، ساتھ نہ دینا

ترک: مذ، تاتار کے باشندے، مسلمان، محبوب، جواں سال، بہادر، ترکستان کے رہنے والے

ترک تاز: لڑاکا، جری، بہادر، سپاہی، لٹیرا

ترکش: مذ، جس میں تیر رکھتے ہیں، تیردان

ترکہ: مذ، مرنے والے کی زمین وجائیداد، میراث، ورثہ، وراثت

ترکی: مسلمانوں کا ایک ملک جو یورپ وایشیا کو ملاتا ہے، ترکستان کی زبان، وہاں کا گھوڑا

ترکیب: مو، ساخت، چیزوں کو باہم ملا کر جو چیز تیار کی جائے، مرتب بنانا، بناوٹ، ملاوٹ، سلیقہ، طریقہ، تدبیر

ترکیب بند: شاعری کی ایک قسم جس میں بند کا آخری شعر دوسرے اشعار سے مختلف ہوتا ہے

ترمیم: مو، تبدیلی، اصلاح، درستی، مرمت، نئی، بناوٹ، سنوارنا

ترنج: مذ، ایک قسم کا لیمو، چکوترا

ترنگ: مو، موج، لہر، جوش وخروش، امنگ، مستی، جذبہ

ترنُّم: مذ، نغمہ، گانا، الاپنا، خوش آواز، خوش آہنگ،

الاپ لحن

تروِیج: مو، رائج کرنا، رواج دینا، مشتہر کرنا، پھیلانا، اشاعت کرنا، مشہور کرنا

ترہ: مذ، سبزی، ساگ، ترکاری

تریاق، تریاک: مذ، زہر مہرہ، زہر کی دوائی

تڑ: مذ، چھڑ کی آواز، مارنے کی آواز

تڑاتڑ: لگاتار، متواتر، مسلسل، پے در پے، اسی وقت، فوراً

تڑاخا، تڑاقا: مذ، ٹوٹنے کی آواز، شدت کی گرمی

تڑپنا: مو، بے چین ہونا، مضطرب ہونا، پھڑ پھڑانا، آرزومند ہونا، تڑخنا، پھٹنا، شگاف پڑنا

تڑکا: مو، علی الصباح، صبح سویرے، بگھار

تزک: مو، نگرانی، انتظام، شان و شوکت، ترتیب، قاعدہ، قانون، ضابطہ فوج، شاہی روزنامچہ

تزکیہ: مذ، پاک وصاف کرنا، پاکیزہ کرنا، پاکی، طہارت، صفائی، گندگی سے نفرت

تزلزل: مو، زلزلہ آنا، ہلنا، حرکت کرنا، ہلچل، بھونچال، انقلاب

تزوُّج: مذ، شادی کرنا، بیاہ کرنا، نکاح، شادی

تزویج: مو، بیاہ کرنا، شادی کرنا، نکاح

تزویر: مو، دغا، دھوکا، مکر، فریب، جھوٹ

تزئین: مو، سجاوٹ، آرائش، زیب و زینت، بناؤ سنگھار، حسن آفرینی

تسالہ: تین سال کا

تسامُح: مذ، آپسی دوستی، باہمی مہربانی، چشم پوشی، دو باتوں کا ٹکرانا، سہو، غلطی

تساوی: مو، مشابہت، برابری، مساوات، ہمسری

تساہُل: مذ، کسل مندی، سستی، غفلت، آلکسی

تسبیح: مذ، وظیفہ پڑھنے کی مالا جس میں سو دانے ہوتے ہیں، اللہ کی پاکی و عظمت کا ذکر

تسخیر: مو، فتح حاصل کرنا، قابو پانا، فرماں برداری، اطاعت گزاری، تابع کرنا، گھیرنا، محاصرہ کرنا

تسکین: مو، اطمینان، آرام دینا، تسلی، دلاسا

تسلا: طشت، رکابی

تسلسل: مذ، لگاتار، متواتر، ایک سلسلہ کے ساتھ، ہمیشہ، لڑی

تسلُّط: مذ، اقتدار، اختیار جمانا، حکومت، غلبہ، قابو، عمل، قبضہ، دخل

تسلیم: مو، پیش کرنا، سلام کرنا، سپرد کرنا، سونپنا، ماننا، قبول کرنا

تسمہ: مذ، جوتے کا فیتہ

تسمیہ: مذ، نام رکھنا، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہنا

تسنُّن: مذ، سنی ہونا، سنت کی تقلید کرنا

تسنیم: مذ، بہشت کی ایک نہر کا نام

تسوِید: مذ، لکھنا، تحریر کرنا، لکھائی، تحریر، مسودہ کو سلیقہ سے لکھنا، خاکہ تیار کرنا، سیاہی

تسہیل: مو، آسان کرنا، سادہ بنانا، سہولت

تشابہ: مذ، ایک جیسا، مطابقت، مشابہت، یکسانی

تشبیب: مذ، آگ جلانا، عہد شباب کا ذکر کرنا، دوستی کے مضامین بیان کرنا، قصیدے کی ابتدا جس میں دل آویز مضامین بیان کیے جاتے ہیں

تشبیہ: مو، کسی چیز کو دوسری چیز کے برابر قرار دینا، مشابہت دینا، تمثیل

تشخیص: مو، نشان دہی کرنا، جاننا، پہچاننا، شناخت، رائے، مرض کا پہچاننا

تشدُّد: مذ، بہت زیادہ سختی، زیادتی، جبر

تشدید: مو، کسی حرف کا دوبارہ پڑھا جانا

تشرُّع: مذ، شرع کی پابندی، شرع کے مطابق کام کرنا

تشریح: مو، وضاحت سے بیان کرنا، بخوبی بیان کرنا، شرح کرنا، تفصیل، تفسیر سے بیان کرنا، بدن کے اعضا کا علم

تشریف: عزت واحترام کرنا، عظمت، وقار

تشفی: مو، تسلی، تسکین، ڈھارس، اطمینان

تشکیک: مو، شبہ میں ڈالنا، شک کا پیدا ہونا

تشنگی: مو، پیاس، خواہش، ضرورت

تشکیل: مو، شکل وصورت بنانا، بنانا، تعمیر کرنا، تخلیق کرنا، خاکہ تیار کرنا

تشنُّج: مو، اعضا کا ٹوٹنا، کھینچنا، سکڑنا

تشنہ: پیاسا، خواہش مند، مشتاق

تشنیع: مو، طعنہ، برا بھلا کہنا، ملامت، نفرت کرنا

تشویش: مو، اندیشہ، پریشانی، گھبراہٹ، بے قراری، اضطراب

تشویق: مو، آمادہ کرنا، شوق پیدا کرنا، اکسانا، ابھارنا، رغبت دلانا

تشہُّد: مذ، کلمۂ شہادت کا پڑھنا، خدا کی بڑائی کا اقرار

تشہیر: مو، مشہور کرنا، رسوا کرنا، بدنام کرنا، شہرت دینا

تشیُّع: مذ، شیعہ بننا

تصادُم: مذ، آپس میں ٹکرانا، ٹکر ہونا، تکرار ہونا، دھکا لگنا، دشمنی ہونا، تکلیف پہنچنا

تصانیف: مو، تصنیف کی جمع، تحریر کی ہوئی کتابیں

تصاویر: مو، تصویر کی جمع، تصویریں، شکل، عکس، چہرہ

تصحیح: مو، اصلاح کرنا، صحیح کرنا، درست کرنا، صحت

تصحیف: مو، لکھنے میں سوچ سمجھ کر غلطی کرنا، زیر زبر اور پیش کو ردوبدل کرنا، احکام میں تبدیلی کرنا

تصدُّق: مو، نثار ہونا، وار ہونا، قربان ہونا، خیرات اور صدقہ ہونا

تصدیق: مو، صحیح ثابت کرنا، صداقت، سچائی کی تائید کرنا

تصرُّف: مذ، قبضہ میں ہونا، کام میں ہاتھ لگانا، مداخلت کرنا، قبضہ، اختیار، قوت سے لینا، خراب کرنا، بگاڑنا، تبدیل کرنا

تصریح: مو، صاف صاف بیان کرنا، تفسیر وشرح کرنا

تصغیر: مو، کمتر کرنا، چھوٹا کرنا، قلیل کرنا، تخفیف کرنا

تصفیہ: مذ، فیصلہ کرنا، صاف کرنا، واضح کرنا، جھگڑے نمٹانا

تصلیب: مو، دار پر چڑھانا، صلیب پر لٹکانا، سولی پر چڑھانا، پھانسی دینا

تصمیم: مو، مستحکم رائے، خالص کرنا، ارادہ مضبوط کرنا، پکا ارادہ

تصنّع: مذ، ظاہری، بناوٹ، دکھلاوا، مکر و فریب، تبدیلی

تصنیف: مو، کتاب لکھنا، مضمون بنانا

تصوّر: مذ، خیال میں تصویر بنانا، سوچنا، غور و فکر کرنا، خیال، شعور

تصوّف: صوفیوں کا مسلک، معرفت کا علم، نفس کو پاک کرنا، بزرگی کا راستہ

تصویب: مو ٹھیک رکھنا، تصدیق کرنا، سچا کہنا، منظوری

تصویر: مو، شکل، صورت، مورت، روپ، نقشہ، بُت

تصویر کا دوسرا رُخ: پشت کا حصہ، دوسرا حصہ، دوسرا پہلو، زاویہ

تضاد: مذ، برعکس، ضد، مخالفت

تضحیک: مو، مذاق اڑانا، ہنسی اڑانا، ہنسی، ذلت رسوائی، خواری

تضرّع: مذ، رونا، گڑگڑانا، منت اور سماجت کرنا

تضمین: مو، شامل کرنا، کسی دوسرے شاعر کے کلام پر مصرع لگانا

تضییع: مو، برباد کرنا، ضائع کرنا، فضول میں خراب کرنا، گنوانا، تلف کرنا

تطابق: مذ، موافق ہونا، مطابقت، یکسانی، مناسبت، تعلق، میل

تطاول: مذ، جبر کرنا، دست درازی، ظلم و زیادتی، ستم

تطوّع: مذ، بہت زیادہ کام کرنا، مستحبات و نوافل کی اہتمام سے ادائیگی، بہت زیادہ انہماک

تطویل: مو، طول دینا، لمبا کرنا، دراز کرنا، لمبائی، پھیلاؤ، تاخیر

تطہیر: مو، صاف کرنا، پاک کرنا، طہارت، پاکیزگی، تزکیہ

تظلّم: مذ، جبر و قہر کے خلاف آواز اٹھانا، فریاد کرنا

تعارُض: مذ، جھگڑا، دشمنی، لڑائی، مقابل ہونا، آپس میں لڑنا، ہمسری کرنا، اعتراض کرنا

تعارُف: مذ، شناخت کرنا، جاننا، پہچاننا، جان پہچان، شناسائی، واقفیت

تعاقب: مذ، پیچھے چلنا، پیچھا کرنا، دوڑانا، پکڑنا، تاک میں رہنا

تعاون: مذ، ساتھ دینا، مدد کرنا، امت دلانا، ہاتھ بٹانا

تعب: مذ دکھ، درد، رنج، تکلیف، سختی، آزمائش، آزار، مشقت

تعبیر: مو، ذکر کرنا، وضاحت کرنا، تحریر میں لانا، دوسرے معنی بتانا، خواب کا انجام بیان کرنا

تعجب: مذ، حیرت، انوکھا، اچنبھا

تعجیل: مو، جلدی کرنا، عجلت کرنا، شتابی، بغیر تاخیر کے

تعداد: مو، گنتی، شمار، اندازہ

تعدُّد: مذ، زیادہ ہونا، کثرت، فراوانی، گنتی یا شمار میں زیادہ ہونا

تعدّی: مو، زیادہ بڑھ جانا، ظلم، ستم، ناانصافی، ناحق

تعدیل: مو، برابر کرنا، درست کرنا، ٹھیک کرنا، عدل کرنا، فیصلہ کرنا

تعذیب: مو، عذاب، تکلیف، رنج وغم

تعذیر: مو، عذر خواہی، معافی چاہنا

تعرّض: مذ، روکنا، مزاحمت کرنا، اعتراض کرنا، دبانا، آمنے سامنے آنا

تعریب: مو، کسی دوسری زبان کے لفظ کو عربی زبان میں ڈھال لینا

تعریف: مذ، واقف ہونا، شناسا ہونا، بیان کرنا، توصیف، ثنا

تعزیت: مو، غم میں شریک ہونا، ماتم پرسی کرنا، اظہار ہمدردی کرنا

تعزیر: مو، تنبیہ، سیاست، گوشمالی، ڈانٹنا، سرزنش کرنا، سزا

تعسّر: مذ، مشکل یا دشواری ہونا، پیچیدہ اور دقت طلب ہونا

تعشّق: مذ، عشق، پیار، محبت، چاہت

تعصّب: مذ، ایک طرف ہونا، حمایت، طرفداری، پاسداری، لحاظ، بے جا مروت، انصاف سے الگ

تعطّل: مو، بے کار، ناقابل کردگی

تعطیل: مو، خالی کرنا، کام سے فراغت، چھٹی

تعظیم: مو، احترام، عظمت، عزت، حرمت، وقعت، توقیر، بزرگ جاننا

تعلّم: مو، سکھانا، بتانا، تلقین، ہدایت، تربیت

تعمّق: مذ، غور وفکر کرنا، تہہ تک پہنچنا، گہرائی تک جانا

تعفّن: مذ، بدبو، بری مہک، سڑانڈ

تعقّل: مذ، غور وفکر کرنا، سوچنا، سمجھنا

تعقّد: مو، سخت باندھنا، مضبوط کرنا، راز کہنا

تعلّق: مذ، لگاؤ، رشتہ، میل، علاقہ، ملکیت، مناسبت

تعلّم: مذ، علم سیکھنا، پڑھنا، علم حاصل کرنا

تعلّی: مو، عظمت، بلندی، خود اپنی تعریف کرنا، غرور، ڈینگ ہانکنا

تعلیق: مو، کسی چیز کا تعلق پیدا کرنا، لٹکانا، آویزاں کرنا، کتابوں میں طویل نوٹ لکھنا، حاشیہ سے بڑھ کر نوٹ

تعمیر: مو، مکان بنانا، عمارت بنانا، مرمت کرنا، عمارت، مکان

تعمیل: مو، فرماں برداری، عمل کرنا، حکم بجالانا، عملدآمد

تعمیم: مو، سب کسی کو، عمومیت کے ساتھ، ہر چھوٹے بڑے کو، ایک طرح سے

تعویذ: مذ، پناہ دینا، حفظ وامان سے، بچاؤ، قبر کے بیچ میں بنی ہوئی شکل

تعویق: مو، تاخیر، ڈھیل، دیر، چشم پوشی، ٹال مٹول

تعیّش: مذ، عیش کرنا، عیش کا سامان مہیا کرنا

تعیّن: مذ، طے کرنا، ٹھہرنا، مقرر کرنا، معیّن کرنا، مخصوص کرنا

تغابن: مذ، خسارہ، نقصان، دھوکہ دینا، غبن کرنا، خیانت کرنا

تغافل: مذ، جان بوجھ کر انجان بننا، بے التفاتی، کم توجہی، بے پروائی، غفلت برتنا

تغذیہ: مذ، غذا دینا، پرورش کرنا، خوراک، غذا و خورش

تغزّل: مذ، غزل گوئی، عشقیہ مضامین بیان کرنا، غزل میں نرمی و لطافت، درد و سوز کی کیفیت

تغلیط: مو، غلطی بتانا، غلط ثابت کرنا

تغیّر: مذ، بدلنا، تبدیلی، انقلاب

تَف: مذ، بھاپ، بخارات، دھواں، گرمی

تُف: لعاب دہن، تھوک، لعنت، ملامت

تفاخر: مذ، فخر کے ساتھ بولنا، ڈینگ ہانکنا، فخر جتانا، غرور کرنا، اپنے آپ کو بڑا سمجھنا

تفاسیر: مو، تفسیر کی جمع، تفسیریں، شرح کے ساتھ بیان

تفاصیل: مو، تفصیل کی جمع، تفصیلات، وضاحت کے ساتھ بیان

تفاوت: مذ، فرق، فاصلہ، دوری، جدائی

تفحّص: مذ، جستجو، تلاش، تحقیق، ٹوہ، ڈھونڈ

تفرّج: مذ، کشائش، خوش حالی، سیر، تماشا، دل لگی

تفرقہ: مذ، اختلاف، دو چیزوں میں فرق آنا، فرق، عداوت، دشمنی

تفریح: مو، غم دور کرنا، دل لگی کرنا، خوش طبعی، سیر، دل بہلانا، فرحت حاصل کرنا

تفریس: مو، دوسری زبان کے الفاظ کو فارسی میں ڈھال لینا

تفسیر: مو، تشریح، تفصیل، توضیح، وضاحت

تفصیل: مو، جدا جدا کرنا، علاحدہ کرنا، بیان کرنا، فصل کرنا، صراحت کے ساتھ ذکر کرنا

تفضیل: مو، ترجیح دینا، فوقیت دینا، فضیلت دینا، سبقت دینا

تفکّر: مذ، غور، سوچ بچار، فکر، اندیشہ، تدبیر

تفنگ: مو، بندوق

تفنّن: مذ، طرح طرح کا ہونا، رنگ رنگ کا ہونا، سیر و تفریح، چہل، دل لگی، خوش دلی

تفوّق: مذ، برتری، ترجیح، فوقیت، فضیلت، بڑائی

تفویض: مو، سپردگی، حوالگی، تحویل

تفہیم: مو، سمجھانا، بتانا، دل نشیں کرانا

تقابل: مذ، مقابلہ، روبرو، آمنے سامنے، لڑائی

تقارب: مذ، قربت، آس پاس ہونا، نزدیکی، باریابی، دوستی

تقاریب: مو، تقریب کی جمع، رسمیں، خوشی کے مواقع، جلسے

تقاریر: مو، تقریر کی جمع، بیانات، خطابات، خطبات

تقاضا: مذ، چاہنا، طلب، تاکید، دعویٰ، ضرورت، شدت، رسم و رواج

تقاطر: مذ، بوند بوند گرانا، پھوار، قطرات، بارش، ٹپکنا

تقاوی: مو، سرکاری محصول، قوت دینا، امداد کرنا، ضرورت کے وقت کام آنا

تقدّس: مذ، پاکیزگی، طہارت، احترام، بزرگی، بڑائی،

تقدّم: مذ، پیش قدمی، آگے بڑھنا، ترجیح، فوقیت، فضیلت

تقدیر: مو، قسمت، بخت، مقدر، اندازہ، مقدار، تخمینہ

تقدیر سو جانا: بدقسمتی، حالات کی ناسازگاری

تقدیر کا دھنی: خوش قسمت، اچھی تقدیر والا، خوش نصیب

تقدیر کا کھیل: قسمت کے کرشمے، تقدیر کے الٹ پھیر

تقدیس: مو، پاکیزگی، احترام، عظمت، بزرگی، بڑائی

تقدیم: مو، بہتر سمجھنا، ترجیح دینا، برتری اور فوقیت دینا

تقرّر: مذ، مقرر ہونا، ملازم ہونا، نئے عہدے پر فائز ہونا

تقریب: مو، قریب ہونا، جلسہ، اجتماع، محفل، اچھا موقع، باہم مل بیٹھنا

تقریظ: مو، تعریف، کتاب اور صاحب کتاب کے بارے میں تعریفی کلمات لکھنا، تنقید کرنا

تقسیم: مو، بانٹنا، حصہ بخرہ کرنا، علاحدہ کرنا، متعین کرنا

تقشّف: مذ، ناداری کی زندگی بسر کرنا، موٹا جھوٹا پہننا، روکھی سوکھی کھانا، درویشی، فقیری

تقشیر: مو، چھلکا اتارنا، چھیلنا، مغز الگ کرنا

تقصیر: مو، کمی، کوتاہی، سزا، خطا، بھول چوک

تقطیع: ٹکڑے ٹکڑے کرنا، منتشر کرنا، بکھیرنا، علم عروض کی اصطلاح میں شعر کے اجزا کو بحر کے مطابق مختلف حصوں میں بانٹنا

تقلّب: مذ، الٹنا، پھیرنا، تبدیل کرنا، بدلنا، انقلاب پیدا ہونا، فریب

تقلید: مو، اطاعت، قدم سے قدم ملا کر چلنا، پیروی کرنا، فرماں بردار ہونا

تقلیل: مو، کم کرنا، قلت، گھٹانا

تقویٰ: مذ، پرہیزگاری، پارسائی، اچھی زندگی گزارنا، عبادت، خدا کا خوف

تقویت: مو، طاقت دینا، قوت بخشنا، مدد کرنا، مضبوط و مستحکم بنانا

تقویض: مو، بنیاد اکھاڑنا، خیمہ اٹھانا، کمزور کرنا

تقویل: مو، دوسرے کا بیان نقل کرنا، کسی روایت کو دہرانا، دروغ گوئی

تقویم: مو، درست کرنا، قائم کرنا، اندازہ لگانا، تناسب، جنتری، ماہ و سال کا شمار

تقویم پارینہ: پرانی بات، فرسودہ بے کار روایت

تقی: پرہیزگار، متقی، پارسا، خدا ترس

تقیّہ: خوف خدا، پارسائی، فریب، چال، ظاہر و باطن کا فرق

تکبیر تحریمہ: جس تکبیر سے نماز شروع ہو جاتی ہے

تک بندی: وہ شعر جس میں ردیف و قافیہ درست نہ ہو، مہمل گوئی، اٹکل سے کہنا

تکّہ: مذ، گوشت کا ٹکڑا، چھوٹی بوٹی

تِلّہ بوٹی کرنا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا، دھجیاں اڑانا، منتشر کرنا

تکالیف: مو، تکلیف کی جمع، مصیبتیں، دشواریاں، پریشانیاں

تکان: مو، تھکن، تھکاوٹ، ماندگی

تکبّر: مذ، کبر، غرور، نخوت، گھمنڈ، پندار

تکبیر: مو، اللہ اکبر کہنا، خدا کی عظمت و بزرگی کا اقرار

تکبیر اولیٰ: نماز کی پہلی تکبیر

تکثیر: مو، افراط، بکثرت، زیادتی، فراوانی

تکثیف: مو، کثافت، گاڑھا پن، گندگی، میلا پن

تکدّر: مذ، پریشان خاطر ہونا، بے چینی، انقباض، بوجھل پن

تکذیب: مو، جھٹلانا، الزام لگانا، جھوٹا ماننا

تکرار: مو، دہرانا، بار بار کہنا، بحث کرنا، الجھنا، مذہبی مدارس کے طلبا کا باہم مل کر سبق دہرانا

تکریم: مو، ادب کرنا، تعظیم کرنا، عزت کرنا

تکفیر: مو، کفر کا فتویٰ دینا، کافر جاننا

تکفین: مو، کفن دینا، تجہیز و تکفین کرنا

تکلّف: مذ، جان بوجھ کر تکلیف گوارا کرنا، بناوٹ، تصنع، نمائش، ہچکچاہٹ، حجاب، سجاوٹ

تکلّف برتنا: جان بوجھ کر تکلیف اٹھانا، تصنع کرنا، اہتمام کرنا، جمع تکلّفات

تکلّم: مذ، کلام کرنا، بات چیت کرنا، بولنا

تکلیف: مو، دکھ، درد، رنج و مصیبت

تکملہ: مذ، ضمیمہ، تتمّہ، مضمون کو مکمل کرنے والی تحریر

تکمہ: مذ، گھمنڈی، حلقہ، گرہ، بٹن

تکمیل: مو، پورا کرنا، تمام کرنا، انجام دینا

تکنا: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا، نظر جما کر دیکھنا، گھور کے دیکھنا، انتظار کرنا، امید رکھنا

تکوین: بنانا، پیدا کرنا، وجود میں لانا

تکیہ: مذ، سر کے نیچے رکھنے کی چیز، اعتماد، بھروسہ

تگ: مو، دوڑنا، بھاگنا، کوشش، جستجو، تلاش

تگاپو: مو، دوڑ دھوپ، تگ و دو، تگ و تاز

تگرگ: مو، اولا، ژالہ، برف باری

تَل: مذ، نیچے، نشیب، سطح، اندر

تلچھٹ: تہہ میں بیٹھی ہوئی کثافت، میل، دُرد، گندگی

تِل: مذ، ایک چھوٹا بیج جس سے تیل نکالا جاتا ہے، خال، چہرے پر کالا داغ، مہاسا، آنکھ کی پتلی

تِل برابر: بہت تھوڑا سا، مختصر، رائی کے برابر، ذرّہ برابر، بہت کم، قلیل

تلاش: مو، جستجو، کوشش، سعی، جدوجہد، کھوج، تحقیق

تلاشِ معاش: روزگار کی تلاش، ملازمت کی تلاش، نوکری کی تلاش، روٹی کمانے کی کوشش

تلاطم: مذ، طغیانی، پانی کی لہروں کا زور، تھپیڑے، جوش و خروش، ٹکراؤ، سیلاب

تلافی: مو، خسارے کا بدلہ، نقصان کے عوض، سزا، بدلہ، معاوضہ

تلاقی: مو، میل جول، ملاقات، آپس میں ملنا جلنا، بھائی چارگی

تلام: مذ، تلم کی جمع، ملازم، خادم، نوکر، چاکر، خدمت گزار

تلامذہ، تلامیذ: مذ، تلمیذ کی جمع، شاگرد، طالب علم، مُرید، پیرو

تلبیس: مو، کپڑے پہنانا، پوشیدہ رکھنا، فریب، دغا، جھوٹ

تلثیم: چُومنا، بوسہ دینا، پیار کرنا

تلخ: بُرش، کھٹا، کڑوا، تیز، تیکھا، بدمزہ، ناپسند، سخت

تلخا: بھُنے ہوئے دانوں کو پیس کر پانی کے ساتھ پینے کی ایک چیز، ستّو

تلخاب، تلخابہ: مذ، نمکین پانی، کڑوا پانی، شراب

تلخی: مو، کڑواہٹ، کڑواپن، ترشی، سختی، رنجش، کھٹاس

تلخیص: مو، خُلاصہ، خلاصہ لکھنا، اختصار، مختصر کرنا، نچوڑ

تلذّذ: لذت اُٹھانا، لطف حاصل کرنا، مزہ لینا، ذائقہ چکھنا

تلطّف: مذ، کرم، شفقت، لطف، عنایت، مہربانی

تلف: ضائع کرنا، برباد کرنا، تباہ کرنا، نیست و نابود کرنا، دربائر کرنا

تلفّظ: مذ، لفظوں کا زبان سے ادا کرنا، آوازوں کی صحیح ادائیگی، ش قاف کی دُرستی

تلقین: مو، سکھانا، تربیت دینا، تعلیم، نصیحت، پند، ہدایت

تلملانا: بے قرار ہونا، بے چین ہونا، مُضطرب ہونا، چوٹ پہنچنا

تلمیح: نظم میں کسی واقعہ، قصہ، قرآن کی آیت یا حدیث کی طرف اشارہ کرنا

تلمیذ: مذ، شاگرد، طالب علم، مُرید، پیرو

تلنا: گھی یا تیل میں کسی چیز کو پکانا

تِلنگا: مذ، تلنگانہ کا رہنے والا، سپاہی، فوجی

تلوا: مذ، کفِ پا، ایڑی اور پنجے کے بیچ کا حصہ، پیر کے نیچے کا حصہ

تلوے سہلانا: خوشامد کرنا، خدمت کرنا، مقصد حاصل کرنا

تِلوا: مذ، تل کے بنے ہوئے لڈو

تلوار کا دھنی: بہادر شجاع، جوان مرد، سُورما

تلوّن: رنگ برنگ ہونا، کسی ایک بات، حالت یا رنگ پر قائم نہ رہنا، بے قراری، چنچل پن، شوخی

تلوّن مزاج: جو ایک مزاج پر قائم نہ ہو، بدلتے رہنے والا، غیر مستقل

تلے: نیچے، زیر، تحت، زمین پر

تلے دانی: مو، وہ تھیلی جس میں سینے پرونے کا سامان رکھتے ہیں

تُم: تُو کی جمع، ضمیر شخصی مخاطب، تعظیم کے طور پر واحد کے لیے بھی مستعمل ہے

خم بھی کیا ہو: عجیب آدمی ہو، عجیب وغریب شخصیت رکھتے ہو

خم ہی خم ہو: تمھاری بڑی پہنچ ہے، تم ہی سب کچھ ہو، تم بڑے رسوخ والے ہو

خماش: مذ، ایک جیسا ہونا، برابر ہونا، مشابہ ہونا، مانند ہونا

خماشیل: مذ، تمثال کی جمع، تصویریں، مورتیں، شاہی فرمان

خماچہ: مذ، طمانچہ، تھپڑ، لپاڑ

تمازت: مو، گرمی، شدت کی گرمی، تپش، جلن

تماشا: مذ، باہم مل کر پیدل چلنا، سیر، تفریح، دید، نظارہ، مزہ، لطف، مذاق، ٹھٹھا

تماشابین: تماشا دیکھنے والا، تماشہ دیکھنے کا شوقین، عیش پسند

تماشاگر: تماشا کرنے والا، تماشا دیکھنے والا

تماشائی: مذ، تماشا دیکھنے والا، تماشے سے

تماش بین: تماشا دیکھنے والا، عیاش، بدکار

تمام: کل، سب، مکمل، ختم، تیار

تمباکو: مذ، مشہور پودا جس کے پتے حقے میں پیتے ہیں اور پان کے ساتھ کھاتے ہیں

تمبو: مذ، خیمہ، شامیانہ، قنات، پردہ

تمبول: مذ، پان، تنبول

تمت: ختم ہوئی، پوری ہوئی، عموماً کتاب کے آخر میں لکھتے ہیں

تمتع: مذ، فائدہ حاصل کرنا، پھل پانا، استعمال میں لانا، فائدہ، نفع

تمثال: مو، تصویر، پیکر، صورت، شکل، فرمانِ شاہی، جمع تماثیل

تمثل: مذ، ایک سا ہونا، مشابہ یا مانند ہونا، ضرب المثل کہنا، تشبیہ دینا

تمثیل: مو، ہو بہو، تشبیہ دینا، مشابہ کرنا، مثال، نظیر، ڈراما، جمع تمثیلات

تمجید: مو، تعظیم کرنا، بزرگی کرنا، خدا کی عظمت کی تعریف کرنا

تمدن: مذ، باہم مل کے رہنے کا طریقہ، طرزِ معاشرت، شہریت، تہذیب

تمر: مذ، کھجور

تمر ہندی: املی، املی کا درخت

تمرین: مو، عادت ڈالنا، خوگر کرنا، مشق کرنا، کسرت کرنا، ورزش کرنا

تمسخر: مذ، ظرافت، مسخرہ پن، ہنسی مذاق، ٹھٹھول

تمسک: مذ، گرفت، پکڑ، ذمہ داری، اقرار نامہ، وہ تحریر جو قرض کی دستاویز میں قرض دار قرض خواہ کو لکھ دیتا ہے

تمغا: مذ، سونے چاندی وغیرہ دھات پر لگی مہر، سونے یا چاندی کا بنا ہوا نشان جو انعام کے طور پر دیا جاتا ہے، شاہی مہر

تمکنت: مو، قدرت، اقتدار، حکومت، زور، غرور، گھمنڈ، آن بان، شان وشوکت

تملق: مذ، نرمی، ملائمت، خوشامد، چاپلوسی، عجز، خاکساری

تملیک: مو، کسی کو کسی چیز کا مالک بنانا، حق تصرف دینا

تمنا: مو، خواہش، آرزو، شوق، اشتیاق، درخواست، ارمان، چاہت

تموج: مذ، پانی کا موجیں مارنا، لہریں اٹھنا، پانی کا جوش وخروش

تمول: مذ، دولت مندی، مال داری، سرمایہ داری، دھن دولت

تمہید: مو، ابتدئیہ، کسی مضمون کی شروعات کرنا، کسی بات کا آغاز، کتاب کا خطبہ، مقدمہ، دیباچہ

تمیز: مو، تمیز کا مخفف، شناخت، جانچ، پہچان، فرق، امتیاز، ادب، قاعدہ، اہلیت

تمیزدار: لائق، ہوشیار، مہذب، با اخلاق

تن: مذ، جسم، بدن، شخص، آدمی، مرد

تن پرست: ہر وقت کھانے پینے والا، کھانے کا عادی

تن پرور: جسم کو پالنے والا، بہت زیادہ کھانے والا

تن پروری: آرام طلبی، عیش کوشی، خودغرضی، زیادہ کھانا

تن تنہا: اکیلا، تنہا، فرد، ایک

تن دُرُست: صحت مند، ڈیل ڈول والا، بھلا چنگا، صحیح وسالم، جسے کوئی بیماری نہ ہو

تن درستی: سلامتی، صحت مندی، جسم کا بیماریوں سے پاک ہونا

تن دہی: جد وجہد، سعی، کوشش، محنت، جاں فشانی، جفاکشی

تن زیب: ایک کپڑا جو نین سکھ سے زیادہ باریک اور ملائم ہوتا ہے، ایک قسم صدری کی جو قبا کے نیچے پہنتے ہیں

تنازُع: مذ، جھگڑا، جھگڑا کرنا، لڑائی، تکرار، رنجش، فساد، دشمنی، اختلاف

تنازعہ: مذ، فساد، جھگڑا، دشمنی، عداوت، اختلاف

تناسُب: مذ، باہم نسبت رکھنا، باہمی تعلق، موافقت، جمع تناسبات

تناسُخ: مذ، ایک شکل سے دوسری شکل اختیار کرنا، بدلنا، روح کا ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا، ہندوؤں کا عقیدۂ آواگون

تناسُل: مذ، نسل پیدا کرنا، اولاد پیدا کرنا، مردانگی

تنافُر: مذ، نفرت کرنا، بیزار ہونا، بھاگنا، علم معانی کی اصطلاح میں ثقیل الفاظ کا یکجا جمع ہونا

تناور: موٹا، فربہ، مضبوط، قوی، پھیلا ہوا درخت

تناول: مذ، کھانا کھانا، کھانے میں شریک ہونا، طعام کھانا

تناول فرمانا: کھانا نوش فرمانا، طعام کھانا، کھانے میں شریک ہونا

تنبیہ: مذ، نصیحت، عبرت، دھمکی، تنبیہ، آگاہی، خبرداری

تنبیہ: سرزنش، جھڑکی، فہمائش، سلامت، نصیحت، تاکید

تنجیم: مو، ستاروں کے ذریعے مستقبل کی بات بتانا، اختر شناسی، علم نجوم، ستاروں سے سعد ونحس معلوم کرنا

تنخواہ: مو، در ماسہ، مشاہرہ، ماہانہ وظیفہ جو ملازمت کے عوض دیا جائے

تنخواہ دار: تنخواہ پانے والا، ملازم، نوکر، چاکر، خدمت گار

تند: تیز، غضب، غصیلا، سخت، شدید، پرزور، تلخ

تند خو: بدمزاج، بدخو، چڑچڑا، چھوٹی چھوٹی بات پر خفا ہونے والا

تند خوئی: بدمزاجی، تیز مزاجی

تند فہم: تیزی سے سمجھنے والا، زود رس

تند مزاج: تیز مزاج، معمولی بات پر جھگڑنے والا

تندور: روٹی پکانے کی بھٹی، تنور، بڑا چولھا

تندی: مو تیزی، چڑچڑا پن، سختی، غصہ بدمزاجی، شہوت

تنزل: مذ، زوال، گھٹاؤ، کمی، تخفیف، بربادی، تباہی

تنزہ: مذ، خالص ہونا، عیب سے پاک، جمع تنزہات

تنزیل: مو، نازل کرنا، اتارنا، وحی، الہام، قرآن مجید

تنزیہ: مو، بری باتوں سے دور رکھنا، عیب سے پاک کرنا، صاف کرنا، پاکیزگی، پاکی، صفائی، جمع تنزیہات

تنسیخ: مو، منسوخ کرنا، باطل کرنا، منسوخی، رد کرنا، تردید کرنا

تنظیم: مو، شعر کہنا، نظم لکھنا، موتی پرونا، درستی کرنا، انتظام، منظم جماعت، جمع تنظیمات

تنعم: مذ، ناز و نعمت سے زندگی بسر کرنا، عیش و آرام

تنفر: مذ، نفرت، بیزاری، کراہت، گھن

تنفس: مذ، سانس لینا، دم لینا، سانس پھولنا، دمہ

تنقیح: مو، کسی چیز کو زوائد اور عیوب سے پاک کرنا، خالص کرنا، تحقیق، جھگڑے کا فیصلہ کرنا، جمع تنقیحات

تنقیح طلب: جس میں تفتیش کی ضرورت ہو، فیصلہ ہونے والا

تنقید: مو، جانچ، پرکھ، تمیز، تبصرہ، نقد، نکتہ چینی، جمع تنقیدات

تنقیہ: مذ، صاف کرنا، پاک کرنا، فیصلہ، مقدمات کا فیصلہ کرنا، جُلاب لینا

تنک: تھوڑا، چھوٹا سا، ذرا سا، کمزور، اوچھا، بے حقیقت

تنک ظرف: کم ہمت، ذلیل، کمینہ، کم حوصلہ، اوچھا، ہلکا

تنک مایہ: بے حیثیت، تھوڑی پونجی والا، غریب، بے وقعت

تنک مزاج: بدمزاج، نازک مزاج، چڑچڑا، تند خو، تیز مزاج

تنکا: مذ، سوکھی گھاس کا ٹکڑا، کسی چیز کا ٹکڑا، ہلکا، کمزور، نازک، بے وقعت، بے مایہ

تنکا بھی پاس نہ رہنا: مفلس ہونا، غریب ہو جانا، کچھ بھی پاس نہ ہونا

تنکا نہ توڑنا: کچھ نہ کرنا، کاہل، متساہل، آرام طلبی

تنکے کا سہارا: بہت تھوڑی سی امداد، ذرا سی مدد، برائے نام سہارا

تنکیر: مو، بگڑا ہونا، خراب حالت کرنا، نامعلوم ہونا

تنگ: محدود، سکڑا ہوا، تھوڑا، غریب، لاچار، عاجز، مشکل، رنجیدہ

تنگ آنا: عاجز آنا، معذور ہونا، نفرت کرنا، گھبرا جانا

تنگ حال: مفلس، غریب، نادار، لاچار

تنگ دست: مفلس، غریب نادار، تہی دست

تنگ دل: کنجوس، بخیل، پست ہمت، کم حوصلہ، کم ظرف

تنگ دہن: چھوٹے منہ والا، غنچہ دہن، محبوب، دوست

تنگنائے: دشواری، دنیا، خشکی کا علاقہ

تنگ: مذ، چھوٹے سنہ کا برتن، فوجی دستہ، حفاظتی دستہ

تَنور: مذ، روٹیاں پکانے کی بھٹی، بڑا چولہا

تنوع: مذ، کئی قسم کا، پہلودار، کئی رنگ کا، گونا گونی، مختلف رنگوں کا، وسعت

تنومند: تندرست، صحت مند، ڈیل ڈول والا، خوب صورت جسم، مضبوط اور قوی بدن

تنویر: مو، چمک، نور، روشنی، کھلنا، شگفتہ ہونا، چراغاں

تنوین: منوّن کرنا، دو زبر یا دو زیر یا دو پیش لگانا

تنہا: اکیلا، مجرّد، ایک، لاشریک، لاثانی، صرف، فقط، جدا، الگ

تَواب: مذ، توبہ قبول کرنے والا

تواتر: مذ، برابر، لگاتار، مسلسل

توارد: مذ، ذہن میں ایک ساتھ پیدا ہونا

تواضع: مو، میزبانی، خاطر مدارات، مہمان نوازی

توام: مذ، جڑواں بچے

تواں: مذ، زور، قوت، طاقت

توانگر: مو، دولت مند، مالدار

توبہ: مو، ندامت، پشیمانی، شرمندگی کا احساس

توحید: مو، ایک خدا کو ماننا، وحدانیت

تودہ: مذ، ٹیلا، ڈھیر، انبار

تورہ: مذ، خوان، لذیذ کھانوں کا مجموعہ

توریت: مو، حضرت موسیٰ پر نازل ہوئی کتاب

تَوسن: مذ، گھوڑا، اسپ

توسیع: مو، پھیلانا، کشادگی، فراخی

توش: مذ، قوت، طاقت، بدن

توشہ: مذ، زادِ راہ، سفر کا کھانا

توشیح: مو، سجانا، آرائش کرنا، سنوارنا

توضیح: مو، صاف صاف کہنا، کھول کر بیان کرنا

توقع: مو، بھروسا، امید، آس

توقیر: مو، احترام، عزت، تعظیم

توکل: مذ، بھروسہ، صبر، اعتماد

تولیت: مالک بنانا، حاکم بنانا، ولی بنانا

توہّم: مذ، شک، گمان، وسواس

تہجد: مذ، شب بیداری، رات کی نماز

تہذیب: مو، شائستگی، ثقافت، پاکیزگی

تُہمت: مو، جھوٹا الزام، بہتان

تہوّر: مذ، جواں مردی، بہادری، دلیری

تیراک: مذ، تیرنے والا، شناور

تیرگی: مو، اندھیرا، تاریکی، سیاہی

تیز گام: تیز چلنے والا، دوڑنے والا

تیشہ: مذ، بسولا، لکڑی چھیلنے کا اوزار

تیغ: مو، تلوار، شمشیر

تیماردار: مذ، خیال رکھنے والا، خبر گیر

تیمم: مذ، پانی نہ ملنے کی صورت میں صاف مٹی سے وضو کرنا

ٹ

ٹیک: زخم کی ٹیس، ٹیکن

ٹھکارنا: جانوروں کو ہانکنا، آگے بڑھانا

ٹٹو: مذ، چھوٹا گھوڑا

ٹٹولنا: ہاتھ سے کسی چیز کو ڈھونڈنا، تلاش کرنا، کھوجنا

ٹخنہ: مذ، پاؤں کی موٹی ہڈی جو پنڈلی کے اوپر ہوتی ہے

ٹڈا: مذ، ایک قسم کا پتنگا جو گھاس میں پایا جاتا ہے

ٹڈی: مو، ایک قسم کا پتنگا جو فصلوں کو چٹ کر جاتا ہے

ٹر: مو، چیخ، آواز، مینڈک کی آواز، بکواس بہادری

ٹرانا: ٹرٹر کرنا، مسلسل بولنا، سخت کلامی کرنا

ٹکاؤ: مذ، دیرپا، مضبوط، پائدار

ٹکٹکی باندھنا: لگاتار دیکھتے رہنا، گھورتے رہنا، پلک جھپکائے بغیر دیکھتے رہنا

ٹکر لینا: مقابلہ کرنا، ہمسری کرنا، شرط رکھنا، چوٹ لگنا یا سہنا

ٹکراتے پھرنا: تلاش کرنا، ڈھونڈنا، راستہ میں ملاقات ہونا

ٹکسال: مستند اور بول چال کے الفاظ، مروّج زبان، اہل زبان کا استعمال، دارالضرب، سکہ بنانے کی جگہ

ٹل جانا: ہٹ جانا، گذر جانا، بھاگنا، غائب ہونا، باز رہنا

ٹمٹمانا: ہلکی روشنی دینا جھلملانا، قریب الموت

ٹنٹا: مذ، فساد، جھگڑا، لڑائی، تکرار، بحث و مباحثہ

ٹنڈا: مذ، ہرے رنگ کی ایک سبزی

ٹوپ: بڑی ٹوپی، انگریزی ٹوپی

ٹوپی اُچھالنا: اظہار خوشی، اظہار مسرت

ٹوٹ پڑنا: یکا یک حملہ کرنا، دھاوا بولنا، مشغول ہونا

ٹوکنا: مزاحم ہونا، پوچھ گچھ کرنا، روکنا، تنبیہ کرنا، نظر لگانا

ٹہل: خدمت، ملازمت، نوکری

ٹوہنا: ڈھونڈنا، تلاش کرنا، کھوج کرنا، ٹٹولنا، تحقیق کرنا، سراغ لگانا

ٹہنی: مو، شاخ، ڈالی

ٹیپ: اونچی آواز، سُر، الاپ، مسدس، مخمس، مثلث کے بند کا آخری مصرعہ

ٹیپنا: لکھنا، درج کرنا، دبا ڈالنا، دبا دینا

ٹیسنا: شدید درد کا اٹھنا، بار بار درد کا ہونا

ٹیکا: ماتھے کی بندی، سہاگ کی علامت، ماتھے کا زیور، نقشہ

ٹھاٹ: شان و شوکت، ناز و انداز، کرّوفر، لاؤ لشکر، سجاوٹ، بھیڑ بھاڑ

ٹھاٹ باٹ: کروفر، آرائش، جاہ و جلال، آن بان

ٹھاٹھیں مارنا: سمندر کی موجوں کا شور، طغیانی

ٹھالہ: بیکار، سندا، مفلسی، غربت

ٹھانسنا، ٹھونسنا: دبا کے بھرنا، مضبوط یا پختہ کرنا

ٹھاننا، ٹھان لینا: پکا ارادہ کرنا

ٹھٹھا لگانا: قہقہہ لگانا، زور سے ہنسنا، چھیڑنا، آوازہ کسنا

ٹھٹھے باز: مسخرہ، خوش طبع، ظریف، پر مزاح

ٹھٹھرنا: ٹھنڈک لگنا، سردی کھانا، سکڑنا، مرجھانا

ٹھٹھکنا: جھجکنا، یکا یک رک جانا، خوف یا اندیشہ پیدا ہونا، توقف کرنا، ہچکچانا

ٹھٹھول: چھیڑ چھاڑ، ہلکی مذاق

ٹھٹھری: سو، ٹھوڑی، زنخدان، ذقن

ٹھس: سست، کور مغز، کند ذہن

ٹھسّا: مذ، غرور، تکبر، آرائش، شان و شوکت، ٹھاٹ باٹ

ٹھسا ٹھس: کھچا کھچ بھرا ہوا، ازدحام

ٹھسک: مو، خشک کھانسی کی آواز، شان و شوکت

ٹھکانا: جگہ، مقام، نشان، پتہ، سراغ، گھر، مکان، ڈیرہ، مرکز، ملاقات، بھروسہ، اعتماد، انتہا

ٹھگ: مذ، چور، لٹیرا، ڈاکو، دغاباز، فریبی، جعل ساز

ٹھلیا: چھوٹا گھڑا، کٹوری

ٹھمری: مو، دیہاتی بولوں کا گیت، ہندی شاعری کی ایک بحر

ٹھمکنا: خرام ناز سے، ناز و انداز سے چلنا، مستانہ چال

ٹھنٹھا: مقابلہ ہونا، مڈبھیڑ ہونا، متصادم ہونا، ٹکرا ہونا

ٹھوکر: چلتے میں پاؤں پر کسی چیز سے چوٹ لگنا، نقصان، خسارہ، خانہ خرابی

ٹھیکری: مو، ٹھیکرے کے چھوٹے ٹکڑے، خزف

ٹھیلنا: دھکیلنا، ریلا دینا، ہٹانا، ٹہوکا دینا

ث

ثلاثہ: مکمل، برقرار، مستحکم، تصدیق شدہ، درست، گردش نہ کرنے والا ستارہ، پائیدار

ثابت قدم: مستقل مزاج، عہد کا پکا، حوصلہ مند، مستحکم

ثاقب: درخشاں، روشن، چمک دار

ثالث: نذ، تیسرا شخص، حکم، منصف، پنچ، بچولیا

ثانی: نذ، دوسرا شخص، مثال، مانند، نظیر، مقابل، ہمسر

ثانیاً: دوسرا، دیگر یہ کہ، مزید برآں

ثانیہ: نذ، لمحہ، پل، لحظہ، سکنڈ

ثبات: نذ، قرار، قیام، استحکام، استقلال، پائداری، ارادے کی مضبوطی

ثبت: مو، تحریر، نقش، نوشت، مہر

ثمر: نذ، روکنا، مداخلت کرنا، باہر کرنا، کھینچنا، تباہ کرنا

ثبوت: نذ، شہادت، گواہی، دلیل، دوام، مضبوطی، تصدیق

ثبور: برباد کرنے والا، تباہ کرنے والا، ویران کرنے والا

ثدی: مو، سینہ، پستان، چھاتی

ثر: علاحدہ کرنا، بکھیرنا، منتشر کرنا

ثرد: ہلکی بارش، ایک بوٹی کا نام

ثروت: مو، دولت، مال کی کثرت، اختیار و حکومت

ثریٰ: نذ، گہرائی، گیلی مٹی، زمین کے نیچے کی مٹی

ثریا: نذ، پروین، ستاروں کا جھرمٹ، جھمکا

ثریان: نم، بھیگا، تر، مرطوب، بارش کی نمی

ثرید: نذ، شوربے میں بھگوئے ہوئے روٹی کے ٹکڑے

ثعلب مصری: مو، ایک درخت کی جڑ جو دوا میں کام آتی ہے

ثغور: نذ، ثغر کی جمع، شاہراہ، شہر پناہ، فصیل، سرحد، سامنے کے دانت

ثقات: نذ، ثقہ کی جمع، معتبر لوگ، مستند

ثقافت: مو، دانش مند ہونا، اچھا ہونا، تہذیب، تمدن

ثقالت: مو، گرانی، بھاری پن، بوجھ، بدہضمی کے سبب بھاری پن

ثقہ: نذ، معتبر و مستند اور معتمد آدمی، سچا آدمی، شریف آدمی

ثقیل: وزنی، گراں، بھاری، بوجھل، دیر ہضم

ثلث: نذ، تہائی، تیسرا حصہ

ثم: پھر، پیچھے، بعد میں

ثمار: نذ، ثمر کی جمع، میوے، پھل

ثمر: نذ، پھل، میوہ، فائدہ، پیداوار، انجام، نتیجہ

ثمر دار: پھل دار، پھلوں سے لدا ہوا

ثمرہ: نتیجہ، بدلہ، حاصل، فائدہ

ثمن: نذ، قیمت، قدر، مول

ثمن: نذ، آٹھواں حصہ

ثمانیہ: نذ، آٹھ (8)

ثمود: ایک قدیم عربی قبیلہ جو صالح کی نافرمانی سے

عذاب کا مستحق ہوا

ثمیر: مکھن، بالائی، ملائی

ثنا: مو، تعریف، توصیف، ستائش، حمد

ثناخوان، ثناگر، ثناگستر: تعریف کرنے والا، مداح، حمد کرنے والا، توصیف کرنے والا

ثواب: مذ، اچھے کام کے بدلے میں اجر، نیکی کا بدلہ، بھلائی، نیکی

ثولت: مذ، ثابت کی جمع، ٹھہرا ہوا

ثوب: مذ، لباس، پوشاک، کپڑا، جمع ثیاب

ثور: مذ، بیل، سانڈ، گاؤنر، آسمان کا دوسرا بُرج، جمع ثیار

ج

جا: مو، جگہ، مقام، ٹھکانہ، موقع، گنجائش، مصدر جانا سے فعل امر

جابجا: ہر کہیں، ہر جگہ، جگہ جگہ

جابر: ظالم، آمر، خودسر، زیادتی کرنے والا

جانشین: نائب، قائم مقام، ولی عہد

جانماز: مذ، مصلیٰ، نماز پڑھنے کی چٹائی یا فرش

جائے ضرور: مذ، بیت الخلا، پاخانہ، ٹٹی

جاٹ: مذ، کاشت کار، بھولے بھالے، دیہاتی، ہندوؤں کی ایک ذات

جاجم: مو، فرش، بیٹھنے کا کپڑا، چھپایا ہوا لمبا چوڑا کپڑا

جادو: مذ، افسوں، فسون، ٹونا، ٹوٹکا، منتر

جادو رقم: جادو کی تاثیر رکھنے والا کاتب

جادوگر: جادو کا جاننے والا، ساحر، اثر رکھنے والا

جادّہ: مذ، راستہ، راہ، سڑک، پگڈنڈی، رسم ورواج، دستور، طریقہ

جاذب: جذب کرنے والا، سوکھ لینے والا، سوختہ، سیاسی چوس، سیاہی سوکھ

جاذبہ: مو، جذب کرنے والی قوت، کشش، محبت، حسن، قوت کشش

جار: ہمسایہ، پڑوسی، جوش وخروش، تیزی، تندی

جارح: حملہ کرنے والا، زیادتی کرنے والا، زخمی کرنے والا

جارحیت: زیادتی، ناجائز حملہ، بددیانتی

جاروب: مو، جھاڑو، صفائی

جاروب کش: خاکروب، بھنگی، مہتر

جاری: بہتا ہوا، رواں، رائج، مروج، مسلسل

جاریہ: مو، لونڈی، باندی، کنیز، بیٹی

جاڑا: ٹھنڈک، خنکی، سردی، سردی کا موسم، تپ لرزہ

جاسوس: مذ، بھیدی، مخبر، خفیہ نویس

جاگزین: دل میں بیٹھنا، ذہن نشین ہونا

جاگیر: مو، بادشاہ یا حکومت کی جانب سے انعام واکرام کے طور پر ملنے والی زمین

جاگیردار: جاگیر کا مالک، متعلقہ دار، انعام یافتہ

جال: مذ، دام، پھندا، حلقہ، گھیر، باریک کپڑوں پر بیل بوٹے کشیدہ کاری

جال میں آنا، جال میں پھنسنا: فریب کھانا، دام میں آنا، گرفتار ہونا

جالا: مذ، مکڑی کا تانا بانا، تار عنکبوت، آنکھ کی ایک بیماری

جالی: سوراخ دار کپڑا، حلقہ دار چیز، کشیدہ کاری کی ہوئی، چھینکا

جالینوس: مذ، یونان کا ایک مشہور حکیم

جام: مذ، پیالہ، ساغر، قدح، کٹورہ، پیمانہ

جامِ جم، جامِ جمشید: ایران کے بادشاہ جمشید کا روایتی پیالہ جس میں دنیا کے حالات کا عکس نظر آتا تھا

جام چڑھانا: شراب پینا، شراب نوشی کرنا

جامِ سفال: آبخورہ، کوزہ، مٹی کا پیالہ

جامد: ٹھوس، جما ہوا، پتھر

جامع: جمع کرنے والا، مکمل کرنے والا، تمام کرنے والا، وہ مسجد جس میں جمعہ ہوتا ہے

جامع العلوم: علوم کا خزانہ، دائرۃ المعارف، انسائیکلوپیڈیا

جامعہ: مو، یونیورسٹی، دانش گاہ، دارالعلوم

جامعیت: مو، جس میں سب کچھ موجود ہو، مکمل، ہمہ گیری

جامہ: مذ، کپڑا، لباس، پوشاک

جامہ زیب: خوش پوش، اچھے لباس پہننے والا، جس پر لباس اچھا لگے

جامہ سے باہر ہونا: آپے سے باہر ہونا، بے حد خوش ہونا، پھولا نہ سمانا، باغ باغ ہونا، بے حد غضب ناک ہونا

جامہ میں پھولا نہ سمانا: بہت خوش ہونا، باغ باغ ہونا

جان: زندگی، روح، قوت، حوصلہ، ہمت، جوہر، بہت پیاری چیز، محبوب، حسن، سجاوٹ

جان آفریں: مذ، زندگی دینے والا، پیدا کرنے والا، خالق، خدا

جانب: سمت، طرف، جہت، پاس

جان باز: مد، بہادر، شجاع، جان پر کھیلنے والا، دلیر، بے باک

جان بچی لاکھوں پائے: سلامتی ہی سب سے بڑی نعمت ہے، تکلیف سے نجات ملنا، مصیبت سے بچنا

جاں بحق ہونا: رحلت کرنا، موت آنا، کوچ کرنا

جاں بخشی: معافی، درگذر، سزا سے بری کرنا

جاں بَر ہونا: موت کے منہ سے نکلنا، محفوظ رہنا، نئی زندگی پانا

جاں بلب ہونا: قریب مرگ ہونا، جاں کنی کے عالم میں ہونا

جان بیچنا: لالچ یا خوف کی وجہ سے وہ کام کرنا جس میں جان کا نقصان ہو

جان پر بن جانا: مصیبت میں گرفتار ہونا، خطرے میں ہونا، آزمائش میں ہونا

جان پر کھیلنا: وہ کام جس میں زندگی سے ہاتھ دھونے کا اندیشہ ہو، کسی بڑے مقصد کے لیے زندگی کو قربان کر دینا

جان پڑنا: نئی زندگی پیدا ہونا، قوت آجانا، تیز رفتار ہو جانا، روح پڑنا، شاداب ہونا، بیماری سے صحت یاب ہونا، شاد کام ہونا، دکھائی پڑنا، معلوم ہونا

جان پہ گذرنا: مصیبت میں مبتلا ہونا، تکلیف سے دوچار ہونا

جان توڑ کر: بہت محنت مشقت سے، سخت محنت سے

جان جوکھم: اندیشہ، خوف، خطرہ، ہار، مصیبت

جانِ جہان: دوست، معشوق، محبوب

جان چُرانا: مشقت سے بچنا، پہلوتہی کرنا، ٹالنا

جان چھڑکنا: بہت زیادہ چاہنا، پیار کرنا، فریفتہ ہونا، محبت دکھانا

جان حاضر ہونا: ہر طرح سے مدد کے لیے آمادہ ہونا، قربانی کے لیے اپنے کو پیش کرنا

جان دُوبھر ہونا: زندگی سے بیزار ہونا، موت کی دعائیں مانگنا

جان سوز: جی جلانے والا، تکلیف دینے والا، دوست

جان فرسا: خون سکھانے والا، ڈراؤنا، خوفناک

جان فزا: دل کو فرحت خوشی اور مسرت دینے والا

جان فِشانی: جان قربان کرنا، محنت کرنا، جفاکشی کرنا، زور کرنا

جان کا جنجال: وبال جان، گراں خاطر، مشکل، دوبھر

جان کاہ: جاں گداز، زندگی کم کرنے والا، دردانگیز

جان کنی: نزع کی حالت، موت کا وقت، سانس کا اکھڑنا، اذیت، دم توڑنا

جان گداز: زندگی کو گھلانے والا، تکلیف دہ، اذیت ناک

جان گُسل: زندگی کو گھٹانے والا، اذیت ناک

جان لڑانا: موت کو دعوت دینا، بے انتہا کوشش کرنا، جدوجہد کرنا

جانِ من: میری زندگی، پیارے اور عزیز کے خطاب کرنے کے لیے بولا جاتا ہے

جان میں جان آنا، پڑنا: قرار آنا، تسلی ہونا، خوشی حاصل ہونا

جاں نثار: جان چھڑکنے والا، زندگی قربان کرنے والا، دوست، عزیز

جان ہے تو جہان ہے: زندگی کے ساتھ ہی دنیا کا عیش وآرام ہے

جان کر انجام بننا: معلوم ہونے کے باوجود لاعلمی ظاہر کرنا، جان بوجھ کر ناواقف بننا

جانا بوجھا: اچھی واقفیت، پوری طرح دیکھا بھالا

جاناں: دوست، محبوب، معشوق

جانانہ: دوست سے منسوب، دل آویز، دل کش

جانبین: مذ، فریقین، دونوں طرف کے لوگ، طرفین

جانگ: زانو، ران

جانگیہ: مذ، لنگوٹ، کچھا

جانور: مذ، جاندار، چوپائے، حیوان، احمق

جانی دشمن: جان کا دشمن، قاتل، ظلم

جاودان: ہمیشہ ہمیشہ رہنے والا، قائم، باقی، لافانی

جاوید: لافانی، ہمیشہ رہنے والا، دائم وقائم، برقرار

جاہ: مو، درجہ، منصب، مرتبہ، عزت، عظمت، شان، شکوہ

جاہ وجلال: دبدبہ، شان وشکوہ، عظمت وجلال

جاہ ومنصب: وقار، مرتبہ، شان، اونچا عہدہ

جاہل: اَن پڑھ، وحشی، اُجڈ، غیر مہذب، بداخلاق، اناڑی، کندہ ناتراش، اکھڑ

جائداد: مو، زمین، مکان، ملکیت، زیور، تیار فصل

جائز: مناسب، درست، واجب، حق، شرع وقانون کے مطابق، صلبی، اصلی

جائزہ: مذ، انعام، صلہ، تحقیقات، شمار، جانچ پڑتال

جائفہ: چاقو مارنا، گہرا زخم

جائی: مو، لڑکی، بیٹی، دختر

جب: جس وقت، درآں حالیکہ، تب، ہرگاہ

جب نہ تب: وقت بے وقت، وقتاً فوقتاً، بارہا، اکثر

جبّار: جبر کرنے والا، زبردست، خدا تعالیٰ کا صفاتی نام

جبال: مذ، جبل کی جمع، پہاڑ، کوہ، کوہستان

جبر: مذ، جور وستم، ظلم، سختی، طاقت

جبراً وقہراً: چاروناچار، زبردستی، مجبوراً

جبرئیل: خدا کے چار قریبی فرشتوں میں سے ایک کا نام جو پیغمبروں کے پاس وحی لاتے تھے

جبروت: مو، جاہ وجلال، قدرت، بزرگی، طاقت، غرور، پندار

جبریہ: زبردستی، جبر کرکے، مجبور کرکے

جبلت: مو، اصلی طبیعت، سرشت، فطرت، خلقت

جبلی: پیدائشی، طبعی، اصلی، فطری

جُبّہ: مذ، ایک لمبا اور ڈھیلا لباس، چوغہ

جبین: مو، ماتھا، پیشانی، ناصیہ

جپ جی: گرو گرنتھ کا پہلا حصہ

جتن: جدوجہد، کوشش، دوڑ دھوپ، تدبیر، علاج، چارہ، خبرداری

جتھا: مذ، جماعت، ٹولی، گروہ، غول، فرقہ، ہجوم، طاقت

جٹا: مو، سادھوؤں کے جمے ہوئے سر کے بال، درختوں کی ڈاڑھی

جُڑنا: گٹھ جانا، شامل ہو جانا، جڑ جانا، مل جانا، سازش کرنا

جثّہ: مذ، بدن، جسم، قالب، ڈھانچہ، جسامت

جَحیم: مو، دوزخ، دہکتی ہوئی آگ، آگ کی لپٹ

جدّ: مذ، دادا، نانا، جمع اجداد

جدّ: مو، کوشش، سعی، دوڑ دھوپ، جاں فشانی

جُدا: تنہا، الگ، علاحدہ، انوکھا، عجیب، طرح طرح طرح کا

جُداگانہ: علاحدہ علاحدہ، فرداً فرداً، الگ الگ

جدال: مو، جنگ، رزم، لڑائی، بحث و تکرار

جُدائی: مو، فراق، فرقت، ہجر، ہجراں، علاحدگی

جدّت: مو، نیاپن، تازگی

جدوَل: مو، پانی کی نہر، کائی، کیاری، نقشہ، نالہ، فہرست

جدّہ: نانی، دادی، سعودی عرب کا ایک مشہور شہر

جدّی: جدّ سے منسوب، باپ دادا کی اولاد، موروثی، آبائی

جدید: تازہ، نیا، نئی، زمانہ حال کا، قدیم کی ضد

جُذام: مذ، کوڑھ، ایک بیماری جو خون کی خرابی سے پیدا ہوتی ہے جس میں ہاتھ پاؤں سڑنے لگتے ہیں

جذب: کشش، کھینچنا، چوسنا، درویشوں کی خاص حالت

جذبات: مذ، جذبہ کی جمع، امنگ، خواہش، جوش

جذباتی: جو بہت جلد اثر قبول کر لے

جذبہ: مذ، کشش، ولولہ، امنگ، جوش

جذر: اصل، جڑ، بنیاد، گاجر

جَر: مذ، کھینچاؤ، کسرہ، بنیاد، نچلا حصہ

جَرثقیل: مذ، بھاری بوجھ یا وزن کھینچنے یا اٹھانے کا آلہ

جُراب: مو، پاؤں میں پہننے کا موزہ

جُرأت: مو، دلیری، بے باکی، شجاعت، بہادری، حوصلہ، شوخی، چالاکی

جَراثیم: مذ، جرثومہ کی جمع، چھوٹے چھوٹے کیڑے جو بیماریاں پیدا کرتے ہیں

جَرّاح: مذ، زخموں اور پھوڑے پھنسیوں کا علاج کرنے والا، نشتر لگانے والا

جَراحت: مو، گھاؤ، زخم، پیرا

جَرّار: مذ، بھاری لشکر، بہادر سپاہی، بے باک، نڈر

جَرائد: مذ، جریدہ کی جمع، اخبارات، رسالے روزنامے، چھوں سے خالی شاخ کھجور

جَرائم: مذ، جریمہ کی جمع، بہت سے جرم، خلاف

جرائم پیشہ: مذ، چور، جیب تراش، غنڈہ

جرثومیات: مو، جراثیم کا علم

جرح: مذ، گھاؤ، چوٹ، نمک پانی، الزامات، مقدمے کی بحث، ردّوقدح

جرس: گھنٹہ، بانگ درا، درائے کاروان

جرعہ: گھونٹ، ایک بار پینے کی مقدار

جرعہ کش: شراب خوار، ٹھہر ٹھہر کے پینے والا

جرگہ: مذ، جماعت گروہ مجمع، انبوہ، گلہ، ریوڑ

جرم: مذ، جسم، بدن، جثہ، جمع اجرام

مجرم: مذ، گناہ، خطا، قانون کے خلاف، قابلِ سزا، جمع جرائم

مجرمیات: مو، جرائم کی تفتیش کا علم

جری: مذ، نڈر، بے باک، بہادر، شجاع

جریان: مذ، رسنے کا عمل، روانی، وہ بیماری جس میں پیشاب کے ساتھ پہلے یا بعد میں منی نکلتی ہے

جریب: مو، زمین ناپنے کا آلہ

جریدہ: تنہا، اکیلا، بہی کھاتہ، روزنامہ، رسالہ، خبرنامہ

جڑ پکڑنا: مستحکم ہو جانا، قوی ہو جانا، مضبوط ہو جانا، پودے کا زمین میں مضبوط ہو جانا

جڑ کاٹنا: نقصان پہنچانا، برباد کرنا، برائی چاہنا، حسد کرنا

جڑوں میں پانی دینا: تباہ کرنا، نقصان پہنچانا، بربادی کے لیے سازش کرنا

جڑاؤ جڑول: گرم کپڑے، جاڑے میں پہننے کے کپڑے

جڑاؤ: مرصع، ہیرے جواہرات سے بنا ہوا

جڑنا: شامل کرنا، ملانا، جواہرات بٹھانا، چغلی کرنا، غیبت کرنا

جڑنا: پیوستہ ہونا، شامل ہونا، چپکنا، ملنا، شریک ہونا، مباشرت کرنا، میسر ہونا

جُز: علاوہ، سوائے، بنا، بدون، بغیر، قطع نظر، جمع اجزا

جُز بندی: کتاب کے صفحات کو ایک ساتھ سینا، شیرازہ بندی کرنا

جُزدان: قرآن شریف رکھنے کا بستہ

جُزرس: کفایت شعار، نجیل، کنجوس، ذہین، نکتہ سنج، باریک باتوں کا خیال کرنے والا

جزا: ثواب، بدلہ، انعام، صلہ، اجر، نتیجہ، حاصل

جزاف: قیاس، تخمینہ، اندازہ، خرید و فروخت میں اندازہ کی قیمت، بغیر ناپ تول کے تخمینہ

جزاک اللہ: دعائیہ کلمہ، خدا تجھے اس نیکی کا صلہ دے، مرحبا، شاد باش

جزائی: قابلِ تعزیر، غیر مستحکم، تبدیلی

جزائر: جزیرہ کی جمع، خشکی کا وہ چھوٹا علاقہ جو چاروں طرف سے پانی میں گھرا ہوا ہو

جزبز: ناگوار خاطر ہونا، بدظن ہونا، ناک بھوں چڑھانا، ترش رو ہونا

جزر: مذ، سمندر کے پانی کا اتار، مد کا الٹا، جوار بھاٹا

جُزم: مصمم، اٹل، مضبوط، پکا، ساکن حرف کو بھی جزم کہتے ہیں

جُزو: مذ، پارہ، ٹکڑا، حصہ

جُزوی: جزو سے متعلق، بہت تھوڑا سا

جُزویات، جزئیات: مذ، جزوی کی جمع، حصے، ٹکڑے، فروعات

جزیرہ نُما: زمین کا وہ حصہ جس کے تین طرف پانی ہو اور ایک طرف خشکی کے علاقے سے ملتا ہو

جزیہ: مذ، غیر مسلم رعایا سے ان کے جان و مال کی حفاظت کے عوض وصول کیا جانے والا محصول، خراج

جس رَس: ہر ایک، ہر کس و ناکس، بھلا برا ہر طرح کا، چھوٹا بڑا

جَسارت: مو، جرأت، ہمت، بہادری، دلیری، جواں مردی

جَستاس: بہت کھوج کرنے والا، تلاش و جستجو کرنے والا، مخبر، جاسوس

جَسامت: مو، موٹاپا، فربہی، لمبائی چوڑائی اور گہرائی، ڈیل ڈول

جُسام: ڈیل ڈول والا، قد و قامت والا

جَست: مذ رستا، ایک معمولی دھات کا نام

جَست: پھاند، اچھل کود، چھلانگ، پھلانگ، چوکڑی

جُستجو: مو، تلاش، تحقیق، کھوج، ٹٹول

جستہ جستہ: ٹکڑے ٹکڑے، کم کم، کہیں کہیں سے

جَسَد: مذ، بدن، جسم، تن، جمع اجساد

جَسدِ خاکی: لاش، نعش، مردہ، مرا ہوا

جَسّور: لمبا، مضبوط، بہادر، دلیر، پُل

جَسگ: تکلیف، رنج، غم، عداوت، جانی دشمن

جِسم: مذ، تن، ڈیل ڈول، جمع اجسام

جِسمانی: جسم سے متعلق، بدنی، جسم کا

جَسیس: مذ، مخبر، جاسوس، خفیہ، خبر رساں

جَسیم: موٹا، فربہ، تنومند

جَش: پیسنا، زدوکوب، صاف کرنا

جَشر: جانوروں کو چراگاہ کی طرف ہانکنا، وہ چوپائے جو رات کو بھی آزادی سے چراگاہ میں چرتے رہتے ہیں

جَشع: لالچ، حرص، طمع، آز، ہوس

جَشم: سخت محنت، جدوجہد، انتھک کوشش

جَشن: مذ، تقریب، خوشی کی محفل، دعوت یا جلسہ، مسرت، نشاط، مبارک باد کی محفل

جَشنِ سیمین: کسی ادارہ کا پچیس سالہ یادگاری جلسہ

جَشنِ صَد سالہ: کسی ادارہ یا شخصیت سے متعلق صد سالہ یادگاری جلسہ

جَشنِ طلائی: کسی ادارہ کا پچاس سالہ یادگاری جلسہ

جَشو: پریشان خاطر ہونا، مغموم ہونا، دل برداشتہ ہونا، متلی آنا

جَشیب: روکھا سوکھا کھانا، بچا کھچا، دیر ہضم

بعال: صافی، جھاڑن، وہ کپڑا جس سے گرم برتن چولھے سے اتارے جاتے ہیں

بَعثَر: چھوٹا، مختصر، بونا، بالشتیہ

بَعثَہ: مو، بالوں کی لٹ، جوڑا، چوٹی، گھنگھریالے بال

بَعثَہِ مشکیں: کالے بال، کالی چوٹی

بَعثر صادق: اہل تشیع کے بارہ اماموں میں سے ایک امام

بَعثری: مو، زرد گیندے کی ایک قسم، اچھا سونا، اشرفی بگل اشرفی

بَعثل: مذ، فریب، دغا، تصنع، سازش، جھوٹ، دھوکہ

بَعثل ساز: دھوکہ باز، فریبی، جل دینے والا

بَعثم: خواہش، آرزو، لالچ، کھانے کی زیادہ خواہش

بَعثر: مینڈک

بَعثرات: مذ، وہی

بَعثرافیہ: مذ، وہ علم جو زمین، خلا، زیر زمین نباتات، حیوانات اور انسانوں سے متعلق ہو

بَعث: گروہ، انسان کا جسم، بڑی تعداد، کھوکھلا

بَعثا: مو، ناانصافی، زیادتی، ظلم، جور، سختی

بَعثا پیشہ، بَعثا جو، بَعثا شعار، بَعثا کار، بَعثا گستر: ظالم، ستمگر مجازاً معشوق، محبوب

بَعثا کش: محنتی، سخت کوش، بے حد مشقت کرنے والا

بَعثف: مذ، جوڑا، طاقت کی ضد، وہ عدد جو برابر تفریق ہو جائے، جوتے، ہم پایہ، ہم پلہ

بَعثف ساز: جوتے بنانے والا، موچی

بَعثفتہ: خمیدہ، کبڑ، ٹیڑھا، جھکا ہوا، دوہرا، جھریوں دار، شکن والا

بَعثر: مذ، غیب کا حال بتانے والا علم

جکڑنا: مضبوطی سے باندھنا، کس کر باندھنا، جھکڑی لگانا، رسّی سے باندھنا

جَگ: مو، جہان، عالم، دنیا، لوگ

جَگ بیتی: لوگوں پر گذرنے والی عصری حالت، سرگذشت، قصہ، کہانی

جَگ ہنسائی: بدنامی، رسوائی، بے وقعتی

جُگ: مذ، زمانہ، عہد، دَور، قرن، مدت

جُگ جُگ: ہمیشہ، ہمیشہ، دوام، سدا، لافانی

جُگت: مذ، عالم، زمانہ، دنیا، سنسار، کنویں کی منڈیر

جگر: مذ، کلیجہ، جی جان، حوصلہ، قوت

جگر افگار، جگر فگار: دل فگار، زخمی دل، دُکھا ہوا دل

جگر بند، جگر پارہ، جگر گوشہ: دل کا ٹکڑا، پیارا، بیٹا، فرزند، معشوق

جگر تاب: کلیجہ گرم کرنے والا، عزیز، معشوق، بیٹا

جگر تھام کے بیٹھنا: قوت برداشت کا نہ ہونا، صدمے کی بات سننے کے لیے تیار ہونا

جگر خراش: تکلیف دہ، کلیجہ چھیلنے والا

جگر خون ہونا: تکلیف پہنچنا، صدمہ ہونا، حادثہ پہنچنا

جگر رکھنا: ہمت قائم رکھنا، حوصلہ رکھنا، دلیر ہونا

جگر سوز: ہم درد، غم گسار، شریک غم، رنج دینے والا، دل جلا

جگر کے پار ہونا: کاری زخم لگنا، بھرپور وار ہونا

جگری: اندرونی، سچا اور گہرا دوست

جگمگانا: روشن کرنا، چمکنا، چمکانا، روشن ہونا

جگہ جگہ: ہر جگہ، جا بجا

جل: مذ، پانی، آب

جلیل: عظیم، بزرگ، بڑا، عالی وقار

جل جلالہٗ، جل شانہٗ: اس کی عظمت اور شان بڑی ہے

جُل: مذ، فریب، دھوکہ، دغا، مکر، چالبازی

جُل دینا: فریب دینا، دھوکہ دینا، دغا کرنا

جلا بھُنا: غصے میں چور، خفا، ناراض، رنجیدہ

جلے پر نمک چھڑکنا: مصیبت یا تکلیف میں اضافہ کرنا

جلا: مو، چمک دمک، آب و تاب، روشنی، صفائی

جُلاب: دست لانے والی ایک دوا، مسہل

جلابیب: عورتوں کا نقاب، پردہ، منہ ڈھانکنے کی چادر، جلباب کی جمع

جلا جل: مذ، جھانجھ، دف، مجیرہ

جلاّد: مذ، کھال کھینچنے والا، پھانسی دینے والا، بے رحم، ظالم، جفا کار

جلادت: مو، ہمت، بہادری، شجاعت، جوانمردی

جلال: مذ، بڑائی، شان و شوکت، عظمت، رعب، دبدبہ، جوش

جلا وطن: دیس نکالا، ملک بدر، شہر بدر

جلب: حاصل کرنا، کشش کرنا، کھینچنا، لانا

جلد باز: جلدی کرنے والا، عجلت کرنے والا، تیزی سے کام کرنے والا

جلد: مو، چرم، کھال، چمڑا، پوست، کتاب کا پشتہ

جلسہ: مذ، محفل، انجمن، مجمع، نماز میں دو سجدوں کے درمیان بیٹھنا

جلق: مذ، ہاتھ کی مدد سے انزال کرنا، مشت زنی

جلن: مو، سوزش، تپش، گرمی، غصہ، حسد، رشک، دشمنی، عداوت، بیر

جلو: مو، لگام، ٹھاٹ باٹ، بھیڑ بھاڑ، آن بان، ہمرکابی، ساتھ

جلوخانہ: صحن، آنگن، ڈیوڑھی، صدر دروازہ کے سامنے کا میدان

جلوت: مو، سامنے، عام جگہ، مجمع، ظاہر کرنا، خلوت کی ضد

جلوس: مذ، مجمع کا اکٹھا ہونا اور راستے سے گزرنا، سواری نکلنا، آن بان کے ساتھ گزرنا، تخت نشینی، بیٹھنا

جلومہ: چراغ، شمع، قندیل

جلوہ: مذ، نمائش کرنا، اپنے کو ظاہر کرنا، نمودار ہونا،

دیدار، نور، تجلی، خرام ناز

جَلوہ آرا، جَلوہ افروز، جَلوہ فرما، جَلوہ گر، جَلوہ نما ہونا: ناز و انداز سے ظاہر ہونا یا منظر عام پر آنا

جَلوہ گاہ: تماشا گاہ، تجلی، ظاہر ہونے کی جگہ

جَلوہ گری، جَلوہ نمائی: تجلی کا اظہار، ناز و ادا کا نمایاں ہونا، حسن و آرائش کا اظہار

جَلی: مؤ، تحریر، صاف، نمایاں، واضح، روشن، خفی کی ضد

جَلیبی: ایک مشہور عام مٹھائی

جَلیس: مذ، ہم نشین، ہم مجلس، ہم صحبت، دوست، رفیق، جمع جلسا

جَلی کٹی: مو، طعن و تشنیع، دشمنی اور عداوت کی باتیں

جَلیل: مذ، جلال والا، بزرگ، افضل، اعلیٰ، عالی وقار، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام، جمع اجلاء

جَم: مذ، ایران کے ایک قدیم بادشاہ جمشید کا مخفف

جَم: پانی کا جمع ہونا، یا گڑھے کی طرف بہنا، پانی کی فراوانی، بہت زیادہ، کافی

جَمِ غفیر: لوگوں کا بڑا اجتماع

جماد: مذ، بے جان، پتھر، ساکت، نشوونما کی طاقت سے محروم، خشک موسم

جمادات: مذ، جماد کی جمع، بے جان چیزیں جیسے لوہا، سونا، کوئلہ، پہاڑ وغیرہ

جمادی الآخر، جمادی الثانی: قمری سال کا چھٹا مہینہ

جمادی الاولیٰ: قمری سال کا پانچواں مہینہ

جمار: مذ، حج کے وقت پھینکی جانے والی کنکریاں، پتھر کے ٹکڑے

جَماز: تیز رفتار اونٹ

جماش: خوش، مطمئن، فریب دینا والا، خمار والا

جماع: مذ، ہم بستر ہونا، مباشرت کرنا

جماعت: مو، تنظیم، گروہ، مجلس، فرقہ، نمازیوں کی صف، بھیڑ بھاڑ

جَمال: مذ، حسن، خوب صورتی، دل آویزی، کیفیت انبساط

جَمالستان: حسن کا مرکز، خوب صورتی کی فراوانی

جمان: آرام، راحت، سکون

جُمان: لکڑی کی ایک قسم، موتی، موتی کی طرح چمکدار

جَمائی: انگڑائی، جسم کا ٹوٹنا، تناؤ، منہ کا کھلنا

جماہیر: جمہور کی جمع، رعایا، عوام، سلطنت، قوم، فقہ کی اصلاح جس میں اختلاف نہ ہو

جمرہ: مذ، حج کے دوران کنکری پھینکنا، آگ کی چنگاری

جَمُوز: تیز گام، سفر، تیز رفتار اونٹ

جَمَس: برف، سرد

جَمش: سر کے بال مونڈنا، باریک آواز، پیار کرنا

جَمشید: مذ، قدیم ایران کے ایک بادشاہ کا نام جس کا جام جم ادب میں رمزیہ علامت ہے

جمع: مو، مذ، سب کے سب، تمام، جملہ، گروہ، پونجی، صرفہ، آمدنی، مال گذاری، انبار، جمع جموع

جمع الجمع: کسی لفظ کی جمع کی جمع، جیسے دوا کی ادویہ اور ادویہ کی جمع ادویات

جمع خرچ: آمدنی اور خرچ کا حساب کتاب

جمعدار: مزدوروں سے کام لینے والا، فوجی یا سپاہی کا ایک عہدہ، خاکروب، بھنگی کا سردار

جُمعرات: مو، جمعہ سے پہلے کا دن، پنجشنبہ

جُمعہ: مذ، جمعرات کے بعد کا دن، جس دن سارے مسلمان جمعہ کی باجماعت نماز پڑھتے ہیں، نماز جمعہ

جمعیت: مو، جماعت، تنظیم، لشکر، سپاہ، فراہمی، تسکین، تسلی

جمعیتِ خاطر: دل جمعی، اطمینان قلب، تشفی، تسلی

جَمل: مذ، ناقہ، اونٹ، سانڈنی، شتر، جمع جمال

جُمّل: مذ، حساب ابجد

جُملگی: مو، سب کا سب، تمام، پورا کا پورا

جُملہ: مذ، مکمل، تمام، سیزان، الفاظ وہ مجموعہ جس سے مفہوم پورا ہو جائے

جمود: مذ، جم جانا، رک جانا، ٹھہر جانا

جمہور: مذ عوام، قوم، باشندگان، رعایا، جمع جماہیر

جمہوریت: عوام کے منتخب نمائندوں کی حکومت

جمیل: مذ، خوب صورت، حسین، دل پسند

جمیلہ: مو، حسین، خوب صورت، پرکشش شکل وصورت والی

جن: مذ، خدا کی ایک مخلوق جو آگ سے بنی ہے، انس کی ضد، بھوت، پریت، دیو، آسیب، ہمزاد، سرکش، غصہ غضب والا، کفر

جناب: مذ، مو، خطاب کرنے کے لیے احترام کا لفظ، آپ، حضور، حضرت، قبلہ، دربار، دلیز، پناہ گاہ

جَنّات: مو، جنت کی جمع، باغ، روضہ

جِنّات: مذ، جن کی جمع، آسیب، دیو، پری وغیرہ

جناح: مو، پنکھ، پر، بازو

جنازہ: مذ، مردہ، جسم، تابوت، لاش، میت، جمع جنائز

جنازہ رواں: گھوڑی کی سواری

جنائی: مو، دائی کو انعام کے طور پر دی جانے والی رقم، بچہ جنانے والی

جُنبش: مو، حرکت، گردش، ہلنا جلنا

جنبہ: مذ، طرفداری، حمایت، پہلو

جنّت: مو، باغ، بہشت، جمع جنان وجنات

جنّت البقیع: مدینہ کا قبرستان جس میں بڑے بڑے صحابہ مدفون ہیں

جنّت الماویٰ: آرام کا باغ، باغ بہشت

جنجال: مذ، آفت، مصیبت، بکھیڑا، پریشانی، جی کا روگ

جنس: مو، قسم، نوع، ذات، صنف، جماعت، مال واسباب، غلہ، تذکیر وتانیث

جنسی: جنس سے متعلق، مرد عورت سے متعلق

جنسیات: عورت مرد کے تعلقات کا علم

جنگ: مو، دشمنی، عداوت، معرکہ، لڑائی

جنگ آزمودہ: جنگ کا تجربہ کار، دلیر، جواں مرد

جنگ جُو: لڑاکو، جنگ کا خوگر، فسادی

جنگِ زرگری: دولت اکٹھا کرنے کے لیے کی جانے والی لڑائی، جھوٹ موٹ کی لڑائی

جنگل: مذ، خودرو درختوں کا ہجوم، صحرا، بیابان، ویران، جھاڑی

جننا: بچہ پیدا کرنا، بچے کو جنم دینا

جنوب: مذ، دکھن

جنون: مذ، پاگل پن، سودا، دیوانگی، لگن، دھوم

جَو: مذ، گیہوں کی قسم کا ایک مشہور دانہ

جُو: نہر، ندی، نالہ

جوٗ: فضا، خلا

جُوا: مذ، بیلوں کے کندھے پر رہنے والی لکڑی، قمار بازی، پانسہ

جواب: مذ، سوال کے بارے میں بتانا، حل، مقابلہ، مثل، بدلہ، تردید، انکار

جوابِ دعویٰ: دعویٰ کا قانونی جواب

جواب دِہ: ذمہ دار، باز پرس کے قابل، مدعا علیہ

جواب و سوال: مناظرہ، بحث و مباحثہ، تکرار، حجت

جواب شافی: تشفی بخش جواب، پورا پورا جواب

جواب طلبی: باز پرس، مواخذہ، ذمہ داری کا احتساب

جواد: مذ، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام، سخی، فیاض، فراخ دل

جوار: مذ، پاس پڑوس، ہمسایہ، قربت، نزدیکی

جُوار: مو، مکئی، غلہ کی ایک قسم، سمندر کی لہروں کا اتار

جوارح: مذ، جارحہ کی جمع، انسانی جسم کے اعضا، بدن کے حصے

جوارش: مو، گوارش کا معرب، ہاضمہ کی دوا

جواز: مذ، اجازت، منظوری، جائز ہونا، برداشت، صحت

جوامع: مذ، جامعہ کی جمع، دانش گاہیں، دانش کدے

جوان: مذ، شباب میں داخل، طاقت ور، دلیر، بہادر، بالغ مرد یا عورت

جوانِ بخت: خوش بخت، خوش نصیب، اقبال مند

جواں سال: نوعمر، نوخیز، نوجوان، آغازِ شباب

جوانِ صالح: نیک سیرت، پرہیزگار نوجوان

جوانِ مرد: بہادر، دلیر، جری، شجاع، سخی، فیاض

جواہر: مذ، جوہر کی جمع، گوہر، موتی، لعل، ہیرا، الماس، جمع جواہرات

جُوتیاں چٹخاتے پھرنا: آوارہ پھرنا، بیکار پھرنا، ذلیل و خوار ہونا

جُوتیاں سیدھی کرنا: خوشامد کرنا، احترام کرنا، عزت کرنا، خدمت کرنا

جُوجھنا: لڑنا، جھگڑنا، لڑائی کرنا

جُود: مذ، کرم، بخشش، سخاوت، فیاضی

جودت: مو، طبیعت کی تیزی، ذہن کی تیزی، ذہانت، لیاقت، خوبی

جور: مذ، ظلم، ستم، سختی، بے رحمی

جوز: مذ، اخروٹ

جوزا: مذ، تیسرا آسمانی برج، جسے جڑواں لڑکوں کے مشابہ بتایا جاتا ہے

جوش: مذ، ابال، ولولہ، شورش، موج، ترنگ، تیزی، زیادتی، مستی، سرگرمی شوق

جوش وخروش: بہت زیادہ سرگرمی

جوشاندہ: مذ، نزلہ کی ایک دوا

جوشن: مذ، زرہ بکتر، بازو میں پہننے کا ایک زیور

جوع: مو، بھوک، گرسنگی

جوع الارض: ملک گیری کی ہوس، حملہ آوری

جوف: مذ، پیٹ، شکم، پیٹ کا کھوکھلا پن، گڈھا

جوق: مو، گروہ، انبوہ، آدمیوں کی ریل پیل

جوکھم: مو، خطرے کا کام، خوف، ڈر، اندیشہ سے بھرا ہوا

جوگن: مو، ترک دنیا کرنے والی عورت، فقیرن

جوگی: مذ، ترک دنیا کرنے والا ہندو درویش

جولان: مو، بیڑی یا زنجیر جو مجرم کے پاؤں میں ڈالتے ہیں

جولان: مذ، بھاگ، دوڑ، کود، پھاند

جولاں نگاہ: گھوڑ دوڑ کی جگہ، دائرۂ عمل

جولانی: مو، گھوڑے کی دوڑ، مزاج کی تیزی، روانی پھرتی، چستی، تیز رفتاری

جوں توں کر کے: بڑی مشکل سے، بڑی تکلیف کے ساتھ، کسی طرح سے

جوں کی توں: وہی، ویسے کا ویسا، ہو بہو، تمام، بجنسہٖ

جونک: پانی کا ایک کیڑا

جوہر: مذ، قیمتی پتھر، روح، عطر، خلاصہ، تلوار کی آب، لیاقت، راز، طاقت ور ذرّے

جوہری: مذ، جوہر فروش، جواہرات کا تاجر

جویندہ یابندہ: جو ڈھونڈتا ہے وہ پالیتا ہے

جوے مو: نہر، ندی، نالہ

جوے بار: چوڑی نہر جس میں بہت سی نہریں شامل ہوں، وادیٔ کہسار

جوئے شیر: دودھ کی نہر، جو فرہاد نے شیریں کے لیے پہاڑ سے کھودی تھی

جوئے شیر لانا: بہت مشکل کام انجام دینا، ناممکن کو ممکن بنانے کی کوشش کرنا

جویا: متلاشی، ڈھونڈنے والا

جوین: جو کی طرف منسوب جیسے نانِ جوین

جہات: مذ، مو، جہت کی جمع، سمتیں، طرفیں، اطراف

جہاد: مذ، جدوجہد، کوشش، دین کی حمایت میں اور باطل کے خلاف صف آرا ہونا

جہاز: مذ، بڑی کشتی، سامان تجارت لے جانے والی بڑی کشتی، وسیع تر، کشادہ

جہاز راں: مذ، جہاز چلانے والا

جہال: مذ، جاہل کی جمع، اَن پڑھ، اُجڈ، بے وقوف

جہالت: مو، ناواقفیت، بے وقوفی، حماقت، سختی

جہان: مذ، دنیا، عالم، جگ

جہان آرا: دنیا کی آرائش کرنے والا،، شاہجہاں بادشاہ کی بڑی لڑکی کا نام

جہان آفریں: دنیا کو پیدا کرنے والا، اللہ تعالیٰ

جہان بانی: حفاظت، نگہداشت، بادشاہت

جہان پناہ: بادشاہ وقت، حاکم، سلطان

جہان دار: بادشاہ وقت، سلطان، حکمران

جہان دیدہ: تجربہ کار، دنیا دیکھا ہوا، ہوشیار

جہان گرد: دنیا کا سفر کرنے والا، سیاح، سیلانی

جہان گیر: عالمگیر، دنیا کو فتح کرنے والا، دنیا کا بادشاہ

جہان گیری: سلطنت، حکومت، ہاتھوں میں پہننے کا ایک جڑاؤ زیور

جہان نُما: تمام عالم کو دکھانے والا آئینہ، شاہی خیمہ بلند معیار

جہت: مو، طرف، جانب، سمت، سبب، جمع جہات

جہد: مو، کوشش، دوڑ دھوپ، محنت

جہد للبقا: دنیا میں زندہ رہنے کے لیے کوشش، کشمکش زندگی

جہر: مذ، بلند آواز سے پڑھنا

جہل: مذ، لاعلمی، بیوقوفی، ان پڑھ، ہٹ

جہلِ مرکب: دوگنی جہالت، نرا جاہل ہو کر اپنے کو فاضل جاننا

جہنم: مذ، دوزخ

جہلا: اَن پڑھ، بے وقوف، نادان، جمع جہلا

جہیز: مذ، اسباب، سامان، لڑکی کو میکے کی طرف سے ملنے والا سامان

جی: ہاں، صاحب، حضرت، درست، تعظیم کے لیے

جی پر بن جانا: سخت مصیبت میں ہونا، بیقرار ہونا

جی پر کھیلنا: اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا، جوکھوں میں پڑنا، آزمائش میں پڑنا

جی حضوری: خوشامد، کاسہ لیسی، چاپلوسی، تملق

جی چُرانا: بہانے کرنا، حیل حوالی کرنا، فریفتہ کر لینا

جی دار: بہادر، شجاع، دلیر

جی سے اُتر جانا: نظر سے گر جانا، بے قدر ہونا، بے آبرو ہونا

جی سے گزر جانا: فوت ہو جانا، مر جانا

جی کا جنجال: دل کی بیماری جسے کرنے کو طبیعت نہ چاہے

جیب: مذ، گریبان، سینہ، پیراہن

جیب خاص: فرماں روا کا ذاتی خرچ، خالص مد سے

جیتے جی مَر جانا: تباہ حال ہو جانا، مر جانا، بے فیض

جیش: مذ، فوج، لاؤلشکر، سپاہ

جھپکی: مو، غنودگی، نیند، اونگھ، ذرا دیر کو شکل دکھانا

جھٹک دینا: جھاڑ دینا، ہٹا دینا

جھڑکنا: دھتکارنا، گھرکنا، الگ کرنا

جھک مارنا: بکواس کرنا، بے ہودہ بکنا، حماقت کی باتیں کرنا

جھکور: تیز ہوا اور پانی میں درخت کی شاخوں کا لہرانا

جھلّانا: غصہ ہونا، ناراض ہونا، خفا ہونا

جھلک: تجلی، جلوہ، چمک، آب وتاب، رونق، عکس

جھلملانا: ستاروں یا چراغ کا ٹمٹمانا، دھندلی چمک

جھلنا: پنکھے سے ہوا کرنا

جھنڈ: مذ، آدمیوں کی بھیڑ بھاڑ، غول

جھنکار: مو، برتن کے ٹوٹنے سے پیدا ہونے والی آواز

جھوٹ کے پل باندھنا: بے انتہا جھوٹ بولنا

جھوٹ کی پوٹ: بہت زیادہ جھوٹ بولنے والا

جھوم جھوم کر: سرمستی کے ساتھ، لہرا لہرا کر

جھومر: مذ، ماتھے کا ایک زیور، ایک عوامی گیت کا نام

جھینپنا: شرمانا، حجاب آمیز ہونا، لجانا

جھیل: مو، قدرتی تالاب

جھیلنا: برداشت کرنا، سہارنا، اٹھانا

چ

چابک: مذ، تیز، چست، چوکنا، کوڑا، قحبہ

چابک رُخرام: تیز چلنے والا، تیز رفتار

چابک دست: مشاق، ماہر، اچھا کاری گر، کامل

چابک سوار: گھوڑے کو سدھانے والا، ماہر گھوڑ سوار

چابی: مو، کنجی، تالی، کلید

چاپ: مو، چلنے کی آواز، پیروں کی آہٹ، آوازِ پا

چاپلوس: خوشامد کرنے والا، مطلب براری کرنے والا

چاٹ: مو، زبان کا ذائقہ بدلنے کے لیے کوئی کھٹی چیز کھانا، چسکا، عادت

چاٹ لگنا: چسکا پڑنا، عادت پڑنا، عادی ہو جانا

چادر: مو، لمبا اور چوکور موٹا کپڑا جو دوپٹے کی جگہ اوڑھتے ہیں، پلنگ پر بچھانے کا کپڑا، دھات کے بڑے ٹکڑے

چادر اُتارنا: عزت اتارنا، عورت کو بے پردہ کرنا

چادر اُڑھانا: کسی بیوہ سے نکاح کرنا

چادر تان کر سونا: مطمئن ہو کر سونا، بے فکری کی زندگی گزارنا

چادر چڑھانا: کسی ولی کے مزار پر کپڑے یا پھولوں کی چادر ڈالنا

چادر سے باہر پاؤں پھیلانا: طاقت و حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا، اپنی استعداد سے زیادہ سوچنا

چار اسباب: چار عنصیں، مادّی، فاعلی، صوری، غائی

چار بیتی: رباعی، شاعری کی ایک صنف جو چار مصرعوں کی ہوتی ہے

چارپائی: کھاٹ، کھٹیا، لاش، جنازہ، زخمی، مجروح

چار حرف بھیجنا: لعنت کرنا، برا بھلا کہنا، طنز کرنا

چاردانگ: چاروں طرف، ہر طرف، ہر ایک سمت

چاردن: تھوڑے دن، چند روز، ذرا سی مدت

چاردن کی بہار: تھوڑے دنوں کی چہل پہل، کچھ دنوں کی رونق

چار عنصر: چاروں اصلی اجزا جن سے کائنات کی ظاہری شکل نمودار ہوئی، آگ، پانی، ہوا اور مٹی

چار قل: قرآن شریف کے پارہ عم یتسا لون کی چار سورتیں جو قل سے شروع ہوتی ہیں سورۃ الکافرون، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس

چار گوشہ: چوکھونٹی چیز، ایسی چیز جس میں چار کونے ہوں

چار مذہب: اہل سنت والجماعت کے چار مذاہب حنفہ، حنفی، حنبلی، شافعی، مالکی

چار مغز: خربوزہ، کدو، تربوز اور ککڑیوں کے بیجوں کا مغز

چار یار: خلفائے راشدین، حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ، حضرت عثمان غنیؓ، حضرت علی مرتضیٰؓ

چارا: مذ، جانوروں کی سبز خوراک، گھاس وغیرہ، وہ چیز جو مچھلی کا شکار کرنے کے لیے کانٹے میں لگاتے ہیں

چارہ: مذ، علاج، تدبیر، سرانجام

چارہ پرداز: چارہ کرنے والا

چارہ پذیر: علاج کے قابل، معالجہ کے لائق

چارہ جوئی: نالش کرنا، مقدمہ دائر کرنا، تدبیر مانگنا

چارہ ساز (گر): مشکلات دور کرنے والا، کام بنانے والا

چارہ سازی (گری): امداد، علاج، معالجہ

چاشت: مذ، پہر دن چڑھے کا وقت، صبح کا کھانا، ایک نماز جو پہر دن چڑھے پڑھتے ہیں

چاشنی: مو، مزہ، ذائقہ، سواد، تھوڑی سی ملاوٹ، مٹھاس

چاشنی دار: کھٹ مٹھا، کچھ کھٹا کچھ میٹھا

چاق: صحیح، صحت مند، چالاک، پھرتیلا، تازہ دم

چاق چوبند: تیز، تن درست، صحت والا، سالم

چاقو: مذ، قلم تراش، چھیلنے یا کاٹنے کا ایک آلہ

چاک: کٹا ہوا، پھٹا ہوا، دامن یا آستین کا کھلا ہوا حصہ، کمہار کا پہیا جسے چکر دے کر برتن بناتے ہیں

چاکر: مذ، نوکر، ملازم، خادم، خدمت، کسی کے ہاں کام کرنے والا

چاکری: مو، ملازمت، نوکری، ملازمت کرنا، نوکری کرنا

چال: مو، حرکت، رفتار، چلنے کا انداز، رویہ، برتاؤ، دھوکہ، فریب

چال باز: چالاک، ہوشیار، دھوکہ دینے والا

چال بازی: چالاکی، عیاری، فریب، شرارت، چھل

چالا: روانگی، رخصت، کوچ، روانگی کی تقریب

چالاک: محنتی، جفاکش، چست، پھرتیلا، کاری گر، ہنرولا

چالاکی: عیاری، چستی، پھرتی، تیزی

چالیسواں: وہ چیز جس پر چالیس کی گنتی پوری ہو، چہلم، فاتحہ، مسلمانوں کے یہاں مرنے کے بعد سوا مہینے کے بعد ایک تقریب جس میں فقرا و مساکین کو کھانا کھلاتے ہیں

چامہ: مذ، شعر، غزل

چاند نا ہو جانا: روشنی کا ظاہر ہونا، دن نکل آنا، پو پھٹنا، رونق ہو جانا، کسی دکھ میں مبتلا ہونا

چاندنی: مو، چاند کی روشنی، ایک قسم کا اجلا پھول، اجلا فرش، دری کے اوپر بچھانے کی چادر

چاندی ہونا: کامیابی حاصل ہونا

چاہ: مذ، کنواں، غار، گڑھا

چاہِ بابل: شہر بابل کا ایک کنواں جس میں ہاروت و ماروت نام کے دو فرشتے قید ہیں

چاؤش: مذ، لکڑی اٹھانے والا، نقیب، آگے آگے رہنے والا

چائے: مو، ایک پودے کی پتیاں جنھیں اُبال کر پیتے ہیں

چبلا: چھچھورا، شرارتی، مسخرہ

چبلی: چبلا کی تانیث

چپ: بائیں سمت، دو رنگ کا

چُپ: خاموشی

چٹا: مذ، بالشت بھر، چار انگل چوڑائی کے برابر، چار بالشت

چپٹ: مو، طمانچہ، تھپڑ، دھول، چانٹا، دھپا

چپقلش: مو، تلوار کی لڑائی، جھگڑا، تکرار، دنگا، فساد، بھیڑ، ہجوم

چپکی: مو، خاموشی، سکوت، خاموش رہنا

چپکی سادھنا: خاموشی اختیار کرنا

چپکی لگ جانا: خاموش ہو جانا

چپکے: خاموشی سے، آہستہ آہستہ

چت: پیٹھ کے بل، سینے کے رخ ^

چت کرنا: پچھاڑنا، پیٹھ کے بل گرانا

چتا: مو، لکڑی کا ڈھیر جس پر ہندو مردے کو جلاتے ہیں

چتر: مذ، چھاتا، بڑی چھتری، تاج

چتون: مو، نظر، نگاہ، تیوری

چٹکلا: مذ، لطیف، دلچسپ، فقرہ یا دل چسپ بات، عجیب چیز، انوکھی بات، مضحکہ خیز بات

چٹیل: وہ میدان جہاں کوئی سایہ دار درخت نہ ہو

چچی: بچوں کی زبان میں مٹھائی کو کہتے ہیں

چرا: کیوں، کس لیے، بکیسے

چراغ: مذ، وہ برتن جس میں روغن اور فتیلہ بنا کر روشنی کرتے ہیں، دیا، لیمپ، دیپ، بیٹا، اولاد

چراغ پا ہونا: خفا ہونا، ناراض ہونا

چراغ خاموش کرنا: چراغ بجھانا

چراغ گل کرنا: چراغ بجھانا

چراغاں: مذ، بہت روشنی، بہت سے چراغ جلنا

چرانی: مو، نذرانہ

چراگاہ، چراگہ: مو، وہ جگہ جہاں جانوروں کو چراتے ہیں، گھاس کا میدان، سبزہ زار

چرب: موٹا تگڑا، جس کے بدن میں زیادہ چربی ہو، چکنا

چرب دست: چالاک، ماہر، دست کار، کاری گر، شاطر

چرب زبان: تیز زبان، شیریں زبان، میٹھی زبان والا، چاپلوس

چربہ: مذ، روغنی کاغذ، موم جامہ، خاکہ، کسی چیز کی ہو بہو نقل اتارنا

چربی: مو، وہ سفید چکنا مادہ جو بدن میں گوشت پر جم جاتا ہے، چکنائی، روغن

چرخ: کنویں یا پن چکی کا پہیا، کمہار کا چاک، آسمان، چکر، خراد

چرخ چڑھنا: خراد چڑھنا

چرخ چڑھانا: خراد چڑھانا

چرخاب: مو، ایک قسم کی پن چکی جس سے بجلی پیدا ہوتی ہے

چرخہ: مو، سوت کاتنے کی کل، پرانی چیز، کمزور، دبلا، لاغر، بوڑھا

چرخہ پونی: چرخہ اور اس کے کاتنے کا سامان، عورت کا ہنر

چرخی: مو، روئی کو بنولوں سے صاف کرنے کی ایک کل، پانی کھینچنے کا پہیا

چرغہ: کوئے پر سینکا ہوا مرغ مسلم

چرک: مذ، پاخانہ، غلاظت، پیپ، گندگی

چرکین: میلا، گندہ، غلیظ، اردو کا ایک فحش گو شاعر

چرم: مذ، چمڑا، کھال، پوست

چرمی: کھال کا، چمڑے کا

چرمینہ: کھال کا بنا ہوا

چرمینہ دوز: موچی

چرمینہ فروش: چمڑے کا تاجر

چرن: پاؤں، قدم، جوتے، فرقہ

چرندہ، چرند: مذ، چرنے والا جانور

چڑیا خانہ: جہاں پرندے رکھے جاتے ہیں

چڑیا گھر: جہاں قسم قسم کے جانور ہوں

چسپاں: چپکا ہوا، موزوں، ٹھیک

چست: پھرتیلا، چالاک، تیز، ہوشیار

چشتی: چشت کا باشندہ، صوفیا کا ایک فرقہ جو خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ کا پیرو ہے

چشم: مو، آنکھ، دیدہ، نین، امید، آس

چشم بددور: (دعا) نظر نہ لگے

چشم براہ: انتظار کرنے والا

چشم پُرنم: روتی ہوئی آنکھ

چشم پوشی: دیکھ کر ٹال جانا

چشم تر: رونے والی آنکھ

چشم خون آلود: قہر بھری آنکھ، سرخ آنکھ

چشم زدن: پلک جھپکتے، فوراً

چشم نیم باز: ادھ کھلی آنکھ، شرمیلی آنکھ

چشم چراغ: عزیز، پیارا

چشمہ: مذ، پانی کا سوتا، عینک

چشمۂ حیواں: امرت کا کنواں

چشمہ زار: جس علاقے میں بہت سے چشمے ہوں

چشیدہ: چکھا ہوا، تجربہ کار

چغا: مذ، بچہ

چغتائی: چغتا کی طرف منسوب جو چنگیز خاں کا بیٹا تھا، خاندانِ مغلیہ

چغد: الو، بوم

چغل: مذ، پیٹھ پیچھے کسی کی برائی کرنا

چغل خور: غیبت کرنے والا، ادھر کی ادھر کرنے والا، نماز

چغلی: مو، غیبت، کسی کی برائی کرنا

چغلی کھانا: غمازی کرنا، برائی کرنا

چغتی: مو، چپٹی لکڑی، مسطر

چق: مو، چلمن، چک، بانس یا سرکنڈے کی تیلیوں کا پردہ

چقماق، چقمق: مذ، ایک پتھر جس سے آگ نکلتی ہے

چقندر: مذ، ایک ترکاری جو شلغم کی طرح اور نہایت سرخ ہوتی ہے

چک: مذ، اراضی، زمینات، زمین کا ٹکڑا، پھیر، جماؤ

چکش: مذ، پانی کا ٹپکنا، ٹپکن

چکما: مذ، دھوکا، فریب، نقصان، ایک کھیل

چکما دینا: دھوکا دینا، فریب دینا، چل دینا

چکما کھانا: فریب میں آنا

چکن: مو، بیل بوٹے کے کام والا کپڑا

چکن دوز: چکن کا کام کرنے والا

چکن دوزی (کاری): چکن کا کام

چکی: آٹا پیسنے کی کل

چکیدہ: ٹپکا ہوا

چگانا: پرندوں کو دانہ کھلانا

چگو، چگی: مو، وہ ڈاڑھی جس میں ٹھوڑی کے نیچے بال نکلیں اور وہ لمبے ہوں

چگونہ: کس طرح

چل: برہمی، ناراضی، اختلاف، فرق، دور ہو، ہٹ جا

چل ہوا میں: دور ہو جا، نظر سے اوجھل ہو جا، چلا جا

چلپاسہ: مو، چپکلی

چلغوزہ: ایک خشک میوہ جو دماغ کو طاقت دیتا ہے

چلمن: مو، چق، تیلیوں کا بنا ہوا پردہ

چلّو بھر: تھوڑا سا، ذرا سا

چلّہ: کمان کی تانت، چالیس دن کا عرصہ، وہ جگہ جہاں کسی بزرگ نے چلہ کھینچا ہو

چلیپا: مو، صلیب، ،دار، سولی

چمالی: مذ، ساقی، شراب پلانے والا

چمپا: مذ، ایک قسم کا خوشبودار سفید پھول

چمک: روشن، نمایاں

چمڑا: مذ، کھال، جلد

چمن: مذ، وہ جگہ جہاں سبزہ، پھول وغیرہ بوئیں، گلزار، پھلواری

چمن آرا، چمن بند، چمن پیرا، چمن طراز: باغبان، باغ کی رکھوالی کرنے والا

چمن بندی: باغ لگانا

چمن زار: چمنستان، پھولوں کا قطعہ، پھلواری، کیاری

چنانچہ: جیسا کہ، اس طرح، اس طور سے

چنبر: سر پوش، حلقہ، گھیرا، گردن کی ہنسلی

چنبل: مذ، بھیک کا پیالہ، حقہ کا سر پوش، ایک قسم کی بیماری

چند: کس قدر، کتنے، کچھ، تھوڑا، محدود، معدود

چند بار: کئی بار، بہت مرتبہ

چندان: اس قدر، اتنی، ایسی

چندن: صندل، ایک خوشبودار لکڑی

چندہ: مذ، کسی بھلائی کے کام کے لیے مختلف لوگوں سے مادی امداد حاصل کرنا

چندے: کچھ دیر، کچھ روز، کچھ عرصہ

چنگاری: مو، آگ کا شرارہ، ایسی بات جس سے رنجش پیدا ہو

چنندہ: چیدہ، چنا ہوا، اچھے سے اچھا، خوب سے خوب تر

چنین: ایسا، ایسی

چوپال: بیٹھک، نشست گاہ

چوپایہ: چار پاؤں کا مویشی، حیوان، جانور

چودہ طبق: سات طبق زمین کے اور سات طبقے آسمان کے

چودہ طبق روشن ہونا: عقل اور فراست بڑھ جانا، معلومات زیادہ ہو جانا

چودھواں معصوم: حضرت امام مہدی موعود

چوسر: نرد بازی، پچیسی، بساط جس پر گوٹیں رکھی جاتی ہیں

چوسر باز: چوسر کا کھلاڑی

چوکس: چوکنا، جو شخص اپنے کام میں ہوشیار ہو، خبرداری

چوب: مو، لکڑی، عمارتی لکڑی، لاٹھی، جھڑی

چوب دار: نقیب، عصا بردار

چوب دستی: ہاتھ کی لکڑی

چوبی، چوبیں: لکڑی کا بنا ہوا

چوپان: مذ، چرواہا، گڈریا

چوپانی: مو، چرواہے کا کام

چوٹھا: مذ، چور

چوٹی: مو، چور عورت

چوٹی: مو، سر کے بال جو مونڈنے سے چھوڑ دیے جائیں، عورتوں کے گندھے ہوئے بال، پہاڑ کی سب سے اونچی جگہ، قلہ کوہ، عروج، کلس، کنگرہ

چور خانہ: صندوقچہ کا چھپا ہوا خانہ، خلوت گاہ

چور دروازہ: گھر کا وہ راستہ جو عام لوگوں کو معلوم نہ ہو

چور: مست، متوالا، ریزہ ریزہ

چورن: مذ، ایک قسم کا سفوف جو بدہضمی کے لیے لیا جاتا ہے، چٹنی پھنکی

چوزہ: مرغی کا بچہ، چڑیا کا بچہ

چوغہ: عبا بلبادہ، جبہ

چوکی: چھوٹا تخت، پہرا، پاسبانی، پڑاؤ، خدمت، سیوا، تھانہ، پولیس اسٹیشن

چولی: مو، انگرکھے کے دامن سے اوپر کا حصہ، اوپر کے دھڑ کا حصہ

چوں: جب، مانند، کس طرح، کس لیے

چونکہ: کیونکہ، اس لیے کہ

چوتھی: مو، روپے کا چوتھا حصہ، چار آنے

چونی: مو، دال کا برادہ

چہ: کیا

چہ معنی دارد؟ کیا سبب ہے، کیا وجہ ہے، کیا باعث ہے

چہ بچہ: کنویں کی مانند چھوٹا گڑھا، چھوٹا حوض، وہ گڑھا جہاں نالے کا پانی جمع ہوتا ہے

چہار: چار (4)

چہار چند: چوگنا

چہار سو: چاروں طرف، چوراہا

چہار شنبہ: بدھ

چہارم: چوتھا

چہرہ: مذ، صورت، بکھڑا، شکل، حلیہ، خدوخال

چہرہ بنانا: منہ بنانا، منہ چڑانا

چہرہ کٹنا: نوکری سے برطرف ہونا

چہرہ لکھنا: بھرتی کرنا، نئے ملازم کا حلیہ لکھنا

چہرہ لکھوانا: نوکری کرنا، دفتر میں حلیہ درج کرانا

چہل: چالیس (40)

چہل قدمی: ہوا خوری کرنا، تفریح کے لیے گھومنا

چہلم: مذ، چالیسواں، چالیسواں کا فاتحہ اور کھانا، شہدائے کربلا کا چالیسواں

چیخ: مو، زور کی آواز، درد کی آواز، غل، شور، چنگھاڑ

چیدہ چیدہ: اچھے اچھے، عمدہ، منتخب

چیرہ: زور آور، طاقت والا، غالب

چیرہ دست: زبردست، طاقتور، نیرومند

چیرہ دستی: غلبہ، طاقت، قوت، برتری

چیز: مو، شے، اسباب، جنس، مٹھائی، امانت

چیز بست: اسباب، اثاثہ، اثاثہ

چیستاں: مو، پہیلی، بجھانے والی بات

چیں: مو، شکن، بل، سلوٹ

چیں بجبیں ہونا، چیں برابرو ہونا: تیوری چڑھانا، ماتھے پر شکن ڈالنا، ناراض ہونا

چینی: مو، سفید شکر، چین کی مٹی کا برتن، ملک چین کا باشندہ، چین سے منسوب

چھاپ: مو، مہر، نشان

چھاپنا: مہر لگانا، نقش کرنا، طبع کرنا، مشہور کرنا، ڈھنڈورا پیٹنا

چھاپہ خانہ: پریس، مطبع، چھپنے کی جگہ

چھاتی: مو، سینہ، صدر، پستان، جرأت، حوصلہ، دل، ہمت

چھاج: مذ، غلہ پھٹکنے کا ایک آلہ

چھاگل: مو، چھوٹی سی مشک

چھاؤنی: مو، لشکر کے ٹھہرنے کی جگہ، کیمپ

ح

حاتم: مذ، عرب کے قبیلہ طی کا مشہور سخی، فیاض، سردار

حاجات: مو، حاجت کی جمع، ضرورتیں، ضروریات

حاجب: مذ، نگہبان، دروازہ کا رکھوالا، پاسبان، سپاہی، چوبدار، ابرو، بھوؤں

حاجت: مو، خواہش، ضرورت، مطلب، امید آرزو، التجا، ضرورت کی چیز

حاجت برآنا: مراد پوری ہونا، خواہش پوری ہونا

حاجت براری کرنا: ضرورتیں پوری کر دینا

حاجت خواہ: حاجت مانگنے والا، فقیر، محتاج

حاجت رفع کرنا: کسی کا کام نکالنا، ضرورت پوری کرنا، پیشاب یا پاخانہ سے فارغ ہونا

حاجت روا: ضرورت پوری کرنے والا

حاجت روائی: ضرورت پوری کرنا، کسی کا کام کر دینا

حاجت مند: محتاج، ضرورت والا، خواہشمند

حاجتی: وہ برتن جس میں مریض آدمی چارپائی پر لیٹے لیٹے پیشاب کر لیتے ہیں

حاجی: مذ، جس نے خانہ کعبہ کا حج کیا ہو

حادث: قدیم کی ضد، فانی، جمع حوادث، حادثات

حادثہ: مذ، واردات، واقعہ، صدمہ، جمع حادثات

حاذق: دانا، کامل، اپنے فن میں ماہر، استاد تجربہ کار،

جمع حذاق

حارج: مذ، روکنے والا، مزاحمت کرنے والا، جمع حارجین

حاسد: حسد کرنے والا، بدسگال، بدخواہ، دشمن، جلنے والا شخص

حاشا: ہرگز نہیں، بالکل نہیں، پناہ، خدا کی پناہ

حاشیہ: مذ، کنارہ، گوٹ، سنجاب، کتاب یا ورق کے چاروں طرف خالی حصہ، کسی بات کی شرح، یادداشت

حاشیہ نشین: پاس بیٹھنے والا، مصاحب، اولوالعزم

حاصل: مذ، کسی چیز کا بقیہ، آمدنی، نقدی، فروخت، پیداوار، مطلب، منافع

حاضر: موجود، تیار، آمادہ، جو سامنے موجود ہو، غائب کی ضد، جمع حاضرین، حُضّار

حاضر باش: حاضر رہنے والا، موجود رہنے والا

حاضر باشی: موجودگی، حاضری

حاضر جواب: بات کا فوری جواب دینے والا

حاضر جوابی: فوراً جواب کی لیاقت

حاضرات: مو، حاضر عورتیں، جن بھوت وغیرہ جمع کرنے کا جلسہ جو عامل حضرات کرتے ہیں

حاضرات کرنا: بھوت پریت جمع کر کے ان سے چھپی ہوئی باتیں معلوم کرنا

حاضراتی: مذ، جن بھوت پریت کو بلانے والا عامل، سیانا، تعوذ گنڈے کرنے والا

حاضری: موجودگی، کھانا یا نقدی جو میت والوں کو ان کے رشتے دار دیتے ہیں

حافظ: مذ، نگہبان، رکھوالی کرنے والا، جو پورا قرآن زبانی پڑھ لے، خدا تعالیٰ کا صفاتی نام، فارسی کے مشہور صوفی شاعر شمس الدین محمد شیرازی کا تخلص

حافظہ: مذ، مو، یادداشت کی قوت، یاد، وہ عورت جس نے قرآن مجید حفظ کیا ہو

حاکم: مذ، حکومت کرنے والا، سردار، عامل، ناظم، بادشاہ، آقا، مالک، جمع حکام

حاکمانہ: حاکم کی طرح

حال: حالت، موجودہ زمانہ، طور طریق، طاقت، سکت

حال آنا: گانا سن کر وجد میں آنا، بےخود ہو جانا

حالت: مو، گت، درجہ، جان، طاقت، دم، جمع حالات

حالت نزع: مرنے کے وقت کی حالت، جان کنی کی حالت

حالی: حال کا، وقتی، اب، ابھی، فوراً، جلدی، مشہور شاعر خواجہ الطاف حسین کا تخلص

حالیہ: کوئی واقعہ جو ابھی ابھی ہوا ہو،

حامد: مذ، تعریف کرنے والا، حمد کرنے والا

حامض: ترش، کھٹا

حامل: بوجھ اٹھانے والا، کسی چیز کو لے جانے والا، جمع حاملین

حامل وحی: وحی پہنچانے والا، حضرت جبرئیل

حاملہ: عورت جس کے پیٹ میں بچہ ہو، جمع

حالات، حوال

حامی: مذ، حمایت کرنے والا، مددگار، جمع حامیان

حامی بھرنا: ہمت کرنا، ارادہ کرنا، ہاں کر لینا، اقرار کر لینا، مدد کا وعدہ کرنا (ہامی بھرنا صحیح ہے)

حاوی: گھیرنے والا، احاطہ کرنے ولا، غالب، مشتمل، چھایا ہوا

حائل: بیچ میں آنے والا، روکنے والا، جمع حائلین

حَبّ: مذ، گول، دانہ، تخم، بیج، جمع حبوب

حُبّ: مو، محبت، الفت، پیار، دوستی، آشنائی، مرضی، شوق

حُبّ الوطن: وطن کی محبت

حَباب: مذ، پانی کا بلبلہ، ہاتھ کا زیور، آرائش کے شیشے کے گولے

حباب آسا: بلبلے کی طرح ناپائدار، بلبلے جیسا، فانی

حَبالہ: مذ، رسّی، جال، پھندا

حَبّذا: کلمۂ تحسین، واہ وا، مرحبا، شاباش

حَبس: مذ، قید بند، قید خانہ، گھٹن، ہوا کا بند ہو جانا

حبس البول: پیشاب کا بند ہو جانا یا تکلیف سے آنا

حبسِ بے جا: ناجائز قید، خلاف قانون گرفتاری

حبس ہونا: ہوا کا بند ہونا

حبسیات: مو، قید سے منسوب، وہ نظمیں جن میں قید کے آلام و شدائد کا تذکرہ ہو

حَبشی: مذ، ملک حبش (افریقہ) کا باشندہ

حبشی حلوا: ایک قسم کا سوہن حلوا جو کالا ہوتا ہے

حَبل: مو، موٹا دھاگا، رگ، جوڑ، اتفاق، اتحاد، ایکا

حبل المتین: پکی رسّی، خدا کی رسّی

حبل الورید: شہ رگ، نہایت قریب

حَبّہ: مذ، دانہ، غلہ، رتی، ذرا سا

حبیب: مذ، دوست، پیارا، معشوق، جمع احبا

حبیبِ خدا: خدا کا پیارا، مراد حضور صلی اللہ علیہ وسلم

حتّٰی: یہاں تک کہ، اس قدر، جہاں تک

حتی الامکان، حتی المقدور، حتی الوسع: جہاں تک ہو سکے، امکان کی حد تک

حتما: یقیناً

حتمی: مستقل، مضبوط، آخری، پکا

حَج: مذ، ارادہ کرنا، وقت مقررہ پر مکہ معظمہ میں خانۂ کعبہ کی زیارت کرنا اور خاص شرائط بجا لانا، اسلام کے ارکانِ خمسہ میں سے ایک رکن

حَجِ اصغر: چھوٹا حج، ایام حج کے علاوہ اور دنوں میں عمرہ ادا کرنا

حَجِ اکبر: بڑا حج، جس حج کا ثواب بڑا ہو، وہ حج جو جمعہ کے دن ہو

حجاب: مذ، پردہ، اوٹ، حیا، شرم لحاظ، جمع حجابات

حجاب آنا: شرم آنا، حیا آنا

حجابی: شرمیلا، حیادار

حُجّاج: مذ، حاج کی جمع، حاجی لوگ

حجاز: ملکِ عرب کا مشہور صوبہ جس میں مکہ اور مدینہ دو مشہور شہر ہیں

حجازی: حجاز کا باشندہ

حجّام: مذ، نائی، حجامت بنانے والا، باربر

حجامت: مو، سر مونڈنے کا کام، حجام کا پیشہ

حجامت بنانا: سر مونڈنا، بال کاٹنا، لوٹ لینا، ٹھگ لینا

حُجّت: مو، دلیل، برہان، بحث، وتکرار، جھگڑا

حُجّت کرنا: تکرار کرنا، اعتراض کرنا

حجتی: جھگڑالو، لڑاکو، لڑاکا

حَجَر: مذ، پتھر، سنگ

حَجَرِ اَسوَد: کالا پتھر جو خانۂ کعبہ کی دیوار میں لگا ہوا ہے

حَجَرُالیَہُود: زخم کی ایک دوا

حُجرہ: کوٹھری، مسجد میں امام کے رہنے کا چھوٹا سا کمرہ، بزرگوں کے رہنے کی تنہا جگہ

حُجلہ: مذ، دلہن کا چھپر کھٹ، جمع حجال

حَجم: مذ، جسامت، موٹائی، ضخامت جمع حجوم

حَدّ: مو، کنارہ، افق، احاطہ، باڑہ، شریعت محمدیہ کے مطابق سزا

حَدِّ بُلُوغ: بالغ ہونے کی عمر

حَدِّ فاصل: دو چیزوں کے درمیان فرق کرنے والی چیز

حداثت: مو، نیا پن، لڑکپن، شروع، آغاز

حَدّاد: لوہار، جیل کا داروغہ

حِدّت: مو، گرمی کی تیزی، تلوار کی تیزی، طبیعت کی تندی

حُدود: مو، حد کی جمع، جمع حدیں

حُدی: مذ، عرب کے شتربانوں کا نغمہ

حَدیث: مو، لغوی معنی بات، نئی چیز، بیان، ذکر واقعہ، قصہ، اصطلاح شرع میں حضور رسول خداؐ کے قول اور فعل کی خبر، جمع احادیث

حدیثِ صحیح: معتبر حدیث، وہ حدیث جس کی تعلیم قرآن کے مطابق ہو اور جس کے راوی بھی معتبر ہوں

حدیثِ ضعیف: وہ حدیث جس کے رواۃ معتبر نہ ہوں

حدید: لوہا

حدیقہ: مذ، چار دیواری والا باغ، جمع حدائق

حذاقت: مو، عقلمندی، دانائی، مہارت، تجربہ

حَذر: مذ، پرہیز، انکار، احتیاط، بچاؤ، پارسائی

حَذف: مذ دور کرنا، الگ کرنا، نکالنا، لفظ سے کسی حرف یا عبارت سے کسی لفظ کو الگ کرنا

حُر: مذ، آزاد، غلام کی ضد، جمع احرار

حِرا: مو، مکہ کے پاس ایک پہاڑی اور غار جہاں حضور صلعم عبادت کے لیے تشریف لے جاتے تھے اور سب سے پہلی وحی وہیں نازل ہوئی

حرارت: مو، گرمی، حدت، تیزی، جوش، غصہ

حرارتِ دین: مذہبی جوش، دینی غیرت، دینی حمیت

حرارت ہونا: بخار ہونا

حرارہ: مذ، جوش، گرمی، غلبہ، شوق، غصہ، تیزی، تندی

حراست: مو، نگرانی، حفاظت، نظر بندی، قید

حراست میں رکھنا: قید خانہ میں رکھنا

حرام: حلال کی ضد، ناجائز، ناپاک، پلید

حرام خور: مردہ کھانے والا، رشوت کھانے والا، نمک حرام، بے وفا

حرام زادہ: وہ شخص جو بے نکاحی عورت سے پیدا ہوا ہو

حرام کار: زنا کرنے والا، بدکار

حرام کاری: زنا، بدکاری، بدفعلی

حرامی: مذ، چور، شریر، بدذات، ڈاکو

حرب: مو لڑائی، جنگ

حربہ: مذ، حملہ، دھاوا، لڑائی کا ہتھیار

حرج: مذ، تنگی، سختی، نقصان، دیر، کمی

حرز: مذ، جائے پناہ، تعویذ، جنتر منتر، جمع احراز

حرزِ جان بنانا: بہت عزیز سمجھنا، لحاظ کرنا

حرص: مو، لالچ، طمع، آز

حرص کرنا: لالچ کرنا، لالچ میں پڑنا

حرف: لغوی معنی طرف، کنارہ، پہاڑ کی چوٹی، بات، لفظ، منہ سے نکلنے والی بامعنی آواز

حرف آشنا: جو تھوڑا بہت پڑھ سکے، مبتدی، نوآموز

حرف آنا: الزام لگنا، عیب لگنا

حرفِ علت: تین حروف، واو، الف، یا

حرفِ مطلب: مطلب کی بات

حرف و حکایت: گلہ شکوہ، بات چیت

حرفت: مو، پیشہ، صنعت، کاری گری، ہنر، علم، چالاکی

حرفہ: مذ، پیشہ، صنعت، کاری گری، ہنر، علم

حرکات: مذ و مو، حرکت کی جمع

حرکات و سکنات: اٹھنا، بیٹھنا، چلنا، پھرنا، عادات و اطوار

حرکت: مو، جنبش، رفتار، چال، گردش، اضطراب، زبر، زیر، پیش، کام، ناپسندیدہ کام، گناہ، کوچ، سفر

حرکت دینا: اعراب لگانا، زبر زیر پیش لگانا

حرکت کرنا: برا کام کرنا، خطا کرنا، نقصان کرنا، دیر کرنا، ہلنا، جنبش کرنا

حرم: مذ، خانۂ کعبہ کی چار دیواری جس کے اندر جاندار کا مارنا حرام ہے، شرفا کا زنان خانہ، لونڈی باندی

حرم (خانہ) سرا: زنان خانہ، حرموں اور بیگموں کے رہنے کا محل

حرمان: مذ، ناامیدی، مایوسی، بدقسمتی

حرماں نصیب: بدقسمت، جس کی قسمت میں محرومی ہو

حرمت: مو، حرام ہونا، عزت، آبرو، عظمت، بڑائی

حرمین شریفین: مذ، مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ

حروف: مذ، حرف کی جمع

حروفِ تہجی: حروف ابجا، الف، ب، ت، وغیرہ

حروفِ شمسی: وہ حروف جن سے پہلے ال پڑھنے میں نہ آئے جیسے عبدالرحمٰن وغیرہ

حروفِ قمری: وہ حروف جن سے پہلے ال پڑھا جائے جیسے ابوالبرکات میں ب اور ابوالخیر میں خ

حَریر: مذ، ریشم، ریشم کا کپڑا

حَریرہ: مذ، ایک میٹھی اور گاڑھی چیز جو میدے کو کھانڈ میں گھول کر پکائی جاتی ہے

حَریف: ہم پیشہ، دشمن، بدخواہ، جمع حرفا

حریم: مذ، گھر کا احاطہ، خانۂ کعبہ کی باہری دیوار، مکان، گھر

حِزب: مذ، جتھا، گروہ، جماعت، جمع احزاب

حِزب الاحرار: آزادی پسندوں کی جماعت

حِزبُ اللہ: اللہ والوں کی جماعت

حِزبِ مخالف: وہ جماعتیں جن کے اراکین کی تعداد حکمراں جماعت سے کم ہو

حِزم: احتیاط، مستعدی، خبرداری

حُزن: مذ، رنج وملال، غم، جمع احزان

حُزیں: محزون، غم گین، رنجیدہ، ملول

حِس: مو، محسوس کرنے کی قوت

حِسِ باطنی: محسوس کرنے کی باطنی قوت

حِساب: مذ، گنتی، شمار، نرخ، بھاؤ، قیمت، قاعدہ

حَسّاس: زیادہ محسوس کرنے والا، ہوشیار، زیرک

حَسّان: مذ، بہت اچھا، بڑا عقلمند، مداح نبیؐ حضرت حسان بن ثابتؓ

حَسَبْ: موجب، مطابق، موافق

حسبِ اتفاق: ناگہاں، اچانک

حسبِ ارشاد، حسبِ الامر، حسبِ الحکم: کہنے کے مطابق، حکم کے بموجب

حسبِ توفیق: اپنی حیثیت کے مطابق

حسبِ دستور: رواج کے مطابق

حسبِ دل خواہ: جیسا کہ دل چاہتا ہے

حسبِ ذیل: نیچے دی ہوئی تفصیل کے مطابق

حسبِ سابق: پہلے کی طرح، پچھلے سالوں کی طرح

حسبِ ضابطہ، حسبِ قاعدہ: قاعدے کے مطابق

حسبِ معمول: دستور کے مطابق، پہلے عمل کے مطابق، روزانہ کی عادت کے مطابق

حسبِ نسب: ماں باپ کا خاندانی سلسلہ

حَسَد: مذ، جلن، کسی کا زوال چاہنا، عداوت، دشمنی

حَسرت: مو، افسوس، کسی چیز کے نہ ملنے کا افسوس، پشیمانی، آرزو، ارمان، شوق

حسرت انگیز: جس کو دیکھ کر دل میں ارمان پیدا ہوں

حَسَن: مذ، نیک، اچھا، خوب صورت، حضرت علیؓ کے بڑے صاحبزادے کا نام

حَسَنات: مو، نیکیاں، بھلائیاں

حُسن: مذ، خوبی، عمدگی، بھلائی، خوش نمائی، دل ربائی

حُسن آرا: حسن کی شان بڑھانے والی، خوبصورتی بڑھانے والی

حُسنِ بیان: خوش بیانی

حُسنِ تدبیر: خوش تدبیری، عمدہ مشورہ

حُسنِ خطاب: خوش کلامی، خوش بیانی

حُسن دان: چھوٹا سا پاندان، چھوٹی سی پٹاری

حُسنِ صبیح: دل کش، گورا رنگ

حُسنِ طلب: لطیف اشارہ کرکے کوئی چیز مانگنا

حُسنِ ظن: اچھا گمان، کسی کے متعلق اچھا خیال

حُسنِ فرنگ: نہایت گورا رنگ، یورپ کے باشندوں کی خوب صورتی

حُسنِ یوسف: نہایت حسین، حضرت یوسفؑ کا حسن

حَسَنہ: مو، نیک نیکی، بھلائی

حَسَنی: حضرت امام حسنؓ کی طرف منسوب

حَسین: خوب صورت، جمیل، شکیل

حُسَین: مذ، حضرت علیؓ کے چھوٹے صاحبزادے جو اپنے ساتھیوں کے ساتھ ۱۰ محرم کو میدان کربلا میں شہید ہوئے

حَسینہ: خوب صورت عورت، جمیلہ، شکیلہ

حُسینی: مذ، حضرت امام حسینؓ سے منسوب

حُسینی بلبل: ایک خاص قسم کا بلبل جس کا بدن اجلا اور سر پر کالے رنگ کی چوٹی ہوتی ہے

حَشر: مذ، ایک جگہ جمع ہونا، قیامت، محشر، شور وغل، ہنگامہ

حَشرات: مذ، چھوٹے چھوٹے کیڑے جو بلوں میں رہتے ہیں

حَشرات الارض: برساتی کیڑے، سانپ، بچھو، مینڈک وغیرہ

حَشریات: مذ، کیڑوں مکوڑوں کا علم

حَشَفہ: مذ، آلۂ تناسل کی سپاری

حَشم: مذ، نوکر چاکر، خدمت گار، بزرگی، عظمت، شان وشوکت، دبدبہ

حَشو: بھرتی، بے ضرورت گفتگو

حَشیش: مو، سوکھی گھاس، بھنگ

حِصار: مذ، احاطہ، گھیرا، چاردیواری، شہر پناہ، قلعہ، گھاٹ

حَصر: مذ، گھیرنا، منحصر کرنا، منحصر

حِصَص: مذ، حصہ کی جمع، حصے

حِصن: مذ، قلعہ، جائے پناہ، حراست، ہتھیار، تباہی، ہلاکت

حِصنِ حصین: مضبوط قلعہ، وظیفوں اور دعاؤں کی ایک مشہور کتاب کا نام

حُصول: مذ، حاصل، فائدہ، نفع

حِصّہ: مو، ٹکڑا، بانٹ، تقسیم، بخرہ، علاقہ، صیغہ

حِصّہ دار: شریک، ساجھی

حِصّہ داری: ساجھے داری

حِصّہ رسد، حِصّہ داری: تقسیم کے مطابق، بانٹ کے مطابق

حَصیر: مذ، بوریا، چٹائی

حصین: مضبوط، محفوظ

حُضّار: مذ، حاضر کی جمع، حاضرین، موجودہ حضرات

حَضَر: مذ، ایک جگہ قیام، سفر کی ضد

حضرات: مذ، حضرت کی جمع، بزرگ، مخدوم

حضرت: مذ، قرب، نزدیکی، درگاہ، جناب حضور، چالاک، بدمعاش، بدذات

حضرمی: حضرموت کا باشندہ

حُضُور: مذ، موجودگی، حاضری، حاضر باشی، جناب، دربار، مجلس

حَضیض: مذ، پستی، گڑھا، نشیب

حَطیم: مذ، کعبہ کا وہ پتھر جو رکن اور زمزم کے درمیان ہے

حَظ: مذ، لطف، مزہ، خوشی، لذت، ذائقہ، جمع حظوظ، حظاظ

حظ اُٹھانا: لطف اٹھانا، مزے لوٹنا، عیش کرنا

حظِ نفسانی: حیوانی خوشی، جماع

حُفّاظ: مذ، حافظ کی جمع، وہ لوگ جنھیں قرآن مجید زبانی یاد ہو

حِفاظت: مو، نگرانی، پاسبانی، دیکھ بھال، بچاؤ، سلامتی

حِفظ: ازبر، زبانی یاد، پاس، ادب، لحاظ، حفاظت

حِفظِ امن: امن بنائے رکھنا

حِفظ پڑھنا: بے دیکھے پڑھنا، ازبر پڑھنا

حِفظ کرنا: زبانی یاد کرنا

حِفظِ صحت، حفظانِ صحت: تندرستی کی محافظت، صحت کا بچاؤ

حِفظِ مراتب: مرتبے کا لحاظ، پاس ادب

حفیظ: مذ، محافظ، نگہبان، خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام، شاہنامۂ اسلام کے مصنف ابوالاثر کا تخلص

حق: مذ، سچ، صدق، لائق، واجب، درست، بجا، ٹھیک، صلہ، بدلہ، معاوضہ، انعام، جمع حقوق

حق آشنا: خداپرست، سچی بات کہنے والا

حقِ تصنیف: کتاب لکھنے کا معاوضہ

حق تلفی: کسی کا حق مار لینا، بے انصافی

حق فراموش: دوسرے کا حق بھول جانے والا

حقّا: سچ، قسم ہے خدائے پاک کی

حِقارت: ذلت، سبکی، بے عزتی، خفت

حقّانی: حق سے نسبت رکھنے والا

حقّانیّت: مو، خدا کی طرف منسوب ہونا، سچائی، راستی، صداقت

حُقنہ: مذ، کسی دوا کی بتی یا پچکاری پاخانے کے مقام پر چڑھانا تاکہ پاخانہ آئے

حُقّہ: ڈبا، تمباکو پینے کا آلہ، گڑگڑا، گڑگڑی

حُقّہ باز: بازی گر، مداری، بہت حقہ پینے والا

حُقّہ پانی بند کر دینا: ذات برادری سے نکالنا، تکلیف پہنچانا

حقیر: چھوٹا، ادنیٰ، ذلیل وخوار، اوچھا

حقیقت: مو، اصلی، جڑ، بنیاد، اصلیت، حالت، کیفیت، سچائی، صداقت

حقیقۃً: واقعی، فی الحقیقت

حقیقی: اصلی، جس میں بناوٹ نہ ہو، کھرا، صاف ستھرا، اپنا

حُکّام: مذ، حاکم کی جمع، حکومت کرنے والا

حِکایت: مو، کہانی، داستان، قصہ، بات، حدیث، جمع حکایات

حِکایۃً: ذکر کے طور پر، تذکرۃً

حَکَم: مذ، ثالث، پنچ، فیصلہ کرنے والا

حِکَم: مذ، حکمت کی جمع، علوم دانائی

حُکم: مذ، فرمان، پروانہ، ہدایت، شرعی فیصلہ، جمع احکام

حُکمران: حکم چلانے والا، فرماں روا

حُکَما: مذ، حکیم کی جمع، دانا لوگ، فلسفی حضرات

حِکمت: دانائی، عقل مندی، ہر چیز کی حقیقت دریافت کرنے کا علم، تدبیر، ہوشیاری، دور اندیشی، علاج معالجہ

حِکمتِ عملی: تدبیر، ہوشیاری، ملکی مصلحت

حِکمتِ مَدَنی: شہری انتظامات کے قانون، شہری انتظام

حُکومتِ جمہوری: کسی ملک کے بالغ باشندوں کی رائے سے چنی ہوئی حکومت، عوام کی منتخبہ حکومت

حُکومتِ شخصی: ایک شخص کی مطلق العنان حکومت

حکیم: مذ، دانا، عاقل، فہیم، ہوشیار، فلسفی، محقق، مفکر، طبیب، جمع حکما

حکیمی: مو، طبابت، حکیم سے منسوب

حَل: مذ، کھولنا، انکشاف، مشکل کام کو آسان بنانا، سلجھانا، حساب کے سوال کا عمل، امتحان کے پرچے کا جواب، معما کا جواب

حَلّاج: مذ، دُھنیا، روئی دھننے والا، منصور کا لقب

حَلال: حرام کی ضد، جائز، درست، ذبح کیا ہوا، شرع کے مطابق، وہ بچہ جو نکاحی ماں کا ہو

حَلالہ: مو، طلاق دی ہوئی عورت کا عارضی نکاح کرنا تاکہ دوسرے شخص سے نکاح کرنے کے بعد اپنے پہلے خاوند سے پھر نکاح کر سکے

حَلاوت: مو، مٹھاس، شیرینی، پکے پھل کی مٹھاس، لذت، مزہ، ذائقہ، راحت، سکھ

حِلّت: مو، حلالہ ہونا، جائز ہونا، حرمت کی ضد

حَلَف: مذ، قسم کھانا، قسم، عہد

حَلَف اُٹھانا: قسم کھانا، قرآن اٹھانا، مذہبی کتاب کی قسم کھانا

حَلَف دلانا: کوئی بڑا عہدہ سونپتے وقت مذہبی کتاب کی قسم دلانا

حَلف دینا: قسم دینا، قرآن اٹھانا

حَلفِ منصب: کسی عہدے کی ذمہ داری لیتے وقت ادائیگی فرض کا عہد کرنا

حَلف نامہ: لکھا ہوا حلفی بیان

حلفاً: قسم، قسم کے طور پر

حلق: مذ، گلا، ٹینٹوا، گردن، منہ، زبان

حلق بند کرنا: خاموش کرنا، زباں بندی کرنا

حَلقہ: مذ، دائرہ، گھیرا، احاطہ، مجلس، جماعت، علاقہ، کسی دھات یا لکڑی کی چوڑی

حلقہ بگوش: غلام، فرماں بردار، پرانے زمانے میں غلاموں کے کانوں میں حلقہ ڈال دیتے تھے

حِلم: مذ، بردباری، برداشت، نرمی، نرم دلی

حَلوا: مذ، میٹھا، نرم، شیریں، نرم چیز، آسان کام

حلوائی: مذ، مٹھائی بنانے والا، بیچنے والا

حُلول: مذ، ایک چیز کا دوسری چیز میں اس طرح داخل ہونا کہ دونوں میں تمیز نہ ہو سکے، ہندوؤں کا عقیدۂ تناسخ یا آواگون

حَلیف: مذ، مددگار، ساتھی، رفیق، ساتھی، جس نے ایک دوسرے کی مدد کرنے کی قسم کھائی ہو

حَلیم: مذ، حلم والا، بردبار، نرم، ملائم، کھچڑا

حُلیہ: مذ، سراپا، شکل وصورت، خط و خال جو پہچان کے لیے لکھے جاتے ہیں

حمار: مو، بے وقوف، نادان، احمق، بے عقل

حَمال: مذ، بوجھ اٹھانے والا، پلے دار، قلی، مزدور

حمام: مذ، گرمابہ، نہانے کی جگہ

حمائل: مو، گلے میں ڈالنے کی چیز، چھوٹی تقطیع کا قرآن مجید، ایک زیور

حمایت: طرف داری، امداد، نگہبانی، سایہ، ممانعت

حمایتی: طرف دار، حامی، مدد کرنے والا

حَمد: مو، خدا کی تعریف

حُمق: مذ، حماقت، نادانی، بے وقوفی

حَمل: مذ، بوجھ، بار، پیٹ، پیٹ کا بچہ

حَملہ: مذ، چڑھائی، یورش، ہلّہ، دھاوا

حَمیت: مو، غیرت، شرم، ننگ

حَمید: تعریف کیا ہوا، خدا کا ایک صفاتی نام

حَمیم: گرم، دوست، رشتہ دار

حِنا: مو، مہندی

حِنا بند: وہ کاغذ جس میں مہندی کی پڑیاں باندھتے ہیں

حِنائی: گیروا، زردی مائل، مہندی کے رنگ کا

حَنبلی: حضرت امام حنبلؒ کا پیرو

حَنظل: مذ، اندرائن کا پھل جو سخت کڑوا ہوتا ہے

حَنفی: حضرت امام ابوحنیفہؒ کا پیرو

حوّا: مو، بابا آدم کی بیوی، سب آدمیوں کی ماں

حَوادث: مذ، حادثہ کی جمع، مصیبتیں، تکلیفیں، حادثے

حواری: مذ، حضرت عیسیٰ کے اصحاب، وفاداری کے کام کرنے والے، دوست

حواس: مذ، ہوش، اوسان، عقل، سمجھ، حس کی جمع

حواس باختہ: بے اوسان، گھبرایا ہوا، خبط الحواس

حواس خمسہ: پانچ حسیں، دیکھنے، سننے، سونگھنے، چکھنے اور چھونے کی پانچ قوتیں

حواشی: مذ، حاشیہ کی جمع، کنارے، مصاحب، ہم نشین، یادداشت وتشریحات جو صفحے کے کنارے پر لکھی جاتی ہیں

حوالہ: پتہ نشانی، تحویل، سپردگی

حوالیٔ شہر: شہر کے اردگرد کا علاقہ

حوائج: مذ و مو، حاجت کی جمع، ضروریات

حور: مو، حوار کی جمع، خوب صورت عورتیں جو بہشت میں نیک آدمیوں کو ملیں گی، پری زاد

حوصلہ: مذ، جرأت، ہمت، شجاعت، سائی، بردباری، جانور کا پوٹا

حوصلہ افزائی: شاباشی دینا، ہمت بڑھانا

حوصلہ مند: بلند ہمت، ہمت والا، اولوالعزم

حوض: چھوٹا تالاب

حوقل: مذ، بے وقوف، احمق، ہونق

حویلی: مو، بڑا مکان، عالی شان محل، محل سرا

حی: زندہ رہنے والا، خدا کا صفاتی نام

حیا: شرم، حجاب، لحاظ، غیرت

حیادار: حیامند، غیرت والا، شرمیلا

حیات: مو، زندگی، زیست، عمر، جان، روح

حیات بخش: زندگی دینے والا

حیات مستعار: بے بنیاد زندگی، مانگے کی زندگی

حیاتیات: مو، جانوروں اور پودوں کا علم

حیاتین: وہ کیمیاوی اجزا جو انسان اور جانوروں کی غذا میں ہوتے ہیں

حیثیت: مو، بساط، مقدرت، مقدور، آبرو، وضع، ڈھنگ

حیدر: مذ، شیر، حضرت علیؓ کا لقب

حیدری: حیدر سے منسوب، شیعوں کا ایک فرقہ

حیران: ہکا بکا، حقیر، حیرت زدہ، دنگ

حیرانی: پریشانی، حیرت

حیرت: اچنبھا، حیرانی

حیرت آفریں، حیرت انگیز: حیرت پیدا کرنے والا، دنگ کر دینے والا

حیرت زدہ: بھونچکا، حیرت کا مارا ہوا

حیص بیص: مو، شور وغل، تکرار، حجت، لڑائی جھگڑا

حیض: مذ، وہ خون جو عورتوں کو ہر ماہ آتا ہے، ماہواری خون

حیطہ: مذ، چار دیواری، احاطہ

حیف: مذ، دریغ، افسوس، ہائے

حیلہ: مذ، بہانہ فریب، مکر، دغل، روزگار، کام، نوکری

حیلہ باز، حیلہ ساز، حیلہ گر، حیلہ جو: مکار، فریبی، دغاباز، کام چور

حیلہ حوالہ: ٹال مٹول، لیت ولعل، ہیرا پھیری

حین: مذ، وقت، زمانہ، عرصہ

حینِ حیات: عمر بھر، جب تک زندہ ہو، جیتے جی

حیوان: مذ، جاندار، ذی روح، مویشی، چوپایہ، نادان، بے وقوف، وحشی

حیوانِ ناطق: بولنے والا جانور، انسان

حیوانی: انسانی کی ضد، حیوان سے منسوب نفسیانی، شہوانی

حیوانیات: مو، جانوروں کی تاریخ بناوٹ اور عادات واطوار کا علم

حیوانیت: مو، حیوان کی خاصیت، بے شری، بے حیائی، حماقت

خ

خاتم: ختم کرنے والا، انجام تک پہنچانے والا، جمع خواتم

خاتم الانبیاءؐ، خاتم المرسلینؐ، خاتم النبیینؐ: نبوت کے سلسلے کو ختم کرنے والا یعنی آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم

خاتم: مو، انگشتری، انگوٹھی، چھاپ، مہر، جمع خواتم

خاتم سلیمان: حضرت سلیمانؑ کی انگوٹھی جس پر اسم اعظم کندہ تھا اور اس کے سبب تمام جاندار آپ کے فرماں بردار تھے

خاتمہ: مذ، انجام، عاقبت، نتیجہ، موت، انتقال

خاتمہ بالخیر: اسلام کی حالت میں انتقال کرنا

خاتون: مو، بیوی، امیر، معزز عورت، بیگم، جمع خواتین

خاتونِ جنت: خاتون عرب، جنت کی شہزادی، حضرت فاطمہ زہراؓ کا لقب

خادم: مذ، خدمت گار، ملازم، نوکر، جمع خُدّام، خادمان

خادمِ درگاہ: کسی درگاہ کی خدمت کرنے والا، مجاور، پیر

خادمہ: مو، نوکرانی، ملازمہ، جمع خادمات

خار: مذ، کانٹا، پھانس، حسد، رشک، جلن

خار پشت: ساہی، ایک جنگلی جانور جس کے بدن پر کانٹا ہوتا ہے

خارزار، خارستان: کانٹوں کا جنگل، ویرانہ

خارکش: لکڑہارا

خار کھانا: حسد کرنا، دشمنی کرنا، جلنا

خارِ مُغیلاں: ببول یا کیکر کا کانٹا

خار نکالنا: عداوت پوری کرنا، انتقام لینا

خار و خس، خار و خاشاک: کانٹا اور گھاس، کوڑا کرکٹ، کچرا

خاراشگاف: پتھر میں سوراخ کرنے والا

خارج: نکالا ہوا، علاحدہ، باہر، نکلا ہوا، مذہب سے پھرا ہوا، مرتد

خارج از بحث: جس کا بحث سے کوئی تعلق نہ ہو، فضول بات

خارج قسمت: وہ عدد جو مقسوم کو مقسوم علیہ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہو

خارج کرنا: نکالنا، باہر نکالنا، مقدمے کے دعوے کو رد کر دینا

خارج ہونا: نکلنا، باہر ہونا، جدا ہونا، مقدمہ کا نہ چلنا

خارجہ: باہر کا، خارج شدہ، باہر سے متعلق

خارجی: مسلمانوں کا ایک فرقہ، جمع خوارج

خارش: مو، کھجلی، کھاج، جلن

خارشی: کھجلی والا، جسے خارش کا مرض ہو

خارق: پھاڑنے والا، کرامت، بزرگی، جمع خوارق

خارقِ عادت: عادت اور قدرتی قاعدے کو توڑنے والا، ولیوں کی کرامتیں

خازن: خزانہ دار، خزانچی، نگہبان، خزانہ

خاص: ذاتی، نجی، محض، عمدہ، چنے ہوئے

خاصا: خوب، اچھا، موزوں، خوشنما، امیروں کا کھانا، بادشاہوں کی سواری کا گھوڑا

خاصا چننا: دسترخوان پر اچھے کھانے سجانا

خاصا رہا، خاصے رہے: اچھے رہے، خوب رہے

خاصہ: مذ، عادت، خصلت، صفت، خاصیت

خاصی: اچھی، درمیانی درجہ کی، امیروں کی بندوق

خاضع: عاجزی کرنے والا، جس کے مزاج میں انکساری ہو، خشوع والا

خاطر: مو، جو دل میں گزرے، دل، من، جگر، کلیجہ، خیال، دھیان، قصد، ارادہ، لحاظ، تواضع، لیے، واسطے

خاطر آزاری: صدمہ پہنچانا، دل دکھانا

خاطر آزردہ: ناراض، ملول، جس کا دل دکھی ہو

خاطر آشفتہ: پریشان، گھبرایا ہوا، بے کل

خاطر جمع: دل جمعی، اطمینان، تسکین، تسلی

خاطر خواہ: دل کے مطابق، خواہش کے موافق

خاطر داری: تواضع، مدارات، مہمان نوازی، آؤ بھگت کرنا

خاطر حاطر: پاکیزہ طبیعت

خاطر کرنا: آؤ بھگت، مہمان نوازی کرنا، دل جوئی کرنا

خاطر مدارات: آؤ بھگت، مہمان نوازی

خاطر نشان ہونا: بات کا دل میں بیٹھنا

خاطر نشیں: دل میں اترنے والی، ذہن نشیں، جو دل

میں بیٹھ جانا۔

خاطی: گناہ گار، خطا کار، پاپی، مجرم

خاقان: مذ، سلطان، قدیم زمانے میں چین اور ترکستان کے بادشاہوں کا لقب

خاقانی: مذ، شاہی، خاقان سے منسوب، فارسی کے ایک معروف قصیدہ گو شاعر کا تخلص

خاک: مو، مٹی، دھول، گرد، زمین، کچھ، ذرا، راکھ، کچھ نہیں

خاک اُڑانا: گرد اڑانا، بدنام کرنا، آوارہ پھرنا

خاک اُڑنا: دھول اڑنا، گرد اڑنا، بدنام ہونا، تباہ ہونا، بے رونق ہونا

خاک انداز: کوڑا کرکٹ ڈالنے کا برتن، پھاوڑا، بیلچہ

خاک برسنا: دھول اڑنا، ویرانی ہونا، بے رونقی ہونا

خاک پا: پاؤں کے نیچے کی زمین، گرد، عاجز، مسکین

خاک پھانکنا: آوارہ پھرنا، جھوٹ بولنا، الزام لگانا، تہمت لگانا

خاک چھاننا: آوارہ پھرنا، سرگردان پھرنا، اچھی طرح تلاش کرنا

خاک دان: مٹی اور کوڑا ڈالنے کی جگہ، دنیا

خاک ڈالنا: رفع دفع کرنا، لعنت بھیجنا، چھوڑنا، عیب چھپانا

خاکروب: مہتر، بھنگی، حلال خور

خاک سار: مٹی کی طرح، خاک ساری اختیار کرنے والا، عاجز

خاک ساری: فروتنی، عاجزی، انکساری

خاک شفا: شفا دینے والی مٹی، مکہ اور مدینہ کی خاک

خاک کا پُتلا: انسان، آدمی، آدم زاد، نبی نوع انسان

خاک کے مول: بہت سستا، نہایت ارزاں

خاک میں ملانا: برباد کرنا، تباہ کرنا، ضائع کرنا، گنوانا، ذلیل و رسوا کرنا

خاکستر: مو، راکھ، بھبھوت، برباد

خاکسی: مو، خوب کلان، ایک نہایت باریک بیج جو بخار کی دوا ہے

خاکہ: مذ، ڈھانچہ، چربہ، نقشہ، پروگرام

خاکہ اُڑانا: نقل اتارنا، نقشہ کھینچنا، بدنام کرنا

خاکہ بنانا، کھینچنا: کچا نقشہ بنانا، مسودہ تیار کرنا

خاکی: خاک کا، خاک سے منسوب، مٹیالا

خاکی نہاد: بہت ملنسار، نرم دل

خاگ: انڈا، بیضہ، تخمِ مرغ

خاگینہ: تلا ہوا انڈا

خال: مذ، وہ قدرتی کالا نقطہ جو چہرے یا جسم پر ہوتا ہے، تل، ماموں، خالو

خال خال: اکا دکا، بہت کم، کہیں کہیں، کوئی کوئی

خالص: اصل، کھرا، جو کھوٹا نہ ہو، جس میں ملاوٹ نہ ہو

خالصہ: سرکاری زمین جس پر کسی کا قبضہ نہ ہو، سکھ سردار

خالق: مذ، پیدا کرنے والا، خدا کا ایک صفاتی نام

خالو: مذ، خالہ کا شوہر، ماں کی بہن کا شوہر

خالہ: ماں کی بہن

خالہ زاد بھائی: خالہ کا بیٹا

خالہ زاد بہن: خالہ کی بیٹی

خالی: جو بھرا ہوا نہ ہو، کھوکھلا، صرف، اکیلا، بے کار، نکما، بے روزگار

خالی پیٹ: نہار منہ، بھوکا جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو

خالی خولی: کھوکھلا، جس کی کوئی حقیقت نہ ہو

خالی سے بیگار بھلی: بے کار بیٹھنے سے کسی کا کام مفت کرنا اچھا ہوتا ہے

خالی کرنا: نکالنا، بندوق چھوڑنا، مکان سے قبضہ یا اسباب اٹھانا

خالی ہاتھ: مفلس، نادار، محروم

خام: کچا، جو ابھی پکا نہ ہو، سبز، ہرا، ناتجربہ کار، اناڑی

خام خیالی: غلط گمان، غلط خیال، جھوٹا خیال

خام دست: فضول خرچ، ناتجربہ کار، اناڑی

خام ریش: بے عقل، مسخرا

خام کار: نادان، ناآزمودہ، ناتجربہ کار

خام کرنا: بند کرنا، آٹا لگا کر ہانڈی کا منہ بند کرنا

خامُش: خاموش، چپ، بے سُدھ

خامُشی: سو، خاموشی، چپکی

خاموش: چپ، ساکت

خاموش کرنا: چپ کرنا، چراغ بجھانا

خاموشی: سو، چپ، سکوت

خامہ: مذ، قلم، کلک

خامہ آرائی: بہت بنا سنوار کر لکھنا، اچھا لکھنا، سجانا، تحریر کرنا، لکھنا

خامہ فرسا: تحریر کرنے والا، لکھنے والا

خامہ فرسائی: لکھنا، تحریر کرنا، کاغذ پر قلم کا نقش ہونا

خامی: سو، کمی، برائی، کوتاہی، ناپختگی، نقص

خان: مذ، پٹھانوں کا لقب، سردار، امیر، رئیس

خان بہادر: اچھی کارکردگی پر انگریزی حکومت سے ملنے والا توقیر کا خطاب

خان خانان: سرداروں کا سردار، سب سے بڑا سردار، امیر الامرا، مغلیہ سلطنت کے زمانے میں سپہ سالار کا لقب، عبدالرحیم خاں کا لقب

خان زادہ: خان کا لڑکا، شہزادہ، امیر زادہ

خان ساماں: داروغہ سامان کا مالک یا امیر، گھر کے اسباب کا مالک، باورچی، باورچی خانہ کا ذمہ دار، کھانا کھلانے یا پکانے والا

خان صاحب: اچھی کارکردگی پر انگریزی سرکار سے ملنے والا خطاب جو خان بہادر سے کم رتبہ کا ہوتا تھا، عزت کے ساتھ مخاطب کرنے کا کلمہ

خانقاہ: فقیروں، درویشوں، حضرات صوفیہ کے

رہنے کی جگہ، حجرہ، مقبرہ

خاندان: مذ، کنبہ، گھرانہ، نسل، نسب، قبیلہ

خاندانی: شریف گھرانے کا، اچھے کنبہ کا، اچھے حسب نسب کا، مہذب، بہت اچھی نسل کا، قدیمی، پرانا

خانگی: گھریلو، ذاتی، نجی، گھر کا، اپنا، خاندانی

خانم: مو، امیر زادی، اچھے گھر یا خاندان کی عورتوں کا لقب، بیوی، بیگم

خانماں: مذ، گھر کا ساز وسامان، مال واسباب، مال و متاع، اثاثہ

خانماں آوارہ: بے گھر، گھر سے نکلا ہوا، پردیسی، بغیر پُرسانِ حال کے

خانوادہ: مذ، گھرانہ، کنبہ، خاندان، قبیلہ، درویشوں یا فقیروں کا سلسلہ

خانہ: مذ، گھر، مکان، صندوق کے اندر کا حصہ

خانہ آباد: مال و دولت کی زیادتی، پھولا پھلا گھر، خوش حال خاندان

خانہ آبادی: شادی، گھر کا بسنا، خوش حالی

خانہ باغ: مکان سے ملا ہوا یا گھر کی چاردیواری کے اندر کا باغ

خانہ بدوش: بنجارہ، جن کا کوئی مستقل گھر نہ ہو، چلنے پھرنے والے لوگ، آوارہ، بے ٹھکانہ، بے گھربار

خانہ برانداز: معشوق، گھربار تباہ کرنے والا، برباد کرنے والا

خانہ بربادی: گھر کی بربادی، گھر کا اجڑ جانا یعنی بیوی کا انتقال کرنا

خانہ پُری کرنا: کسی کام کو بغیر کسی احتیاط کے انجام دینا، یوں ہی، بغیر توجہ کے، خالی نقشوں کو پُر کرنا

خانہ جنگی: گھر کے جھگڑے، آپسی جنگ، اندرون ملک کی لڑائی

خانہ خُدا: مسجد، خدا کا گھر، کعبہ شریف

خانہ خراب: برباد، پریشان حال، تباہ وخستہ

خانہ خمار: مے خانہ، شراب خانہ، خرابات، مے کدہ

خانہ داری: گھر کا کام کاج، گھر کا انتظام، دیکھ بھال، نگرانی، گھریلو معاملات

خانہ داماد: وہ داماد جو سسرال میں رہتا ہو، گھر داماد

خانہ زاد: لونڈی کا لڑکا، وہ غلام جس کی پیدائش مالک کے گھر ہوئی ہو، خاکساری کا کلمہ

خانہ زنجیر: قید خانہ، پاگل خانہ، زنجیر کا حلقہ

خانہ ساز: گھر کا تیار کردہ، خود کا بنایا ہوا

خانہ نشین: گھر میں بیٹھنے والا، تنہائی میں بیٹھنے والا، گوشہ گیر، بے کار

خاور: مذ، پورب، مشرق، سورج، جمع خاوراں

خاوری: پوربی، مشرقی، سورج سے متعلق

خاوند: مذ، شوہر، مالک، آقا

خاوندی: مو، عنایت، بندہ نوازی، کرم، مہربانی

خائف: ڈرنے والا،خوف کھانے والا،ہراسیمہ، پریشان

خائن: بددیانت، خیانت کرنے والا

خایہ: مذ،انڈا، بیضہ،نوطہ،خصیہ

خباثت: مو،گندگی، ناپاکی، بدطینتی، برائی

خباز: مذ، روٹی پکانے والا، نانبائی، آٹا گوندھنے والا

خبائث: مو،خبث کی جمع،گندگی،ناپاکی، بدباطنی، برائی

خبر: مو، اطلاع، افواہ، پیغام، واقفیت، حدیث نبویؐ،نشان،سراغ، ہوش، حال، خیریت

خبر آنا: مرنے کی اطلاع ملنا،موت کی اطلاع

خبر اُڑانا: افواہ پھیلانا،جھوٹی خبر دینا، بے سروپیر کی اڑانا

خبر پوچھنا: حال چال پوچھنا، خیریت معلوم کرنا

خبر پھیلانا: کسی اطلاع کا مشہور ہونا،خبر کا عام ہونا

خبردار: واقف، اطلاع رکھنے والا، آگاہ، چوکنا، ہوشیار، ہرگز، جاسوس۔

خبردار ہونا: چوکنا رہنا، ہوشیار رہنا، آگاہ ہونا

خبرداری: حفاظت کرنا،نگرانی،نگہبانی، ہوشیاری

خبر رساں: قاصد، ایلچی،خبر پہنچانے والا

خبر رکھنا: واقفیت رکھنا، ہوشیار رہنا،خیال رکھنا

خبر گرم ہونا: خبر کا بہت مشہور ہونا، کسی واقعہ کا عام ہونا، بے انتہا شہرت

خبر گیری: نگرانی،دیکھ بھال، حفاظت، خیال، مدد

خبر لینا: حال معلوم کرنا، خیریت دریافت کرنا، مدد کرنا،سزا دینا، مارنا

خبرت: مو،فہم،عقل، دانائی، تجربہ، مشاہدہ

خبط: مذ، پاگل پن، دیوانگی، جنون، بددماغی

خبط ہونا: سودائی ہونا، دیوانگی ہونا، جنون ہونا

خبطی: مجنوں، پاگل، سودائی، سنکی

خبیث: گندہ، ناپاک، بدطینت، پلید

خبیر: خبر رکھنے والا ،واقف کار، جاننے والا، خدا کا صفاتی نام

خبگ: مذ، سونٹا، بھنگ گھوٹنے کی لکڑی، انگوٹھا، اعضائے تناسل

خبم: مذ، اخیر، انجام، انتہا، ختم قرآن کی تقریب، نیاز

خبم کرانا: جان سے مار دینا، قتل کرانا، نیاز دلوانا

خبم ہونا: انجام کو پہنچنا، موت آنا، نیاز ہونا

خبن: مذ، ترکستان کا ایک حصہ جو مشک کے لیے مشہور ہے

خبنہ: مذ، کاٹنا، بچے کے عضو تناسل کا فالتو چمڑا کاٹنا

خبالا: بکواس، بیہودہ گوئی، بلاضرورت، فضول

خجالت: مو، شرمندگی، ندامت، شرمساری، حیا

خجستگی: مو، سعادت، مبارک، مسعود

خجستہ مبارک، سعادت، فرخندہ

خجل: نادم، شرمندہ، شرمسار

خچر: مذ، ٹٹو، گھوڑے اور گدھے سے مل کر پیدا ہونے

والی نسل

خَدّ: مذ، چہرہ، رخسار، گال

خُدا: مذ، اللہ تعالیٰ، آقا، مالک، مختار، خداوند

خُدا اُٹھالے: موت آجائے، زندگی سے نجات مل جائے

خُدا پر چھوڑ دینا: خدا پر بھروسہ کرنا، صبر کرنا، خدا کے حوالے کر دینا

خُدا پَرست: اللہ والا، خدا کو ماننے والا، عبادت گزار

خُدا ترس: خدا کا خوف رکھنے والا، رحم دل، حق پرست

خُدا حافِظ: دعائیہ کلمہ، اللہ حفاظت کرے، رخصت یا الگ ہوتے وقت کہتے ہیں

خُدا خُدا کر کے: بہ دقت تمام، مشکل سے، کسی طرح

خُدا خیر کرے: اللہ نگہبانی کرے، اللہ بچائے، اندیشہ کے موقع پر کہتے ہیں

خُداداد: خدا کی طرف سے ملی ہوئی، قدرتی، اللہ کی عنایت سے

خُدارا: خدا کے واسطے، اللہ کے لیے، بہر خدا

خُدا رسیدہ: اللہ والا، اللہ تک پہنچا ہوا، بزرگ، ولی کامل

خُدا سمجھے: اللہ بدلہ لے، اللہ سزا دے، بددعا کے لیے بولتے ہیں

خُدا شکر خورے کو شکر ہی دیتا ہے: اپنے شوق کے مطابق ملنا، اللہ تعالیٰ ہر شخص کو اس کی ضرورت اور ہمت کے مطابق عنایت کرتا ہے

خُدا کا دیا سَر پر: آنے والی تکلیف کو صبر و استقلال کے ساتھ گوارا کرنا چاہیے

خُدا کی باتیں خُدا ہی جانے: اسرار کائنات کا علم کسی کو نہیں، اللہ ہی پوشیدہ باتوں کا جاننے والا ہے

خُدا کی لاٹھی میں آواز نہیں ہوتی: غیبی سزا غیر محسوس طور پر ملتی ہے

خُدا کی مار: سزائے الٰہی، خدا کا قہر، خدا کی لعنت، بددعا کا کلمہ

خُدا کے گھر سے پھرنا: موت سے بچنا، خطرناک بیماری سے شفایاب ہونا

خُدا گنجے کو ناخون نہ دے: خدا چھوٹی طبیعت کے آدمی کو بڑا مقام نہ دے

خُدا لگتی کہنا: سچ کہنا، حق کہنا، صاف صاف کہنا، طرفداری نہ کرنا

خُدا معلوم: اللہ ہی جانے، نہ معلوم، خبر نہیں، نہ جانے

خُدا نہ کردہ: خدا نہ کرے، ایسا نہ ہو

خُدا واسطے: بلاوجہ، یوں ہی، بے سبب، ناحق، خواہ مخواہ، فی سبیل اللہ

خُدّام: مذ، خادم کی جمع، ملازم، خدمت کرنے والے نوکر

خُداوَند: مذ، خدا، آقا، مالک، مختار کل، اللہ تعالیٰ

خُدا وَنْد گاں: مذ، شہنشاہ، بڑا بادشاہ، بڑا آدمی

خُدائی: مو، خدا سے متعلق، اللہ کی شان و عظمت، اللہ کا، کائنات، دنیا

خُدائی رات: رت جگا، عورتوں کا رات بھر جاگنا اور نذر و نیاز کا کھانا تیار کرنا

خُدائی کا جھوٹا: بہت ہی فریبی، دھوکے باز، دنیا بھر کا جھوٹا

خَدشہ: نذ، خوف، ڈر، تشویش، اندیشہ، خطرہ

خَدَع: دھوکا دینا، فریب دینا، دغا دینا

خُدَم: نذ، خادم کی جمع، نوکر چاکر، ملازمین، خدمت گار

خِدمَت: مو، نوکری، ملازمت، کارگزاری، کارکردگی، پاس، سامنے، جمع خدمات

خِدمَت گار، خِدمَت گزار: نوکر، ملازم، خادم

خُدَنگ: نذ، چھوٹا تیر، اس درخت کا نام جس سے تیر بناتے ہیں

خدیجہ: مو، ام المومنین خدیجۃ الکبریٰؓ، آنحضرت کی پہلی بیوی

خِدیو: نذ، شہنشاہ، بادشاہ، فرماں روا، سلطان

خر: نذ، گدھا، احمق، بے وقوف، بے عقل

خر بے دُم: احمق آدمی، بے وقوف انسان، بے عقل آدمی

خر دماغ: ضدی، مغرور، بد دماغ

خَرمَست: جوانی کے نشہ میں چور، شہوتی، نفس پرست، احمق

خَروار: گدھے کا بوجھ، وزن جو گدھے کی پیٹھ پر لادا گیا ہو، وزنی

خَراب: اجڑا ہوا، ویران، برباد، ضائع، بے قعت، نہ شراب

خَراب آباد: دنیا، برباد ہونے کی جگہ

خَراب و خستہ: لٹا ہوا، برباد حال، پریشان حال

خَرابات: مو، مے خانہ، شراب خانہ، شراب اور جوئے کا اڈا، جرائم کا مرکز

خَراباتی: شرابی، جواری، بدچلن، بدکردار

خَرابہ: ویرانہ، کھنڈر، غیر آباد

خَرابی: مو، بربادی، ویرانی، تباہی، نقص، عیب

خَرّاٹا: سوتے وقت کی خرخر کی آواز

خَراج: نذ، محصول، مال گزاری، اناج، رعایا جو رقم بادشاہ کو دے

خَراد: نذ، وہ آلہ جس سے لکڑی یا لوہے کو چھیل کر صاف ستھرا کرتے ہیں

خَرادنا: خراد کی مدد سے چھیل کر صاف کرنا، درست کرنا، صاف ستھرا بنانا

خَرادی مُرادی: مطلبی، خود غرض، اپنے مطلب سے کام رکھنے والا

خَراس: نذ، دانا پیسنے کی بڑی چکی

خَراش: مو، نذ، رگڑ، چھیلن، سوزش، معمولی زخم

خُرافات: سو، بکواس، بے ہودہ باتیں، بے مطلب، گندی گفتگو

خِرام: نذ، ملک ملک کر چلنا، ناز و غمزے سے بھری ہوئی چال

خِرامِ ناز: ناز و ادا سے بھری ہوئی چال، محبوب کی

چال خرے کی چال، آہستہ آہستہ بن کر چلنا

خِراماں خِراماں: دھیرے دھیرے چلنا، دبے پاؤں بہت ہی آہستہ چلنا، ٹہلتے ٹہلتے

خُرّانٹ: بوڑھا، دیرینہ، تجربہ کار، چالاک

خَربوزہ، خَربُزہ: مذ، ایک مشہور میٹھا اور رسیلا پھل جو گرمیوں میں ہوتا

خَربُوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے: صحبت یا ساتھ رہنے کا اثر پڑنا ضروری ہے

خرجی: مو، تھیلا، جھولا، زنبیل، گھوڑے کی پیٹھ پر سامان رکھنے کے لیے تھیلا

خَرچ: مذ، صرف، قیمت، لاگت، روپیہ

خَرّاچ: زیادہ خرچ کرنے والا، فضول خرچ

خرچنگ: مذ، کیکڑا، سرطان

خرخرانا: سونے میں زور سے نکلنے والی آواز، خراٹے کی آواز

خُرخشہ: مذ، تکرار، جھگڑا، بکواس، بحث

خُرد: چھوٹا، کم سن، نابالغ، جمع خرداں

خُردبین: جس آلہ سے چھوٹی سے چھوٹی چیز بڑی دکھائی دے

خِرد: مو، عقل، ہوش، سمجھ، فہم، آگہی، دانائی، جمع خرداں

خِردمند: عقل مند، ہوشیار، سمجھ رکھنے والا، جمع خردمنداں

خُرداد: مذ، اہل ایران کے شمسی سال کا تیسرا مہینہ

خُردَل: مو، رائی، بہت ہی چھوٹا دانا

خُردہ: مذ، ریزہ، ٹکڑا، پارچہ، چھوٹی چھوٹی چیزیں، جھٹرن، ریزگاری، باریک بات، نقص

خُردہ بیں: نقص نکالنے والا، نکتہ چینی کرنے والا

خُردہ فروش: پرچون بیچنے والا، بساطی

خردہ گیر: عیب تلاش کرنے والا، عیب ڈھونڈھنے والا، نکتہ چیں

خُرس: مذ، بھالو، ریچھ

خُرسَند: شاد، خوش، شادماں، مطمئن

خُرطوم: مو، ہاتھی کی سونڈ

خُرف: بیہودہ، مہمل، بہت بوڑھا جو صند کرے، بدحواس بوڑھا

خُرفہ: مذ، ٹھنڈائی کے لیے استعمال کیا جانے لا ایک بیج

خَرق: پھاڑنا، چاک کرنا، جھوٹی باتیں کرنا، جمع خوارق

خَرقِ عادت: فطرت کے خلاف سرزد ہونے والی بات، حیرت انگیز، انوکھی بات، کرامت، معجزہ

خِرقہ: مذ، پھٹا پرانا کپڑا، پیوندار کپڑا، گدڑی، فقیروں کا لباس، خاکساری کا لباس، جمع خِراق

خرگاہ: مذ، بادشاہوں کا خیمہ، بڑا خیمہ جس میں مع لاؤلشکر کے قیام کیا جائے

خرگوش: مذ، بلی کی طرح ایک جانور جو بہت تیز بھاگتا ہے

خُرّم: خوش، شادماں، پُرکیف، شگفتہ

خُرما: مذ، چھوہارا، کھجور، ایک نہایت میٹھا پھل، ایک مٹھائی جو عام طور پر میدہ شکر اور گھی سے تیار کی جاتی ہے اور کھجور کی شکل کی ہوتی ہے

خِرمَن: مذ، کھلیان، غلّہ کا انبار، دانہ بھوسہ الگ کرنے کے لیے رکھا ہوا غلہ کا ڈھیر

خَرمُہرہ: مذ، ناقوس، سنکھ، کوڑی، گھونگھا

خُروج: مذ، باہر نکلنا، باہر آنا، برآمد، نکاس، شورش، ہنگامہ، فتنہ، بغاوت

خَروس: مذ، مرغا

خُروش: مذ، ہنگامہ، شور وغل، اودھم، بدتمیزی

خَرید: مو، خریدی ہوئی، مول لی ہوئی، قیمت دے کر حاصل کی ہوئی

خَرید وفروخت: خریدنا اور بیچنا، لین دین

خَریدار: مول لینے والا، خریدنے والا، طلب گار، چاہنے والا

خَریطہ: مذ، جیب، کیسہ، تھیلی، پیسے رکھنے والی تھیلی

خَریف: مو، برسات میں پیدا ہونے والی فصل، ساونی

خواجہ خوزادہ: مذ، خواجہ زادہ کا مخفف، صاحب جادہ، سردار، مالک

خِزاں: مو، پت جھڑ، پتے جھرنے والا موسم، ویرانی، بربادی

خِزاں دیدہ: ویرانا، بے رونق، برباد، جس پر خزاں کا اثر ہو

خَزانچی: مذ، روپے رکھنے والا، خزانے کا مالک، تحویل دار

خَزانہ: مذ، روپیہ رکھنے کی جگہ، بینک، گودام، مال دولت، نقدی، روپیہ، جمع خزائن

خزانۂ عامرہ: بادشاہ کا خزانہ، روپیہ ودولت سے بھرا ہوا خزانہ

خَزف: مو، ٹھیکری، بے وقعت، بے کار

خَزینہ: مذ، خزانہ، انبوہ، کثرت

خَس: مذ، گھاس، پھوس، کوڑا کرکٹ، ایک قسم کی خوشبودار گھاس

خَس کم جہاں پاک: گندی چیز یا انسان کے نہ رہنے سے صفائی یا اچھائی پیدا ہوتی ہے

خَس وخاشاک: گھاس پھوس، خار وخس، اچھا برا

خَسارہ: مذ، گھاٹا، نقصان، زیاں، ٹوٹا

خَسارہ اُٹھانا: نقصان گوارا کرنا، زیاں برداشت کرنا

خَساست: مو، گندگی، کمینہ پن، بخل

خَساندہ: مذ، وہ دوا جو پانی میں پھگو کر اور چھان کر پی جائے

خَستگی: مو، شکستگی، زخمی ہونا، مفلسی، افلاس، تھکاوٹ

خَستہ: گھائل، جسے چوٹ لگی ہو، خراب، غریب، مفلوک الحال، مرمرا، بھربھرا، مغز بادام کی طرح کا ایک مغز

خستہ جگر، خستہ حال، خستہ دل، خستہ رواں: پریشان حال، رنجیدہ، غم زدہ، آزردہ خاطر، برباد

خَسر: مذ، سسر، سسرا، بیوی کا باپ

خَسر پورہ: سالا، بیوی کا بھائی، خسر کا لڑکا

خسران: مذ، گھاٹا، زیاں، نقصان، ٹوٹا

خسرو: مذ، حسین، خوب صورت، خوب رو، فارسی کے مشہور ہندوستانی شاعر امیر خسرو کا تخلص، ایران کے ایک بادشاہ کا لقب، جمع خسروان

خسروانہ: شاہانہ، امیرانہ، بادشاہانہ

خسرہ: مذ، زمین کا اندراج، جس میں زمین کی نوعیت کھیت کا نمبر، اس کا رقبہ، کاشت کار کا نام، وغیرہ تفصیلات قلم بند ہوتی ہیں

خس: مذ، کوڑا کرکٹ، گھاس پھوس، خس وخاشاک، کانٹے دار جھاڑی، گوکھرو

خسوف: مذ، چاند گہن

خسیس: کنجوس، بخیل، کمینہ، نالائق، تنگ دل

خشت: مو، اینٹ

خشت باری: اینٹ مارنا، اینٹ برسانا، اینٹ پتھر پھینکنا

خشخاش: مو، افیون کے دانے، پوست کا بیج

خشک: روکھا، سوکھا، جو تم یا تر نہ ہو، کج اخلاق، بے مزہ، بے عقل، بے مغز، بلا سالن، بلا روٹی

خشک سالی: کال، قحط، سوکھا، پانی نہ برسنا

خشک وتر: اچھا برا، خوب وناخوب، مجاز اساری کائنات

خشکہ: مذ، اُبلا ہوا چاول، سوکھا آٹا، پلیتھن

خشم: مذ، غضب، غصہ، ناراضگی، خفگی، طیش

خشم آلود: غضب ناک، غصہ سے بھرا ہوا، خشمگین

خشوع: مذ، انکسار، عاجزی، خاکساری، نیاز مندی

خصومت: مو، خفگی، عداوت، تلخی، سختی، نفرت، غصہ

خشیت: مو، خوف، ڈر، دہشت، سراسیمگی

خصال: مو، خصلت کی جمع، خو، عادتیں، اطوار، سلیقے

خصائص: مذ، عادات، خاصیتیں، اثرات، اطوار

خصلت: مو، عادت، اطوار، خو، سیرت، مزاج، جمع خصائل

خصم: مذ، بدخواہ، دشمن، بیری، مالک، شوہر، جمع خصام، خصوم، خصمان

خصم کرنا: شوہر کرنا، خاوند کرنا

خصموں جلی: مصیبت کی ماری، جس نے مرد کا آرام نہ دیکھا ہو

خصوص: مذ، کوئی خاص کام، مخصوص، خصوصیت، انوکھا کام

خصوصاً: خاص کر کے، علی الخصوص

خصومت: مو، دشمنی، عداوت، تکرار

خصی: بدھیا کیا ہوا جانور، آختہ، نامرد

خصیہ: مذ، بیضہ، خایہ، فوطہ

خضاب: مذ، بالوں کو رنگنے کی دوا، سفید بالوں کی سیاہ کرنے کا روغن

خضر، خضر: ایک روایتی شخصیت، جنھوں نے آب حیات پیا ہے اور امر ہیں، رہ بر، رہ نما، رازِ کائنات کے جاننے والے

خضرِ راہ: راہبر، راہ نما، قائد، علامہ اقبال کی مشہور نظم

خضر صُورت: حضرت خضر کی طرح، سفید اور لمبی ڈاڑھی والے

خُضوع: نذ، نیاز مندی، انکسار، عاجزی، دست بستہ

خط: نذ، تحریر، عبارت، نامہ، خیریت نامہ، مکتوب، نشان، جوانی کے شروع میں مردوں کے چہرے پر نکلنے والے بال، مسودہ، انداز نگارش، اسلوب تحریر، اصلاح، لکیر، قطار، جمع خطوط

خطِ آزادی: جس تحریر سے قیدی کو آزادی ملے

خطِ استوا: ایک فرضی لکیر جو زمین کو شمال و جنوب کے دو برابر حصوں میں تقسیم کرتی ہے، یہ لکیر کرۂ ارضی کے بیچوں بیچ پورب سے پچھم کھینچی گئی ہے

خط بنانا: حجامت بنانا، بال منڈانا، داڑھی منڈانا، خوش خطی کی مشق کرنا، تحریر سنوارنا

خطِ بندگی: قید ہونے کی تحریر، خط غلامی، خط زنداں

خطِ پیشانی: خط جبین، خط سرنوشت، نوشتۂ تقدیر، قسمت کا لکھا ہوا

خط تراش: نائی، حجام، موتراش

خط تقدیر: قسمت کا لکھا ہوا، مقدر کی تحریر، بخت

خطِ جدّی: خط استوا سے 1/2 23 درجے جنوب کی طرف سیدھی فرض کی گئی لکیر

خطِ چلیپا: صلیب نما تحریر

خطِ سرطان: خط استوا سے 1/2 23 درجے شمال کی طرف فرض کی گئی لکیر

خطِ شکستہ: گھسیٹ کر لکھی جانے والی تحریر، مشکل سے پڑھی جانے والی تحریر، رواں دواں تحریر

خطِ صَراف: ہنڈی، چک

خطِ عمودی: سیدھی لکیر جو دوسری سیدھی لکیر کے ساتھ مل کر زاویہ بنائے

خطِ غُبار: ایک آرائشی خط جو باریک نقطوں سے بنایا جاتا ہے، جس میں حروف کی شکل غبار جیسی دھندلی نظر آتی ہے

خط و کتابت: چٹھی پتری کی تحریر، مراسلت

خط کھینچنا: لکیر بنانا، رد کرنا، ترک کرنا، قلم زد کرنا، نشان قائم کرنا

خطِ گُلزار: آرائشی خط کا نام، جس میں حروف کی شکلیں بیل بوٹوں سے تیار کی جاتی ہیں

خطِ مُحوازی: آمنے سامنے کھینچی جانے والی لکیر

خطِ مُستقیم: سیدھی لکیر، سیدھا راستہ، ہدایت کا راستہ

خطِ نستعلیق: دنیا کا حسین و جمیل خط، جو نسخ اور تعلیق سے مل کر بنا ہے، اس لغت کی کتابت اسی خط میں ہے

خطِ نسخ: عربی کا قدیم خط، جس میں آج بھی قرآن و احادیث لکھے جاتے ہیں

خطا: سہو، غلطی، بھول، گناہ، جرم، قصور، سزا، مشک کے لیے شہرت رکھنے والا چینی علاقہ

خطا کار: مجرم، گناہ گار، قصوروار

خطا کرے بیوی پکڑی جاوے باندی: بڑا آدمی جرم کرے اور بیچارہ غریب اس کی سزا پاوے

خطائے بُزرگان گرفتن خطاست: بڑے بزرگوں پر اعتراض کرنا گستاخی ہے

خِطاب: مذ، کسی سے مخاطب ہو کر بات کرنا، تقریر، سرکاری، اعزازیا لقب، جمع خطابات

خِطابَت: مو، وعظ کرنا، تقریر کرنا، خطبہ دینا، وعظ و نصیحت کرنا

خِطابی: مو، زبانی گفتگو، آپسی بات چیت

خطّاط: کاتب، اچھا لکھنے والا، خوش نویس، لکھنے والا، جمع خطاطاں

خطّاطی: مو، خوش نویسی کا فن، کتابت کا پیشہ

خُطبہ: مذ، جمعہ یا عیدین کی نماز سے پہلے تقریر، وعظ و نصیحت پر مشتمل تقریر، جمع خطبات

خَطر، خَطرہ: مذ، اندیشہ، خوف، ڈر، آفت، مصیبت، جمع خطرات، اخطار

خَطرناک: ڈرادنا، خوف ناک، تشویش ناک، خطروں سے پُر

خَطی: مو، ایک بوٹی، گل خیرو

خِطّہ: مذ، علاقہ، حصہ، سرحد، گھرا ہوا حصہ زمین کا ایک حصہ

خَطّی: خط کا، سیدھا، ہاتھ کا لکھا ہوا

خطیب: خطبہ دینے والا، خطبہ پڑھنے اور سنانے والا، واعظ، ناصح، مقرر، جمع خُطبا، خطیباں

خَطیر: کثیر، بہت زیادہ، بڑا، وافر، کافی

خِف: مذ، ہلکا پھلکا، برائے نام

خُف: مذ، پاؤں کا تلوہ، موزہ، جوتا

خَفا: مذ، ناراض، ناخوش، بدگماں، برہم، گلا گھوٹنا

خِفا: مو، راز، چھپا ہوا، پوشیدہ

خُفاش: مذ، چمگادڑ، الٹے لٹکنے والا عجیب پرندہ

خِفّت: مو، شرمندگی، بے عزتی، توہین، شرمساری، ندامت، سبکی، خجالت

خَفتان: مذ، مو، ایک طرح کا کرتا جو زرہ کے نیچے پہنا جاتا ہے

خُفتہ: خواب میں پڑا، سویا ہوا، محروم، منحوس، جمع خفتگان

خُفتہ را خُفتہ کے کند بیدار: سوئے کو سویا ہوا کب جگا سکتا ہے، جو خود غافل ہو وہ دوسرے غافل کو کیا بیدار کرے گا

خَفقان: مذ، اختلاج قلب، دل کا دھڑکنا، گھبراہٹ، دیوانگی، سودا پن، وحشت

خَفگی: مو، ناخوشی، ناراضگی

خَفنا: مذ، خبطی، دیوانہ، مجنون

خَفی: چھپا ہوا، پوشیدہ، بہت باریک، جلی کی ضد جیسے خفی تحریر اور جلی تحریر

خَفیف: ہلکا پھلکا، سبک، کم، کم ظرف، اوچھا، رسوا، ذلیل

خَفیف ہونا: نادم ہونا، ذلیل ہونا، رسوا ہونا

خَفیفہ: چھوٹے موٹے، معمولی، کم تر درجے کا

خُفیہ: مخفی، پوشیدہ، ڈھکے چھپے، در پردہ

خُفیہ پولیس: وہ پولیس جو سراغ رسانی کرتی ہے، چھپی ہوئی خبروں کا پتہ لگاتی ہے، جیسے حکومت ہند کا محکمہ تحقیقات بحرماں (سی آئی ڈی) یا مرکزی محکمۂ تحقیقات (سی بی آئی)

خُفیہ کارروائی کرنا: بہت ہی خاموشی سے کام کرنا، چھپ چھپا کر تحقیق کرنا

خَلا: مذ، خالی جگہ، فضا، زمین اور آسمان کا وہ درمیانی حصہ جہاں کشش زمین کا اثر ختم ہو جاتا ہے

خَلا مَلا: خلوص ومحبت، گہری دوستی، میل ملاپ، اخوت

خَلاص: مذ، آزادی، رہائی، نجات، چھٹکارا، پابندی سے نجات

خَلاص ہونا: رہا ہونا، آزاد ہونا، فارغ ہونا، بچہ پیدا کرنا، انزال ہونا

خُلاصہ: مذ، پاک و صاف، سَت، نچوڑ، جوہر، بہترین حصہ، منتخب حصہ، مختصر، مجمل، لُبِ لباب

خِلاف: مخالف، ضد، الٹا، برعکس، ناموافق، عداوت، دشمنی

خِلاف وَرزی کرنا: برعکس کام کرنا، مخالفت کرنا، حکم نہ ماننا، نافرماں برداری، بغاوت کرنا

خِلافَت: مو، جانشینی، ولی عہدی، نیابت، سلطنت، فرماں روائی، مسلمان فرماں رواؤں کی حکومت، خلیفہ اول تا چہارم کا دور

خَلّاق: پیدا کرنے والا، تخلیق کرنے والا، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام

خِلال: مو، کسی دو چیز کے درمیان کا فاصلہ، دانت کریدنے یا دانت سے ریشہ وغیرہ نکالنے کا تنکا یا آلہ

خَلائق: مو، خلق کی جمع، مخلوقات، روزِ ازل کی تخلیقات

خَلجان: مذ، اندیشہ، فکر، تشویش، تردد، خلش، چبھن

خِلجی: خلج قوم کے، ترکوں سے متعلق

خَلخال: مو، پایل، پازیب

خُلد: مذ، فردوس، بہشت، جنت، لافانی شے

خُلد آشیاں: خلد مکاں، فردوس میں رہنے والے، بڑے بزرگ، مرحوم

خُلدِ بریں: بہشت کا سب سے اونچا درجہ، فردوس بریں

خَلِش: مو، تڑپ، چبھن، تپش، کھٹک، عداوت

خَلط: مذ، ملاوٹ، آمیزش، یک جا، ایک

خلط: بات چیت کے بیچ غیر متعلق باتوں کا شامل کرنا

خَلط مَلط: گڈمڈ، میل جول، کئی چیزوں کو ملانا، آمیزش

خِلط: مذ، ملاوٹ، آمیزش، صفرا، سودا، خون و بلغم، جمع اخلاط

خُلطہ: میل ملاپ، دوستی، ربط ضبط، یا بیداری

خُلع: مذ، عورت کا اپنے شوہر سے طلاق لینا

خِلعَت: مذ، بادشاہ کی طرف سے اعزاز و انعام کے طور پر ملنے والا لباس

خَلَف: مذ، بعد میں آنے والے لوگ، نسل، اولاد، وارث، ہونہار لڑکا، لائق بیٹا، جمع اخلاف

خَلَف الرَّشید: لائق لڑکا، فرماں بردار اولاد، صحیح جانشین

خُلَفاء: مذ، خلیفہ کی جمع، مسلمانوں کے فرماں روا، چار

امیر المومنین، آنحضرتؐ کے وصال کے بعد

خُلفائے راشدین: صحیح راستے پر چلانے والے مسلم فرماں روا، حضرت ابو بکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ، حضرت عثمان غنیؓ، حضرت علیؓ

خَلق: مو، مخلوق، دنیا کے لوگ، خلقت، جمع خلائق

خُلق: مذ، عادت، فطرت، مزاج، خصلت، جمع اخلاق

خُلقِ عظیم: خلق محمدیؐ، سب سے زیادہ پسندیدہ اخلاق وعادات، اسوۂ رسولؐ، سیرت نبویؐ

خِلقت: مو، پیدائش، فطرت، مزاج، ضمیر، سرشت

خَلَل: مذ، بگاڑ، فساد، رخنہ، سوراخ، دراز، برائی، خرابی

خَلَل اَنداز: بلاوجہ مداخلت کرنے والا، رخنہ ڈالنے والا، مزاحم، روڑے اٹکانے والا

خَلَل دماغ: سودا پن، دیوانہ پن، دماغ کی خرابی

خُلو: مذ، خالی، خلا، جو بھرا نہ ہو

خَلوت: مو، تنہائی، اکیلا پن، گوشہ گیری، علاحدگی، الگ تھلگ، سنسان، اکیلے رہنے کی جگہ، خواب گاہ

خَلوت پسند، خَلوت گزین، خَلوت نشین: جو اکیلا رہنا پسند کرتا ہو، کونے کنارے میں رہنا پسند کرتا ہو

خَلوت خانہ، خَلوت کدہ، خَلوت سرا، خَلوت گاہ: تنہا اور اکیلا رہنے کی جگہ، خواب گاہ

خَلوتِ صحیحہ: میاں بیوی کا مباشرت کے لیے تنہا ہونا

خَلوتی: دوست، محرم راز، ہر بات کا جاننے والا، رازداں

خُلود: مذ، دوام، ابدیت، ہمیشگی

خلوص: مذ، بے ریا، جس میں بناوٹ یا دکھاوا نہ ہو، سچی محبت، دلی الفت

خَلیتا: مذ، تھیلا، تھیلی، جیب، خریطہ کا بگڑا ہوا روپ

خَلیج: مو، جغرافیہ میں پانی کا وہ حصہ جس کے تین طرف زمینی علاقہ ہو اور ایک طرف پانی کا حصہ ہو جیسے خلیج بنگال

خلیج پڑنا: خلیج حائل ہونا، بدگمانی بڑھنا، فاصلہ بڑھ جانا، تعلقات میں کمی ہونا، عداوت یا دشمنی پیدا ہونا

خَلیفہ: مذ، آنحضرتؐ کے بعد آنے والے لوگوں کے جانشین، نائب، نمائندہ، نائی، درزی، باورچی

خَلیفۃ المسلمین: مسلمانوں کے خلیفہ، ان کے سردار اور حکمراں

خَلیق: اچھے اخلاق والا، خوش خُلق، اچھے برتاؤ والا، پسندیدہ خو

خَلیل: مذ، مخلص دوست، سچا ساتھی، دوست صادق، حضرت ابراہیمؑ کا لقب

خَلیل اللہ: اللہ کا دوست، حضرت ابراہیمؑ کا لقب

خَلیہ: مو، جسم کے سب سے چھوٹے خانے نما جگہیں

خَم: مذ، ٹیڑھا پن، ٹیڑھا میڑھا، کج، جھکا ہوا، ترچھا، بل، موڑ، پھیر، گھماؤ

خَمِ اَبرو: بھوؤں کا ترچھا پن، حسن کی علامت

خَم ٹھوکنا: لڑنے کے لیے آمادہ ہونا، کشتی کے وقت بازو اور پٹھوں پر ہتھیلی مار کر آواز پیدا کرنا

خَم دار: ترچھا، کج، ٹیڑھا پھیر دار

خُم و چَم: خرام ناز، ماتراہٹ، غرور، بانکپن، طرح داری

خُم: مذ، شراب کی صراحی، مٹکا، گھڑا، شراب

خُم خانہ، خُم کدہ: شراب خانہ، مے کدہ، خرابات

خُمار: مذ، نشہ، کیفیت، بے ہوشی، سرشاری، شرابی

خُمار آلود: مست، متوالا، نشہ میں چور، مخمور

خَمّار: شراب بیچنے والا، مے فروش

خُمر: مو، شراب، مے، نشہ

خُمس: پانچواں حصہ، پنجم، مال غنیمت کا پانچواں حصہ جو ناداروں اور لاوارثوں کو تقسیم کیا جاتا ہے

خُمسہ: پانچ سے تعلق رکھنے والا، پانچ مصرعوں پر مشتمل نظم کی ایک قسم، جیسے علامہ اقبال کی مشہور نظم — روح ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے — کا پہلا بند:

کھول آنکھ زمین دیکھ فلک دیکھ فضا دیکھ
مشرق سے ابھرتے ہوئے سورج کو ذرا دیکھ
اس جلوۂ بے پردہ کو پردوں میں چھپا دیکھ
ایام جدائی کے ستم دیکھ، جفا دیکھ
بیتاب نہ ہو معرکۂ بیم و رجا دیکھ

خُموش: چپ چاپ، خاموش، پرسکون

خموشاں: مرحوم، مُردے، خاموش لوگ

خُمول: مذ، گم نامی، ننگ و نام سے محرومی

خُمیازہ: مذ، سزا، بدلہ، اجر، مکافات، جسم کا ٹوٹنا، انگڑائی، تکلیف، رنج و محن، پشیمانی

خَمیدہ: جھکا ہوا، ٹیڑھا، ترچھا، کج

خَمیر: مذ، فطرت، سرشت، طبیعت، مزاج، گندھے

خواص و عوام: خاص و عام کی جمع، ہر طرح کے لوگ، امیر غریب سبھی

خواصی: مذ، ملازمت، نوکری، خدمت گزاری، مصاحبت

خواصیں: مو، خواص کی جمع، ملازمائیں، کنیزیں، مصاحبین عورتیں، سہیلیاں

خوان: مذ، دسترخوان، سینی، تھال، طشت، طباق

خوانچہ فروش: پھیری والا، گھوم گھوم کر بیچنے والا

خوانِ نعمت: خوش ذائقہ، کھانوں کا دسترخوان

خواندگی: مو، حرف شناسی، پڑھائی لکھائی، پڑھنے لکھنے کی استعداد

خواندہ: پڑھا لکھا، حرف شناس، مدعو، بلایا گیا، جمع خواندگان

خوانین: مذ، خان کی جمع، اعلیٰ مرتبہ کے لوگ، اہم یا بڑے لوگ

خواہ: چاہے، چاہو، یا، خواہش، چاہ

خواہ مخواہ: خواہ نخواہ، خواہی نخواہی، مجبوراً، زبردستی، ناچار، طوعاً و کرہاً، بادلِ نخواستہ

خواہاں: خواہش مند، چاہنے والا، طلب گار

خواہر: مو، ہمشیرہ، بہن، جمع خواہراں

خواہش: مو، اشتیاق، شوق، ارمان، چاہ، تمنا، مطلب، مقصود، مدعا، جمع خواہشات

خُوب: نفیس، بہتر، عمدہ، خوب صورت، من پسند، جمع خوباں، خوبہا

خُوب تر: زیادہ، بہت زیادہ

خُوب رُو: حسین، خوب صورت، جمیل، شکیل

خُوباں: خوب کی جمع، حسین، خوب صورت، جمیل عورتیں

خُوبانی: مو، زرد آلو، ایک پھل جو سرد علاقے میں پیدا ہوتا ہے

خُوبی: مو، اچھائی، عمدگی، نفیس، جوہر، ہنر، بڑائی، عظمت

خوجہ: مذ، زنانہ، ہیجڑا، مسلمانوں میں ایک تجارت پیشہ قوم

خُوجیانا: ڈرانا، خوف دلانا، بھبکی دینا، رعب ڈالنا، خفا ہونا

خُود: لوہے کی ٹوپی

خُود: بذات خاص، اپنے تئیں، آپ، اپنے آپ

خُود آرا: اپنے کو سنوارنے والا، مغرور، بناؤ سنگار والا

خُود بہ خُود: اپنے آپ سے، آپ ہی آپ، از خود

خُود بین: خود پرست، مغرور، گھمنڈی، خود سر

خُود دار: عزت مند، عزت نفس کا پاس کرنے والا، عزت و ناموس کا لحاظ رکھنے والا، دوسروں کے سامنے نہ جھکنے والا

خُود را فضیحت دیگراں را نصیحت: اپنے آپ برے کام میں ملوث ہونا اور دوسروں کو نیک راہ بتانا

خُود رائے: اپنی رائے پر ضد کرنے والا، دوسروں کے مشورہ کو نہ قبول کرنے والا

خُود رفتگی: بے خبری، بے خودی، بے ہوشی

خُود رفتہ: بے خبر، بے خود، بے ہوش

خُود رُو: جنگل، گھاس پودا، جو خود بہ خود اگا ہوا ہو، بے سلیقہ، بے قاعدہ

خُود ساختہ: من مانی بنا ہوا، اپنے آپ گھڑا ہوا، اپنی ہی مرضی سے

خُود ستائی: خود اپنی تعریف کرنا، اپنے ہی منہ اپنی بڑائی کرنا

خُود سَر: ضدی، ہٹی، سرکش، خود رائے

خُود غَرَض: مطلبی، اپنی غرض کا غلام، خود کام، اپنی غرض سے سروکار رکھنے والا، دوسروں کے نفع نقصان سے کچھ تعلق نہ رکھنے والا

خُود فُروش: مغرور، گھمنڈی، شیخی بگھارنے والا، خود ستا

خُود کار: اپنے آپ کام کرنے والا آلہ، خود بہ خود چلنے والی مشین، آٹو میٹک

خناس: مردود، شیطان، شریر

خنجر: مذ، کٹار، ہتھیار، اوزار

خنداں: ہنستا ہوا، شگفتہ

خندق: مو، گڑھا، کھائی، گہرائی

خندہ: ہنسی، خوشی، حسرت

خنزیر: مذ، سور، بد جانور

خنک: سرد، ٹھنڈا

خودی: مو، غرور، تکبر، فخر، انانیت، خودشناسی، اپنے نفس کا عرفان، اپنی ذات کی عظمت کا عرفان، علامہ اقبال کا فلسفہ

خور: مذ، خورشید کا مخفف، سورج، مشرق، گرگٹ

خور: کھانے والا، مرکب لفظوں کے ساتھ کثرت سے مستعمل ہے جیسے شکر خور، آدم خور وغیرہ

خوراک: مو، کھانا، غذا، رسد، کھانے کی چیزیں، دوا کی مقدار، ایک بار کا کھانا

خورد: مذ، کھانا، طعام، غذا، خوراک

خوردبُرد: خیانت، غبن، بددیانتی، ناجائز استعمال

خوردنی: کھانے کی اشیا، کھانے کے قابل چیزیں

خورش: مو، غذا، خوراک، کھانا

خورشید: مذ، سورج، آفتاب، شمس

خوش: اچھا، شاداں، مسرور، شاداب، شگفتہ، تندرست، بھلا چنگا

خوش آمدید: آپ خوب آئے، آپ اچھے آئے، استقبال کے وقت خوشی کا اظہار

خوش آواز: مترنم، خوش آہنگ، اچھی آواز، نغمگی

خوش آیند: اچھا، بھلا لگنے والا، خوش گوار، من پسند، خوش کن

خوش اُسلوبی: عمدہ طریقہ، بہت ہی شائستہ طریقے پر، اچھی طرز، پسندیدہ انداز

خوش اِلحان: خوش گلو، مترنم، اچھی آواز والا، نغمگی رکھنے والا

خوش باش: بے فکرا، لاپروا، خوش رہنے والا، آزاد

خوش بُو: مہک، اچھی مہک، پسندیدہ بو

خوش بُودار: اچھی مہک رکھنے والا، معطر

خوش بَیان: اچھا مقرر، اچھی گفتگو کرنے والا

خوش حال: کھاتا پیتا، فارغ البال، پیسے والا، آسودہ حال

خوش خبری: جس خبر کو سن کر خوشی حاصل ہو، نوید، بشارت، مژدہ

خوش خط: اچھی تحریر، نفیس لکھائی، عمدہ لکھنے والا

خوش دامن: ساس، بیوی کی ماں

خوش ذائقہ: مزے دار، لذیذ، ذائقہ دار

خوش نصیب: اچھی قسمت والا، بخت آور

خوش نیام: میان سے آسانی سے نکل آنے والی تلوار، بدچلن عورت جسے کسی مرد سے عار نہ ہو

خوش گپیّاں: تفریح کی باتیں، ہنسی مذاق کی باتیں

خوش گوران: آرام کی زندگی بسر کرنے والا

خوش گلو: مترنم آواز والا، نغمگی سے بھرپور آواز رکھنے والا، سُریلا، خوش الحان، آہنگ والا

خوش گوار: من پسند، دل کش، پسندیدہ، پسند خاطر

خوشنودی: راضی خوشی، رضامندی، آمادگی

خوش نویس: عمدہ تحریر لکھنے والا، خوش خط، خوش رقم

خوش وخرم: مگن، مسرور، دل شاد

خوشا: مبارک ہو، خوش ہو، خوشی کے اظہار کا کلمہ

خوشامد: مو، چاپلوسی، بے جا تعریف، ہاتھ جوڑنا، منت سماجت کرنا

خوشامد درآمد: چاپلوسی، تعریف، منت سماجت

خوشہ: مذ، غلہ کی بالی، گچھا، دانوں سے لدی ہوئی شاخ

خوشہ چیں: فصل کٹنے کے بعد گرے ہوئے دانوں کو چننے والا، فائدہ اٹھانے والا، مستفیض ہونے والا

خوشی: مو، شادی، شادمانی، نشاط، سرور، پسند

خوشی کے مارے باچھیں کھل جانا: زور سے ہنسنا

خوض: مذ، غور وفکر، سوچ بچار، تدبر وتفکر

خوف: مذ، دہشت، ڈر، ہول، ہراس، اندیشہ، خطرہ

خوف ناک: دہشت ناک، ڈراؤنا، ہول ناک، خطرناک

خوک: مذ، سؤر، خنزیر

خوگیر: مذ، نمدہ، گدا، زین، کے اندر بھرا ہوا کپڑا

خول: مذ، اوپری کھال، چھلکا، میان، غلاف،

خونجان: مو، پان کی جڑ

خون: مذ، لہو، قتل، ظلم

خون آشام: لہو پینے والا، خون کا پیاسا، انتہائی سفاک

خون آلودہ: لہو میں لت پت، خون میں تر، لہولہان

خون بار: لہو برسانے والا، ظالم، قاتل

خون بہا: جان کی قیمت، وہ رقم جو قاتل مقتول کے ورثا کو قتل کے بدلے میں پیش کرے

خون پانی ایک کرنا: سخت جدوجہد کرنا، خون کو پانی کی طرح ارزاں کر کے محنت کرنا

خون پانی ہونا: مصیبت میں مبتلا ہونا، بہت زیادہ تکلیف ہونا

خون پینا: خون چوسنا، جان سے مارنا، پریشان کرنا

خون تھوکنا: کسی تکلیف کی وجہ سے منہ سے خون آنا تپ دق کی خطرناک بیماری ہونا

خون چکاں: خون ٹپکانے والا، لہو رلانے والا

خون خرابا: قتل وغارت گری، خوں ریزی، قتل عام

خون خشک ہونا: ڈر جانا، سراسیمہ ہونا، خوف کے مارے کمزور ہونا

خون خوار: خون کا پینے والا، سفاک، درندہ، جلاد

خون رُلانا: بہت دق کرنا، زیادہ پریشان کرنا، تنگ کرنا

خون ریز: لہو بہانے والا، ظالم، قاتل، خونی

خون سفید ہونا: مروّت ومحبت ختم ہونا، نامہربان ہونا، تعلقات کا پاس نہ ہونا

خون کا پیاسا: جانی دشمن، زندگی لینے والا، قاتل، سفاک

خون کرنا: قتل کرنا، مار ڈالنا، ظلم کرنا

خون کے گھونٹ پینا: صبر وضبط کرنا، غصہ کو روکنا، اپنے آپ پر قابو کر پانا

خون لگا کے شہیدوں میں داخل ہونا: کسی چھوٹے کام کی بدولت بڑا مقام حاصل کرنا

خوناب، خونابہ: اصلی خون، خالص خون، خون کی

رُلائی، سرخ، لال

خُونی: قاتل، ظالم، جلاد، جوخون کر چکا ہو

خُونیں: خون میں شرابور، لال، سرخ

خُوے: مذ، پسینہ

خُوید: مو، ہرا گیہوں، ہرا جو

خویش: رشتہ دار، اپنا، عزیز واقارب

خُوبے: تعریف کا کلمہ، بہت خوب مذ ہے، سبحان اللہ، مرحبا

خیابان: مذ، چمن، باغ، پھلواری، کیاری، سڑک

خیار: مذ، ککڑی، کھیرا

خیارین: ککڑی کھیرا دونوں

خیاط: مذ، درزی، کپڑے سینے والا، جمع خیاطاں

خیال: مذ، سوچ، دھیان، انسانی ذہن جو سوچتا ہے، تصور، شعور، اندیشہ، مضمون، لحاظ، غور وفکر، سوچ بچار، رائے، سمجھ، مشورہ، توجہ، ہندوستانی موسیقی کے ایک راگ کا نام

خیال بندی: غور وفکر کی ترتیب، سلسلۂ خیال، تصور میں ربط ونظم

خیالِ خام: کچا خیال، ادھورا خیال، جو مکمل نہ ہو سکے، بکواس

خیال کرنا: غور فکر کرنا، سوچنا، بچارنا

خیالی: تصوراتی، قیاسی، وہمی، ظنی، انکل

خیالی پلاؤ پکانا: خوش فہمی میں مبتلا ہونا، قیاسی منصوبے بنانا، ناقابلِ عمل باتیں سوچنا

خیام: مذ، خیمہ سینے والا، خیمہ دوز، خیمہ بنانے والا، فارسی کا شاعر جو اپنی رباعیات کی وجہ سے دنیا بھر میں مشہور ہے

خیانت: مو، دھوکا، بدعہدی، امانت کے مال کو خرچ کرنا

خیر: مو، سلامتی، بھلائی، اچھائی، نیکی، برکت، بہتری، پناہ، درست، جمع خیرات

خَیْرُ الاُمُورِ اَوْسَطُہَا: ہر کام میں میانہ روی ہی بہتر ہے

خیر باد: خدا حافظ، رخصت کے وقت بولا جانے والا کلمہ

خیر باد کہنا: الوداع کہنا، خدا حافظ کہنا، کسی جگہ یا کام کو چھوڑ دینا

خیر خیر: نیک خبر، سلامتی، خیریت، خیر وعافیت

خیر خواہی: سلامتی چاہنا، بہتری چاہنا، بہی خواہی

خیر سَلّا: خیر وخیریت، مزاج پرسی، حال چال

خیر مَقْدَم: خوش آمدید، استقبال، آنا مبارک ہو

خیر منانا: سلامتی چاہنا، بھلائی چاہنا، نیک چاہنا

خیر وعافیت: سلامتی، خیریت، تندرستی

خیرات: مو، خیر کی جمع، اچھائیاں، نیکیاں، سلامتی

خیرگی: مو، چکا چوند، آنکھوں کے سامنے کچھ نہ نظر آنا، شوخی چشم

خیرہ: چکا چوند، بے نور نگاہیں، اندھیرا، شوخ چشم، حیران، متعجب

خیر مت: سلامتی، بھلائی، نیکی، حال چال، صحت تندرستی

خیزاں: استادہ، کھڑا ہوا، اٹھا ہوا، نکلتا ہوا

خیزش، خیزی: مو، اچھلنا، کودنا، اٹھنا، کھڑا ہونا

خیساندہ: مو، بھگو کر پی جانے والی دوا

خیفا: مو، لظم ونثر کی تحریر میں یہ اہتمام برتنا کہ ایک لفظ منقط ہو اور دوسرا نقطہ دار نہ ہو، وہ گھوڑی جس کی ایک آنکھ نیلی اور دوسری کالی ہو

خیل: ند، سوار، گھوڑے، انبوہ

خیل خانہ: ند، گروہ، ہجوم، خاندان

خیلا: احمق، بے وقوف، بے ہودہ

خیلے: بہت زیادہ، کثیر، وافر، بے حد

خیمہ: ڈیرہ، تنبو، قنات، خرگاہ

خیمہ گاہ: فوج، سپاہ، لشکر، پڑاؤ

د

دَاب: مو، دباؤ، کسنا، زور، بوجھ، کھینچنا، گرفت، سختی، دھمکی، دبدبہ، شان، رعب

دَاب دینا: دبا دینا، کس دینا، دفن کرنا

دَاب رکھنا: دبا کر رکھنا، سختی کرنا، زبردستی قبضے میں لینا، چھپا لینا اور نہ دینا، چرانا، ہڑپ کر لینا

دَاب لینا: روپیہ زیور ہڑپ کر لینا، قابو کر لینا، دبوچنا، کھینچنا، شکست دینا

دَابّہ: ند، چوپایہ، زمین پر چلنے والا جانور، مال بردار جانور، جمع دوابّ

دَاتا: خدا بخشی، فیاض، بے حساب دینے والا سائیں، فقیر

دَاخل: گھسنے والا، اندر جانے والا، شامل، ملا ہوا سپردگی، ادائیگی

دَاخلِ حسنات ہونا: خیر کے کام میں شامل ہو کر ثواب کمانا

دَاخلِ خارج: سرکاری اندراج میں زمین کے نئے مالک کے نام کی شمولیت

دَاخلِ دفتر: جو کاغذ محافظ خانے میں محفوظ کر دیا جائے، مسل میں شامل ہونا، مقدمہ کا نامنظور یا خارج ہو جانا

دَاخلہ: ند، پیش کرنا، سپردگی، روپیہ مال گزاری یا چنگی کی رسید، رسائی، پہنچ، اندر تک پہنچنا، فیس، اجرت، مکتب یا کسی گروہ میں شامل ہونا

دَاخلیہ: مو، وہ اسکول جس میں اقامتی سہولیات ہوں

دَاد: نذ، خون کی خرابی سے بننے والے پھنسیوں کے چھتے، کھجلی اور خارش والی پھنسیاں

دَاد: مو، انصاف، عدل، بخشش، تعریف، تحسین، فریاد، دعوٰی، سزا

دَادبیداد: انصاف کا مطالبہ، فریاد، دہائی

دَاد پانا: انصاف حاصل کرنا، آفریں پانا، تعریف کا مستحق ہونا

دَادخواہ: فریادی، دہائی دینے والا، استغاثہ کرنے والا

دَاد دینا: کمال فن کی تعریف کرنا، عدل کرنا، فریاد سننا

دَادرَس: عادل، منصف، فریادرسی کرنے والا

دادِ سُخن: شعر کی تعریف، اچھی گفتگو کے لیے تحسین و آفریں کہنا

دَادِ عیش ونشاط دینا: عیش وآرام میں ہمیشہ مصروف رہنا، بہت زیادہ لطف اندوز ہونا

دَادفرما: خدا، عادل فرماں روا

دَادفریاد: دعوٰی، نالش، استغاثہ، فریاد، شور

دَادگستر: اللہ تعالٰی، عادل منصف، عادل بادشاہ

دَادنہ فریاد: ظلم کی انتہا، اندھیر، جہاں کوئی شنوائی نہ ہو

دَادودَہش: بخشش، عنایت، لطف وکرم، عطا، سخاوت

دَادوستد: خرید وفروخت، لین دین، حساب کتاب

دَادَا: نذ، والد کے باپ، استاد، معمر مرد، بزرگ مرد، بدمعاش

دَادرا: نذ، ایک طرح کا گیت، حلق، تالو، بتیسی، حلق کا کوا

دَادھیال: نذ، دادا کا خاندان، دادا کا گھر

دادی: مو، والد کی ماں، ضعیف عورت، بزرگ خاتون

دَار: نذ، گھر، مکان، مقام، محلہ، سرا

دَارُالاِسلام: اسلامی سلطنت، وہ ملک جہاں اسلامی آئین نافذ ہو، دارالکفر کی ضد

دَارُالاِقامَہ: رہائش کی جگہ، طلبا کے رہنے کی جگہ، ہوسٹل، بورڈنگ ہاؤس

دَارُالاَمارَت: دارالخلافہ، دارالسلطنت، راج دھانی یا پایۂ تخت، سرکار کا صدر مقام، دارالحکومت

دَارُالاَمان: دارالامن، امن و سلامتی کی جگہ، پرسکون مقام، بیوہ و بے کس عورتوں کی تربیت کی جگہ

دَارُالبَقا: آخرت کی دنیا، ہمیشہ رہنے کی جگہ

دَارُالبَوار: دوزخ، تکلیف کی جگہ

دَارُالحَرب: غیر مسلم سلطنت، جہاں اسلامی قوانین نافذ نہ ہوں اور مسلمانوں کو مذہبی ارکان ادا کرنے پر پابندی ہو

دَارُالسُّرُور: خوشی کا گھر، بہشت، عیش وآرام کی جگہ

دَارُالسَّلام: سلامتی کا گھر، امن وسکون کی جگہ

دَارُالشَّرع: عدالت، منصفی، کچہری

دَارُالشِّفا: شفاخانہ، اسپتال

دَارُالشُّوریٰ: جلسہ عام، دربار عام، باہم مل بیٹھ کر مشورہ کرنے کی جگہ

دَارُالصَّفا: خانۂ کعبہ، صاف ستھرا گھر

دَارُالضَّرب: ٹکسال، جہاں سکّے ڈھالے جاتے ہیں

دَارُالعَمل: دنیا، عمل کی جگہ، تجربہ گاہ

دَارُالعِلم: دانش گاہ، تعلیم کی جگہ، کالج، یونیورسٹی

دَارُالعَیار: کھرا کھوٹا سکہ پرکھنے کی جگہ

دَارُالفَنا: فنا ہونے والی جگہ، دنیا

دَارُالقَرار: اطمینان کی جگہ، بہشت، جنت

دَارُالقَضا: عدالت، منصفی، کچہری

دَارُالشّمامہ: بیت خانہ، طوائفوں کا اڈّا، پاخانہ ڈالنے کی جگہ

دَارُالکُتُب: کتب خانہ، لائبریری، کتاب گھر

دَارُالمِحَن: غم واندوہ کی جگہ، دنیا

دَارُالمُطالعہ: لکھنے پڑھنے کی جگہ، جہاں بیٹھ کر مطالعہ کیا جائے

دَارُالمُکافات: بدلہ ملنے والی جگہ، دنیا، جزا وسزا کی جگہ

دَارُالنَّعیم: نعمتوں کی جگہ، آرام وآسائش کی جگہ، فردوس

دَارُالیَتامیٰ: یتیم خانہ، یتیموں کے قیام کی جگہ

دَارِشَش دَر: جس مکان کے چھ دروازے ہوں، دنیا جس کے اوپر نیچے، اتر، دکھن، پورب، پچھم چھ دروازے تصور کیے جاتے ہیں

دَار: مو، سولی، پھانسی، یہ لاحقہ رکھنے والے مفہوم میں عام طور پر مستعمل ہے جیسے مال دار، نوک دار، پھل دار

دَارباز: بازی گر نٹ، جو رسّی یا بانس پر تماشہ دکھاتا ہے

دَار پر چڑھانا: پھانسی دینا، سولی پر لٹکانا، صلیب پر چڑھانا

دَارو گیر: گرفت وگیر، پکڑ دھکڑ، تحقیقات، پوچھ تاچھ، مشکل

دَارومَدار: بنیاد، انحصار، قرارداد، موقوف، تصفیہ

دَارا: مذ، رکھنے والا، مالک، بادشاہ، سکندر کے ساتھ لڑائی میں مارا جانے والا ایران کا مشہور بادشاہ

دَارَابی: مو، رسّی جس سے توپ کھینچی جاتی ہے

دَارائی: مو، ایک طرح کا کپڑا، حکومت، خدائی

دَارچینی: مو، ایک خوش بودار چھال جو مسالے میں استعمال کی جاتی ہے

دَارُو: مذ، دوا، علاج، شراب، بارود، لکڑی کا ٹکڑا

دَاروغہ: مذ، نگراں، حفاظت کرنے والا، ملازموں کا سردار، پولیس افسر

دَاری: مو، جنگ کے دوران حاصل ہونے والی کنیز، چھنال عورت، لاحقہ بمعنی رکھنا، جیسے نگہ داری، عیب داری وغیرہ

دَاری جَار: حرام زادہ، لونڈی کی اولاد

دَارَین: مذ، دونوں جہان، دنیا اور آخرت

دَاڑھ: مو، منہ کے دونوں جانب بڑے دانت

دَاڑھی: مو، ریش، گال اور ٹھوڑی پر نکلنے والے بال

دَاس: مذ، نوکر، ملازم، خدمت گار، وحشی

دَاستان: مو، کہانی، قصہ، حکایت، طویل افسانہ واقعہ، سرگذشت، تاریخ

دَاستان گو: قصہ کہنے والا، قصہ گو، پیشہ ور قصہ سنانے والا

دَاسن: مو، ملازمہ، کنیز، لونڈی، باندی

دَاسی: مو، کنیز، ملازمہ، لونڈی، باندی

دَاشت: نگرانی، نگہ بانی، حفاظت، دیکھ بھال

دَاشتہ: مذ، مو، رکھیل، رکھا ہوا، گھریلو، بے نکاحی عورت

دَاعی: مذ، دعوت دینے والا، مبلغ، دعا کرنے والا، مدعی، وجہ، بانی، وسیلہ، ذریعہ، سبب

دَاعی اَجَل کو لبیک کہنا: انتقال کرنا، وفات پانا، خوشی خوشی روح کو سپرد کرنا

دَاعیہ: مذ، مرضی، رضامندی، خواہش، اجارہ، زور، گزارش، درخواست، دعویٰ، نالش

دَاغ: مذ، عیب، نشان، وصمہ، جھائیں، صدمہ، حسد، رشک، اردو کے شاعر نواب مرزا داغ کا تخلص

دَاغ بیل ڈالنا: بنیاد رکھنا، کسی کام کی شروعات کرنا، ابتدا کرنا

دَاغِ جگر: جگر کا زخم، لڑکے کے مرنے کا صدمہ، اولاد کا غم

دَاغ دینا: رنج پہنچانا، لوہے کو گرم کر کے بدن پر نشان لگانا، بندوق اور توپ کی گولی کا چھوٹنا، چغلی کھانا، شکایت کرنا

دَاغ لگانا: داغ لگنا، جل جانا، جلنا، رسوا ہونا، الزام لگنا، عیب دار ہونا

دَاغنا: گرم لوہے سے جسم پر نشان لگانا، بندوق پستول سے گولی چھوڑنا، چغلی کھانا، شکایت کرنا، فریب دینا، جلانا

دَاغی: عیب دار، خراب، دھبہ دار، سزا یافتہ، نادم، احسان مند

دَافع: مذ، دور کرنے والا، باز رکھنے والا، بھگانے والا

دَافع البلیّات: آسیب و بلا کو دور کرنے والا مراد خدائے تعالیٰ

دَافِعہ: دور کرنے والی، پاخانے کو دور کرنے والی طاقت یا دوا

دَاکھ: مو، سرخی مائل سیاہ رنگ کے انگور

دَال: مو، ماش، چنا، مٹر، ارہر وغیرہ اناج کے دلے ہوئے دانے

دَال خور: دال کھانے والا، بزدل، ڈرپوک

دَال دَلیا: روکھی سوکھی روٹی، معمولی کھانا، غریبوں کا کھانا، جو کچھ موجود ہے، کچھ نہ کچھ، تھوڑا بہت

دَال روٹی: معمولی کھانا، غریبوں کا کھانا، روزی

دَال روٹی سے خوش: خوش حال، آسودہ حال، مطمئن

دَال گلنا: دال کا تیار ہونا، کامیاب ہونا، عمل دخل ہونا

دَال میں کالا: اندیشہ، کچھ نہ کچھ گڑبڑ، شک وشبہ

دَال: رہبر، دلیل دینے والا، معنی دار، فکر انگیز

دَالان: مذ، محراب نما کھلا ہوا کمرہ

دَام: مذ، کوڑی، چھدام، دمڑی، قیمت، بھاؤ، رقم، روپیہ

دَام لگانا: بھاؤ طے کرنا، نرخ مقرر کرنا، روپیہ صرف کرنا

دَام: مذ، جال، پھندا، گھاس خور جنگلی جانور، پرانا

سکہ، روپے کا چالیسواں حصہ، تولنے کا ایک وزن

دَام بلا: رنج و غم، مصیبت کا پھندا، خطرات

دَامِ تزویر: فریب کا جال، مکر کا پھندا، دھوکہ، خطرہ

دَامِ فریب: دھوکے کا پھندا، پرفریب، چال، عیاری

دَام میں آنا: دھوکا کا کھانا، فریب میں گرفتار ہونا

دَام و دَد: درندے اور چرندے، چوپائے اور خوں خوار جانور

دَامے دِرَمے، قَدمے، سُخنے: ہر بات کے لیے تیار رہنا، ہر طرح کی مدد کے لیے تیار رہنا، روپے پیسے سے جان سے عمل سے

دَامَ اِقبالہٗ: اس کا اقبال ہمیشہ بلند رہے، وہ ہمیشہ خوش حال رہے

دَامَ ظِلُّکُم: آپ کا سایہ ہمیشہ رہے آپ ہمیشہ مہربان ہوں

دَامَ لُطفُہٗ: ان کی نوازشات ہمیشہ قائم رہیں

دَلمَاد: بیٹی کا خاوند، جنوائی

دَلمَان: مَد، دامن، آنچل، کرتے یا انگرکھے یا قبا کا لٹکنے والا حصہ، کنارہ، کور، پہاڑ کے نیچے کا زمینی حصہ

دَامَن: مَد، کنارہ، آنچل، داماں، لاحقہ اور سابقہ کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے، جیسے پاک دامن، تر دامن، دامنِ گل چین، دامن صحرا وغیرہ

دَامَن آلودہ: مجرم، خطا کار، گناہ گار

دَامَن اَفشاں: دامن جھٹکتے ہوئے، ناز سے چلنا، غرور سے چلنا

دَامَنِ اُمّید: تمنا، آرزو، خواہش، شوق

دَامَن بچانا: بے تعلق رہنا، الگ تھلگ رہنا، اعتدال پسندی

دَامَن بھرنا: آرزو پوری ہونا، جھولی بھر جانا، خواہش کی تکمیل ہونا

دَامَن پاک ہونا: بے قصور ہونا، پاک ہونا، باآبرو ہونا

دَامَن پر دھبّا لگنا: بدنام ہونا، رسوا ہونا، الزام لگنا

دَامَن پَسارنا: دامن پھیلانا، مانگنا، حاجت رکھنا، دست سوال پھیلانا

دَامَن جھاڑنا: دھول خاک سے دامن صاف رکھنا، خالی جیب اور خالی ہاتھ ہونا، کچھ پاس ہونا

دَامَن چھڑانا: بے زار ہونا، ناراض ہونا ترک تعلق کرنا، پیچھا چھڑانا

دَامَنِ دولت: بادشاہ یا کسی بڑے آدمی کی سرپرستی یا سہارا یا امان

دامنِ شب: رات کا آخری حصہ، آخر شب

دَامَن کشاں: ناز سے چلتے ہوئے، مغرور ہو کر چلنا، دامن جھٹکتے ہوئے چلنا

دَامَنِ کوہ: پہاڑ کے نشیب میں سطح زمین یا پہاڑ کے نیچے زمینی میدان

دَامَن گیر: امداد چاہنے والا، مدعی، دعویٰ کرنے والا، مطالبہ کرنے والا، مزاحم، باز رکھنے والا، دادخواہ

دَامَنِ مژگاں: پلکوں کا نکیلا حصہ یا آخری حصہ

دامنِ ناز کو سنبھالنا: عشوہ و ناز کو اور بھی زیادہ کرنا، انداز دل ربائی میں اضافہ کرنا

دامنی: مو، برق، بجلی، صاعقہ

دان: نذ، خیرات، زکوۃ، نذر، برتن اور جاننے والے کے معنی میں لاحقہ کے طور پر بھی بہت مستعمل ہے جیسے علم داں، راز داں

دانا: ہوشیار، عقل مند، چالاک، جمع دانایان

دانایانِ فرنگ: یورپ کے عقل مند لوگ، منکرین یورپ

دانائی: مو، خرد، عقل، سمجھ بوجھ، ہوشیاری

دانت: نذ، منہ کے اندر چبانے اور کاٹنے کا عضو، دندان

دانت بیٹھ جانا: بے ہوش ہونا، دانت نہ کھلنا

دانت پیسنا: غصہ ہونا، ناراض ہونا، خفگی ہونا

دانت تلے انگلی دبانا: حیرت زدہ ہونا، متعجب ہونا، ہکا بکا ہونا، افسوس کرنا

دانت توڑنا: کسی کو بے کار کر دینا، زدوکوب کرنا، دانت اکھاڑنا

دانت دکھانا: خوف دلانا، اپنی بڑائی ظاہر کرنا، شیخی بگھارنا، اکڑفوں کرنا، غصہ کی ہنسی ہنسنا، ڈاکٹر کو دکھانا

دانت کاٹی روٹی: بہت زیادہ دوستی، گہری دوستی

دانت کھٹے ہونا: ہمت چھوڑ دینا، عاجز ہو جانا، ترش چیز کھانے سے دانت میں اس کا اثر ہونا

دانتا کلکل: نوک جھونک، جھگڑا، ہٹنا، تکرار، دنگا فساد

دانست: مو، جانکاری، واقفیت، علم، دانش، سمجھ

دانستہ: جان بوجھ کر، سمجھ بوجھ کر، جانتے ہوئے، علم رکھتے ہوئے

دانش: مو، دانائی، سمجھ بوجھ، عقل، فہم

دانش مند: عقل مند، ہوشیار، ذہین

دانش ور: عاقل، ہوشیار، دانا، چالاک، عالم

دانگ: نذ، چھ رتی کا وزن، درم کا چوتھائی حصہ، سمت، جانب، حصہ، بخرا، مونث، پہاڑ کی چٹان

دانوری: مو، غلہ کو بھوسہ سے الگ کرنے لیے بیلوں کو باندھنے والی رسّی

دانہ: نذ، غلہ، جنس، اناج، تخم، بیج، پھل کے دانے جیسے انگور، آم، معمولی پھنسی، کنکر، پتھر کے ذرّے

دانہ پانی اُٹھنا: رزق اٹھ جانا، موت آجانا، سفر کے لیے تیار ہونا

دانہ پانی حرام ہونا: بہت تنگ ہونا، کچھ نہ کھانا پینا، بے حد مصروفیت ہونا

دانے دانے پر مُہر ہونا: ہر شخص کو اپنی قسمت کا ملتا ہے، ہر انسان اپنی روزی کھاتا ہے

دانے دانے کو محتاج: بہت ہی نادار، بہت غریب، پریشان حال

دانی: خیر خیرات کرنے والا، سخی، فیاض

داور: ف، اللہ تعالیٰ، عادل بادشاہ، انصاف پسند افسر، دوادارو، حریف

داورِ محشر: روز حشر کا منصف، یعنی اللہ تعالیٰ

دَاہنا: دایاں، سیدھا ہاتھ، راست، یمین

دَائر: گھومنے والا، پھرنے والا، چلنے والا، درپیش

دَائرہ: مذ، دور، چکر، حلقہ گولائی، محفل، اقلیدس کی شکل، خانقاہ، محلہ، پورہ، چنگ، جمع دوائر

دَائرۃ المعارف: معلومات سے پُر ضخیم کتاب، انسائیکلوپیڈیا، علمی مجلس

دَائرہ کش: پرکار

دَائم: سدا، ہمیشہ، مدام

دَائم الحبس: زندگی بھر کی سزا، عمر قید

دَائم المرض: سدا بیمار رہنے والا، روگی

دَائن: قرض خواہ، قرض دینے والا

دَاؤ: مذ، دھوکہ، چالبازی، ہوشیاری، چالاکی، عیاری، گھات، موقعے کی تلاش، چال، بازی، شرط، پانسہ، جوئے کے کھیل میں نشان کے لیے رکھی جانے والی چیز، کشتی کے پیچ، گورکھوں کا کمان نما چاقو

دَاؤ بیٹھنا: موقع ملنا، گھات لگنا، صحیح نشانہ ملنا

دَاؤ پر چڑھانا: داؤ پر لگانا، بازی پر لگانا، شرط لگانا، بس میں کرنا، فریب دینا

دَاؤ پیچ: فریب وفساد، مکر وچال

دَاؤد: مذ، خدا کا محبوب، دوست، نزدیکی، پیارا، مشہور پیغمبر جن پر زبور صحیفہ آسمانی نازل ہوا تھا

دَاؤدی: حضرت داؤدؑ سے متعلق، گل داؤدی، زردی مائل، سفید پھول

دَائی: مو، لٹا، دودھ پلانے والی عورت،، بچہ جنانے والی عورت

دَائی جتائی: ماہر عورت، بچہ جنانے والی عورت، تجربہ کار

دَائی سے پیٹ چھپانا: محرمِ راز سے برائی چھپانا، جاننے والے سے کیا چھپانا

دَائیں دَائیں: پٹاخے یا کارتوس چھوٹنے کی آواز

دَایہ: مو، انّا، ملازمہ، بچہ کو کھلانے پلانے والی، ماما

دُبّ: مذ، ریچھ

دَبے پاؤں چلنا: بہت خاموشی سے چلنا، دبے قدم یا آہستہ آہستہ چلنا

دَبے رہنا: خوف کھانا، ڈرنا، مغلوب ہونا، وزن کے نیچے ہونا

دَباؤت: مو، موٹائی، حجم، گندگی، کثافت

دَبّاغ: مذ، چرم ساز، چمڑا بنانے والا

دَباغَت: مو، چرم سازی، چمڑا بنانے یا بنانے کا فن

دَبانا: زمین کے نیچے رکھنا، گاڑنا، دفن کرنا، شکست دینا، قبضہ کرنا، زیر کرنا، مجبور کرنا، دباؤ ڈالنا، ٹھونسنا، زور دے کر بھرنا، جسم کی مالش کرنا، رعایت کرانا، بیج زمین میں ڈالنا

دَباؤ: رعب، جبر، دہشت، خوف، اثر، اختیار، وزن، بوجھ، غلبہ، جھکاؤ، پابندی، رضامندی

دَبائے رکھنا: ظاہر نہ کرنا، ہڑپنا، پوشیدہ رکھنا

دَبدَبہ: مذ، رعب داب، جاہ وجلال، شان

دُبدھا: مو، شک، پس وپیش، تذبذب، وسوسہ

دُبُر: مو، پیٹھ، پشت، پیچھا، پچھلا حصہ، کمزور

دَبستان: مذ، مدرسہ، اسکول، گروہ، اسلوب

دَبِق: مذ، جانوروں کو پکڑنے والا لاسہ

دَبکا: مو، دھمکی، ڈانٹ ڈپٹ، تنبیہ

دَبکنا: دھمکی دینا، ڈانٹنا، جھپٹنا، ڈرانا، خوف کھانا، چاندی سونے کے تاروں کو کوٹ کوٹ کر چوڑا کرنا

دَبگر: مذ، چمڑے کے کپڑے بنانے والا، ڈھالیں بنانے والا

دُبلا: مذ، کمزور، لاغر، ناتواں، پتلا

دَبنا: گڑنا، زیر زمیں ہونا، وزن کے نیچے آنا، چھپنا، شکست کھانا، سمٹنا، سکڑنا، عاجزی کرنا، خوف کھانا

دَبنگ: مذ، قوی، مضبوط، ہیکڑ، ہٹا کٹا، تندرست، موٹا، بے رحم، بہادر

دَبوچنا: دبانا، بھینچنا، جکڑ لینا، قبضہ میں کرنا

دَبُور: مو، پچھم سے چلنے والی ہوا، بادِ نسیم، بادِ صبا

دَبُوس: مذ، لاٹھی، عصا، آہنی گرز

دَبّہ: مذ، کپا، چمڑے کا چمچہ

دَبی آگ کو اُکھیڑنا: سوئے ہوئے فتنہ کو جگانا، پرانی دشمنی کو تازہ کرنا

دَبی زبان سے کہنا: دھیمے سے کہنا، بہت احتیاط سے کہنا، ڈرتے ڈرتے کہنا، اشارہ کنایہ میں کہنا

دَبیر: مذ، لکھنے والا، انشا پرداز، منشی، محرر، اردو کے مشہور مرثیہ گو لکھنوی شاعر، جمع دبیران

دَبیر الملک: مغلیہ سلطنت کا ایک خطاب، شاہی منشی یا محرر، سکریٹری آف اسٹیٹ

دَبیرِ فلک: عطارد سیارہ جسے آسمان کا کاتب تصور کرتے ہیں

دَبیز: گف، موٹا، مضبوط، گچھا ہوا

دُت: کتے کو دور بھگانے کی آواز، حقارت سے بھگانا

دُتکارنا: جھڑکی دینا، برا بھلا کہنا، گھرکنا، تحقیر کرنا

دُپٹّا: مذ، کسی کپڑے کے اوپر پہنا جانے والا کپڑا، جیسے چادر، چغہ، رسم، عادت، مزاج

دَجّال: کاذب، جھوٹا، تیغ اصیل، عیسائیت کا مخالف، مسلمانوں کی روایت میں ہے کہ ایسا شخص آخری وقت میں پیدا ہوگا اور حضرت مسیحؑ اس کا خاتمہ کریں گے

دَجَل: مذ، جھوٹ، کذب، دھوکا، فریب

دُخان: مذ، دھواں، بھاپ، جمع دواخن

دُخت: مو، دختر کا مخفف، لڑکی، بیٹی، نور چشمی

دُخت رَز: انگور کی لڑکی یعنی انگور کی شراب، دخترِ عنب

دُختر: مو، بیٹی، لڑکی، نور چشمی

دُختر روزگار: زمانے کے انار چڑھاؤ، دنیا

دُختر خانہ: بن بیاہی لڑکی، کنواری لڑکی

دَخل: مذ، پہنچ، رسائی، اختیار، قبضہ، مجال، قوت، سمجھ بوجھ، امکان، قابلیت، اثر، تاثیر، مداخلت، حصول، فائدہ

دَخل در معقولات: کسی کے بیچ بلا وجہ اڑچن پیدا کرنا، بیچ میں بولنا

دَخمہ: مذ، پارسیوں کا قبرستان، مزار، تابوت، سرمستی کے وقت اونٹ کے منہ سے نکلنے والا گوشت

دُخول: مذ، پہنچ، رسائی، دخل، گزر، درآمد

دَخیل: متصرف، قابض، مداخلت کرنے والا، باریاب، پہنچنے والا، واقف کار، بے تکلف، مستعمل

دَد: مذ، خطرناک جانور، پھاڑ کھانے والا جانور، درندہ

دَددَام: چرندہ و درندہ، پھاڑ کھانے والے جانور اور چرنے والے جانور

دُودَھار: زیادہ دودھ دینے والی، کافی مقدار میں دودھ دینے والا جانور

دُدّی: مو، کھریا مٹی، سفید اور سرخ پتھر، پستان، شیر گیاہ، ایک بوٹی کا نام

دَدھیال: مذ دمو، دادا کا گھرانا، دادا کا خاندان

دَدیا: دادا سے منسوب، دادا کا

دَر: مذ، دروازہ، پھاٹک، چوکھٹ، جگہ، بھاؤ، قیمت

دَربَدَر: چکر، آوارہ، گردش، ہر ایک کے گھر

دَربَدَر پھرنا: بے ٹھکانا ہونا، بے گھر دوار ہونا، گردش کرنا

دَردَر: ہر ایک کے دروازہ پر، جگہ جگہ، مارا مارا

دَرِدَولت: امیر کا گھر، بادشاہ کا محل، مکان کی عزت افزائی

دَر: اندر، بیچ میں

دَرآمَد: باہر ملکوں سے کسی ملک کے اندر آنے والی چیزیں

دَرآمَد بَرآمَد: ملک کے اندر آنے والی اور ملک سے باہر جانے والی چیزوں کی تجارت یا لین دین

دَرآنا: گھسنا، داخل ہونا، اندر آنا

دَراں حالیکہ: حالانکہ، اس صورت میں، اس طرح، اس حالت میں

دَراصل: سچ مچ، واقعی، اصل میں

دَرانداز: چغل خور، اکسانے والا، دو آدمیوں کے درمیان رنجش پیدا کرنے والا

دَرپَردہ: پیٹھ پیچھے، ڈھکے چھپے، پوشیدہ طور پر

دَرپَے: نشانے میں، گھات میں، موقع کی تلاش میں

دَرپیش: سامنے، روبرو، آگے، زیر بحث

دَرحقیقت: سچ مچ میں، اصل میں، واقعتاً

دَردَست: قبضہ میں، ہاتھ میں، قدرت میں

دَرکار: خواہش، ضروری، مطلوب، مقصود

دَرکنار: الگ، علاحدہ، علاوہ، جدا، بغل میں

دَرمیان: بیچ میں، وسط میں، دوران میں

دَروبَست: تمام، کل، مکمل، بالکل، دیکھ بھال

دَرہَم: تتر بتر، ملا جلا، خلط ملط، گڑبڑ، الٹ پلٹ، زیر و زبر

دَرہَم بَرہَم: زیر و زبر، الٹ پلٹ، تتر بتر، تفتیش

دَریافت: مو، جانچ پڑتال، پوچھ تاچھ، تحقیق، تلاش، جستجو

دَرّاک: عقل مند، ہوشیار، ذہین، چالاک

دَرّانا: بنا اجازت مکان میں داخل ہونا، بے دھڑک چلے آنا

دَرانتی: مو، گھاس کاٹنے کا اوزار

دُرّانی: مذ، افغانستان کا ایک قبیلہ

دِرایَت: مو، فہم، عقل، سمجھ بوجھ، دانش وبینش

دَربار: مذ، شاہی عدالت یا مجلس، جہاں بادشاہ جشن مناتا ہے، بادشاہ کے یہاں حاضری کی جگہ یا جہاں عوام کی رسائی ہو، محل، آنگن،

دَربارِ خاص: امرا و افسران کے حاضر ہونے کی مخصوص جگہ، بادشاہ کے امرا اور وُسا کے ملاقات کی جگہ

دَرباراری کرنا: حاضر ہونا، حاضری دینا، خوشامد کرنا، چاپلوسی کرنا

دَربارِ رسالت: آنحضرتؐ کی مبارک محفل

دَربارِ عام: جس دربار میں رعیت کو اپنی شکایت بادشاہ کے روبرو پیش کرنے کی عام اجازت ہو

دَربان: مذ، پاسبان، پہرے دار، چوکی دار دیکھ بھال کرنے والا، چوکھٹ کا ملازم

دَربَند: خطرناک پہاڑی راستہ، درّہ، پل، خطرناک راستہ، جس راستے پر رہ زنی کا خوف ہو، سرحدی علاقہ جہاں فوج متعین ہو

دَرپَن: مذ، آئینہ، شیشہ، آنکھ

دَرْج: مذ، نوشتہ، لکھائی، تحریر، محفوظ کرنا

دَریں: اس میں، اسی میں

دَریں اثنا: اسی عرصے میں، اسی درمیان، اس وقت میں، اس دوران

دُر: مذ، موتی، گوہر، کان کا زیور

دُرافشاں: دررِیز، موتی بکھیرنے والا، خوش گفتار، خوش بیان مقرر

دُربار: موتی برسانے والا سخی، فیاض

دُردانہ: موتی کا ایک دانہ

دُرِّ شاہوار: بڑا موتی، بادشاہوں کے شایانِ شان موتی

دُرِّ ناسُفتہ: جس موتی میں سوراخ نہ ہو، غیر شادی شدہ

دُرِّ نجف: سفید پتھر، خاندانی سید، شریف

دُرِّ یتیم: سیپ کا پیٹ چاک کر کے نکالا جانے والا موتی

دُرِّ یکتا: تنہا موتی، سب سے نمایاں، بے مثل

دِرا: مذ، جرس، گھنٹہ

دُرّاج: مذ، تیتر

دَراڑ: مو، دراز، شگاف، بدگمانی، عداوت

دَراز: وسیع، پھیلا، کشادہ

دَرازدَست: جابر، ظالم، زبردست، زیادتی کرنے والا

دَرازقَد: لمبا، لمبے قد والا، سروقد

دَرازگوش: خرگوش، گدھا

دَرازنَفسی: طول بیانی، بہت زیادہ کہنا، سانس روک کر کہنا

دَرَج: مذ، میز کی دراز، راستہ، سیڑھی کا ڈنڈا، رتبہ، بلندی، عظمت

دَرجَن: مو، بارہ کی تعداد

دَرجہ: مذ، مرتبہ، منزل، منصب، سیڑھی، جماعت، قدم، چھت، کمرہ، مکان، قسم، نوع

دَرجہ بَہ دَرجہ: ایک ایک کر کے، دھیرے دھیرے، آہستہ آہستہ

دَرَخت: مذ، پیڑ، نہال، شجر، بڑا پودا

دَرَخشاں: روشن چمکتا ہوا، منور، تاباں

دَرَخشندہ: روشن، منور، چمکتا ہوا، تاباں

دَرخواست: مو، گزارش، عریضہ، عرضی، گذارش

دَرخُور: سزاوار، لائق، قابل، پہنچ

دَرد: دکھ، تکلیف، رنج، ٹیس، کسک، ہوک

دَردآشنا: بہی خواہ، ہم درد، دکھ میں شریک

دَردآگیں: دکھ سے بھرپور، غم آلود

دَردانگیز: تکلیف دہ، دکھ پیدا کرنے والا

دَردِزہ: بچہ کی پیدائش کا درد، بچہ جننے کا درد

دَردِسَر: سر کی تکلیف، پریشانی، مشکل، مصیبت

دَردِسَر مول لینا: مصیبت میں گرفتار ہونا، تکلیف میں پھنسنا، ذمہ داری قبول کرنا

دَردمند: بہی خواہ، ہم درد، غم خوار

دَردناک: تکلیف دہ، دکھ سے بھرا ہوا، رنج آلود

دُرد: مو، تلچھٹ، میل، کثافت

دُردآشام: تلچھٹ پینے والا، بہت زیادہ، شراب پینے والا

دَردا: ہائے، آہ، افسوس

دَرز: مو، دراز، شگاف، دراڑ، ہڈیوں کا جوڑ، سیون، جمع دَروز

دَرزی: مذ، کپڑا سینے والا

دَرس: مذ، تعلیم، سبق، پڑھائی، وعظ و نصیحت، جمع دروس

دَرس وتَدریس: تعلیم، پڑھائی لکھائی

دَرس: مذ، درشن، دیدار، ملاقات

دُرُست: صحیح، ٹھیک، مناسب، موزوں

دُرُشت: سخت، کھردرا، کرخت

دُرُشتی: مو، سختی، بداخلاقی، بدمزاجی، ظلم

دَرشَن: ملاقات، دیدار، زیارت، نظارہ

دِرع: مذ، پیرہن، لباس، پوشاک، زرہ

دِرعہ: مذ، گز، زمین اور کپڑا ناپنے کا آلہ

دُرَفش: مذ، پرچم، جھنڈا، کسی ملک کا نشان، علم، پھریرا، جنگ کی علامت، لڑائی کے وقت سر پر باندھنے والا رومال، روشنی، بجلی، چمک

دُرَفشِ کاویانی: ایران کے ساسانی بادشاہوں کا علم، ضحاک بادشاہ کے دور میں ایران کے لوہار کا انقلابی پرچم

دَرک: مذ، عقل، شعور، سمجھ بوجھ، عمل دخل، فہم

دَرگاہ: مو، مزار، مقبرہ، روضہ، خانقاہ، چوکھٹ، آستانہ

دُرگت: مو، خراب وخستہ، پریشانی، ذلت، مارکوٹائی

دَرگُذر: مو، معافی، نظرانداز، بخشش، رہائی

دِرَم، دِرہَم: مذ، چاندی کا ایک پرانا سکّہ

دَرمَان: مذ، دوا، دارو، علاج، چارہ سازی

دَرماندگی: عاجزی، تکلیف، رنج وغم، تھکان

دَرِندہ: خوں خوار جانور، جنگلی، پھاڑ کھانے والا جانور

درنگ: مو، تاخیر، دیر، تامل، تساہلی

درو: اناج کی کٹائی، فصل کاٹنا

دَروازہ: مذ، در، مکان کے اندر جانے کا راستہ

دُرُود: مذ، تعریف، سلام، دعا، رحمت، آفریں، توبہ، تسبیح، رسول اکرمؐ کے نام پر پڑھا جانے والا سلام

دَروغ: مذ، جھوٹ، کذب، غلط بیانی، جو سچا نہ ہو

دَروغ بَرگردن رَاوی: جھوٹ کا عذاب بیان کرنے والے کی گردن پر ہے

دَروغ حَلفی: غلط قسم، قانون اور ضابطے کے خلاف جھوٹ بولنا

دَروغ گو را حافظہ نہ باشد: جھوٹا عقل سے عاری ہوتا ہے، جھوٹا خود اپنی غلط بیانی کے جال میں پھنستا ہے

دَروغ مَصلحت آمیز: کسی مصلحت کی وجہ سے جھوٹ بولنا، کسی جھگڑے سے بچنے کے لیے غلط بیانی کرنا

دُرُون: مذ، اندر، بیچ میں، دل میں، باطن، میں

دُرُونا: مذ، جسم میں اندر کی طرف منہ رکھنے والا پھوڑا

دُرُونہ: مذ، دل، قلب، سینہ، چھاتی

دَرویش: مذ، قلندر، فقیر، خدا ترس، بزرگ، جمع درویشاں

دَرّہ: مذ، پہاڑوں کے بیچ کا تنگ رستہ

دُرّہ: مذ، کوڑا، تازیانہ، چمڑے کا بنا ہوا چابک

دَری: مو، بچھانے کا دبیز سوتی فرش، وادی، کھوہ، ایران کی ایک قدیم مقامی بولی، افغانستان کی فارسی

دَریا: مذ، ندی، بڑا نالہ، جو پہاڑ سے نکلے اور سمندر میں گرے

دَریا بُرد: زیرآب، طغیانی، سیلاب، تلف، ضائع، نابود

دَریا دِل: بہت زیادہ خرچ کرنے والا، فیاض، سخی

دَریائے شور: نمکین پانی کا دریا، کالا دریا

دَریبَہ: مذ، پانوں کا بازار، جس محلے میں پنواڑی رہتے ہوں

دَریچہ: مذ، کھڑکی، چھوٹا دروازہ

دَریدَہ: پھٹا ہوا، چرا ہوا، شگاف زدہ، جمع دریدگاں

دَریدَہ دہن: بدزبان، بدکلام، گستاخ

دَرِیس: آراستہ، سجایا، باضابطہ، ٹھیک ٹھاک، درست، ہموار

دَریغ: مذ، انکار، تساہل، تامل

دَریغا: افسوس ہے، آہ ہے، غم ہے

دَرِیُوزَہ: مذ، بھیک، فقیری، ہاتھ پھیلانا

دَرِیُوزَہ گری: بھیک مانگنا، ہاتھ پھیلانا، فقیری، گداگری

دَز: مذ، قلعہ، محل، بالا خانہ، شہر

دُزُد: مذ، چور، چرانے والا، جمع دُزداں

دُزدیدہ: چرایا ہوا، چرائی گئی

دَس: دہ، عشر، ایک دہائی

دَس باتیں سنانا: سخت وسست سنانا، برا بھلا کہنا

دَس طرح کی باتیں: طرح طرح کی باتیں، بھانت بھانت کی بات چیت

دَس گز کی زبان: زبان دراز، شیخی بگھارنے والا، لفاظ، چرب زبان

دُسا: اونی چادر، ایک طرح کا اونی کپڑا، کمبل

دَساتیر: مذ، دستور کی جمع، آئین، ضابطہ، قانون، پارسیوں کی مذہبی کتاب

دِساوَر: مذ، باہر، دوسرے ملک کا، پردیس کا

دَسپَنا: مذ، آگ پکڑنے کا اوزار، چمٹا، دست پناہ

دَست: مذ ہاتھ پنجہ، طاقت، فتح، سہال، پتلا پاخانہ، تعداد

دَست آوَر: مسہل، پتلا پاخانہ لانے والی دوا

دَست اَفشاں: رقاص، ناچنے والا

دَست اَندازی: مداخلت، دخل، مزاحمت، تعرض

دَستاویز: تمسک، قبالہ، تحریری سند

دَست بدَست: ہاتھوں ہاتھ، جلدی سے

دَست بُرد: خیانت، غبن، ناجائز لوٹ کھسوٹ

دَست بَردار: ترک کرنے والا، چھوڑنے والا، باز آنے والا

دَست بَستہ: ہاتھ جوڑ کر، نیاز مندی کے ساتھ، منت وسماجت کے ساتھ

دَست خَط: خود اپنے ہاتھ سے نام لکھنا، ہاتھ کی تحریر یا نشانی

دَستِ خُود دَہانِ خُود: اپنا کام آپ کیا جاتا ہے

دَست دَراز: ظالم، زیادتی کرنے والا، بے باک

دَست رَس: رسائی، پہنچ، حیثیت، طاقت، قدرت

دَستِ سوال: دست طلب، دوسروں کے سامنے پھیلنے والا ہاتھ، طلب کرنے والا ہاتھ، بھیک مانگنے والا ہاتھ

دَستِ شِفا: صحت دینے والا ہاتھ، اچھا حکیم

دَستِ شَفقت: محبت کا ہاتھ، پیار کا ہاتھ، سرپرستی

دَستِ غَیب: غیب سے ملنے والی مدد، خدا کی طرف سے حاصل ہونے والی دولت، مفت کی

دَست کار: ہنرمند، کاریگر، کام جاننے والا

دَست کَش: ہاتھ کھینچ لینے والا، علاحدہ ہو جانے والا، بے تعلق

دَست گاہ: مقدور، طاقت، قدرت، مشق

دَست گَردان: کسی تحریر کے بغیر قرض دینا

دَست گیر: حامی، مددگار، حمایتی، سرپرست

دَست تِنگ: ضرورت مند، غریب، نادار، مفلس

دست وگریبان ہونا: لڑنا، جھگڑنا، تکرار کرنا، دشمنی ہونا

دستہ: مذ، رومال، تولیہ، پگڑی کے کنارے باندھا جانے والا کپڑا، کھرل یا لوہے کی اوکھلی نما کوٹنے کا اوار

دستار: مو، پگڑی، صافہ، عمامہ، پھنیٹا

دستار بندی: دینی درس گاہوں کے طلبا کو فارغ التحصیل ہونے پر فضیلت کے لیے پگڑی باندھنا

دستان: مذ، آواز، نغمہ، آہنگ، ساز کی کنجی، دغا، فریب، رستم کے باپ زال کا لقب

دستانہ: مذ ہاتھ میں پہننے کا کپڑا، چمڑے یا لوہے کا لباس

دسترخوان: مذ، وہ کپڑا جس پر کھانا چنا جاتا ہے

دستک: مو، دروازہ کھٹکھٹانا، آواز پیدا کرنا، بلانا، راہ داری کا پروانہ، محصول، حکم نامہ

دستگی: موہ ستہ دار لوٹا، تلوار کا تسمہ، کاغذات رکھنے کا تھیلا

دستگیر: مذ، خوشبودار چھوٹی لکڑی، خوشبودار چھوٹا پھل، مرزا غالب کی فارسی تصنیف

دستگولہ: مذ، کنگن، ہاتھ میں پہننے کا زیور

دستور: مذ، آئین، قاعدہ، قانون، طور طریقہ، رسم و ریت، مثال، مشیر، پارسیوں کے مذہبی رہ نما، جمع دساتیر

دستور العمل: مذ، آئین، قاعدہ، قانون، منشور شریعت، حکم رانی کے قوانین

دستہ: مذ کسی اوزار کے ہتھے میں لگا لکڑی کا ٹکڑا، فوج کی ایک ٹولی، آدمیوں کا جتھا، پھولوں کا گچھا، لوہے کا موسل

دستی خط: جو خط ہاتھ کے ذریعہ بھیجا جائے

دسمبر: مذ، انگریزی سال کا آخری مہینہ

دسنا: نظر آنا، دکھائی دینا، نمایاں ہونا

دسہرا: سری رام چندر کی یاد میں منایا جانے والا ہندوؤں کا مشہور تیوہار

دشت: مذ، بیابان، جنگ، صحرا، ویرانہ، ریگستان، شطرنج کا تختہ

دشت پیما: ویرانوں میں گھومنے والا، دیوانہ

دشت نورد: ویرانے میں گھومنے والا، جنگلوں کی سیر کرنے والا، دیوانہ

دشمن: مذ، عدو، حریف، مخالف، بدخواہ، جمع دشمناں

دشمن اگر قوی است نگہبان قوی تر است: اگر دشمن طاقت ور ہے تو دشمن سے بچانے والا یعنی خدا دشمن سے کہیں زیادہ طاقت ور ہے

دشمن ایماں: مذہب کا دشمن، جو عقیدہ بدلنے پر مجبور کرے، مجبوب

دشنام: مو، گالی گلوچ، بیہودہ گوئی، بہتان

دشنام طرازی: گالی بکنا، بیہودہ بکنا، برا بھلا کہنا

دشنہ: مذ، خنجر، کٹار، چھوٹی تلوار

دشوار: سخت، مشکل، کٹھن، دوبھر

دشوار گذار: جس رستے سے گزرنا کٹھن ہو

دعا: مو، التجا، التماس، استدعا، اللہ میاں سے مانگنا، مغفرت چاہنا، کسی کی بہتری یا سلامتی چاہنا

دعا سلام کہنا: خیر و خیریت بھیجنا، خیر و عافیت چاہنا

دُعا قبول ہونا: خواہش پوری ہونا، مراد بر آنا

دُعا گو: دعا کرنے والا، بہی خواہ

دُعا مستجاب ہونا: دعا مقبول ہونا، مراد پوری ہونا

دُعائے قُنوت: وہ دعا جو وتر کی نماز میں پڑھی جاتی ہے

دَعوَت: مو، کسی کو کھانے پر بلانا، ضیافت، کھانا، عقیدہ یا مذہب کی تبلیغ

دَعوَتِ شیراز: جس کھانے میں کسی قسم کا تکلف نہ ہو، سادہ کھانا، عام کھانا

دَعوَتِ وَلیمہ: دلہن کی رخصتی کے ایک دن بعد دولھا کے گھر کھانا

دَعوٰی: مذ، نالش، مطالبہ، درخواست، مانگ، حق جتانا، جمع دعاوی

دَعوٰی دار: دعوے دار، نالش کرنے والا، مدعی، فریادی، استغاثہ کرنے والا

دَغا: مو، مکاری، فریب، دھوکا

دَغا باز: دھوکے باز، مکار، فریبی

دَغدَغا: مذ، روشن، چمکتا ہوا، چھوٹی قندیل

دَغدَغہ: مذ، کھٹکا، اندیشہ، خوف، خدشہ، گدگدی

دَغَل: مذ، فریب، مکر، جُل

دَغنا: چھوٹا، بندوق، پستول، پٹاخے یا توپ کا چھوٹا

دَف: مذ، دُفلی، ایک ہاتھ سے بجایا جانے والا باجا

دَفاتر: مذ، دفتر کی جمع، کسی ادارے کا انتظامی شعبہ جہاں سے احکامات صادر ہوتے ہیں، آفس

دَفالی: مذ، دف بجانے والا

دَفائن: مذ، دفینہ کی جمع، پوشیدہ خزانے

دَفتر: مذ، کسی ادارے کا انتظامی شعبہ، جہاں سے احکامات صادر ہوں، کاغذات کا ڈھیر، آفس، کچہری، کاروباری جگہ، طومار، طویل داستان

دَفتر کھلنا: طول بیانی، تفصیل سے بیان کرنا

دَفتری: دفتر سے منسوب، کاغذات کو سنبھالنے اور ان کی درستی کرنے والا، جلد ساز

دَفتی: مو، گتا، جلد کے پٹھے، موٹے کاغذ کا اوپری خول

دَفع: مو، پرے رکھنا، دور ہٹانا، بھگانا، دھکیلنا

دَفع الوقتی: بہانہ کرنا، ٹالنا، حیلہ حوالہ کرنا

دَفعتاً: ناگہاں، اچانک، یکا یک، فوراً

دَفعہ: مو، قانونی ضابطہ، نمبر، شق، باری، جمع دفعات

دَفعیہ: مذ، علاج، تدبیر، روک، توڑ

دَفن: مذ، زیر زمین رکھنا، گاڑنا، چھپانا

دَفنانا: مردے کو زمین میں چھپانا، گاڑنا، دفن کرنا

دَفینہ: مذ، پوشیدہ خزانہ، گاڑی ہوئی دولت

دِق: پھیپھڑوں کی ایک مہلک بیماری، تکلیف، تنگ، پریشان، ناراض

دِق کرنا: پریشان کرنا، ستانا، چھیڑنا، عاجز کرنا

دَقائق: مذ، دقیقہ کی جمع، نکتے، باریک باتیں،

گہرے خیالات

دِقّت: مذ، دشواری، مشکل، پیچیدگی، تکلیف، غربت

دِقّت پسند: جسے مشکل باتیں زیادہ پسند ہوں

دَقیانُوس: مذ، فرسودہ خیال رکھنے والا، پرانے خیالات کا، ایک ظالم حکمراں

دَقیق: مذ، نکتہ، باریک، نازک، گہری، مشکل

دَقیقہ: مذ، چھوٹی چیز، معمولی بات، نکتہ، منٹ، جمع دقائق

دَقیقہ اُٹھا نہ رکھنا: بہت جدوجہد کرنا، کسر باقی نہ رکھنا

دَقیقہ رس: دقیقہ شناس، باریک باتوں کو سمجھنے والا، نکتہ سنج، جلد فہم، چالاک، ذہین

دُکّا: مذ، تاش میں دو کا پتا

دُکان: مو، سامان بیچنے کی جگہ، بازار، ہاٹ

دُکان بڑھانا: دکان بند کرنا، سامان باندھنا

دُکان دار: دکان کا مالک، سامان بیچنے والا، تاجر

دُکتر: مذ، ڈاکٹر، حکیم، طبیب

دُکڑا: مذ، چھدام، دمڑی، پیسے کا چوتھا حصہ

دَکّن: مذ، جنوب، دکھن، جنوبی ہندوستان

دُکھ: مذ، رنج، تکلیف، مصیبت، بیماری، تنگی

دِکھانا: نظر کے سامنے کرنا، سامنے کرنا، روبرو کرنا

دِکھانے کے دانت: ظاہری چیزیں، نمائشی چیزیں

دُکھانا: زخم ہرا کرنا، پریشان کرنا، تنگ کرنا، تکلیف دینا

دِکھاوا: مذ، بناوٹی، ظاہری، نمائش، بے کار، تکلف

دِکھاوٹ: مو، بناوٹ، ظاہری، نمائشی، بے کار

دُکھڑا: مذ، تکلیف، بیماری، ایذا، غم، رنج، درد، شکوہ وشکایت

دُکھڑا رونا: رنج وغم بیان کرنا، شکوہ وشکایت کرنا

دَکھن: مذ، جنوب، دکن، آندھرا پردیش کا قدیم نام

دُکھن: تکلیف، درد، چبھن

دُکھنا: تکلیف ہونا، درد کرنا، رنجیدہ ہونا

دُکھیا: غمزدہ عورت، بیوہ، مصیبت کی ماری

دُکھیارا: مذ، غمزدہ مرد، تکلیفوں میں مبتلا، رنجیدہ

دُکھیاری: مو، غم زدہ عورت، مصیبت کی ماری، بیوہ

دُگانہ: مذ، عیدین کی نماز، دو رکعت نماز شکرانہ، جڑواں، دوہری

دِگر: ایک بار اور، دیگر، دوسرا، دوسری بار

دِگرگوں: الٹ پلٹ، منتشر، تہ وبالا، تبدیلی، انقلاب

دَگلا: مذ، روئی دار انگرکھا، لمبا گرم کوٹ

دُگنا: دونا، دوچند، دوہرا

دَل: مذ، موٹائی، جسامت، لشکر، فوج، گروہ، بربادی، تباہی

دَل بادل: بہت ہی گہرا بادل، بڑی فوج

دِل: مذ، قلب، جسم کا سب سے اہم عضو، حوصلہ، ہمت، دلیری، خواہش، فیاضی، سخاوت، درمیان، مرکز، توجہ، مرضی

دِل آرا: دل کو سجانے بسانے والا، محبوب

دِل آرام: جان کو آرام دینے والا، محبوب

دِل آزار: جان کو تکلیف دینے والا، ستانے والا، ظالم

دِل آگاہ: ذہین، ہوشیار، دانا، واقف کار

دِل آنا: فریفتہ ہونا، مشتاق ہونا، چاہنا

دِل آویز: دل کو قابو میں کرنے والا، لبھانے والا

دِل اٹکنا: چاہنا، محبت ہونا، عشق ہونا، فریفتہ ہونا

دِل اُچاٹ ہونا: جی نہ لگنا، اُکتانا، من کا اداس ہونا

دِل اَفروز: جی کو منور کر دینے والا، دل کو روشن کر دینے والا

دِل اَفگار: اداس، رنجیدہ، غم گین

دِل باغ باغ ہونا: بے انتہا خوشی حاصل ہونا، مسرت حاصل ہونا

دِل بُجھنا: اداس ہونا، غم گین ہونا، آرزو و امنگ کا ختم ہو جانا

دِل بدست آور کہ حجِ اکبر است: دل داری کرنا حج اکبر کے برابر ثواب رکھتا ہے

دِل بَر: دل لینے والا، دل کو موہ لینے والا، محبوب دوست

دِل بُرا کرنا: غمزدہ ہونا، رنجیدہ ہونا، اداس ہونا

دِل بَرداشتہ: رنجیدہ، دل کا ہٹ جانا، آزردہ، مغموم

دِل بستگی: طبیعت کا بہلنا، جی کا لگنا، دلچسپی کا قائم رہنا

دِل بند: دوست، پیارا، محبوب، معشوق

دِل بھر آنا: آنکھوں سے آنسو جاری ہونا، رنجیدہ ہونا، رقت طاری ہونا

دِل بھر کے: خوب سیر ہو کے، جی بھر کے، کافی

دِل بیٹھا جانا: دل کا اختلاج ہونا، دھڑکن تیز ہونا، نقاہت محسوس ہونا

دِل پذیر: دل پسند، خواہش کے مطابق، مرغوب، چاہت

دِل پر نقش ہونا: کسی بات کا دل پر گہرا اثر ہونا، دل پر بیٹھ جانا

دِل پک کے پھوڑا ہونا: رنج و غم کی انتہا ہونا، ناقابل برداشت ہونا

دِل پھٹ جانا: نفرت ہو جانا، بیزار ہو جانا، نفرت کرنا

دِل پھر جانا: دل کی ناپسندیدگی، بے زار ہو جانا، نفرت کرنا

دِل پھیر لینا: ناپسند کرنا، نفرت کرنا، قطع تعلق کر لینا

دِل توڑنا: قطع تعلق کرنا، ناامید ہونا، دوستی ختم کر لینا

دِل تھام لینا: برداشت کرنا، دل قابو میں کرنا، صبر و ضبط کرنا

دِل تھوڑا ہونا: کم ہمت ہونا، ہمت ہارنا، بزدل ہونا

دِل ٹٹولنا: رائے معلوم کرنا، کریدنا، دل کا حال دریافت ہونا

دِل ٹکڑے ٹکڑے ہونا: بہت زیادہ دکھ پہنچنا، افسردہ ہونا

دِل ٹھکانے ہونا: تسلی ہونا، اطمینان ہونا، سکون ہونا

دِل ٹھنڈا ہونا: مطمئن ہونا، خوش ہونا، پرسکون ہونا

دِل جمعی: سکون، اطمینان، بھروسہ

دِل جو: محبوب، پیارا

دِل چاہیے: ہمت درکار ہے، حوصلہ کی ضرورت ہے

دِل چُرانا: محبت کرنا، عشق کرنا، فریفتہ ہونا، کام سے جی چرانا، تساہلی کرنا

دِل چَسپ: اچھا، خوش نما، پرلطف، خوب صورت

دِل چور: بزدل، کم ہمت، کاہل

دِل چھوٹا ہونا: کم ہمت ہونا، بزدل ہونا، بخیل ہونا

دِل چھین لینا: فریفتہ کر لینا، اپنا بنا لینا، مشتاق بنا لینا

دِل خراش: دل کو غم پہنچانے والا، تکلیف دہ، پریشان کن

دِل خواہ: پسندیدہ، مرضی کے مطابق، بھلا

دِل خون ہونا: سخت صدمہ پہنچنا، غمزدہ ہونا، مبتلائے درد ہونا

دِل دادہ: مشتاق، عاشق، فریفتہ، دل دیا ہونا

دِل دار: تسکین دینے والا، دلاسا دینے والا، محبوب

دِل داغ دار ہونا: بہت زیادہ مصیبت پڑنا، رنجیدہ ہونا، صدموں سے دوچار ہونا

دِل دریا ہونا: سخی ہونا، فیاض ہونا، خرچ کرنے والا ہونا

دِل دوز: دل چیرنے والا، دکھ دینے والا، دل پر اثر کرنے والا

دِل دھڑکنا: گھبراہٹ ہونا، اختلاج ہونا، دل کا تیز چلنا، خوف زدہ ہونا

دِل دھک دھک کرنا: خوف یا گھبراہٹ سے حرکت قلب کا تیز ہونا

دِل دہل جانا: ڈرنا، خوف کھانا، گھبرانا، ہمت ہارنا

دِل دہی: اطمینان، سکون، تشفی، دلاسا

دِل دینا: مشتاق ہونا، عاشق ہونا، چاہنا

دِل ڈوبنا: نقاہت محسوس ہونا، کم زور ہونا، غشی آنا

دِل رُبا: دل بر، دل لے جانے والا، محبوب، معشوق

دِل ربّاں: دل موہ لینے والا، پیارا، محبوب

دِل سرد ہونا: امنگ جاتی رہنا، افسردہ ہونا، مایوس ہونا

دِل سوز: دل جلانے والا، غم آگیں، غم گسار، محبوب، دوست، پیارا

دِل سے: شوق سے، چاہت سے، خوشی سے، مرضی سے

دِل سے اُتر جانا: بے توقیر ہونا، ذلیل ہونا، نفرت ہونا

دِل سے غبار نکالنا: دل سے کدورت دور کرنا، نفرت کا ختم ہو جانا

دِل سے لگنا: دھن ہونا، فکر ہونا، لگن ہونا، شوق ہونا

دِل سے ملنا: پورے خلوص سے ملنا، محبت سے ملنا

دِل شاد: بہت خوش، بشاش، مسرور

دِل شکستہ: غم زدہ، رنجیدہ، ملول، افسردہ

دِل شکن: دل توڑنے والا، ناراض کرنے والا، بے مروت

دِل فریب: دل کو قابو میں کرنے والا، لبھانے والا، دل ربا، حسین

دِل فِگار: زخمی دل والا، ملول، رنجیدہ، پریشان حال

دِل کا آجانا: فریفتہ ہونا، مشتاق ہونا، چاہنا

دِل کا اَرمان نکلنا: مراد پوری ہونا، حوصلہ نکالنا، شاد کام ہونا

دِل کا بُخار: ملال، رنج، کدورت، غصہ

دِل کا ٹکڑا: بہت عزیز، بہت پیارا، جان سے زیادہ محبوب

دِل کا کھوٹا: مکار، فریبی، عیار

دِل کش: دل کھینچنے والا، موہ لینے والا، پیارا دوست

دِل کُشا: دل کو شگفتہ کرنے والا، پسندیدہ، خوبصورت

دِل کو تھامنا: صبر وضبط کرنا، برداشت کرنا

دِل کو چوٹ لگنا: زخم رسیدہ ہونا، مصیبت کا پہنچنا، رنج پہنچنا

دِل کو سنبھالنا: صبر وضبط کرنا، سکون کرنا، برداشت کرنا

دِل کی پھانس: خلش، بے چینی، رنج، صدمہ

دِل کی بات کہنا: صاف صاف ظاہر کرنا، دل میں نہ چھپانا، دوسرے کے دل کی بات کہنا

دِل کے آبلے پھوڑنا: کہہ سن کر دل کا بخار نکالنا، جلی کٹی سنانا

دِل گداز: دل پگھلانے والا، طبیعت کو نرم کرنے والا، رقت انگیز

دِل گُردہ: ہمت، بہادری، حوصلہ، جرأت، طاقت، برداشت

دِل گرفتہ: دل گیر، رنجیدہ، غم زدہ، افسردہ، مشتاق

دِل لگو ہونا: عاشق ہونا، فریفتہ ہونا، چاہنا، مشتاق ہونا

دِل لگا رہنا: تشویش ہونا، فکر مند رہنا، خیال لگا رہنا

دِل لگانا: محبت کرنا، پیار کرنا، مشتاق ہونا، مصروف ہونا

دِل مٹھی میں لینا: اپنا بنا لینا، موہ لینا، فریفتہ کر لینا

دِل مچلنا: کسی چیز کے لیے اصرار کرنا، دل کا ہٹ کرنا، جی کا اصرار کرنا، راغب ہونا، چاہنا

دِل مَسلنا: تکلیف دینا، رنج پہنچانا، ایذا دینا

دِل مَیلا کرنا: دل افسردہ کرنا، اداس ہونا، بدگمان ہونا

دِل میں چور ہونا: کدورت ہونا، بدگمانی ہونا، ناراضگی ہونا

دِل میں سَمانا: بھروسہ ہو جانا، دل میں اتر جانا، دل پسند ہونا، خیال لگا رہنا

دِل میں فرق آنا: شکر رنجی ہونا، وسوسہ ہونا، بھروسہ اٹھ جانا، بدگمان ہونا

دِل ناصبُور: مضطرب دل، بے چین دل، بے قرار دل

دِل نشیں: دل میں بیٹھنے والا، پر اثر، دل میں اتر جانے والا

دِل نواز: دل کو تسکین دینے والا، محبوب دوست، ہمدرد

دِل والا: فیاض، دانی، سخی، ہمت والا، بہادر، جری

دِل وجان: بہت پیارا، عزیز، سب سے زیادہ قیمتی، محبوب

دِل ہی جانتا ہے: ناقابل بیان، بہت زیادہ، حد سے زیادہ

دُلارا: پیارا، لاڈلا، عزیز، محبوب

دُلاری: پیاری، لاڈلی، عزیزہ، محبوبہ

دِلاسا: تسکین، تسلی، تشفی، اطمینان

دَلّاک: مذ، حمام کے اندر مالش کرنے والا

دَلّال: خرید و فروخت کرانے والا، خریدار اور بیچنے والے کے درمیان سودا طے کرانے والا، آڑھتیا

دَلائل: مو، نشان، علامت، سراغ، ثبوت، دلیل، رہنمائی، اطلاق، عائد، عظمت، شان

دَلّالہ: مو، مشاطہ، کٹنی، اِدھر کا اُدھر لگانے والی

دِلاوَر: دلیر، جری، شجاع، بہادر

دَلائِل: مو، دلیل کی جمع، حجت، ثبوت، شہادت، سبب

دُلائی: مو، ہلکی رضائی، روئی کی فرد

دُلتّی: مو، چوپائے کا پچھلی دونوں ٹانگوں سے مارنا

دَلِدّر: مذ، مسکینی، غربت، بدقسمتی، نحوست، گندہ آدمی

دَلدَل: دھسان، کیچڑ، خطرناک پانی مٹی

دُل دُل: مذ، ذوالجناح، عاشورہ کے دن میدان کربلا کے شہسواروں کی یاد میں گھوڑے کا ماتمی جلوس

دُل دُل سَوار: حضرت علیؓ کا لقب

دَلق: گدڑی، کمبل، پشمینہ

دُلکی: مو، چاروں پاؤں ایک ساتھ اٹھنے والی گھوڑے کی چال

دُلمہ: مذ، ایک مخصوص سالن، جس میں بینگن کے اندر پنیر اور قیمہ بھر کر پکایا جاتا ہے

دَلنا: دَر دَرا پیسنا، موٹا پیسنا، دانہ کو آدھا آدھا کر دینا

دَلو: مذ، ڈول، آسمان کا گیارھواں برج

دِلوانا: کسی کو کچھ دینے کے لیے آمادہ کرنا، سپرد کرانا، عنایات کرانا

دُلہا، دُولہا: مذ، نوشہ، بنا، جس مرد کی شادی ہو

دُلہن: مو، عروس، بنی، جس عورت کی شادی ہو

دِلّی: مو، دہلی، ہندوستان کا دارالسلطنت

دِلّی دُور ہے: منزلِ مراد آگے ہے

دَلیا: مذ، موٹا پسا ہوا اناج، دلا ہوا غلہ

دِلیر: جری، سورما، شجاع، بہادر

دَلیل: مو، ثبوت، حجت، وجہ، شہادت، جمع دلائل

دَم: مذ، نفس، سانس، زندگی، جان، وقت، لحظہ، چلم کا کش، تنور کی ہوا، قوت، طاقت، تلوار کی دھار، آرام، عزم و حوصلہ، فریب، افسوں، اطمینان، منتر، دعا، گھر، وطن، لچک، خوبی، بہت دھیمی آنچ پر کھانا رکھنا، غرور، شیخی، لہو

دَمِ آخریں: حالت مرگ، نزع، موت کا وقت

دَم آنکھوں میں اٹکنا: حیا کا باقی ہونا، زندگی کا کچھ حصہ باقی رہنا

دَم اُکھڑ جانا: سانس کا چڑھنا، سانس کا تیز تیز چلنا

دَم باز: فریبی، مکار، عیار، دھوکہ باز، حیلہ گر، چلم کش

دَم باندھنا: سانس روکنا، انہماک سے متوجہ ہونا

دَم بخود: خاموش، چپ چاپ، ساکت، حیرت زدہ

دَم بَہ دَم: لگاتار، مسلسل، ہر گھڑی

دَم بھَر: ذرا دیر کے لیے، ایک لمحہ بھر کے لیے

دَم پُخت: بھاپ میں پکایا ہوا کھانا، ایک طرح کا لذیذ گوشت

دَم پر آنا: کھانا قریب قریب پک جانا، پک کر تیار ہونا، تیاری کے قریب

دَم توڑنا: حالتِ سکرات میں ہونا، نزع کی حالت میں ہونا، جان کنی کا عالم

دَم تیغ: تلوار کی تیزی، تلوار کی کاٹ

دَم اُکھڑنا: جاں کنی کی حالت میں ہونا، مرنے کے قریب ہونا

دَم خَم: قوت، طاقت، استعداد، تلوار کی تیزی اور اس کا جھکاؤ، ہوش وحواس

دَم دار: مضبوط، طاقت ور، جی دار، باڑھ، تیزی

دَم درود نہ ہونا: روپیہ پیسہ نہ ہونا، طاقت نہ ہونا

دَم دِلاسا: تسلی، اطمینان، چکنی چپڑی باتیں

دَم سادھنا: سانس روک لینا، خاموش رہنا

دَم سَاز: رازداں، ہم راز، آواز سے ملا کر گانے والا، ہم دم، دوست

دَم سَحَر: صبح کے وقت، صبح تڑکے، علی الصباح

دَم ضیق میں کرنا: عاجز کرنا، زچ کرنا، تنگ کرنا

دَم عیسیٰؑ: حضرت عیسیٰ مسیح کا معجزہ، ان کی پھونک سے مردے زندگی اور بیمار شفا پاتے تھے

دَم غنیمت ہونا: اطمینان بخش ہونا، قابلِ قدر ہونا، اہم ہونا

دَم قدم: سانس لینے اور چلنے پھرنے کی قوت، سلامتی، زندگی، حیات، ذات، وجود

دَم کا مہمان: قریب الموت، مرنے کے قریب، آخری لمحات

دَم کے ساتھ: زندگی کے ساتھ، تاعمر، حیات تک کے لیے

دَم گھٹنا: سانس پھولنا، تنفس کا بڑھنا، سانس لینے میں گھٹن ہونا

دَم لگانا: تمباکو، چرس، گانجا پینا

دَم لینا: سانس لینا، آرام کرنا، ستانا، ٹھہرنا

دَم مارنا: آواز نکالنا، بات کرنا، دعویٰ کرنا، بس چلنا

دَم نہ مارنا: خاموش رہنا، چپ سادھ لینا، چون و چرا نہ کرنا

دَم واپسیں: موت کا وقت، نزع کا عالم، آخری سانس

دُم: مو، پونچھ، دنبالہ، پچھلا حصہ، نتیجہ، انجام

دُم چھلّا: پتنگ کے نچلے حصہ میں لگا ہوا، کپڑے یا کاغذ کا لمبا ٹکڑا، کسی کے ساتھ ساتھ رہنے والا آدمی

دُم دَبا کر بھاگنا: سہم کر بھاگنا، خوف کھا کر بھاگنا، روانہ ہونا

دُم سُم سے اچھا ہے: تیار ہے، موٹا ہے، فربہ ہے

دُم میں گھُسنا: کسی کے آس پاس رہنا، پناہ گزیں

ہونا، ہر وقت چاپلوسی کرنا

دَمادَم: نگاتار، متواتر، مسلسل

دِماغ: مذ، مغز، بھیجا، گودا، دانائی، عقل، فہم، فخر و غرور، طاقت، ہوش و گوش

دِماغ آسمان پر ہونا: متکبر ہونا، گھمنڈی ہونا، غرور کرنا

دِماغ اُٹھانا: ناز برداری کرنا، اترانا، خوشامد کرنا، نیازمند ہونا

دِماغ چاٹنا: طول کلامی کرنا، بہت زیادہ بات کرنا، بکواس کرنا

دِماغ سوزی: سخت محنت، دماغی مشقت، ذہنی کام

دِماغ کا خلل: پاگل پن، دیوانگی، سودا، جنون

دِماغ کرنا: اترانا، اکڑ کے چلنا، فخر کرنا، غرور کرنا

دِماغ کھانا: بہت زیادہ بکواس کرنا، طول بیانی کرنا، بے مطلب بات کرنا

دَمامَہ: مذ، نقارہ، طبل، عقل و شعور، رونق

دَمان: تیز رو، تیز قدم، مضبوط، خوف ناک

دَمدَمہ: مذ، بناوٹی اور عارضی قلعہ، مورچہ بحاذ

دَمڑی: مو، چھدام، پیسے کا چوتھائی حصہ

دَمَک: مو، روشنی، چمک، رونق، تمتماہٹ، لُو کا اثر، جوش و خروش

دُمّل: مذ، پھوڑا، بڑی پھنسی

دَمَن: مذ، ٹیلا، چھوٹی پہاڑی، مٹی کا تودہ، ہندوستانی راجہ نل کی معشوقہ کا نام

دومُنہا: مذ، دو منہ والا سانپ

دَموی: خونی، خون کا، خون سے متعلق

دَمہ: مذ، تنفس کی بیماری، سانس پھولنے کا عارضہ، دھونکنی

دَی: مو، چھوٹا حقہ، گڑگڑی

دَمیدگی: مو، پودوں اور شاخوں کا نکلنا، پھولوں کا کھلنا، خوشبو کا پھیلنا، ہوا کا چلنا، بیج یا جڑ سے نئی کونپل کا پھوٹنا، مہا سے نکلنا

دَمیدہ: نکلا ہوا، کھلا ہوا، پھوٹا ہوا، پھیلا ہوا

دِن: مذ، روز، رات کی ضد، روشنی، صبح سویرے، ساعت، وقت، زمانہ، نصیب، قسمت، موسم

دِن بہ دِن: روزانہ، روز بروز، رفتہ رفتہ، دھیرے دھیرے

دِن بھاری ہونا: غربت کے دن آنا، تنگ حالی، کے دن ہونا، پریشان ہونا

دِن پڑنا: برا وقت آنا، غم پڑنا، بیوہ ہونا

دِن پورے کرنا: کسی صورت مصیبت کے دن گزارنا، زندگی کے دن کس پرسی سے کاٹنا

دِن پہاڑ ہو جانا: مصیبت کے دن کاٹے نہیں کٹنا، دن گزارنا، دوبھر ہو جانا

دِن پھرنا: راحت کے دن آنا، خوش حالی کے دن آنا، مصیبت کا دور ختم ہونا

دِن جاتے دیر نہیں لگتی: وقت بہت تیزی سے بیت جاتا ہے، وقت گزرتے خبر نہیں ہوتی

دِن چڑھ آنا: دھوپ پھیل جانا، صبح کا وقت گزر جانا

دِن چھپنا: شام ہونا، سیاہی پھیلنا، سورج غروب ہونا

دِن دِکھانا: مسرت و شادمانی کا موقع نصیب ہونا، خوشی حاصل ہونا

دِن دُونی رات چوگنی: بہت زیادہ، بے حد وحساب

دِن دہاڑے: روشنی میں، دن میں، کھلے بندوں، سب کی موجودگی میں

دِن ڈوبنا: سورج ڈوبنا، غروب آفتاب ہونا

دِن ڈھلے: دوپہر کے بعد، سورج کے زوال کے بعد

دِن رات: ہر وقت، رات دن، چاروں پہر

دِن رہے: شام سے تھوڑا پہلے، غروب آفتاب سے کچھ پہلے

دِن کاٹنا: تکلیف کے ساتھ گزر اوقات کرنا

دِن کو تارے نظر آنا: بینائی بہت تیز ہونا، بہت اندھیرا چھا جانا

دِن کو دِن اور رات کو رات نہ جاننا: بے حد مصروف ہونا، بہت زیادہ منہمک ہونا

دِن ہَوا ہونا: اچھا وقت چلا جانا، بھلے دن گزر جانا

دِنوں کا پھیر: گردشِ ایام، حالات کی نیرنگی

دَنّا: مضبوط، قوی ہیکل، لمبا، موٹا، تنڈر

دُنّاب: فربہ، پھولا ہوا، موٹا

دَنادَن: مو، پے در پے ضرب، یکے بعد دیگرے چوٹ

دَنانیر: مذ، دینار کی جمع، پرانا سکہ

دَنائَت: مو، کم ظرفی، کمینہ پن، ذلالت

دُنبالہ: مذ، دم، آنکھ کا کویہ، سرمہ کی لمبی لکیر، پتوار

دُنبَل: مذ، پھوڑا، بڑی پھنسی، گھاؤ

دُنبہ: مذ، موٹے اور فربہ دم والا مینڈھا، چکی کی طرح گول

دُنَد: مذ، دمامہ، بڑا فقارہ، شور، غل، زیادتی

دَنْدان: مذ، دانت

دَندانِ آز تیز کرنا: حریص ہونا، لالچ کرنا

دَندان دراز: حریص، لالچی

دَندان ساز: بناوٹی دانت بنانے والا

دَندان شکن جواب دینا: بھرپور جواب دینا، منہ توڑ جواب دینا

دَندان گیر: سامنے کے دانت، آگے کے دانت

دَندانہ: مذ، آرے کے دانت یا آری کے کانٹے، نکیلے دانت

دَندَناتا: خوش ہونا، دوڑنا، تیز بھاگنا

دُنکا: مذ، غلہ کا دانہ، اناج کا دانہ

دَنگ: ہکا بکا، حیران، ششدر، متعجب

دَنگ رہ جانا: دنگ ہونا، ہکا بکا ہونا، حیران ہونا

دَنگا: مذ، فساد، جھگڑا، بلوہ، ہنگامہ

دَنگل: مذ، اکھاڑہ، کشتی لڑنے کی جگہ، پہلوانوں کا اڈا، بھیڑ

دَنگل لڑنا: کشتی لڑنا، پہلوانوں کی لڑائی کا مظاہرہ ہونا

دَنگل مارنا: کشتی جیتنا، زیر کرنا

دَنی: ذلیل، کمینہ، رذیل

دُنیا: مو، جہان، عالم، کائنات، کرۂ ارضی، ہستی، انسان، بے شمار چیزیں، جائداد، عیش وعشرت

دُنیا بھر کے: بے انتہا، بہت سے، نہایت

دُنیا پَرست: لالچی، حریص، دنیادار، دنیا کو ہی سب کچھ جاننے والا

دُنیا پر لات مارنا: دنیاوی عیش وآرام کو چھوڑ دینا، بے نیاز ہونا، خدا پرس ہونا

دُنیا جہان: ساری کائنات، تمام عالم، تمام مخلوق

دُنیا دار: دنیا پرست، دنیاوی بکھیڑوں میں الجھا ہوا، ہوشیار انسان، عیش پرست

دُنیا کی ٹھوکریں کھانا: در در پھرنا، مارا مارا پھرنا

دُنیا کے عیب: ہر طرح کی برائی، ہر بری بات

دُنیا و مافیہا کی خبر نہ ہونا: بالکل بے خبر ہونا، ہوش و گوش نہ ہونا

دُنیائے دَنی: ذلیل دنیا، بے ہودہ دنیا، کمینی دنیا

دُنیاوی: دنیا سے متعلق، دنیا کا

دُنیوی: دنیا کا، دنیا سے متعلق

دو: دو کی گنتی، ایک اور ایک، جوڑا، جدا، الگ

دوآب، دوآبہ: دو دریاؤں کے درمیان، دو ندیوں کے بیچ کی زمین، زرخیز زمین، گنگا جمنا کا علاقہ

دوآتشہ: بہت تیز، زود اثر، دو بار آگ پر گرم کر کے کھینچی جانے والی شراب

دوآنسو گرانا: بہت ہی کم رونا، تھوڑا رونا

دوبارہ: دوسری دفعہ، مکرر، دوسری مرتبہ

دوبالا: دونا، دگنا، دوچند

دوبَلدا: وہ چھکڑا جس میں دو بیل جتے ہوں

دوبَلدی: وہ بیل گاڑی جس میں دو بیل جتے ہوں

دو بول پڑھانا: عقد کرنا، کسی طرح نکاح کر دینا

دوبیتی: رباعی، شاعری کی ایک قسم جس میں چار مصرعے ہوتے ہیں، پہلا، دوسرا اور چوتھا مصرعہ ہم ردیف وہم قافیہ ہوتا ہے

دوپایہ: دو ٹانگوں کا، دو پاؤں کا

دوپٹا: اوڑھنی، دوپاٹ کی چادر، مردوں کی کمر میں باندھی جانے والی چادر

دوپٹا اُٹھانا: دعا یا بددعا کے لیے ہاتھوں سے دوپٹے کا کنارہ اٹھانا

دوپٹا تان کر سونا: بے غم ہو کر سونا، بے فکر ہو کر سونا، چین سے سونا

دوپَرتا: دو تہہ کا، دوہرا، دو پرت کا

دوپٹہ: دو طرفہ، دورخا، دونوں جانب چھپا ہوا

دوپلڑی: دو حصوں والی ٹوپی، ہلکی ٹوپی، چھوٹی ٹوپی

دوپہر: نصف النہار، بارہ بجے دن کا وقت، دن کا دوسرا حصہ

دوپہر کی چیل: دوپہر کی دھوپ میں دردر پھرنے والا لڑکا

دوپہریا: دوپہر کا وقت، ایک قسم کا پھول

دوپیازہ: گوشت کا سالن جس میں پیاز کی مقدار زیادہ ہو، دوبار پیاز ڈال کر تیار کیا جانے والا سالن

دُوتا: دگنا، دہرا، کج، ترچھا

دوتارا: دو تاروں والی چھوٹی سارنگی

دوٹوک: کھرا، صاف صاف، فیصلہ کن، دوٹکڑے

دوٹوک جواب دینا: صاف صاف جواب دینا، انکار کرنا

دوجہان: یہ دنیا اور اس کے بعد آنے والی دنیا، دنیا اور آخرت

دوجیا: حاملہ عورت، جس عورت کے پیٹ میں بچہ ہو

دوچار: دو ایک، چند، کچھ، روبرو، آمنے سامنے

دوچار ہونا: آمنا سامنا ہونا، ملاقات ہونا، نگاہیں ملنا،

دوچشمی: وہ بائے مخلوط ہائے ہوز، پورے چہرے کی تصویر

دوچلّو: بہت تھوڑا، ذرا سا، قلیل، بہت کم

دوچلّو میں بہک جانا: ذرا سی شراب پی کر اول فول بکنا

دوچند: دہرا، دگنا، دونا، دوبار

دوحرف: ذرا سا، بہت کم، بہت مختصر

دوحرف بھیجنا: نفرت وملامت کرنا، لعنت کرنا

دوسمتہ: دونوں جانب، ہر دو طرف

دوسستی: کشتی کا ایک داؤ، دو ہاتھ کا تلوار کا حملہ

دوسِل ملنا: دو آدمیوں کا باہم ملنا، دونوں طرف سے محبت کا ہونا

دوسلا: مذبذب، شکی، وہمی

دوسِن: بہت کم مدت، تھوڑا عرصہ، چند دن

دوسن کا مہمان: دو روز کا مہمان، ناپائیدار، فانی، بہت کم وقت کے لیے، عارضی، قریب مرگ

دوسن کی چاندنی: عارضی حسن، حسن ناپائدار

دوسو باتیں: بہت سی مختصر گفتگو، بہت کم بات

دوسو ہاتھ: ہاتھا پائی، لڑائی، آزمائش، تاش کا کھیل

دوسَر ھارا: دہری دھار والی تلوار، تیغ دودم، ندی کی دو شاخ

دوسَر ھاری تلوار: دونوں طرف دھار دار تلوار

دوسَرا ہا: دو راستوں کے ملنے یا نکلنے کی جگہ

دوسُر خا: دو پہلو والا، دورویہ، منافق

دوسَر گا: دوغلہ انسان، دوہری نسل کا مرغ یا گھوڑا

دوسَر نگا: ظاہر اور باطن رنگوں والا، منافق، غیر مستقل مزاج

دوسُو آلتو بیٹھنا: گھٹنوں کے بل بیٹھنا، نماز میں التحیات پڑھتے وقت بیٹھنے کی حالت

دوسار ہونا: نیزے یا تیر کا جسم کے پار ہونا

دوسُخنے: دو ایسے مصرعے جن کا جواب ایک ہو

دوسرا: دونوں دنیا، دونوں جہان

دوسوتی: دبیز کپڑا، دوہرے ہوئے سوت کا کپڑا

دو سے تین بھلے: صلاح ومشورہ کے لیے زیادہ سے زیادہ آدمیوں کا ہونا بہتر ہے

دوشالہ: اون سے تیار دوہری چادر

دوشنبہ: سوموار، پیر کا دن

دوعملی: دوحکمرانوں کی حکومت، بدانتظامی، عدم اتحاد

دوغزلہ: ایک ہی زمین اور ردیف وقافیہ کی دوغزلیں

دوفصلہ: سال میں دوبار پھل دینے والا درخت، دورنگا، متلون

دوقدم: نزدیک، بہت قریب، چند قدم

دوکوڑی کا: ذلیل، بے وقعت، گھٹیا، کسی مصرف کا نہیں

دوگانہ: نماز کی دو رکعتیں، شکرانے کی دو رکعت کی نماز، نماز عیدین، دوہری چیز

دوگونہ: دوطرح کا، دوقسم کا، دوہرا

دوگھڑی: تھوڑی دیر، بہت کم مدت، چند گھنٹے

دوگیتی: دونوں جہاں، دنیا اور آخرت

دولتی: چوپایوں کا پچھلی دونوں ٹانگوں کو ایک ساتھ اٹھا کر مارنا

دولگانا: دو چانٹے مارنا، دو تھپڑ رسید کرنا، دو جوتے مارنا

دومُلّا میں مُرغی حرام: دو حق داروں کی موجودگی میں کام خراب ہو جاتا ہے

دونالی: دو نالیوں والی بندوق

دونوالے: بہت تھوڑی غذا، کم خوراک

دونوں میٹھے: سب طرح سے فائدہ، ہر طرف سے فائدہ

دونوں ہاتھ سے تالی بجنا: دونوں طرف سے جھگڑا ہونا یا مصالحت ہونی

دونوں ہاتھوں سے پگڑی تھامنا: بہت احتیاط اور کوشش سے آبرو محفوظ رکھنا

دونوں ہاتھوں سے کلیجہ تھام لینا: غم انگیز کرنا، برداشت کرنا، صبر وضبط کرنا

دووَرقی: بہت مختصر کتاب یا رسالہ، فرج

دووَرقی کا سبق پڑھنا: بدفعلی کرنا، زنا کرنا

دوہَر: دُلائی، دوہری چادر، دوفصلوں والی زمین

دوہی دِن: بہت کم وقت میں، تھوڑے وقت میں

دَوا: مو، علاج، معالجہ، دارو، درمان، جمع ادویہ، ادویات

دَوّاب: نر، چوپائے، جانور، مویشی

دَوا پذیر: علاج کا اثر قبول کرنے والا، دوا کا اثر ظاہر کرنے والا

دَوا خانہ: ہسپتال، شفاخانہ، دواؤں کی دکان

دَوا دارُو: تیمارداری، علاج معالجہ، دوادرمن

دَوا دَرمَن: تیمارداری، علاج معالجہ، دوادارو

دَوا راس ہونا: دوا کا سازگار ہونا، دوا کا موزوں ہونا

دَوا دَوش: مو، بھاگ دوڑ، دوڑ دھوپ، جدوجہد

دَوّار: چکر لگانے والا، پھرنے والا، گردش کرنے والا

دُوَار: مذ، دروازہ، ڈیوڑھی، آستانہ، راستہ، چوکھٹ، باہری صحن

دوازدَہ: بارہ، دس اور دو

دُوَال: مذ، تسمہ، رکاب کا تسمہ، فریب، دغا، چمکتی ہوئی تلوار

دَوَام: مذ، لافانی، ہمیشگی، ابدی

دَوان: دوڑتا ہوا، بھاگتا ہوا، حیران

دِوَانہ: مذ، مجنون، پاگل، بے وقوف

دَواوِین: مذ، دیوان کی جمع، مجموعہ ہائے کلام

دَوائر: مذ، دائرہ کی جمع، گولائیاں، حلقے

دُوب: مو، ملائم گھاس، باغیچوں میں اگائی جانے والی بہت ہی نرم گھاس

دوایک: تھوڑے، چند، کچھ

دوآنّی: دو آنے کا پرانا سکہ

دُوبہ دُو: روبرو، آمنے سامنے، مقابل، ملاقات

دُوبہ دُو ہونا: ملاقات ہونا، سامنے ہونا، ملنا

دُوبھَر: مشکل، دشوار، دقت، کٹھن

دُوتی: مو، سوکن، دلالہ، رقیب

دُوجا: دوسرا، ثانی، غیر

دُوخت: مو، سلائی، سیون

دُوخصمی: دو شوہروں والی عورت، جس عورت نے دوسری شادی کی ہو

دُودانے کو محتاج ہونا: بہت ہی غریب ہونا، بہت زیادہ تنگ دست ہونا

دُود: مذ، دھواں، دھند، غبار، بھاپ، بخارات

دُودِ چراغ: چراغ کا دھواں، چراغ کی سیاہی

دُودکش: دھواں نکلنے کا سوراخ، چمنی

دُودمان: مذ، خاندان، نسل، قوم، خوش بو

دُودَہ: مذ، خاندان، قوم، قبیلہ، بڑا لڑکا، کاجل

دُودھ: مذ، شیر، عورت یا مادہ جانوروں کی چھاتی سے نکلنے والا سفید رقیق مادہ، پیڑ پودوں سے نکلنے والا رس، لبن

دُودھ اُترنا: پستان یا چھاتی میں دودھ آجانا، دودھ کا پیدا ہونا

دُودھ بخشنا: دودھ پلانے کا حق معاف کرنا

دُودھ بڑھانا: دودھ پلانا بند کرنا، دودھ چھڑانا

دُودھ پُوت: بال بچے، آل اولاد، دھن دولت

دُودھ کا جَلا چھاچھ پھُونک کر پیتا ہے: کسی چیز سے خوف کھایا ہوا انسان اس طرح کی دوسری بے ضرر چیزوں سے بھی ڈرنے لگتا ہے

دُودھ کا دُودھ پانی کا پانی: حق و باطل کا فیصلہ، سچ اور جھوٹ کا فیصلہ، انصاف، عدل

دُودھ کی مکھی کی طرح نکال پھینکنا: خارج کر دینا، باہر کر دینا، کوئی سروکار نہ رکھنا

دُودھ مُوت کرنا: تربیت کرنا، پالنا، پرورش کرنا

دُودھوں نہاؤ پُوتوں پھلو: دھن دولت اور اولاد سے

گھر بھرا رہے

دُودھی: سینہ، پستان، تھن، دودھ، دار، رس دار، دودھ والی، ایک جڑی، کھریا مٹی

دَور: مدّ، گردش، چکر، گولائی، چال، رفتار، کنارہ، حاشیہ، گھیرا، حلقہ، شراب پینے کی محفل، عہد، زمانہ، انقلاب، سبق کو کئی بار دہرانا، قرآن پاک کا یاد کرنا، جمع ادوار

دَور آنا: وقت آنا، باری آنا، پیالۂ شراب آنا

دَور چلنا: شراب کا باری باری ہر ایک کے سامنے لایا جانا

دَور دَورہ: حکومت، سلطنت، غلبہ، نام، طریقہ، رسم

دَور کرنا: دو آدمیوں کا باری باری ایک دوسرے کو قرآن پاک کا سبق سنانا اور سننا

دُور: فاصلہ، جدا، الگ، پرے، مشکل

دُورازکار: بے کار، جو کار آمد نہ ہو، مقصد سے پرے

دُور اُفتادہ: بہت فاصلے پر، کافی دور پر واقع

دُور اَندیش: ہوشیار، عقل مند، فہیم، دوررس

دُور باد: ایسا نہ ہو، خدا نہ کرے، خدانخواستہ

دُور باش: فاصلہ پر ہو، دور ہو، پرے ہو

دُور بھاگنا: الگ رہنا، بچنا، نفرت کرنا، جی چرانا، پرہیز کرنا

دُور بین: عقل مند، دور تک سوچنے والا، دور اندیش بات کی تہ کو سمجھنے والا، گہری نظر رکھنے والا، وہ آلہ جس میں بہت دور تک کی چیزیں صاف دکھائی دیں، دور اندیش

دُور پار: ایسا نہ ہو، خدا نہ کرے، زنانہ، نامرد

دُور دراز: بہت فاصلہ، قیاس سے باہر، ناقابل فہم

دُور دَست: بہت دور، کالے کوسوں

دُور دُور رہنا: کھنچے کھنچے رہنا، پرہیز کرنا

دُور رس: دور تک پہنچنے والا، بلند خیال، دور اندیش

دُور کا: گہرا، قیاس سے باہر، فاصلہ کا، جو قریبی نہ ہو

دُور کی بات: نازک خیال، باریک بات، نکتہ کی بات

دُور کی سُنانا: بڑوں کے ساتھ بے ادبی، بزرگوں کو گالیاں سنانا

دُور کی سُوجھنا: باریک بات کا آنا، خیال میں اچھوتا مضمون آنا، نکتہ کی بات سجھائی دینا

دُور کی صاحب سَلامت: بس یوں ہی شناسائی، تھوڑی ملاقات، کم واقفیت

دُور کی کوڑی لانا: باریک بات پیدا کرنا، نئی بات پیدا کرنا

دُور کی ہانکنا: شیخی بگھارنا، ڈینگ مارنا، خودستائی کرنا

دُور کے ڈھول سُہانے: دور کی چیزیں بھلی لگتی ہیں، ان دیکھی باتوں پر فریفتہ ہو جانا اور دیکھ کر پچھتانا

دُور نِکل جانا: اصل بحث سے ہٹ جانا، دور چلا جانا، بھٹک جانا

دُور ہی سے سَلام کرنا: نفرت کرنا، بچنا، پرہیز کرنا، امان چاہنا

دَوران: مدّ، دورہ، گردش، چکّر، وقت، زمانہ، عہد، انقلاب، الٹ پھیر، قسمت

دَورانِ خون: بدن میں خون کی گردش یا دوڑ

دَورہ: مذ، گردش، چکر، شراب پینے کا دور، باری، دفعہ، افسروں کا معائنہ

دَورہ پڑنا: بیماری کا بار بار آنا، غش آنا

دَوری: مو، چھوٹی نوکری، کونڈی

دُوری: مو، فاصلہ، بُعد

دَوڑ: مو، بھاگ، بھاگنا، رسائی، کوشش، محنت، چڑھائی، جلدی سے، تیزی سے

دَوڑ دَوڑ آنا: کئی بار آنا، بار بار آنا، جلد جلد آنا

دَوڑ دھوپ: کوشش، محنت، جتن

دَوڑا دینا: بھگا دینا، بہت جلد روانہ کر دینا، اسی وقت بھیجنا

دَوڑانا: بھگانا، جلدی روانہ کرنا، محنت کرانا، پریشان کرنا، بچھانا، پھیلانا

دَوڑنا: بھاگنا، جلد روانہ ہونا، تیز قدم بڑھانا، حملہ کرنا، پھیلانا، بچھانا، محنت کرنا، بہت جلد اثر کرنا

دوزَخ: مذ، جہنم، تکلیف دہ مقام، پیٹ

دوزَخ کا گندا: خطا کار، گنہ گار، عاصی

دوزخ کی لگی: روٹی کی فکر، پیٹ کا غم

دوزخی: جہنمی، گنہ گار، سزا کا مستحق

دُوس، دوش: مذ، خطا، غلطی، قصور، عیب

دُوست: مذ، ساتھی، مہرباں، آشنا، جمع دوستاں

دُوست دار: ساتھی، بہی خواہ، رازدار

دُوست نُما: دیکھنے میں دوست، ظاہر میں مہرباں

دوستانہ: مذ، یارانہ، آشنائی، گہرا تعلق

دوستی: مو، آشنائی، یارانہ، گہرا ربط

دوستی کا دَم بھرنا: دوست ظاہر کرنا، دوستی نمایاں کرنا، دکھاوے کی دوستی کرنا

دُوسرا: ثانی، دیگر، دوم، برابر کا، مقابل، نامانوس

دُوسری بات نہ ہونا: دام میں زیادہ کم نہ ہونا، ایک دام، زیادہ بات چیت نہیں

دوش: مذ، شانہ، کندھا، گزرا ہوا کل

دوش بدوش: شانہ سے شانہ ملا کر، کندھا ملا کر، متحد ہو کر

دُوشالہ: مذ، اون کی دوہری چادر، گرم چادر

دُوشیزگی: مو، کنوارا پن، بکارت، شادی سے پہلے کا زمانہ، شباب، غیر شادی شدہ، ناکتخدائی

دُوشیزہ: مو، کنواری، غیر شادی شدہ، باکرہ، ناکتخدا، جمع دوشیزگان

دُوشیزہ: پچھلی رات کا، گزری رات کا، کل شب کا

دُوغ: مذ، دہی، چھاچھ، جمایا ہوا دودھ

دوغلا: دو نسل والا، کم اصل، کم ذات، کم ظرف

دُوَل: مذ، دولت کی جمع، سلطنتیں، حکومتیں

دُولاب: مذ، چرخ، رہٹ، ڈھیر، نعمت خانہ، دغا، فریب، فقارہ، ڈھول، کھائی، ذیابیطس، منافع، تجارت

دُولائی: مذ، دوہرا کپڑا، ہلکی رضائی

دَولت: مو، مال، زر، نقد، سرمایہ، خوش بختی، حکومت، خوشی، اولاد، اقبال مندی، جمع دُوَل

دَولت بَرسنا: بہت زیادہ پیسے کا ملنا، سرمایہ حاصل ہونا، مَن برسنا

دَولت بَہانا: فضول خرچی، بے سوچے سمجھے پیسہ خرچ کرنا

دَولتِ حُسن: بے حد حسین، بہت زیادہ خوب صورتی

دَولت خانہ، دَولت سَرا، دَولت کدہ: مکان، ایوان، قصر، محل، گھر

دَولتِ خُداداد: خدا کی عطا کردہ سلطنت

دَولتِ دارین: دونوں جہان کی نعمتیں

دَولتِ دُنیا: دھن دولت، دنیا کی شان بان، اولاد اور جائداد

دَولت ڈھلتی چھاؤں ہے: روپیہ پیسہ ہمیشہ رہنے والا نہیں

دَولت مند: مال دار، سرمایہ دار، خوش قسمت

دَولت مُنڈیر کا کوّا ہے: دھن دولت کبھی ایک جگہ نہیں رہتی

دُولہا: مذ، نوشہ، بنا، شادی کرنے والا

دُولہا بھائی: بہنوئی، بہن کا شوہر

دُولہن: مو، عروس، جس کی شادی ہو رہی ہو

دُوم: دیگر، ثانی، دوسرا

دَون: مو، جنگلوں میں لگنے والی آگ، شدید گرمی، پیاس، جلن

دُون: پست، نیچا، حقیر، سفلہ، کمینہ، بدنام، غیر

دُون ہمّت: بزدل، پست ہمت، کم ہمت

دَونا: مذ، پتا، درختوں کے پتوں سے بنا پیالہ جس میں مٹھائی وغیرہ رکھی جاتی ہے

دَونا چڑھانا: نذر و نیاز کرانا، مٹھائی کا فاتحہ کرانا

دُونا: دگنا دو چند، دہرا، دوبار

دوہا: مذ، ہندی شاعری کی وہ قسم جس میں دو مصرعے میں بات کہی جاتی ہے۔

دوہَر: دوہری چادر، دلائی، ریتیلی زمین کا کھیت

دوہَرا: دو پرت کا، دو تہہ کا، دُگنا

دوہَری: دو پرت کی، دو تہہ کی، دگنی

دوہنا: تھن سے دودھ نکالنا، پستان سے دودھ کھینچنا

دُوئی: عداوت، غیریت، علاحدگی، جدائی

دُوئی کا پردہ اٹھنا: متحد ہو جانا، غیریت کا مٹ جانا

دہ: گہرائی، بہت گہرائی کا پانی، کنویں کی گہری سطح

دَہ: دس، دہائی

دَہ چند: دس گنا، بہت زیادہ

دَہ در دَہ: دس گز مربع، دس گز لمبا اور دس گز چوڑا، شرع کے مطابق اتنے بڑے حوض کا پانی جائز ہوتا ہے

دِہ: مذ، گاؤں، قریہ، آبادی، جمع دیہات، دہات

دِہ خدا: گاؤں کا باشندہ، کاشت کار، زمین دار

دَہا: مہینے کے دس دن، ایک دہائی، عشرہ، محرم کی

دَہاڑنا: چیخنا، چنگھاڑنا، گرجنا

دَہاڑیں مارنا: بہت زور سے چیخ مار کر رونا، چلانا، گرجنا

دَہاڑی: مو، ایک دن کی مزدوری، یومیہ، روزانہ

دَہان: مذ، منہ، دہن، گھاؤ کا منہ، سوراخ

دَہان بند: منہ کا پردہ، نقاب، منہ کا چھینکا

دَہانا: مردہ کو چتا میں رکھ کر جلانا

دُہانا: جانوروں کے تھن سے دودھ نکلوانا

دَہانہ: مذ، منہ سے ملتی جلتی شکل، دہن، سمندر میں ندی کے گرنے کی جگہ، جہاں سے وادی شروع ہوتی ہے، گھوڑے کے منہ میں لگایا جانے والا لوہے کا ساز، موری

دَہائی: مو، دس، عدد، گنتی کے دس

دُہائی: مو، فریاد، التماس، گزارش، انصاف، مدد

دَہر: مذ، وقت، زمانہ، عصر، حفاظت، فکر، تردد، دنیا، بخت، خطرہ، اتفاق، رسم، طریقہ، جمع دُہور

دُہرا: دگنا، دوپرت کا، دوچند، ٹیڑھا، ڈبل کا الٹا

دُہرا بدن: فربہ جسم، موٹا بدن، گداز جسم، بھرا بدن

دُہرا تہرا: دگنا تگنا، دوچند، سہ چند، دو بار تین بار

دُہرانا: بار بار کرنا، بار بار پڑھنا، اعادہ کرنا، دوتہہ کرنا

دَہریَت: مو، خدا کا انکار، کفر، الحاد، اشتراکیت

دَہریَہ: مذ، خدا کے وجود کا منکر، کافر، ملحد، اشتراکی

دَہَش: مذ، حیرت، تعجب، انوکھا، اچنبھا، حیرانگی

دِہش: مو، انعام، اکرام، بخشش

دَہشت: مو، خطرہ، خوف، ڈر، وحشت

دَہشت اَنگیز: خوف ناک، خطرناک، ڈراؤنا، وحشت ناک

دَہشت زَدہ: سہما ہوا، خوف کھایا ہوا، ڈرا ہوا، گھبرایا ہوا

دَہشت کھانا: ڈرنا، خوف کھانا، سہما، مغلوب ہونا

دَہشت ناک: خوف ناک، ڈراؤنا، بھیانک

دِہقان: مذ، کسان، کاشت کار، گاؤں کا باشندہ، سادہ لوح، جاہل، بے وقوف، غیر مہذب

دِہقانیَت: مو، اجڈپن، اکھڑپن، ناشائستگی، جہالت

دَہکانا: آگ جلانا، بھڑکانا، سلگانا

دِہ کدہ: گاؤں کا مکان، دیہات کا مکان، قصبہ

دَہکنا: آگ جلنا، آگ روشن ہونا، آگ بھڑکنا، جسم کا جلنا یا گرم ہونا، برباد ہونا

دُہَل: مذ، ڈھول، نقارہ

دَہلا: تاش کا وہ پتہ جس پر دس بوٹے بنے ہوں

دَہلنا: خوف کھانا، سہمنا، ڈرنا، کانپنا، زمین کا پھٹنا

دِہلوی: دہلی کا رہنے والا، دہلی سے منسوب

دَہلیز: مو، آستاں، چوکھٹ، دروازہ، ڈیوڑھی

دَہلیز کا کُتّا: گھر کا کتا، پالتو کتا، مفت خور، آرام طلب

دَہَم: دسواں، ایک دہائی، عاشر

دَہَن: مذ، دہان، منہ، زبان، سورج

دَہن تنگ: چھوٹا منہ، خوب صورت منہ

دَہن دَریدہ: گستاخ، منہ پھٹ، بے حیا، بے لگام

دَہنا: داہنا ہاتھ، سیدھا ہاتھ

دِہَند: دینے والا، ادا کرنے والا

دِہَندَہ: دینے والا، ادا کرنے والا، جمع دہندگان

دُہنیت: مو، روغن، چربیت، چکنائی، چکناہٹ

دَہی: ند، جما ہوا دودھ، چھاچھ

دَہی دَہی کرنا: کسی راز کی بات کو جگہ جگہ پھیلانا

دَہے: ند، عاشورہ، تعزیے

دِہیم: ند، فرماں روایانِ ایران کا تاج

دِہینگر: دہی رکھنے کا برتن

دَی: ایشور، خدا، دیوتا، پیغمبر

دی: ند، کل جو گذر گیا

دیروز: کل جو گذر گیا

دیشب: کل رات جو بیت گئی

دَے: ند، شمسی سال کا دسواں مہینہ

دیا: ند، چراغ، دیپ، بتی، دیا ہوا

دیاباتی کرنا: چراغ جلانا، روشنی کرنا، گھر کی حفاظت کرنا

دیاسَلائی: مو، مسالہ لگی ہوئی آگ جلانے کی تیلیاں

دیار: ند، بستی، شہر، خطہ، ملک، جگہ

دیانَت: مو، سچائی، ایمان داری، امانت، حق

دیانَت دار: سچا، ایمان دار، امین

دیباچہ: ند، کتاب یا رسالہ کا ابتدائیہ، مقدمہ، تمہید

دیپ: چراغ، بتی، روشنی، اجالا، چمک

دیَت: مو، خوں بہا، قتل کے عوض دی جانے والی جرمانے کی رقم

دِیجور: اندھیرا سیاہ، تاریک، اماوس، بہت تاریک رات

دید: مو، آنکھ، نظر، نگاہ، ملاقات

دید بازی: جھانکنا، تاکنا، آنکھیں لڑانا، آنکھیں مارنا

دید نہ شنید: دیکھی نہ سنی، نرالی، عجیب، حیرت انگیز

دید و باز دید: آنا جانا، ملاقات کرتے رہنا

دیدار: ند، ملاقات، نظارہ، جلوہ، صورت، شکل

دیدار دکھانا: شکل دکھانا، چہرہ دکھانا، ملاقات کرنا، دوست کی آمد

دیدار ہونا: اتفاقیہ ملاقات ہونا، حسنِ اتفاق سے دیکھ لینا

دیدَنی: دیکھنے کے لائق، قابلِ دید، دیکھا ہوا

دیدَہ: ند، چشم، نگاہ، آنکھ، نظر، بہادری، ہمت

دیدَہ دلیری: جرأت، ہمت، بے باکی، بے شرمی

دیدَہ دھوئی: بے شرم عورت، بے غیرت، بے حیا

دیدَہ ریزی: بہت باریک کام کرنا، مینا کاری، آنکھوں پر زور دینا، ژرف نگاری

دیدَہ نہ لگنا: اوبنا، اکتانا، دل نہ لگنا، گھبرانا، بے توجہی کرنا

دیدَہ و دانستہ: جان بوجھ کر، سوچ سمجھ کر، جانتے ہوئے

دیدہ وَر: عقل مند، ہوشیار، دانا، صاحب نظر

دیدہ ہَدلنا: کوئی خیال نہ کرنا، بے مروّتی کرنا، تعلقات کو فراموش کر دینا

دیدے پھاڑ کر دیکھنا: غور سے دیکھنا، گھورنا، پورے انہماک سے دیکھنا

دیدے پھوڑنا: بہت محنت کرنا، آنکھوں سے بڑا کام لینا، بہت باریک کام کرنا

دے دے پٹکنا: دے دے مارنا، لگاتار زیر کرنا، برابر شکست دینا

دَیر: نذ، بت خانہ، مندر، بتوں کی جگہ

دیر آید دُرست آید: اطمینان سے اور آہستہ کام بہت اچھا ہوتا ہے

دیرپا: مضبوط، مستحکم، پائدار

دیر سویر: دیری، جلدی، کسی وقت

دیرا: خیمہ، رہنے کی جگہ، ڈیرا، چھوٹا مکان

دیرینہ: قدیم، پرانا کہنہ، بزرگ، ماہر، تجربہ کار

دیس: نذ، ملک، شہر، وطن، علاقہ

دیس بدیس: اپنا ملک اور دوسرا ملک، ملکوں ملکوں

دیس نِکالا: شہر بدر، ملک نکالا

دیکھ بھال: مو، نگہ داشت، نگرانی، سرپرستی

دیکھا بھالا: آزمایا، جانا پہچانا، برتا ہوا

دیکھا دیکھی: کسی دوسرے کو دیکھ کر مقابلے میں

دیکھا نہ سُنا: بے مثل، اچھوتا، نادر، عجیب وغریب

دیکھا نہیں جاتا: صبر نہیں ہوتا، برداشت نہیں ہوتا

دیکھتے دیکھتے: آناً فاناً، یکا یک، آن کی آن میں

دیکھتے رہ جانا: ہکا بکا رہ جانا، ششدر ہو جانا، حیران ہو جانا

دیکھنا: نگاہ ڈالنا، نظر کرنا، مشاہدہ کرنا، جانچنا، پرکھنا، غور کرنا، خیال کرنا، جائزہ لینا، انتظام لینا، محتاط رہنا

دیکھنے کو نہیں: نایاب، کم یاب، ناپید، نہ ملنا

دیکھنے کی: کسی کام کی نہیں، محض نمائشی، بناوٹی

دیکھیے: واللہ اعلم، خدا ہی جانے، شاید، انتظار کیجیے

دیکھیے اُونٹ کِس کروٹ بیٹھتا ہے: معلوم نہیں کیا انجام ہوگا

دیگ: مو، کھانا پکانے کا بڑا برتن، دیغ

دیگچہ: نذ، دیگ کے مقابلے میں چھوٹا برتن

دیگچی: ہو، کھانے پکانے کے لیے روزانہ استعمال میں آنے والی پتیلیاں

دیگر: دوسرا، غیر، عصر کا وقت

دیمک: مو، کیڑا، لکڑی کاغذ وغیرہ کھانے والا ایک بہت چھوٹا سفید رنگ کا کیڑا

دین: نذ، ایمان، مذہب، دھرم، عقیدہ، جمع ادیان

دین پناہ: مذہب کی حفاظت کرنے والا

دینِ حنفی: دینِ ابراہیمی، دینِ اسلام

دین دار: مذ، مذہبی، پاکیزہ، خداترس، سچا

دین دُنیا سے جانا: دونوں جہان کا نقصان

دین دُنیا کی خبر نہیں: غافل، لاپروا، بےفکر

دَین: مذ، ادھار، قرض، جمع، دُیُون

دینا: عنایت کرنا، بخشنا، عطا کرنا، پیش کرنا، بچے جننا، حساب چکتا کرنا، جرمانہ دینا

دینار: مذ، عرب میں رائج ہونے کا ایک سکّہ، اشرفی

دینیات: مو، مذہب سے متعلق علوم یا باتیں، علم دین

دیو: مذ، جن، بھوت، خیالی خوف ناک شکلیں، بہت لمبا چوڑا

دیو پیکر: دیو کی طرح، بہت لحیم شحیم جسم والا

دیو زاد: بھوت کا لڑکا، لمبا چوڑا، دیو کا بیٹا، پہلوان

دیو: مذ، دیوتا، فرشتے، بزرگ ہستیاں

دیو بانی: مو، مذہبی زبان، پاک زبان، سنسکرت

دیو داسی: مو، مندروں میں رہنے والی بن بیاہی لڑکیاں

دیو ناگری: دیوتاؤں کی تحریر، مقدس رسم خط، سنسکرت

دیوار: مو، جس پر مکان کی چھت ہوتی ہے، رکاوٹ، پردہ، سہارا

دیوارِ چین: ملک چین کی مضبوط اونچی اور پائدار دیوار

دیوارِ قہقہہ: ملک چین کی ہنسانے والی دیوار

دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں: راز و نیاز کی باتیں بالکل خلوت اور تنہائی میں کہنی چاہییں

دیوار گیر: دیوار میں ٹانگنے والا چراغ یا لیمپ

دیوالہ: مذ، تنگ دستی، غربت، قرضہ نہ دینے کا اعلان

دیوالی: مو، چراغاں، ہندوؤں کا ایک تیوہار

دیوالیہ: مذ، تنگ دست، غریب، قرض نہ دینے کا اعلان کرنے والا

دیوان: مذ، عدالت، شاہی دربار، وزیر، عوام کے اکٹھا ہونے کی جگہ، اشعار کا مجموعہ

دیوانِ خاص: بادشاہ کے تنہا رہنے کی جگہ، دربار شاہی

دیوان خانہ: امرا و سلاطین کے بیٹھنے اٹھنے کی جگہ

دیوانِ عام: جہاں بادشاہ کا دربار لگتا ہو اور جہاں ہر شخص فریاد پہنچانے کا حق رکھتا ہو

دیوانگی: سودا، پاگل پن، باولا پن

دیوانہ: سودائی، پاگل، باولا، مجنون

دیوانہ بکار خویش ہشیار: پاگل اپنے فائدے کے لیے بڑا چالاک ہوتا ہے

دیوانی: مو، عدالت خفیفہ، جس عدالت میں مال سے متعلق مقدمات کا فیصلہ ہوتا ہے، باولی عورت

دیوتا: مذ، فرشتہ، مقدس، بزرگ، محترم

دیوث: مذ، کمینہ، ذلیل، بےغیرت، بےشرم

دیودار: مذ، صنوبر، عمارتی لکڑی کا درخت

دیور: مذ، شوہر کا چھوٹا بھائی

دیورانی: مو، دیور کی بیوی، خاوند کے چھوٹے بھائی

کی بیوی

دیوَل: نذ، مندر، چھوٹا بھائی

دیونی: مو، دیو کی تانیث، خوف ناک قد وقامت والی عورت، بہت لحیم شحیم عورت

دیوی: مو، دیوتا کی تانیث، پاکیزہ عورت، عصمت دار عورت، مقدس عورت

دیہات: موبدہ کی جمع، بہت سے گاؤں، بستیاں، آبادیاں

دیہی: دیہات کا، گاؤں کا، غیر شہری

دیہیم: نذ، شہنشاہی تاج، افسری تاج، کلغی

دَھاپا: نذ، مٹی سے بنی ہوئی ہموار چھت، وہ مکان جس کی چھت مٹی سے بنی ہو اور ہموار ہو

دَھاپنا: دوڑنا

دَھات: مو، زمین کے اندر سے نکلنے والی دھات جو گرمانے پر پگھل سکے، طریقہ، طرز، پیشاب کے ساتھ نکلنے والا سفید مادہ

دَھار: مو، تار، لکیر، خط، قطار، تلوار یا چاقو کی تیزی، ندی کا درمیانی بہاؤ، دیوتاؤں کو کھانے پینے کی چیزیں چڑھانا

دَھاردَار: کاٹ دار، تیز، باڑھ دار

دَھار رکھنا: تیز کرنا، سان پر چڑھانا

دَھار مَارنا: کھڑے ہو کر پیشاب کرنا، کسی زخم پر پیشاب کرنا

دَھار نکالنا: تھن سے دودھ نکالنا، دُودھ دُوہنا

دَھارا: نذ، بہاؤ، چشمہ، سوتا، بیچ دریا کا بہاؤ، پانی کے بہاؤ کا رخ، تیز لہر

دَھارنا: رکھنا، اپنانا، جسم کے کسی حصہ پر پانی گرانا

دھاڑ: مو، مجمع، گروہ، ہجوم، سخت مشکل، جلدی

دھاڑ پڑنا: شتاب ہونا، ڈاکوؤں چوروں یا پولیس کے عملے کا یکا یک دھاوا بولنا

دھاڑنا: گرجنا، چیخنا، خوں خوار ہونا، زور سے رونا

دھاک: مو، نام، شان، شہرت، غلبہ، خوف، رعب، دھوم

دھاک بندھنا، دھاک بیٹھنا، دھاک جمنا: رعب قائم ہونا، غلبہ ہونا، دھوم ہونا

دھاگا: نذ، تاگا، سوت، ڈور، تار، فریب

دھامن: نذ، اژدہے کی ایک قسم، بانس کی ایک قسم، ایک طرح کی نرم گھاس

دھان: نذ، چھلکے دار چاول، چاول کا پودا یا کھیتی

دھان پان: بہت نازک، کم زور، دبلا پتلا

دھان کی کھیلیں: بھنا ہوا نرم چاول

دھانا: دوڑنا، تیز قدم چلنا، بھاگنا

دھاندل: مو، فساد، تکرار، بدعنوانی، بے ایمانی فریب، گھپلا، خرد برد

دھاندلی: مو، تکرار، فساد، بے ایمانی، گھپلے بازی، خرد برد

دھاندلی کرنا: فساد کرنا، گھپلا کرنا، فریب دینا، زبردستی کرنا

دھانسنا: گھوڑے کا کھانسنا

دھانی: دھان کا رنگ، ہلکا سبز رنگ، چاول کی کاشت کی جانے والی زمین

دھاوا: مذ، چڑھائی، حملہ، لشکر کشی، دوڑ، بھاگ، گردش

دھاوا بول دینا: چڑھائی کر دینا، حملہ کر دینا، لشکر انداز ہونا

دھاونا: دوڑنا، تیز تیز چلنا، عجلت کرنا، بے مقصد چکر کاٹنا، کوشش کرنا، تعاقب کرنا

دھائیں دھائیں: مو، توپ داغے جانے کی آواز، شور، ہنگامہ

دھب دھب: مو، پیر کی آواز، آوازِ پا

دھبا: مذ، داغ، نشان، ٹیکا، الزام، بہتان

دھبا لگنا: الزام لگنا، داغ لگنا، بدنما ہونا

دھب دھبانا: پیر سے دھب دھب کی آواز پیدا کرنا

دھبلا: لہنگا، بہت ڈھیلا اور بدنما پاجامہ، بہت موٹا کپڑا، موٹی دھوتی، عورتوں کا دبیز اور کافی ڈھیلا تہبند

دھپا: مذ، طمانچہ، تھپڑ، گرد، دھوکا، دوری

دھپا کانا: تھپڑ رسید کرنا، چانٹا مارنا

دھت: مو، لت، عادت، علت، برائی

دھت پڑنا: لت لگنا، عادت پڑنا، علت پڑنا

دھت کرنا: جھڑکنا، نفرت کرنا، دھتکارنا

دُھت کرنا: مخمور، نشیلا، نشہ میں مدہوش

دھتا: مذ، فریب، نال مٹول، حیلہ، دھتکار

دھتا بتانا: فریب دینا، حیلہ حوالہ کرنا، ٹالنا، الگ کرنا

دُھتا: مذ، فریب، دھوکا، مکاری

دُھتکارنا: جھڑکنا، لعن طعن کرنا، ملامت کرنا، بے عزت کرنا، نکال دینا

دھتورا: مذ، ایک نشہ آور پودا، دھوکا

دھتوریا: مذ، ٹھگ، فریبی، عیار، نشہ کھلا کر غائب کرنے والا

دھج: مذ، مو، طور، طریقہ، شکل و شباہت، لباس، نشست

دھجی: سو، چیتھڑا، ٹکڑا، ریزہ ریزہ، کترن

دھجیاں اُڑانا، دھجیاں بکھیر دینا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا، بے وقعت کرنا، بکھیر دینا، آبرو لینا

دھچکا: مذ، جھٹکا، غم، صدمہ، افسوس، دھکا، نقصان

دھدھکنا: آگ کا بھڑکنا، شعلہ کا تیز ہونا، آگ کا خوب روشن ہونا

دھر پکڑ: حراست، گرفتاری، قید و بند

دھر پکڑ کے: زبردستی، شہ زوری سے

دھر کے گسنا: پورے قابو میں کرنا، خوب مضبوطی سے پکڑنا

دھر لینا: اپنے پاس رکھ لینا، غصہ میں پکڑ لینا، اچھی طرح مرمت کرنا

دھرا جانا: گرفتار ہونا، پکڑا جانا

دُھرا: مذ، آہنی سلاخ جس پر پہیا گھومتا ہے

دُھڑا: ٹکڑے ٹکڑے، دھجی، چیتھڑا

دُھرّے اُڑانا: بہت مارنا، کوڑے لگانا، بخیہ ادھیڑنا، بدنام کرنا

دُھرپد: مو، ہندی سنگیت کا ایک راگ

دَھرتی: مو، مٹی، خاک، زمین

دَھرکار: مذ، بانس یا نرکل کا سامان بنانے والا

دَھرم: مذ، مذہب، عقیدہ، طرز، رسم، بھلائی، قانون، مستحکم، دستور، فرض، انصاف

دَھرم سالہ: مذ، مسافر خانہ، سرائے

دَھرم سے: ایمان سے، قسم سے، انصاف سے

دَھروہر: مو، امانت، رکھی ہوئی چیز، تحویل

دَھڑ: مذ، جسم، بدن، سر سے خالی جسم کا حصہ، فریق، گروہ، گرنے کی آواز، سمت، طرف

دَھڑ دَھڑ: تھرتھرانا، کانپنا، تیز تیز مارنا، شور وغل، زور سے دروازہ کھٹکھٹانا، بہت تیز آگ روشن ہونے کی آواز

دَھڑا: مذ، بوجھ، پانچ سیر کا وزن، پاسنگ، گروہ، جماعت

دَھڑا بندی: فرقہ بندی، گروہ بندی، طرف داری، بے انصافی

دَھڑا دَھڑ: متواتر گرنے کی آواز، لگاتار، مسلسل

دَھڑام: مو، کسی وزنی چیز کے گرنے کی آواز

دَھڑ دَھڑانا: زور زور سے دستک دینا، دروازہ پیٹنا، مار کر آواز نکالنا

دَھڑک: مو، ڈر، خوف، بے چینی، پھڑک، اندیشہ

دَھڑکا: ڈر، خوف، اضطراب، پھڑک، دل کی دھڑکن، دھماکا، کھٹکا

دَھڑکانا: ڈرانا، خوف دلانا، اضطراب پیدا ہونا

دَھڑکن: مو، بے قراری، اختلاج، ہول، خوف

دَھڑکنا: دہلنا، ڈرنا، خوف کھانا، مضطرب ہونا، گرم ہونا، غصے یا جوش میں دل کا اچھلنا

دُھستا: مذ، اون کی دبیز چادر

دَھسان: مو، دلدل، کیچڑ، نشیب

دَھسانا: گھسیڑنا، ٹھونسنا، دبانا، بھرنا

دَھسک: ہلکی کھانسی، دب جانا، شگاف

دَھسنا: گھسنا، اندر داخل ہونا، دبنا، کیچڑ میں پھنسنا

دَھک: خوف زدہ، حیرت زدہ، متعجب، ششدر، آگ، لپک، چھوٹی جوں

دَھک سے رہ جانا: حیرت میں پڑ جانا، ہکا بکا رہ جانا

دَھکا: مذ، غم، صدمہ، مصیبت، حادثہ، نقصان

دَھکا پیل: از دحام، ریل پیل، دھکم دھکا

دَھکے کھانا: آوارہ پھرنا، مارا مارا پھرنا

دُھک دُھکانا: ٹمٹمانا، جلنا، تھرتھرانا، بے قرار ہونا

دَھک دَھکی: مو، گلے سے نیچے کا گڑھا، ایک زیور

دَھکیلنا: دھکا دینا، زبردستی ہٹا دینا، گرا دینا

دُھلانا: کسی چیز کو صاف کرانا

دُھل جانا: کسی چیز کا صاف ہو جانا

دَھم: مو، زور کی آواز، گرنے کی آواز، ڈھول کی آواز، پگھلانے والا

دَھم دَھم: زمین پر زور سے پاؤں مارنے کی آواز

دَھم سے: زور دار آواز سے غل کرتے ہوئے، یکا یک، فوراً، ایک ساتھ

دَھما چوکڑی: مو، بھاگ دوڑ، کود پھاند، ہنگامہ، شور

دَھما دَھم: مو، لگاتار زور کی آواز، مسلسل شور و غل

دَھماکا: مذ، زور سے گرنے یا پھٹنے کی آواز

دَھمال: مو، کود پھاند، اچھل کود، ہنگامہ، ایک طرح کا راگ، قلندروں یا فقیروں کا ایک رقص

دَھمک: مو، آواز پا، پاؤں کی آہٹ، کرخت آواز کا دماغ پر اثر، چمک، دردِ سر، دھڑکن، دھمکی

دَھمکانا: خوف دلانا، ڈرانا، تنبیہ کرنا، ڈپٹنا

دَھمکنا: سر میں ہلکا ہلکا درد ہونا، کوشا، ناگہانی پہنچ جانا

دَھمکی: مو، خوف، ڈر، گھرکی، تنبیہ، ڈپٹ

دَھن: مذ، دولت، مال، زر، جائداد، روپیہ پیسہ

دُھن: مو، فکر، خیال، سرگرمی، عادت، مزاج، خواہش، لے

دُھن سَمانا: فکر ہونا، خیال ہونا، پکا ارادہ ہونا

دُھنا: مذ، ندّاف، روئی صاف کرنے والا

دَھنا سیٹھ: مذ، بہت مال دار، فسادی، دولت مند، سرکش

دُھند: مو، تاریکی، غبار، کہر، بینائی، کمزوری، ارادہ

دَھندا: مذ، کاروبار، کام، مشغلہ، تجارت

دُھندلا: تاریک، گندہ، غیر واضح، جو صاف صاف نہ دکھائی دے، کم دکھائی دینا

دُھندلکا: کیچڑ یا دلدل میں پھنسنا، گھنا، نیچے دبنا

دَھنسنا: کیچڑ یا دلدل میں پھنسنا، گھسنا، نیچے دبنا

دَھنک: مو، کمان، قوس، قوس قزح، ایک دوپٹہ

دُھنکنا: روئی صاف کرنا، خوب مارنا، گرجنا

دُھنکی: مو، روئی صاف کرنے کا اوزار

دُھننا: خوب زدوکوب کرنا، مارنا، پیٹنا، بے آبرو کرنا، فکر کرنا

دَھنی: دولت مند، سرمایہ دار، خوش قسمت

دَھنیا: مذ، کشنیز، مسالہ میں استعمال کیا جانے والا دانہ

دُھنیا: مذ، روئی دھنکنے والا

دَھنیس: مذ، پیڑوں پر رہنے والی ایک چڑیا جس کی چونچ بہت لمبی ہوتی ہے

دُھواں: مذ، دخاں، آگ کے جلنے سے پیدا ہونے والے بخارات

دُھواں دھار: جوش و خروش سے پُر، بہت تاریک، گہرا بادل

دُھوانا: دھوئیں کی مہک آجانا، دھوئیں کی سیاہی جم جانا

دھوبَن: مو، کپڑے دھونے والی عورت، ایک قسم کا پرند

دھوبی: مذ، کپڑے دھونے والا مرد

دھوبی کا کتا گھر کا نہ گھاٹ کا: ناکارہ آدمی، کاہل آدمی، بے ٹھکانہ

دُھوپ: مو، سورج کی گرمی، سورج کی روشنی، ایک خوش بو

دُھوپ اُترنا: دھوپ کا اونچائی سے نیچے اترنا، دھوپ کی گرمی کم ہونا

دُھوپ پھیلنا: روشنی پھیلنا، سورج کی روشنی کا چاروں طرف بکھرنا

دُھوپ سَہنا: گرمی میں کام کرنا، تکلیف برداشت کرنا

دُھوپ کھانا: دھوپ میں بیٹھنا، دھوپ کی تیزی گوارا کرنا، دھوپ دکھانا

دُھوپ میں بال سفید کرنا: آخر عمر تک کوئی تجربہ حاصل نہ کرنا

دُھوپ نِکلنا: روشنی کا پھیلنا، ایک پہر دن کا ہونا، بادلوں کا چھٹنا اور سورج کا نمودار ہونا

دُھوت: دور، بھاگ، پرے ہو، ہٹ یہاں سے، کتے کو جھڑکنے کی آواز

دُھوتی: مو، سفید رنگ کا لنگی سے زیادہ لمبا کپڑا

دُھونسنا: کس کس کر بھرنا، ٹھونسنا، بھرنا

دھوکا: مذ، فریب، مکر، عیاری، دغا، شبہ، بدگمانی، فریب نظر، صاف صاف نظر نہ آنے والی چیز، اوپری شکل وصورت، ناامیدی، خوف، اندیشہ، غلط فہمی، تاریکی، جھوٹ

دھوکا دَھڑی: فریب، مکر، دغا، جھوٹ

دھوکا کھانا: فریب کھانا، غلطی کرنا، نقصان اٹھانا

دھوکے باز: فریبی، عیار، دغاباز، جھوٹا

دھوکے کی ٹٹّی: دھوکا دینے والی، فریب دینے والی، ظاہر میں کچھ اور باطن میں بہت ہی خراب

دَھول دَھپّا: ایک دوسرے کو طمانچے مارنا، چھیڑ چھاڑ

دُھول: مو، غبار، مٹی، خاک، گرد

دُھول اُڑانا: مٹی اڑانا، ذلیل کرنا، بدنام کرنا، بے کار پھرنا

دَھولا پَن: چمک، سفیدی، صفائی

دَھولانا: خاک اڑانا، سفید ہونا، چمک دار ہونا، نمایاں ہونا، روشن، چمک دار

دھولیا: مٹی یا گرد وغبار کا بنا ہوا

دُھوم: مو، غلغلہ، شہرت، شور وہنگامہ، گانا بجانا، ہنگامہ، خوشی سے اچھل کود، شان وشوکت کا اظہار، کسی خوش گوار واقعہ کی یاد میں اہتمام

دُھوم دَھام: ہنگامہ، اہتمام، شان وشوکت، شور

دُھوم دھڑکا: ہنگامہ، شور وغل، شان وشوکت، جشن

دُھوم مَچانا: شور وغل کرنا، ہنگامہ کرنا، جشن منانا

دَھون: مذ، آدھا من کا وزن، بیس سیر کا وزن

دَھوں دَھوں کرنا: متواتر کھانسنے کی آواز، کھانسی کی بیماری

دُھوں دُھوں: بندوق یا توپ داغے جانے کی آواز

دھونا: پانی سے میل صاف کرنا، ملنا، رگڑنا

دھونس: مو، دھمکی، خوف، تنبیہ، دھوکا، غصہ

دھونس میں آنا: خوف کھانا، ڈر جانا، دھوکے میں آنا، مغلوب ہونا

دھونکنا: ہوا سے آگ کو تیز کرنا، دھونکنی سے آگ جلانا، پھونکنا، پنکھے سے ہوا دینا

دھونکنی: مو، چمڑے کی مشک جیسی بنی ہوئی جو آگ کو تیز کرنے کے کام آتی ہے، بھاتی، پھکھی

دھونی: مو، خوش بودار چیز جلانا، کوئی چیز آگ میں ڈال کر خوش بو پیدا کرنا، سادھو سنتوں کا الاؤ

دھونی رمانا: سادھوؤں فقیروں کی طرح الاؤ کے آس پاس بے فکری کے ساتھ بیٹھنا، خاک نشین ہونا

دھووَن: ند، گندا پانی، کسی چیز کے دھونے کے بعد بچا ہوا پانی

دھوئی: صاف کی ہوئی، گندگی سے پاک، دُھلی ہوئی

دھوئی دُھلائی آنکھ: بے حیا نظر، بے شرم نگاہ

دھوئی ہوئی زبان: صاف ستھری زبان، منجھی ہوئی زبان

دھویا جانا: بے تکلف ہونا، بے باک ہونا، بے حیا ہونا

دھی: مو، بیٹی، لڑکی، سمجھ بوجھ

دھیان: ند، توجہ، خیال، فکر، غور

دھیان دوڑانا: یاد کرنا، یاد کرنے کی سعی کرنا

دھیان دینا: غور کرنا، توجہ کرنا، خیال کرنا

دھیان رہنا: یاد رہنا، خیال رہنا، فکر ہونا

دھیان سے اُترنا: بھول جانا، فراموش ہو جانا

دھیان کرنا: دھیان لڑانا، دھیان لگانا، یاد کرنا، غور کرنا، خیال کرنا، توجہ کرنا

دھیرے دھیرے: آہستہ آہستہ، رفتہ رفتہ

دھیلا: ند، آدھے پیسے کا سکہ

دھیلا دمڑی: بہت چھوٹی رقم، بہت کم پیسے

دھیما: ند، آہستہ، سست، کاہل

دھینگ، دھینگا: ند، ڈیل ڈول والا آدمی، تنومند آدمی، عیاش، بدکردار

دھینگا مستی: جھگڑا فساد، ہاتھا پائی، چھین جھپٹ

دھیور: ند، مچھیرا، مچھلی پکڑنے والا

ڈ

ڈاب: مو، بان بٹی جانے والی ایک لمبی گھاس، کچا ناریل

ڈابر: تالاب، چھوٹی جھیل، پانی ٹھہرنے والا نشیبی حصہ

ڈاٹ: مو، کاک، کیل، میخ، بوجھ کو روکنے والی، محرابی دروازہ، محراب کے بیچ کا پتھر

ڈاٹ لگانا: بوجھ کو سنبھالنا، اوپر کے بوجھ کو روکنا، بند کرنا، محراب بنانا، وقتی ضرورت کے لیے ستون یا خم تیار کرنا

ڈار: مو، چڑیوں، جانوروں کا جھنڈ، ہرنوں کا غول

ڈاڑھ: مو، کھانا چبانے والے موٹے دانت

ڈاڑھیں مار مار کر رونا: چیخ چیخ کر رونا، زور زور سے رونا

ڈاڑھی: مو، ریش، ٹھوڑی اور گالوں کے بال، برگد پیڑ کی شاخوں سے لٹکنے والی جٹائیں

ڈاڑھی پیٹ میں ہونا: کم عمری میں ہوشیار ہونا، کم سنی میں ذہن تیز ہونا

ڈاڑھی کا ایک ایک بال کرنا: ذلیل کرنا، بے عزتی کرنا، آبرو لینا

ڈاک: مو، خط، خطوط کا محکمہ، خطوط پہنچانے کا محکمہ، خبر رسانی کا عملہ یا شعبہ، لگاتار سلسلہ، تیز دوڑنا، چوکی، خبرداری

ڈاک بٹھانا: ڈاک لگانا، چوکی قائم کرنا، خبر رسانی کا سلسلہ قائم کرنا

ڈاک بنگلہ: جہاں سرکاری افسر قیام کرتے ہیں

ڈاک بولنا: نیلام کی بولی بولنا، قیمت لگانا

ڈاک چوکی: مخبری، خبر رسانی

ڈاک خانہ: ڈاک گھر، پوسٹ آفس، خطوط کی آمد و رفت کا دفتر

ڈاک گاڑی: خطوط ڈھونے والی گاڑی، تیز گام ریل

ڈاک والا: چٹھی رساں، ڈاکیا، خط لانے والا

ڈاکا: مذ، لٹیروں کا دھاوا، اسباب کا لوٹا جانا

ڈاکا پڑنا: لٹیروں کا دھاوا بولنا، ڈاکوؤں کا حملہ کرنا

ڈاکا ڈالنا: اسباب لوٹنا، سامان چھین کر بھاگنا

ڈاکٹر: مذ، طبیب، معالج، علمی اعزاز، ذی علم، فاضل

ڈاکو: مذ، لٹیرا، قزاق، ڈکیت، لوٹنے والا

ڈاکیا: مذ، چٹھی رساں، ہرکارہ، ڈاک لانے والا، پوسٹ مین

ڈال: مو، ٹہنی، شاخ

ڈال دینا: گرا دینا، پھینک دینا، ہٹا دینا، کنارے لگا دینا، متوجہ کرنا

ڈال کا پکا: تازہ، پیڑ کا پکا ہوا

ڈالر: مذ، متحدہ ریاست ہائے امریکہ کا سکہ، کرنسی نوٹ

ڈالنا: پھینکنا، گرنا، رکھنا، کنارے لگانا، بنیاد رکھنا، پہننا، پرونا، ڈھانکنا، اوڑھنا، بیوی لانا، ملانا، ڈول ڈالنا، جمع کرنا

ڈالی: مو، ٹہنی، شاخ، بڑے لوگوں کو پیش کی جانے

والی پھلوں سے بھری ٹوکری

ڈانٹ: مو، ڈپٹ، دھمکی، جھڑکی، تنبیہ

ڈانٹ ڈپٹ: دھمکی، جھڑکی، تنبیہ

ڈانٹنا: ڈپٹنا، زور سے تنبیہ کرنا، دھمکی دینا، جھڑکنا، خوف دلانا، گھرکنا

ڈانڈا: مذ، سرحد، کنارا، چھڑی، لکڑی، پنچو، کھیت کی مینڈ

ڈانگر: مذ، مرا ہوا جانور، مرا مویشی، ہندوستان کا ایک پرانا قبیلہ

ڈانواڈول: مذ بذب، کشمکش، سرگرداں، پریشان

ڈاہ: مو، جلنا، حسد، بغض، کینہ، دشمنی

ڈائری: مو، روزنامچہ، یادداشت، روزانہ کی مصروفیات کا اندراج

ڈائن: مو، جادوگرنی، ٹونے ٹوٹکے کرنے والی عورت، بدشکل عورت، خوف ناک صورت عورت

ڈب: مو، جیب، گردن، قبضہ، کنپٹیاں، بنانے کا چمڑا

ڈبا: مذ، ڈھکن دار چھوٹا برتن

ڈبانا: ڈبونا، پانی میں غرق کرنا

ڈباؤ: گہرائی، ڈوبنے کے قابل، قد برابر پانی

ڈبڈبانا: آنسو بھر آنا، آنکھیں آنسو سے تر ہو جانا

ڈبکی: مو، غوطہ، پانی کے اندر تیرنا، گہرائی میں جانا

ڈبکی لگانا: غوطہ لگانا، پانی کے اندر تیرنا، گہرائی میں اترنا

ڈبل: دوہرا، دگنا، دوچند

ڈبونا: غوطہ دینا، غرق کرنا، ضائع کرنا

ڈبیا: مو، چھوٹا ڈبا، سامان رکھنے کا بہت چھوٹا برتن

ڈپٹ: مو، جھڑکی، گھڑکی، ڈانٹ، دھمکی، گھوڑے کی دوڑ

ڈپٹنا: ڈانٹنا، دھمکی دینا، گھرکی دینا، بہت تیز بھاگنا

ڈپٹی: مذ، نائب، ماتحت، معاون، چھوٹا

ڈٹ: پوری قوت سے، زور، بھرپور

ڈٹ جانا: پوری قوت سے مقابلہ کے لیے آمادہ ہو جانا، جم کر بیٹھ جانا، مستعد ہو جانا، تن دہی سے کام انجام دینا

ڈٹنا: مستعد ہو جانا، خوب پیٹ کر کھانا، پوری قوت سے مقابلہ کرنا، جم کر بیٹھنا، پورے انہماک سے کام کرنا

ڈر: مذ، خوف، خطر، اندیشہ، سراسیمگی

ڈر ڈر کے پاؤں رکھنا: سنبھل سنبھل کے قدم رکھنا، جھجکتے ہوئے پیر رکھنا

ڈراما: مذ، تمثیل، نقل، ناٹک، سوانگ

ڈرانا: خوف دلانا، دھمکانا، دھمکی دینا، اندیشہ پیدا کرنا

ڈراؤنا: خوف ناک، بھیانک، جس سے ڈر پیدا ہو

ڈرائیور: مذ، گاڑی بان، موٹر چلانے والا، گاڑی چلانے والا

ڈرپوک: کم ہمت، بزدل، کم زور، خوف کھانے والا

ڈرنا: خوف کھانا، دھمکی میں آنا، مغلوب ہونا، اندیشہ کرنا

ڈسنا: سانپ کا کاٹنا، زہریلے جانور کا کاٹنا

ڈف: مذ، ڈھولک، دفلی، تاشہ

ڈفالی: مذ، ڈفلی بجانے والا، ڈفالچی

ڈکار: مو، منہ سے نکلنے والی پیٹ کی ہوا

ڈکارنا: پیٹ کی ہوا یا بخار کا منہ سے نکلنا، کھانا ہضم کرنا، شیر کا دہاڑنا، گرجنا

ڈکٹیٹر: مذ، جابر، آمر، مطلق العنان بادشاہ، خودرائے حاکم، شخصی حکمران

ڈکیت: مذ، ڈاکو، لٹیرا، قزاق

ڈکیتی: مو، ڈاکہ ڈالنا، رہزنی، قزاقی، لوٹ مار

ڈگ: مذ، قدم، لمبا قدم

ڈگڈگانا: ایک ہی سانس میں پینا، بڑے بڑے گھونٹ پینا

ڈگڈگی: مو، بندر نچانے کی ڈفلی، کھنجری، ڈمرو، تشہیر، شہرت

ڈگر: مو، راہ، راستہ، سڑک، طرز، طور، انداز

ڈگری پانا: ڈگری ہونا، مقدمہ جیت جانا، فیصلہ حق میں ہونا

ڈگمگانا: لڑکھڑانا، کانپنا، کھسکنا، لرزہ ہونا، مذبذب ہونا، فیصلہ نہ کرسکنا

ڈگن: مذ، مچھلی کا شکار کھیلنے کا اوزار

ڈگی: مو، تشہیر، اعلان، ڈھنڈورا، عام اطلاع

ڈلک: مو، جگمگاہٹ، آب وتاب، چمک دمک

ڈلکنا: چمکنا، جگمگانا، دمکنا، روشن ہونا

ڈلنا: کسی چیز میں پڑنا، گرنا، شامل ہونا

ڈلملانا: ڈگمگانا، پس وپیش کرنا، آگے پیچھے کرنا

ڈلی: مو، سپاری، چھالیہ، ٹکڑا، خرما، مصری کا ٹکڑا

ڈلیا: مو، ٹوکری، چھوٹی ٹوکری

ڈمرو: مذ، ڈگڈگی، ڈفلی، کھنجر

ڈنٹھل: مذ، شاخ، ٹہنی، پھول نکلنے والی شاخ

ڈنڈ: مذ، جرمانہ، ورزش، پہلوانوں کی مشقت، بازو

ڈنڈ پیلنا: پہلوانوں کی ورزش کرنا، ڈنڈ بیٹھک کرنا

ڈنڈا: مذ، ہاتھ میں رکھنے والی چھڑی، لاٹھی، سوٹا

ڈنڈے بجاتے پھرنا: لاأبالی ہوکر گھومنا، بے کار پھرنا، مارے مارے پھرنا

ڈنڈی: مو، ہتھی، قبضہ، دستہ، ہاتھ میں پکڑنے والا ترازو کا حصہ، عضو تناسل، ننگ راستہ

ڈنڈی مارنا: وزن کم تولنا، ہوشیاری کرنا، فریب دینا

ڈنک: مذ، کانٹا، خار، نیش، تکلیف پہنچانا

ڈنک مارنا: زہریلے جانور کا خار جسم میں گھسنا، زہریلے جانور کا کاٹنا، تکلیف دینا

ڈنڈا: مذ، لکڑی کی بنی ہوئی بڑی کف گیر، بڑی ڈوئی

ڈوب: مذ، غرق، غوطہ، برباد، غائب

ڈوبتے کو تنکے کا سہارا: خطروں میں گھرے ہوئے انسان کو برائے نام مدد بھی کافی ہوتی ہے

ڈوبنا: غرق ہونا، غوطہ لگانا، نابود ہونا، برباد ہونا،

غائب ہونا، غروب ہونا، چھپنا، پیسے کا وصول نہ ہونا

ڈور: مو، تاگا، دھاگا، تار

ڈورا: مذ، تاگا، دھاگا، تار، لکیر

ڈوراڈالنا: فریفتہ کرنا، عاشق بنانا، متوجہ کرنا، لحاف کی سلائی کرنا، فریب دینا

ڈوری: مو، تاگا، دھاگا، تار

ڈوریا: مذ، دھاری دار کپڑا، کتوں کی نگرانی کرنے والا، شکاری کتوں کو سدھانے والا

ڈوگرا: مذ، کشمیر میں آباد ایک قوم

ڈول: مذ، کنویں سے پانی نکالنے کا برتن، بالٹی، گھڑا

ڈول: مذ، انداز، طریقہ، وضع، قطع، ڈھانچہ، شکل، صورت، مباشرت، اندازہ

ڈول ڈالنا: شکل وصورت بنانا، بنیاد رکھنا، اندازہ لگانا، موقع حاصل کرنا، طریقہ پیدا کرنا، متوجہ کرنا

ڈولا: مذ، عورتوں کی سواری کا نام، ڈولی، پالکی، مباشرت، کھیت کی مینڈ

ڈولا اُچھلنا: کسی عورت کا دوسرے مرد سے شادی کرنا یا اس سے محبت کرنا

ڈولا دینا: کسی بڑے شخص کے نکاح میں بیٹی کو پیش کرنا، کسی مفلس کا دولت مند سے شادی ہونا

ڈولچی: مذ، بہت چھوٹا ڈول، پانی نکالنے کا چھوٹا برتن، چھوٹی ٹوکری

ڈولنا: رینگنا، پھرنا، چلنا، ٹہلنا، منڈلانا، جنبش کرنا، گھڑنا، ڈھانچہ بنانا

ڈولی: مو، محافہ، بہل، زنانی سواری جو پردوں سے ڈھکی ہو

ڈوم: مذ، میراثی، گانے والا، صفائی کرنے والا، ایک قوم، کنجوس، کمینہ، مردوں کو جلانے والا

ڈومنی: مو، میراثن، گانے والی، ڈوم قوم کی عورت

ڈونگا: مذ، گہرا، چھوٹی کشتی، ناؤ، ڈوئی، کشتی نما برتن جس میں سالن رکھ کر کھلاتے ہیں

ڈوئی: ہنڈیا چلانے کے لیے لکڑی کا کف گیر، لکڑی کا چمچہ

ڈہڈہانا: سرسبز ہونا، تروتازہ ہونا، شاداب ہونا، کھلنا، پھلنا، پھولنا، چمک دار ہونا، چمچہانا

ڈہکانا: دھوکا کھانا، فریب کھانا، نقصان اٹھانا، ترسانا

ڈیرا: مذ، خیمہ، تنبو، عارضی مکان

ڈیراڈالنا: قیام کرنا، رہائش اختیار کرنا

ڈیرے دار: امیرانہ زندگی بسر کرنے والی طوائفیں، فارغ البال طوائفیں، ڈیرے والے

ڈیڑھ: ایک پورا اور ایک آدھا

ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانا: اپنی علاحدہ رائے قائم کرنا اور اس پر ضد کرنا، ابتدائی کام کر کے ملتوی کر دینا، دوسروں کے ساتھ شامل نہ ہونا

ڈیل: مذ، جسم، جسامت، صحت، ڈھانچہ، کاٹھی

ڈیلیا: مذ، ایک پودا جس میں لال پیلے پھول کھلتے ہیں

ڈینگ: مو، شیخی، خودستائی، تعلّی، بکواس

ڈینگ ہانکنا: شیخی بگھارنا، خودستائی کرنا، تعلّی کرنا، ناز کرنا

ڈیوڑھا: ایک پورا اور آدھا، ڈیڑھ

ڈیوڑھی: مو، ایک پورا اور آدھا، دہلیز، چوکھٹ

ڈھا دینا: گرا دینا، مسمار کرنا، منہدم کرنا

ڈھانپنا: بند کرنا، چھپا دینا

ڈھاٹا: مذ، کپڑے سے منہ کا حصہ چھپانا، چٹّی سے داڑھی کے بال بٹھانا

ڈھارس: مو، اطمینان، تسکین، تسلی، مدد، سہارا، ہمت

ڈھارس بندھنا: تسکین ہونا، ہمت ہونا، دل قوی ہونا، سہارا ملنا، ولاسا ملنا، حوصلہ افزائی ملنا

ڈھاک: مذ، جنگلی اور چھوٹا درخت، موسم بہار میں پتے گر جاتے ہیں اور سرخ پھولوں کا ہجوم ہوتا ہے، تین پتے ایک ساتھ ہوتے ہیں

ڈھاک کے تین پات: ہمیشہ ایک جیسا رہنا، غریب دکھائی دینا، اپنی بات پر اڑے رہنا

ڈھاکہ: مذ، مسلم ریاست بنگلہ دیش کا دارالخلافہ، خلیج بنگال کے شمالی ساحل پر واقع مشہور شہر

ڈھال: مو، نشیبی علاقہ، ڈھلواں، سپر، وار یا حملہ روکنے کا ہتھیار

ڈھالنا: گھڑنا، دھات کو پگھلا کر چیزیں بنانا، موافق بنانا، ہم خیال بنانا، رقیق شے کو کسی برتن میں گرانا، انڈیلنا

ڈھالو: ڈھلوان، نشیبی، ترچھا، ڈھال کر بنایا ہوا

ڈھانا: گرانا، منہدم کرنا، مسمار کرنا، زمین کے برابر کرنا، مٹانا، جبر کرنا، زیادتی کرنا، مصیبت لانا، برپا کرنا

ڈھانپنا: ڈھانکنا، پوشیدہ رکھنا

ڈھانچا: مذ، خاکہ، نقشہ، قالب، پنجر

ڈھائی: اڑھائی، دو اور آدھا

ڈھب: مذ، طور، طرز، طریقہ، ڈھنگ، روش، انداز لپکا، موقع، عادت

ڈھب آنا: ڈھنگ آنا، طور طریقہ معلوم ہونا

ڈھب ڈھب: بے مزہ سالن، جس میں شوربا خوب اور پتلا ہو

ڈھب کا ہونا: مرضی کے موافق ہونا، مطلب کا ہونا

ڈھبڈھبانا: پانی میں ہاتھ پاؤں مارنے سے آواز پیدا ہونا، برتن کے کھولنے بند کرنے سے آواز پیدا ہونا

ڈھپنا: مذ، ڈھکن، ڈھانپنے کا برتن

ڈھٹائی: مو، ضد، بے شرمی، بے حیائی، گستاخی، ہٹ دھرمی

ڈھینگوا: مذ، مسٹنڈا، تنومند، بدمعاش، مضبوط جسم والا

ڈھرا: مذ، راہ، راستہ، عام راستہ، طریقہ، روش

ڈھرّے پر چلنا: کسی ایک خاص روش کی پابندی کرنا

ڈھسکنا: پھسلنا، ڈھلنا، گرنا، جھکنا

ڈھکنا: مذ، ڈھکن، سرپوش، چھپانا، ڈھانکنا

ڈھکوسلا: مذ، بکواس، فریب، عیاری، بہانہ، حیلہ

ڈھلان: مو، نشیب، ڈھال، ترچھی توجہ، میلان، رغبت

ڈھل جانا: زوال ہونا، کم ہونا، گر جانا

ڈھلکانا: لڑھکانا، گرانا، بہانا، شوق دلانا، میلان پیدا کرنا

ڈھلکنا: بہنا، ٹپکنا، لڑھکنا، گرنا، سرکنا

ڈھلکنا: لڑھکنا، لڑکھڑاتے ہوئے گرنا

ڈھلمل یقین: مذبذب، ڈانواڈول، پس وپیش کرنے والا

ڈھلملانا: تذبذب کرنا، ڈانواڈول ہونا، پس وپیش کرنا، ڈگمگانا، لڑکھڑانا

ڈھلنا: کم ہونا، اترنا، گرنا، زوال ہونا، گھٹنا

ڈھلوانا: سامان ایک جگہ سے دوسری جگہ بھجوانا

ڈھلوانس: مو، مٹی یا پتھر کے ٹکڑوں کا پھینکنا، ڈھیلے پھینک کر مارنا، فصلوں کی رکھوالی کرنا

ڈھنڈورا: مذ، منادی، ڈھول تشہیر، ڈگڈگی

ڈھنڈورا پیٹنا: تشہیر کرنا، منادی کرنا، اعلان کرنا

ڈھنگ: مذ، طور طریقہ، رویہ، چال چلن، روش

ڈھور: مذ، جانور، مویشی، چوپائے

ڈھول: مذ، ایک ساز طبل سے بہت چھوٹا، مردنگ

ڈھول کے اندر پول: نمائشی، فریب

ڈھولی: مو، پان کا ایک گٹھا، پانوں کا ایک مٹھا

ڈھونگ: مذ، ریا، تماشا، فریب، مکر، جعل

ڈھے جانا: منہدم ہونا، گر جانا، مسمار ہو جانا

ڈھیٹ: مذ، بے خوف، نڈر، سرکش، ضدی، سینہ زور

ذ

ذاب: پیاسا، تشنہ، پگھلا ہوا

ذابح: قربانی کرنے والا، ذبح کرنے والا، حلال کرنے والا

ذابر: فاضل، عالم، ذی علم

ذابع: پامال، پراگندہ، پست

ذات: مو، قوم، اصلیت، حقیقت، ماہیت، شخصیت، جسم، مادہ، روح، وجود، قسم، قیمت، جمع ذوات

ذات الجنب: پھیپھڑوں میں پانی بھرنے والی بیماری

ذات الدوالب: برگد، بڑ کا درخت

ذات الرقاع: استخارہ نکالنے کا ایک طریقہ

ذات الصدر: سینے کا درد، سینے کی سوجن

ذات العماد: شداد کا بنوایا ہوا باغ، باغ ارم

ذات باہر: ذات سے نکالا ہوا، برادری سے خارج

ذات پات: حسب نسب، رنگ ونسل، قومیت

ذات شریف: شریر، فسادی، عیار، چالاک

ذاتی: نجی، اصلی، اپنا، حقیقی

ذاتیات: مو، کسی خاص آدمی سے متعلق، برائی، غیبت، کسی نجی شخص کی باتیں

ذأر: بے باکی، نڈر، بے خوفی

ذاریات: تیز وتند ہوا، تتر بتر کرنے والی ہوا

ذَاُف: مرگِ ناگہاں، اچانک موت

ذَاکر: ذکر کرنے والا، یاد کرنے والا، بیان کرنے والا

ذَاُم: الزام تراشی، رسوائی، دور کرنا

ذَابب: پیروی کرنے والا، پیچھے چلنے والا

ذَاہب: مذ، گزرنے والا، بڑھنے والا، رخصت ہونے والا، الگ ہونے والا

ذَاہل: مذ، لاپروا، بےتوجہ، نظرانداز کرنے والا، غافل

ذَایب: تحلیل ہونے والا

ذَائقہ: مذ، مزہ، لذت، چسکا، لطف، جسم میں موجود چکھنے کی قوت

ذَائل: مذ، لمبی دم والا گھوڑا

ذَائقہ دَار: مزہ دار، لذیذ، لطیف، کھانے میں اچھا

ذَبّ: نظرانداز کرنا، دور رکھنا، دبلا ہونا

ذُباب: مو، مکھی، شہد کی مکھی، جمع ذِبّان

ذَبح: مذ، اسلامی طریقہ پر مویشی کو قربان کرنا، حلال کرنا، جمع ذبیحات، ذبائح

ذُبحات: مو، گلے میں خون کے جماؤ سے ہونے والا درد

ذَبذبہ: حرکت، جنبش، ہوا میں لہرانا

ذَبر: لکھنا، نشان لگانا، نقطے لگانا

ذَبح: حلال کیا ہوا، قربان کیا ہوا، ذبح کیا ہوا

ذَبحُ اللہ: اللہ کے واسطے ذبح کیا ہوا، حضرت اسمٰعیلؑ

ذَبیحہ: مذ، جس جانور کی قربانی کی جائے، حلال کیا جانے والا جانور

ذَجل: ظلم، زیادتی، آمریت

ذَخّار: بہت کشادہ، بےکراں، بےانتہا، بہت گہرا

ذُخر: خزانے کی بنیاد رکھنا، مستقبل کے استعمال کے لیے اصول سازی، گردہ

ذَخیرہ: مذ، گودام، خزانہ، انبوہ، کثرت، جمع ذخائر

ذَخیرہ اَندوزی: استعمال کی چیزوں کو اکٹھا کر لینا اور اپنی مرضی کے مطابق قیمت یا مقدار میں فروخت کرنا

ذَرا: مذ، بہت کم، بہت تھوڑا، بہت قلیل

ذَراح: مو، دُبلا، پانی جیسا پتلا دودھ

ذَرا ذَرا: تھوڑا تھوڑا، کم کم

ذَرا سا: تھوڑا سا، چھوٹا سا

ذَرا منہ سنبھالو: احتیاط سے بولو، بےلگام مت ہو

ذَرا ہوش میں آؤ: ہوش و حواس کی باتیں کرو، بےوقوفی کی باتیں مت کرو

ذَرّات: مذ، ذرہ کی جمع، ریزے، بہت باریک ٹکڑے

ذِراع: مذ، بازو، ہاتھ، انگلی سے کہنی تک کا حصہ، ایک گز، ایک ہاتھ

ذَرائع: مذ، ذریعہ کی جمع، وسائل، سہارے، طریقے

ذَرب: تیز کرنا، دھار رکھنا، چاقو، گردے کی بیماری

ذَرع: مو، بوئے ہوئے کھیت کی مینڈ، نشانِ کاشت

ذَرف: مذ، آنسوں کا گرنا، اشکوں کا بہنا

ذَروَع: مذ، تیز قدم شتر یا گھوڑا

ذرّہ: مذ، ریزہ، بہت چھوٹا ٹکڑا جسے تقسیم نہ کیا جا سکے، بہت کم، قلیل

ذرّہ بھر: بہت قلیل، بہت تھوڑا، بہت مختصر

ذرّہ پَرور: خاکساروں کے قدرداں، حقیر کی عزت کرنے والا

ذرّہ ذرّہ: تمام، تفصیل، مکمل، سبھی کچھ

ذرّے کو آفتاب بنانا: حقیر کو بلند منصب دینا، بے انتہا قدردانی کرنا

ذروَہ: مو، پہاڑ کی آخری اونچائی، پہاڑ کی اونچی چوٹی، بلند مقام

ذری: مو، تھوڑی، ذرا کی جگہ مستعمل

ذرّیت: مو، نسل، اولاد، خاندان، بیج، جمع ذریات

ذریعہ: مذ، سہارا، واسطہ، وسیلہ، معرفت، رسائی، سبب، جمع ذرائع

ذعاف: مرتا ہوا، مہلک زہر

ذعَف: پانی میں زہر ملانا، غذا کا زہریلا ہونا، مہلک زہر

ذفاف: زخمی مریض کو شفاخانے تک پہنچانے کے لیے دوڑنا، مہلک زہر، تھوڑا پانی

ذفر: بو پیدا کرنا، خوشبو یا بدبو نکلنا، پسینے کی بو

ذفوف، ذفیف: تیز، تند، تیار

ذقن: مذ، ٹھوری، ٹھڈی، جمع اذقان

ذکا: مو، عقل مندی، فراست، ذہانت، تیزی، ذکاوت، منصف

ذکا: مذ، آفتاب، سورج، شمس

ذکاوت: مو، ذہانت، عقل مندی، فراست، ذہن کی تیزی

ذکر: مذ، مرد، اعضائے تناسل، نولاد، جمع ذکور

ذکر: مذ، تذکرہ، بیان، کسی کے بارے میں کہنا، خدا کو یاد کرنا

ذکریٰ: عبادت، وظیفہ، حمد وثنائے رب جلیل، یاد، یادداشت، مشورہ، حمد وثنا

ذکرِ خیر: نیک تذکرہ، اچھی باتیں، عمدہ باتوں کا بیان

ذکر چھیڑنا: بات شروع کرنا، تذکرہ ہونا، گفتگو کرنا

ذکرِ حبیب: دوست کا تذکرہ، محبوب کی باتیں

ذکور: مذ، ذکر کی جمع، بہت سے مرد، کئی مرد

ذکی: ذہین، فراست والا، جلد سمجھنے والا، جمع اذکیا

ذکیر: بہت زیادہ ذکر کرنے والا، بہت یاد کرنے والا

ذکیّہ: مو، ذہین عورت، تیز فہم عورت، ہوشیار عورت

ذلالت: مو، خواری، رسوائی، بدنامی، بے عزتی، حقارت، رذالت

ذلّت: مو، بدنامی، ہتک، رسوائی، خواری، اہانت

ذلّت اُٹھانا: خوار ہونا، شرمندہ ہونا، بدنام ہونا،

ذلیل ہونا

ذَلیل: خوار، بدنام، شرمندہ، کمینہ، رذیل، جمع اذلّہ

ذَلیل کرنا: بدنام کرنا، توہین کرنا، بے آبرو کرنا

ذَمّ: مو، برائی، ہجو، توہین

ذم کا پہلو نکالنا: توہین یا برائی کا پہلو پیدا کر لینا

ذِمّاں: جسے بہت بچا کر حفاظت سے رکھا جائے، آبرو، عزت

ذِمام: مذ، عزت، آبرو، حق، سچائی، جمع اذمّہ

ذَمائم: مذ، ذمیمت کی جمع، برے کام، جرائم، بداعمالیاں

ذُمر: استعمال، متحرک، چیختا، ذی عقل، ہوشیار

ذِمّہ: مذ، تحویل، سپردگی، کفالت، امانت، ضمانت، پیمان، عہد، پناہ، نوکری، وفاداری جواب دہی

ذِمّہ دار: ضمانت دار، ضامن، کفیل، فرض شناس، حق ادا کرنے والا

ذِمّی: مذ، جزیہ ادا کرنے والے، کسی مسلم سلطنت میں جان و مال کی حفاظت کے عوض جزیہ دینے والے غیر مسلم

ذَمیر: مذ، بہادر، نڈر، بے باک

ذَمیم: مذ، رسوا، بدنام، متہم، ملزم، قابل الزام، ابال، پیش آب

ذَمیمہ: مو، خرابی، فساد، برائی، جمع، ذمائم

ذَناب: دم، انتہا، آخری سرا، لگام

ذَنب: مذ، گناہ، جرم، خطا، قصور، غیر پسندیدہ کام، جمع ذنوب

ذُو: مذ، صاحب، آقا، مالک، سرپرست، جمع ذوی

ذُوالجَلال: جلال والا، جلال کا مالک، بلند مرتبے والا، عالی وقار، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام

ذُوالجَناح: پروں والا، حضرت امام حسینؓ کے گھوڑے کا نام

ذُوالحج: اسلامی سال کا آخری مہینہ بقر عید کا مہینہ، حج کا مہینہ

ذُوالفِقار: حضرت علیؓ کی تلوار کا نام

ذُوالقَرنَین: قرآن پاک میں مذکور ایک بادشاہ کا نام، دو سینگوں والا، دو لٹوں والا

ذُوالکِفل: قرآن پاک میں مذکور ایک پیغمبر کا نام

ذُوالمَنّ: احسان اور بخشش کرنے والا، اللہ تعالیٰ کی ایک صفت

ذُومَعنی: با مطلب، دو معنوں والا، پہلو دار

ذَوات: مذ، ذات کی جمع، مالک، صاحب، مختار

ذَوب: پگھلنا، گرم ہونا، خفیف ہونا، شہد کھانا

ذَوع: ضرورت ہونا، خواہش کرنا، چاہنا

ذَوق: مذ، شوق، مزا، لطف، انہماک، اشتیاق، اردو کے مشہور شاعر

ذَوق و شَوق: انہماک، اشتیاق، اختراع، دل چسپی تقاضائے طبیعت، ولولہ

ذَوی: مذ، ذو کی جمع، آقا، مالکان، صاحبان، سرپرست

ذَوی الاَرحام: رحموں والے، ماں باپ کی طرف کے رشتہ دار و اقارب

ذَوِی الاِکرام: قابل عزت افراد، معززین، محترمین

ذَوِی القُربیٰ: رشتہ دار، قرابت دار، قریبی لوگ

ذہانت: مؤ، عقل و فہم، فراست، ذکاوت، ذہن کی تیزی

ذَہَب: مذ، سونا، طلا، جمع اذہاب

ذَہاب: چلنا، ٹہلنا، آگے بڑھنا

ذِہن: مذ، عقل، یادداشت، فہم، فراست، دماغ، شعور، دانائی، صلاحیت، جمع اذہان

ذہن نشین ہونا: عقل میں بیٹھنا، یاد ہونا، سمجھ میں آنا، مطمئن ہو جانا

ذُہول: فراموش کرنا، بھولنا، لاپروائی برتنا، نظر انداز کرنا

ذہنیت: مؤ، میلان، مزاج، طبع، جھکاؤ، فطرت

ذَہَبِیب: سونے کا سنہرا

ذَہین: تیز عقل والا، صاحب دماغ، ذکی، ہوشیار، فراست والا

ذِی: مذ، مالک، صاحب، آقا، سرپرست، رکھنے والا

ذی اختیار: حاکم، قوت والا، اختیار کا مالک

ذی استعداد: قابلیت رکھنے والا، لائق، باصلاحیت، دولت مند

ذی اقتدار: طاقت ور حاکم، اختیار کا مالک

ذی جاہ: حاکم، مرتبہ والا، عظمت، والا، دولت مند

ذی حشم: حاکم، بلند مرتبت، عظیم، دولت مند

ذی رُوح: جان دار، جان رکھنے والا

ذی شان: شان و شوکت والا، اعلیٰ مرتبہ والا

ذی شعُور: سمجھ دار، عاقل، فہیم، ذہین

ذی قَعدہ: اسلامی سال کا گیارھواں مہینہ، شوال کے بعد کا مہینہ

ذی وقار: معزز، محترم، آبرومند

ذی ہوش: ہوش مند، عقل مند، سمجھ دار، ذہین، فہیم

ذیابیطس: مذ، پیشاب کے ساتھ شکر آنے کی بیماری

ذَیّال: مذ، لمبی دم والا گھوڑا

ذَیل: مذ، ضمن، واسطہ، سلسلہ، تعلق، دامن کا کنارا، نیچے تحریر کیا جانے والا، علاقہ، زمرہ، جمع اذیال

ذیل میں: نیچے، تحت، ضمن، واسطے

ر

را: کا، کو، کے، کی، سے، لیے

راب: مو، گنے کا شیرہ، پتلی کھانڈ

رأب: ٹوٹے پھوٹے برتن کی مرمت کرنا، کسی چیز کو ٹھیک کرنا، برتن بنانا، برتنوں پر پالش کرنا

رائج: نفع بخش، فائدہ مند، مفید، کارآمد

رابط: ند، باندھنے والا، مضبوط بنانے والا

رابطہ: ند، تعلق، واسطہ، علاقہ، ملاقات، میل جول، جمع روابط

رابع: چوتھا، چہارم

رابعہ: چوتھی، چہارم، حضرت رابعہ بصریہ مشہور صوفی خاتون

رَالُو: موسم بہار کا ایک پھول

رانپی: مو، موچی کا چمڑا تراشنے کا اوزار

رات: مو، رین، شب، سورج ڈوبنے سے نکلنے تک کا درمیانی وقفہ، اندھیرا

رات آنکھوں میں کاٹنا یا گزارنا: شدت انتظار کا اظہار، رات بھر جاگ کر انتظار کرنا، بے خوابی

رات بولنا: رات کا سناٹا ہونا، ہُو کا عالم ہونا

رات بھاری ہونا: مصیبت کی رات ہونا، غم واندوہ کی وجہ سے رات کاٹے نہ کٹنا

رات بھیگنا: آدھی رات کا ختم ہونا، ٹھنڈک ہونا، رات کو سردی بڑھنا، رات کا سہ پہر ہونا

رات پڑی ہے: رات بہت باقی ہے، کافی رات ہے

رات پہاڑ ہو جانا: مصیبت کی رات ہو جانا، تکلیف کا بڑھنا

رات تو اپنی ہے: وقت اپنا ہے، چاہے جیسے گزاریں

رات دن، روزانہ، شب و روز

رات ڈھلنا: نصف شب گزر جانا، رات کا زوال ہونا، رات کے بارہ بج جانا

رات رہنا: رات کو ٹھہرنا، رات کا کچھ حصہ باقی رہنا، عورت کا مرد کے ساتھ ہونا

رات کی رات: رات بھر کا، صرف ایک رات

رات گئی بات گئی: ہاتھ آیا وقت دوبارہ نہیں آتا، وقت گزر جانے کے بعد کچھ نہیں ہوتا

راتوں رات: ایک رات میں، شب میں، رات ہی میں

راتب: ند، ہاتھی، کتا، بلی کی غذا یا خوراک، تنخواہ، روزینہ، وظیفہ

راتب باندھنا: روزانہ کا معمول طے کر لینا

راتنا: رنگنا، سرخ رنگ میں رنگنا، بہت جوش آنا، فریفتہ ہونا، چاہنے والا ہونا

راٹھور: ند، راج پوتوں کی ایک نسل، مضبوط، سخت

راج: ند، حکومت، سلطنت، حکم رانی، تخت و تاج

راج پاٹ: حکومت، سلطنت، بادشاہت، سہاگ

راج دربار: بادشاہوں کا دربار، دربار شاہی

راج دھانی: دارالحکومت، پائے تخت

راج سبھا: راج دربار، مجلس نمائندگان، مجلس شوریٰ

راجھ: کنپانے والا، بخار، جاڑا بخار

راجھت: مو، یوم حشر کا پہلا صور اور اس کی آواز

راج کمار: مذ، شہزادہ، بادشاہ کا بیٹا، جانشین سلطنت

راج کماری: مو، شہزادی، بادشاہ کی بیٹی

راج گدی: تخت سلطنت، تخت بادشاہی

راج گھاٹ: جس گھاٹ پر بادشاہ نہائے، لال قلعۂ دہلی اور جمنا کا درمیانی علاقہ جہاں پر گاندھی جی وغیرہ کی سمادھیاں ہیں

راج ہٹ بالک ہٹ تریا ہٹ اور جوگی ہٹ: راجا، لڑکا، عورت اور فقیروں کی ضد مشہور ہے

راجا: مذ، بادشاہ، فرماں روا، شہنشاہ، سخی، میاں، آدی، پیارا، محبوب، شوہر

راجا اِندر کا اکھاڑہ: بزم عیش وطرب، رقص وسرود کی محفل، محفل عیش ونشاط، راجہ اندر کی محفل نشاط

راجا راج پرجا سکھی: بادشاہ اچھا ہو تو رعایا بھی خوش حال ہوتی ہے

راجا کے گھر موتیوں کا کال: کسی چیز کی کمی نہیں سبھی کچھ ہے

راجح: مناسب، موزوں، بہتر، غالب، قابل قبول، مستند

راجع: رجوع کرنے والا، متوجہ ہونے والا، ملتفت ہونے والا

راجل: مذ، پیدل چلنے والا، بلا سواری کے چلنے والا

راجن: جو کسی جگہ یا چیز کا عادی ہو، پالتو، سدھایا ہوا

راجی: امید وار، آس لگانے والا، سائل، سوالی

راح: مذ مو، عیش کرنا، لطف لینا، مزہ اٹھانا، مطلب پرست ہونا

راحت: مو، سکون، آرام، چین، آسودگی، مسرت، سکھ، تکلیف کے بعد ملنے والا آرام، مشقت سے نجات، ورد سے افاقہ

راحت افزا: آرام دہ، مسرت بخش، آسودگی دینے والا

راحت نشیں: عیش وآرام میں بیٹھنے والا

راحتِ جان: محبوب، دوست، مسرت دینے والا

راحل: مذ، گزرنے والا، مسافر، کوچ کرنے والا

راحلہ: مذ، سواری کا جانور، جس جانور کو سواری کے کام میں لایا جائے جمع رواحل

راحم: رحم کرنے والا، مہربانی کرنے والا، نرم دل

رَادِف: مذ، پیچھے آنے والا، مابعد

راز: مذ، بھید، پوشیدہ، رمز، اسرار، خفیہ نکتہ، مخفی، چھپا ہوا

رازبان: مذ، معتمد، قابل اعتماد، رازداں، دوست

رازدار: محرم راز، قریبی دوست، معتمد، جگری دوست

رازداں: پوشیدہ چیزوں کو جاننے والا، معتمد، جگری دوست، واقف کار

رازِ زمین: پھول، سبزہ، زمین کے اندر سے برآمد

ہونے والی چیزیں، معدنیات

رازِ سربستہ: جو بھید ظاہر نہ ہو سکا ہو، جو راز آشکارا نہ ہوا ہو

راز فاش کرنا: بھید ظاہر کرنا، پوشیدہ چیزوں کو کھولنا

رازگش: بھیدوں کو ظاہر کرنے والا، اسرار کو فاش کرنے والا، دھوکہ باز

راز و نیاز: محبوب اور عاشق کی راز دارانہ گفتگو

رازق: روزی دینے والا، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام

رازی: مذ، شہر رے کا باشندہ، مشہور مسلم فلسفی امام رازی

راژ: مذ، غلہ کا ڈھیر، کھلیان، اناج کا انبار

راس: مو، زمین کا وہ علاقہ جو کافی دور تک سمندر میں پھیلا ہو، دایاں، ٹھیک، موزوں، ڈھیر، کھلیان، اناج کا انبار، باگ ڈور، لگام، قسمت، سود، تفریح، تماشا

راس آنا: سازگار ہونا، موافق ہونا، مزاج کے مطابق ہونا

راس: مذ، سر، حاکم، امیر، سردار، فرد

راستاو: مذ، تنخواہ، اجرت، معاوضہ، وظیفہ

راس المال: سرمایہ، پونجی، کاروبار میں لگائی گئی رقم

راس: محکم، مضبوط، پائدار، جما ہوا، پہاڑ

راست: دایاں، سیدھا، درست، مناسب، موزوں، سازگار، ہم مزاج

راست باز: سچا، پکا، کھرا، حق گو، ایمان دار

راست رَو: سیدھا چلنے والا، جو گمراہ نہ ہو، دیانت دار، ایماندار، خداترس

راست گفتاری: صاف صاف کہنا، سچ کہنا، کھرا کہنا

راستہ: مذ، رستہ، شاہراہ، سڑک، طور، طرز، روش، رسم، دستور

راستہ بتانا: رہ نمائی کرنا، ہدایت کرنا، فریب دینا، مکر و حیلہ کرنا

راستہ کاٹ کے چلنا: راستہ کترانا، نظر انداز کرنا، نہ ملنا، پرہیز کرنا

راستہ لینا: چلا جانا، روانہ ہونا، دفع ہونا

راستی: مو، سچائی، حق، ایمانداری، سیدھا ہونا، درستی

راستین: مذ، سچا، حقیقی، درست، ٹھیک

راسخ: پکا، اٹل، مضبوط

راشِد: ہدایت یافتہ، نیک راستہ پانے والا

راشن: مذ، کھانے پینے کا سامان، خوراک، غذا، مقررہ وقت پر خاص مقدار میں ملنے والا سامان

راشن: مذ، جو بغیر بلائے ہوئے کسی دعوت میں شریک ہو

راشی: رشوت دینے والا، نہ جانے کیسے عموماً رشوت لینے والے کو راشی کہا جانے لگا ہے

راضی: ہم خیال، متفق، خوش، رضامند، صبر و شکر کرنے والا، صحت مند، ٹھیک ٹھاک

راضی بَرضا: مرضیٔ مولا پر صبر و شکر بجالانے والا، ہر حال میں خوش رہنے والا

راضی خوشی: بھلا چنگا، ٹھیک ٹھاک، خیریت، متفق،

راطب: مو، نمی، گیلا پن، مرطوب

راعی: مذ، چرواہا، گلہ بان، بادشاہ، جمع راعیان

راغ: مذ، پہاڑ کا نشیبی میدان، وادی، سبزہ زار، ہریالی، جنگل

راغب: متوجہ، مائل، رضامند، مشتاق

رافت: مو، کرم، مہربانی، نوازش، جمع رافات

رافضی: مذ، وہ جماعت جو اپنے سردار کی نافرمانی کرے یا اس کا ساتھ نہ دے، ایک گروہ جس نے جنگِ جمل میں حضرت علیؓ کا ساتھ نہیں دیا، جمع روافض، فرقہ شیعہ، شیعوں کا ایک فرقہ

رافع: اونچا کرنے والا، بلند کرنے والا

رافونہ: مذ، ٹکسال، جہاں روپے ڈھالے جاتے ہوں

راقب: مذ، مشاہد، نگراں، دیکھ بھال کرنے والا، رقیب

راقم: مذ، لکھنے والا، محرر، کاتب، نویسندہ

راقم الحروف: حرفوں کا لکھنے والا، سطروں یا عبارت کا لکھنے والا، خود لکھنے والے کی ذات

راکب: مذ، سوار ہونے والا، جہاز یا جانور کی سواری کرنے والا

راکشش: مذ، وحشی، جنگلی، شیطان، ابلیس، خبیث، خوف ناک

راکع: رکوع کرنے والا، جھکنے والا، عابد، نمازی

راکھ: مو، جلی ہوئی لکڑی کی خاک، خاکستر، بھبھوت، بھسم

راکھی: مو، بہن کا بھائی کے ہاتھ میں حفاظت و نگرانی کی ذمہ داری سونپنے کا عہد و پیمان، رکھشا بندھن، ہندوؤں کا تہوار

راگ: مذ، ترانہ، نغمہ، لَے، آہنگ، سرود، داستان، خواہش، الفت، رنج و غصہ، جھگڑا، تکرار، رنگ روپ، جوش و خروش

راگ الاپنا: راگ گانا، دوسری کی نہ سننا، اپنی ہی کہے جانا

راگ رنگ: عیش و نشاط، لطف و آرام، سیر و تفریح

راگنی: مو، مجموعی راگ، راگی کی عورت، فاحشہ

راگی: مذ، قدیم ہندوستانی موسیقی کا استاد، عاشق، بدچلن، اوباش

رال: مو، لعاب دہن، منہ سے گرنے کی رطوبت

رال ٹپکنا: منہ سے لعاب گرنا، ذائقہ سے منہ میں پانی بھرنا، چاہنا، خواہش کرنا

رام: فرماں بردار، پیرو، خادم، پروردگار، رام چندر

رام کرنا: فرماں بردار بنانا، پیرو کرنا، اپنا بنانا

رام دانہ: ایک طرح کا بہت باریک سفید بیج

رام دُہائی: خدا کی قسم، خدا کی پناہ

رام رام: ہندوؤں کا آپسی سلام، توبہ توبہ

رام رام جپنا پَر ایا مال اپنا: دیکھنے میں عبادت گزار مگر نیت کے چور

رام کہانی: رامائن کی طویل داستان، طولانی آپ بیتی

رام لیلا: دسہرے کا میلا جس میں رامائن کے واقعات

پیش کیے جاتے ہیں

رامائن: مو، رام اور راون کے درمیان جنگ کی رزمیہ داستان جسے پہلے سنسکرت میں بالمیک نے اور بعد میں ہندی میں تلسی داس نے منظوم کیا

رامش: مو، آسائش، آسودگی، خوشی، فرحت، انبساط، سرخوشی میں نغمہ سرا ہونا، مشورہ، نصیحت، مختلف سُروں کا آپس میں ملنا، ہم ساز و ہم آواز، نغمگی

رامش گر: مطرب، نغمہ سرا، گویا، عیش پسند

رامَندی: مو، فارسی زبان کی ایک قدیم بولی

ران: مو، ٹانگ کا گھٹنے سے اوپر کا حصہ

ران تلے آنا: رانوں کے تلے آنا، سواری دینا، قابو میں آنا، آسن کے نیچے آنا

رانا: مذ، چھوٹا حکم راں، بڑا زمین دار، راں پوتوں کا ایک قبیلہ

رانپی: مو، چمڑا تراشنے کا ایک اوزار

رانڈہ: نکالا ہوا، خارج کیا ہوا، پھٹکارا ہوا

رانڈۂ درگاہ: خدا کی بارگاہ سے نکالا ہوا، خدا کی طرف سے دھتکارا ہوا، ابلیس، مردود

راندھنا: پکانا، ریندھنا، کھانا تیار کرنا

رانڈ: مو، بیوہ عورت، جس عورت کا شوہر انتقال کر گیا ہو، غریب محتاج، کنیز، کسبی

رانڈ رونا: بیوہ عورتوں کی سی فریاد کرنا، غم کی داستاں سنانا، شکوہ شکایت کرنا

رانگ: مذ، رانگا، قلعی، ایک ملائم دھات

رانگ ہونا: ملائم ہونا، پگھلنا، غصہ ختم ہونا

رانش: نکالنا، خارج کرنا، برطرف کرنا، انکار کرنا

راوَن: مذ، ہندوستانی روایتوں میں لنکا کا بادشاہ، جس سے رام کی لڑائی ہوئی تھی

رانی: مو، ملکہ، بادشاہ کی بیوی، احترام کے طور پر عورتوں کا خطاب

رانی خاں کا سالا: (نفرت سے کہتے ہیں)، رستم کا سالا، زور آور، مغرور

راوَت: دلیر، بہادر، سورما، نڈر، بے باک، راج پوت کی ایک نسل

راوَل: مذ، سردار، افسر، امیر، دلیر، پیدل سپاہی، جوتشی، جوگی، فقیر

راوی: مذ، روایت بیان کرنے والا، سنی ہوئی بات کہنے والا، دوسرے کی گفتگو نقل کرنے والا، کسی کا قول دہرانا، حدیث نبویؐ کا بیان کرنے والا، محدث، مورخ، ایک ندی کا نام

راہ: مو، راستہ، سڑک، شاہراہ، طور، طریقہ، وضع قطع، میل جول، تعلق، تدبیر، بہانہ، حیلہ، موقع، غرض، مقصد، ارادہ

راہ بَر: رہنما، ہادی، راستہ دکھانے والا، امیر، قائد، سرپرست

راہ پر آنا: فرماں بردار ہونا، اطاعت کرنا، کہنا ماننا، تسلیم کرنا، اچھا بننا

راہ پر لانا: اچھے راستے پر لانا، نیک راہ بتانا، درستگی کرنا، اپنا بنانا، تیار کرنا

راہ پیما: راہ رو، مسافر، راستہ پر چلنے والا، راستے پر گامزن

راہ تکنا: راستہ دیکھنا، انتظار کرنا، منتظر ہونا

راہ دار: محافظ، چوکی دار، پہرے دار، راستے کا رکھوالا، سڑک کا محصول لینے والا

راہداری: راستے کا محصول، راستے سے گزرنے کا محصول

راہ دکھانا، راہ دکھلانا: رہ نمائی کرنا، انتظار کرنا

راہ دیکھنا: انتظا کرنا، منتظر ہونا

راہِ راست: سیدھا راستہ، ہدایت کا راستہ

راہ رَو: مسافر، راہی، راستہ چلنے والا

راہ رَوِش: کردار، چال چلن، سلوک، برتاؤ، ڈھب

راہزن: لٹیرا، ڈاکو، قزاق، راہ مار، چور، اچکا

راہِ فرار اختیار کرنا: بھاگ جانا، غائب ہو جانا، مفرور ہونا

راہ گُزر: سڑک، راستہ، شاہ راہ، طریقہ، شعار

راہ گیر: مسافر، راہی، راستہ چلنے والا

راہ لینا: چل دینا، راستہ پکڑنا، دور ہٹ جانا

راہ میں آنکھیں بچھانا: استقبال کرنا، پذیرائی کرنا، عزت کرنا

راہ میں بچھ جانا: بہت زیادہ استقبال کرنا، بہت زیادہ خاطر تواضع کرنا

راہ میں کانٹے بچھانا: تکلیف پہنچانا، روڑے اٹکانا، دشمنی کرنا

راہ نُما: راہ بر، قائد، ہادی

راہ نَورد: مسافر، راہ رو، سفر کرنے والا، تیز گام

راہب: مذ، عبادت گزار عیسائی، متقی عیسائی، دنیا سے قطع تعلق کرنے والا، فقیر، جمع رہبان

راہبہ: مو، عبادت گزار عیسائی عورت، تارک الدنیا عیسائی عورت، نیک نفس، جمع رواہب

راہن: مذ، گروی رکھنے والا، رہن کرنے والا

راہنا: بیل یا چکی کے پاٹوں کو چھینی سے کھردرا کرنا

راہوار: مذ، تیز گام، مسافر، تیز بھاگنے والا گھوڑا

راہی: مذ، مسافر، راہ رو، راستہ طے کرنے والا

رائتا: مذ، کدو یا کھیرے کو باریک کتر کر دہی میں تیار کیا ہوا کھانا

رائج: چلن، عام، رواں، جاری، طریقہ، رسم کے مطابق

رائج الوقت: جاری سکّہ، زمانے کا چلن، دستور، طریقہ

رائحہ: مذ، خوش بو، عطر

رائفل: مذ، تیز مار والی ایک نالی بندوق

رائگاں: فضول، اکارت، بے کار، ضائع

راؤ: مذ، شہزادہ، راجا کا بیٹا، گنور، سردار، انگریزی عہد میں ہندوؤں کو دیا جانے والا ایک خطاب

رائی: مو، ایک طرح کی سرسوں، بہت قلیل

رائی کا پہاڑ بنانا: ذرا سی بات کو طول دینا، بات کا بتنگڑ بنانا، بہت بڑھا چڑھا کر بیان کرنا

رائے: مو، مشورہ، تجویز، عقل، خیال، قیاس، جمع آرا، مذ، راؤ، راجا، سردار، انگریزی عہد کا خطاب

رائے زنی: اظہار خیال، مشورہ دینا، نکتہ چینی کرنا

رائے عامّہ: سب کی رائے، ہر ایک کا خیال

رایَت: مذ، علم، جھنڈا، پھریرا، جمع رایات

رَبّ: مذ، پالن ہار، پالنے والا، پروردگار، اللہ تعالیٰ، جمع اَرباب

رَبُّ الاَرباب: ساری کائنات کا پالن ہار، تمام پالنے والوں کا مالک

رَبُّ العالَمین: پوری کائنات کا پرور دگار، تمام عالموں کا مالک، عالم موجود اور عالم ممکنات کا پالن ہار

رُب: مذ، وہ شربت جو پکا کر اتنا گاڑھا کیا جائے کہ جم جائے، جمع ربوب، رباب

ربا: مذ، بیاج، سود، روپے پیسے پر ملنے والا ناجائز پیسہ

رُبا: لینے والا، چھیننے والا، اپنی کر لینے والا، مرکب کے ساتھ لاحقہ کے طور پر مستعمل ہوتا ہے جیسے ہوش ربا، دل ربا

رَباب: مذ، یک ساز سارنگی کی طرح کا ایک باجا

رَباح: مذ، منافع، فائدہ، حاصل

رَباط: مذ، مسافر خانہ، سرائے، قیام گاہ

رِباط: مذ، جہاد کے لیے گھوڑے کو ساز و سامان حرب سے لیس کرنا

رُباعی: مو، شاعری کی ایک صنف، جس میں پوری بات چار مصرعوں میں کہی جاتی ہے، اس کے خاص اوزان مقرر ہیں، پہلا دوسرا اور چوتھا مصرعہ ہم قافیہ ہوتا ہے، جمع رباعیات:

دنیائے دنی کو نقشِ فانی سمجھو
ہر سانس کو عمرِ جاودانی سمجھو
بس جب کرو آغاز کوئی کام بڑا
رودادِ جہاں کو اک کہانی سمجھو

رُباعی ترانہ: جس رباعی کے چاروں مصرعے ہم قافیہ ہوں

رَبابا: مذ، جھانجھ لگا ہوا ایک طرح کا چھوٹا دف

رَبّانی: خدا کا، رب کا، رب سے متعلق، علم الٰہی کا واقف، جمع ربانین

رَبیّا: مذ، قصائی، قصاب، بوچڑ

رَبیڑ: مذ، ایک درخت کے دودھ سے تیار کی ہوئی لچک دار شے، مشقت، تھکان، بے کار محنت

رَبیڑی: مو، شکر ڈال کر گاڑھا کیا ہوا دودھ

رَبط: مذ، تعلق، نسبت، بندش، میل جول، ہم آہنگ، خلوص محبت، رسم و راہ، قرب، نزدیکی، یگانگت، جمع روابط

رَبط ضبط: میل جول، پیار و محبت، آنا جانا

رَبطی: مو، میل جول، رسم و راہ، تعلق، قربت

رُبع: چوتھا، چہارم، ایک بٹا چار

رَبّنا: اے میرے رب، اے میرے پروردگار

تربیت: مو، پالن ہاری، پرورد گاری، پرورش، نگہ داشت، خدائی

تردگی: مو، بیماری اور نقاہت کی وجہ سے ہونے والی غنودگی یا غفلت، کھوئے ہوئے رہنے کی کیفیت، چھین جھپٹ، زبردستی لینا

ترخہ: مذ، جنسی لذت، جنسی انبساط

ربوہ: مذ، ٹیلا، فراز زمین، اونچی مٹی، تودہ

ربیب: مذ، موتیلا بیٹا، جسے بیوی اپنے پہلے شوہر سے لے کر آئی ہو

ربیبہ: مو، سوتیلی بیٹی، جسے بیوی اپنے پہلے شوہر سے لے کر آئی ہو، دودھ پلائی، جمع ربائب

ربیط: مستحکم، بندھا ہوا، جما ہوا، کسا ہوا

ربیع: مو، فصل گل، موسم بہار، جاڑے کی فصل جیسے جو، گیہوں، چنا، مٹر وغیرہ

ربیع الآخر: ربیع الثانی، اسلامی تقویم کا چوتھا مہینہ، محرم، صفر، ربیع الاول کے بعد

ربیع الاوّل: اسلامی سال کا تیسرا مہینہ، آنحضرتؐ کی ولادت باسعادت کا مبارک مہینہ

رپٹ: مو، اطلاع، تھانہ یا پولیس چوکی کو جرم یا حادثہ کی اطلاع

رپٹنا: دوڑ لینا، پیچھا کرنا، کھسکانا، مار بھگانا، پھسلنا

رپلی: مو، روپے کی تصغیر، روپے کا چھوٹا سکہ، بے قیمت

رپورٹ: مو، بیان، شہادت، اطلاع دینے والا، خبر دینے والا، نامہ نگار، جائزہ، تفصیلات، تاثرات، روداد

رت: عریاں، کھوکھلا، نادار، رات کا مخفف، خوش، راضی، مطمئن، وصل، عشق و معاشقہ

رت جگا: رات کو خوشیوں میں گزار دینا، پوری رات خوشی منانا، رات بھر اہتمام کرنا

رُت: مو، موسم، زمانہ، وقت، سماں، فصل، مزاج، مسرت کا دور، ماہ واری ایام

رتالو: مذ، اروی کی طرح ایک جڑ

رُتبہ: مذ، درجہ، عہدہ، منصب، عزت، وقار

رُتبہ دار: عزت دار، عہدہ دار، معزز

رتبع: مٹی کا باریک اور ملائم ہونا، گرنا، ٹکنا

رتق وفتق: مذ، باندھنا اور کھولنا، بست و کشاد، کسنا اور ڈھیلا کرنا، انتظام، دیکھ بھال

رتن: مذ، قیمتی پتھر، جواہرات، نگینہ، آنکھ کی پتلی، عطر، نچوڑ

رتنا: ریتی سے رگڑنا یا رگڑا جانا، آواز پیدا کرنا

رتوانا: ریتی سے رگڑ کر صاف کرانا، سخت چیز کو رگڑ کر صاف کرانا

رتوندھا: رات کو کم یا نہ دکھائی دینے کی بیماری

رتھ: مذ، مو، ایک طرح کی چھتری دار گاڑی

رتی: مو، آٹھ چاول کے برابر کا وزن، آٹھ رتی کا ایک ماشہ، بہت کم، قلیل

رتی بھر: بہت تھوڑا، ذرا سا، بہت قلیل

ریتیلا: ریت ملا ہوا، خاک کے ذروں سے پر، ہدیگ دار

رَٹ لگنا: بار بار نام لینا، دہرانا، ضد کرنا، تکرار کرنا

رَٹنا: زبانی یاد کرنا، بار بار کہنا

رِٹیش: پھٹا پرانا، ٹکڑے ٹکڑے، زخموں سے بھرا

رَجا: مو، آسرا، آس، امید، خواہش، جمع ارجا

رِجال: ند، رَجُل کی جمع، بہت سے مرد، لوگ، عوام

رَجائی: پرامید، اثباتی، امید افزا یا خوش آئند پہلو دیکھنے والا

رَجائیت: مو، اثباتی نظر رکھنا، روشن پہلو دیکھنا، امیدوں پر نظر رکھنا

رَجَب: ند، اسلامی سال کا ساتواں مہینہ

رُجحان: ند، طبیعت کا تقاضا، میلان، فطرت، جمع رجحانات

رَجَز: مو، میدان جنگ میں پڑھے جانے والے اشعار، پُرجوش نظم، عروض کی ایک بحر

رَوزنامچہ: ند، حساب کتاب کا کھاتا، یادداشت کی کتاب، دفتر کی کتاب، حاضری کی کتاب، ناموں کی فہرست

رَجعت: مو، لوٹنا، مڑنا، پلٹنا، واپسی، اعادہ، رجوع، رغبت، عود، دوبارہ متوجہ ہونا، ضد، اصرار، پرانی قدروں کو سینے سے لگانا، بیوی کو علاحدہ کرنے کے بعد دوبارہ قبول کرنا

رَجُل: ند، مرد، آدمی، ذکر، جمع رجال

رَجم: ند، سنگ ساری، پتھروں کی مار سے ختم کرنا، زنا کار کی سزا، شہاب ثاقب، جمع رجوم

رَجماً بالغیب: غور و فکر کے بغیر، اندازے یا اٹکل سے

رَجُو: مو، دھاگا، تاگا، رسّی، ڈور، گرہ

رَجواڑہ: ند، راجہ کی حکومت

رُجوع: ند، مڑنا، واپس ہونا، راغب ہونا، پلٹنا، نظر ثانی کرنا، دوبارہ قبول کرنا، تسلیم کرنا

رُجولَت، رُجولیّت: مو، مردانگی، قوت باہ، قوت تولید

رِجھانا: لبھانا، ملتفت کرنا، پیار سے مائل کرنا، خوش کرنا، اپنا بنانا

رَجیم: راندا ہوا، نکالا ہوا، بھگایا ہوا، مردود، ملعون

رَچانا: اہتمام کرنا، مقرر کرنا، شروع کرنا، پھیلانا، خوشی منانا، مہندی لگانا، بسانا، سازش کرنا

رَچنا: موثر ہونا، اثر ہونا، مہندی لگانا، سامان اکٹھا کرنا، شادی کرنا، خوشی منانا، پھیلانا، سازش کرنا، آغاز ہونا، شوقین ہونا، پیار کرنا، جسم کا حصہ ہونا

رَچنا بَسنا: جسم میں سرایت کرنا، بدن کا حصہ ہونا، خوش گوار ہونا

رح: رحمۃ اللہ علیہ کا مخفف، اس پر اللہ کی رحمت ہو

رَحَل: مو، منزل، مسکن، رہائش، سامان، کوچ، روانگی

رِحل: مو، جس لکڑی پر قرآن شریف رکھ کر پڑھا جائے

رِحلَت مو، انتقال، وفات، کوچ، روانگی، موت

رَحم: ند، مہربانی، کرم، نوازش، مہربانی، معافی، چاول کا بنا نذر کا حلوہ

رَحم دِل: ہم درد، مہربان، دردمند، ترس کھانے والا، کرم فرما

رحم: مذ، بچہ دانی، پرورش پانے کی جگہ

رحمٰن: رحیم، رحمت کرنے والا، مہربان، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام

رحمت: مو، کرم، مہربانی، شفقت، بارش، درود وسلام

رحمت خدا کی: شاباش، آپ کا کیا کہنا، تحسین و آفریں ہے

رحیق: مو، اصل شراب، شراب خالص، اثر انگیز شراب

رحیل: مو، روانگی، کوچ، تیاری

رحیم: رحمت کرنے والا، مہربان، شفیق، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام

رُخ: مذ، منہ، چہرہ، گال، رخسار، جانب، طرف، ایک فرضی قد آور جانور، حاشیہ، کنارہ، توجہ، میل، سامنا، شطرنج کا ایک مہرہ

رُخ بدلنا، رُخ پھیرنا: بے توجہی برتنا، دوسری جانب ہو جانا، بے تعلق ہونا

رُخ کرنا: متوجہ ہونا، منہ کرنا، لوٹنا، واپس ہونا

رُخام: مذ، سنگ مرمر

رخت: مذ، سامان، اسباب، اثاثہ، لباس، پوشاک

رختِ سفر باندھنا: سفر کے ساز و سامان ٹھیک کرنا، موت کی تیاری کرنا

رُخسار: مذ، گال، عذار

رُخسارہ: مذ، گال کا بالائی حصہ

رَخش: مذ، گھوڑا، اسپ رستم، سفید و سرخ رنگ ملا ہوا، کرن، چمک دمک، تابندگی

رَخشاں: روشن، چمکنے والا، تابندہ

رَخشندہ: روشن، چمکیلا، تاب ناک

رُخصت: مو، اجازت، تسلیم، منظوری، رضامندی، چلنا، روانگی، وداع، کوچ، فرصت، مہلت

رُخصتی: مو، وداع، روانگی، گھر سے چلنا، سلامی، جو پیسہ چلتے وقت دیا جائے

رَخنہ: مذ، رکاوٹ، خلل، مزاحمت، نقص، فساد، سوراخ، دیوار کا چھوٹا ہوا راستہ

رَخنہ اندازی: رکاوٹ ڈالنا، مزاحمت کرنا، فساد کرنا، عیب پیدا کرنا

رَدّ: مذ، بے کار کرنا، توڑنا، تردید، انکار، موڑنا، واپس کرنا، الٹی

ردِّ عمل: کاٹ، الٹ، بے اثر بنانا، جوابی کارروائی

رَدّوبدل: الٹ پلٹ، تبدیلی، تکرار، دور کرنا

رَدّوقدح: بحث، تکرار، حجت، بکھیڑا

ردا: مو، چادر، اوڑھنے کا کپڑا

ردّی: مو، خراب ہونا، نقصان دہ ہونا، بے کار ہونا

رَدّہ: مذ، چنائی کے بعد کی مٹی یا اینٹ، صف، قطار

رَدّی: بے کار، خراب، پرانا، کباڑ

ردیف: مو، وہ لفظ جو اشعار کے اخیر میں قافیہ کے بعد بار بار آئے

رَذالت: مو، کمینہ پن، نکما پن، کم ظرفی

رَذالہ: کم ظرف، بدذات، کمینہ، بے حیا

رَذیل: کمینہ، کم ظرف، بدذات، جمع رُذلا

رریانا: بدزبانی کرنا، زبان اینٹھ کر باتیں کرنا، گڑگڑانا

رز: مذ، انگور، انگور کی بیل

رزّاق: روزی دینے والا، پالن ہار، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام

رزق: مذ، روزی، غذا، خوراک، جمع ارزاق

رزق ہے نہ موت: بہت ہی بدقسمت ہے

رزم: مو، جنگ، لڑائی، کارزار

رزم گاہ: لڑائی کا میدان، میدان جنگ

رزمیہ: جنگ سے متعلق لڑائی کے واقعات پر مشتمل نظم

رس: مذ، عرق، شیرہ، گنے کا شربت، ست، جوہر، آواز کی نرمی یا مٹھاس، محبت، پیار، منی

رسا: مذ، شوربا، سالن، یخنی

رسا: پہنچنے والا، کامل، دور تک جانے والا، اوپر جانے والا

رسالت: مو، پیغامبری، نبوت، سعادت

رسالدار: ایک فوجی دستے کا افسر، سو سواروں کا افسر

رسالہ: مذ، خط، نامہ، مختصر کتاب، ایک ہزار سواروں کا فوجی دستہ، جمع رسائل، خبرنامہ، کسی جماعت یا انجمن کا ترجمان، مقررہ مدت میں شائع ہونے والا مجلّہ

رساول: مو، تازہ گنے کے رس کی کھیر

رسائی: مو، پہنچ، گزر، عمل، دخل، اختیار، تعلقات، شناسائی، جان پہچان

رستاخیز، رستخیز: مو، ہنگامہ، قیامت، محشر

رستگار: رہائی پانے والا، آزاد ہونے والا، نجات حاصل کرنے والا

رستم: ایران کا بہت ہی طاقت ور پہلوان مذ دست بہادر

رستمی: مو، بہادری، دلیری، شجاعت، طاقت وری

رستہ بتانا: فریب دینا، ٹالنا، چلتا کرنا

رسد: خوراک، سامان، سامان سفر، قسمت، حصہ، غلہ، سامان، ذخیرہ

رسل: مذ، رسول کی جمع پیغامبروں

رسم: مو، نشان، تحریر، رواج، قانون، طور طریقہ، اُجرت، جمع رسوم

رسم الخط: طرز تحریر، لکھنے کا ڈھنگ، املائی صورت، طرز کتابت

رسمسا: پانی یا پسینے سے تر، نم

رسمسانا: انگڑائی لینا، جسم توڑنا

رسمی: معمولی، رواجی، عام

رسن: مو، رسّی، بیڑی

رسنا بسنا: رہنا سہنا، پھولنا پھلنا

رسنا: ٹپکنا، قطرے قطرے ٹپکنا، خفا ہونا

رسوا: بدنام، ذلیل، بے عزت، خوار

رسوائی: بے عزتی، بدنامی، ذلت، خواری

رُسُوب: مذ، تلچھٹ، دُرد، جو چیز پانی، پیشاب، شراب کے نیچے جمع ہو جائے

رَسُوت: مو، ایک کڑوی دوا

رُسوخ: مذ، پہنچ، رسائی، تعلقات، استواری، استحکام، مضبوط ٹھہراؤ، استقلال

رَسُول: مذ، پیغمبر، بھیجا ہوا، نبی، قاصد، اچھائیوں کی تبلیغ کرنے والا اور برائیوں سے روکنے والا

رَسُولی: مو، گلٹی، پیپ یا مواد سے بننے والی گانٹھ

رُسُوم: مذ، مو، رسم کی جمع، روایت، رواج، نشان، دستور، طور طریقہ، معاوضہ، اجرت، محصول

رَسّی: مو، ڈوری، رسن، ریسماں

رسّی کا سانپ بنانا: بے حقیقت بات کو مشہور کرنا، غلط چیز کو مشہور کرنا

رَسیا: لطف اندوز ہونے والا، شوقین، رنگیلا، خواہش مند

رَسید: مو، وصول ہونے یا پانے کی تحریر، اقرار نامہ، رسائی، پہنچ، پتہ

رَسید کرنا: مارنا، زد و کوب کرنا، لگانا، جڑنا

رَسیدہ: پہنچا ہوا، ماہر، بالغ، پختہ

رَسیدہ بود بلائے ولے بخیر گوشت: آفت تو آئی تھی مگر اس سے بچ گئے

رَسیلا: رس بھرا، تر، میٹھا، لذیذ، رنگیلا، بانکا

رشتہ: مذ، قرابت، ناتا، نسل، خاندان، تعلق، تاگا، ڈورا، لڑی، نظم

رشتہ بر پا: مقید، مجبور، بندھے پاؤں

رشتہ دار: عزیز، قرابت دار، ناتے دار

رَشحہ: مذ، پانی کا بوند بوند ٹپکنا، ٹپکن، رس، بوند، قطرہ، پسینہ، جمع رشحات

رُشد: مذ صحیح راستہ ہدایت، سچائی، بالغ ہونا، ہوش مند ہونا

رَشک: مذ، غیرت، شرم، رقابت، حاصل کرنے کی خواہش

رِشوَت: مو، ناجائز دباؤ ڈال کر وصول کرنا، کسی کام کے بدلے ناجائز پیسہ لینا

رِشی: مذ، سادھو، درویش، خدا ترس، تارک الدنیا

رَشید: صحیح راستہ پر لگا ہوا، ہدایت پایا ہوا، تربیت یافتہ، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام

رَصاص: مذ، قلعی، سیسہ، ٹین

رُوداد: خوب صورت، حسین، وجیہہ

رُودر رُو: منہ پر، علانیہ، بلا خوف و خطر

رُو رعایت: خیال، لحاظ، پاس طرف داری

رُو سیاہ: کالا منہ، نادم، گنہ گار، پشیمان

رُو شناس: واقف، جان کار، جان پہچان والا

رُوکش: حریف، مقابل، دشمن، ہم سر، طرح، مثل، آئینہ کا خول

رُوگرداں: خفا، ناراض، منہ پھیر لینے والا، منحرف، بے عقل، وہ کپڑا جو دونوں طرف سے ایک جیسا ہو

رُومال: منہ صاف کرنے کا کپڑے کا ٹکڑا، دستمال

رُونما: منہ دکھانے والا، ظاہر ہونے والا، پیدا ہونے والا

رُوئے سُخن: گفتگو کا رخ، بات کا تخاطب، اشارہ

رَوا: مذ، سوجی، ریت کا ذرہ، سونے چاندی کے باریک ٹکڑے

رَوا: درست، ٹھیک، جائز، نافذ کرنے والا، صادر کرنے والا

رَوادار: درست رکھنے والا، جائز رکھنے والا

رَواداری: کسی چیز کو لحاظ کے ساتھ جائز سمجھنا، نرمی، جھکاؤ، مفاہمت

رَوابط: مذ، رابطہ کی جمع، میل ملاپ، تعلقات

رَواج: مذ، رسم، ریت، دستور، قاعدہ، طور طریقہ

رَواروی: مؤ عجلت، جلدی، ہلچل، تیزی، گھبراہٹ، سرسری

رَواق: مکان کا چھجا، سائبان، بالا خانہ، کشادہ کمرہ

رَواں: بہتا ہوا، جاری، تیز، تیز پڑھنا، اس وقت، فی الحال

رَواں دَواں: تیز قدم چلتا ہوا، بھاگتا ہوا، دوڑتا ہوا

رُواں: مذ، بدن کے باریک بال، رونگٹا

رُوانسا: رونے کے لیے تیار، رنجیدہ

رَوانہ: چلنے والا، جانے والا، سفر کرنے والا، گیا ہوا

رُوبراہ: تیار، کمربستہ، مستعد، درست کیا ہوا

رُوبرو: آمنے سامنے، مقابل، منہ در منہ

رُوبکار: سامنے کی پیشی، حاضری، عدالتی حکم

رُوبہ صحت: صحت کی طرف بڑھتا ہوا، شفایابی

رُوبہ قضا: سر جھکائے ہوئے، سرخم کیے ہوئے

رُوپوش: چھپا ہوا، پوشیدہ، لاپتہ

رُوپ: مذ، شکل، صورت، چہرہ، رنگ، طریقہ، چمک دمک، رونق، تصویر، پسندیدہ

رُوپہلا: چاندی کے رنگ کا، چاندی کا بنا ہوا، چاندی جیسا سفید

رُوپیہ: مذ، کاغذ یا چاندی کا سکہ، ہندو پاک اور بنگلہ دیش کا سکہ جو سو پیسے کے برابر ہوتا ہے

رُوٹھنا: بگڑنا، ناراض ہونا، خفا ہونا

رُوح: مو، جان، زندگی، جوہر، عرق، ست، قلب، جمع ارواح

رُوح اَفزا: تازگی دینے والا، فرحت بخش، جان کو طاقت دینے والا

رُوحُ الاَمین: امانت دار روح، حضرت جبرئیلؑ کا لقب

رُوحُ القُدس: پاکیزہ روح، حضرت جبرئیلؑ

رُوحُ اللہ: حضرت عیسیٰؑ کا لقب

رُوح پَرواز کرنا: انتقال کرنا، وفات پانا

رُوح پھونکنا: جان پیدا کرنا، نئی قوت پیدا کرنا، آب و رنگ دینا

رُوح نِکالنا: زندگی لینا، موت آنا، جوہر نکالنا، اصل شے نکالنا

رُوحانی: روح سے متعلق، پاک و صاف، مقدس و متبرک، غیر مادّی

رُوحِ رَواں: بنیادی شے، جس پر کام کا مدار ہو

رُوحی فِداک: میری جان آپ پر قربان ہو

رُود: مذ، ندی، نالا، نہر

رُودَہ: مذ، معدہ انتڑی، ساز کی تانت

رَصَد: مذ، راصد کی جمع، دیکھنے والے، وہ مینار جس سے ستاروں کی گردش کا مشاہدہ کیا جائے

رَصَد گاہ: ستاروں کی گردش وغیرہ کے مشاہدہ کرنے کی جگہ

رَض: رضی اللہ عنہ کا مخفف، خدا اُن سے راضی ہو

رِضا: مو، مرضی، اجازت، خوشی، خوش نودی، تنخواہ کے ساتھ چھٹی

رَضا: راضی ہونا، خوش ہونا، تیار ہونا

رَضا کار: ملت وقوم کی خدمت کے لیے اپنے کو خوشی سے پیش کرنے والا، جلسہ یا مشاعرہ کا کارکن

رَضامند: راضی، خوش، تیار، تسلیم کرنے والا

رَضاعَت: مو، شیر خواری، بچوں کو دودھ پلانے کی مدت

رَضاعی: دودھ شریک، دودھ پینے کے رشتے سے مشترک

رَضائی: مو، لحاف، موٹی دُلائی

رِضواں: مذ، داروغۂ بہشت، جنت، برکت

رِضوی: امام علی رضا سے متعلق

رَضیع: دودھ شریک، شیر خوار بچہ

رَطب: تازہ، تر، نم، رس دار

رَطبُ اللِّسان: مداح، بہت زیادہ تعریف کرنے والا

رَطب ویابِس: تازہ اور باسی، اچھا برا، خشک وتر

رُطَب: مذ، تازہ اور رس دار کھجور

رَطل: مذ، پیالہ شراب آدھ سیر کے برابر وزن، جمع ارطال

رَطوبَت: مو، نمی، تری، سیل، تھوک، تازگی

رَطوبَت پیما: نمی کا اندازہ لگانے والا آلہ

رَعایا: مو، رعیت کی جمع، عوام جن پر حکومت کی جائے، اسامی، کرایہ دار، کسان

رِعایَت: مو، لحاظ، پاس، خیال، توجہ، طرف داری، نرمی، کمی، تشبیہ واستعارے سے قبل آنے والے مناسب الفاظ

رُعب: مذ، خوف، ڈر، دبدبہ، دھاک، دھمکی، شان وشوکت

رُعب داب: خوف وڈر، شان وشوکت

رَعد: مذ، بجلی کی کڑک، بادل کی گڑگڑاہٹ

رَعشہ: مذ، تھرتھراہٹ، کپکپاہٹ، لرزہ، ہاتھ وغیرہ کے کانپنے کی بیماری

رَعنا: ناز سے چلنے والا، خوش خرام، نرم و نازک، خوب رو، حسین، پرکشش، ہوشیار

رَعنائی: مو، خوش خرامی، نرمی و نازکی، خود آرائی، خوش نمائی، ہوشیاری، تیزی وطراری

رَعونَت: مو، گھمنڈ، غرور، سرکشی، شیخی

رَعیّت: مو، عوام جن پر حکومت کی جائے، اسامی، کرایہ دار، کسان، جمع رعایا

رَغبَت: مو، خواہش، چاہت، چاؤ، آرزو، توجہ، میلان

رَغم: مذ، حقارت، نفرت، ناپسند، کسی کے برخلاف کام کرنا

رِفاقت: مو، ساتھ، ہم راہی، دوستی، ہمدردی، بھلائی، وفاداری، اتحاد، مدد

رِفاہ: مو، سکھ چین، بھلائی، بہتری، فلاح و بہبود کے نام

رَفت وگزشت: مو، ختم ہوئی، گئی گزری، رفع دفع

رفت وگزشت کرنا: درگزر کرنا، معاف کرنا، جانے دینا، نظرانداز کرنا، توجہ نہ کرنا

رَفتار: مو، چال، خرام، طور طریقہ

رفتاروگفتار: طور طریقہ، چال چلن، کردار

رفتگاں: مذ، رفتہ کی جمع، گزرے ہوئے لوگ، مرے ہوئے لوگ

رَفتگی: مو، بے ہوشی، بے خودی، زیاں، گزر جانا

رَفتنی: جانے کے قابل، جانے کے لیے مجبور، جانے والا، فانی

رَفتہ: بے ہوش، بے خود، کھویا ہوا، گزرا ہوا، مشتاق، جمع رفتگاں

رَفرَف: مذ، وہ جانور جس پر آنحضرتؐ نے بیٹھ کر معراج کا سفر طے کیا تھا، لہروں کی تیز حرکت، پروں کی پھڑپھڑاہٹ، فرش، تکیہ، ایک طرح کی مچھلی

رَفض: مذ، ترک کرنا، رافضی ہونا، بدعت، دین میں بگاڑ پیدا کرنا

رَفع: مذ، اٹھانا، بلند کرنا، اونچائی، بلندی، باز رہنا، چھوڑنا، پیش

رَفع حاجت: پاخانہ پیشاب کرنا، فطری ضرورت سے فارغ ہونا

رَفع دَفع: ہٹانا، درگزر کرنا، دور کرنا، معاف کرنا، باز آنا

رَفع یَدَین: نماز میں تکبیر کے ساتھ دونوں ہاتھوں کا اٹھانا

رِفعَت: مو، اونچائی، بلندی، عروج، ترقی، عزت، بزرگی

رِفق: مو، نرمی، مہربانی، نوازش

رَفو: مذ، قیمتی کپڑوں کی مرمت کرنا

رَفو چکر ہونا: فرار ہونا، بھاگنا، چل دینا

رَفوگر: رفو کا کام کرنے والا، اونی کپڑوں کی مرمت کرنے والا

رَفیدہ: مذ، تنور میں روٹی لگانے والی پھوس بھری گدی

رَفیع: بلند، اونچا، سرفراز

رَفیق: مذ، دوست، ساتھی، ہم راہی، ہم سفر، مددگار، بھلائی چاہنے والا، یار، مہربان، ساتھ کام کرنے والا، جمع رفقا

رِقاب: مذ، رقبہ کی جمع، گردنیں، خدام، کنیزیں

رِقابَت: مو، دشمنی، مخالفت، چشمک، برابری کا دعویٰ، کسی ایک محبوب کے بہت سے چاہنے والوں کے درمیان عداوت

رَقاص: مذ، ناچنے والا مرد، بھاؤ بتانے والا، بھانڈ

رَقاصہ: مو، ناچنے والی عورت، بھاؤ بتانے والی عورت، طوائف

رِقاع: مذ، رقعہ کی جمع، ابن مقلہ کا ایجاد کردہ ایک خط

رَقبہ: مذ، گردن، خادم، غلام، کنیز

رَقبہ: کسی خطے کی زمین، چاروں طرف سے گھری ہوئی زمین، چہار دیواری، احاطہ، لمبائی اور چوڑائی کو ضرب دینے کے بعد حاصل ہونے والا عدد

رِقّت: مو، پتلا پن، ہلکا پن، ملائمت، نرمی، رحم دلی، دردمندی، رونا، آب دیدہ ہونا، دل بھر آنا، وجد، ترس، ہم دردی

رِقّت انگیز: دل بھر آنے والی بات، جسے دیکھ کر رحم آئے، دردانگیز

رِقّت الدم: کھجلی، خارش، جلن

رَقص: مذ، ناچ، مجرا، کودنا، تھرکنا

رقص بسمل: تڑپ، قتل کیے ہوئے جسم کا اچھلنا یا پھڑکنا

رَقص و سُرود: ناچ گانا، گانا بجانا، رنگ رلیاں

رَقّاص: ناچنے کی حالت یا کیفیت میں، ناچنے والا

رَقطا: مو ایک حرف نقطہ دار دوسرا غیر نقطہ کے لکھنے کی صنعت

رُقعہ: مذ، خط، چٹھی، پرزہ، کاغذ، پیوند، دعوت نامہ، جمع رقعات

رَقم: مو، لکھائی، تحریر، خط، عدد، ہندسہ، میزان، کل تعداد، روپیہ، پیسہ، دولت، سرمایہ، قیمتی چیز، طور طریقہ، نوع، قسم، شرح مال گذاری، حساب کتاب، چالاک، تیز، نشان، جمع رقوم

رَقیب: مذ، نگراں، حفاظت کرنے والا، حریف، دشمن، ہم سر، ہم چشمک، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام، عدو، دشمن، ایک محبوب کے کئی چاہنے والے

رَقیق: ملائم، نازک، پتلا، نرم، بہنے والا

رَقیمہ: مذ، خط، چٹھی، رقعہ، جمع رقائم

رکاب: مو، گھوڑے کی سواری کے وقت پاؤں رکھنے کے لیے زین کے دونوں طرف لٹکتا ہوا لوہے کا دائرہ، امیرانہ سواری کا گھوڑا، طباق، رکابی، پہلے صفحے کے شروع کا لفظ جو دوسرے صفحے کے حاشیہ کے نیچے لکھا جاتا ہے قدیم مخطوطات میں خاص طور پر اس کا اہتمام کیا جاتا تھا

رکاب دار: گھڑے پر سوار کرانے والا ملازم، تجربہ کار باورچی، مربہ، اچار، چٹنی فروخت کرنے والا

رکاب پاؤں میں رہنا: ہمیشہ سفر کے لیے تیار رہنا

رکابی: مو، طشتری، تھالی، پیالہ، ردار، ساقی، جس گھوڑے کو قواعد کے لیے پکڑ کر لے جائیں، گھوڑے کے بازو میں لٹکنے والی تلوار

رکاکت: مو، ہلکا پن، بازاری پن، سفلہ پن، سطحیت، بے توقیری، کمزوری، کاہلی

رکشا: مو، تین پہیوں کی سواری گاڑی، چھت دار گاڑی جسے آدمی کھینچتا ہے

رَکعت: مو، نماز کا ایک حصہ، جس میں ایک بار رکوع کرنا یا جھکنا ہو جائے، خمیدگی، جھکاؤ

رُکن: مذ، ستون، کھمبا، بنیادی شے، بہت ہی اہم حصہ، کارندہ، ممبر، کارکن، امیر، سردار، عروض میں دو یا تین اجزائے اوتاد سے بننے والا لفظ

رُکن رکین: اہم رکن، بہت ضروری حصہ، سب سے مضبوط ستون

رُکنا: موقوف کرنا، ٹھہرنا، تھمنا، کھنچنا، باز رہنا، توقف

کرنا، سانس لینا، تتلانا، ٹھٹکنا، پس و پیش کرنا، بدکنا، بھڑکنا، ناراض ہونا، پرہیز کرنا، بند ہو جانا، خلل پڑنا، بھرا ہونا، جمنا

رُکنیت: مو، رکن بننا، ضروری حصہ بننا، نمائندہ ہونا

رَکوب: مذ، سوار، سواری کا اونٹ

رُکوع: مذ، نماز میں گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر سر اور پشت کو ایک برابر میں رکھ کر جھکنا

رُکھائی: مو، بڑھئی کے استعمال کا ایک اوزار

رَکھاؤ: مو، رکھی ہوئی عورت، کنیز، ملازم

رَکھ رَکھاؤ: مذ، نگہ داشت، نگرانی، چلن، وضع داری پاس ناموس

رَکھوالا: مذ، نگراں، نگہ بان، محافظ، چوکی دار

رَکیب: مذ، سوار کے ساتھ بیٹھنے والا دوسرا سوار، مرکب

رَکیک: بازاری، سوقیانہ، کمینہ، ذلیل، بے توقیر، مہین، سست، کمزور

رَکین: شائستہ، سنجیدہ، متین، مضبوط، پائدار

رَگ: مو، نس، نبض، عرق، نطفہ، ذات، نسل، ریشہ، تاگا، رشتہ، ضد، جسم میں خون سے بھری نلیاں

رَگ پھڑکنا: ہونے والا واقعہ سے آگاہ ہونا، حادثے کا اندیشہ پیدا ہونا

رَگِ جاں: وہ شہ رگ جو سارے جسم میں خون پہنچاتا ہے

رَگِ جاں سے بھی قریب ہونا: ملا ہونا، بہت نزدیک ہونا، خدا کے لیے بولتے ہیں

رَگ دَبنا: خوف کھانا، ڈرنا، بس میں ہونا

رَگ رَگ میں: جسم کے ہر حصے میں، ہر عضو بدن میں، تمام جسم میں

رَگ و پَے: نس اور پٹھے، رگ اور گوشت، پورے بدن میں

رَگ و ریشہ: گوشت پوست، پورا جسم، اصل، بنیاد، خو بو، فطرت

رَگڑنا: گھسنا، پیسنا، چھیلنا، صاف کرنا، رندہ کرنا، پریشان کرنا، جھگڑا کرنا، چمکانا

رَگیدنا: پریشان کرنا، پیچھا کرنا، زدوکوب کرنا، پھنسانا

رَلانا: ملانا، شامل کرنا، پانی سے مٹی کا بہنا، گڑبڑ کرنا، مل جانا

رُلانا: عاجز کرنا، پریشان کرنا، نقصان پہنچانا، رونے کے لیے مجبور کرنا

رَلنا: ملنا، شامل ہونا، بہنا، گڈمڈ ہونا

رُلنا: برباد ہونا، بکھرنا، برابر ہونا

رَلیاں: مو، نشاط و طرب، خوشی، امنگ، عیش

رَم: مذ، خوف، اندیشہ، دہشت، نفرت، پرہیز، گریز، چھپنا، بھاگنا

رِم: بیس دستہ کاغذ کی گانٹھ

رَمّاز: مذ، پہیلیاں بجھانے والا آدمی، اشاروں کنایوں میں بات کرنے والا انسان

رَمّال: مذ، علم رمل کا واقف کار، نجومی، جوتشی

رُمّان: مذ، انار

رَمانا: گھمانا، دوڑانا، پھرانا، رجھانا، قابو میں کرنا، باتوں میں بہکانا، سنیاس اختیار کرنا، آگ روشن کرنا، فریفتہ کرنا

رَمبانڈ، بڑا کھرپا مذ مین کھودنے کے لیے لوہے کا لمبا اوزار

رَمبھانا: گائے کا آواز دینا، ہنکارنا، بھینس کا ڈکرانا

رِم جھِم: آہستہ بارش کی آواز، بارش کے وقت کی ہلکی آواز

رَمد: مذ، آنکھوں کے سرخ رہنے کی بیماری

رَمز: مو، آنکھوں، ابروؤں کا اشارہ، عشوہ، غمزہ، ہونٹوں کا اشارہ، اسرار، بھید، راز، پہیلی، معما، باریکی، اصل، جڑ، اصل مطلب، پوشیدہ بات، نوک جھونک، علامت، معاملہ، نکتہ، جمع رموز

رَمز شناس: راز داں، ناز و اشارہ جاننے والا

رَمضان: مذ، روزے کا مہینہ، ماہ صیام، جلانے والا

رَمق: مو، ذرا سا، بہت ہی مختصر، ذرا سی جان، رہی سہی جان، آخری سانس، کچھ اثر

رَمل: مذ، وہ علم جس میں گنتیوں کے حساب سے ہونے والی باتوں کا علم ہوتا ہے، عروض میں ایک بحر کا نام

رَمنا: گھومنا، پھرنا، آوارہ پھرنا، بھٹکنا، شکارگاہ، بسنا، سمانا، سرایت کرنا

رُموز: مو، رمز کی جمع، بھید، راز، نکتہ، باریکیاں، اشارے

رُموزِ مملکتِ خویش خسرواں دانند: بادشاہ ہی اپنی سلطنت کے راز جانتا ہے

رَمّہ: مذ، گلہ، گروہ، جھنڈ، غول، بھیڑ، فوج

رَمی: مذ، کسی چیز کو پھینکنا، پھینک کر مارنا

رَمیدگی: مو، بھاگنا، خوف، بے زاری

رَمیدہ: وحشت زدہ، بھاگا ہوا، خوف کھایا ہوا

رَمیم: پھٹا، پرانا، بوسیدہ، گلا ہوا

رَن: مذ، جنگ، لڑائی، کارزار، معرکہ، رزم، میدان کارزار، مقتل، ویرانہ، جنگل

رَنج: مذ، دکھ، درد، غم، افسوس، ملال، بیماری، غصہ

رَنجش: مو، ناراضگی، بدگمانی، ان بن، نااتفاقی، دشمنی، عداوت، افسوس، ملال، تکلیف

رَنجک: مو، توپ و بندوق کے پیالے میں آگ لگانے کے لیے رکھی جانے والی بارود، سلفوف، برادہ، اشتعال، تحریک

رَنجور: غم زدہ، ملول، تکلیف میں مبتلا، بیمار

رَنجہ: ملول، غم زدہ، ناز و انداز کی چال، پرتکلف چال کا طریقہ

رَنجیدہ: ناراض، خفا، نااتفاق، ملول، غم زدہ، اداس، مبتلائے تکلیف

رِند: شرابی، آزادی، اوباش، عیش طلب، بے فکر، چالاک، جمع رنداں

رَندنا: رندے سے صاف کرنا، لکڑی کو چکنا کرنا

رُندنا: روک لگانا، مزاحمت کرنا، گھر جانا، ملول ہونا، قید ہونا، پسنا، برباد ہونا

رَندہ: مذ، لکڑی صاف کرنے یا چھیلنے کا اوزار

رندھنا: کھانا تیار ہونا، پکنا

رنڈاپا: مذ، بیوگی، بیوہ ہونے کی مدت، غربت

رنڈوا: مذ، جس مرد کی بیوی وفات کر گئی ہو، کامل، کام چور

رنڈی: مو، طوائف، کسبی، فاحشہ عورت

رنگ: مذ، فام، روغن، رنگت، شکل، طریقہ، روش، انداز، قسم، نظر، مثال، لطف، رونق، بہار، حسن، مزہ، قوت، نشہ، دھوکا، فریب، خون، لہو، سماں، حالت، سیر وتفریح، برتاؤ، کھیل کود، گانا بجانا، مسرت، خوشی

رنگ آمیزی: رنگ سازی، رنگنے کا کام، تحریر کو سنوارنا، بڑھا چڑھا کر بیان کرنا، مصوری

رنگ اُترنا: رنگ ختم ہونا، آب وتاب کا گزرنا، چہرے کا رنگ بدلنا

رنگ اُڑانا: کسی کا رنگ پھیکا کرنا، اپنے سامنے دوسرے کو بے مایہ کر دینا، انداز اڑانا، طریقہ اپنانا

رنگ اُڑنا: رنگ اڑ جانا، رنگ مدھم پڑ جانا، چہرے کا رنگ بدلنا

رنگ برنگ: رنگا رنگ، طرح طرح کے رنگ، مختلف رنگ

رنگ بھرنا: آرائش کرنا، نقاشی کرنا، حسن آفرینی کرنا

رنگ بھنگ کرنا: مزہ کرکرا کرنا، بے لطف کرنا

رنگ پر آنا: بہار پر آنا، رونق سے بھرا ہونا

رنگ پریدہ: رنگ اڑا ہوا، بے رونق، زرد

رنگ پھیکا پڑنا: رنگ کم ہونا، بے مزہ ہونا، رنگ مدھم ہونا، رونق میں کمی آنا

رنگ جمانا: اثر انداز ہونا، قبضہ کرنا، رعب ڈالنا، تعلق پیدا کرنا

رنگ ڈھنگ: رفتار گفتار، طور طریقہ، چال چلن، حالت، برتاؤ

رنگ رلیاں: عیش وطرب، سیر وتماشا، لطف وعیش

رنگ رُوپ: آب وتاب، چمک دمک، چہرہ مہرہ، شکل وصورت

رنگ ریز: کپڑے رنگنے والا، نیلاری

رنگ زرد ہونا: رنگ سفید ہونا، رنگ فق ہونا، حیرت زدہ ہونا، متعجب ہونا، خوف کے مارے چہرے کا رنگ پیلا پڑنا، خون سوکھنا

رنگ شکستہ: اڑا ہوا رنگ، بے رونق چہرہ

رنگ لانا: بھلا لگنا، رنگ دار ہونا، تکرار کرنا، برائی کرنا، اثر کرنا، مزہ چکھانا، فساد برپا کرنا، فریب کرنا

رنگ محل: عشرت کدہ، عیش کرنے کا مکان

رنگ وبو: رنگ اور خوش بو، رونق، چمک دمک

رنگت: مو، چہرہ کا رنگ، کیفیت

رنگروٹ: مذ، نئی بھرتی کا سپاہی، نیا سپاہی، نیا

رنگنا: رنگ چڑھانا، رنگین بنانا، اپنے رنگ میں بدلنا، اپنا جیسا کرنا

رنگیلا: رنگین طبیعت دلا مذہ دل، خوش پوشاک، عیاش

رنگین: رنگ دار، رنگا ہوا، رنگیلا، بانکا، آراستہ، خوش مزاج

رَو: مو، دھار، لہر، بہار، جوش و خروش، غصہ، دھن، فکر، کثرت، بھیڑ، لشکر

رَو: چلنے والا، تیز قدم چلنے والا، آگے بڑھنے والا

رُخ: مذ، مکھڑا، چہرہ، صورت، شکل، رخ، سبب، وجہ، سامنا، رعایت، بساط، سطح

رَوانی: مو، تیزی، بہاؤ، جاری ہونا

روایت: مو، نقل، پیروی، اتباع، اظہار، سرگذشت، کہانی، جمع روایات

رُوباہ: مو، لومڑی، ڈرپوک، فریب، مکر، چال

روڑا اٹکانا: رخنہ پیدا کرنا، رکاوٹ پیدا کرنا، مزاحمت کرنا، راستہ بند کرنا

روز: مذ، دن، یوم، شنبہ، مزدوری، اجرت، زمانہ

روز افزوں: دن بدن ترقی

روز اَلست: خدا اور انسان کے درمیان ہونے والا، معاہدہ کا دن، کائنات کا دن، روزِ اوّل

روز بہ روز: آئے دن، اکثر، پے در پے، مسلسل

روز پسیں: عمر کا آخری حصہ، فیصلہ کا دن یعنی قیامت

روز جزا: قیامت کا دن، جس دن سارے اعمال کا بدلہ ملے گا

روز روز: ہر روز، آئے دن

روزِ سیاہ: برے دن، مصیبتوں کے دن، غربت کے دن

روز کا قصہ: ہر وقت کا جھگڑا، تکرار

روزمرّہ: ہر دن، لگاتار، متواتر، روزانہ کی بات چیت، محاورہ کی زبان، تکیۂ کلام، اصطلاح

روزنامچہ: روزانہ لکھنے کی ڈائری

روزنامہ: ہر دن چھپنے والا اخبار

روز و شب: دن رات، صبح شام، ہمیشہ

روزگار: مذ، نوکری، پیشہ، مصروفیت، گزران، موقع محل، قسمت، زمانہ، وقت

روزَن: مذ، چھید، سوراخ، روشن دان

روزہ: مذ، صبح صادق سے سورج ڈوبنے تک کچھ نہ کھانا پینا، اسلامی فرائض کا ایک رکن

روزہ کشائی: روزہ کھلوانے کا اہتمام کرنا، بچہ کا پہلی بار روزہ رکھنے کی تقریب

روزہ کھانا: رمضان المبارک کے روزے نہ رکھنا

روزی: رزق، روزگار، نوکری، خوراک، قسمت، حصہ

روزینہ: مذ، یومیہ، ہر روز ملنے والی اجرت، روزانہ کی مزدوری، کھانا جو ہر روز ملے، وظیفہ

رُوستا: دیہات، گاؤں، دہقاں، گنوار

رَوِش: مو، طریقہ، طور، چال ڈھال، وضع، طرح، مثل، چمن یا باغ کا پٹری دار راستہ

روشن دان: روزن، کمرے کے اندر روشنی آنے کے لیے بنایا گیا بڑا سوراخ

روشن دماغ: بلند دماغ، وسیع النظر

روشن سواد: اچھا لکھنے والا، خوش نویس، خوش خط

روشن گہر: اچھی طبیعت، نیک عادت، پسندیدہ خصلت

روشنائی: مو، اجالا، روشنی، نور، چمک، لکھنے کی سیاہی

روشنی: مو، اجالا، چمک، نور، سفیدی، دیکھنے کی قوت، چراغاں، آبادی، چہل پہل

رَوض: پانی کی مقدار، باغیچہ، چمن زار، سبزہ زار، چراگاہ، جمع روضات

رَوضہ: نذ، چمن، باغ، سبزہ زار، مرغ زار، گنبد بنا ہوا مقبرہ، جمع ریاض

رَوضۂ رضواں: جنت، بہشت، باغ، فردوس

رَوع: خوف کھانا، ڈرنا، خوف کرنا، حیرت کرنا

رُوغ: روغان، لومڑی کی طرح چھپنا یا بھاگنا

رَوط: پہاڑیوں میں بھاگنا، جنگلی جانوروں کا دوڑنا

روغن: نذ، گھی، تیل، چکنائی، آب تاب

روغنِ تلخ: روغن سیاہ، سرسوں کا تیل، کڑوا تیل

روغن جوش: بگھار کر تیار کیا جانے والا قورمہ

روغنِ زرد: گھی، مکھن

روغن قاز ملنا: خوشامد کرنا، چاپلوسی کرنا

روغن گر: روغن یا مکھن بنانے والا یا بیچنے والا، تیلی

روغن ملطہ: مٹی کا تیل، کروسین کا تیل

روغنی: مکھن لپٹا ہوا ایک طرح کا میٹھا گوشت، مکھن سے پکائی گئی میٹھی روٹی

رُوکاز: کسی چور یا مجرم کا سرِ عام دکھایا جانا

روک تھام: بچاؤ، حفاظت، انسداد، حفاظتی تدبیر

روفانیدن: دانتوں کو صاف کرنا

روفراخ: کشادہ چہرہ، تاب ناک شکل

رَوق: شفاف ہونا، ستھرا، خوشی دینے والا، خلوص، دوستی، شباب، کسی چیز کا بہترین حصہ

روک ٹوک: روکنا، ممانعت، پابندی، مزاحمت

روکڑ: مو، نقد، دھن دولت، روپیہ پیسہ، نقد فروخت

روکڑ بہی: نقد حساب کی کتاب

روکڑیا: نذ، خزانچی، تحویل دار، روپے پیسے کا مالک

رَوکش: دنیا، وقت، عمر، زمانہ

روکھ: نذ، پیڑ، شجر، درخت

رُوکھا: سوکھا، پھیکا، خشک، سادہ، بے مزہ، بے رس، بداخلاق، بے رحم

رُوکھا سُوکھا: بغیر سالن کا، خشک، دال دلیا، اچھا برا

روگ: نذ، بیماری، دکھ، درد، آلام، مرض، برائی، فساد

رُوگاہ: زیور کا اوپری یا بہترین حصہ، کتاب کا سرورق یا حرفِ آغاز

روگردانی: حکم نہ ماننا، خلاف ورزی کرنا، بدتمیزی کرنا

رولنا: پھٹکنا، چھانٹنا، الگ کرنا، بٹورنا، برابر کرنا

روم: نذ عیسائیوں کا ایک قدیم ملک، ترکوں کی حکومت

رُومال: منہ صاف کرنے کا چھوٹا کپڑا، دستی

رُومان: مذ، حسن و عشق کی داستان، خیالی قصہ کہانیاں، غیر حقیقی زندگی کے واقعات کا ذکر، حیرت خیز واقعات کا ذکر، طبرستان کا ایک شہر

رومی: ملک روم کا باشندہ یا روم سے متعلق

رَون: سخت، مخالفت، مشقت

رَونَقا: مذ، عورتوں کا کام کاج کرنے والا خادم، پروانۂ راہ داری، جس کاغذ پر سامان، سامان لانے والے، اس کی قیمت اور محصول وغیرہ درج ہو

رونا: آنسو گرانا، گلہ کرنا، آہ و فریاد کرنا، افسوس کرنا، پچھتانا، دُکھڑا بیان کرنا

رونا آنا: رنج کرنا، افسوس کرنا، دل اُمنڈ آنا

روندڈالنا: کچل ڈالنا، پاؤں کے نیچے ڈالنا

روندنا: کچلنا، پامال کرنا، پاؤں کے نیچے ملنا

رُوندہ: سیال، گیلا، نم، پتلا، ملائم، دانا بھون کر چکی میں پسا ہوا، روندا جانے والا، مسافر

رونق: مو، چہل پہل، لطف، بہار، چمک، آب و تاب، تازگی

رونق اَفروز ہونا: کسی معزز آدمی کا تشریف لانا

روئیں: مذ، رواں، اون، پشم، بال

رونگٹے کھڑے ہونا: خوف یا سردی سے کانپنا، سہم جانا، بدن کے روؤں کا ڈر یا ٹھنڈک سے کھڑا ہونا

رونمائی: شکل دکھانا، ظاہر ہونا

رُوہ: اچھی عادت، پاکیزگی، احترام

روہانسا: رونے کے قریب، رونی صورت، آنکھوں میں آنسو بھر آنا

روہَکا: مذ، روٹی کا بازار، کھانے پینے کی چیزوں کا بازار

روہن: ہندوستان کا سب سے اچھا فولاد جس سے تلوار بنائی جاتی تھی

روہو: ایک قسم کی لذیذ مچھلی

روئی: مو، صاف کی ہوئی کپاس، نرم، ملائم

روئیدگی: مو، پیڑ پودوں کا اگنا، زمین سے نکلنا، نمو پذیر ہونا

روئیں: مو، کانسی، دھات، پیتل

رَوی: مو، قافیہ کا سب سے آخری حرف جو بار بار آتا ہے، سفر، ترقی

رویا: مذ، سپنا، خواب

رویا روی: آمنے سامنے، منہ پر

روی خاک: گرد سے اٹا چہرہ

رویائے صادقہ: سچا سپنا، صحیح خواب

رویت: مو، شکل و صورت دکھائی دینا، دیدار یا نظارہ

رویت ہلال: پہلی تاریخ کا چاند نظر آنا

رُویدا: آہستہ، دھیرے، نرمی

رَویّہ: مذ، سلوک، چال چلن، کردار، طرزِ عمل

رَہ: مذ، راستہ، راہ کا مخفف

رہا: قید سے آزاد کیا ہوا، چھٹکارہ پایا ہوا

رہائسہا: باقی ماندہ، بچا کھچا، حمایتی، عزیز واقارب

رہاط: گھریلو استعمال کے لیے لکڑی کا سامان

رہام: ہلکی اور لگاتار بارش، پھوہار

رہانا: سِل یا چکی کو تیز پینے کے لیے کنوانا یا اسے کھردرا کرنا

رَہاو: رہ آب، بحری مسافر، ندی، نہر

رَہائش: مو، سکونت، ٹھہرنا، بود و باش، گنجائش

رہائی: مو، معافی، آزادی، نجات، چھٹکارا

رَہب: مذ، تیر یا بھالے کا سب سے تیز نکیلا حصہ، کم زوری، خوف، ترس، ڈر

رُہبان: مذ، راہب کی جمع، عیسائیوں کے پادری، تارک الدنیا

رُہبانیّت: مو، ترکِ لذات، ترکِ دنیا، دنیا سے دل نہ لگانا

رَہبَر: راستہ دکھانے والا، رہ نما، سردار

رَہبَری: راستہ دکھانا، رہ نمائی، قیادت

رَہَٹ: مذ، کنویں سے پانی نکالنے کا چرخ، ہنڈولا

رَہچَلا: مذ، خوشامد، چاپلوسی کی باتیں، ناز و نخرا

رَہ دار: چنگی وصول کرنے والا، سڑک کا نگراں

رَہ رَو: مسافر، چلنے والا، پیروی کرنے والا، جمع رہ روان

رَہ زَن: راستے کا ڈاکو، لٹیرا، چور

رَہَس: مذ، دل لگی، خوشی، طرب، نشاط، چہل، کرشن اور گوپیوں سے متعلق رقص کی ایک قسم

رَہَص: دبانا، نچوڑنا

رَہَق: پہنچنا، بنیاد، رسائی ہونا، قریب ہونا، داخل ہونا، غیر قانونی یا برے کاموں میں پھنسنا

رَہ گُزر: راستہ، سڑک، کئی راستوں کا ملنا، چوراہا، دیکھ بھال

رَہَل: کانپنا، ہلنا، ڈھیلا ہونا، سوجنا

رَہَن: مذ، گروی، ذمہ داری، کفالت، جمع رہان، رُہُون

رَہنِ اِنتفاعی: جس گروی میں نفع اٹھانے کی گنجائش ہو

رَہنِ مُتمادی: خاص وقت تک رکھا جانے والا گروی

رَہَن سَہَن: بود و باش کا طریقہ، طرزِ زندگی

رَہ نشین: راستے کا بھکاری، فقیر، بے گھر کا مسافر، لٹیرا، چنگی وصول کرنے والا

رَہ نُما: راستہ دکھانے والا، راہ بر، نگراں

رَہ نَورد: مسافر، فقیر، گھوڑوں کا دستہ، سڑکوں پر پھرنے والا

رَہو: خاموشی سے گزرنا، خاموشی، چپ چاپ، نشیب کی جگہ

رہوار: تیز رفتار گھوڑا، مسافر

رَہوار: مذ، راستے کے تخت، ملاحظہ ہو راہوار

رَہے نام اللہ کا: اللہ کے سوا ہر چیز ختم ہونے والی ہے

رَہین: گروی رکھی ہوئی چیز، ماتحت

رَہینِ مِنّت: ممنونِ کرم، شکر گزار، احسان مند

رؤسا: مذ رئیس کی جمع، امرا، سردار، دولت والے لوگ

رؤف: شفیق، محبت، پیار کرنے والا، مہربان، خدا کا ایک صفاتی نام

رئیس: مذ، امیر، سردار، دولت مند، جمع رؤسا

رے، ری: حرف ندا، ارے کا مخفف

ریا: مو، فریب، مکر، دھوکا، ظاہری، اوپری، موقع پرستی

ریاب: مذ، خطرناک، خوف ناک، منحوس

ریاست: مو، ہر ہئت کی جمع، پھیپھڑے

ریاکار: فریبی، مکار، ظاہردار، منافق، موقع پرست

ریاح: مو، ریح کی جمع، بائیں، ہوائیں، پیٹ سے خارج ہونے والی ہوا، ریاح، شراب، گوز

ریاحین: مذ، ریحان کی جمع، خوش بودار پھول

ریاست: مو، حکومت، عمل داری، علاقہ، سلطنت، سرداری، صوبہ

ریاض: مذ، روضہ کی جمع، باغوں، جدوجہد

ریاضت: مو، جدوجہد، مشقت، عبادت، کسرت، محنت، مزدوری

ریاضی: مو، علم ہندسہ، علم حیات، مشقت کرنے والا

ریب: مذ، شبہ، شک

ریتا: مو، بالو، ذرات، ریگ، سنگ ریزے

ریت: مو، رسم، رواج، ضابطہ، قاعدہ، آئین، طریقہ، چلن، تراش، طرز زندگی، لین دین

ریتنا: ریتی سے گھسنا، رندہ سے صاف کرنا، بار بار کرنا، رگڑنا

ریتی: ریتنے کا آلہ، بالو، ریتیلی زمین

ریجھنا: راغب ہونا، مائل ہونا، چاہنا، مشتاق ہونا

ریچھ: مذ، بھالو

ریح: مو، ہوا، باؤ، گوز، گندی ہوا، معدے سے خارج ہونے والی ہوا، جمع ریاح

ریحان: مذ، نازبو، ایک خوشبودار پودا اور پھول جمع ریاحین

ریختہ: مذ، گرا ہوا، پڑا ہوا، پریشان، افتادہ، گری پڑی زبان، ملی جلی زبان، اردو زبان

ریختی: مو، عورتوں کی زبان میں کہی جانے والی نظم یا اشعار

ریز: بہانے والا، گرانے والا، ٹپکانے والا

ریزش: مو، نزلہ، زکام، ناک سے پانی بہنا، گرنا، ٹپکنا

ریزگاری: مو، خوردہ، روپے کے چھوٹے حصے

ریزہ: مذ، ٹکڑا، ذرہ، پارچہ، نوعمر

ریس: مو، ہم سری، برابری، ہم چشمی، رشک، جلن، حسد

ریسماں: مو، دھاگا، رسی، ڈوری

ریش: داڑھی، خط، مردوں کے منہ کے بال

ریش گاؤ: بے وقوف، احمق، نادان، لالچی

ریش: مذ، گھاؤ کرنے والا زخم، زخم کرنے والا

ریشم: مذ، آبریشم کا مخفف، ملائم، چکنا، نرم، حریر

ریشہ: مذ، رگ، نس، پودوں کی رگ، سوت کا تار

ریشہ دَوانی: سازش، فتنہ سازی، مکاری، فساد

ریعان: مذ، آغاز شباب، اٹھتی جوانی، بہترین حصہ

ریگ: مو، بالو، ریت، ذرات، سراب

ریگ مال: شیشے کے ٹکڑوں سے تیار کیا کاغذ، جو زنگ کی صفائی کے لیے استعمال ہوتا ہے

ریگستان: مذ، صحرا، ریت کا علاقہ، ویرانہ

ریلا: مذ، پانی کا بہاؤ، سیلاب، دھکا، بھیڑ، ازدحام

ریل پیل: مو، دھکم دھکا، کثرت، ہجوم، بھرمار، زیادتی

ریلنا: دھکا دینا، دھکیلنا، سرکانا، آگے بہانا

ریمیا: مو، ایک فرضی علم جس کا ماہر جہاں چاہے جا سکتا ہے

رَین: مو، رات، شب

رینْدھنا: کھانا پکانا، ابالنا

رینگنا: کیڑے مکوڑوں کا چلنا، دھیرے دھیرے چلنا

ریوڑ: بکریوں کا غول، بھیڑوں کا گلہ

ریوڑی: مو، تل لگا کر بنائی گئی چھوٹی اور سخت مٹھائی

ریہ: مذ، پھپھڑا

ریہڑ: مذ، شور زمین، ریہ دار زمین

ز

ز: از کا مخفف، سے، ذریعہ

زا: اسم مفعول کے لیے مستعمل، پیدا شدہ، زادہ، پیدا کرنے والا، میرزا یعنی میرزادہ

زاج: مذ، موہوم تیا، زنگار

زاجِ سفید: پھٹکری

زاجِر: جھڑکنے والا، جمع زواجر

زاد، زادہ: زائیدہ، پیدا کیا ہوا، جنا گیا، لڑکا، بیٹا، خاندان، خانوادہ، جمع زادگان

زادبوم: پیدائش کی جگہ، وطن، ملک

زادِ خاطر: شعر، نظم

زاد: مذ، سفر خرچ، سامان سفر، توشہ

زادِ راہ: سامان سفر، توشہ، سفر کا خرچ، سوغات

زادگی: مو، پیدائش، جنم

زادی: پیدا ہوئی، جنی ہوئی، پیدا کی گئی

زار: مذ، مقام، جگہ، کثرت، افراط، آہ و فریاد، کمزور، ناتواں، رسوا، بدنام

زار زار: بہت رونا، خوب آنسو بہانا

زار و نزار: بہت کم زور، بد حال، لاغر، ہڈیوں کا ڈھانچہ

زاری: مو، رونا دھونا، غم گین ہونا، گریہ

زاغ: مذ، کوا، کاگ، گانے کے ایک راگ کا نام

زاغ آبی: پن ڈبی، جل کوا

زاغ کمان: کمان کے کونے کی نوک

زال: ضعیف، بوڑھا جس کے بال سفید ہوں، رستم کا باپ جس کے بال پیدائش سے ہی سفید تھے

زال کوزہ پشت: بڑھیا جس کی کمر جھک گئی ہو، آسمان جو اوندھا نظر آتا ہے

زانو: مذ، ران، جانگھ، گھٹنے سے اوپر کا حصہ

زانو پر سر جھکانا: غور و فکر کرنا، سوچ بچار کرنا، مشغول ہونا

زانو پر ہاتھ مارنا: حیرت کرنا، افسوس کرنا، متعجب ہونا

زانو پوش: کھانا کھاتے وقت جانگھ پر رکھا جانے والا رومال

زانوئے ادب تہ کرنا: ادب و احترام کے ساتھ بیٹھنا، شاگردی اختیار کرنا

زانوئے تلمذ تہ کرنا: شاگردی اختیار کرنا

زانی: مذ، بدکردار مرد، زنا کرنے والا مرد

زانیہ: مو، بدکردار عورت، چھنال عورت، زنا کرانے والی عورت

زاویہ: مذ، گوشہ، کونا، دو لکیروں کے ملنے سے بننے والا کونا، جمع زوایا

زاویۂ حادّہ: جو زاویہ تو سے درجہ سے کم ہو

زاویۂ قائمہ: جو زاویہ ٹھیک تو سے درجہ کا ہو

زاویۂ مُنفرجہ: جو زاویہ تو سے درجے سے زیادہ ہو

زاہد: مذ، پرہیزگار، تقویٰ والا، عبادت گزار، جمع زاہدین

زاہدہ: پرہیزگار عورت، عبادت گزار خاتون

زاہر: روشن، چمک دار، جمع زواہر

زائچہ: مذ، کنڈلی، جنم پترا، نجومی کا تیار کردہ کاغذ، بچے کی ولادت کے وقت زندگی کے بارے میں احوال

زائد: زیادہ، فالتو، کثیر، بڑھا ہوا، بچا ہوا، جمع زوائد

زائر: مذ، زیارت کرنے والا، جمع زائرین، زوار

زائل: کم ہونے والا، الگ ہونے والا، فضول

زائیدہ: جنا ہوا، پیدا کیا ہوا، جمع زائیدگان

زبان: مو، جیبھ، لسان، بولی، گویائی، بات چیت، وعدہ، قول و قرار، ذریعۂ اظہار

زبان آور: پیاری زبان والا، خوش کلام، بولنے پر پوری قدرت رکھنے والا

زبان بدلنا: وعدہ کر کے مکر جانا، قول و قرار فراموش کرنا، بات پلٹنا

زبان بگاڑنا: زبان خراب کرنا، گالی دینے کی علت ہونا

زبان بند ہونا: خاموش ہونا، چپ رہنا

زبان بندی: خاموشی، اظہار خیال پر پابندی

زبان پر: قول پر، وعدے پر

زبان پر رکھنا: چکھنا، ذائقہ دیکھنا

زبان پر لانا: بیان کرنا، بتانا، بولنا

زبان پکڑنا: گفتگو کرنے سے روکنا، عیب نکالنا، گفتگو میں خلل ڈالنا

زبان تک لانا: گویا ہونا، کچھ بولنا، زبان پر لانا

زبان تھامنا: بولنے سے روکنا، خاموش کرنا

زبان تیز ہونا: باتونی ہونا، زبان دراز ہونا، بدزبان ہونا

زبان چار ہاتھ کی ہونا: باتونی ہونا، زبان دراز ہونا، بدزبان ہونا

زبان چلانا: بدزبانی کرنا، بدسلوکی کرنا، بہت بولنا

زبانِ خامہ: قلم کے قط کا حصہ جس میں شگاف دیا جاتا ہے

زبان خراب کرنا: برا بھلا کہنا، گالیاں بکنا، دشنام طرازی کرنا

زبان دان: زبان کا واقف کار، زبان پر مہارت رکھنے والا

زبان دراز: بدزبان، بے ہودہ بکنے والا

زبان دینا: اقرار کرنا، وعدہ کرنا

زبان زد: بہت عام، مشہور، شہرت رکھنا

زبان سنبھال کے بولنا: سمجھ بوجھ کر بات کرنا، بولنے میں احتیاط برتنا

زبان سے اُف نہ کرنا: حرف شکایت نہ لانا، مصیبت کا ذکر تک نہ کرنا

زبان سے پھول جھڑنا: خوش گفتار ہونا، بُری بولی بولنا، شیریں کلام ہونا

زبانِ شمع: شمع کی لو، چراغ کی لو

زبان قلم ہونا: زبان کٹنا، خاموش ہونا

زبان کاٹنا: بات چیت میں بول پڑنا، بات کاٹنا، کہہ کر افسوس کرنا

زبان کو بس میں رکھنا: غور و فکر کے ساتھ بات کرنا

زبان کو لگام: خاموش رہو، سوچ سمجھ کر بات کرو

زبان کھلوانا: پوشیدہ بات کا نمایاں کرنا، گالی دینے میں بے تکلف ہونا

زبان کی سی کہوں یا تلوار کی سی کہوں: دوٹوک کہوں یا منہ دیکھی کہوں

زبان کے آگے فتر ک نہیں: کوئی دوسرا کسی کی زبان بند نہیں کر سکتا

زبان گھسنا: کہتے کہتے عاجز ہونا

زبان گیر: مخبری کرنے والا، جاسوس، اعتراض کرنے والا

زبان لال ہونا: بات چیت نہ کر سکنا، نہ بول سکنا

زبان لڑانا: برابری کرنا، مقابلہ کرنا، جواب دینا

زبان منہ میں نہ ہونا: خاموش رہنا، کچھ گفتگو نہ کرنا، جواب نہ دینا

زبان میں فرق ہونا: وعدہ کا پورا نہ ہونا، سچا نہ ہونا

زبان میں کانٹے پڑنا: پیاس کی وجہ سے زبان کا سوکھ جانا

زبان میں کھجلی ہونا: لڑنے کو آمادہ ہونا، گالی گلوچ کرنے کو جی چاہنا

زبان ہارنا: اقرار کرنا، عہد و پیمان کرنا

زبانِ یارِ من ترکی و من ترکی نمی دانم: میرے یار کی زبان ترکی ہے اور میں ترکی زبان سے ناآشنا

زبانہ: مذ، آگ کی لپٹ، شعلہ، زبان والا ترازو کی سوئی

زبانی: کہی ہوئی، سنی سنائی، جو تحریری نہ ہو، یاد، ازبر، منہ دیکھی

زبانی جمع خرچ: بے عملی، صرف باتوں کا، باتیں بنانا

زُبدہ: مذ، ملائی، تازہ مکھن، پسندیدہ حصہ، کسی شے کا سب سے اچھا حصہ، انتخاب کیا ہوا

زَبَر: ازبر کا مخفف، بالا، اوپر، اونچا، بھاری، طاقتور، الف کی آواز کے لیے حرف کے اوپر لگائی گئی چھوٹی اور ترچھی لکیر جسے فتحہ کہتے ہیں، زیر کا متضاد

زبردست: مضبوط، طاقت ور، موٹا تازہ، شکست دینے والا، بہ کل، قوی

زبرجد: مذ، زمرد کی ایک قسم، ایک بیش قیمت پتھر، پنا

زبس: از بس، بہت، افراط

زَبُور: مو، حضرت داؤدؑ پر نازل ہوئی آسمانی کتاب، تحریر، نوشتہ، کتاب

زَبُوں: تباہ، پس ماندہ، ناکارہ، عاجز، خوار، برا، ذلیل، بدنام

زَٹل: مو، لغو، بکواس، مہمل، فضول

زَٹل باز: لغو بکنے والا، بکواسی، فضول باتیں کرنے والا، بکی

زَٹلی، زَٹلیا: بکواس بکنے والا، فضول گو، جھک مارنے والا، فرخ میر کے دور کا ایک اردو شاعر میر جعفر زٹلی

زُجاج: مذ، شیشہ، کانچ، آب گینہ، شیشے کا ٹکڑا

زَجر: مو، روک تھام، تنبیہ، ملامت، دھمکی، ڈانٹ ڈپٹ، دھتکار

زچ: مجبور، بے بس، عاجز، تنگ

زچہ: مذ، بچہ جننے والی عورت

زچہ گیریاں: بچے کی ولادت پر گائے جانے والے گیت

زَحاف: مذ، علم عروض میں بحروں کے ارکان میں معمولی تبدیلی، جمع زحافات

زُحَل: مذ، سنیچر، کیواں، منحوس سیارہ

زَحمت: مو، تکلیف، دکھ، درد، مصیبت، سختی، شدت

زحیر: مو، پیچش کی بیماری

زَخّار: شور کرتا ہوا پانی، موجیں مارتا ہوا پانی، سیلابی دریا

زخم: مذ، چوٹ، گھاؤ، ناسور، تکلیف، نقصان، گھاٹا، دھچکا، غم، رنج

زخم آلا ہونا: گھاؤ تازہ ہونا، پرانے غم، رنج کی یاد تازہ ہونا

زخم اُٹھانا: رنج و غم انگیز کرنا، مصیبت برداشت کرنا

زخم اندمال پانا: گھاؤ کا اچھا ہونا، چوٹ کی تکلیف میں کمی ہونا

زخم بولنا: گھاؤ کے ٹانکے ٹوٹنا، تکلیف کا بڑھنا

زخم بھر جانا: گھاؤ کا اچھا ہونا، تکلیف میں کمی ہونا

زخم پر نمک چھڑکنا: تکلیف میں اضافہ کرنا، اور زیادہ

ستانا، مصیبت میں سخت سست کہنا

زخم تازہ ہونا: پرانی مصیبت یاد آنا، تکلیف پہنچنا

زخم جگر: جگر کے گھاؤ، رنج، مصیبت، تکلیف

زخم خوردہ: مصیبت کا مارا، زخمی

زخم دوزی: گھاؤ میں ٹانکے لگانا، مرہم پٹی کرنا

زخم کا انگور: زخم پر پڑنے والی پپڑی، کھرنڈ

زخم کھانا: مصیبت اٹھانا، گھائل ہونا، زخمی ہونا

زخم کھلنا: گھاؤ کا پھٹ جانا، رسنا

زخم ہرا ہونا: پرانی مصیبت تازہ ہونا، نیا گھاؤ لگنا

زخموں سے چور ہونا: بہت زیادہ مصیبت کا مارا ہونا

زخمہ: مذ، ساز بجانے کا اوزار، مضراب، وہ لکڑی جس سے نقارے پر مارتے ہیں

زخود رفتگی: مو، بے ہوشی، بے خودی، اپنے آپ میں نہ ہونا

زد: مو، چوٹ، مار، نشانہ، رنج، تکلیف، نقصان، ماری جانے والی شے

زد پڑنا: نقصان ہونا، نشانہ بننا

زدوکوب: مار پیٹ، مار دھاڑ

زدگی: مو، ضرب، چوٹ، مار

زدنی: چوٹ کے قابل، مارنے کے قابل، قتل کیے جانے کے قابل

زدہ: مار کھایا ہوا، چوٹ پہنچایا ہوا، ستایا ہوا، ہرا اگلا، کمزور

زر: مذ، سونا، طلا، سرمایہ، روپیہ، پیسہ، مال دولت، پھل کا زیرہ، سونے چاندی کے تار

زر آمدنی: مال گذاری، آمدنی، فائدہ

زر اصل: اصلی سرمایہ، کسی کام میں لگایا گیا سرمایہ، راس المال

زر افشاں: چمکتا ہوا، شادی بیاہ کا دعوت نامہ جس پر سنہرے رنگ کے باریک ٹکڑے چھڑک کے ہوئے ہوتے ہیں

زر باف: زربفت کا کام کرنے والا، کمخواب جو چمکدار تاروں سے بنایا جائے

زر باقی: بقایا، جو روپیہ حساب سے بچ جائے

زربفت: سونے اور ریشم کے تاروں سے بنا ایک کپڑا، کمخواب

زر بیعانہ: پیشگی دی جانے والی رقم

زر پاک عیار: کھرا سونا، خالص سونا، اصل سونا

زرتار: سونے کے تاروں سے بنائی گئی چیز

زر توفیر: زائد روپیہ، فاضل روپیہ

زر خرید: پیسے دے کر خریدا ہوا، غلام یا لونڈی، فریفتہ، معاشق

زر خیز: ہرا بھرا، سرسبز، شاداب

زردار: سرمایہ دار، مال دار

زردوز: سونے کے تاروں کا کام کرنے والا، زری کا کام کرنے والا، سلمہ ستارے ٹانکنے والا یا کام کرنے والا

زر عیار: خالص سونا، اصلی سونا، کھرا سکہ

زرِ قلب: کھوٹا سونا، کھوٹا سکہ

زرِ کُل: رقم مع سود کے، اصل رقم کے ساتھ سود ملا کر

زرکوب: چاندی سونے کے ورق بنانے والا

زرگر: سنار سونے چاندی کا کام کرنے والا

زرگری: سناری کا کاروبار، دکھاوٹ کی لڑائی، زبانی لڑائی

زرِ گُل: پھول کے اندر کا زیرہ

زرگون: سنہرا، سونے کے رنگ کا

زرِ مُبادلہ: بین الاقوامی تجارت میں کام آنے والا سکہ جیسے پونڈ یا ڈالر

زرِ مُعاوضہ: ہرجانہ، نقصان کی تلافی کے لیے ادا کیا جانے والا روپیہ

زرِ مُنافعہ: فائدہ کا پیسہ، سود

زرناب: اصلی سونا، خالص سونا

زرِ وا صلات: گروی رکھی ہوئی چیز سے حاصل ہونے والا فائدہ

زِراعت: مو، کھیتی باڑی، کاشت کاری

زرافہ: مذ، مترگاو، بہت اونچی گردن والا جانور جو افریقہ میں پایا جاتا ہے، یہ چتکبرے رنگ کا ہوتا ہے

زرتشت، زردوشت: مذ، آتش پرستوں کا مذہبی پیشوا، اس مذہب کا موجد

زرد: پیلا، سنہرا، زعفرانی رنگ کا

زردآلو: خوبانی، پیلا آڑو

زرد پڑنا: ڈر یا بیماری کی وجہ سے چہرہ کا رنگ پیلا ہو جانا

زرد چوب: ہلدی

زرد رُو: خوف زدہ، وحشت زدہ، ہراساں، خجل، شرمندہ، خوار، بے غیرت

زردک: مذ، گاجر

زعفران: مو، کیسر، زرد رنگ کا خوشبودار پھول

زعفران زار: زعفران کے کھیت، زرد پھولوں کی کثرت، ہلسی کی جگہ

زُعم: مذ، غرور، گھمنڈ، ناز، گمان، ظن، بہت زیادہ اعتماد

زَعیم: قائد، سربراہ، امیر، سردار، راہ نما، جمع زعماء

زغال: مذ، کوئلہ

زَغَن: مو، چیل

زَغند: مو، چھلانگ، کود پھاند، چوکڑی، جست

زِفاف: مو، سہاگ رات، مباشرت، دلہن کا سسرال جانا

زَقند: مو، کود، چھلانگ، جست

زَقوم: مذ، ببول، تھوہر، کانٹے دار جھاڑی

زَک: مو، خفت، سبکی، ندامت، شرمندگی، رسوائی، نقصان، شکست

زَک اُٹھانا: مو، خفت برداشت کرنا، سبکی ہونا، نقصان اٹھانا، شکست کھانا

زَک دینا: شرمندہ کرنا، ہرانا، ذلیل کرنا، شرمندہ کرنا

زَکا: مو بڑھنا، اضافہ ہونا، امیر

زُکام: مذ، گلے کے اندر خراش اور ناک سے پانی جیسی رطوبت بہنے والی بیماری

زَکاوَت: مو، اچھائی، نیکی، پاکیزگی، صفائی

زَکوٰۃ: دین محمدی کا چوتھا بنیادی رکن، خیرات، صدقہ، سرمایہ کا چالیسواں حصہ جو غریبوں میں تقسیم کر دیا جائے

زَکوٰۃِ حُسن: حسن کی خیرات، کنایۃً بوسہ

زکی: نیک، بھلا، پاک، زکوٰۃ ادا کرنے والا، جمع از کیا

زُلال: مذ، صاف ستھرا پانی، میٹھا اور ٹھنڈا پانی، نتھرا ہوا پانی

زُلزلہ: مذ، بھونچال، زمین کی جنبش، ہلچل، کھلبلی

زُلف: مو، کان پر لٹکنے والا بالوں کا لچھا، کاکل، گیسو

زُلفِ پریشاں: بکھرے ہوئے بال، الجھے ہوئے بال

زُلفِ تاب دار: گھونگھریالے بال

زُلفِ شب: رات کی سیاہی، تاریکی شب

زُلفِ عنبریں: مہکتے ہوئے بال، خوشبو سے معطر بال

زُلف کا سَودا ہونا: فریفتہ ہونا، دل دینا

زُلفِ گرہ گیر: الجھے ہوئے بال، پیچیدگی پیدا کرنے والے بال

زُلفی: مو، دروازے کی زنجیر

زَلَل: مذ، پھسلنا، لڑکھڑانا، لغزش کرنا، ٹھوکر کھانا، گرنا، غلطی کرنا

زَلو، زَلوک: جونک، پانی میں پایا جانے والا کیڑا جو جسم میں لپٹتا ہے

زَلّہ: مذ، سامنے کا بچا ہوا کھانا، جھوٹا، پس خوردہ، جمع زلّات

زَلّہ رُبا: بچا کھچا کھانے والا، خوشہ چین، استفادہ کرنے والا

زُلیخا: مو، خوب صورت خاتون، حضرت یوسفؑ پر فریفتہ ہونے والی عزیز مصر کی بیوی

زِمام: مو، نکیل، باگ، جمع اَزِمّہ

زَماں: مذ، زمانہ، وقت، گھڑی، عہد، دور

زَمانہ: مذ، وقت، دہر، مدت، عرصہ، عہد، دور، موسم، فصل، حالات، حکومت، گردش، عالم، مقدر، آسمان کی گردش، سماں، جمع از منہ

زمانہ با تو نہ سازد تو با زمانہ بساز: اگر زمانہ تیرے موافق نہیں تو تو زمانہ کے مطابق ڈھل جا

زمانہ بدلنا: مقدر جاگنا، الٹ پلٹ جانا

زمانہ بسر کرنا: گزران کرنا، وقت گزارنا

زمانہ بھر کا چھٹا ہوا: بہت بڑا بدچلن یا آوارہ

زمانہ پر روشن ہونا: سبھی کو معلوم ہونا، ہر ایک کی واقفیت

زمانہ پھر جانا: کسی کے خلاف سبھی لوگوں کا دشمن ہونا، حالات کا بدل جانا

زمانۂ جاہلیّت: سرزمین عرب میں اسلام کی آمد سے پہلے کا دور

زمانہ چڑھا ہونا: بہت زیادہ تجربہ کار ہونا، ماہر ہونا

زمانۂ حال: موجودہ وقت، وقت جو گزر رہا ہے

زمانہ دیکھے بیٹھے ہیں: بہت کچھ دیکھا ہے، تجربہ کار ہیں

زمانہ ساز: موقع پرست، ابن الوقت، خودغرض، چاپلوس

زمانہ سے اُٹھنا: غائب ہو جانا، ناپید ہونا

زمانہ سے نرالا: سب سے انوکھا، عجیب وغریب

زمانہ کی گردش: دنوں کا الٹ پھیر، انقلاب حالات کی تبدیلی

زمانہ گزرنا: بہت دن ہو جانا، عرصہ ہونا

زمانہ موافق ہونا: قسمت اچھی ہونا، بخت آور ہونا

زمانہ نازک ہونا: جس زمانے میں عزت وآبرو کی حفاظت مشکل ہو

زمانہ ہوا: بہت دن گزرے، مدت ہوئی

زمانیاں: مذ، وقت کے لوگ، زمانے کے انسان

زُمرُّد: مذ، ہرا رنگ، بیش قیمتی پتھر

زُمرہ: مذ، جماعت، گروہ، ٹولی، دوست، بھیڑ، لشکر

زَمزَم: مذ، بیت اللہ میں موجود کنوئیں کا نام

زَمزمہ: مذ، نغمہ، ترانہ، ترنم، گیت، موسیقی، آہنگ کی مدھم آواز

زَمزمی: مو، آب زمزم رکھنے کا برتن، جو شخص حاجیوں کو زمزم کا پانی تقسیم کرتا ہے

زَمستان: مذ، جاڑا، سردی، موسم سرما

زَمَن: مذ، وقت، زمانہ، جمع ازمان، ازمنہ

زَمہریر: مذ، سخت سردی، کڑاکے کا جاڑا، فضا کا سب سے سرد طبقہ، دوزخ کا سب سے سرد حصہ

زَمی: مو، زمین کا مخفف، خاک، ارض، دھرتی

زمین: مو، خاک، ارض، کرۂ ارض، ردیف وقافیہ، وزن وبحر، عالم، جہان، ملک، دیس، بنیاد، کپڑے اور کاغذ کی اصلی سطح یا رنگ

زمین آسمان ایک کر دینا: کسی چیز کی کھوج کونے کونے کرنا، بے حد کوشش کرنا

زمین آسمان کا فرق: بہت زیادہ فرق، بہت زیادہ فاصلہ

زمین آسمان کے قلابے ملانا: بہت زیادہ جھوٹ کہنا، بے حد مبالغہ کرنا، خودستائی کرنا، بکواس کرنا، بے جوڑ باتوں کا ملانا

زمین بوسی: زمین چومنا، کسی کی نیاز مندی میں زمین چھو کر سلام کرنا

زمین پاؤں تلے سے نکل جانا: دہشت زدہ ہونا، بے چین ہونا

زمین پر پاؤں نہ رکھنا: ناز کرنا، اترانا

زمین پر ڈھیر ہو جانا: لڑھک جانا، گر پڑنا

زمین دوز: زمین کے نیچے، زیر زمین

زمیں قند: ایک طرح کی ترکاری، سُورن

زمین میں گونا: دفن ہونا، بہت نادم ہونا

زمین ناپنا: گھومنا، سفر کرنا، بے مقصد پھرنا

زَن: مو، عورت، بیوی، فاعل کے لیے بھی مستعمل ہے، جیسے حرف زن، تیغ زن، جمع زناں

زَن مُرید: بیوی کا غلام، جورو کا فرماں بردار

زَن وشو: عورت اور مرد، بیوی اور میاں

زَن زَن: بہت رواں، فرفر

زِنا: مذ، حرام کاری، ناجائز مباشرت

زِنا بالجبر: عورت سے زبردستی اور ناجائز ہم بستری

زِنا کار: بدکاری کرنے والا، حرام کار

زَناٹا: مذ، فضا میں بہت تیز گزرنے کی آواز

زَناخ: مو، کبوتر یا مرغ کے سینے کی دو شاخہ ہڈی

زُنّار: مذ، مو، جنیئو، وہ تاگا جو ہندو گردن میں ڈالتے ہیں

زَنان خانہ: عورتوں کے رہنے لیے مکان کا خاص حصہ، حرم سرا

زنانہ: مذ، نامرد، ہیجڑا، زنخا، پردہ دار عورتوں کے لیے رہنے کی جگہ

زَنبق: مذ، چمپا، ایک طرح کی چمیلی، روغن چمیلی، مرہم کی ایک قسم، شراب

زَنبور: مذ، بھڑ، شہد کی مکھی، چھوٹی توپ، جمع زنابیر

زَنبور خانہ: بھڑوں کا چھتہ

زَنبورِ عسل: شہد کی مکھی

زَنبورچی: مذ، توپ داغنے والا

زَنبورَک: مو، چھوٹی توپ

زَنبورہ: مذ، مو، شہد کی بڑی مکھی، دو کدو دار ستار، کنگری، بین

زَنبیل: مو، سوکھے کدو کا بنا ہوا فقیروں کا کاسہ، کھجور کے پتوں سے تیار کردہ ٹوکری، کشکول، جھولی، جم زنابیل

زَنبیلِ عمرو عیار: عمرو عیار کے پاس رہنے والی ایک روایتی جھولی جس میں وہ ہر چیز رکھتا تھا، جس جھولی میں چیزیں رکھنے کی بڑی گنجائش ہو

زَنجبیل: مو، سونٹھ، جنت کی ایک نہر کا نام

زَنجیر: مو، دروازے کی کنڈی، لڑی، بیڑی

زَنجیر کرنا: پاؤں میں بیڑی ڈالنا، قید کرنا

زنجیرہ: مذ، زنجیر کی شکل، کپڑے پر حلقہ دار کڑھایا بنا ہوا کام

زَنخا: مذ، نامرد، کم ہمت، عورتوں کی خصلت رکھنے والا

زَنخداں: مو، ٹھوڑی

زِنداں: مذ، جیل، قید خانہ

زِندانی: قیدی، اسیر

زِندیق: مذ، شرک، کفر، الحاد، بے دینی

زِندگانی، زندگی: مو، حیات، عمر، زیست

زندگی دُوبھر ہونا: جان مشکل ہونا، عمر کا بوجھ بن جانا

زندگی سے بیزار ہونا: حیات سے عاجز آ جانا، جینے کی خواہش نہ رکھنا

زندگی سے ہاتھ دھونا: مرنے کو تیار ہونا، جینے سے مایوس ہو جانا

زندگی کے دن پُورے کرنا: بہت تکلیف سے زندگی بسر کرنا

زندگیِ مستعار: مانگی ہوئی حیات، ناپائدار زندگی

زندہ: جان دار، ذی حس، تر و تازہ، ہرا بھرا، ذی روح

زندہ باد: بیتا رہے، قائم رہے

زندہ پیل: نر ہاتھی، بڑے ڈیل ڈول والا ہاتھی

زندۂ جاوید: امر، لازوال، نہ مرنے والا

زندہ دارانِ شب: عبادت گزار، رات بھر جاگ کر عبادت کرنے والے، پہرے دار

زندہ گور: موت سے بدتر زندگی، سخت تکلیف کی زندگی

زندہ دل: ہنس مکھ، خوش مزاج، ہنسنے ہنسانے والا ظریف

زندیق: مذ، بے دین، دین سے بیگانہ، ملحد، کافر، جو خدا پر یقین رکھتے ہوں، خدا کا منکر، جمع زنادقہ

زنگ: مذ، مورچہ، لوہے کی کثافت، میل، گندگی، گھنٹی

زنگ آلود: مورچہ لگا ہوا، رنگ لگا ہوا

زنگار: مذ، زنگ، مورچہ، نیلا تھوتھا، تانبے کا رنگ یا کساؤ

زنگاری: سبز، ہرا، زنگار کے رنگ کا

زنگولہ: مذ، گھنٹہ، گھنگرو، ایک سُر

زنگی: حبش کا رہنے والا، زنجبار کا باشندہ

زنگی ہڑ: ہلیلہ سیاہ، کالی اور چھوٹی ہڑ

زنہار: ہرگز، کبھی نہیں، ہوشیار، خبردار، پناہ، حفاظت

زوّار: زائر، زیارت کرنے والا

زوال: مذ، تنزل، نقصان، ناکامی، موت، اتار، بدقسمتی، سورج کا دوپہر کے بعد ڈھلنا

زوال پذیر: کم ہونے والا، تنزل کی طرف مائل

زوائد: مذ، زائد کی جمع، زیادہ، فضول، بے کار

زوج: مذ، جوڑا، جفت، شوہر، بیوی، جمع ازواج

زوجہ: مو، بیوی، عورت، اہلیہ، جمع ازواج

زوجیت: مو، نکاح، شادی، شوہر ہونا

زود: شتاب، جلد، فوراً، ابھی

زود پشماں: بہت جلد پچھتانے والا

زود رس: بہت جلد اصل حقیقت کو سمجھ لینے والا، ذہین

زود فراموش زود لاغر: کسی ایک بات پر قائم نہ رہنے والا، ہر دم رائے بدلنے والا

زود فہم: ذہین، ہوشیار، عقل مند

زور: مذ، مکر، فریب، دھوکا

زور: مذ، طاقت، بل، توانائی، قابو، اختیار، وزن، ظلم، جد و جہد، مشقت، حمایت، سہارا

زور آزمانا: توانائی کا مظاہرہ کرنا، قوت کا امتحان کرنا، لڑائی

زور آور: زبردست، مضبوط، طاقت ور

زورِ بازو: نجی طاقت، اپنی قوت، ہمت، توانائی

زور پڑنا: دباؤ ہونا، بے بس کیا جانا، قوت خرچ ہونا

زور پکڑنا: طاقت حاصل کرنا، اضافہ ہونا، بڑھنا، زیادہ ہونا

زور توڑنا: طاقت ختم کرنا، شکست دینا، غرور ختم کرنا

زور چلانا: جبر وزبردستی سے کام کروانا

زور چلنا: قابو ہونا، بس چلنا، اختیار ہونا

زوردار: طاقت ور، ہمت والا، مضبوط

زور دینا: طاقت دینا، توجہ دینا، اہمیت دینا

زور ڈالنا: بے بس کرنا، مجبور کرنا، طاقت دکھانا، عاجز کرنا

زور زور سے: پوری قوت سے، طاقت سے، چیخ چیخ کے

زور شور: جوش و خروش، زیادتی، شدت، تیزی، جدوجہد، اشتیاق

زور ظلم: سختی، زیادتی، جبر وقہر

زور کرنا: قوت کرنا، طاقت کی آزمائش کرنا، پہلوانوں کا آپس میں مل کر ورزش کرنا، جدوجہد کرنا

زور لگانا: قوت لگانا، جدوجہد کرنا، مدد کرنا، ڈھکیلنا، ہاتھ سے دھکا دے کر آگے بڑھانا، ہمت کرنا

زور مارنا: کوشش کرنا، طاقت صرف کرنا

زور نکال دینا: کمزور کر دینا، گھمنڈ ختم کرنا

زورق: مو، ناؤ، کشتی، چھوٹا ڈونگا، کشتی نما ٹوپی

زوفا: مذ، ایک طرح کا پودا

زہ: مذ، پیدا کرنا، جننا، اولاد پیدا کرنا، بہت خوب، شاباش، مو، کمان کا چلہ، فیتہ، جھالر، انعام واکرام

زہاد: مذ، زاہد کی جمع، نیک لوگ، متقی یا پرہیزگار لوگ

زہار: مو، شرم گاہ، پیڑو

زہد: مذ، نیکی، پرہیزگاری، تقویٰ دین داری

زہر: مذ، سم، وس، جس کے پینے سے موت آجائے، ہلاہل، غصہ، غضب، کڑوا، برا، نقصان رساں، مہلک

زہر آب: زہر ملا ہوا پانی، غصہ، رنج، پیشاب

زہر آشام: زہر میں بجھا ہوا، زہر پینے والا

زہر آگیں: زہر آلود، زہر بھرا ہوا، زہریلا، زہر ملا ہوا

زہر اُگلنا: کسی کو بری باتوں سے یاد کرنا، چغل خوری کرنا، اشتعال دلانا، قہر وغضب کرنا، فساد برپا کرنا

زہر باد: پھوڑے کی بیماری جس میں پھوڑے کا زہر تمام جسم میں پھیل جاتا ہے

زہر پھیلنا: پورے بدن میں زہر کا اثر پھیل جانا

زہر چڑھنا: زہر کا اثر جسم میں پھیلنا، بس پھیلنا

زہر خند: غصہ، غم یا شرمندگی میں آنے والی ہنسی

زہر کا پتلا: بہت زیادہ شیطان، بہت شریر

زہر کھانا: بس کھانا، مرجانا، عداوت کرنا، رشک کرنا، کینہ رکھنا، حسد کرنا

زہر کے گھونٹ لگنا: ناپسندیدہ بات کو مجبوراً قبول کرنا، قہر وغضب برداشت کر لینا، غصہ پی جانا

زہر لگنا: ناپسندیدہ ہونا، ناگوار ہونا

زہر مار: زہر کے اثر کو ختم کرنے والا

زہر مار کرنا: ناپسندیدہ چیز کو مجبوراً کھانا

زہر مہرہ: زہر کو جذب کرنے والا پتھر

زہر میں بجھانا: اوزار کو زہر کے پانی میں بجھا کر

زیادہ مہلک بنانا

زہر ہلاہل: بہت تیز اثر رکھنے والا، زہر، زہر قاتل

زہرا: چمکدار، منور، حضرت فاطمہؓ کا لقب

زُہرہ: مذ، پتہ، بدن کا ایک اندرونی حصہ، قوت، ہمت، حوصلہ، دلیری

زُہرہ آب ہونا: ہمت ہارنا، شکست کھانا، خوف کھانا

زُہرہ پھٹنا: خوف زدہ ہونا، رعب کھانا، حیرت زدہ ہونا، حسد کرنا، دل دھڑکنا

زُہرہ: مو، ایک سیارے کا نام، ناہید

زُہرہ جبیں: زہرہ کی طرح چمکتی ہوئی پیشانی، حسین، خوب صورت

زہر یلا: زہر آلود، فسادی

زہے: شاباش، بہت خوب، واہ وا، کہا کہنا

زہے نصیب: خوش بختی، اچھی قسمت

زہیر: دبلا پتلا، کمزور، ناتواں، اداس، افسردہ

زیاد: زیادہ کا مخفف

زیادتی: مو، کثرت، افراط، ظلم، زور زبردستی

زیادہ: کثیر، فاضل، سوا، بہت، وافر

زیادہ: مغرور، گھمنڈی، متکبر

زیادہ سے زیادہ: حد سے حد، بہت سے، بہت

زیارت: مو، کسی مقدس جگہ کو دیکھنا، جمع زیارات

زیارت گاہ: مقدس جگہ، پاک مقام

زیاں: مذ، نقصان، گھاٹا، کمی

زیاں کار: نقصان پہنچانے والا، نقصان دہ

زیب: مو، بناؤ سنگار، آرائش، زینت، حسن نکھارنا

زیب تن کرنا: پہننا، بدن پر سجانا

زیب دینا: خوش نما لگنا، بھلا لگنا، مناسب ہونا، حسن بڑھانا

زیبا: حسین، خوب صورت، بھلا لگنے والا، آراستہ، سجا ہوا

زیبائی: مو، اچھائی، خوشنمائی، خوبی، خوبصورتی

زیبرا: مذ، افریقہ میں پایا جانے والا جانور جس کے جسم کی کھال پر دھاریاں ہوتی ہیں

زیبق: مذ، سیماب، پارہ

زیبندہ: خوبصورت، خوش نما، حسین

زَیت: مذ، زیتون کا تیل، تیل، پٹرول

زیتون: مذ، ایک درخت جس کے پھل سے تیل نکالتے ہیں

زیٹ: بکواس

زیلک: چھوٹے قد کا، ناٹا، ٹھگنا، بے حیا، بے غیرت

زیگ: مو، راج کا دھاگا، جنتری

زَید: مسلمانوں کا نام، ایک مشہور صحابی کا نام جو ثابت کے بیٹے تھے

زیدی: حضرت زیدؓ کی نسل سے

زیر: مذ، نیچے، کم درجہ کا، کمزور، ہلکی آواز

زیر انداز: وہ کپڑا یا چمڑا جو حقے کے نیچے فرش کی حفاظت کے لیے بچھاتے ہیں

زیرِ بار: بوجھ کے نیچے، احسان سے دبا ہوا

زیرِ باری: قرض، احسان سے دبنا

زیر بریاں: ایک طرح کا کھانا

زیر بند: گھوڑے کا تنگ

زیرِ پائی: ایک قسم کی جوتی، سلیپر

زیرِ تجویز: کسی معاملہ پر غور ہونا

زیرِ حراست: جیل میں، قید میں

زیرِ خاک: قبر میں، لحد میں، مٹی میں

زیرِ دست: عاجز، مظلوم، ماتحت

زیرِ ران: قابو میں، پنجہ میں، گرفت میں

زیرِ سایہ: سایہ کے نیچے، حمایت میں

زیر کرنا: مغلوب کرنا، مفتوح کرنا، ہرانا

زیرِ لب: ہلکی ہلکی آواز سے، پوشیدہ کہنا

زیرِ مشق: وہ کاغذ یا گتہ جس پر لکھائی کی مشق کی جائے

زیرِ نظر: قید میں، نظر میں

زیرِ نگیں: حکومت، تصرف میں، قلمرو میں

زیر و بم: ہلکا اور اونچا سُر، طبلے یا نقارے کا دایاں یا بایاں رخ

زیر و زبر: درہم برہم، تہس نہس، برباد، کسرہ اور فتحہ

زیرک: دانا، عقلمند، پڑھا لکھا، سمجھدار

زیرہ: مذ، ایک خوشبودار باریک بیج جو مسالے کے طور پر کام آتا ہے

زیرہ سفید: اجلے رنگ کا زیرہ

زیرہ سیاہ: کالے رنگ کا زیرہ

زیرہ زیرہ کرنا: ریزہ ریزہ کرنا، باریک باریک کرنا

زیرین: نیچے، تلے کا، پائین

زیست: زندگی، حیات، جیون

زیل: مو، بچوں کی آواز، مہین اور ہلکی آواز

زین: مذ، زیب و زینت، سجاوٹ، آرائش، آرائنگی

زین: چار جامہ، کاٹھی، پالان، کجاوہ

زین پوش: وہ کپڑا جو زین کے اوپر ڈالتے ہیں

زین ساز: زین بنانے والا

زین سازی: زین بنانے کا کام

زینت: زیبائش، آرائش، سجاوٹ

زینت بخشنا (دینا): سجانا، آراستہ کرنا، کسی محفل میں تشریف لانا

زینتِ پہلو: بیوی، محبوب، ساتھ بیٹھنے والا

زینہ: مذ، سیڑھی، زبان

زیور: مذ، زیب و رکا مخفف، اچھا لگنے والا، گہنا

زیور بڑھانا: زیور اتار دینا

زیور توڑ دینا: شوہر کے مرجانے کے بعد زیور کے ٹکڑے ٹکڑے کر دینا

ژ

ژاژ: اونٹ کٹارا، بکواس، بے فائدہ گفتگو

ژاژ خا: بکواس کرنے والا

ژاژ خائی: بکواس کرنا

ژالہ: اولا

ژالہ باری: اولے گرنا، اولے برسنا

ژالہ زدگی: اولوں سے فصلوں کو نقصان ہونا

ژرف: گہرا، عمیق

ژند: بزرگ، قلندر، پارسیوں کی مقدس کتاب کا نام

ژندہ: گدڑی، خرقہ، ست، کاہل

ژولیدگی: الجھاؤ، پریشانی

ژولیدہ: الجھا ہوا، پریشان، درہم برہم

ژولیدہ حال: پریشان خاطر، آشفتہ دل

ژولیدہ مُو: بکھرے ہوئے بال، وہ شخص جس کے بال بکھرے ہوئے ہوں

س

سا: ساں اور آسا کا مخفف، مثل، مانند، مطابق، جیسا، طرح

سائر: نقب لگانے کا آلہ، سَبری، چھوٹا اوزار

سابع: ساتواں، ہفتم

سابق: اگلا، پہلا، پچھلے زمانہ کا، آگے بڑھ جانے والا

سابق الذکر: وہ چیز یا شخص جس کا ذکر پہلے ہی ہو چکا ہو

سابق دستور: حسب دستور، پہلے کی طرح

سابقاً: پہلے زمانہ میں، پہلی بار

سابقہ: اگلا، تجربہ، معاملہ، قدیم جان پہچان

سابودانہ: ندسا گودانہ، ایک دانہ جو مریض کو طاقت کے لیے کھلاتے ہیں

سات: (7)، آٹھ سے ایک کم

سات پانچ: دھوکہ، چال بازی

سات پانچ کرنا: فریب سے کام لینا، حیل وحجت کرنا، بہانہ تراشنا

سات پانچ لانا: جھگڑا نکالنا، الجھنا، حجت کرنا

سات پانچ نہ جاننا: فریبی نہ ہونا، سادہ لوح ہونا

سات پردوں میں رکھنا: بڑی حفاظت کرنا، بہت احتیاط سے رکھنا، ہوا نہ لگنے دینا

سات پشت: سات پیڑھی، تمام نسل

سات توں سے منہ کالا کرنا: بہت رسوا کرنا، احترام نہ کرنا، بہت ذلیل ہونا

سات سمندر: دنیا کے تمام سمندر

سات سوچ ہے کھا کے بلی چلی حج کو: بہت سے برے کام کرنے کے بعد توبہ کر لینا

سات ماموؤں کا بھانجا: سارے خاندان کا پیارا، وہ شخص جو ماں باپ کے بعد بھی اپنے پاؤں پر کھڑا نہ ہو سکے

ساتر: چھپانے والا، پردہ کرنے والا

ساتگین مذ، شراب کا بڑا پیالہ، قدح

ساتویں آسمان پر مزاج ہونا: بہت مغرور ہونا، تکبر کرنا

ساتھ: مذ، ہمراہ، شریک، ساجھے میں، رفاقت، دوستی

ساتھ چھوٹنا: بچھڑنا، جدا ہونا، ان بن ہو جانا

ساتھ چھوڑنا: دوستی نہ کرنا، مدد نہ کرنا، خوشی و غم میں شریک نہ رہنا

ساتھ رہنا: ایک کمرہ یا گھر میں رہنا، عورت کا کسی سے آشنائی رکھنا

ساتھ سونا: کسی کے ساتھ ایک ہی بستر پر سونا، جماع کرنا

ساتھ لگا پھرنا: پیچھے پیچھے لگے رہنا، ساتھ نہ چھوڑنا

ساتھ لینا: ساتھ کر لینا، سنگ کر لینا

ساتھی: دوست، مددگار، معاون، اردو کا ایک روزنامہ جو پٹنہ سے نکلتا ہے

ساٹھ: انسٹھ اور ایک (60)

ساٹھا: ساٹھ سال کی عمر کا آدمی

ساٹھا پاٹھا: ساٹھ سال کی عمر کا ہو کر جوان جیسی طاقت والا

ساجد: سجدہ کرنے والا، سر جھکانے والا

ساجدہ: ساجد کا مؤنث

ساجن، سجن: مذ، شوہر، محبوب، دلبر

ساجھا: مذ، حصہ داری، شرکت

ساجھے کا کام اتارے چام: شرکت کے کام میں اکثر نقصان ہوتا ہے

ساجھی: حصہ دار، کسی ایک کاروبار میں شریک

ساچق: برات سے ایک روز پہلے کی رسم جس میں نوشاہ کے یہاں سے دلہن کے لیے مٹھائی، نقل، مصری میوہ کی ٹھلیاں، سہاگ پڑا، مہندی تیل پھلیل جوڑا، عطر اور پان کے بیڑے لے کر جاتے ہیں اور اس دن دلہن کے مہندی لگاتے ہیں

ساحت: مذ، آنگن، احاطہ، میدان، وسیع جگہ

ساحر: مذ، جادوگر

ساحری: جادو کا پیشہ، جادو کا کام، جادوگری

ساحل: مذ، دریا یا سمندر کا کنارہ

ساختہ: بنا ہوا، بنایا ہوا، گڑھا ہوا، نقلی

سادات: مذ، سید کی جمع، وہ قوم جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے خاندان اور حضرت فاطمہؓ کے بطن سے ہو

سادگی: مذ، صفائی، بغیر بناوٹ، سچائی

سادہ: بغیر استعمال شدہ، خالص، وہ جس میں نقشے وغیرہ نہ ہوں

سادہ پُرکار: شوخ وچالاک محبوب

سادہ پن: سادگی، سچائی، خلوص

سادہ دل: صاف دل، بغیر کینہ کپٹ والا

سادہ رخ، سادہ رو، سادہ عذار: وہ جوان جس کی مسیں ابھی نہ بھیگی ہوں، محبوب

سادہ کار: اچھے کام بنانے والا، زیورات کا کام کرنے والا

سادہ لوح: سیدھا سادہ آدمی

سادہ لوحی: سادگی، سیدھا پن

سادہ وضع: وہ شخص جو اپنے لباس میں تکلف نہ کرے

سادھن: تدبیر، علاج، چارہ کار، ذریعہ

سادھو: جوگی، فقیر، تارک الدنیا، بھولا

سار: مانند، طرح، اونٹ، خچر

ساربان: اونٹ ہانکنے والا، سانڈنی سوار

سارا: کل، تمام، سب کا سب

سارا جسم زبان ہونا: بہت زیادہ بولنا

سارا گھر سر پر اٹھالینا: بہت شور مچانا، بہت زیادہ ظلم کرنا

سارے نیوں کی ایک ہی مت: سب کنجوس ایک ہی جیسے ہوتے ہیں

سارے جہاں کا تھوکنا: ہر ایک کا کسی کو برا کہنا

سارے شہر میں اونٹ بدنام: جو ایک بار بدنام ہو جائے اسی پر شبہ کیا جاتا ہے

سارس: مذ، ایک سفید رنگ کا پانی کا پرندہ، کلنگ

سارس کی سی جوڑی: پکے دوست جو ہر جگہ ساتھ رہتے ہیں

سارق: چور، چوری کرنے والا

سارنگ: مذ، شہد کی بڑی مکھی، بادل، ایک قسم کا باجا

سارنگی: ایک قسم کا باجہ جس میں تار لگے ہوتے ہیں

ساری: اثر کرنے جاری رہنے والا

ساری خدائی کا جھوٹا: بہت جھوٹا، نہایت دروغ گو، پکا فریبی

ساری رات عیائی ایک بچہ بیائی: محنت بہت کی مگر نتیجہ بہت کم نکلا

ساری زلیخا پڑھی اور یہ نہ معلوم ہوا کہ زلیخا عورت تھی یا مرد: ساری رامائن پڑھ گئے مگر یہ نہ معلوم ہوا کہ سیتا کون تھی

ساری عمر بھاڑ ہی جھونکا: پوری زندگی بے کار کام کرتے رہے

ساڑھو: مذ، سالی کا شوہر، ہم زلف

ساڑی: سو، ایک قسم کی دھوتی جسے عورتیں پہنتی ہیں

ساز: مذ، سامان، اثاثہ، لڑائی کے سامان، گانے بجانے کے سامان

ساز باز کرنا: سازش کرنا، آپس میں مل جانا

سازچھیڑنا: گانا بجانا شروع ہونا

سازِ سفر: سفر کا سامان، سفر میں کام آنے والی چیزیں

سازوسامان: ضروریاتِ زندگی، اسبابِ زندگی

سازش: مو، کسی کو نقصان پہنچانے کے لیے باہم متفق ہو کر کام کرنا

سازشی: سازش میں شریک

سازگار: مناسب، موزوں، لائق

سازندہ: ساز بجانے والا

ساس: بیوی یا خاوند کی والدہ، خوش دامن

ساس کو ٹھے بہو چبوترے: ساس کے بنتے ہی بہو کو آزادی مل جاتی ہے

ساس کو ٹھے پر کی گھاس: بہوئیں اپنی ساسوں کو خاطر میں نہیں لاتیں

ساس نہ نندی آپ ہی آنندی: نہ ساس ہے اور نہ بہو پھر آرام ہی آرام ہے

ساسانی: پرانے ایرانی بادشاہوں کا ایک خاندان

ساطع: اونچا، چمکدار، درخشاں، لامع

ساطور: بڑا چھرا، کٹار

ساعت: مو، گھڑی، لمحہ، وقت، گھنٹہ، پل

ساعت دیکھنا: کوئی کام شروع کرنے کے لیے اچھے یا برے وقت کا انتظار کرنا

ساعتِ سعید: اچھا وقت، مبارک وقت

ساعد: مذ، کلائی سے کہنی تک

ساعی: ڈاکیہ، دوڑنے والا، کوشش کرنے والا

ساغر: مذ، شراب کا پیالہ، گلاس، کٹورا

ساغر چلنا: شراب پیا جانا، شراب پینا

ساغر کش: قدح کش، شراب نوشی

ساغری: مو، گھوڑے یا انسان کی مقعد

سافل: کم درجہ کا، نیچے کے حصے کا

ساق: مو، پنڈلی، ڈنڈل، ڈنڈی

ساق پوش: موزہ، بڑی جراب

ساقط: گرنے والا، گرا ہوا، چھوڑا ہوا، چھٹا ہوا

ساقط کرنا: گرانا، گرا دینا، مصرع کو وزن سے خارج کرنا

ساقط ہونا: حمل کا ضائع ہونا، بحر یا وزن سے گرنا

ساقول: راجوں کا وہ آلہ جس سے وہ دیواروں کی سیدھ معلوم کرتے ہیں

ساقی: مذ، شراب یا حقہ پلانے والا

ساقیٔ ازل: اللہ تعالیٰ

ساقیٔ کوثر: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ساقی گری: شراب پلانے کا کام

ساکت: بے حس و حرکت، خاموش، چپ چاپ

ساکن: رہنے والا، بسنے والا، قیام کرنے والا

ساکھ: عزت، شہرت، نیک نامی، بھرم

ساکھ جانا: عزت کو بٹہ لگنا

ساکھ لاکھ سے اچھی: نیک نامی دولت سے زیادہ کام آتی ہے

ساکھا: شاخ، ٹہنی، ڈال، زور کی لڑائی، جنگ

ساکھا پڑنا: زور کی لڑائی ہونا، بہت بڑا حادثہ ہونا

ساکھی: سکھی، سہیلی

ساگ: سبزی ترکاری، وہ سبزیاں جن کے پتے ہی استعمال ہوں

ساگ پات: بھاجی، سبزی

ساگر: مذ، سمندر، بحر، بڑا دریا

سال: مذ، ایک درخت، ساکھو

سال گرام: ایسا جنگل جہاں سال کے پیڑ زیادہ ہوں

سال: مذ، برس، عمر، سنہ

سال الٰہی: وہ سنہ جو اکبر کے زمانہ میں ایجاد ہوا

سال بکرمی: راجہ بکرماجیت کا سنہ جو 57 قبل مسیح سے شروع ہوتا ہے

سال بھر: پورے سال، تمام سال

سالِ جلوسی: وہ سنہ جو کسی بادشاہ کی تخت نشینی سے شروع ہو

سال خوردہ: بوڑھا، تجربہ کار، مجرب، جہاں دیدہ

سالِ رواں: موجودہ، وہ سنہ جو چل رہا ہو

سالِ عیسوی: سنہ عیسوی جو حضرت عیسیٰ کی پیدائش سے شروع ہوتا ہے اور اب اس کا 2014ء ہے

سالِ قمری: وہ سال جس کا حساب چاند سے ہوتا ہے

سال گرہ: تقریب یوم پیدائش، کسی بچے کی پیدائش کے دن خوشی کی تقریب منانا

سالنامہ: کسی رسالہ کا ہر سال کا خصوصی شمارہ، ایسا رسالہ جو سال میں ایک ہی بار نکلے

سالِ ہجری: سنہ ہجری، وہ سنہ جو حضرت محمدؐ کی ہجرت کے بعد سے شمار ہوتا ہے

سالار: سردار، افسر، رہبر

سالارِ بیت الحرام: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

سالارِ قافلہ: کارواں کا سردار، کارواں کا امیر

سالارِ قوم قوم کا امیر

سالانہ: سال بھر کا چندہ، وہ جلسہ جو ہر سال ہوتا ہو، وہ امتحان جو سال کے آخر میں لیا جائے، سال بھر

سالِک: راہ رو، راستہ چلنے والا، خدا کی راہ پر گامزن، اردو کے مشہور شاعر، ادیب اور صحافی عبدالمجید کا تخلص

سالم: پورا، تمام، جس میں کوئی نقص نہ ہو، تندرست

سالمیّت: پھٹا پھوٹا ہونے کی حالت، وہ چیز جو تقسیم نہ ہو سکے

سالن: مذ، روٹی کے ساتھ کھائی جانے والی چیز، گوشت، سبزی، دال وغیرہ

سالوس: ریاکاری، دھوکہ، چھل، فریب

سالی: مو، بیوی کی بہن

سامان: اسباب، ضروریاتِ زندگی کی چیزیں

سامانِ تفریح: ایسی چیزیں جو دلوں کی تفریح کا سبب ہوں

سامانِ جنگ: لڑائی میں کام آنے والی چیزیں، ہتھیار تلوار وغیرہ

سامراج: مذ، شہنشاہی نظامِ حکومت، دوسرے ملکوں پر قبضہ کرنے کی پالیسی

سامراجی: سامراج کا، سامراجی طور وطریق

سامری: مذ، ایک یہودی جس نے حضرت موسیٰؑ کے زمانے میں سونے چاندی کا بچھڑا بنا کر بنی اسرائیل سے اس کی پوجا کروائی، فنکار، مصور

سامع: سننے والا، سماعت کرنے والا، تراویح میں حافظ کے پیچھے سننے والا

سامعہ: مو، سننے والی، سننے کی قوت وصلاحیت

سامعین: کسی جلسہ یا تقریب کے حاضرین، سننے والے

سامنا: مذ، ملنا، ملاقات، لڑائی، آمنے سامنے

سامنا کرانا: مقابلہ کرانا، کسی بات کے لیے یقین دلانا

سامنا کرنا: بدتمیزی سے جواب دینا، جھگڑا کرنا، لڑنے کے لیے آنا

سام وید: ہندوؤں کے چار مبارک ویدوں میں دوسرا وید

سامنے آنا: مقابلہ کرنا، روبرو آنا، مواجہہ میں آنا

سامنے پڑنا: سامنے آجانا، یوں ہی نظر پڑ جانا

سامنے کی بات: آنکھوں دیکھا حال، چشم دید گواہ

سامی: اونچا، بلند مرتبہ، قابلِ قدر، عرب کا

سان: مو، دھار لگانے کا پتھر

سان چڑھانا: سان دھرنا، سان رکھنا، سان لگانا، دھار کو تیز کرنا

سان گمان: یک بیک، بغیر امید کے، ایسی حالت میں کہ اس کا خیال تک نہ ہو

سانپ: ایک رینگنے والا زہریلا کیڑا، ناگ، افعی

سانپ اتارنا: سانپ کے کاٹے کا زہر دور کرنا

سانپ چھاتی پر (پھرنا) لوٹنا: بہت ہی جلنا، حسد کرنا

سانپ سالوٹنا: بہت زیادہ بے قرار ہونا

سانپ سونگھ جانا: سانپ کا کاٹ کھانا، زہر سے بے ہوش ہو جانا

سانپ سے کھیلنا: پُرخطر آدمی سے دوستی رکھنا، جوکھوں میں پڑنا

سانپ کا سر کچلنا: تکلیف پہنچانے والے آدمی کو مار ڈالنا

سانپ کا ڈسا رسّی سے ڈرتا ہے: دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے

سانپ کا: سانپ کا منکا

سانپ کی چھتری: کرمتا، ایک پودا جو برسات میں اگتا ہے

سانپ کی طرح زمین پکڑنا: اپنی جگہ سے ہرگز نہ ہلنا، اپنی جگہ سے حرکت نہ کرنا

سانپ کے نیچے کا بچھو: بہت ہی تکلیف دینے

والا، ایذا پہنچانے والا

سانپ مرے لاٹھی نہ ٹوٹے: دشمن کو اس طرح ختم کرنا کہ اپنے کو کوئی تکلیف بھی نہ پہنچے

سانپ نکل گیا لکیر پیٹا کرو: اب پچھتائے کیا ہوت ہے جب چڑیاں چگ گئیں کھیت

سانپن: سانپ کی مادہ، سپنی، ناگن

سانٹ: گانٹھ، گرہ، اتفاق، دوستی، تعلق

سانٹ (لگانا) ملانا: سازش کرنا

سانٹ لینا: اپنے ساتھ ملا لینا، دوست بنا لینا

سانٹھنا، سانٹھنا: دوست بنا لینا، ساتھی بنا لینا، جوڑ دینا

سانٹے کی سگائی: ایسا رشتہ جس میں لڑکی لے کر لڑکی دی جائے

سانجھ: شام، مسا، دوستی

سانچ: سچ، صداقت، راستی

سانچ کو آنچ نہیں: سچ کو کوئی نقصان نہیں پہنچ سکتا

سانچا: لکڑی یا لوہے کا وہ ڈھانچہ جس میں دوسری چیزیں ڈھالتے ہیں

سانچے میں ڈھالنا (ڈھلا ہونا): خوش نما اور سڈول ہونا، بدن کے تمام حصوں کا صحیح ہونا

سانحہ: مذ، حادثہ، ایسا واقعہ جس سے تکلیف پہنچے

سانڈ: ایسا بیل جو بدھیا کیے بغیر دیوتا کے نام پر چھوڑ دیا گیا ہو، وہ بیل جو گائے کے ساتھ میل کھاتا ہے

سانڈا: گوہ کی قسم کا جانور جس کا تیل گٹھیا کے درد اور طلا کے لیے استعمال ہوتا ہے

سانڈنی: تیز رفتار اونٹنی، ناقہ

سانس: مذ، سو، پھونک، نفس

سانس اُکھڑنا: سانس جلدی جلدی چلنا، دم پھولنا

سانس بھرنا: آہیں بھرنا، سانس پھولنا

سانس ٹوٹنا: سانس کے نکلنے میں فرق آنا

سانس چڑھانا: مردہ جیسا بن جانا

سانس چلنا: سانس کا باقی رہنا، زندگی باقی رہنا

سانس روکنا: گلا گھونٹ دینا، دم روک دینا

سانس کھینچنا: لمبا یا گہرا سانس لینا، ٹھنڈی آہ بھرنا

سانس لینا: دم لینا، کام کے دوران ذرا سا آرام کرنا

سانس لینے کی فرصت نہ ہونا: بہت مشغول ہونا، مصروفیت کی انتہا ہونا

سانگ، سوانگ: مذ، نقل یا اداکاری، بہروپ، تماشا، ہنسی مذاق

سانگ بنانا: رسوا کرنا، ہنسی مذاق کرنا

سانگ بھرنا: روپ بھرنا، دھوکا دینا، جُل دینا

سانگ کرنا: تماشا کرنا، اداکاری کرنا، مسخرے کا کام کرنا

سانگ مچانا: کھیل کود کرنا، ہنسانے والی باتیں کرنا

سانوا: ایک قسم کا باریک غلہ جو چاول کی طرح ہوتا ہے

سانولا، سلونا: گندم گوں آدمی، ملیح آدمی

سانولی: ملیح یا نمکین عورت، وہ عورت جس کے چہرے پر ملاحت ہو

سانی: کئی، جانوروں کے کھلانے کا چارہ

ساوڑ، سوڑ: وہ ناپاکی جو بچہ پیدا ہونے کے بعد زچہ گھر میں ہو

ساون: ہندی سال کا پانچواں مہینہ

ساون کی بھرن پڑنا: بہت زور کی بارش ہونا

ساون کی جھڑی: ساون کے مہینے میں لگاتار بارش ہونا

ساون ہرے نہ بھادوں سوکھے: ہر حال میں ایک طرح کا

ساونت: بہادر، شجاعت والا، دلیر، جاں باز

ساونٹا، ساونٹھا: تیار، تندرست، صحیح وسالم، چوکس

ساہ: مذ، تاجر، بیوپاری، مہاجن، عزت دار، بنیا، تیلی

ساہل، ساہول: مذ، لوہے یا پتھر کا وہ کنڈے دار گولا جس سے دیوار کی سیدھ معلوم کرتے ہیں

ساہوکار: وہ آدمی جو روپیہ کا لین دین کرتا ہو، مہاجن

ساہوکاری: ساہوکار کا کام، سوداگری، روپیہ کا لین دین

ساہی: مذ، ایک جانور جس کے تمام جسم پر کانٹے ہوتے ہیں

سائبان: مذ، مکان یا خیمے کے آگے کا چھپر جس سے دھوپ اور بارش سے حفاظت ہوتی ہے

سائر: پھرنے والا، چلنے والا، سب، تمام، کل

سائر دائر: پھرنے والا، گردش کرنے والا

سائرن: مذ، بھونپو

سائل: سوال کرنے والا، پوچھنے والا، معلوم کرنے والا، حضرت داغ دہلوی کے ایک شاگرد

سائنس: مذ و مؤ، علم، کوئی فن

سائنس داں: سائنس جاننے والا، سائنس کا ماہر

سائنسی: سائنس سے متعلق

سائیس: مو، سائیس کا پیشہ، گھوڑے پالنے کا علم

سائیں: مذ، رب، اللہ، مالک، بزرگ، پیشوا

سائیں کے سو کھیل ہیں: خدا ایک کام کے لیے سیکڑوں ذریعے پیدا کر دیتا ہے اس کی قدرت سے کوئی چیز باہر نہیں ہے

سائیں سائیں: مو، سرسراہٹ، ہوا کے زور چلنے کی آواز

سایا: مذ، انگلستان کی عورت کا گھاگرا یا لہنگا

سایہ: مذ، چھاؤں، جن بھوت کا اثر، حمایت

سایہ اتارنا: جن بھوت کا اثر ختم کرنا

سایہ اترنا: جن بھوت کا اثر ختم ہونا

سایہ افگن: سایہ ڈالنے والا، حمایت وحفاظت کرنے والا

سایۂ بال ہما: ہما کا سایہ جس کے متعلق مشہور ہے کہ جس آدمی پر پڑ جاتا ہے وہ بادشاہ بن جاتا ہے

سایہ پروردہ: پیارا، گھر کا پیدا شدہ، غلام

سایۂ خدا: بادشاہ، اللہ کا سایہ

سایہ دار: ایسی جگہ یا درخت جہاں سایہ ہو

سایہ ڈالنا: اثر ڈالنا، چھاؤں ڈالنا، سکھانا

سایہ ڈھلنا: تیسرے پہر کا وقت ہونا، سورج کا پچھم کی طرف مائل ہونا

سایہ زدہ: آسیب زدہ، وہ شخص جس پر بھوت پریت کا اثر ہو

سایہ سر سے اُٹھنا: باپ دادا یا کسی سرپرست کا دنیا سے گزر جانا

سایۂ عاطفت: رحم وکرم کا سایہ، حفاظت ومہربانی

سایہ گستر: سایہ ڈالنے والا، حفاظت کرنے والا

سایہ ہو جانا: کسی کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے کا صحبت کا اثر قبول کرنا، متاثر ہونا

سایہ تلے آنا: کسی کی حمایت اور حفاظت میں آنا

سایہ سے بھاگنا (بھڑکنا): بہت زیادہ بدکنا، نفرت رکھنا

سایے سے ڈرنا: بہت زیادہ خوف لگنا، کسی پر بھروسہ نہ کرنا

سایے سے جلنا: بہت زیادہ حسد کرنا، عناد رکھنا

سایے کی طرح ساتھ ساتھ پھرنا: ہر وقت ساتھ ساتھ رہنا، حد درجہ ساتھ

سب: سارا، کل، تمام، ہر طرح، ہر قسم، ساری، عام لوگ، جمع، مجموعی طور پر

سب ہی ایک تھیلی کے چٹے بٹے ہیں: سب کی ایک ہی عادت ہے، ایک جیسے

سب چیز کی ایک ہی لہر: ہر چیز کی افراط، کسی چیز کی کمی نہیں ہے

سب در جھانکنا: ہر جگہ کوشش کر لینا، کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرنا

سب دن چنگے تہوار کے دن ننگے: فضول آدمی کو وقت پر روپیہ نہیں ملتا

سب دھان بائیس (بارہ) پسیری: اچھے اور برے میں کوئی فرق نہیں

سب سے بھلی چُپ: خاموشی ہزار بلا کو ٹالتی ہے

سب طرح حاضر ہونا: جہاں تک ہو سکے خدمت کے لیے تیار رہنا

سب کا سب: سارا کا سارا، تمام، کل، سبھی

سب کو ایک دیکھنا: آپس میں امتیاز نہ کرنا، برابری کا سلوک کرنا

سب کچھ: ہر ایک بات، ہر ایک چیز

سب کو ایک لاٹھی سے ہانکنا: اچھے اور خراب کا لحاظ کیے بغیر برتاؤ کرنا

سب کہنے کی باتیں ہیں: بناوٹی باتیں ہیں، اصل میں کچھ نہیں، خیالی پلاؤ ہیں

سب کہیں: ہر کہیں، تمام جگہ، کل جگہ

سب کی چوٹی ہے: شرارت اور برائی میں سب سے آگے ہے

سب کے دیکھتے: ہر شخص کے سامنے، کھلم کھلا، سب لوگوں کی موجودگی میں

سب: نیچے، تلے، زیر، ماتحت

سب انجینئر: انجینئر کا مددگار

سب انسپکٹر: تھانے دار، کوتوال

سب اوورسیئر: اوورسیر کا مددگار

سب ایجنسی: چھوٹی ایجنسی

سب ایڈیٹر: ماتحت ایڈیٹر

سب پوسٹ آفیس: شہر کے کسی علاقے کا ڈاک خانہ

سب جج: وہ حاکم دیوانی جو جج کے مددگار کے طور پر کام کرتا ہے

سب ججی: سب جج کا عہدہ، سب جج کا دفتر

سب ڈویژن: ضلع کا ایک حصہ

سب رجسٹرار: نائب رجسٹرار، وہ شخص جو رجسٹریوں کی تصدیق کرتا ہے

سب کمیٹی: ماتحت کمیٹی جو بڑی کمیٹی کی نگرانی میں کام کرتی ہے

سبا: یمن کا ایک شہر جہاں کی ملکہ بلقیس حاکم تھیں

سبابہ: مو، شہادت کی انگلی

سبب: وجہ، اصل، باعث، موجب، کارن، حجت

سبب کھلنا: وجہ ظاہر ہونا، معلوم ہونا

سبحان: خدا کی پاکی بیان کرنا، خدائے بزرگ

سبحان اللہ: میں اللہ کی پاکی بیان کرتا ہوں، کسی اچھی چیز یا شکل کو دیکھ کر بھی کہتے ہیں

سبحہ: مو، تسبیح، مالا، وہ ہار جس کے دانوں پر ہاتھ پھیر کر خدا کی پاکی بیان کرتے ہیں

سبحہ سنج، سبحہ گرداں: تسبیح پڑھنے والا، اللہ کی پاکی بیان کرنے میں مشغول

سبد: مو، مذ، ٹوکرا، ٹوکری، وہ ڈالی جس میں نذرانے پیش کیے جائیں، گلدستہ

سبز: ہرا، تر و تازہ

سبز باغ دکھانا: فریب دینا، دھوکہ دینا، لبھانا

سبز بخت: خوش بخت، خوش نصیب

سبز پری: وہ خوبصورت عورت جو سبز کپڑے پہنے ہوئے ہو

سبز پوش: ہرے لباس والا، زاہد و پرہیزگار، ماتم کرنے والا

سبز قدم: منحوس، نامبارک، شوم

سبز قدمی: نحوست، بدقسمتی

سبز ہونا: ہرا بھرا ہونا، رونق والا ہونا، رونق آنا

سبزہ: سبزی، ہریالی، زمرد، نیل کنٹھ، وہ رواں جو ڈاڑھی آنے سے پہلے چہرہ پر نمودار ہوتا ہے،

سبزہ آغاز: نوخیز لڑکا، وہ لڑکا جس کی ڈاڑھی ابھی نکلنی شروع ہوئی ہو

سبزہ آنا: ڈاڑھی مونچھیں نکلنا

سبزۂ بے گانہ: خود بخود اگنے والی گھاس

سبزہ رنگ: سانولے رنگ کا محبوب

سبزہ زار: وہ جگہ جہاں دور دور تک ہری ہری گھاس اُگی ہو، ہریالی کا میدان

سبزۂ شمشیر: وہ چمک جو اصلی تلوار کے جوہر میں ہوتی ہے

سبزہ لہلہانا: گھاس کا ہوا کے جھونکوں سے ہلنا

سبزی: ہریالی، ترکاری، تلوار کے جوہر کا رنگ

سبزی خور: صرف سبزیاں کھانے والا، گوشت سے پرہیز کرنے والا

سبزی فروش: ترکاریاں بیچنے والا، کنجڑا

سبزی منڈی: وہ جگہ جہاں سبزیاں بکتی ہیں

سبط: نذ، نواسہ، پوتا، جمع سبطین

سبع: سات، ساتواں، ہفت

سبع سیارہ: سات سیارے، مریخ، مشتری، زحل، زہرہ، عطارد، شمس، قمر

سبق: نذ، کتاب کا وہ حصہ جو شاگرد استاد سے ایک دن میں پڑھتا ہے، عبرت، مزا، کان اینٹھنا، آگے بڑھنا

سبق پڑھانا: درس دینا، سکھانا، ڈھنگ بتانا، بہکانا، فریب اور دلاسا دینا

سبق دینا، پڑھانا: کام کی بات بتانا، بہکانا، مزا دینا

سبق رواں ہونا: پچھلا پڑھا ہوا اچھی طرح یاد ہو جانا

سبق لینا: آگے پڑھنا، سیکھنا، عبرت حاصل کرنا

سبق ملنا: سزا ملنا، ادب سکھایا جانا، عبرت حاصل ہونا

سبقت: آگے بڑھنا، بازی جیت جانا، بڑائی

سبقت کرنا: پہل کرنا، پہلے کام شروع کرنا، آغاز کرنا

سبقت لے جانا: اپنی بڑائی ظاہر کرنا، غالب آجانا

سُبک: ہلکا، کم درجہ کا، گھٹیا، تازہ، تیز، چست و چالاک

سبک بال: اکیلا، تنہا، وہ شخص جس کے ذمہ کچھ اور کام نہ ہو، ذلیل، رسوا

سبک پا: تیز رفتار، جلدی چلنے والا

سبک پائی: تیز چال، تیز رفتار، تیزی کی حرکت

سبک پرواز: تیزی سے اُڑنے والا، جلدی جلدی پر جمانے والا

سبک خیز: تیز رفتار، چست و چالاک

سبک دست: پھرتیلا، پھرتی سے کام کرنے والا، جس کے ہاتھ میں صفائی ہو

سبک دوش: فارغ البال، بے فکر، جو فکر معاش سے آزاد ہو، ذمہ سے الگ

سبک دوشی: ایسا شخص جس پر کوئی بار نہ ہو، وہ شخص جو اپنا کام پورا کر چکا ہو، نوکری سے الگ ہونا

سبک رَو: تیز چلنے والا

سبک روی، سبک رفتاری: تیز چال

سبک روح: بے غم، خوش

سبک سار: ہلکا، چھچھورا، گھٹیا ذہن کا

سبک ساری: چھچھورا پن، کمینہ پن، رذالت

سبک سر: اوچھا، کم درجہ والا، نیچے درجہ کا، کرکر

سبک سری: بے وقوفی، حماقت

سبک سیر: تیز چلنے والا

سبک عناں: وہ گھوڑا جو چلنے میں تیز ہو

سبک کرنا، سبکی کرنا: شرمندہ اور شرمسار کرنا

سبک گام: تیز چلنے والا، تیزی سے چلنے والا

سبک ہونا: شرمندہ ہونا، خفیف ہونا، نگاہوں سے گر جانا

سبکی: خفت، ذلت، بے عزتی، رسوائی

سَبَل: مذ، آنکھ کا جالا، بغل کی بو

سَبُو: مذ، گھڑا، مٹکا

سبوچہ: مذ، چھوٹی گھڑیا، ٹھلیا

سَبَوس: مو، بھوسی، چوکر، سر کی خشکی

سَبّ و شتم: گالی گلوچ کرنا، برا بھلا کہنا

سَبھ لگن: دو اچھے ستاروں کا ایک برج میں آنا

سُہاگ: خوش قسمتی، دولت مندی، اچھا نصیبہ ہونا

سَبیل: مو، راستہ، راہ، صورت، بندوبست، پیاؤ

سَبیل کرنا: تدبیر کرنا، انتظام کرنا

سَبیل بنانا: پانی پلانے کے لیے ایک مخصوص چبوترہ بنانا جس میں ٹونٹیاں لگا دیتے ہیں

سَبیل لگانا: پیاسے مسافروں کو پانی پلانا

سَبیل نکالنا: ذریعہ یا وسیلہ پیدا کرنا، کوئی راہ نکالنا

سپاٹ: ہموار، برابر، ایسی سطح جو اونچی نیچی نہ ہو، صاف، سادہ

سپاٹا: مذ، جھپٹ، لمبی دوڑ، سیر تماشا

سپاٹا بھرنا، سپاٹا لگانا، سپاٹا مارنا: دوڑ لگانا، پرندے کا اپنی جگہ سے اڑ جانا

سپارہ، سیپارہ: مذ، تیس حصے قرآن پاک، 30 جزو

سُپاری: مو، ڈلی، چھالیہ، کسیلی، ڈکر کا سرا

سپاس: مو، شکریہ، منت گزاری، مدح و ستائش

سپاسنامہ: شکریہ کے اظہار والی دستاویز جو کسی معزز مہمان کو میزبان کی طرف سے پیش کی جاتی ہے

سپاہ: فوج، لشکر

سپاہ سالار: لشکر کا امیر، سپہ سالار

سپاہ گری: سپاہی کا کام، سپاہی کا پیشہ

سپاہی: مذ، فوج کا آدمی، لشکری، سنتری

سپاہی کی جورو ہمیشہ رانڈ: سپاہیوں کی بیویوں کو اپنے شوہر کے ساتھ رہنے کا بہت کم موقع ملتا ہے

سپاہیانہ: بہادری کے ساتھ، شجاعت کے ساتھ

سپَر: مو، ڈھال، آڑ، روک، حمایت، حمایتی، مدد کرنے والا

سپر انداز: ڈھال پھینکنے والا، ہار ماننے والا، ہتھیار ڈالنے والا

سپر (پھینکنا) ڈالنا: ہتھیار ڈال دینا، ہار مان لینا، شکست کا اعتراف کر لینا

سپر ہونا: حمایت کو کھڑے ہونا، حمایت کرنا

سپرد: مو، حوالے کیا ہوا، امانت، تحویل

سپرد خانہ: لباوے وغیرہ کا گھر، امانت گھر

سپرد کرنا: ہاتھوں ہاتھ دینا، قبضہ میں دیا جانا

سپردگی: مو، تحویل، قید، نظر بند ہونا، حوالہ کیا جانا

سپردگی مال: امانت کو واپس لوٹانا، مال سونپنا

سپردگی میں لینا: مال پر قبضہ کرنا، کسی کو حراست میں لے لینا

سپروائزر: مذ، نگراں، دیکھنے والا، مہتمم

سپریم کورٹ: عدالت عالیہ، دادگاہ عالی

سپڑ سپڑ: مو، کتے کے کھانے کی آواز، بدتمیزی سے کھانے کی آواز

سپڑنا، سپڑ جانا: پکڑا جانا، ختم ہو جانا، نہانا

سپستاں: مذ، لسوڑا، لہسوڑا

سپلائی: خوراک اور دوسری چیزیں بھیجنا

سپنا: مذ، خواب، وہ چیز جو نیند کی حالت میں نظر آئے

سپند: مذ، کالا دانہ، رائی سے بڑا ایک دانہ

سپوت: مذ، فرماں بردار اولاد، اچھا بیٹا

سپوتی: مو، اچھی اولاد والی عورت، سات بچوں کی ماں

سپولیا: مذ، سانپ کا بچہ، بچہ مار

سپہ: مذ، سپاہ کا مخفف، فوج، لشکر

سپہ سالار: سپاہ کا امیر، سردار فوج

سپہ گری: سپاہی کا پیشہ، سپاہی کا کام

سپہر: مذ، آسمان، چرخ، گردوں

سپید: سفید، اجلا، شفاف، گورا، چٹا

سپید و سیاہ کا اختیار: کسی چیز پر پورا پورا اختیار، مقدرت

سپید و سیاہ کرنا: اپنی مرضی کے مطابق کام کرنا، کسی کا جواب دہ نہ ہونا

سپیدہ، سفیدہ: مذ، سفید رنگ جو تصویروں پر لگاتے ہیں

سپیدہ دم: صبح کا وقت، نور کا تڑکا

سپیدۂ سحری: وہ اجالا جو صبح کے بعد سورج نکلنے سے پہلے پھیلتا ہے

سپیدی: سفیدی، اجالا، اجلا پن، چونا

سپیدی آنا: بال سفید ہونا، بڑھاپا آنا

سپیدی کرنا: دیوار یا عمارت کو چونے سے سفید کرنا

سپیرا: سنپیرا، سانپ دکھانے یا پکڑنے والا

ست: مذ، سچائی، راستی، کھرا، طاقت، عرق، سات کا مخفف

ست بادی: ستیہ وادی، سچائی کے اصول پر کاربند

ست بچن کا نوکر ہونا: ہاں میں ہاں ملانا، خوشامد کرنا

ست بھاؤ: صحیح رویہ، اچھا سلوک

ست پُتر: اپنا بیٹا، حقیقی بیٹا

ست پر چڑھنا: ایمان پر قائم رہنا، ستی ہونے کے لیے آمادہ رہنا

ست پر رہنا: اپنی عصمت کو باقی رکھنا، دھرم یا ایمان کو نہ چھوڑنا

ست جُگ: سچا زمانہ، دیوتاؤں کا دور

ست سیتا: پارسا، عصمت والی

ست کی باندھی: قول کی سچی، وعدے کی پکی

ست وَنتی: عصمت والی، پارسا، اچھے چلن والی

ست چھوڑ دینا: طاقت باقی نہ رہنا، حوصلہ کم ہو جانا

ست نکالنا: روح یا رس نکالنا

ست نکل جانا: ہمت باقی نہ رہنا، دولت ختم ہو جانا، حوصلہ پست ہو جانا

ست ہار دینا: تھک جانا، ضعیف و کمزور ہو جانا

ست پوتی: وہ عورت جس کے بہت بچے ہوں

ست مصی: وہ عورت جو بہت سے مردوں سے شادی کر چکی ہو (عورتوں کی گالی)

ست کھنڈا (کھنا): سات منزلوں والا

ست ماسا: وہ بچہ جو حمل کے ساتویں مہینے بعد ہی پیدا ہو

ست منزلہ: سات منزلہ

سُت: مذ، لڑکا، بیٹا، سپوت

سُتا: مو، لڑکی، بیٹی

ستار: مذ، طنبورے کی قسم کا ایک باجا جس میں تانت لگے ہوتے ہیں

ستار باز: ستار بجانے والا، ستار والا

ستار چھیڑنا: ستار بجانا

ستّار: چھپانے والا، خدا کا ایک نام

ستارا، ستارہ: مذ، تارا، قسمت، نصیبہ، چاندی کے وہ ٹکڑے جو کپڑوں میں ٹانکتے ہیں

ستارہ اچھا ہونا: قسمت اچھی ہونا، مقدر چمکنا، نصیبہ اچھا ہونا

ستارہ اوج پر ہونا: اچھے مرتبہ تک پہنچنا، نصیب اچھا ہونا

ستارہ برگشتہ ہونا: بدقسمتی کا زمانہ ہونا، نصیب کا بگڑنا

ستارہ بلند ہونا: قسمت چمکنا، نصیبہ بلند ہونا

ستارہ چمکنا: دن پھرنا، قسمت جاگنا

ستارۂ دم دار: منحوس ستارہ

ستارہ شناس: اختر شناس، منجم

ستارہ گردش میں ہونا: بدبختی کا زمانہ ہونا، برے دن ہونا

ستارے بھاری ہونا: منحوس تاروں کا اثر ہونا

ستان: جگہ، جیسے گلستان، بوستان مرکب کے ساتھ

ستانا: تنگ کرنا، آزردہ کرنا

ستاور: ایک دوا جو مونا پالاتی ہے

ستائش: ثنا، تعریف

سُتاؤ: مانجھا سوتنا

ستر: پردے کی جگہ، چھپانے کی جگہ، پردہ، اوٹ

ستر پوشی: شرم گاہ کا چھپانا

ستر دکھانا: پردہ کی جگہ کو ظاہر کرنا

سترِ عورت: کسی جگہ کا چھپانا جس کا ظاہر کرنا معیوب ہے

سَتّر: سات دہائی، بہت، کثیر

سَتّر سُنانا: بہت سی گالیاں دینا، برا بھلا کہنا

سَتّرگ: بڑا، عظیم، معظم

سترہ: دس اور سات، 17

سُتلی: سن کی پتلی رسّی

سِتم: ند، ظلم، زیادتی، جفا، آزار

سِتم اُٹھنا (اُٹھانا): زیادتی برداشت کرنا، جفا سہنا

سِتم ایجاد: ظلم کی بنیاد ڈالنے والا، محبوب

سِتم پرور: ظالم، بے انصاف

سِتم توڑنا: ظلم کرنا، جفا کرنا، زیادتی کرنا

سِتم ٹوٹنا: مصیبت میں گرفتار ہونا، زیادتی ہونا

سِتم دیدہ، سِتم رسیدہ، سِتم زدہ، سِتم کش: وہ شخص جس پر زیادتی کی گئی ہو

سِتم ڈھانا: جفا کرنا

سِتم شعار: وہ شخص جس کی عادت ظلم کرنے کی ہو، ظالم، محبوب

سِتم ظریف: ہلسی ہلسی میں ستانے والا ظالم، ایسا ظالم جس کے ظلم میں ہلسی کا پہلو ہو

سِتم ظریفی: مذاق مذاق میں ستانا، ایسا ظلم کرنا جس میں مذاق کا پہلو بھی ہو

سِتم کرنا: ظلم ڈھانا، جفا کرنا، زیادتی کرنا

سِتم گار: ستم گر، جفا کار، جفا پیشہ

سِتم ہونا: ظلم ہونا، تشدد ہونا، غضب ہونا

ستّو: مذ، بھنے ہوئے اناج کا آٹا، جو کا آٹا

ستو باندھ کر پیچھے پڑنا: کام میں بری طرح لگ جانا، بہت ہی محنت کرنا

ستّو کھا کے شکر کیا: معمولی غذا کھا کے کون شکر بجالائے

ستوان: پتلی، نازک

ستواں ناک: خوش نما اور کھڑی ناک

ستودہ: تعریف کیا ہوا، تعریف کے قابل

ستودہ صفات: وہ شخص جس کی عادت اچھی ہو، محمود

ستور: گھوڑا، خچر وغیرہ

ستون: مذ، کھمبا، پایہ

ستون ہونا: کسی مجلس یا جماعت کا ذمہ دار ہونا

ستّہ: مذ، چھ، 6

ستھان: جگہ، مقام، ملک

ستھرا: پاک، صاف، بے داغ، بے عیب

ستھرا شاہی: فقیروں کا ایک گروہ جو ڈنڈے بجا کر بھیک مانگتا ہے

ستھرانا: پھیلانا، پراگندہ کرنا

ستھرا: مذ، قتل عام، لاشوں کے انبار، بہت عمارتوں کا گر پڑنا

ستھراؤ (کرنا) ہونا: لاشوں کے ڈھیر لگا دینا، کشتوں کے پشتے لگا دینا، اینٹ سے اینٹ بجا دینا

ستھرائی پھیرنا: جھاڑو دینا، لوٹ کر لے جانا

ستھرائی دینا: جھاڑو لگانا، صاف کرنا

سُتھیا: آنکھوں کی بیماریوں کا ماہر

ستی: ہندوؤں کے یہاں شوہر کے مرنے کے بعد عورت کے چتا میں جل جانے کی رسم

ستی ہونا: شوہر کے مرنے کے بعد خود بھی آگ میں جل جانا

ستیاناس: مذ، تباہی، بربادی

ستیاناس ہو جائے: تباہ ہو جائے، برباد ہو جائے

ستیاناس کرنا: برباد کرنا، اجاڑنا، خراب کرنا، آوارہ بنانا

ستیاناس ہونا: کام خراب ہونا، مٹ جانا

ستیاناسی: ایک کانٹے دار پیڑ جس کے پھول کا بیج دوا میں کام آتا ہے، اجاڑنے والا

ستیاناسی کی جڑ: تباہی کا ذریعہ، بربادی کی وجہ

سَتیز، سَتیزہ: لڑائی، جھگڑا

سَتیزہ کار: لڑنے والا، جھگڑنے والا

سٹ: تدبیر، دھب، ناجائز تعلق، میل ملاپ

سٹ لڑانا: آشنائی رکھنا، دوستی کرنا

سٹا: ایک قسم کا جوا، بیوپار کا سودا

سٹا بہی: وہ کھاتہ جس میں سٹا کا حساب لکھا جاتا ہے

سٹے بٹے لڑانا: سازش کرنا، کوئی سازش کا کام کرنا

سٹے باز: سٹا کھیلنے والا، جھوٹا، فریبی

سٹے بازی: سٹے کا جوا کھیلنا، چالاکی، چُل

سِتار: مذ، اسٹار، ستارہ، تارہ، نجم، اختر

سٹاسٹ: مو، لگاتار، کوڑے لگنے کی آواز، قمچیاں مارنے کی آواز

سٹاک: مذ، تجارتی مال کا ذخیرہ

سٹاک بک، سٹاک رجسٹر: وہ کھاتہ جس میں مال کی تفصیل لکھی جاتی ہے

سٹاکسٹ: تھوک بیچنے والا، مال کا گودام رکھنے والا

سٹال: اسٹال، اسٹور، دکان

سٹامپ: مذ، سٹیمپ، ٹکٹ، مہر

سٹانا: جوڑنا، ملانا، دو الگ چیزوں کو ملانا

سٹائل: اسٹائل، طرز، اسلوب، طریقہ

سٹرائک: مو، احتجاج کے طور پر اپنے فرائض سے ہاتھ اٹھانا

سٹریچر: مذ، اسٹریچر، وہ چھوٹی سی گاڑی جس میں مریض لائے اور لے جائے جاتے ہیں

سٹک: چھوٹا نیچوان، بید، چھڑ

سٹنگا: مو، گلے میں لٹکانے والی بندوق

سٹک جانا: کھسک جانا، موقع پا کر بھاگ جانا

سٹکنی: مو، چٹخنی، دروازے کی بلی

سٹلو: پھوہڑ اور بدتمیز عورت

سٹنا: سازش کرنا، مل جانا، ملاپ کر لینا

سٹھ جانا، سٹھیانا، سٹھیا جانا: ضعیفی کے سبب عقل کا زائل ہونا

سٹھانی: مو، سیٹھ جی کی گھر والی، مالدار کی بیوی

سٹھورا: مذ، خشک اور کرک اور میوے سے بنی چیز جو بچہ والی عورت کو طاقت کے لیے کھلاتے ہیں

سٹھی: ساٹھی، ایک قسم کا موٹا چاول

سٹی: مو، بازار، مارکیٹ، گھوڑوں کا بازار

سٹی: مو، سمجھ، ہوش، حواس، اوسان

سج: مذ، سنوار، زینت، سجاوٹ

سج دھج: شان و شوکت، بناؤ سنگار، وضع قطع

سجادہ: دری، مصلی

سجادہ نشین: کسی بزرگ یا پیر فقیر کے مرنے کے بعد ان کی گدی پر بیٹھنے والا

سجادہ نشینی: کسی کی گدی پر بیٹھنا

سنجاف: مو، چوڑی پٹی

سجانا: آراستہ کرنا، ترتیب سے لگانا، سنگھار کرنا

سجاوٹ: آرائش، آراستگی، سجایا جانا

سجدہ: مذ، ماتھا زمین پر ٹیکنا، احترام کے طور پر سرزمین پر رکھنا، خدا کے آگے جھکنا

سجدۂ تلاوت: قرآن میں چودہ جگہ سجدہ والی آیتیں ہیں ان کو پڑھ کر سجدہ کرنا

سجدۂ سہو: وہ سجدے جو نماز میں واجب کے چھوٹ جانے پر التحیات کے بعد کیے جاتے ہیں

سجدۂ شکر: وہ سجدہ جو خدا کے سامنے کسی شکرانے کے طور پر کیا جاتا ہے

سجدہ کرنا: سر جھکانا، پیشانی زمین پر رکھنا

سجدہ گاہ: سجدہ کرنے کی جگہ، مسجد، نجف اشرف کی وہ ٹھیکری جس پر شیعہ حضرات سجدہ کرتے ہیں

سجدہ گزار: سجدہ کرنے والا، عبادت کرنے والا

سَجع: مذ، اچھی آواز والے پرندوں کا چہچہانا

سجع متوازن: دو لفظوں کے وزن اور اعداد میں موافقت

سجیل: عمدہ، نفیس، اچھا، خوبصورت، دلکش

سجن: ساجن، دوست، محبوب، معشوق

سجنا: زیب دینا، اچھا لگنا، بھلا معلوم ہونا

سُجود: سجدے، سجدے کی جمع

سجھانا: دکھانا، راستہ بتانا، رہنمائی کرنا

سجیلا: سجا سجایا، چھبیلا، خوش پوش، اچھے لباس والا

سچ: صدق، حق، ٹھیک، صحیح، جھوٹ کی ضد

سچ بات کڑوی لگتی ہے: سچی بات بری معلوم ہوتی ہے

سچ کا زمانہ نہیں: ان دنوں سچی بات سننے کا کوئی روا دار نہیں ہے

سچ مچ: بے شک، بلا ریب، درست، صحیح

سچا: سچ بولنے والا، راست گو، اچھے کردار والا، کھرا، اصل

سچا بیوہار: صحیح معاملہ، لین دین میں صحیح کتاب

سچائپن: سچائی، صدق، راستی، راست بازی

سچا موتی: اصلی موتی، وہ موتی جس میں کوئی خرابی نہ ہو

سچا ہاتھ: لین دین یا معاملے کا کھرا پن

سچائی: مو، سچا پن، صداقت، راستی

سُچیت: سچت، خبردار، متوجہ، احتیاط کرنے والا

سچی: سچ بولنے والی، کھری

سچی تول: ایسا وزن کرنا کہ اس میں کمی نہ ہو

سچی چینی: اصلی چینی جس میں کوئی مسالہ کم نہ ہو

سحاب: مذ، بادل، ابر، گھٹا

سَحَر: مو، صبح، تڑکے، فجر

سَحَر پکڑنا: صبح کرنا، رات گزار کر صبح کرنا

سَحَر خیز: صبح سویرے اٹھنے والا، صبح خیز

سَحَر خیزی: صبح کو جاگنا، سویرے اٹھنا، صبح خیزی

سَحَر گاہ: فجر کا وقت، سورج نکلنے سے پہلے کا وقت

سَحَر گاہی: صبح کے وقت سے منسوب، تڑکے وقت کا

سَحَر گہی: سحری، رمضان میں رات کو پچھلے پہر کھانا

سَحَر ہو جانا: صبح کا وقت ہونا، رات کا ختم ہونا، ترنگ ختم ہونا

سحر: مذ، جادو ٹونا، افسوں، فسوں

سحر آگیں: جادو بھرا، جادو بھری، جادو کیا ہوا

سحر بیان: جادو بیان، وہ شخص جس کی تقریر میں جادو کا اثر ہو

سحر بیانی: جادو بیانی، پر اثر تقریر، موثر تقریر

سحر چل جانا: اثر ہو جانا، بات کا کارگر ہونا

سحر حلال: فصیح اشعار، نظم گوئی

سحر زدہ: جادو کا مارا ہوا، جادو کیا ہوا

سحر سامری: سامری کا جادو جس نے اپنے جادو سے بچھڑے میں جان ڈال دی تھی

سحر طرازی: جادوگری، جادو چلانا

سحر طراز: جادوگر، جادو چلانے والا

سَحُور: مو، سحری کھانا، صبح کا کھانا کھانا

سخا، سخاوت: مو، بخشش، جود، عطا، فیاضی

سخت: کڑا، نرم کی ضد، ناملائم، درشت، بھاری، کٹھن، نہایت، بہت

سخت جان: بے رحم، بے اثر، بے حیا، محنتی، جس کی

جان دشواری سے نکلے

سخت جانی: جفاکشی، محنت، جان مشکل سے نکلنا

سخت دن: دشواریوں کے دن، مصیبت کا زمانہ

سخت دن آنا: مصیبت کا زمانہ آنا، مشکل میں پھنسنا

سخت زمین: مشکل ردیف اور قافیہ کا ہونا، پتھر والی زمین

سخت سُست کہنا: طعن و تشنیع دینا، برا بھلا کہنا، لعنت ملامت کرنا

سخت کلامی یا گوئی: بدکلامی، درشت لہجے میں گفتگو

سخت گیر: معمولی معمولی باتوں کو بھی نظر انداز نہ کرنے والا، ذرا سی بات پر سزا دینے والا

سخت گیری: سختی، زیادہ پکڑ

سختی: سوء گرفتگی، نرمی نہ ہونا، پائداری، دشواری، زیادتی

سختی سے پیش آنا: بے رحمی کا سلوک کرنا، برا برتاؤ کرنا، ترس نہ کھانا

سختی سے دن گزرنا: دشواری اور بدحالی میں دن گزرنا

سختی کرنا: ستانا، تنگ کرنا، فرائض کی انجام دہی میں رواداری نہ کرنا

سختی کی گھڑی: برے دن، کٹھن گھڑیاں، مصیبتوں کے دن

سخن، سُخن: نذ، بات، گفتگو، بات چیت، شعر، مقولہ

سخن پرداز: شاعر، نظم گو، شاعری کرنے والا

سخن پَروَر: بات میں بال کی کھال نکالنے والا، ضدی

سخن چین ادھر کی ادھر لگانے والا، چغل خور، عیب جو

سخن چینی: عیب جوئی، کسی کی برائی تلاش کرنا

سخن داں، سرا، سنج، ور: شاعر، شعر کہنے والا، زبان کا ماہر

سخن دینا: قول دینا، اقرار کرنا، بات ماننا

سخن ساز: شاعر، چرب زبان، مکار، حیلہ گر، حیلہ ساز، بہانہ بنانے والا

سخن سازی: مکاری، خوش بیانی

سخن شناس: بات کی تہ تک پہنچنے والا، شاعری کی قدر کرنے والا

سخن طراز: شاعر، فصاحت سے گفتگو کرنے والا

سخن طرازی: شاعری، فصاحت کی گفتگو

سخن فہم: بات سمجھنے والا، شاعر

سخن فہمی: بات سمجھنا، شعر سمجھنے کی لیاقت

سخن گستر: شاعر، فصیح البیان

سخن گو: شاعر، شعر کہنے والا

سخن گوئی: شعر گوئی، نظم گوئی

سخنوری، سخن دانی: شاعری، فصاحت و بلاغت

سخی: سخاوت کرنے والا، فیاض، غریبوں کی مدد کرنے والا

سخی دے شرمائے بادل برسے اور گرمائے: سخاوت کرنے والا دے کر احسان نہیں جتاتا، مگر کمین دے کر احسان جتاتا ہے

سخی کا بیڑا پار: سخاوت کرنے والوں کی دشواریاں

ختم ہو جاتی ہیں، جن کا اللہ مددگار ہوتا ہے

سخیف: کم فہم، ناسمجھ، بے ہودہ، بے تمیز

سدّ: بند، دیوار، پردہ، روک، بند، باندھ

سدّ باب: دروازہ بند کرنا، چھوڑ دینا، روکنا، کسی برائی کا خاتمہ کرنا

سدّ دعویٰ: دعویٰ کو رد کرنا، جھوٹ بات چلنے نہ دینا

سدّ راہ ہونا: رکاوٹ ڈالنا، منع کرنا

سدّ روئین، سد سکندر، سدّ یاجوج: کانسے کی وہ لمبی دیوار جو اسکندر رومی کے حکم سے تاتاریوں اور چینیوں کے حملے سے بچنے کے لیے بنائی گئی تھی

سدا: ہمیشہ، ہر وقت، ہر زمانہ میں

سدا بہار: ہمیشہ سرسبز رہنے والا، بارہ مہینے کھلنے والا پھول

سدا پھل: ہر سال پھلنے والا پیڑ، ایک روایتی پھل جس کی بابت مشہور ہے کہ اس کے کھانے سے زندگی بڑی ہوتی ہے

سدا سہاگ: قحبہ، بیوا، رنڈی، جس کا شوہر ہمیشہ اس کے ساتھ ہو، ایک پھول

سدا ناؤ کاغذ کی چلتی نہیں: ہمیشہ دھوکا دیا نہیں جا سکتا

سداب: ند، اسپند، سپند، قوت، طاقت کا دانہ

سدرت، سدرۃ: مو، بیری کا درخت

سدرۃ المنتہیٰ: وہ بیری کا درخت جو ساتویں آسمان پر ہے، حضرت جبریلؑ کا مقام

سدمدرا: خوبصورت، سندر، حسین، جمیل

سدنگ: اچھی شکل کا، اچھی وضع کا، اچھے ڈھنگ کا

سدھ: کامل، مکمل، پختہ کار، عالم، فاضل، عابد، غیب کی بات جاننے والا

سدھ کرنا: پورا کرنا، آخر تک پہنچانا، پاک کرنا، کامیاب ہونا

سُدھ: مو، حافظہ، یاد رکھنے کی قوت، چوکس رہنا، خالص، پاک

سُدھ بُدھ: عقل اور سمجھ، ہوش و خرد، دماغ میں رکھنا

سُدھ بُدھ رکھنا: دھیان رکھنا، خیال رکھنا

سُدھ بُدھ نہ رہنا: خبر نہ رہنا، دھیان نہ رہنا، خیال نہ رہنا، توجہ نہ دینا

سُدھ بسرنا، سُدھ بھولنا: بے ہوش ہو جانا، عقل جاتی رہنا، بدحواس ہو جانا

سُدھ رکھنا: خبر یاد رکھنا، خیال رکھنا

سُدھ لینا: خبر لینا، خیال کرنا، دھیان کرنا

سُدھ نہ ہونا: خیال نہ ہونا، دھیان نہ ہونا

سِدھارنا: رخصت ہونا، انتقال کر جانا، چلے جانا

سُدھارنا: سنوارنا، خرابی دور کرنا، اصلاح کرنا، سزا دینا

سِدھارو: چلے جاؤ، رخصت ہو جاؤ، تشریف لے جاؤ

سِدھانا: سکھانا، بلانا، مانوس بنانا

سُدھرنا: صحیح ہو جانا، غلطی کی اصلاح ہونا، خرابی دور ہونا

سِدّھی: مو، تکمیل، کامیابی، کامرانی، پوری طرح صفائی

سِڈول: اچھی طرح کا، حسین، اچھا لگنے والا، خوبصورت

سر: مذ، کھوپڑی، کسی چیز کے اوپر کا سرا، چوٹی، دماغ وخیال، ارادہ، کنارہ

سرآغاز: عبارت کا شروع، عنوان

سرآمد: چنے ہوئے لوگ، حاکم، فرماں روا، سربرآوردہ

سرِاجلاس: بھری کچہری، حاکموں کے سامنے، گواہوں کے سامنے

سرافراز: اونچے رتبہ والا، عظمت والا، ذی وقار، منصب والا

سرانجام: انتظام، بندوبست، نتیجہ

سرانگشت: انگلی کا سرا، انگلی کے اوپر کا حصہ

سرباز: سر سے کھیلنے والا سپاہی، جنگجو

سربازار: بازار میں، سب کے سامنے، کھلم کھلا

سربازی: بہادری، شجاعت، جان پر کھیلنا

سرہالین: سرہانے، سر کے پیچھے

سربام: کوٹھے یا بالا خانے پر، لب بام

سربرآوردہ: بڑا بزرگ، چنے ہوئے لوگ، افسر

سربراہ: منتظم، انتظام کرنے والا، مہتمم، اہتمام کرنے والا

سربراہی: اہتمام، انتظام، سرداری

سربریدہ: سر کٹا ہوا، مقتول

سربہ زانو: سر کو گھٹنے پر رکھے ہوئے، سوچ میں پڑا ہوا، شرمندہ، متفکر

سربستہ: پوشیدہ، چھپا ہوا، مخفی

سربسر: سراسر، یکساں، برابر، لگاتار

سربہ فلک: آسمان تک، بہت اونچا

سربکف: ہتھیلی پر رکھے ہوئے، جان دینے کو تیار

سربہ گریباں: سوچنے کی حالت میں، شرمندہ

سربلند: معزز، اچھے عہدہ والا، اونچے درجے کا، حاکم

سربلندی: اعزاز، بلندیٔ مرتبہ

سربمہر: بند کر کے، مہر لگایا ہوا، مہر کیا ہوا

سربمہر پیش نہاد: ٹھیکیدار کا اندازہ جس پر سیل لگی ہوتی ہے

سربند: منہ بند، جس کا منہ کھلا نہ ہو، پگڑی، عورتوں کے سر پر باندھنے کی پٹی

سربہ جیب: سربہ گریباں، متفکر، فکر کی حالت میں

سرپرست: مربی، مددگار، مدد کرنے والا، سرپرستی کرنے والا

سرپرستی: امداد، حمایت، تعاون

سرپستان: چھاتی کی گھنڈی، چھاتی کا آخری سرا

سرپوش: ڈھکنا، خوان پوش

سرپیچ: پگڑی، پگڑی کے اوپر کا کپڑا

سرتابی: سر پھیرنا، حکم نہ ماننا، بغاوت، سرکشی

سرتاپا: سر سے لے کر پاؤں تک، پورا جسم، سراپا

سرتاج: آقا، مالک، خاوند، شوہر، میاں

سرتاقدم: سر سے پاؤں تلک، تمام کا تمام

سرتسلیم خم کرنا: بات ماننا، تقدیر پر راضی ہونا

سرچشمہ: سوتا، منبع، پانی جاری ہونے کی جگہ

سرچنگ: ہاتھ کی مار جو پوری طاقت سے ماری جائے

سرحد: کنارہ، انتہا، کسی ملک کا آخری کنارہ

سرخط: قبالہ، کرایہ نامہ، وہ کاغذ جس پر نوکری کی یادداشت لکھ لیتے ہیں

سرخوش: بہت خوش، خوشحال، نہال، مسرور

سرخوشی: بہت خوشی، شراب کی ترنگ، نشہ

سرخیل: گروہ کا سردار، سرغنہ، سردار

سردار: سرغنہ، افسر

سرداری: افسری، ایک قسم کی پگڑی جو سابق حیدرآباد کے درباری لوگ پہنتے تھے

سردربار: بھرے دربار میں، بادشاہ کے سامنے

سردفتر: افسر آفس، میر منشی، ہیڈ کلرک

سرراہ: راستہ میں، راہ میں

سررشتہ: محکمہ، کچہری، دفتر، دستور

سررشتہ دار: میر منشی، دفتر کا سب سے بڑا افسر

سررشتہ داری: میر منشی کا عہدہ

سررشتۂ مال: زمین کا لگان وصول کرنے والا محکمہ

سرزد ہونا: واقع ہونا، ظاہر ہونا، عمل میں آنا

سرزمین: ملک، خطہ، علاقہ

سرزنش: ڈانٹ ڈپٹ، برا بھلا کہنا

سرزنی: کوشش کرنا، سرمغزی

سرزور: باغی، سرکش، نافرمان

سرزوری: بغاوت، سرکشی، نافرمانی

سرسبز: تروتازہ، ہرا بھرا، شاداب، خوش حال، کامیاب

سرسبز ہونا: تروتازہ ہونا، شاداب ہونا، خوشحال ہونا

سرشار: چھلکتا ہوا، لبریز، لبالب، نشے میں مخمور، اردو کے مشہور داستان نویس پنڈت رتن ناتھ کا تخلص

سرشام: شام سویرے، رات ہوتے ہی

سرغنہ: سردار، سرگروہ

سرفدا کرنا: جان دینا، قربانی دینا

سرفراز: ممتاز، معزز، سربلند

سرفروشی: جاں بازی، دلیری، ہمت، شجاعت

سرفروش: جاں باز، دلیر، جان کی بازی لگانے والا

سرقلم کرنا: سر کا بدن سے الگ کرنا، قتل کر دینا

سرکردگی: سرداری، قیادت، ریاست

سرکردہ: سربرآوردہ، بڑے لوگ، اعیان

سرکرنا: ختم کرنا، کامیاب ہونا، بندوق چلانا

سرکش: باغی، نافرمان، بے وفا

سرکشی: بے وفائی، نافرمانی

سرکوبی: سر کچلنا، بغاوت ختم کرنا، کیفر کردار کو پہنچانا

سرگذشت: آپ بیتی، حال، حالت، کیفیت

سرگراں: غصہ، ناراض، منہ بنائے ہوئے

سرگرانی: ناراضی، برہمی، کھنچاؤ، سر کا بھاری ہونا

سرگرداں: آوارہ، بہت کوشش کرنے والا

سرگردانی: آوارگی، بہت زیادہ کوشش کی جانی

سرگرم: جوش سے بھرا، کوشش کرنے والا، محنتی

سرگرمی: محنت، جوش وخروش، چہل پہل

سرگروہ: سردار، سربراہ، سرغنہ

سرگریبان میں ڈالنا: فکر میں پڑنا، سوچنا، غور کرنا

سرگوشی: کانا پھوسی، کانوں میں بات کہنا

سرمحفل: مجلس میں، مجلس کے اندر

سرمست: بہت مست، نشے میں چور

سرمغزی: بہت محنت کرنا، دماغ کھپانا

سرمو: بال کی نوک کے برابر، رائی برابر

سرنام: مشہور، بہت شہرت والا

سرنام کرنا: شہرت دینا، مشہور کرنا

سرنامہ: خط کی پیشانی، وہ جگہ جہاں پر خط کے پانے والے کا نام لکھا جائے

سرنگوں: سر جھکائے، اوندھے، مجمل

سرنوشت: قسمت کا لکھا، نصیب، نصیبہ، بھاگ

سرورق: کتاب کا پہلا ورق

سروساماں: ضروریات زندگی کی چیزیں، لوازمات

سروکار: واسطہ، مطلب، جھکاؤ، میل

سروکار نہ ہونا: مطلب نہ ہونا، تعلق یا واسطہ نہ ہونا

سر ہونا: چلنا، داغا جانا، شروع ہونا

سر: سر، سیس، گردن کے اوپر کا حصہ

سر آنا: بھوت یا جن کا اثر ہونا، سر کٹ کے آنا

سر آنا: الزام لگنا، تہمت لگنا

سر آنکھوں (پر) سے: بصد خوشی، دل وجان سے

سر آنکھوں (پر) بٹھانا (لینا): بہت اعزاز واکرام کرنا، خوب تواضع کرنا

سر اُتارنا: سر کاٹ لینا، گردن الگ کر دینا

سر اتروانا: گردن اڑوا دینا، قتل کرا دینا

سر اُٹھا کر چلنا: مغرور ومتکبر ہونا، اترانا

سر اُٹھانے کی فرصت نہ ہونا: بہت ہی مشغول ہونا، نہایت مصروف ہونا

سر الگ کرنا: سر کو دھڑ سے الگ کرنا، قتل کرنا

سر اونچا کرنا: عزت بخشنا، اعزاز کرنا، سربلند بنانا

سر الگ کرنا: سر کاٹ ڈالنا، سر کو بدن سے الگ کرنا

سر باندھنا: بال گوندھنا، چوٹی بنانا

سر بھاری ہونا: نزلے یا زکام کی وجہ سے سر کا بوجھل ہونا

سر بیچنا: جان جوکھم میں ڈالنا، فوج میں نام لکھانا

سر پاؤں نہ ہونا: شروع اور آخر کا پتہ نہ معلوم ہونا، بیکار ہونا

سر پٹخنا، سر پٹکنا: کسی چیز سے سر کو ٹکرانا، تلملانا، بہت افسوس کرنا

سر پر: ذمے، سر کے اوپر، بہت جلدی

سر پر آ پڑنا: ذمے پڑنا، وارد ہونا

سر پر آ پہنچنا: نزدیک یا سامنے ہونا، بہت ہی قریب ہونا

سر پر آ چڑھنا، آ موجود ہونا: مقابلے کے لیے آ جانا، پیچھے پڑنا

سر پر (آرا) آرے چلنا: ہلاکت میں پڑنا، جان پر بننا، بڑی تکلیف میں پھنسنا

سر پر آنا: نزدیک آنا، قریب آنا، جن بھوت کا اثر ہونا

سر پر (اجل) قضا کھیلنا: موت کا منڈلانا، نحوست یا بدبختی کا آنا

سر پر احسان کرنا: بھلائی کرنا، احسان مند بنانا

سر پر بٹھانا: بہت عزت سے بٹھانا

سر پر بننا: مصیبت کا نازل ہونا، مصیبت میں جان ہونا

سر پر پاؤں رکھ کر بھاگنا: بہت تیزی سے بھاگنا، دیکھتے ہی بھاگ کھڑا ہونا

سر پر پٹھے ہونا: سر سے گردن تک بڑے بڑے بال ہونا

سر پر پڑنا: ذمے ہونا، مصیبت آنا، بیتنا، واقع ہونا

سر پر پہاڑ گرنا: بڑی مصیبت نازل ہونا، قہر نازل ہونا

سر (سروں) پر تھالی پھرنا: بہت زیادہ بھیڑ ہونا

سر پر جن چڑھنا: جن بھوت کا اثر ہونا، غصہ ہونا

سر پر چڑھانا: عزت دینے کے لیے سر پر رکھنا، بہت لاڈ کرنا

سر پر چڑھنا، سر چڑھ جانا: بیباک ہونا، گستاخ ہونا، بدتمیز ہونا

سر پر (چلانا) غل مچانا: قریب آ کر شور مچانا

سر پر خاک (اڑانا) ڈالنا: ماتم کرنا، رونا دھونا، بین کرنا

سر پر خون سوار ہونا: جان لینے کے لیے تیار ہونا، آمادۂ قتل ہونا

سر پر خون لینا: کسی کے قتل کا ذمہ دار بننا، قتل کرنا

سر پر رہنا: دیکھ بھال کرنا، نگرانی کرنا، قریب سے نہ ٹلنا

سر پر سوار رہنا: ہر وقت ساتھ رہنا، حاوی رہنا

سر پر سے نکلنا: بہت نزدیک سے گزرنا

سر پر شیطان سوار ہونا: غصہ دلانا، بات نہ ماننا، برے کام کے لیے آمادہ ہونا، والدین کی بات نہ ماننا، بغاوت کرنا

سر پر غل مچانا: بہت نزدیک آ کے شور کرنا

سر پر کالی ہانڈی رکھنا: بدنامی اٹھانا، شرمندہ ہونا

سر پر (سے) کفن باندھنا: مرنے یا لڑنے کے لیے میدان جنگ میں جانا، مرنے کو تیار ہونا

سر پر کھیل جانا: جاں بازی کے کارنامے انجام دینا، بہادری دکھانا

سر پر لینا: ذمہ لینا، کفیل بننا

سر پر نہ رہنا: بزرگ یا سرپرست کا انتقال کر جانا

سر پر ہاتھ پھیرنا: چمکارنا، پیار کرنا، لوٹنا، لوٹ کے لے جانا

سر پر ہاتھ دھر کے رونا: بہت پشیمان ہونا، سر پکڑ کے رونا

سر پر ہاتھ دھرنا (رکھنا): سرپرستی کرنا، حمایت کرنا، حامی بننا

سر پر ہونا: مربی یا بزرگ بننا، قریب ہونا، سر پر آنا

سر پڑے کا سودا: مجبوری کی بات

سر پکڑ کر رہ جانا: بہت رنج و غم کا احساس کرنا، سوگوار بن جانا

سر پکڑنا: سہارا دینا، دست گیری کرنا، دلاسا دینا

سرپنچ: پنچایت کا حاکم، صدر جلسہ، میر مجلس

سر پھٹول: لڑائی، جھگڑا، دنگا، آپس کی کہا سنی

سر (پھرنا) پھر جانا: دیوانہ ہونا، سر چکرانا، طبیعت خراب ہونا

سر پھوڑ کر لینا: زبردستی چھین لینا، ذرا دھمکا کے وصول کر لینا

سر پھوڑنا: سر کے ٹکڑے کرنا، لڑ کر سر کو زخمی کر دینا، لہولہان کرنا

سر پھیرنا: سرتابی کرنا، حکم نہ ماننا، باغی بننا

سر پیٹنا: ماتم کرنا، رونا دھونا، گریہ وزاری کرنا

سر تھام لینا: دہشت ناک خبر سن کر سر کو پکڑ لینا

سر تھوپنا: الزام لگانا، ذمے لگانا، ذمہ دار بنانا

سر جوڑ کر بیٹھنا: کسی معاملہ پر غور کرنے کے لیے لوگوں کا جمع ہونا، باہم مشورہ کرنا

سر جھاڑنا: کنگھی کرنا، بال گوندھنا، بال سنوارنا

سر جھکانا: سر نیچے کرنا، حکم ماننا، فرماں برداری کرنا

سر جھکنا: سر نیچے ہونا، فرماں بردار ہونا

سر چڑھا: لاڈلا، منہ لگا، بے ادب، گستاخ

سر چڑھ کر: ضد کر کے، سر ہو کے

سر چڑھ (کر) کے بولنا: بھوت کا سر پر آ کے بولنا، بہت گستاخی سے باتیں کرنا

سر چڑھنا: بے تکلف ہونا، گستاخ اور بے ادب ہونا

سر چیرنا: ضد کرنا، ہٹ کرنا، مرنے پر تیار ہونا

سر دھرا: بہت ضعیف، بوڑھا، سرپرست، ولی، مربی

سر دُھننا: بہت ہی لطف اندوز ہونا، حظ اُٹھانا، افسوس کرنا، سر پیٹنا

سر ڈھانکنا: کنواری لڑکی سے جماع کرنا، سر پر کپڑے ڈالنا

سر رنگنا: سر سے خون نکالنا، سر میں خضاب لگانا

سر رہنا: جان بچ جانا، کام میں جٹے رہنا، پیچھے

پڑے رہنا

سر سفید ہونا: بالوں کا اجلا ہونا، ضعیفی کا آ جانا

سر سہلانا: پیار سے آہستہ سر پر ہاتھ پھیرنا، مدح وثنا کرنا

سر سے بلا ٹالنا: آئی ہوئی مصیبت کو دور کرنا، بے دلی سے کوئی کام کرنا، مجبوری سے کام کرنا

سر سے بوجھ (اتارنا) ٹالنا: قرض چکانا، لڑکے یا لڑکی کی شادی سے فارغ ہونا

سر سے پانی (اونچا) ہونا: گزر جانا، برداشت کے قابل نہ ہونا، بہت زیادہ ہونا

سر سے پاؤں تک آگ لگنا: جل بھن جانا، بہت زیادہ غصہ ہونا

سر سے پہاڑ ٹالنا: مصیبت کا خاتمہ کرنا

سر سے چلنا، سر کے بل چلنا: بہت اعزاز واکرام کرنا

سر سے کفن باندھنا: مرنے مارنے کے لیے تیار رہنا، ہتھیلی پر سر رکھنا

سر سے کنواں کھودنا: مشکل کام کو انجام دینا، ناممکن کام کرنا

سر سے کھیلنا: جن یا بھوت کی وجہ سے سر دُھننا

سر کا بوجھ اُترنا: قرض ادا ہونا، ذمہ داری سے فارغ ہونا، بیٹا بیٹی کی شادی ہو جانا

سر کا پسینہ ایڑی تک بہانا: بہت زیادہ محنت کرنا

سر کو آنا: سر ہونا، ضد کرنا، ہٹ کرنا

سر کھانا: بک بک کرتے رہنا، بکواس کر کے سر کھپانا

سر کھپانا: محنت کرنا، نہایت محنت سے کام کرنا

سر گنجا کرنا: مار مار کے سر کے بال گرا دینا، بہت پیٹنا، لوٹ لینا، مرمت کرنا

سر لگنا: تہمت لگنا، ذمہ لگنا، ذمہ دار بنایا جانا، الزام لگنا، عیب لگنا

سر لینا: ذمہ لینا، سر کاٹنا، سر کو جسم سے الگ کرنا

سر مارنا: زبردستی دینا، سر منڈھنا، دماغ سوزی کرنا، تلاش کرنا

سر منڈانا: سر کے بال ترشوانا، جوگی یا فقیر بننا، دھوکے میں آ کے لٹ جانا

سر میلا ہونا: حیض کی وجہ سے ناپاک ہونا، ایام سے ہونا، کپڑوں سے ہونا

سر میں خاک ڈالنا: ماتم کرنا، رنج کرنا، سوگ کرنا

سر میں خناس سمانا: غرور یا تکبر کرنا، فخر وغرور کرنا

سر ہو جانا یا ہونا: حذر کرنا، کسی پر غصہ اتارنا، غصہ کا اظہار کرنا

سِرّ: مذ، بھید، راز، پوشیدہ اور مخفی بات

سُر: مذ، وہ آواز جو ناک سے نکلے، موسیقی کی ایک آواز، فرشتہ ہویونا، سورج

سُر بدّیا: گانے کا علم، علم موسیقی

سُر ملانا: دو سازوں کو ہم آہنگ کرنا، گلے کی آواز کو ساز کی آواز کے مطابق کرنا

سُر ملنا: آواز کا آپس میں ملنا

سرا، سرائے: مو، گھر، خانہ، حویلی، دھرم شالہ، مسافر خانہ

سراپردہ: گھر کا پردہ، خیمہ، ٹینٹ

سرائے فانی: دنیا، عالم، جہان، جگ

سرائے کی بھٹیاری: لڑاکا عورت، گالی گلوچ کرنے والی عورت

سِرا: مذ، کنارا، انتہا، ابتدا، آغاز

سرے سے: مذ، شروع سے

سراب: مذ، ریگستانی زمین کی چمک جس پر چاند سورج کی چمک سے پانی کا دھوکا ہوتا ہے، معدوم، نابود

سراپ: مذ، بددعا، کوسنا

سراپا: مذ، سر سے پاؤں تک، وہ نظم جس میں محبوب کے ہر عضو کی تعریف کی جائے

سراپنا: بددعا دینا، کوسنے دینا

سِراج: مذ، چراغ، روشنی، اجالا

سراسر: تمام، کل، محض

سَراسیمگی: مو، خوف، حیرانی، پریشانی

سراسیمہ: حیران، پریشان، گھبرایا ہوا

سُراغ: مذ، کھوج، نشان، پتہ

سُراغ رساں: کھوجی، کھوج لگانے والا، جاسوس

سُراغ رسانی: جاسوسی کا فن، سراغ لگانا، معاملہ کی تہ تک پہنچنا

سُراغ لینا: خیال معلوم کرنا، کھوج لگانا

سُراغ ملنا: وجہ کا معلوم ہو جانا، معاملہ کا پتہ چلنا

سرائی: لحن، خوش آواز، گانا

سرایت: جذب ہونا، اندر اثر کرنا، سما جانا

سرایت کرنا: جذب ہو جانا، اثر کرنا

سُرب: مذ، سیسہ

سَرپَٹ: مو، گھوڑے کی نہایت تیز چال

سَرپَٹ دوڑانا: بہت تیز دوڑانا

سَرتابَرتا: مذ، انتظام، بندوبست، خرچ، صرف، حصہ

سَرتابَرتا کرنا: انتظام کرنا، برتنا، تقسیم کر لینا

سرجری: مو، جراحی، چیر پھاڑ کا کام

سرجن: چیر پھاڑ کا کام کرنے والا، جراحی کے کام کا ماہر، ڈاکٹر

سُرخ: لال، گھونگچی، آٹھ چاول کا وزن

سُرخ باد: ایک بیماری جس سے پورے بدن میں لال لال چتے بن جاتے ہیں

سُرخ بیدہ: ایک لال رنگ کی بید، ایک بوٹی کا نام

سُرخرو: کامیاب، عزت حاصل کرنے والا

سُرخرو ہونا: عزت حاصل کرنا، کامیاب ہونا

سُرخروئی: کامیابی، عزت، آبرو

سُرخ و سپید ہونا: صحت ہونا، چہرے پر سرخی ہونا

سُرخ ہونا: لال رنگ کا ہونا، غصے سے چہرے کا رنگ لال ہونا، میوہ کا پک جانا

سُرخاب: چکوا چکوی، ایک پانی کی چڑیا

سُرخاب کا پر لگنا: کوئی خاص امتیاز یا وصف ہونا، انوکھی بات ہونا

سُرخی: مو، لال، لال رنگت، اینٹ کا برادہ، عنوان، عورتوں کا سنگار

سُرخی دینا، سُرخی باقی رکھنا: عنوان تحریر کرنا، عنوان کا مشورہ دینا

سُرخی مائل: لال سا، لال جیسا

سرد: ٹھنڈا، گرم کی ضد، بے رونق، بے جان، مردہ

سردآبہ: تہ خانہ، زمین دوز گھر، وہ قبر جو اپنی زندگی میں بنوائی جائے

سردآور: جمانے والا، ٹھنڈک پہنچانے والا

سرد بازاری: مندا، بازار کا نہ چلنا، قیمت کا کم ہونا

سردآلہ: چیزیں ٹھنڈی رکھنے کی مشین

سرد جنگ: اعصابی جنگ

سردلہر: بے مروت، کم آشنا، ظالم، دل کا سخت

سردمہری: بے مروتی، بے وفائی، ظلم

سرد و گرم: رنج و خوشی، رنج و غم، اونچ نیچ

سرد ہو (جانا) ہونا: گرم نہ رہنا، ٹھنڈا ہو جانا، مر جانا، ہمت کا جاتے رہنا

سردولا: مذ، ایک میٹھا خربوزہ

سردی: مو، ٹھنڈ، ٹھنڈک، گرمی کی ضد، نزلہ، زکام، خنکی، جاڑا

سردی چڑھنا: کپکپی کے ساتھ بخار آنا

سردی مرنا: سردی کی تکلیف سہنا

سَرسام: ایک مرض جس سے دماغ میں ورم آجاتا ہے

سرسر: مو، سائیں سائیں

سرسرانا: سائیں سائیں کی آواز کے ساتھ چلنا، سانپ کا رینگنا

سَرسری: آسانی، جلدی میں، مجمل

سرسری نظر کرنا: جلدی جلدی میں ملاحظہ کرنا، جلدی جلدی دیکھنا

سُرسری: مو، جھرجھری، بدن کی سنسناہٹ، آتش بازی کی چھچھوندر

سَرسوں: مو، رائی کے قسم کا ایک پیلا بیج جس سے تیل نکالتے ہیں

سرسوں کا پھولنا: سرسوں کے پودوں پر پھول آنا، ہر طرف پیلا ہی پیلا دکھائی دینا

سَرشار: مست، مخمور، نشے میں چور

سرشاری: مستی، مدہوشی، زور کا نشہ

سَرِشت: مو، خصلت، عادت، خاصیت، گُن

سرشتہ: ملایا ہوا، ملا جلا، سررشتہ کا مخفف، محکمہ، دفتر، صیغہ، کچہری

سَرشک: اشک، آنسو، وہ قطرہ جو خوشی یا رنج کی وجہ سے آنکھوں سے ٹپکے

سَرطان: کیکڑا، پانی میں رہنے والا ایک جانور، ایک قسم کا پھوڑا

سُرعت: تیزی، پھرتی، جلدی

سُرعتِ انزال: مردوں کی ایک بیماری جس میں صحبت کے وقت منی جلد خارج ہو جاتی ہے

سُرفہ: مذ، کھانسی

سَرقہ: مذ، چوری، ایک شاعر کا دوسرے شاعر کے شعر کو اپنے یہاں باندھ لینا

سرقہ بالجبر: لوٹ، زبردستی چھین لینا

سرقۂ خفیف: معمولی چوری

سرقۂ کبیر: بڑی چوری، زیادہ مال کی چوری

سرکار: مو، حکومت، صوبہ، پرگنہ، سردار، محبوب، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

سرکار دربار چڑھنا: نالش کرنا، مقدمہ دائر کرنا، مقدمہ لڑنا

سرکاری: سرکار کا، حاکمانہ، حاکم کا

سرکاری کاغذ: اسٹامپ، دستاویز، ٹکٹ وغیرہ

سرکاری وظیفہ: وظیفۂ حسنِ خدمت، ملازمت کی مدت ختم ہونے پر وظیفہ

سرکانا: ایک طرف سے دوسری طرف کرنا، پوشیدہ طور پر رشوت دینا

سرکٹ ہاؤس: وہ عمارت جہاں دورہ پر گئے ہوئے حکام ٹھہرتے ہیں

سرکس: انسانوں اور جانوروں کا تماشہ

سرکنا: ہلنا، راستہ سے ہٹ جانا، راستہ چھوڑ دینا

سرکنڈا: مذ، نرسل، نے، وہ پودا جس سے قلم بناتے ہیں

سرکنگبین: سکنجبین، سرکہ اور شہد کا شربت

سِرکہ: مذ، گڑ، گنے، انگور یا جامن کا شیرہ جسے سڑا کر خمیرہ اٹھا لیتے ہیں، ہاضمہ کے لیے بہترین چیز ہے

سرکہ جبین: ترش رو، تیوریاں چڑھائے ہوئے

سرگین: مذ، گوبر، گائے، بیل، بھینس کا فضلہ

سرما: مذ، سردی کا موسم، سردی، جاڑا

سرمائی: سرما سے متعلق، سرما سے منسوب، سردیوں کا

سرمایہ: مذ، پونجی، مال، راس المال، وہ چیزیں جو دولت پیدا کرنے میں مدد کر سکیں

سرمایہ دار: پونجی والا، دولت مند، وہ شخص جو تجارت میں روپیہ لگاتا ہے

سرمایہ دارانہ: سرمایہ داری سے متعلق

سرمایہ دارانہ نظام: ایسا نظام جس میں دولت چند گھرانوں تک محدود ہو کے رہ جائے

سرمایہ داری: سرمایہ داری کا پیشہ، سرمایہ داری کا کام

سرمایہ کار: بینک میں اپنی پونجی لگانے والا

سرمایہ کاری: بینک میں پونجی لگانا

سَرمد: ہمیشہ رہنے والا، دائم، غیر فانی، مجذوب، ایک مشہور فقیر اور فارسی شاعر جسے اورنگ زیب کے حکم سے شہید کیا گیا

سَرمدی: دائمی، ہمیشہ رہنے والی چیز

سُرمگیں: سرمہ آلود، سرمہ لگی ہوئی

سُرمہ: مذ، انجن، کحل، بہت باریک

سُرمہ پھیلنا: سرمہ کا آنکھوں سے نکل کر باہر چلا آنا

سُرمہ دانی: سرمہ دان، سرمہ رکھنے کا برتن

سُرمہ در گلو: خاموش، چپ

سُرمہ کو بالہ دار: وہ سرمہ جس کی لکیر آنکھ کے کونے سے کھنچی ہوئی ہو

سُرمہ دینا: سرمہ لگانا

سُرمہ ڈالنا: سرمہ لگانا

سُرمہ سا: سرمہ لگی ہوئی آنکھ، سرمہ کی طرح باریک

سُرمہ کر دینا: پیس ڈالنا، بہت باریک کر دینا

سُرمہ کی تحریر: سرمہ کی لکیر جو آنکھ کے اندر ڈالتے ہیں

سُرمئی: سرمے کے رنگ کا، سرمگیں

سُرنگ: مو، زمین کے اندر کا راستہ، اچھے رنگ کا سرخ

سُرنگ اُڑانا: کسی سوراخ میں بارود بھر کر اڑا دینا

سَرو: مذ، ایک مشہور درخت جو سیدھا مخروطی شکل کا ہوتا ہے، محبوب کا قد

سرو آزاد: ایک قسم کا سرو جس کے تنے اوپر کو اٹھے ہوتے ہیں

سرو بالا: سیدھے قد کا محبوب

سرو خراماں: چلنے والا، حرکت کرنے والا سرو، محبوب

سرو سہی: دو شاخوں والا سرو جس کی دونوں شاخیں اوپر کو چلی گئی ہوں، اچھے قد کا محبوب

سرو قد: سرو جیسے قد کا محبوب

سرو قد تعظیم دینا: سیدھے کھڑے ہو کے کسی کی تعظیم کرنا

سَرَوتا: مذ، ڈلی کترنے یا گنڈیریاں کاٹنے کا اوزار

سُرود: مذ، نغمہ، ترانہ، سخن، بات

سَرور: مذ، سردار، آقا، امیر، رئیس

سَرورِ کائنات: دونوں عالم کے سردار حضرت محمدؐ

سُرور: مذ، فرحت، خوشی، مسرت، نشہ، خمار، مشہور داستان نویس رجب علی بیگ اور مشہور خاتون آمنہ کا تخلص

سَروری: مو، سرداری، امیری، مسلمان لڑکیوں کے نام

سَروش: مذ، غیب کی آواز، الہام، فرشتہ، ہاتف

سروشِ غیب: غیب کا فرشتہ، آسمانی آواز

سروے: مذ، اندازہ، ناپ، جانچ

سرہانا: مذ، سر رکھنے کا مقام، بالیں، تکیہ، بالش

سرہنگ: مذ، فوج کا سردار، سپاہی، پہلوان، کوتوال، فوجی

سِری: مو، ذبح کیے جانور کا سر، کلہ، احترام کا کلمہ، شری

سَریا: مذ، دھات کی سلاخ، سر کنڈا

سریانی: مذ، ایک قدیم زبان جس کی تعلیم یورپ کی جامعات میں خصوصاً ہوتی ہے

سَریر: مذ، تخت، شاہی گدی

سریر آراء: تخت سنوارنے والا، بادشاہ بننے والا

سَریع: تیز، جلد باز، جلد حرکت کرنے والا، تیز چلنے والا

سَریع التاثیر: جلدی اثر کرنے والا، تیزی سے اثر دکھانے والا

سَریع الحرکت: جلدی جلدی ہلنے جلنے والا

سَریع الزوال: جلدی ختم ہو جانے والا

سَریع الفہم: جلدی سمجھنے والا

سَریع الہضم: جلدی ہضم ہونے والا

سُریلا: خوش آواز، اچھے گلے والا

سُریلی: مؤ، رسیلی، رس دار، سُر دار

سریلی آواز: میٹھی آواز، گانے کے قابل آواز

سَرین: مذ، چوتڑ، پٹھ

سِڑ: جنون، دیوانہ پن، پاگل پن

سَڑا: خراب، بگڑا ہوا، ایسی چیز جس میں بدبو پیدا ہو گئی ہو

سِڑا: پاگل، مجنون، خبطی، دیوانہ

سَڑاک: کوڑے یا چھڑی سے مارنے کی آواز

سَڑانا: سڑنے دینا، بہت دنوں رکھنا، خراب کر دینا، بدبو پیدا کرنا، بہت دنوں روکے رکھنا

سڑاند، سڑاہند: سڑنے کی بو، کسی چیز کا سڑنا

سڑک: راستہ، طریقہ، راہ

سُڑکنا: نکل جانا، ناک کی تری کو اوپر کھینچنا، تلوار میان سے نکالنا

سڑنا: خراب ہو جانا، بدبو پیدا ہو جانا، بہت دنوں تک رُکا رہنا

سَڑیل: بدبو، ناپاک، ناسمجھ، کم عقل، چڑچڑے مزاج کا

سزا: مؤ، برائی کا بدلہ، پاداش، مطابق، لائق

سزا پانا: برائی کا نتیجہ بھگتنا، قید یا جرمانہ ہونا

سزاوار: لائق، مناسب، صحیح، لازم

سزا وار ہونا: لائق ہونا، صحیح ہونا، ضروری ہونا، کامیابی حاصل کرنا

سزائے بامشقت: ایسی سزا جس میں مجرم کو جسمانی سزا بھی دی جائے

سزائے تازیانہ: کوڑے مارنے یا لگانے کی سزا دینا

سزائے حبس دوام بہ عبور دریائے شور: وہ سزا جو انگریزوں کے زمانے میں دی جاتی تھی کہ ملزم کو جزائر انڈمان بھیج دیا جاتا تھا

سزائے سنگین: سخت سزا

سزائے قتل: پھانسی کی سزا

سزا (یاب) یافتہ: وہ شخص جو کسی جرم میں جیل میں رہ آیا ہو

سُست: کاہل، کام میں دیر کرنے والا، کمزور، ناتواں،

شدحال، تھکا ہوا

سُست اعتقاد: عقیدے کا کچا

سُست پیمان: وعدے کا کچا

سُست قدم: دھیمی رفتار سے چلنے والا

سُست ہونا: کاہل بننا، فکر مند ہونا، ڈھیلا ہونا، دھیمی رفتار والا ہونا

سَستا: ارزاں، کم قیمت کا، کم تر درجہ کا

سَستا (سما) سماں: چیزوں کے سستا ہونے کا زمانہ، پچھلا زمانہ

سُستانا: آرام کرنا، دم لینا، قوت حاصل کرنا

سَستی: کم قیمت کی، ارزاں، مناسب

سُستی: کاہل پن، ڈھیلا پن، آلکسی

سُستی مفلسی کی ماں ہے: سستی کرنے والا غریب ہو جاتا ہے

سِسٹر: بہن، خواہر، شفاخانہ کی بڑی نرس، چرچ کی راہبہ

سُسَر، سُسرا: مذ، خاوند کا باپ، بیوی کے والد

سُسرال: مذ، ساس یا سسر کا گھر

سسرال کا کتا: وہ شخص جو ہمیشہ سسر کے یہاں رہے

سِسکنا، سِسکیاں لینا: آہستہ آہستہ رونا، دھیلے دھیلے پر جان دینا

سِسکیاں (بھرنا) لینا: رونے یا صدمہ کی حالت میں سسک سسک کر رونا

سِشن: مذ، عدالت کا اجلاس، فوجداری عدالت، فوجداری عدالت کا زمانہ

سِشن جج: فوجداری کا جج، فوجداری کے مقدمہ کا فیصلہ سنانے والا

سَطح مو، کسی چیز کے اوپر کا حصہ، میدان

سَطحِ آب: پانی کے اوپر کا حصہ

سَطحِ زمین: زمین کے اوپر کا حصہ

سطحِ مائل: ڈھلوان جگہ

سطحِ مرتفع: پتھریلی اور اونچی زمین

سطحِ مستوی: ہموار زمین، چورس جگہ

سطحِ ہموار: میدان، برابر جگہ

سَطر: مو، لکیر، لائن، ریکھا، صف

سَطوَت: مو، قہر، رعب، دبدبہ، شوکت

سُطور: مو، سطر کی جمع، سطریں، لکیریں، ایک اردو رسالہ جو نئی دہلی سے شائع ہوتا ہے

سَعادت: مو، اقبال، خوش بختی، خوش قسمتی، خوش نصیبی، نیکی

سَعادت دارین: دونوں عالم کی نیک بختی، دونوں جہان کی بہتری

سَعادت مند: نصیب والا، اچھی قسمت والا، حکم ماننے والا

سَعادت مندی: نیک بختی، خوش بختی

سَعد: مبارک، نیک فال

سعدی: سعد سے نسبت رکھنے والا، فارسی کے مشہور ادیب و شاعر جن کا مزار شیراز (ایران) میں ہے

سعی: مو، کوشاں، دوڑ دھوپ کرنے والا، تگ و دو کرنے والا، حج کے موقع پر صفا اور مروہ نام کی دو پہاڑیوں کے درمیان دوڑنا

سعی سفارش: کہنا، سننا، کوشش

سعیٔ لاحاصل (نامشکور): ایسی کوشش جو کامیاب نہ ہو سکے، بے فائدہ کوشش

سعید: نیک بخت، خوش بخت

سعیر: دوزخ کا بھڑکتا ہوا طبقہ، ایک گرم حصہ

سفارت: مو، سفیر کا عہدہ، ایک حکومت کی طرف سے دوسرے ملک کو پیغام لے جانا، مدرسہ یا مسجد کا چندہ وصول کرنے کے لیے جانا

سفارت خانہ: وہ عمارت جس میں سفیر اور اس کے دوسرے معاونین نے اپنا دفتر قائم کر رکھا ہو

سفارتی تعلقات: دونوں ملکوں کے سفیروں کا آنا جانا، ایک ملک کا دوسرے ملک میں سفارت خانہ قائم ہونا

سفارش: کسی کی امداد کے لیے کسی سے کہنا، کچھ تحریر لکھ کر دینا

سفارش نامہ: وہ خط جس میں کسی کی امداد کے سلسلے میں تحریر ہو

سفاک: ظالم، خون بہانے والا، خوں ریز، قاتل

سفاکی: مو، بے رحمی، ستم گری، ظلم

سِفال: مو، ٹھیکری، ٹھیکرا، اخروٹ، بادام وغیرہ کا خول

سِفالی، سِفالیں: سفال کا بنا ہوا، مٹی کا بنا ہوا

سَفَر: ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا، کوچ کرنا

سَفَرِ آب: بحری سفر، سمندری سفر، سمندر کے ذریعہ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا

سفر کرنا: روانہ ہونا، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا

سفر نامہ: سیاحت نامہ، وہ کتاب جس میں سفر کے متعلق تمام روئداد موجود ہو

سفر وسیلۂ ظفر: سفر سے کامیابی ملتی ہے، بغیر سفر کے کامیابی ہاتھ نہیں آتی

سُفَراء: سفیر کی جمع، بہت سے سفیر، سفیران

سُفرہ: دسترخوان، توشہ دان

سفری: سفر سے متعلق، سفر میں کام آنے والا، سفر کے گوں کا

سِفلہ: اوچھا، کمینہ، نالائق، رذیل، کم ظرف

سِفلہ پَروَر: کمینوں کو منہ لگانے والا، نالائقوں سے مصاحبت کرنے والا

سِفلی: پستی، سفلہ سے منسوب

سِفلی عمل: وہ منتر یا عمل جس میں خبیث روحوں سے مدد لی جاتی ہے

سَفوف: مذ، پسی ہوئی چیز، منجن، پاؤڈر

سفید: اجلا، گورا، چٹا

سفید پڑ جانا: صدمہ یا غم سے چہرہ کا اجلا پڑ جانا، منہ پر ہوائیاں اڑنے لگنا

سفید پوش: اجلے کپڑے پہننے والا، شریف آدمی، اچھی طبیعت والا

سفید و سیاہ: اچھائی برائی، نیکی بدی، اختیارات

سفیدہ: مذ، ایک سفوف، ایک آم، ایک خربوزہ، ایک پیڑ

سفیدی: مو، گوراپن، چٹاپن، انڈے کی وہ چیز جو زردی کے اوپر تہ نما ہوتی ہے، وہ قلعی جو دیواروں پر پھیرتے ہیں

سفیدی آنا: بالوں کا اجلا ہو جانا، بوڑھا ہو جانا

سفیدی پھیرنا (کرنا): دیوار یا مکان پر چونہ گردانی کرنا

سفیر: مذ، ایلچی، قاصد، پیامبر، پیغمبر

سفینہ: مذ، کشتی، جہاز، نوٹ بک، بیاض

سفینۂ حجاج: پاکستان کا مشہور بحری جہاز جو حاجیوں کو جدہ لے جاتا ہے

سفینۂ نوح: کشتی نوحؑ

سقا: مذ، بہشتی، پانی پلانے والا، مسلمانوں میں ایک ذات

سقاوہ، سقابہ: مذ، پانی کی ٹنکی، نہانے کی جگہ، پانی کا حوض

سقف: مو، چھت، شامیانہ

سقم: مذ، خرابی، برائی، بیماری، عیب

سقم نکالنا: برائی نکالنا، عیب جوئی کرنا، کمی نکالنا

سقمونیا: مو، ایک قسم کا گوند

سقنقور: مذ، ایک رینگنے والا ریگستانی جانور

سقوط: مذ، ختم ہونا، جنگ میں ہار جانا، گرنا

سقیم: بیمار، مریض، سقم والا

سقیم الحال: ناتواں، کمزور، بیمار، مریض، بہت غریب

سکان: مذ، چوار، کشتی کا دبالہ، رہنے والے، باشندے، اہالی

سکت: مذ، طاقت، قوت، توانائی

سکتر: مذ، سکریٹری، ناظم، معتمد

سکتہ: مذ، ایک مرض جس میں آدمی مردے کی طرح بے حس و حرکت ہو جاتا ہے، حیرت

سکتہ کا عالم: تعجب یا حیرت کی کیفیت

سکر: مذ، خمار، نشہ، بے ہوشی

سکرات: مو، جان نکلتے وقت کی تکلیف، نزع کی حالت

سکریٹری: مذ، ناظم، مہتمم، دبیر، ناظر، سکتر

سکریٹریٹ: مذ، ناظم کا دفتر، مہتمم کے بیٹھنے کا کمرہ

سکوتا: چھوٹا ہونا، تنگ ہونا، سمٹنا

سکڑی پڑنا: مشکل پیش آنا، دشوار ہونا، مصیبت آنا

سکسینہ: کائستھوں کی ایک قوم، رام بابو کا قومی نام جنھوں نے انگریزی میں اردو کی تاریخ لکھی

سکنا: قابل ہونا، کر سکنا، ممکن ہونا

سکنجبیں: مو، سرکنجبیں، سرکہ یا لیموں کے عرق سے

بنا ہوا شربت

سکندر: مذ، اسکندر، مقدونیہ کا بادشاہ جس نے ہندوستان پر حملہ کیا

سکندری: مو، سکندر سے منسوب، بادشاہت، گھوڑے کی ٹھوکر

سکندری کھانا: گھوڑے کا ٹھوکر کھانا

سکنڈ: دوسرا، ایک گھنٹہ کا ساٹھواں حصہ

سکنڈ ہینڈ: استعمال کیا ہوا، ایک کے ہاتھ سے دوسرے کے ہاتھ میں گیا ہوا، برتا ہوا

سکنڈری: ثانوی، پرائمری اور مڈل سے اونچا

سَکوت: مذ، خاموشی

سَکوت کا عالم: خاموشی کی حالت، چپ چاپ، ہو کا عالم

سکورا، سکورہ: مذ، مٹی کا بنا ہوا پیالہ

سکون: امن وامان، چین، قرار

سکون آور: قرار لانے والی، وہ چیز جو آدمی کو سکون بخشے

سکونت: رہائش، مستقل قیام، رہنے کا ٹھکانہ

سکونت پذیر ہونا: قیام پذیر ہونا، ٹھہرنا، قیام کرنا

سِکّہ: مذ، ٹھپا، مہر، ضرب، نقش، روش، رُعب

سِکّہ بٹھانا: رعب قائم کرنا، دبدبہ جمانا

سِکّہ بیٹھنا: رعب قائم ہونا، حکومت ہونا، حکم چلنا

سِکّہ رائج الوقت: وہ سکہ جو اس وقت کسی ملک میں چل رہا ہو

سِکّہ زن: سکہ ڈھالنے والا، ٹکسال میں کام کرنے والا

سِکّۂ جعلی: جعلی سکہ، وہ سکہ جسے حکومتی ٹکسال میں نہ بنایا گیا ہو

سِکھ: مذ، شاگرد، تلمیذ، خالصہ، گرونانک کے ماننے والے

سِکھانا، سِکھلانا: تعلیم دینا، کوئی نئی بات بتانا، بہکانا، ورغلانا

سِکھانا پڑھانا: بدظن کرنا، کسی کو بہکانا

سُکھانا، سُکھلانا: خشک کرنا، گیلا پن دور کرنا، زیادہ دیر تک بٹھائے رکھنا

سِکھائے میں آنا: کسی کے ورغلائے میں آجانا

سکھی: مو، سہیلی، ہم جولی

سُکھی: سکھ والا، آرام والا

سگ: مذ، کتا، ایک وفادار جانور جو گھر کی حفاظت اور شکار کے لیے پالا جاتا ہے

سگ بازاری: وہ کتا جس کا کوئی پالنے والا نہ ہو

سگ تازی: عربی ذات کا کتا، اچھے قسم کا کتا

سگ شکاری: شکار کرنے والا کتا، وہ کتا جسے کسی شکاری نے پال رکھا ہو

سگا: ایک ماں باپ کا، قریب کا رشتہ دار، اپنا

سگائی: منگنی، نسبت ٹھہرنا، شادی

سگنل: مذ، اشارہ

سگنل ڈاون ہونا: ریل کے کھمبے کے ہتھے کا نیچے آجانا، ریل کے آنے کا اشارہ ہونا

سگنل مین: وہ آدمی جو سگنل گرانے یا اٹھانے پر مامور ہوتا ہے

سگھڑ: تمیز دار، اچھے سلیقے کا، کاریگر، سینے پرونے اور پکانے ریندھنے میں ماہر

سگھڑاپا: مذ، سلیقہ، تمیز، ہنرمندی، کاریگری

سگھڑائی: مو، سگھڑاپا

سگھڑپن: مذ، سگھڑاپا

سگھڑول: سگھڑ

سِل: مو، تپ دق، ٹی بی، مسالہ پیسنے کا پتھر کا چوکھٹا، پتھر کا ٹکڑا جو عمارتوں میں لگاتے ہیں

سل کا بلا: وہ چھوٹا پتھر جس سے مسالہ پیستے ہیں

سلاجیت: پتھر کا گوند

سِلاح: جنگ کا ہتھیار، سامان جنگ

سِلاح بند: مسلح، ہتھیار لگائے ہوئے

سِلاح خانہ: میگزین، اسلحہ رکھنے کی جگہ

سِلاح ساز: ہتھیار بنانے والا

سلاخ: مو، لوہے کی گول چھڑ

سلاد: مذ، کچے ساگ اور ترکاریوں کا کچرایا کچالو

سلاست: مو، نرمی، روانی، کلام میں بھاری بھرکم الفاظ لانا

سلاست زبان: فصاحت زبان، ہلکے پھلکے الفاظ استعمال کرنا

سَلاسِل: مو، سلسلہ کی جمع، زنجیریں، کڑیاں، ہڑیاں

سلاطین: مذ، سلطان کی جمع، بہت سے بادشاہ، شاہزادے

سلام: مذ، سلامتی، آداب، رخصت، الوداع، معاف کیجیے، چلے جایئے، نماز کے ختم ہونے پر دونوں طرف السلام علیکم ورحمتہ اللہ کہنا، وہ نظم جس میں واقعہ کربلا کا ذکر ہو، وہ نظم جس میں حضورؐ پر درود ہو

سلام پھیرنا: نماز پوری کرنا

سلام پیام، سلام پیغام: منگنی یا نسبت کی بات چیت

سلام دینا: رخصت کرنا یا الوداع کہنا

سلام شوق: عقیدت اور شوق سے بھرا سلام

سلام (السلام) علیکم: تم پر سلامتی ہو، خدا تم کو سلامت رکھے

سلام کرنا: سر یا پیشانی پر ہاتھ رکھنا، آداب کہنا، بات مان لینا، تعریف کرنا، باز آنا، خیر باد کہنا

سلام لینا: سلام قبول کرنا، سلام کا جواب دینا

سلام ہونا: ملاقات یا بات ہونا، سامنے ہونا

سلام ہے: ہم باز آئے، ہم نے اس سے ہاتھ اٹھایا، خدا پناہ میں رکھے

سلامت: صحیح سالم ہوا، ہر آفت سے بچا ہوا، تندرست، زندہ

سلامت روی: صحیح راستہ چلنا، بیچ کی چال چلنا

سلامتی: خیریت، حفاظت، بچنا، تندرستی

سِلانا، سِلوانا: ٹانکے لگوانا، بخیہ کرانا، پھٹی ہوئی چیز کو سوئی سے مرمت کرانا

سُلانا، سُلا دینا: نیند میں غرق کرنا، بچے کو تھپک تھپک کر سونے کی ترغیب دینا، گاڑنا، زمین میں دبا دینا، زہر کھلا کے یا گلا گھونٹ کے مار دینا

سِلائی: کسی چیز کے سلانے کی مزدوری، سینا

سَلائی: مو، دھات کی پتلی سی سلاخ جس سے سرمہ لگاتے ہیں

سَلائی پھیرنا: گرم گرم سلائی آنکھوں میں ڈال کے اندھا کرنا، سرمہ لگا کے سلائی کو ادھر ادھر گھمانا

سلب: مذ، لے لینا، چھین لینا

سِلپ: مو، کاغذ یا کسی چیز کی لمبی پٹی

سلپچی، سلفچی: مو، وہ برتن جس میں ہاتھ دھوتے ہیں

سلجوق: مذ، ترکوں کا ایک مشہور قبیلہ جس نے ایران میں حکومت کی

سُلجھانا: الجھن دور کرنا، پیچیدہ مسائل کو حل کرنا

سُلجھاؤ، سُلجھاوا: مذ، فیصلہ، الجھن دور کرنا

سلخ: مذ، چاند کے مہینے کا آخری دن، کھال اتار لینا

سَلسُ البول: ایک بیماری جس میں پیشاب کے راستہ سے ہر وقت قطرہ ٹپکتا رہتا ہے

سلسبیل: مو، بہشت کی ایک نہر، شراب، اچھی لگنے والی چیز

سِلسلہ: مذ، زنجیر، بیڑی، تعلق، صحیح، ترتیب

سِلسلہ بندی: ترتیب کرنا، ایک قسم کی چیز کو ایک جگہ جمع کرنا

سلسلہ جُنباں: کسی کام کے لیے کوشش کرنے والا، بات شروع کرنے والا

سلسلۂ (سخن) کلام: بات چیت کی ترتیب

سلسلۂ کوہ: پہاڑوں کی ایک قطار یا ترتیب

سلسلہ نکالنا: ذریعہ پیدا کرنا، ڈھنگ نکالنا

سلسلہ وار: ترتیب کے ساتھ، درجہ بدرجہ، نمبر کے لحاظ سے

سلطان: مذ، بادشاہ، حکم چلانے والا، حکومت کرنے والا، راجہ، راؤ

سلطانہ: مو، ملکہ، رانی، شہبانو، بادشاہ کی بیوی

سلطانی: مو، بادشاہت، حکومت

سلطنت: مو، بادشاہت، حکومت

سَلَف: گزرا ہوا، پہلے کا، پچھلے زمانہ کے لوگ

سُلف: مذ، سودا، سامان

سُلفا: ایک بار پینے کے لیے چلم میں تمباکو ڈالنے کی مقدار

سُلفا کر ڈالنا: جلا کر راکھ کر دینا، فضول خرچی کر کے دولت لٹا دینا

سِلک: مذ، تاگا، دھاگا، ڈور، لڑی، ریشم

سُلگانا: آگ روشن کرنا، لڑائی جھگڑا کرنا

سلگنا: آگ کا جلنا، حسد سے جلتے رہنا

سَلَم: مو، کسی چیز کے خریدنے کے لیے پہلے سے کچھ رقم دینا

سلما، سلمہ: مذ، چاندی سونے کے تار جو لباسوں میں لگاتے ہیں

سِلنا: سیا جانا، دو چیزوں کا سوئیوں سے جوڑا جانا

سلوا، سلوئی: مذ، ایک قسم کا بٹیر

سلوانا: کسی سے سینے کا کام کرانا

سِلوائی: سلانے کی مزدوری

سُلوک: مذ، برتاؤ، طریقہ، رویہ، ڈھنگ

سلونا: نمک والا، نمک ملا، گندی رنگ کا

سلیپر: وہ لکڑی جس پر ریلوے لائن بچھائی جاتی ہے

سلیٹ: مو، پتھر یا لوہے کی چادر کی تختی

سلیس: سلاست والا، آسان فہم، عام فہم زبان

سلیقہ: مذ، تمیز، پہچان، سگھڑاپا، لیاقت

سلیقہ مند: سگھڑ، ہنر والا، پکانے ریندھنے اور سینے پرونے میں ماہر

سلیم: ٹھیک، درست، کامل، پورا، اچھا، صحت مند

سلیم الطبع: صحیح طبیعت والا، دور کی سوچنے والا

سلیم شاہی: ایک قسم کی عمدہ اور نفیس جوتی

سلیمان: حضرت داؤدؑ کے بیٹے جن کے حکم پر حیوان اور انسان چلتے تھے

سُلیمانی: حضرت سلیمانؑ سے تعلق رکھنے والا، ایک قسم کا پتھر جس میں دو رنگ ہوتے ہیں

سَم: مذ، آواز، تال، سُر

سمّ: مو، زہر، بس، ہلاک کرنے والا مادہ

سُم الفار: ایک قسم کا زہریلا پتھر، سنکھیا

سَما: مذ، فلک، آسمان، چرخ، گردوں

سما، سماں: مذ، وقت موسم، فصل، لمحہ، لطف، جوبن

سما (سماں) باندھنا: رنگ جمانا، کیفیت پیدا کرنا

سماج: مذ، معاشرہ، سوسائٹی، انجمن، کمیٹی، گروہ، ٹولی

سَماجت: مو، خوشامد، چاپلوسی، کاسہ لیسی

سماجی: معاشرتی، سماج یا معاشرہ سے متعلق

سماچار: مذ، خبر، اطلاع، حالت، ہندوستان کی خبر رساں ایجنسی

سَماع: مذ، راگ، ناچ گانا، خانقاہوں میں تصوف کے اشعار پڑھنا

سماعت: مو، سننے کی قوت داہلیت، سننا، مقدمہ کی پیشی

سماعت کرنا: سننا، توجہ اور غور سے سننا، جج کا مقدمہ کی کارروائی شروع کرنا

سماعت کے قابل: سننے کے لائق، وہ مقدمہ جس پر عدالت کوئی کارروائی کر سکے

سماعت یکطرفہ: ایک طرف فیصلہ، ایسا مقدمہ جس میں دوسرا فریق حاضر عدالت نہ ہو

سَماعی: سنا ہوا، روایتی، حکایتی، وہ لفظ جو کسی قواعد کے تحت نہ ہو بلکہ اہل زبان سے ایسا ہی سنا گیا ہو

سماق: مذ، سنگ مرمر کی ایک قسم

سمانا: اندر گھس جانا، گنجائش، آ جانا، پسند آنا

سماوات: مذ، بہت سے آسمان، افلاک

سماوار، سماور: مذ، پانی گرم کرنے کا ایک برتن جس کے اندر آگ جلاتے ہیں اور باہر کے حصے میں پانی گرم ہوتا ہے

سماوی: سما سے متعلق، آسمانی، غیبی

سمائی: مؤ، برداری، برداشت، حوصلہ، کھپت

سمت: جانب، طرف، رخ، جہت

سمت الراس: ترقی کی انتہا، سر سے آسمان تک، سیدھے

سمٹ جانا: سکڑ جانا، اکٹھا ہو جانا، کم ہو جانا، ختم ہو جانا

سمٹنا: اکٹھا ہو جانا، سکڑ جانا، ختم ہو جانا

سمجھ: بوجھ، فہم، عقل، دانش، علم

سمجھ آنا: سیانا ہونا، عقل آنا، آنکھیں کھولنا

سمجھ بوجھ: علم و دانش، فہم و فراست، چالاکی

سمجھ پر پتھر پڑیں: ایسی عقل پر پتھر پڑے، یہ سمجھ غارت ہو، ایسی عقل کا ستیاناس ہو

سمجھ دار: عقل والا، سمجھ والا، دانا، تجربہ کار

سمجھانا: دماغ میں بٹھانا، بتانا، آشنا کرنا، نصیحت کرنا، حساب دکھانا

سمجھنا: جاننا، واقفیت رکھنا، انتقام لینا، مارنا پیٹنا

سمجھے: حرف استفہام، دیکھا، دھیان میں آیا، کچھ معلوم ہوا

سمدھن: دولہا اور دلہن کی مائیں

سمدھی: دولہا اور دلہن کے والد محترم

سمدھیانہ: دولہا یا دلہن کے باپ کا گھر

سمرتی: ہندوؤں کی الہامی کتابیں، یادداشت، یادگار

سمع: مذ، سننے کی صلاحیت، کان

سمع خراشی: کان کھانا، دماغ چاٹنا، بک بک کرنا

سمعی، بصری وسائل: مذ، جلد سننے اور دیکھنے کے قابل بنانے والے آلے

سَمَک: مچھلی، ماہی

سَمَن: مؤ، چنبیلی، یاسمن، یاسمین

سمن اندام: چنبیلی جیسے بدن والا، محبوب

سمن بر: چنبیلی جیسے بدن والا، محبوب

سمن: مذ، عدالت میں حاضر ہونے کی اطلاع

سمن جاری کرنا: کسی ملزم کے نام عدالت میں حاضر ہونے کے لیے اطلاع بھیجنا

سمن کی تعمیل: سمن کے حکم کے مطابق عمل کرنا، عدالت میں پہنچنا

سمند: مذ، گھوڑا، پیلے رنگ کا گھوڑا

سمندر: مذ، بڑا دریا، بحر، ساگر

سمندر پار اُتارنا: جلاوطن کرنا، ملک بدر کرنا

سمندر جھاگ: سفید رنگ کا ایک مادہ جو دواؤں میں کام آتا ہے

سمندری: بحری، ساگر کا، سمندر سے منسوب

سمندری گائے: ایک گائے جو سمندر میں پائی جاتی ہے

سمندری گھوڑا: وہ گھوڑا جو سمندر میں رہتا ہے

سمور: مذ، ایک برفانی علاقے کا جانور یا اس کی کھال

سموم: مو، زہر آلود، گرم ہوا، لوئیں

سمونا: ملانا، دو چیزوں کو اکٹھا کرنا، ٹھنڈے اور گرم پانی کو یکجا کرنا

سمیت: مو، زہریلا پن، زہر کا اثر

سمیٹنا: جمع کرنا، اکٹھا کرنا، تنگ کرنا

سمیع: سننے والا، بہت سننے والا، خدا کا نام

سَن: مذ، ایک پودا جس کی چھال کی رسیاں اور سُتلیاں بنتی ہیں، کسی چیز کے زور سے چلنے کی آواز

سن سے جی ہو جانا: دل دہل جانا، سنسناہٹ چھوٹ جانا

سِن: عمر، سال، سال کی گنتی

سِنِ بلوغ، بلوغت: جوانی کی عمر، سیانا ہونا، بڑا ہونا

سِنِ تمیز: وہ عمر جس میں اچھے برے کی خبر ہو جاتی ہے

سن رسیدہ: بوڑھا، بوڑھی، ضعیف

سِنِ شعور: جوانی، شباب، سمجھ بوجھ کی عمر

سُن: بے حس و حرکت، خاموش، چپ چاپ، سننا، مصدر سے امر

سُن رکھنا: ہوشیار ہو جانا، جاگ جانا

سُن گُن لینا: کسی کے راز معلوم کرنا، چھپ کر بات سننا

سَنا: مذ، ایک پودا جس کی چھ قبض کو ختم کرتی اور دست لاتی ہے

سناتن دھرم: قدیم ہندو مذہب جو مورتی پوجا کی حامی ہے اور آریہ سماج سے مختلف ہے

سناٹا: مذ، حیرت، سکتہ، ہو کا عالم، خاموشی، خوف، مار

سناٹا آنا، سناٹا چھانا: ڈر جانا، خوف کھانا، غش آنا

سناٹے سے برسنا: زور سے برسنا، تیزی سے برسنا، موسلا دھار بارش ہونا

سِنان: نیزے کی انی، لوک، بھالا، نیزہ، برچھی

سُنانا: کہنا، بتانا، بلند آواز سے پڑھنا، زور سے تلاوت کرنا

سُنبل: مذ، ایک قسم کی خوشبودار گھاس، بال چھڑ، جٹاماسی

سنبوسہ: مو، ایک پکوان جس میں قیمہ یا سبزی بھر کے پکاتے ہیں

سنبھالا: مذ، وہ افاقہ جو بیمار کو موت سے پہلے ہوا کرتا ہے

سنبھالا لینا: مرنے سے پہلے بیمار کا صحت مند معلوم

ہونے لگنا

سنبھالنا: تھامنا، سہارا دینا، روک لگانا، گرنے سے بچانا، حملہ کرنے کے لیے ہاتھ اوپر کرنا

سنبھلنا: رکنا، گرنے سے بچنا، گرنے نہ پانا، افاقہ ہونا، بوجھ اٹھا سکنا

سنبھوگ: مو، جماع، صحبت

سنپولیا: مذ، سانپ کا بچہ، چھوٹا سانپ

سنپیرا: مذ، سانپ کا تماشا دکھانے والا، سانپ پالنے والا

سُنّت: وہ طریقہ جس پر حضرت محمدؐ اور ان کے پیارے ساتھی چلے، ختنہ، رسم

سُنّتِ آبائی: باپ دادا کی رسم، بزرگوں کے زمانے سے ہوتی ہوئی بات

سُنّتِ ابراہیمی: ابراہیمؑ کی سنت، ختنہ

سُنّتِ نبوی: حضرت محمدؐ کا طریقہ

سنترا: نارنگی

سنتری: مذ، پہرہ دار، سپاہی

سنجاب: مذ، گلہری

سنجاف: مو، کنارا، گوٹہ، زیبائش

سنجیدگی: متانت، بردباری

سنجیدہ: متین، متانت والا، سنجیدگی والا، مناسب بات

سند: مو، دستاویز، وثیقہ، امتحان میں کامیاب ہونے کی تحریر، تصدیق نامہ

سند پکڑنا: دلیل کے طور پر بیان کرنا

سند جاننا: قابل اعتبار سمجھنا، صحیح ماننا

سند دینا: ثبوت پیش کرنا، مثال دینا

سند مانگنا: مثال مانگنا، امتحان میں کامیابی کا کاغذ مانگنا

سند ہونا: ماننے کے لائق ہونا

سند یافتہ: مستند، وہ شخص جس کے پاس کسی امتحان میں کامیابی کا ثبوت ہو

سنداً: سند کے اعتبار سے، بلحاظ سند

سندان: مو، اہرن، نہائی، وہ چوکور لوہے کا ٹکڑا جس پر لوہے کو کوٹتے ہیں

سندھ: مذ، مغربی پاکستان کا ایک مشہور دریا، مغربی پاکستان کا ایک صوبہ جس کی راجدھانی کراچی ہے

سنڈیکیٹ: مذ، تاجروں کی جماعت، کسی جامعہ کی مجلس عاملہ

سنسر: مذ، چھان بین، روک تھام

سنسکرت: مو، مقدس، پاکیزہ، آریہ قوم کی اصل زبان

سنسی: مو، ایک قسم کا زنبور

سنک: مو، جنون، پاگل پن

سنکنا: ناک صاف کرنا، ناک کی غلاظت نکالنا

سنکھ: بڑے بڑے کوڑے جو مندروں میں بجائے جاتے ہیں، ایک سو کروڑ

سنکھ پھنکنا: مندروں میں سنکھ بجنا، ناقوس بجنا

سنگ: مذ، پتھر، وزن، سنگین و وقار

سنگِ آستاں: دہلیز، دروازے کا پتھر

سنگِ آہن رُبا: مقناطیس، وہ پتھر جو لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے

سنگِ اَسود: وہ کالا پتھر جو کعبہ شریف میں لگا ہوا ہے اور جسے مسلمان بوسہ دیتے ہیں

سنگ باری: پتھر باری، خشت باری، کسی کے اوپر پتھر چلانا

سنگ پا: جھانواں، پاؤں صاف کرنے کا پتھر

سنگ پشت: مذ، کچھوا، ایک قسم کا پانی کا جانور جس کی پیٹھ سخت ہوتی ہے

سنگ تراش: پتھر کاٹنے اور بنانے والا

سنگِ تربت: قبر پر لگا ہوا پتھر، وہ پتھر جس پر مرنے والے کا نام اور تاریخ وفات لکھی ہوتی ہے

سنگ دل: بے رحم، ظالم، جفا کار

سنگِ راہ: راستے کی رُکاوٹ

سنگ ریزہ: کنکری، روڑی، بجری

سنگ سار کرنا: پتھر مار کے جان لینا، اسلامی فقہ کی رو سے ایک سزا جس میں زانی یا اغلام باز کو کمر تک زمین میں گاڑ کے پتھروں سے مار مار کے جان لے لیتے ہیں

سنگ ساز: چھاپہ خانہ پر معین ایک آدمی جو پتھر یا پلیٹ کے حروف کو صحیح کرتا ہے، معکوس نویس

سنگِ سرمہ: وہ پتھر جس سے سرمہ بناتے ہیں

سنگ (شجر) شجری: ایک طرح کا پتھر جس میں درخت کا عکس نظر آتا ہے

سنگلاخ: پتھر والی زمین یا پہاڑی علاقہ، سخت زمین، مشکل بحر

سنگِ لوح: سنگ تربت

سنگ مثانہ: وہ پتھری جو مثانہ میں پیدا ہو جاتی ہے

سنگ مَرمَر: ایک قسم کا پتھر، سفید رنگ کا پتھر

سنگِ مزار، سنگِ تربت، سنگ لوح: وہ پتھر جو مردے کے سرہانے لگاتے ہیں

سِنگار، سِنگھار: مذ، سجاوٹ، آرائش، کنگھی چوٹی، مانگ پٹی

سنگاردان: سنگار کا سامان رکھنے کا برتن

سنگترہ: نارنگی، سنترہ

سنگر: مذ، فوج یا زمین کے ٹکڑے کی حفاظت کے لیے بنائی ہوئی دیوار، خندق

سنگم: مذ، دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ، مجمع البحرین، ملاقات، اکٹھا ہونا

سنگھاڑا: ایک ٹکونا پھل جو تالابوں میں ہوتا ہے، ٹکونا

سنگین: پتھر کا، بہت وزنی، لکاؤ، ایک نوکدار ہتھیار جو بندوق کی نوک میں لگاتے ہیں

سنگین اتارنا: سنگین کو بندوق سے الگ کرنا

سنگین جرم: بھاری قصور، بڑی خطا

سنگین دل: ظالم، بے رحم

سنگین سزا: سخت سزا، بھاری سزا

سنگینی: بھاری پن، بھاری ہونا، بھاری لگنا

سُنّن: مذ، سنت کی جمع، راستے، طریقے، وہ طریقہ جس پر حضورؐ اور ان کے صحابہؓ چلے

سُننا: کانوں سے آواز معلوم کرنا، دھیان دینا، گالی کھانا

سنورنا: اصلاح ہونا، خرابی دور ہونا

سنون: مذ، دانتوں کا منجن، وہ سفوف جس سے دانت صاف کرتے ہیں

سنہ: مذ، سال، برس

سنہ جلوس: وہ سال جس میں بادشاہ تخت پر بیٹھا ہو

سنہ رواں: وہ سال جو چل رہا ہو، حالیہ سال

سنہ عیسوی: وہ سال جس کا حساب حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش سے شروع ہوتا ہے

سنہ ہجری: وہ سال جس کا حساب حضرت محمدؐ کے مکہ سے مدینہ ہجرت کرنے کے سال سے شروع ہوتا ہے

سنّی: مذ، مسلمانوں کا وہ گروہ جو چاروں خلفائے راشدین کو حق پر مانتا ہے، شیعہ کی ضد

سنیاس: مذ، دنیا چھوڑ دینا، جوگی بن جانا، جوگ لینا

سنیاسی: مذ، جوگی، وہ شخص جس نے دنیا چھوڑ دی ہو، دنیاوی کاروبار سے بالکل الگ ہو گیا ہو

سنیچر: مذ، ہفتے کا دن، جمعہ اور اتوار کے بیچ کا دن، بدنصیبی

سنیچر آنا: بدنصیبی شروع ہونا، بری ساعت آنا

سنین: مذ، سنہ کی جمع، بہت سے سال

سنے ٹوریم: مذ، وہ شفاخانہ جو کسی صحت بخش مقام پر بنایا گیا ہو

سو: پانچ بیسی بنا دے اور ایک، بہت، ہر چند

سو جان سے صدقے: بہت زیادہ فدا، دل و جان سے قربان

سو جان سے عاشق ہونا: بیحد شیدا ہونا، انتہائی فریفتہ ہونا

سو سو کوس دور بھاگنا: پاس نہ آنا، بہت زیادہ بچنا

سُو: سو، سمت، طرف، جانب

سو: (واؤ مجہول) وہ، جو، تو، اس لیے، اس وجہ سے

سَوا: ایک اور اس کا چوتھائی حصہ

سوا نیزے پر سورج آنا: قیامت آنا، بہت زیادہ گرمی پڑنا

سِوا، سوائے: بغیر، علاوہ، بجز، فاقہ، توقع سے زیادہ

سَواحِل: مذ، ساحل کی جمع، دریا

سَواد: مذ، سیاہی، کالک، قرب و جوار، ملکہ، لکھنا، بڑی تعداد

سوادِ اعظم: بڑا شہر، بڑی تعداد، زیادہ حصہ

سوار: مذ، وہ شخص جو پاؤں پاؤں نہ چلے، کسی جانور یا موٹر پر چڑھا ہوا، سواری پر بیٹھا ہوا

سوار بنانا: سواری سکھانا

سواری: چڑھنے کا کام، وہ چیز جس پر چڑھا جائے

سواری آنا: تشریف لانا، جلوس میں آنا

سواری (کرنا) لینا: چڑھنا، سوار ہونا

سوال: مذ، معلوم کرنا، دریافت کرنا، مسئلہ، عقیدہ، پرسش

سوالِ جرح: وہ سوال جو ایک گروہ مقدمہ میں اپنے مخالف کے گواہ سے کرتا ہے، تردیدی سوال

سوال و جواب: بات چیت، مباحثہ

سوال حل کرنا: مشکل مسئلہ کو سلجھانا، کوئی گتھی کھولنا

سوال در سوال: سوال کا جواب دینے کے بجائے جوابی سوال کر دینا

سوال رد کرنا: درخواست منظور نہ کرنا، عرض کو قبول نہ کرنا

سُوالات: سوال کی جمع، بہت سے سوال

سُوالی: فقیر، سوال کرنے والا، مانگنے والا

سوانح: مذ، مو، سانحہ کی جمع، واقعات، روئداد، حالات

سوانح عمری: کسی شخص کی زندگی کے واقعات، تذکرہ

سوانح نگار: واقعہ لکھنے والا، اخبار نویس، کسی شخص کے حالات زندگی لکھنے والا

سوائے: علاوہ، بجز، زیادہ

سوایا: سوا 1 1/4

سَوت، سَوتن: سوکن، ایک شخص کی ایک سے زیادہ بیویاں ہوں تو وہ سب آپس میں سوت یا سوتن کہلاتی ہیں

سوت: مو، چشمہ، نکلنے کی جگہ

سوت: مذ، تاگا، دھاگا، تار

سوت اٹیرنا: سوت لپیٹنا

سوتاپا: سوتنوں کے درمیان دشمنی، سوکنوں کی عداوت

سُوتی: سوت کا، سوت کا بنا ہوا، سوت سے بنایا ہوا

سوتیلا: سوت یا سوکن سے تعلق رکھنے والا، وہ ماں باپ بھائی بہن جو سگے نہ ہوں

سوجن: ورم، آماس

سُوجنا: بدن کے کسی حصہ کا پھول جانا، ورم ہو جانا

سُوجھنا: نظر آنا، نگاہ پڑنا، دکھائی دینا، دھیان میں آنا، تدبیر، ذہن میں آنا

سُوجی: مو، ردا، گیہوں کے مغز کا دررا آٹا جو حلوہ بنانے کے کام آتا ہے

سوچنا: غور کرنا، دھیان دینا، خیال کرنا، کسی معاملے کے بارے میں غور کرنا

سوختنی: جلنے جلانے کے لائق

سوختہ: جاذب، سیاہی چوس، مصیبت کا مارا ہوا

سُود: مذ، فائدہ، نفع، بیاج

سُودخوار، سودخور: قرض دے کر رقم پر سود وصولی کرنے والا، بیاج لینے والا

سُودمند: فائدہ والا، فائدہ سے بھرا

سَودا: مذ، سیاہ، کالا، جلا ہوا مغز، دیوانگی، عشق، مشہور اردو شاعر محمد رفیع کا تخلص، وہ سامان جو خریدا جائے

سودا پٹنا: نرخ مقرر ہو جانا، معاملہ طے ہو جانا

سودا دست بدست ہونا: کسی چیز کا نقد بکنا

سودا سُلف: بازار سے خریدی ہوئی چیزیں

سوداگر: تاجر، بیوپاری، کاروباری، تجارت کرنے والا

سوداگری: تجارت، لین دین، تجارت سے متعلق

سوداگری کرنا: تجارت کرنا، کاروبار میں حصہ لینا، بیوپاری بننا

سودا مول لینا: کوئی چیز خریدنا، کوئی ذمہ داری اپنے سر لینا

سودا نہ ہونا: لین دین کا معاملہ طے نہ ہونا، چیز کی خرید و فروخت کی بات پکی نہ ہونا

سودائی: پاگل، مجنون، دیوانہ، بے وقوف

سُور: مذ، بہادر، شجاع، ہمت والا

سور بیر: بڑا بہادر، سورما

سوراخ: مذ، چھید، روزن، رخنہ، موری

سورت، سورۃ: قرآن مجید کا ایک باب یا فصل

سورج مکھی: مذ، ایک قسم کا پھول جو سورج کے ساتھ ساتھ اپنا رخ بدلتا رہتا ہے

سُورما: بہادر، شجاع

سورہ: مو، سورۃ، سورت، قرآن مجید کا ایک حصہ، ایک باب

سوز: مذ، دکھ، درد، مرثیہ پڑھنے کا ایک خاص طرز، محمد میر دہلوی کا تخلص

سوزاک: مذ، ایک بیماری جس میں پیشاب جلن کے ساتھ آتا ہے اور پیپ بھی نکلتی رہتی ہے

سوزش: مو، جلن، کھولن، درد

سوزن: مو، سوئی، کسی چیز کے سینے کا آلہ

سوزن کاری: کپڑے پر سوئی سے کڑھائی کا کام

سوس: مذ، گھڑیال، ایک قسم کا مگرمچھ

سوسمار: مذ، ایک صحرائی چوپایہ، گوہ

سوسن: مو، آسمانی رنگ کا ایک پھول

سوسنی: سوسن جیسا رنگ، نیلا رنگ

سوغات: مو، تحفہ، ہدیہ، عمدہ، ایک مشہور اردو رسالہ جو بنگلور سے نکلتا تھا

سوفار: مذ، سوئی کا ناکا، تیر کی چنگی

سوق: مذ، بازار

سوقیانہ: بازاری، بازار سے منسوب، غیر معیاری

سَوگن: مو، سوت، سوتن، شوہر کی دوسری بیوی

سوکھا: مذ، قحط، خشک سالی، دبلا پتلا، روکھا، پھیکا، خشک، خشک تمباکو

سوکھا پڑنا: قحط ہونا، خشک سالی ہونا

سوکھا (ٹالنا) ٹرخانا: نرا جواب دینا، بالکل کورا جواب دینا، بغیر مقصد کے ٹالنا

سوکھا لگنا: غم یا بیماری سے کمزور اور دبلا ہو جانا

سوکھنا: خشک ہو جانا، دبلا ہو جانا

سوگ: مذ، ماتم، رنج، غم، افسوس

سوگوار: ماتم کرنے والا، غم کرنے والا

سوگند: مو، قسم، قول، وعدہ

سوگند کھا کے: قسم کھا کر، قسمیہ

سِوِل: غیر فوجی، شہری

سِوِل سروس: سرکاری ملازمت جس میں بڑے بڑے عہدے دار ہوتے ہیں

سولی: مو، پھانسی کا تختہ، مصیبت، خطرہ

سولی پر جان ہونا: جان سخت مصیبت میں ہونا

سولی پر کٹنا: بہت تکلیف میں زندگی گزارنا

سولی چڑھانا: پھانسی کی سزا دینا، بہت تکلیف دینا

سُوم: سوم، ثالث، مردے کا تیجا، وہ رسم جو مردے کے مرنے کے تین دن بعد ادا کی جاتی ہے

سُونا: مذ، پیلے رنگ کی مشہور دھات جس سے زیور تیار کرتے ہیں

سُونا: غیر آباد، سنسان، اکیلا، اجاڑ، ویران، بے رونق

سونٹھ: خشک ادرک، قیمتی چیز، بخیل، کنجوس

سونٹھ بسانا: کوئی قیمتی چیز خریدنا، زچہ خانے کے لیے سامان خریدنا

سونف: مو، ہادیان، ایک مشہور پودے کے بیج جو خوشبودار اور ہاضمہ کے لیے مفید ہوتے ہیں

سونے پہ سہاگہ: رونق پر رونق، اچھائی پر اچھائی، خول پر خول

سونے کا گھر مٹی ہو جانا: بنا بنایا گھر برباد ہو جانا، گھر کو گھن لگ جانا

سونے کا ورق: وہ ورق جو سونے کو کوٹ کر بناتے ہیں

سونے کا مُل اٹھانا: بہت دولت جمع کرنا، بہت روپیہ کمانا

سونے کے مول: بہت مہنگا، بہت قیمت والا

سوویت یونین: مو، وہ وفاقی حکومت جس میں روس کے علاوہ اور دیگر ریاستیں شامل ہیں

سوہان: مذ، ریتی، لکڑی یا لوہا صاف کرنے کا ہتھیار

سوہان روح: جان کو چھیلنے والا، ناگوار لگنے والا، برا لگنے والا

سوء: مذ، برائی، خرابی، بدی، برا، خراب

سوءاتفاق: برا اتفاق، بد اتفاقی سے

سوءادب: بے ادبی، بدتمیزی

سوءظن: برا گمان، بدگمانی

سوءہضمی: بدہضمی، پیٹ کی بیماری

سوئی: مو، سینے کا اوزار، ترازو کا کانٹا، گھڑی کا کانٹا

سویا: مذ، ایک ساگ جو خوشبودار ہوتا ہے، نیند میں کھو

سوئیاں: ایک قسم کی خوراک جو میدے یا آٹے یا روے سے بنتی ہے

سہ: تین، دو اور چار کے بیچ کا عدد

سہ شنبہ: منگل

سہ ماہی: تماہی، ہر تیسرے مہینے کا

سہارا: مذ، مدد، بھروسہ، وسیلہ، قوت

سہارا پانا: مدد پانا، قوت حاصل کرنا

سہارا تکنا: آسرا ڈھونڈنا، امداد کا منتظر رہنا

سہارا دینا: امداد کرنا، کمک کرنا، دستگیری کرنا، تھامنا

سہارا لینا: پناہ چاہنا، مدد لینا

سُہاگن: وہ عورت جس کا شوہر ابھی زندہ ہو

سُہال: ایک قسم کی میٹھی روٹی

سُہالی: پوری کچوری، چپاتی

سہام: حصہ، سہم، تیر

سہج: آہستہ، آسان، سہل، جو مشکل نہ ہو

سہج سہج: آہستہ آہستہ، دھیرے دھیرے

سہرا: مذ، وہ مالا جو دولہا اور دلہن کے سر پر ڈالی جاتی ہے، وہ نظم جو سہرا پہننے کے وقت پڑھی جاتی ہے

سہرا چڑھانا: مزار پر سہرا لٹکانا، تعزیوں کے نشان پر سہرا لٹکانا

سہرا دیکھنا: شادی دیکھنا، شادی ہونا، شادی کرنا

سہرے کے پھول کھلنا: شادی کا وقت قریب آنا

سہروردی: صوفیوں کا وہ گروہ جو حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی کی طرف منسوب ہے

سَہل: آسان، سہج، نرم

سہل نگاری: آرام طلبی، کاہلی، تن آسانی، بہانہ بازی

سہم: مذ، خوف، ڈر

سہم جانا: ڈر جانا، حیران رہ جانا

سہمگیں: ڈرا ہوا، خوف کھایا ہوا، خوفناک

سہو: مذ، بھول چوک، غلطی، برداشت

سہو قلم: قلم کی غلطی، بھول سے کچھ کا کچھ لکھ جانا

سہوا: بھولے سے، غفلت میں، بغیر ارادہ کے

سہولت: سو، نرمی، آسانی، آہستگی

سہی: خوب، بجا، منظور، میں نے مان لیا، غنیمت ہے

سُہیل: مذ، ایک ستارہ جس کی تاثیر سے چمڑے میں خوشبو پیدا ہو جاتی ہے اور کیڑے مکوڑے مر جاتے ہیں

سہیلی: سو، سکھی، دوستی، ہم جولی، ساتھ میں کھیلنے یا رہنے والی

سہیم: حصہ دار، شریک

سی: مو، معمولی چوٹ یا جلن محسوس ہونے کے وقت زبان سے نکلنے والی آواز، برائے تشبیہ جیسے چاندی، سینا مصدر سے امر، زیادتی کے لیے بھی جیسے گری سی گری ہے

سی پارہ: قرآن شریف کے تیس الگ الگ پارے

سی پارۂ دل: خواجہ حسن نظامی کی مشہور کتاب جس میں ان کے مشہور انشائیے شامل ہیں

سے: ابتدا یا شروع ظاہر کرنے کے لیے جیسے مسجد سے میخانہ تک، دوری اور بے تعلقی ظاہر کرنے کے لیے، جیسے ہم سے گیا جگ سے گیا، مانند، طرح پھول سے یعنی پھول کی مانند

سیّاح: ملکوں ملکوں کی سیر کرنے والا، وہ شخص جسے جہاں گردی کا بڑا شوق ہو

سیاحت: مو، سفر، سیر، ملکوں اور شہروں کی سیر

سیاحی: مو، سفر کرنا، سیر و سیاحت کرنا

سیادت: مو، سرداری، بزرگی، بادشاہی، قیادت

سیارہ: چکر لگانے والا ستارہ

سیاست: مو، حکومت، ملک کا انتظام، سزا

سیاست داں، سیاست مدار، سیاسی رہنما: کسی سیاسی جماعت کا رکن

سیاستِ مُدُن: شہری انتظام کا علم

سیاسی: ملکی انتظام سے متعلق سیاست میں حصہ لینے والا

سیاسیات: مو سیاست کا علم سیاست سے متعلق باتیں

سیاق: مذ، مضمون کا ربط، حساب دشمار، احکام کا سلسلہ

سیال: رقیق، بہنے والا، پتلا، وہ چیز جو ٹھوس نہ ہو

سیاہ: کالا، منحوس

سیاہ باطن، سیاہ دل: مکار، فریبی، دل کا کھوٹا

سیاہ بخت: کم بخت، بدنصیب، تقدیر کا ہیٹا

سیاہ پوش ہونا: ماتم کے لباس پہننا، سوگ منانا

سیاہ خانہ: ویران مکان، اجڑا ہوا گھر

سیاہ روز: مصیبت میں پھنسا ہوا، دکھ کے ایام

سیاہ زبان: بدزبان، وہ شخص جس کی بددعا کا اثر بہت جلد ہوتا ہو

سیاہ سفید کرنا: کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے میں کسی کے حکم کا محتاج نہ ہونا

سیاہ فام: کالا کلوٹا، بالکل کالا، کالا بھجنگ

سیاہ کار: بدکار، پاپ کے کام کرنے والا، ظالم

سیاہ گوش: بن بلاؤ، ایک چھوٹا سا درندہ

سیاہہ: مذ، کچا کھاتہ، وہ کھاتہ جس میں روزانہ کا حساب لکھا جاتا ہے

سیاہہ آمدنی: خزانے کا روزنامچہ کا حساب، روزانہ کی آمدنی

سیاہہ دکھانا: لشکر کی تعداد دکھانے والا

سیاہہ کرنا: کچے کھاتے میں درج کرنا، روزنامچے میں لکھنا

سیاہہ نویس: کھاتے میں لکھنے والا، روزنامچے میں لکھنے والا

سیاہی: مو، کالک، روشنائی جس سے لکھا جاتا ہے، کاجل، داغ، دھبہ

سیاہی چٹ، سیاہی چوس: جاذب، سوختہ، وہ کاغذ جو سیاہی کو چوس لیتا ہے

سیاہی رواں ہونا: روشنائی کا ایسا پتلا ہونا کہ لکھنے میں قلم نہ رکے

سیب: مذ، ایک مشہور لال اور میٹھا پھل

سیب زنخدان: خوبصورت ٹھوڑی، محبوب کی ٹھڈی

سیپ: مو، صدف، ایک سمندری مخلوق جس کے پیٹ سے موتی نکلتے ہیں، وہ آم جو فصل میں سب سے پہلے پک کر گرے

سیپ کے موتی: سیپ سے نکلے ہوئے موتی

سیپی آم: ایک قسم کا آم جس کی گٹھلی بہت پتلی ہوتی ہے

سیتا پھل: ایک خوش مزہ میوہ، شریفہ، ایک سبزی

سیٹھ: مذ دولت والا ثروت مند، امیر ساہوکار، ایک احترام کا خطاب ہے جو بنیوں کے نام سے پہلے بولتے ہیں

سیٹھانی: سیٹھ کی بیوی، سیٹھ کا مؤنث

سیٹی: مو، منہ سے نکلنے والی باریک آواز، منہ سے بجانے کا ایک آلہ

سیج: مو، بستر، بسترہ، بچھونا، پلنگ

سیج چڑھتے ہی رانڈ: شادی کے تھوڑے ہی دنوں کے بعد بیوہ

سیج چڑھنا: شوہر اور بیوی کا ہم خواب ہونا، ایک ساتھ سونا

سیخ: مو، لوہے کا چھوٹا اور باریک سریا جس پر کباب بھونتے ہیں

سیخ پا ہونا: بہت ناراض ہونا، آپے سے باہر ہونا

سیخچہ: مذ، چھوٹی سی سیخ

سیّد: مذ، امام، رہنما، قائد، حضرت محمدؐ کی بیٹی حضرت فاطمہؓ کی اولاد

سیّد احمد بریلوی: انیسویں صدی کے مشہور مجاہد اور مذہبی رہنما جنھوں نے سکھوں کے خلاف علم جہاد بلند کیا تھا، ان کی شہادت بالاکوٹ پشاور میں ہوئی

سیّد احمد خاں: مشہور مصلح قوم وملت سرسید احمد خاں بانی مدرسۃ العلوم مسلمانان ہند (موجودہ مسلم یونیورسٹی) علی گڑھ، یہ اردو نثر کے باوا آدم کہے جاتے ہیں

سیّد احمد دہلوی: منشی سید احمد دہلوی مؤلف فرہنگ آصفیہ

سیّد الانبیاء، سیّد البشر، سیّد السادات، سیّد المرسلین: نبیوں کے سردار، انسانوں کے سردار، سرداروں کے سردار، رسولوں کے سردار حضرت محمدؐ

سیّد الشہداء: شہیدوں کے سردار حضرت امیر حمزہؓ اور حضرت امام حسینؓ کا لقب

سیّدنی: سید قوم کی عورت، سید کی گھر والی، سیدانی

سیّدۃ النساء: عورتوں کی سردار حضرت فاطمہؓ کا لقب

سیدھا: براہ راست، آسان، سامنے، ٹھیک، باقاعدہ

سیدھا آنا: براہ راست آنا، بیچ میں کہیں رُکے بغیر آنا، سامنے آنا

سیدھا بنانا: ٹھیک بنانا، درست کرنا، راستہ پر لانا، سدھانا

سیدھا جنت میں جانا: مغفرت کا بالکل یقین ہونا

سیدھا جواب: وہ جواب جس میں ہیر پھیر نہ ہو، درخواست منظور کرنے سے صاف انکار

سیدھا جواب دینا: ایسا جواب دینا جس میں ہیر پھیر نہ ہو

سیدھا رہنا: بالکل استادہ رہنا، جھکے نہ رہنا

سیدھا کرنا: ٹیڑھا پن دور کرنا، سزا دینا، مارنا پیٹنا

سیدھا ہونا: بالکل راست ہونا، ٹیڑھا پن دور ہونا، بغاوت اور خودسری چھوڑ دینا

سیدھے منہ بات نہ کرنا: التفات نہ کرنا، مغرور ہونا

سیدھی: آسان، سہل، جس میں ٹیڑھا پن نہ ہو

سیدھی آنکھ: عنایت کی نگاہ، دائیں آنکھ

سیدھی آنکھ نہ بھانا: بہت ہی نفرت ہونا، نہایت ناپسند ہونا

سیدھی چال چلنا: سیدھا راستہ چلنا، صحیح راستہ اختیار کرنا، سچا راستہ اپنانا

سیدھی نظر رکھنا: محبت اور عنایت کی نظر رکھنا

سَیر: مو، ہوا کھانا، تفریح، چہل قدمی، گھومنا پھرنا، ہنسی مذاق

سَیر دِکھانا: تماشا دکھانا، مزہ چکھانا، کیے کی سزا دینا

سَیر گاہ: تماشہ دیکھنے کی جگہ، پرفضا مقام

سیر و شکار: جنگل میں گھوم پھر کے حیوانات کو مارنا

سیر: پیٹ بھرا، آسودہ، بے پروا

سیر چشم: وہ شخص جس کے دل میں دولت کی زیادہ ہوس نہ ہو، قناعت پذیر، دانا

سیر حاصل: زرخیز، شاداب، جس سے بہت فائدہ پہنچے

سیر ہونا: پیٹ بھر جانا، طبیعت کا بھر جانا

سیر: لہسن، لسن، پیاز جیسی ایک جڑ جس میں جوے ہوتے ہیں

سِیَر: مو، سیرت کی جمع، سیرتیں، عادتیں، تواریخ کا علم

سیراب: سینچائی، پانی ڈالنا، سرسبز، بھیگا ہوا

سیرت: مو، عادت، خصلت، ہنر

سیری: آسودگی، خوشحالی، غربت کا نہ ہونا

سیزدہ: تیرہ، بارہ اور چودہ کے بیچ کا عدد

سیزدہم: تیرھواں

سیسہ، سیسا: ایک قسم کی دھات جس سے بندوق کی گولیاں بناتے ہیں

سَیف: مو، تلوار، شمشیر، تیغ

سَیف زباں: تیز زباں، وہ شخص جس کی دعا میں اثر ہو، اعلیٰ درجے کا شاعر، سخنور

سیکریٹری: ند، معتمد، سکتر، ناظم

سیکریٹریٹ: معتمد کا دفتر، کسی ریاست کا مرکزی دفتر

سیکھ: نصیحت، پند، اچھی بات کا حکم

سیکھنا: نئی بات معلوم کرنا، تجربہ حاصل کرنا، عبرت حاصل کرنا

سَیل: ند، مو، سیلاب، پانی کا بہاؤ، لہر

سَیل پیما: وہ آلہ جس سے سیلاب کا اندازہ لگاتے ہیں، پانی کا بہاؤ معلوم کرتے ہیں

سیل: مو، مہر، ٹھپہ

سیل کرنا: مہر لگانا

سِیل: تری، رطوبت، بھیگا پن

سیلا: بھیگا، نم، تری والا

سیلاب چی: سلفچی، سلیچی، لگن، ہاتھ دھونے کا ایک برتن

سیلان: ند، خون یا پانی کا بہاؤ، خون یا پانی کا جاری ہونا

سیلان الرحم: عورتوں کی ایک بیماری جس میں عورت کے رحم سے تری بہتی رہتی ہے

سیلانی: سیاح، سیاحت کار سیا

سیلانی جوگی: جہاں گرد فقیر

سیلون: مذ، بڑا کمرہ، بال تراشنے کی دکان

سیلی: مو، تھپڑ، لپڑ، چانٹا، طمانچہ

سیم: مذ، چاندی، دولت، روپیہ، پیسہ

سیم تن: گورا چٹا، حسین جمیل، زیبا، خوبصورت

سیما: مذ، ماتھا، پیشانی، چہرہ، منہ

سیماب: مذ، پارہ، حضرت اعجاز صدیقی مرحوم مدیر ماہنامہ شاعر ممبئی کے والد بزرگوار کا تخلص

سیمابی: سیماب سے متعلق

سیمرغ: مذ، ایک افسانوی پرندہ جس کا گھونسلہ کوہ قاف میں ہے

سیمیا: مو، جادو، سحر

سیمین: چاندی کا نقرئی، سیم سے منسوب

سینا: مرغیوں اور چڑیوں کا انڈے پر بچہ نکالنے کے لیے بیٹھنا، انڈے کو گرمی پہنچانا

سینا: سوئی سے دو چیزوں کو ملانا

سیندور: مذ، لال رنگ کا ایک سفوف جسے ہندو عورتیں مانگ میں بھرتی ہیں

سیندوریا: سیندور کے رنگ جیسا، آم کی ایک قسم

سینڈھ: دو سوراخ جو دیواروں میں چھوی کے لیے کرتے ہیں

سینہ: مذ، صدر، سامنے کے رخ

سینہ افگار (فگار): وہ شخص جس کے سینہ میں داغ ہو، رنجیدہ، پریشان

سینہ بسینہ: وہ راز جو ایک ہی خاندان میں بغیر تحریر کے چلا آتا ہو

سینہ چاک ہونا: صدمے یا غم کے مارے چھاتی کا پھٹنا، بہت زیادہ صدمہ ہونا

سینہ زن: ماتم کرنے والا، چھاتی پیٹنے والا

سینہ زوری: زبردستی، سرکشی

سینہ سپر ہونا: خطرہ یا خوف کے موقع پر ڈٹے رہنا، خطرے کی حالت میں بھی ہمت نہ ہارنا

سینہ صاف: صاف دل، بے کینہ، بے کپٹ

سینہ کاوی: بہت زیادہ مشقت، سخت کوشش

سینہ کوبی: چھاتی پیٹنا، سوگ منانا

سینے پر ہاتھ دھرنا: دل کو تسلی دینا، بے قراری کو رد کرنا

سینے سے لگانا: چھاتی سے لپٹانا

سینی: مو، دھات کا بنا ہوا خوان

سیہ: سیاہ کا مخفف، کالا، کالی

سیہی: مو، ایک جانور جس کے تمام بدن پر کانٹے ہوتے ہیں

سیئات: مو سیئہ کی جمع، برائیاں، خرابیاں

ش

شاب: مذ، جوان، چوبیس سے چالیس سال کی عمر تک کا آدمی

شاباش: شاد باش کا مخفف، خوش رہو، مرحبا، بہت اچھا

شاہپور: شاہ پور، شاہزادہ، بادشاہ کی اولاد

شاخ: مذ، ٹہنی، ڈالی، ہنر

شاخ آہو: ہرن کا سینگ، نادر بات

شاخچہ: چھوٹی شاخ، تہمت، بہتان، الزام

شاخ دار: ٹہنی والا، سینگ دار

شاخ در شاخ: ایسی چیز جس میں بہت سی شاخیں ہوں

شاخ دریا: دریا کا وہ حصہ جو دھارے سے الگ ہو کر بہے

شاخ زعفران: انوکھا، نادر، مغرور، خود نما

شاخ سار: درختوں کا جھنڈ، ٹہنی، ڈالی

شاخ نبات: وہ لکڑی جو مصری کا کوزہ بنانے کے لیے اس کے پیالے میں لٹکا دیتے ہیں

شاخسانہ: مذ، جھگڑا، برائی، فساد، سلسلہ

شاخسانہ پیدا کرنا، شاخسانہ کھڑا کرنا: جھگڑے پیدا کرنا، فتنہ برپا کرنا، عیب جوئی کرنا

شاد: خوش، مسرور، مسرت والا

شاد باش: آفریں، شاباش، واہ وا

شادکام: مراد پانے والا، خوش، وہ جس کی آرزو پوری ہو چکی ہو

شاداب: سرسبز، ہرا بھرا، تر و تازہ، رونق والا

شادابی: سرسبزی، تازگی، رونق

شاداں: خوش حال، موجودہ دور میں فارسی کے بڑے استاد ادیب جو مدرسہ عالیہ رامپور میں استاد تھے، عندلیب شادانی کے استاد

شادی: مو، خوشی، تہوار، بیاہ

شادی خانہ آبادی: بیاہ ہونا، بہو کا گھر میں آنا

شادی (کرنا) رچانا: بیاہ کرنا، گھوڑا بیچنا

شادی مرگ: ایسی موت جو فرط مسرت سے واقع ہو گئی ہو

شادیانہ: مذ، شادی کا ڈھول، خوشی کا باجہ، مبارکباد

شادیانہ بجانا: خوشی کے باجے بجانا، خوشی میں مگن ہونا

شاذ: عجیب، انوکھا، غیر معمولی

شاذ و نادر: بہت ہی کم، اتفاق سے، کبھی کبھار

شارب: پینے والا

شارح: مذ، شرح کرنے والا، شرح لکھنے والا، کھول کر بیان کرنے والا

شارع: سڑک، راستہ، شاہراہ، خیابان، شریعت بنانے والا، نبیؐ

شارع عام: عام راستہ، عام گزرگاہ، وہ راہ جس پر ہر شخص کو چلنے کی آزادی ہو

شاش، شاشہ: پیشاب، موت، شاشیدن سے فعل امر

شاطر: عیار، چالاک، شطرنج کا ماہر

شاعر: شعر کہنے والا، نظم لکھنے والا، شعور والا، ذی عقل، باشعور

شاعرانہ: شاعر کے طریقے پر، مبالغہ کے طور پر

شاعرہ: شعر کہنے والی، شاعر کا مونث، سخنوری کرنے والی

شاعری کرنا: شعر گوئی کا شوق رکھنا، شعر کہنا

شاغل: مصروف، مشغول، کام میں لگا ہوا، احترام الدین جے پوری کا تخلص

شافع: شفاعت کرنے والا، بخشش کے لیے سفارش کرنے والا

شافعِ روزِ جزا، شافعِ یوم الحساب، شافعِ محشر: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

شافعی: مذ، امام شافعی کا ماننے والا

شافی: شفا دینے والا، صاف، واضح، شبہ دور کرنے والا

شافیِ مطلق: خدائے تعالیٰ

شاق: تنگ، مشکل، ناگوار، برا

شاق گزرنا: برا معلوم ہونا، ناگوار معلوم ہونا

شاقہ: سخت، مشکل، دشوار

شاکر: مذ، شکر ادا کرنے والا، صابر، قناعت کرنے والا

شاکی: شکوہ سنج، شکایت کرنے والا

شاکی ہونا: شکایت کرنا

شاگرد: مذ، وہ آدمی جو کسی جاننے والے سے کچھ سیکھے، طالب علم، تلمیذ، چیلا

شاگرد پیشہ: نوکر چاکر، خدمت گار، نوکروں کے رہنے کے لیے مخصوص مکان

شاگرد ہونا: قابلیت تسلیم کرنا، معتقد ہونا، قائل ہونا

شال: مو، اون یا پشم کی چادر

شال باف: شال بننے والا، شال کا کام کرنے والا

شالی: مذ، دھان، شال سے منسوب

شام: مو، سورج غروب ہونے کا وقت، مصر کا وہ پڑوسی ملک جس کا پایۂ تخت دمشق ہے

شامِ اودھ: لکھنؤ کی شام جو نہایت حسین ہوتی ہے

شامِ جوانی: جوانی کے آخری دن، جوانی ختم ہونے کے دن

شامِ غریباں: مسافر کی شام، دکھ کی شام

شام کا صبح کرنا: رات کاٹنا، ساری رات جاگ کر گزارنا

شام و سحر: دونوں وقت، ہر وقت

شام و سحر کرنا: حیلہ حوالہ کرنا، ٹال مٹول کرنا

شاما: مو، ایک خوش آواز پرندہ

شاماک: مو، عورتوں کا سینہ بند، انگیا

شامت: مو، بدنصیبی، برائی، آفت، قسمت کی خرابی

شامت آنا: برے دن آنا، آفت آنا

شامتِ اعمال: برے کام کی سزا، کرتوت کا بدلہ، برا انجام، برا پھل

شامت زدہ: برے حال والا، مصیبت کا مارا، کم بخت

شامل: ساتھ، ملا ہوا، شریک

شامل کرنا: ساتھ ملانا، کام میں شریک کرنا

شامہ: سونگھنے کی قوت

شامی: ملک شام کا رہنے والا، شام سے منسوب

شامی کباب: وہ کباب جو گوشت کو مع مسالہ ابال کر پیسنے کے بعد ٹکیاں بنا کر تلتے ہیں

شامیانہ: مذ، کپڑے کا بڑا سائبان جسے عام طور پر کسی تقریب کے موقع پر کسی میدان میں نصب کرتے ہیں

شامیانہ تننا: شامیانہ نصب ہونا، شامیانہ کھڑا ہونا

شامیانہ لگانا: شامیانہ نصب کرنا

شان: مو، عظمت، بزرگی، عزت، انداز، خاصیت

شانِ الٰہی، شانِ خدا، شانِ ربی: خدا کی قدرت اور طاقت

شان برسنا: رعب و دبدبہ ظاہر ہونا

شان جانا: عزت میں بٹہ لگنا، درجہ گھٹنا

شانِ خط: لکھائی کا انداز، تحریر کرنے کا طریقہ

شان دار: شان والا، دبدبہ والا، عظمت والا، خوشنما، دھوم دھام والا

شان دکھانا: اترانا، شیخی بگھارنا، ڈینگ مارنا

شان میں بٹہ لگنا: بے عزتی ہونا

شانِ نزول: قرآنی آیت کے اترنے کا موقع محل، نازل ہونے کا باعث

شان و شوکت: رعب و دبدبہ، ٹھاٹ باٹ

شانہ: مذ، کنگھی، کنگھا، کاندھا، کندھا، مونڈھا

شانہ اُتر جانا: مونڈھے یا کاندھے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے الگ ہو جانا

شانہ سے شانہ چھلنا: بڑی بھیڑ ہونا، بھیڑ کی وجہ سے راہ چلنی دشوار ہونا

شانہ کرنا: ڈاڑھی یا سر میں کنگھی کرنا، بال سنوارنا

شاہ: مذ، آقا، سردار، بادشاہ، فقیروں کا لقب، نو شاہ، سیدوں کے نام سے پہلے بھی بولا اور لکھا جاتا ہے

شاہ بلوط: ایک پہاڑی درخت

شاہ بیت: قصیدہ یا غزل کا بہترین شعر

شاہ پر، شہ پر: پرندے کے پر کا سب سے بڑا پر

شاہ خانم: بڑے گھرانے کی عورت، مغرور عورت

شاہ خاور: پورب کا بادشاہ، سورج، مہر

شاہ درہ، شاہدرہ: وہ آبادی یا گاؤں جو دریا کے دوسرے کنارے پر شاہی محل کے سامنے ہو، لاہور کے پاس راوی کے کنارے ایک قصبہ، دہلی میں جمنا کے پار ایک شہری علاقہ

شاہ راہ، شاہراہ: بڑا راستہ، شارع عام، بادشاہی گزرگاہ

شاہ رگ: بڑی رگ، وہ رگ جو گردن میں سے

گزرتی ہے، رگ جان

شاہ زادہ، شہزادہ: بادشاہ کا لڑکا، شاہی خاندان کا آدمی، دلارا بیٹا

شاہ زادی، شہزادی: بادشاہ کی بیٹی، بادشاہ کے خاندان کی عورت، کنول کے پھول کا پیلا زیرہ

شاہ سوار، شہسوار: گھوڑے کی سواری میں ماہر

شاہ عباس کا حکم ٹوٹے: حضرت عباس کے جھنڈے کی مار پڑے، تباہ ہو، ناس ہو

شاہکار، شہکار: سب سے عمدہ کارنامہ

شاہ گام، شہگام: گھوڑے کی عمدہ چال

شاہ لولاک: حضرت محمدؐ

شاہ مرداں، شہِ مرداں: بہادروں کے بادشاہ، حضرت علیؓ کا لقب

شاہ نشین، شہ نشین: بادشاہ کے بیٹھنے کی جگہ، مشاعرہ یا ڈرامہ میں شاعروں کے بیٹھنے کی جگہ، اسٹیج

شاہ وار، شہوار: بادشاہوں کے لائق، بہت اچھا، اچھی چیز

شاہانہ: بادشاہوں کے مطابق، شاہوں کے مانند

شاہانہ مزاج: بادشاہی مزاج، نازک طبیعت، نخوت

شاہ تُرہ: ایک قسم کا ساگ، پت پاپڑہ

شاہد: مذ، گواہ، خوبصورت، محبوب

شاہد باز: نوجوان لڑکوں یا عورتوں سے میل جول رکھنے والا، حسن کا رسیا

شاہد بازار، شاہد بازاری: بازاری محبوب، طوائف

شاہدِ حال: واقعہ کو اپنی آنکھوں سے دیکھا ہوا گواہ

شاہدی: مو، گواہی، شہادت، معشوقی

شاہنشاہ، شہنشاہ: بادشاہوں کا بادشاہ، سب سے بڑا بادشاہ

شاہی: بادشاہت، سلطانی

شاہین: مذ، ایک شکاری پرندہ، عقاب

شائبہ: مذ، آمیزش، ملاوٹ، شک، احتمال

شائستگی: مو، سنجیدگی، تہذیب، تمیز، مروت

شائستہ: تہذیب دار، سلیقہ مند، مناسب، ٹھیک

شائع: آشکارا، ظاہر، چھپ کر عوام کے سامنے آیا ہوا

شائع ہونا: چھپنا، منظر عام پر آنا

شائق: شوق والا، آرزو والا

شائگان: وہ چیز جو بادشاہوں کے لائق ہو، بیگار

شایاں: لائق، مناسب، موزوں

شاید: غالباً، ممکن ہے

شاید و باید: جیسا کہ امید تھی، جیسا چاہیے تھا

شب: مو، رات، رین، دن کی ضد

شبِ اَسرا: شب معراج، وہ رات جس میں حضورؐ معراج کو تشریف لے گئے

شب افروز: رات کو اجالنے والا، جگنو، چاند

شب باشی: رات کو ٹھہرنا

شب باش: رات کی رات رہنے والا، صرف رات میں قیام کرنے والا

شب بخیر: رات سلامتی سے گزرے، رات کو رخصت ہونے کا سلام

شب برات: شعبان کی چودھویں اور پندرھویں تاریخ کی بیچ کی رات، خوشی کی رات

شبّو، شب بُو: ایک قسم کا پھول جس کی خوشبو رات کو پھیلتی ہے

شب بیدار: رات میں جاگ کر عبادت کرنے والا، زاہد، رات بھر جاگنے والا

شب بیداری: بے خوابی، نیند کا نہ آنا، رات کا جاگنا

شبِ تار (تاریک): اندھیری رات

شب چراغ: رات میں چمکنے والا ہیرا، جگنو

شب خوانی: وہ قصہ یا داستان جو رات کو داستان گو پڑھا کرتے ہیں

شب خون، شبخون: رات کا حملہ، چھاپہ، رات کو بے خبری میں دشمن پر دھاوا بولنا

شبخون مارنا: چھاپہ مارنا، رات کو اچانک حملہ کرنا

شب خیز: رات کو جاگنے والا، رات کو اٹھنے والا

شب دُزد: وہ چور جو رات میں چوری کرے

شبِ دیجور: تاریک رات، اندھیری رات

شب دیگ: ایک طرح کا سالن جس میں گوشت اور شلغم کو رات بھر پکاتے ہیں

شبِ زُفاف: دولہا دلہن کی پہلی رات، تخت کی رات، جماع کی رات

شب زندہ دار: رات بھر جاگ کر عبادت کرنے والا، عبادت گزار

شبستاں: بادشاہوں کے سونے کا کمرہ، خلوت خانہ، حرم سرا، مسجد میں وہ مقام جہاں رات میں عبادت کرتے ہیں

شبِ سُرخاب: جدائی کی رات

شبِ شہادت: محرم کی نویں رات جس کی صبح کو حضرت امام حسینؓ کو شہید کیا گیا

شبِ عاشورہ: نویں اور دسویں محرم کی بیچ کی رات

شبِ قدر: لیلۃ القدر، ایک متبرک رات جو رمضان کے آخری عشرہ کی طاق راتوں میں ہوتی ہے

شب کور: وہ شخص جس کو رات میں دکھائی نہ دے

شب کوری: رات کو دکھائی نہ دینا، اندھرانا

شب کی شب: رات کی رات، رات بھر کے لیے

شبِ ماہ، شبِ ماہتاب، شبِ مہتاب: چاندنی رات

شبِ معراج: 26، 27 رجب کے بیچ کی رات جس میں حضرت محمدؐ کو معراج ہوئی

شب و روز: دن اور رات، چوبیس گھنٹے، ہر وقت

شبِ وصال: ملاپ کی رات، محبوب سے ملاقات کی رات، اللہ والے کے خدا سے ملنے کی رات

شبِ یلدا: نہایت اندھیری رات

شباب: مذ، جوانی، شروع، آغاز، ابتداء

شباب اہل جنت: حضرت امام حسنؓ اور امام حسینؓ جو جنت میں جوانوں کے سردار ہوں گے

شباب پھرنا: جوانی کا دوبارہ آنا

شباشب: راتوں رات، پوری رات

شبان: مذ، چرواہا، گڈریا

شبانگاہ: رات، رات کا وقت

شبانہ: رات کا، رات سے منسوب

شبانہ روز، شب و روز: ہر وقت، چوبیس گھنٹے

شباہت: مو، مشابہت، ہم شکل ہونا، صورت، رونق

شبر: مذ، حضرت حسنؓ کا لقب

شبنم: مو، رات کی تری، ایک قسم کا اجلا پتلا کپڑا

شبنمی: مو، پلنگ پر تاننے کا کپڑا، شبنم کے رنگ کا

شبہ: مذ، وہم، خیال، گمان

شبہ کرنا: شک کرنا، برا گمان کرنا

شبیر: مذ، نیک خو، خوبصورت، حسین و جمیل، حضرت امام حسینؓ کا لقب

شبینہ: رات کا، پوری رات میں قرآن مجید سنانا سنانا

شبیہ: شکل، تصویر، صورت، مانند، طرف

شپر، شپرک، شپرہ: چمگادڑ

شِپّا: مذ، جاڑا، جاڑے کا زمانہ

شتاب: جلدی، عجلت، فوراً، بغیر تاخیر کے

شتابی: جلدی، تیزی، گھبراہٹ

شتالنگ: مذ، لٹو

شتر: مذ، اونٹ، ایک لمبی گردن والا حیوان

شتربان: اونٹ ہانکنے والا، ساربان، اونٹ کا محافظ

شتر بے مُہار: بے نکیل کا اونٹ، آزاد، آوارہ

شتر خانہ: وہ گھر یا علاقہ جہاں اونٹ رکھے جائیں، کانپور کا ایک محلہ

شتر سوار: ناقہ سوار، پیامبر

شترغمزہ: بیجا ناز و نخرہ، حد سے زیادہ چونچلے

شترکینہ: وہ شخص جس کا کینہ کبھی ختم نہ ہو، بڑی دشمنی

شترگاؤ: زرافہ

شترگربہ: ایک ہی کلمہ میں مفرد اور جمع یا تعظیم و تحقیر کو جمع کرنا

شجاع: شجاعت والا، بہادر، جواں مرد، دلیر

شجاعت: بہادری، جواں مردی، دلیری

شجر: مذ، پیڑ، درخت

شجرِ طور، شجرِ کلیم: طور پہاڑ کا درخت جس پر موسیٰ نے خدا کا جلوہ دیکھا

شجرہ: نسب نامہ، وہ فہرست جس میں باپ دادا، پردادا کے نام لکھے ہوتے ہیں، وہ نقشہ جس میں گاؤں کے کھیت بنا کے دکھائے جاتے ہیں

شحم: مو، چربی، موٹاپن، فربہ ہونا

شحنہ: مذ، کوتوال، کھیت کا نگراں

شحیم: موٹا تازہ، ہٹا کٹا

شخص: مذ، آدمی، انسان، بشر، ملس

شخصِ ثالث: وہ آدمی جو دو آدمیوں کے جھگڑے میں سرپنچ کا کام کرے

شخصِ غیر: اجنبی، پرایا آدمی

شخصِ واحد: اکیلا آدمی، تنہا آدمی

شخصی: ذاتی، شخص سے متعلق

شخصی حکومت: ایک تنہا آدمی کی حکومت، آمریت، جمہوریت کی ضد

شخصیت: مو آدمی ہونے کی خصوصیت، لیاقت وجاہت

شخصیت بگھارنا، شخصیت جتانا: شیخی مارنا، اترانا، ڈینگیں مارنا

شدّومدّ: شان وشوکت، رعب ودبدبہ، زور وشور

شداد: مذ، قوم عاد کے ایک بادشاہ کا نام جس نے دنیا میں جنت بنائی اور خدا ہونے کا دعویٰ کیا تھا

شدائد: مذ، مو، سختیاں، تکلیفیں، اذیت

شدبد: مو، کسی علم میں تھوڑی بہت صلاحیت، کم صلاحیت

شدت: مو، سختی، زور، قوت، زیادتی

شدنی: ہونے والی بات، اتفاق کی بات

شدہ شدہ: ہوتے ہوتے، دھیرے دھیرے، آہستہ آہستہ

شدید: سخت، مشکل، دشوار، کٹھن

شدید العداوت: زیادہ بغض وکینہ رکھنے والا

شذرہ: مذ، پراگندہ، بکھرا ہوا، منتشر، اخبار یا رسالہ میں مدیر کا کسی واقعہ پر مختصر تبصرہ

شر: مذ، برائی، جھگڑا، لڑائی، دنگا

شر اُٹھانا یا اُٹھنا: جھگڑا لگانا، جھگڑا شروع کرنا، دنگے کی شروعات کرنا

شرانگیز: فساد پیدا کرنے والا، شریر، فسادی

شراب: مو، پتلی چیز، دارو، وہ سیال مشروب جسے پی کر انسان مدہوش ہو جاتا ہے

شرابِ ارغوانی: لال رنگ کی شراب

شراب اُنڈیلنا: شراب کا دور چلنا، خوب پینا

شراب کا دَور چلنا: کئی لوگوں کا جمع ہو کے باہم شراب پینا

شراب خانہ: مے کدہ، وہ جگہ جہاں شراب بناتے یا بیچتے ہیں

شراب خواری (خوری): شراب پینا، شراب نوشی

شرابِ دوآتشہ: تیز شراب

شرابِ طہور: وہ پاک وصاف شراب جو جنت میں ملے گی اس میں نشہ بالکل نہیں ہوگا

شراب کشید کرنا: شراب بنانا، شراب تیار کرنا

شرابِ ناب: خالص شراب، ایسی شراب جس میں کوئی ملاوٹ نہ ہو

شرابور: تر بتر، تر، بھیگا

شرابی: شراب خوار، شراب پینے والا

شرّاٹا: مذ، زور سے بادل برسنے کی صدا، زناٹا

شرار: مذ، آگ کا پتنگا، چنگاری، آگ کا ٹکڑا

شرافت: مو، بزرگی، اصلی پن، نجابت

شرافت پناہ: بہت ہی شریف

شراکت: مو، ساجھا، حصہ داری

شراکت نامہ: شرکت نامہ کا وہ کاغذ جس پر ساجھ داری کی کیفیت لکھی ہوتی ہے

شرائط: مذ، شرطیں، ذمہ داریاں

شرائط تمہیدی: شروع کی شرطیں

شربت: مذ، اتنی مقدار جو ایک بار پی جائے، شکر میں پکا ہوا کسی چیز کا عرق، لیموں اور چینی سے بنا ہوا مشروب

شربت اُناریں: کھٹے اور میٹھے انار کا شربت

شربت کے پیالے پر نکاح پڑھا دینا: غریبوں کی طرح صرف شربت پر نکاح کرنا

شربتِ مرگ: موت، مرگ

شربتی: شربت کے رنگ کا، ایک قسم کا کپڑا، بڑا فالسہ، رس دار

شرح: کھول کر بیان کرنا یا لکھنا، نرخ، بھاؤ

شرح آب پاشی: نہر کے پانی کا بھاؤ، پانی کا محصول

شرح چڑھانا: کسی کتاب کی شرح لکھنا، حاشیہ پر مشکل عبارت کو حل کر کے لکھنا

شرح ذیل: نیچے لکھی ہوئی تفصیل، تفصیل ذیل

شرح سُود: بیاج کا بھاؤ

شرح لگان: لگان یا خراج کا بھاؤ

شرر: مذ، چنگاری، کینہ، بغض، مشہور ادیب، مولانا عبدالحلیم لکھنوی کا تخلص

شرر بار، شرر ریز، شرر فشاں: چنگاریاں برسانے والا، وہ آگ جس سے چنگاریاں نکلتی ہوں

شرط: مو، اقرار، عہد، قید، پابندی

شرط باندھنا: بازی لگانا، ذمہ لینا، ذمہ دار بننا

شرط رفاقت: دوستی کی شرط، وہ کام جو دوستوں کے ساتھ کرنا چاہیے

شرط لگانا: شرط باندھنا، بازی لگانا، وعدہ و پیمان کرنا

شرطیہ: اقراری، وہ جملہ جو شرط اور جزا سے مل کر بنے

شرع: مو، شریعت، راستہ، حضرت محمدؐ کا لایا ہوا قانون

شرع پر چلنا: شریعت کی پابندی کرنا، مذہبی احکام کو بجالانا

شرع کے خلاف چلنا: شریعت کی پابندی نہ کرنا، مذہبی احکام کو پورا نہ کرنا

شرع محمدیؐ: حضرت محمدؐ کا لایا ہوا دین، دین حنیف

شرع میں رخنا ڈالنا: دین میں کوئی نئی بات پیدا کرنا، دین میں دخل اندازی کرنا

شرع میں شرم کیا: صحیح اور جائز بات کرنے میں شرم کس بات کی

شرعی: شرع کے مطابق، دین اسلام کے موافق

شرعی پائجامہ: ٹخنوں سے اوپر کا پائجامہ

شرعی قسم: خدائے ذوالجلال کی قسم، ایسی قسم جس کا شریعت میں اعتبار کیا جائے

شرف: مذ، بزرگی، بڑائی، بلندی، فوقیت، عزت

شرف باریابی: خدمت یا دربار میں حاضر ہونے کی عزت

شرف پانا: عزت پانا، فخر حاصل ہونا

شرف زیارت: ملاقات کی عزت

شرف نیاز: دیکھنے یا ملاقات کرنے کی عزت

شرف یاب: عزت حاصل کرنے والا

شرفا: مذ، شریف کی جمع، بڑے لوگ، عزت دار لوگ

شرق: مذ، مشرق، خاور، پورب، وہ سمت جدھر سے سورج طلوع ہوتا ہے

شرق سے غرب تک: پورب سے پچھم تک، پورا عالم

شرقی: شرق سے منسوب، پورب کا، پورب والا

شرق علوم: وہ علوم جو ایشیا کے ساتھ مخصوص ہیں، ایشیا کی زبانیں اور ان کے ادبیات

شرک: مذ، اللہ کے ساتھ کسی کو شریک بنانا، کفر، بت پرستی یا قبر پرستی کرنا

شرک جلی: ایسا شرک جو کھلم کھلا ہو، جیسے بت پرستی یا مندر میں جانا

شرک خفی: خدا کو چھوڑ کر انسان پر بھروسہ کرنا، قبر والوں سے اپنی حاجت مانگنا وغیرہ

شرکا: شریک ہونے والے، ساتھی، ساجھی

شرکت: مو، شریک ہونا، تجارت میں ساتھ ہونا، ساجھے داری

شرم: مو، حیا، لاج، ننگ، عار، شرمندگی

شرم آلود: شرمگیں، نادم، ندامت والا

شرم رکھنا: آبرو رکھنا، عزت بچانا، آبرو پر آنچ نہ آنے دینا

شرم رہ جانا: آبرو محفوظ رہنا، بات رہ جانا

شرمسار: شرمانے والا، خجل ہونے والا، شرمندہ

شرمساری: مو، ندامت، خفت، شرمندگی

شرم سے پانی پانی ہونا: شرمندگی کے مارے پسینہ آنا، بہت شرمندہ ہونا

شرم سے ڈوب مرنا: بہت شرمندہ ہونا

شرم سے گڑ جانا: اس قدر شرمندہ ہونا کہ زمین میں دفن ہونے اور دنیا سے منہ چھپانے کو جی چاہے

شرم کی بات: غیرت و حمیت کی بات، افسوس کی بات

شرم گاہ: عورت اور مرد کی پیشاب گاہ

شرمگیں: شرمانے والا

شرمناک: شرم کے قابل

شرمانا: لجانا، لاج کرنا، نادم ہونا

شرمندگی: مو، شرم، ندامت، خجالت

شرمندہ: شرمانے والا، شرم کرنے والا

شرمندۂ احسان: احسان سے دبا ہوا، احسان مند، وہ شخص جس پر کوئی احسان کرے

شروع: مذ، آغاز، ابتدا، پہل

شروع سے آخر تک: ابتدا سے انتہا تک، اول سے آخر تک

شروعات: مو، آغاز، پہل، کام کا شروع ہونا

شرّی: فساد برپا کرنے والا، فسادی، شریر، برا

شریر: برا، بدذات، بدخصلت

شریعت: مو، شرع، دین، مذہب، مذہبی قانون

شریعت کا پابند: شرع کے احکام کی پابندی کرنے والا، پابند شرع

شریف زادہ: کسی شریف کی اولاد، تہذیب دار، مرزا رسوا لکھنوی کا مشہور ناول

شریفہ: شریف عورت، ایک قسم کا پھل، سیتا پھل، وہ پھل جسے سیتا جی نے بن باس کے موقع پر کھایا تھا

شریک: ساتھی، ساجھی، معاملہ کا ساتھی، ملا ہوا

شریکِ جرم: برائی میں ساتھ، ناجائز کام میں مددگار

شریکِ حال: دکھ سکھ کا ساتھی، وہ دوست جو ہر حال میں غم خواری کرے

شریکِ شکمی: وہ شخص جو کاشت کاری میں شریک ہو

شِست: مو، مچھلی پکڑنے کا کانٹا، بنسی

شستگی: سلاست، دھلائی، صفائی

شست وشو: مو، نہانا دھونا، غسل کرنا، کپڑے صاف کرنا

شستہ: صاف کیا ہوا، پاک خالص، دھویا ہوا

شش: چھ (6) پانچ اور سات کے درمیان کا عدد

شش پہلو: چھ گوشہ، مسدس، ایسی چیز جس کے چھ کونے ہوں

شش جہت: چھ سمتیں، پوری دنیا، پورب پچھم اتر دکھن اوپر نیچے

شش ماہی: چھ ماہ پر، آدھا سال

شش وپنج: سوچ بچار، گھبراہٹ، پریشانی

شصت: ساٹھ (60) انسٹھ اور ایک

شطّاح: بے حیا، بے شرم، کمینہ، بے غیرت

شطحیات: بے حیائی کا کام، شریعت کے خلاف کام، بڑ

شطرنج: مو، ایک قسم کا کھیل

شطرنج باز: شطرنج کھیلنے والا

شطرنج بازی: شطرنج کا کھیل

شطرنجی: مو، دری، بساط، سوتی فرش

شطرنجی باف: شطرنجی بننے والا

شِعار: مذ، چلن، طریقہ، ڈھنگ

شعاع: مؤ، کرن، چمک

شعاع ریزی: کسی چیز پر کرن کی روشنی ڈالنا، چمکانا

شعائر: قربانیاں، رسوم، ہر واجبیں، فرائض اور واجبات

شعائرِ حج: حج کے فرائض

شعبان: سنہ ہجری کا آٹھواں مہینہ، وہ مہینہ جس میں شب برات ہوتی ہے

شعبدہ: مذ، جادو، جادو کا کھیل، نظر بندی

شعبدہ باز، شعبدہ گر: وہ کاریگر جو نظر بندی کر کے عجیب عجیب تماشے دکھائے

شعبدہ بازی: عجیب عجیب تماشے دکھانا، دغا بازی، دھوکہ، فریب

شعبہ: مذ، ٹکڑا، حصہ، محکمہ، کسی ادارے کا مخصوص ذیلی ادارہ

شِعر: مذ، کسی باریک بات کا جاننا، نظم، بیت، گیت

شِعر بنانا: شعر موزوں کرنا، کلام میں اصلاح دینا

شِعرِ تر: پاکیزہ اور پر لطف شعر

شِعر خوانی: نظم خوانی

شِعر ڈھل جانا: شعر کا بے ساختہ طور پر ذہن میں آجانا

شِعر گوئی: شاعری، شعر کہنا

شِعر لڑنا: دو شاعروں کے شعری خیالات کا یا مصرعہ کا ایک دوسرے سے ٹکرا جانا

شِعر و سخن: شاعری، شاعری کا شوق، مذاقِ شاعری

شعراء: مذ، شاعران، بہت سے شاعر

شعریت: مذ، شعر کی خوبی، دلکشی، جاذبیت کی انتہا

شُعلہ: مذ، روشنی، چمک، لو

شعلہ اُٹھنا: آگ کی لپٹ نکلنا، جلن، سوزش ہونا

شعلہ افشاں، شعلہ بار: شعلہ برسانے والا، وہ چیز جس سے شعلے نکلیں

شعلہ بھبھوکا ہونا: بہت غصہ ہونا، غصہ سے لال ہونا

شعلۂ جام: شراب، بادہ

شُعلۂ جوالہ: چاروں طرف چکر لگانے والا شعلہ، محبوب

شعلہ زبان: تیز زبان

شعلہ زن: شعلہ مارنے والا، شعلہ نکالنے والا

شُعلۂ طور: وہ روشنی جو حضرت موسیٰؑ کو طور پر دکھائی دی تھی

شُعور: مذ، ہوش، عقل، سوجھ بوجھ

شعور پکڑنا: ہوش سنبھالنا، بڑا ہونا، بالغ ہونا

شُعیب: مذ، ایک اولوالعزم پیغمبر کا نام

شَعیر: مذ، جو، ایک قسم کا غلہ جو گیہوں سے مشابہ ہوتا ہے

شِغال: مذ، گیدڑ، کتے کی شکل کا ایک وحشی جانور

شَغب: مذ، شور، غل، چیخ، پکار

شَغف: مذ، بہت زیادہ محبت، بڑی چاہ، پوری دلچسپی

شُغل: مذ، کام، دھندا، مشغلہ، پیشہ، خدا کا دھیان

شُغل کرنا: کسی کام میں لگنا، کسی کام میں مصروف ہونا

شِفا: مو، صحت، تندرستی، بیماری سے اچھا ہونا

شِفا پانا: تندرستی آنا، صحت پانا، بیماری دور ہونا

شِفا خانہ: مذ، ہسپتال، علاج کی جگہ

شفاشف: تیروں کے لگاتار چلنے کی آواز

شفاعت: مو، گناہوں کے معاف کرانے کی سفارش کرنا

شفاف: ایسا صاف کہ جس میں آر پار نظر آئے

شفتالو: مذ، ایک قسم کا بڑا آڑو

شفعہ: مذ، گھر یا زمین میں ہمسایہ ہونا جس کی وجہ سے گھر یا زمین کو بیچنے یا کرایہ پر دیتے وقت اس کا زیادہ حق ہوتا ہے

شفق: مو، وہ لالی جو سورج نکلنے اور ڈوبنے سے پہلے نمودار ہوتی ہے

شفق پھولنا، شفق کھلنا: آسمان پر شفق کا ظاہر ہونا

شفقت: مو، لطف، مہربانی، محبت، پیار

شفیع: شفاعت کرنے والا، سفارش کرنے والا

شفیع محشر: قیامت کے دن شفاعت کرنے والے حضرت محمدؐ

شفیق: مہربان، غمخوار، ہمدرد، ساتھی، محبوب

شق: پھٹا ہوا، دراڑ، شگاف

شق القمر: حضورؐ کا وہ معجزہ جس میں چاند کے دو ٹکڑے ہو گئے تھے

شِق: آدھا حصہ، ٹکڑا، طرف، سمت، قسم

شِق نکالنا: شک و شبہ پیدا کرنا، جھگڑا پیدا کرنا

شِق نکلنا: شاخ نکلنا، فساد پیدا ہونا

شقاوت: مو، بدبختی، بے نصیبی، بے رحمی، ظلم

شقائق: مذ، گلِ لالہ، ایک سرخ رنگ کا پھول

شقی: شقاوت والا، بے رحم، کم بخت

شقیقہ: مذ، کنپٹی، آدھے سر کا درد

شک: مذ، شبہ، گمان، کسی بات کا اچھی طرح یقین نہ ہونا

شک آنا، شک پڑنا: شبہ پیدا ہونا، گمان ہونا

شک جانا: شبہ ہونا، شبہ ختم ہونا

شک ڈالنا: شبہ پیدا کرنا

شک گزرنا: شبہ ہونا

شکار: مذ، جانوروں کو مارنا، شکار کیا ہوا جانور

شکار بند: وہ تسمہ جو گھوڑے کی دم کے پاس شکار لٹکانے یا ضروری سامان باندھنے کے لیے ہوتا ہے

شکار کرنا: کسی جانور کو مارنا، قابو میں کرنا، دھوکہ سے لوٹنا

شکار کی ٹٹی: ایک چھوٹی سی ٹٹی جو گھاس اور پتوں کی ہوتی ہے اسے شکاری اپنے آگے لیے رہتا ہے

شکارگاہ: زمنہ، میدان، شکار کا جنگل، جنگل

شکار ہونا: کسی جانور کا مارا جانا، کسی کے قابو میں آنا، عاشق ہونا

شکاری ہونا: شکار کا شوقین بننا

شکاری جانور یا کتا: وہ جانور یا کتا جو شکار کرنے

میں مدد دے

شکایت: مو، گلہ، شکوہ، مرض، فریاد، برائی

شکایت مند: شکایت کرنے والا، گلہ کرنے والا

شکر، شکّر: مو، کھانڈ، چینی

شکر پارہ: ایک قسم کی مٹھائی جو چوکور ہوتی ہے

شکر خا: شکر چبانے والا، میٹھی زبان والا

شکر خند، شکر خندہ: مسکراہٹ، تبسم

شکر خور، شکر خورا: ایک پرندہ، جورس یا میٹھی چیز کا رسیا ہوتا ہے، بڑھیا مال کھانے والا

شکر رنجی: ان بن، کھاسنی، معمولی سی رنجش

شکر زبان: شیریں سخن، خوش گفتار، اچھی اچھی باتیں کرنے والا

شکر گنج: شکر کا خزانہ، ایک بزرگ، حضرت فرید الدین کا لقب جن کا مزار پاک پٹن گجرات (پاکستان) میں ہے

شکر: شکریہ ادا کرنا، احسان مند ہونا، سپاس

شکر ایزد، شکر خدا، شکر یزداں: اللہ کا شکر، خدا کا احسان، خدا کی تعریف

شکر گزار: احسان ماننے والا

شکرانہ: وہ خشکہ جس میں کھانڈ یا چینی ملادیں، ایک قسم کا چاول

شکرانہ، شکریہ: وہ رقم جو کامیابی کے بعد محنتانہ کے طور پر دی جائے

شکست: مو، ہار، ہزیمت، مات، شکستگی، ٹوٹ پھوٹ

شکست توبہ: توبہ کا ٹوٹنا یا توڑنا، توبہ کر کے پھر گناہ کا کام کرنا

شکست خوردہ: ہارا ہوا، شکست کھایا ہوا

شکست فاش: ایسی شکست جس میں کسی کو شک نہ ہو، کھلم کھلا ہار

شکست کھانا: ہار ہونا، ہار کھانا، ہزک اٹھانا، ہزیمت پانا

شکست وریخت: ٹوٹ پھوٹ، نقصان، توڑ پھوڑ

شکستہ: توڑا ہوا، ٹوٹا ہوا، دو ٹکڑے، خراب، وہ رسم الخط جس میں گھسیٹ کر لکھتے ہیں

شکستہ حال، شکستہ بازو، شکستہ پا، شکستہ پر: بے کس، بے نوا، بے بس، ناتواں، کمزور

شکستہ خاطر، شکستہ دل: اداس، غم کا مارا ہوا، مایوس، غمگین

شکستہ حال: برا حال، محتاج، حاجت مند

شکستہ نویس: گھسیٹواں لکھنے والا، زود نویس

شکل: مو، صورت، روپ، چہرہ، ڈھنگ، حالت

شکل بدلنا: صورت بدل دینا، بھیس بدلنا

شکل بگاڑنا: صورت خراب کر دینا، چہرہ بگاڑ دینا، بدوضع بنانا

شکل بنانا: خاکہ کھینچنا، نقل کرنا، منہ بنانا

شکل پکڑنا: صورت اختیار کرنا

شکل تو دیکھو: حوصلہ دیکھو، ہمت دیکھو کیا کہنے میاں کے

شکل نہ دیکھا کرے: حیران ہوجائے، حیرت میں پڑجائے

شکل نکالنا: موقع نکالنا، صورت پیدا کرنا، کوئی تدبیر اختیار کرنا

شکل وشمائل: صورت اور عادت، رنگ وروپ، خصلت اور صورت

شکم: مذ، پیٹ، بطن، کمر اور گردن کے بیچ کا حصہ

شکم بندہ، شکم پرست، شکم پرور: بہت کھانے والا، پیٹو، لالچی، پیٹ کا مارا

شکم سیر: پیٹ بھرا، چھکا ہوا، آسودہ حال

شکن: مذ، مو، چین، بل، جھول، سلوٹ

شکن در شکن: بیچ دار، بل پر بل

شکن ڈالنا: بل ڈالنا، بیچ ڈالنا

شکنجہ: مجرموں کو سزا دینے کا ایک آلہ، جلد سازوں کا ایک اوزار

شکنجے میں کھنچوانا، شکنجے میں کھینچنا: مجرم کو سخت سزا دینا، چاروں طرف سے جکڑ دینا

شکور: مذ، بہت شکر کرنے والا، خدا کا نام

شکوک: مذ، شک کی جمع، شبہ، گمان، خیال

شکوہ: مذ، شکایت، گلہ

شکوہ گزاری: شکوہ کرنا، گلہ، دوستانہ شکایت

شکوہ مند: شکایت کرنے والا، گلہ مند

شکوہ وجواب شکوہ: علامہ اقبالہ کی مشہور نظم جس میں امت مرحوم کی پریشانیوں کو ذکر کیا ہے

شکی: شبہ کرنے والا، ایسی بات جس پر یقین نہ آئے

شکیب: مذ، صبر، تحمل، برداشت، شکیبائی

شکیبائی: صبر، تحمل، شکیب، برداشت

شکیل: حسین، خوبصورت، وجیہ

شکیلہ: خوبصورت عورت، جمیلہ، حسینہ

شگاف: مذ، درز، دراڑ، پھٹن، قلم کے بیچ کا چراؤ

شگاف پڑنا: پھٹ جانا، سوراخ ہوجانا

شگاف دینا، شگاف لگانا: قلم بنانے کے بعد نبوں بیچ چیرنا، نشتر لگانا

شگرف: نفیس، عمدہ، عجیب، نادر، نیک، خوبصورت، اچھا

شگفت: مذ، تعجب، حیرت، استعجاب

شگفت: خوش، کھلا ہوا، تفریح، سیر وتماشا

شگفتگی: مو، پھول کا کھلنا، غنچہ کا چٹکنا، سرسبزی، شادابی، ہرا بھرا ہونا، پررونق ہونا

شگفتہ: کھلا ہوا، خوش، مسرور

شگفتہ پیشانی: ہنس مکھ، وہ جس کی پیشانی پر بل نہ ہو

شگفتہ خاطر: خوش مزاج، بشاش

شگفتہ دل، شگفتہ طبع، شگفتہ مزاج: خوش مزاج، ملنسار، ہنس مکھ

شگفتہ رو: ہنس مکھ، خندہ پیشانی والا

شگوفہ: مذ، کلی، غنچہ، انوکھی بات

شگون: مذ، فالِ نیک، مناسب انجام

شل: بے حس، تھکان

شماتت: مو، طنز آمیز ہنسی، خندہ زنی، کسی کے رنج پر خوش ہونا

شمار: مذ، گننا، حساب لگانا، تعداد

شمال: مذ، اتر، اتر کی جانب، مزاج کیفیت، عادت، جمع شمائل

شمس: مذ، سورج، آفتاب

شمشاد: مذ، دراز قد کا ایک خوبصورت پیڑ

شمشیر: مو، لمبی تلوار، تیغ، اوزار

شمع: مو، موم بتی، چراغ

شملہ: مذ، پگڑی کا سرا، سر یا کاندھے پر ڈالنے کی شال

شمہ: مذ، بہت تھوڑا، بہت قلیل

شمیم: مو، مہک، خوشبو، خوشبودار ہوا

شناخت: مو، پہچان والا، دوست، محبوب

شناسا: جان پہچان، تمیز، واقفیت

شناور: مو، تیرنے والا، پیراک

شنبہ: مذ، سنیچر، ہفتہ، دن

شنگ: شوخ، چالاک

شنید: سننا، سنا ہوا، معلوم شدہ

شنیع: خراب، برا، ممنوعہ

شو: مذ، شوہر، خاوند

شوال: مذ، عید کا مہینہ

شوب: مذ، دھلائی، صفائی

شوخ: شرارتی، تیز، طرار، مزاح کرنے والا

شورش: مو، ہنگامہ، فساد، بلوہ

شوریٰ: مذ، صلاح و مشورہ، گفتگو

شوریدہ: پریشان، حیران، پاگل

شوشہ: مذ، ذرا ٹکڑا، حرف کا سرا

شوق: مذ، خواہش، آرزو، تمنا، جوش، محبت

شوکت: مو، رعب، دبدبہ

شومی: مو، بدقسمتی، بدبختی، نحوست

شوہر: مذ، خاوند، مرد، میاں

شہ: مذ، بادشاہ، شاہ کا مخفف، اشتعال

شہاب: مذ، گہرا سرخ رنگ

شِہاب: مذ، شعلہ، روشن سیارہ

شہادت: مو، گواہی، خدا کی راہ میں شہید ہونا

شہامت: مو، دلیری، جواں مردی

شہد: مذ، مکھیوں کے چھتے سے برآمد میٹھا، شیرا

شہداء: مذ، للنگا، کاہل، لچا

شہر آشوب: شہر یا آبادی کی تباہی بیان کرنے والی نظم

شہرت: مو، چرچا، نیک نامی، مقبولیت، رسوائی

شہلا: مو، سیاہ اور بھوری آنکھ والی لڑکی

شہنشاہ: مذ، بادشاہ، فرماں روا

شہوت: مو، جنسی تڑپ، آرزو، جنسی لذت

شہیر: شہرت والا، مشہور، مقبول عام

شے: مو، چیز، واقعہ، جمع، اشیاء

شیخ: مذ، بوڑھا، دانا، سردار، بزرگ

شیدا: چاہنے والا، فریفتہ، عاشق

شیر: مذ، باگھ، بہادر، جواں مرد

شیر: مذ، دودھ

شیرہ: مذ، چاشنی، قوام

شیریں: میٹھا، خوش ذائقہ

شیفتہ: عاشق، دوست، مہربان

شیم: مو، عادت، مزاج، خصلت

شین: مذ، برائی، عیب، خرابی

شیوہ: مذ، عادت، طریقہ، مزاج

شیوہ گری: ناز و نخرہ دکھانا، مشوہ گر

شیوہ یدن: شامل ہونا، مل جانا، کانپنا

شیہ: تل، جسم کے رنگ سے الگ نشان

شیٔ: معمولی چیز، چھوٹی شے

ص

ص: قرآن شریف کی ایک سورہ کا نام ص، تسلیم شدہ، صحیح، منظور، صلی اللہ علیہ وسلم کا مخفف

صابر: برداشت کرنے والا، صبر کرنے والا، بردبار، متحمل، رضائے الٰہی پر مطمئن رہنے والا، جمع صابرین

صابُن: مذ، میل کچیل صاف کرنے والا، گندگی صاف کرنے والی چیز، عربی میں صابون، نہانے دھونے کی چکنی چیز

صاحِب: مذ، دوست، ساتھی، ہم دم، افسر، آقا، حاکم، مالک، تعظیمی کلمہ، احترام سے مخاطب کرنے کا کلمہ، شوہر، آپ، محبوب، بااختیار، جمع صاحبان

صاحبِ اختیار: اختیار کا مالک، خود مختار، آزاد

صاحبِ اَخلاق: اچھے سلوک والا، خوش خلق، خلیق، اچھے اخلاق کا مالک

صاحبِ اِقبال: خوش بخت، اچھی قسمت والا، مقدر والا

صاحب بہادر: انگریز افسر، یورپ کا باشندہ، ٹھاٹ باٹ والا

صاحبِ تخت: تخت کا مالک، بادشاہ، تخت و تاج کا مالک، حکمراں

صاحبِ تدبیر: غور و فکر کا مالک، ہوشیار، چالاک، تجربہ کار، ذی شعور، عقل مند

صاحبِ جائیداد: زمین والا، جائیداد کا مالک،

اراضی اور باغ رکھنے والا

صاحبِ جمال: خوبصورت، حسین، حسن و جمال کا مالک، خوب رو، محبوب

صاحبِ حیثیت: دولت مند، ذی وقار، عزت والا، جائیداد و زمین کا مالک

صاحبِ خانہ: گھر کا مالک، میزبان، گھر والا

صاحبِ دیوان: جس شاعر کا مجموعہ کلام چھپ چکا ہو

صاحبِ ذوق: شوقین، مذاق رکھنے والا، دلچسپی رکھنے والا، چاہنے والا، قدر دان، عاشق مزاج

صاحبِ راز: راز کا جاننے والا، محترم، ہم راز، بھیدی

صاحب زادہ: فرزند، لڑکا، رئیس زادہ، شریف زادہ، کسی محترم شخصیت کی اولاد، نوجوان بچے کو مخاطب کرنے کا کلمہ

صاحب زادی: لڑکی، بیٹی، نور چشمی، دختر

صاحبِ زبان: زبان اچھی طرح جاننے والا، زبان داں، زبان کا مالک

صاحب سلامت: جان پہچان، ملاقات، علیک سلیک، شناسائی

صاحبِ عالم: دہلی کے شہزادوں کا لقب

صاحبِ فراش: بہت بیمار، چارپائی پر پڑا بیمار، بستر سے نہ اٹھنے والا مریض

صاحبِ قران: قران السعدین والا، پیدائش کے وقت زہرہ اور مشتری ستاروں کا اکٹھا ہونا، ظفریاب، فتح مند، خوش بخت، امیر تیمور اور شاہ جہاں کا لقب

صاحبِ قلم: قلم کا مالک، ادیب، شاعر، فنکار، اسلوب کا مالک

صاحبِ کتاب: آسمانی کتاب کے حامل رسول، جس قوم کے پیغمبر پر آسمانی کتاب نازل ہوئی ہو

صاحبِ کمال: فنکار، تجربہ کار، ماہر، استاد، عارف، ولی کامل، خدا رسیدہ

صاحبِ لولاک: حضور رسالت مآبؐ، پیغمبر آخر الزماں

صاحبِ مقدور: دولت مند، مال دار، جائیداد والا

صاحبِ نسبت: خدا رسیدہ، خدا سے تعلق رکھنے والا، اللہ والا، بزرگ

صاحبِ نصیب: خوش قسمت، اچھا مقدر والا، خوش بخت

صاحبان: ندصاحب کی جمع (فارسی) اچھے لوگ، شرفاء

صاحبو: اے لوگو، جلسہ میں موجود لوگوں سے خطاب

صاحبی: ند، حکومت، دور، عہد، زمانہ، افسری، امیری، بے پروائی، ٹھاٹ باٹ، انگریزیت

صاد: ند، ص کا تلفظ، تسلیم، تصدیق، منظور، اقرار، قرآن مجید کی 38 ویں سورۃ، ص، تسلیم کرنے کی علامت، آنکھ، چشم

صاد کرنا: صاد لکھنا، منظور کرنا، تسلیم کرنا، اقرار کرنا، دستخط کرنا

صادر: نافذ، لاگو، نکلنا، قانون کا جاری ہونا، نازل

صادر وارد: آتا جاتا، راہ گزر، مہمان، مسافر

صادِق: سچا، منصف مزاج، ٹھیک، راست، وفادار، ضد کاذب

صادِق آنا: چسپاں ہونا، موزوں ہونا، ٹھیک ہونا، عائد ہونا

صادِق القول: بات کا سچا، وعدے کا پکا، وفادار

صارِف: خرچ کرنے والا، استعمال کرنے والا، جمع صارفین

صارِم: مذ، دلیر، بہادر، کاٹ دار تلوار

صَاع: مو، نشیب، پست زمین، پانی کے ٹھہرنے کی جگہ

صَاعِد: اوپر چڑھنے والا، اوپر کی طرف اٹھنے والا، اوپر بڑھنے والا

صَاعِقہ: مو، بجلی جو کڑکتی ہے اور زمین پر گرتی ہے، کڑکنے کی خوفناک آواز، جمع صواعق

صَاف: ستھرا، خالص، پاک، بے داغ، کورا، بے قصور، ہو بہو، بالکل، قطعی، ظاہر، پڑھنے کے قابل، سچا، واضح، ٹھیک، موزوں، بغیر میل کے

صَاف انکار کرنا: کھرا کھرا جواب دینا، انکار کرنا، مکر جانا

صَاف بات: بے لاگ بات، اپنی آزاد رائے، کھری بات، واضح بات

صَاف جواب دینا: صریحاً انکار کرنا، دو ٹوک جواب دینا، مکر جانا

صَاف چھوٹنا: رہائی پانا، بری ہونا، بے قصور ثابت ہونا

صَاف دِل: بے کھوٹ، کینہ اور برائی سے خالی، بے ریا، پاک طبیعت

صَاف دیدہ: بے عزت، بے شرم، بے حیا، بے غیرت

صَاف شعر: وہ شعر جو بہت آسان ہو اور جلدی سمجھ میں آجائے

صَاف شفّاف: بہت صاف، بغیر کسی کثافت کے، آر پار دکھائی دینے والا

صَاف صَاف: اعلانیہ، بے لاگ، کھری کھری، کھلم کھلا

صَاف کر دینا: صاف کرنا، میل کچیل صاف کرنا، گندگی دور کرنا، دھونا، کوڑا کرکٹ دور کرنا، مسودہ نقل کرنا، صاف ستھرا نقل کرنا، غائب کر دینا، اڑا دینا، تباہ کر دینا، اجاڑنا، ویران کرنا، ذبح کیے ہوئے جانور کو بنانا

صَاف نِکل جانا: کسی خطرے سے بچ جانا، کوئی تکلیف یا خطرہ نہ پہنچنا، تشویش ناک یا خطرناک راستے سے بچ کر نکل جانا

صَاف ہونا: مخلص ہونا، جاری ہونا، انسانوں کا ہلاک ہونا، صحیح کر کے لکھنا، آسمان کا بادلوں سے صاف ہونا، درختوں کا کاٹا جانا، حساب کتاب کا بے باق ہونا، بال مونڈا جانا، جیب سے پیسے گر پڑنا یا کٹ جانا

صَافہ: مذ، پگڑی، سر پر باندھنے کا کپڑا، شکاری جانور کو بھوکا رکھنا

صَافی: مو، گندگی صاف کرنے کے لیے کپڑے کا ٹکڑا، چولھے سے گرم برتنوں کو اتارنے یا توا صاف کرنے کا کپڑا، میل چھاننے کا کپڑا

صَالِح: پرہیزگار، نیک، خدا ترس، اچھی سیرت و کردار والا، جمع صالحین

صَالِحات: مو، پاک دامن عورتیں، خدا ترس عورتیں،

اچھی سیرت وکردار والی عورتیں

صَانِع: بنانے والا، کاری گر، پیدا کرنے والا، تخلیق کرنے والا، جمع صانعین، صناع

صَائِب: درست، ٹھیک، رسا، پہنچنے والا، فارسی کے ایک شاعر کا تخلص

صَائِم: مذ، روزہ دار، روزہ رکھنے والا

صَائِم الدَّہر: زندگی بھر روزہ رکھنے والا، ہمیشہ روزہ رکھنے والا

صَبا: مو، پروائی، پورب سے چلنے والی ہوا، موسم بہار کی ہوا

صباح: مو، علی الصباح، سحر، تڑکا، صبح صادق، منہ اندھیرے

صَبَاحت: مو، حسن، صاف رنگ، گوراپن

صَبَّاغ: مذ، رنگنے والا، رنگ ریز

صُبح: مو، سویرا، سحر، فجر، تڑکا، جمع اصباح

صُبحِ اَزل: کائنات کی تخلیق کا وقت، ابتدائے آفرینش، آغاز عالم، وہ وقت جس کی ابتدا نہ ہو

صُبحِ بنارس: بنارس کی صبح کا دل فریب منظر، گنگا کے کنارے اشنان کرنے والوں کا ہجوم اور ناقوس کی آواز سے سہانا منظر

صُبح خیز: نمازی، عابد، علی الصباح اٹھنے والا

صُبح خیزا: صبح خیز یا صبح کی تاریکی میں سامان چرانے والا چور، سوتے ہوئے مسافروں کے اسباب چرانے والا

صُبح دم: بہت سویرے، علی الصباح، تڑکے

صُبح وشام بتانا، کرنا: حیلہ کرنا، بہانا بنانا، ٹالنا، غلط وعدے کرنا

صُبحِ صَادِق: بہت سویرے، جب سپیدی پھیلتی ہے، روشنی کا تڑکا، پو پھٹے

صُبحِ کاذِب: صبح صادق سے پہلے جب صبح کی روشنی پھیلتی ہے اور تھوڑی دیر کے بعد اندھیرا چھا جاتا ہے، اس روشنی پر صبح ہونے کا گمان ہوتا ہے

صُبح کرنا: رات گزارنا، رات کاٹنا، رات بتانا

صُبح کی پُوچھنا تو شام کی کہنا: گھبرا جانا، حواس باختہ ہونا، بوکھلا جانا

صُبح گاہ: علی الصباح، صبح سویرے، صبح کے وقت

صُبح ومَسا: صبح وشام

صُبح ہو جانا: دن ہو جانا، خاتمہ ہو جانا

صَبر: مذ، برداشت، تحمل، بردباری، خاموشی، شکیبائی، قناعت، انگیز، جھیلنا، کسی کو تکلیف پہنچانے کا بدلہ، سزا

صَبر پڑنا: کسی کو تکلیف پہنچنے کا بدلہ ملنا، غیب سے سزا پہنچنا، برائی کا بدلہ ملنا

صَبر کا یارا نہ رہنا: بے صبری، برداشت نہ کر سکنا، بے اطمینانی

صَبر کرنا: برداشت کرنا، تحمل کرنا، خاموش رہنا، ٹھہرنا، مایوس ہو جانا

صَبر کی داد خدا کے ہاتھ ہے: برداشت کرنے والوں کی مدد خدا کرتا ہے، صبر کرنے والوں کو خدا کی نصرت حاصل ہے

صَبر و شکر کرنا: حادثہ یا مصیبت آنے پر برداشت کرنا، رنج کے وقت خدا پر بھروسہ کرنا، اسی پر راضی رہنا

صِبغۃ اللہ: مذ، اللہ کا رنگ، قدرتی رنگ، فطری قانون، قانون قدرت، اللہ کا حکم

صَبُوح: مو، صبح کی شراب، وہ شراب جو صبح کے وقت پی جائے

صَبُوحی: مو، جام، شراب کی بوتل، صبح کے وقت پی جانے والی شراب

صَبُور: خدا کا صفاتی نام، صبر، خطا کاروں کو معاف کرنے والا

صَبُورا: مذ، بناوٹی عضو تناسل

صَبی: مذ، شیر خوار بچہ، ننھا بچہ جو دودھ پیتا ہو، جمع صبیان

صَبیح: حسین، خوبصورت، گورا رنگ والا، صاف رنگ والا

صَبیہ: مو، دختر، بیٹی، لڑکی

صَحابَت: مو، دوستی، ساتھ، رفاقت، تعلق

صَحابہ: مذ، صحابی کی جمع، دوست، ساتھی، رفیق، صاحب

صِحاح: مذ، صحیح کی جمع، درست، ٹھیک، مستند

صِحاحِ ستّہ: حدیث نبوی کی چھ مستند کتابیں، بخاری، مسلم، ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ، نسائی

صَحافَت: مو، اخبار نویسی، اخبار نویسی کا کام اور کاروبار

صَحافی: مذ، اخبار نویس، خبروں کے لکھنے والے

صَحائف: مذ، صحیفہ کی جمع، کتابیں، رسالے

صُحبت: مو، دوستی، تعلق، یاری، معاون، مددگار، مجلس، محفل، بیٹھک، نشست، مل بیٹھنا، شب باشی، ہم بستری

صُحبت اُٹھانا: قریب رہنا، استفادہ کرنا، تربیت حاصل کرنا

صُحبت داری: ہم بستری، شب باشی، جماع، جنسی لطف اندوزی

صُحبت کا اثر ہونا: ساتھ رہنے کا اثر ہونا، دوستی کی تاثیر ہونا

صُحبت کرنا: عورت سے جنسی فعل کرنا، ہم بستری ہونا، مباشرت سے لطف اندوز ہونا

صُحبت گرم ہونا: ساتھ رہ کر لطف اندوز ہونا، جلسے ہونا، نشست ہونا، پاس بیٹھ کر شاد ہونا، خوش ہونا

صُحبت یافتہ: اچھے لوگوں کی تربیت سے مستفید ہوا انسان، شائستہ، مہذب، سنجیدہ، اچھی عادت واطوار والا، تعلیم یافتہ

صُحبتی: مذ، دوست، یار، ہم راز، ہم نشین، ساتھ اٹھنے بیٹھنے والا

صِحت: مو، تندرستی، شفا، آرام، تصحیح، درستی

صِحت بخش: تندرستی دینے والا، فائدہ مند، مفید، اچھا کرنے والا، شفا دینے والا

صِحت خانہ: پاخانہ، بیت الخلا، ٹٹی

صِحت گاہ: تندرستی کے لیے مفید جگہ، صحت بخش مقام، بیماری سے شفا کے لیے صحت افزا جگہ

صحت نامہ: غلط نامہ، غلطیوں کی فہرست، کتاب کی غلطیوں کا اندراج، تندرستی کی سند

صحت یابی: بیماری سے شفا پانا، تندرستی حاصل کرنا، اچھا ہونا

صَحرا: مذ، ویرانہ، ریگستان، میدان، بیابان، درختوں اور آبادی سے محروم جگہ

صَحرانورد: ویرانوں میں گھومنے والا، ریگستانوں میں پھرنے والا

صَحرائے اعظم: براعظم افریقہ کا ریگستان، دنیا کا سب سے طویل ریگستان

صَحرائی: ریگستانی، بیابانی، ویرانی، جنگل

صُحف: مذ، صحیفہ کی جمع، آسمانی کتابیں، خدا کی کتابیں، رسالے، اخبارات

صَحن: مذ، آنگن، انگنائی، گھر کے اندر کشادہ جگہ

صَحنِ چمن: باغ کا تختہ، تختۂ گلشن، چمن کا میدان

صحنچی: دالان کے بازو سے ملا ہوا چھوٹا میدان

صَحنک: مو، رکابی، طباق، چھوٹا صحن، بی بی فاطمہؓ کی نیاز یا فاتحہ کا کھانا

صحیح: ٹھیک، درست، موزوں، صحت مند، مکمل، تمام، تصدیق، تسلیم، دستخط

صحیح العقل: عقل مند، جس کے پاس پوری عقل ہو

صحیح سالم: مکمل، کامل، پورا، صحیح سلامت، تندرست

صحیح سلامت: خیریت سے، امن وامان کے ساتھ، تندرست، بھلا چنگا

صحیح کرنا: درست کرنا، ٹھیک کرنا، اصلاح کرنا، مار پیٹ کر درست کرنا، تصدیق کرنا، دستخط کرنا، حساب میں لکھنا، تنبیہ کرنا، ثابت کرنا، گواہ کو ٹھیک کرنا

صحیح گئے سلامت آئے: باہر جا کر بھی نہ کمایا اور نہ بدلے، ناکارہ کے ناکارہ رہے، پردیس میں جا کر محنت مزدوری نہ کی

صحیح ہونا: غلطی کی درستی ہونا، درست ہونا، تصدیق ہونا، دستخط ہونا، مکمل ہونا، درج حساب ہونا، گواہ ہونا، ثابت ہونا

صحیح ہے: سچ ہے، درست ہے، بجا ہے، مناسب ہے، حق ہے

صحیفہ: مذ، آسمانی کتاب، رسالہ، کتاب، لکھا ہوا، ورق، جمع صحف، صحائف

صد: سو، سیکڑا، جمع صدہا

صد آفریں: تعریفی کلمہ، تحسین وآفریں، مرحبا، شاباش، بہت خوب، کبھی کبھی طنز کے طور پر نفرت وملامت کے لیے بھی بولتے ہیں

صد برگ: جس پھول میں زیادہ پنکھڑیاں ہوں، گیندا

صدہا: سیکڑوں، بے شمار، بہت زیادہ

صدا: مو، آواز، گونج، پکار، فقیر کے مانگنے کی آواز، آہٹ، گنبد کی آواز، مانگنے کی آواز

صدا بہ صحرا: وہ آواز جس کا کوئی نتیجہ برآمد نہ ہو، بیکار آواز جس پر توجہ نہ کی جا سکے، ویرانے کی آواز

صَدَا دینا: مانگنا، فقیر کا مانگنا، آواز دے کر بلانا، طلب کرنا

صَدَا کرنا: مانگنے کی آواز لگانا، فقیر کا مانگنا، سوال کرنا

صَدائے بَرنخاست: کوئی جواب نہ ملا، آواز نہ سنی گئی، نظر انداز کر دی گئی

صَدارَت: مو، صدر نشیں، میر مجلس ہونا، مجمع یا محفل کی سرپرستی

صَداقَت: مو، سچائی، درستی، حق، خلوص، دوستی، ثبوت، گواہی، تائید

صَدر: مذ، مالک، ملک کا سربراہ، سردار، محفل کا سرپرست، میر محفل، مجلس کا صدر نشیں، چھاتی، سینہ، انگنائی، سامنے کا پہلو، بڑی جگہ، چھاؤنی، افضل، اونچا، بزرگ، خاص، قالین، جمع صدور

صَدرِ اعلیٰ: درجہ اول کا منصف یا جج

صَدرُ الصُّدور: اونچے درجے کا منصف، شاہی محلوں کا محافظ یا نگراں

صَدرِ امین: اعلیٰ درجے کا امین، کسی جج کے ماتحت حاکم

صَدر بازار: بڑا بازار، چھاؤنی کا بازار، اردو بازار، بازارِ لشکر

صَدرِ جمہُوریہ: جمہوری مملکت کا سردار یا سربراہ جس کے ہاتھ میں سب سے زیادہ اختیارات ہوں

صَدرِ جہاں: دنیا کا سردار، پورے عالم کا مالک

صَدر دفتر: دفتروں میں بڑا دفتر، مرکزی دفتر

صَدر دیوان: سب سے بڑا دیوان، شاہی خزانے کا مالک یا مہتمم

صَدرِ مجلس: میر مجلس، محفل کا سرپرست، صدر نشین، محفل پر مسند آرا

صَدر مقام: دارالخلافہ، دارالحکومت، پایہ تخت، راجدھانی

صَدرِ مملکت: کسی ملک کا سردار، صدر نشین، سب کچھ کا مالک، سب سے بڑا حاکم

صَدر نشین: میر مجلس، محفل کا سربراہ، کرسی صدارت پر بیٹھا ہوا

صَدر ہر جا کہ نشیند صَدر است: حاکم، سردار، بزرگ، معزز انسان جس جگہ بھی بیٹھے وہی جگہ باعزت سمجھی جاتی ہے

صَدری: مو، ایک طرح کی مرزئی، سینہ بند کرتا، قطار، حفظ کر کے پہنچا ہوا کلام، شعر، یاد میں محفوظ

صَدَف: مو، سیپ، سمندری گھونگا، جس سے موتی برآمد ہوتا ہے

صِدق: مذ، سچائی، راستی، درستی، خلوص، جمع اصداق

صِدقِ دِل سے: صدق نیت سے، سچے دل سے، صاف دل سے، خلوص سے

صَدقات: مذ، صدقہ کی جمع، خیرات، زکوٰۃ

صَدقہ: مذ، زکوٰۃ، خیرات، خدا کے نام پر دی جانے والی چیز، سر سے اتار کر دی جانے والی شے، اتارنا، قربان، بدولت، جمع صدقات

صَدقہ اُتارنا: صدقہ دینا، خیرات کرنا، اتار کر دینا، قربان کرنا

صَدقۂ جاریہ: جس خیرات سے ہمیشہ ہمیشہ فائدہ

پہنچتا رہے، مثلاً مدرسہ، کنواں، تالاب، مسجد، شفاخانہ

صَدقۂ سلامتی: سلامتی یا امن وامان کے عوض دی جانے والی خیرات

صَدقۂ فطر: روزہ کی خیرات، رمضان کے مہینے میں ہر مسلمان کے ذمہ خیرات، پونے دو سیر گیہوں یا اسی کی قیمت کے برابر دوسری جنس یا روپیہ

صَدقے: مذ، قربان، واری، نثار

صَدقے جانا: قربان ہونا، جان سپرد کرنا، واری ہو جانا، صدقے ہونا

صَدقے کرنا: قربان کرنا، جان سپرد کرنا، وارنا

صَدمہ: مذ، رنج، افسوس، دھکا، غم، تکلیف، مصیبت، چوٹ، حادثہ، نقصان، آسیب، بلا، جمع صدمات

صَدمہ اُٹھانا: غم اٹھانا، تکلیف برداشت کرنا، نقصان اٹھانا، جھیلنا

صَدمۂ جاں کاہ: بڑی مصیبت، سخت ترین حادثہ، جان لینے والا واقعہ

صُدُور: مذ، صدر کی جمع، صادر ہونا، جاری ہونا، اجرا

صَدی: مو، سو برس کا، سو برس سے نسبت رکھنے والا، سیکڑہ

صِدِّیق: مذ، دوست، مہربان، رازداں، ساتھی، مخلص

صِدِّیق: حضرت ابوبکرؓ کا لقب، سچا دوست، مخلص ساتھی، سچا وفادار

صِدِّیقہ: مو، حضرت عائشہؓ کا لقب، حضرت مریمؑ کا لقب، پاک باز خاتون، بہت سچی عورت

صُراح: مو، واضح گفتگو، صاف صاف بات چیت، پیالہ شراب، عربی کی ایک لغت کا نام

صَراحت: مو، وضاحت، صاف صاف، نمایاں، کھول کر تشریح کے ساتھ، اعلانیہ

صُراحی: مو، پانی رکھنے کے لیے لمبی گردن کا مٹکا یا گھڑا، شراب رکھنے کا چھوٹا برتن، بوتل، کوزہ

صُراحی دار گردن: صراحی کی طرح گردن، لمبی گردن، حسین و پرکشش گردن

صِراط: مو، راہ، راستہ، طریقہ، اسلامی عقیدے کی رو سے دوزخ و بہشت کے درمیان ایک پرخطر پل

صِراطِ مستقیم: سیدھا راستہ، نیک راہ، سلامتی کا طریقہ، فلاح کا راستہ

صَرّاف: سونا چاندی پرکھنے والا، پرکھنے والا مہاجن

صَرصَر: مذ، آندھی، باد تند، جھکڑ

صُرع: مذ، مرگی کا مرض، پچھاڑ کھانا

صَرف: مذ، خرچ، مشغول، مصروف

صرفہ: مذ، فائدہ، نفع، خرچ، فضول خرچی

صُرّہ: مذ، توڑا، تھیلی

صریح: آشکار، صاف، اعلانیہ

صریر: مو، قلم چلنے کی آواز، صدا

صَعب: سخت، بہت مشکل، جاں کاہ، تکلیف سے بھرا ہوا، دشوار

صَعوبَت: مو، سختی، بہت مشکل، دشواری، دقت، جمع

صعوبات

صُعُود: مذ، اونچائی کی طرف بڑھنا، بلندی پر چڑھنا، آگے کی طرف بڑھنا

صَعْو: مذ، مولا، دھوبن چڑیا، لمبی دم والی چڑیا جو ایک جگہ اطمینان سے نہیں بیٹھتی بلکہ پھدکتی رہتی ہے

صَعِید: مو، زمین کی سطح، خاک، پہاڑی سڑک، مسح کرنے والی مٹی

صِغار: مذ، صغیر کی جمع، کم سن لڑکے، چھوٹی عمر کے بچے

صِغر: مذ، چھوٹائی، کم سنی، چھوٹاپن، خردی

صَغِیر: مو، کم عمر، خرد، چھوٹا، کم سن، نابالغ

صُغرا، صُغریٰ: مو، کم عمر لڑکی، کم عمر بچی

صَغِیرہ: خرد، چھوٹی، کم سن، جمع صغائر

صَف: مو، قطار، سلسلہ، لکیر، فرش، بستر، چٹائی، لڑنے والوں یا نماز پڑھنے والوں کی قطار

صَف آرا: جنگ کے لیے تیار اور آمنے سامنے موجود، مقابلہ کرنا

صَف باندھنا: لڑنے کے لیے قطار در قطار کھڑا ہونا، پرا باندھنا، آراستہ، تیار

صَفدر: فوجیوں کی قطار چیرنے والا، بہادر، نڈر، حضرت علیؓ کا لقب

صَف روشن کرنا: چراغ جلانا، روشنی پیدا کرنا، نام روشن کرنا

صَف شِکن: دلیر، جواں مرد، میدان جنگ کا بہادر، دشمنوں کو ختم کرنے والا، صف توڑنے والا

صَف ماتم: آہ وزاری کرنے کی جگہ، جس جگہ ماتم وزاری کی جائے

صَف اُلٹنا: میدان جنگ کی فوجوں میں انتشار پیدا ہونا، بکھر جانا، بھگدڑ مچنا

صَفا: پاکیزہ، پاک، آب دار، برابر، سپاٹ، شفاف، نتھرا ہوا، بے لاگ، مکہ مکرمہ کے قریب ایک پہاڑی جہاں لوگ دوڑتے ہیں

صَفا چٹ کرنا: بال مونڈنا، بالکل صاف کر دینا

صَفا کہنا: کھری کھری کہنا، بغیر لاگ لپیٹ کے کہنا، حق کہنا

صفا صفا: ویران، بے نام ونشان، تباہ، ہلاکت

صِفات: مو، صفت کی جمع، خوبیاں، اچھائیاں، خاصیت

صَفّار: مذ، ٹھٹھیرا، برتن بنانے والا، برتنوں کی مرمت کرنے والا

صفائی: مو، طہارت، پاکی، سچائی، سادگی، بے دقوفی، ستھرا پن، برابری، رہائی، صلح، حساب کتاب کا بے باق ہونا، ایمانداری، بے حیائی، تردید، تباہی، آب داری، پھرتی، چالاکی، آب وتاب، چمک دمک

صفائی کا ہاتھ: تلوار کی کاٹ، مہارت، استادی

صفایا: مذ، تباہی، بربادی، قتل، غائب ہونا

صفت: مو، کسی چیز کی خوبی، پہچان، اچھائی، نیکی، خوبی، تعریف، خاصیت، عادت، اثر، تاثیر، طور طریقہ، مشابہ، مثل، طرح، جمع صفات

صفحات: مذ، کتاب کے صفحوں کی تعداد، صفحہ کی جمع

صفحہ: مذ، کاغذ کا ایک رخ، ورق کا ایک پہلو، چہرہ، سطح، کشادگی

صفحۂ ہستی: کائنات، دنیا، گیتی

صفر: مذ، اسلامی یا قمری سال کا دوسرا مہینہ، محرم کے بعد آنے والا مہینہ

صِفر: مذ، نکتہ، خالی، بے معنی، بے قیمت

صفرا: مذ، پت، کڑوا اور پیلا مادہ جو قے کے ساتھ خارج ہوتا ہے

صفوت: مو، عظمت، بڑائی، بہترین، برگزیدگی

صفوت اللہ: مخلوق میں سب سے اچھا، یعنی پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ وسلم

صفوی: ایران کے شاہ صفی سے منسوب سلسلہ

صفی: پاک صاف، پاکیزہ، برگزیدہ، حضرت آدم کا لقب، جمع اصفیاء

صفیر: مو، چڑیوں کی آواز، چہچہاہٹ

صلّ: درود بھیجنا، برکت دینا، رحمت کا نزول ہونا، درود بھیج

صلِّ علیٰ: تعریف کا کلمہ، سبحان اللہ، واہ وا، مرحبا، شاباش، کیا خوب

صلِّ علیٰ محمدؐ: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج، پیغمبر پر رحمت وسلام بھیج

صلعم: صلی اللہ علیہ وسلم کا مخفف، پیغمبر پر اللہ تعالیٰ کا درود وسلام نازل ہو

صلِّ وبارک: شاباش، مرحبا، سبحان اللہ، واہ واہ

صلا: مو، دعوت، پکار، آواز، بانگ

صلا نہ شد بلا شد: آواز دینا ہی برا ہو گیا، قریب آنا جان کا جنجال ہو گیا

صلائے سمر قندی: غیر مخلصانہ دعوت جس دعوت میں محبت وخلوص نہ ہو، رسمی ہو یا بادلِ نخواستہ ہو

صلائے عام: عام دعوت، ہر ایک کے لیے، سبھی لوگوں کے لیے

صلابت: مو، ٹھوس پن، سختی، مضبوطی، استحکام

صلاح: مو، اچھائی، بہتری، بھلائی، خیر، سلامتی، مشورہ، تجویز، ارادہ

صلاح دینا: مشورہ دینا، رائے دینا، تجویز دینا

صلاح کار: پرہیزگار، مشورہ دینے والا، رائے دینے والا

صلاح مشورہ: لوگوں کی رائے سے چلنا، آپسی گفتگو سے طے پانا، ارادہ اور مشورہ پر عمل کرنا

صلاحیت: مو، خیر، نیکی، بھلائی، پرہیزگاری، لیاقت، استعداد، مہارت، استادی، سوجھ بوجھ، نری، درستی، ملائمت

صلب: مو، ریڑھ کی ہڈیاں پشت یا پیٹھ کے مہرے، سخت زمین، خاندانی عظمت، نطفہ، اولاد، نسل، جمع اصلاب

صلبی: اپنا خاص، سگا، حقیقی، اپنے نطفے کا، اصلی نسلی

صُلح: مو، درستی، اتحاد، بھائی چارگی، معاملہ کا طے ہونا، صفائی، کدورت کی دوری، سلامتی، امن وامان

صُلحِ کُل: ہر ایک سے دوستی رکھنے والا، دشمنی نہ پیدا کرنے والا

صُلح نامہ: راضی نامہ، مصالحت پر راضی ہونے تصفیہ کرنے کی دستاویز

صُلحا: مذ، صالح کی جمع، نیک، پارسا، پاکیزہ، بزرگ

صُلصُل: مو، قمری، فاختہ، حوض میں باقی پانی، گھوڑے کی چوٹی

صَلوات: مو، صلوٰۃ کی جمع، درود، برکتیں، رحمتیں، سلام جو آنحضرتؐ کے لیے بھیجا جائے

صِلہ: مذ، تحفہ، بدلہ، انعام، اعزاز واکرام، ہدیہ

صلیب: مو، عیسائیوں کا مقدس نشان جو حضرت عیسیٰؑ کی یادگاری علامت رکھتا ہے، ان کے عقیدے میں حضرت عیسیٰؑ کو لکڑی کے تختے پر پھانسی دی گئی جس کی شکل + اس طرح ہے

صُمّ: مذ، اصم کی جمع، بہرے، جو سننے سے معذور ہیں

صَمَد: بے نیاز، جسے کسی کی حاجت نہ ہو، خدا کی ذات جو کسی کا محتاج نہیں اور پورے عالم کی حاجت روائی کرتا ہے

صَمصَام: مو، نہ مڑنے والی تلوار، بہت زیادہ دھاردار تلوار، تیز کاٹ والی تلوار، تیغ بّراں

صَمیم: مو، مخلص، خالص، سچا، حقیقی، مغز، بنیاد، اصل، اندرونی حصہ، بہرا

صَنادید: مذ، صنید کی جمع، امیر، سردار، آقا، فرماں رواں، واقعات، حادثات

صَنّاع: مذ، ہنرمند، کاریگر، دستکار، ماہر، پیشہ ور، بنانے والا

صَناعت: مو، کاریگری، دستکاری، مہارت، پیشہ، جمع صنائع

صنائع: مذ، صناعت اور صنعت کی جمع، صنعتیں، کاریگریاں، دستکاریاں، ہنرمندیاں

صَنائع بدائع: شعر کی لفظی ومعنوی حسن آفرینی، نظم میں نکتہ آفرینی

صَندل: مذ، چندن، ایک چکنی اور خوشبودار لکڑی

صَندلی: صندل کا، صندل کی خوشبو یا چکناہٹ رکھنے والی، صندل کا بنا ہوا اونچی تپائی، چوکی، کرسی، پیدائشی نامرد

صَندوق: مذ، پیٹی، بکس، لوہے یا لکڑی کا بکس، تابوت، جمع صنادیق

صَندوقچہ: مذ، چھوٹا بکس، صندوق کی تصغیر

صَنع: مو، دستکاری، کاریگری، مہارت، پیشہ

صَنعائی: یمنی شہر صنعا شہر سے متعلق، صنعا کا باشندہ

صَنعت: مو، دستکاری، کاریگری، مہارت، ہنرمندی، ہوشیاری

صَنعت گاہ: کارخانہ، جہاں سامان تیار ہوں، فیکٹری

صَنعت وحرفت: مشینوں یا ہاتھ کی مدد سے اشیا تیار کرنا، سامان کی تیاری کا کاروبار

صِنف: مو، قسم، نوع، جنس، گونہ، طرح، جمع اصناف

صِنفِ نازُک: عورتوں کی جنس، نسوانی نوع، عورتوں کی ذات

صَنَم: مذ، مورتی، بت، پتلا، کسی سخت مادے پر بنائی ہوئی شکل، محبوب، معشوق، پیارا

صَنَم خانہ، صنم کدہ: مندر، بت خانہ، جہاں مورتیاں ہوں

صَنَوبَر: مذ، چلغوزے کا پیڑ، ایک پودا جو محبوب کے قد و قامت و خرامِ ناز کے مشابہ ہوتا ہے

صَواب: مذ، اچھے اعمال، نیک کام، درست فعل، راستی، بھلائی

صَوابِ دید: مخلصانہ مشورہ، نیک رائے، اچھی صلاح، مناسب تجویز، منظوری

صَوب: مذ، سمت، جہت، طرف، راستہ، مشورہ، رائے، ارادہ، جمع اصواب

صُوبائی: صوبے سے تعلق رکھنے والی، علاقائی، ریاستی

صوبہ جات: مذ، صوبہ کی جمع، علاقے، ریاستیں

صوبہ: مذ، علاقہ، ریاست، کسی ملک کا ایک حصہ جس میں بہت سے اضلاع ہوں

صوبہ دار: صوبہ کا افسرِ اعلیٰ، حاکمِ اعلیٰ پیدل فوج کا افسر

صَوت: مو، آواز، بانگ، صدا، ندا، جو کانوں کو سنائی دے، جمع اصوات

صَوت پیما: آواز کو ناپنے والا آلہ، آوازوں کو جانچنے والی مشین، صدائے دردناک، چیخ و پکار، آہ و بکا

صَوتُ الکلب: کتے کے بھونکنے کی آواز

صَوح: تقسیم کرنا، بانٹنا، جدا کرنا، ندی کا گہرا کنارا

صَوتیات: مو، آوازوں کا علم، جس میں مختلف آوازوں کا علم سکھایا جائے

صُور: مذ، آواز، صدا، نفیری، بگل، قرنا، ترئی

صُورِ اسرافیل: حضرت اسرافیلؑ کی وہ آواز جو قیامت قائم ہونے سے پہلے سنی جائے گی، ایک بار مخلوق کو مارنے کے لیے اور دوسری بار زندہ کرنے کے لیے

صُورَت: مو، منہ، چہرہ، شکل، بکھڑا، مورت، ناک نقشہ، ڈھانچا، تصویر، کیفیت حال، طور طریقہ، رنگ ڈھنگ، صلاح و مشورہ، مانند، طرح، موقع محل، ظاہر، واضح، پہچان، علامت، کام کاج

صورت آشنا: جان پہچان رکھنے والا، تھوڑی بہت واقفیت رکھنے والا

صورت بنانا: شکل بنانا، تصویر کاری، بھیس بدلنا، منہ بنانا، خاکہ تیار کرنا، غربت اور ناداری کا اظہار کرنا

صورت پکڑنا: شکل اختیار کرنا، رنگ پکڑنا، طور طریقہ اپنانا

صورت تو دیکھو: طنز کے طور پر مستعمل ہے، اپنی حیثیت سے زیادہ گفتگو

صورتِ حال: معاملہ، امر واقعہ، حالات، کیفیت، نشان آثار

صورت حرام: اوپری دکھاوا دلکش ہو، مگر اندر کا حال یا حزہ پھیکا ہو

صورت دار: حسین جمیل، خوبصورت، پرکشش

صورت گر: نقاش، بنانے والا، بت تراش، مصور

صُوری: مو، ظاہری، خارجی، بیرونی

صُوف: مذ، اون، نمدہ، کمبل، دبیز پشمینہ کا کپڑا، روشنائی جذب کرنے کے لیے دوات میں رکھا جانے والا کپڑا

صُوفہ: آرام دہ گداز کرسی، کشادہ کمرہ

صُوفی: مذ، زاہد، پارسا، پرہیزگار، دیندار، درویش، قلندر، بزرگ، پشمینہ کا لباس پہننے والا، جمع صوفیہ

صُوفی صافی: تصوف کی اصطلاح میں وہ بزرگ جس کے دل میں سوائے خدائے بزرگ وبرتر کی ذات کے کسی اور کا گزر نہ ہو

صَولت: مو، رعب داب، آن بان، شان وشوکت، ہیبت وجلال

صَوم: مذ، روزہ، اسلام کے پانچ ارکان میں سے ایک، جمع صیام

صَوم وصلوٰۃ: روزہ ونماز دین کے دو ارکان، اظہار عبودیت

صومعہ: مذ، عیسائیوں کی عبادت گاہ، گرجا، جمع صوامع

صَہبا: مو، سرخ شراب، عنابی شراب، مئے لالہ فام

صِہر: مذ، داماد، خسر، سسرال کا رشتہ دار

صَیّاد: مذ، چڑی مار، شکاری، مچھیرا، جمع صیاداں

صِیام: مذ، صوم کی جمع، روزے

صِیانت: مو، بچاؤ، حفاظت، نگہبانی، دیکھ بھال، نگرانی

صَیحہ: مذ، چنگھاڑ، نعرہ، بلند آواز، بانگ

صَید: مذ، شکار، جس جانور کا شکار کیا جائے، جمع صیود

صَید افگن: شکاری، شکار مارنے والا، چڑی مار

صَید کرنا: شکار کرنا، پکڑ لینا، قابو میں کرنا، عاشق بنالینا

صِیغہ: مذ، سانچے میں ڈھالی گئی چیز، فطرت، اصل بناوٹ، اصل لفظ سے نکلا ہوا کلمہ، محکمہ، شعبہ، شیعہ عقیدے میں نکاح، عقد، ایجاب وقبول

صَیقل: مذ، آب، چمک، صفائی، جلا، تاب

صَیقل گر: سان پر رکھ کر صفائی کرنے والا، اوزار کو چمک دینے والا

صیہونی: یہودیوں کے لیے وطن کے مطالبہ کی تحریک، یہودیوں سے منسوب، یہودی نسل وقوم کے اجتماع کی تحریک، ملک گیری کی ہوس

ض

ضابط: محافظ، منتظم، مدبر، حاکم، قابض محتاط، قاعدہ قانون کا پابند، برداشت کرنے والا، صبر کرنے والا

ضابطگی: مو، قاعدہ قانون کے مطابق ہونا، اصول وضابطہ کے مطابق

ضابطہ: مذ، دستورالعمل، قاعدہ، منشور، قانون، اصول، آئین، انتظام، بندوبست، تنظیم

ضابطۂ دیوانی: دیوانی قانون، معاملات کے قوانین، لین دین کے اصول

ضابطۂ عدالت: عدالت کے ضابطے یا قوانین

ضابطۂ فوجداری: فوجداری کے قوانین، جھگڑے فساد سے متعلق ضابطے

ضابطۂ مال: نگران یا مال گزاری یا املاک سے متعلق قوانین

ضاحک: ظریف، ہنسوڑ، ہنسنے والا، مزاحیہ

ضارب: ضرب لگانے والا، مارنے والا، زدوکوب کرنے والا

ضال: گمراہ، راستے سے الگ، بھٹکا ہوا، ہدایت نایافتہ، جمع ضالین

ضامن: مذ، ذمہ دار، کسی کی ذمہ داری لینے والا کفالت کرنے والا

ضائع: بیکار، رائگاں، بے سود، اکارت تلف، لاحاصل

ضبط: مذ، برداشت، نظم ونسق، نظم، قید، پابند، فرق، انتظام، حفاظت، نگرانی

ضحا، ضحیٰ: مذ، دن نکلنے کے بعد پہلے پہر تک

ضحاک: ظریف، ہنسوڑ، قہقہہ لگانے والا، مشہور سفاک اور ظالم ایرانی بادشاہ

ضحک: مذ، ہنسنا، قہقہہ لگانا

ضخامت: مو، حجم، جسامت، موٹائی، کتاب کے صفحات کی تعداد

ضخیم: موٹا، جسیم، کتاب کے صفحات کی کثیر تعداد

ضد: مو، خلاف، مخالف، برعکس، الٹا، بیر، عداوت، اصرار، ہٹ، سینہ زوری، غرور، غصہ، جمع اضداد

ضد پر آنا: ہٹ کرنا، اصرار کرنا، دشمنی پر آمادہ ہونا

ضد رکھنا: دشمنی رکھنا، عداوت کرنا، مخالفت کرنا

ضدی: ہٹی، اصرار کرنے والا، دشمنی رکھنے والا، متعصب

ضدّین: مو، دو ضد، متضاد چیزیں، متخالف چیزیں، ایک دوسرے کے مخالف، دو نقیضین

ضرّاب: مذ، ٹھپا یا مہر لگانے والا

ضراب: مذ، روپے سکے پر تلوار مارنا

ضرار: مذ، آپس میں عداوت رکھنا اور ایک دوسرے کو نقصان پہنچانے کے لیے آمادہ رہنا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں مدینہ منورہ میں منافقوں کی تعمیر کردہ مسجد

ضرب: مذ، چوٹ، مار، دھکا، تکلیف، زخم، حساب میں جمع کا قاعدہ، خاص طریقے کا ذکر، مہر، نقصان، تلوار چلانا، شکل، طرح، جمع اضراب، ضربات

ضرب اُٹھانا: تکلیف اٹھانا، خسارہ برداشت کرنا

ضرب المثل: کہاوت، مثالی جملہ، مشہور جملہ جس کا اصل مطلب لفظی مفہوم سے الگ ہو

ضرب خانہ: ٹکسال، روپے سکے ڈھالنے کی جگہ، دارالضرب

ضرب لازب: وہ چوٹ جس کا زخم ٹھیک ہو جانے کے بعد بھی نشان باقی رہے

ضرر: مذ نقصان، خسارہ، درد، تکلیف، چوٹ، جمع اضرار

ضرر رسانی: پریشان کرنا، تکلیف دینا، ایذا رسانی

ضرر صریح: دھمکی، ڈرانا، مار پیٹ، دنگا فساد، زخمی کرنا، کسی حصے کو بیکار کر دینا، بہت زیادہ چوٹ پہنچانا

ضرغام: مذ، پھاڑ کھانے والا شیر، بہت ہی خوفناک شیر

ضرور: واجب، لازم، فرض، بے شبہ، بجا، درست، اٹل، ضرورت، خواہش

ضرورت: مو، مانگ، طلب، خواہش، مطالبہ، حاجت

ضرورت ایجاد کی ماں ہے: کسی چیز کی طلب ہونے پر انسان اسے پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے

ضروریات زندگی: روٹی، کپڑا، مکان، کھانے پینے کی چیزیں، زندہ رہنے کے لیے ضروری سامان

ضریح: مو، قبر، مزار، گور، مقبرہ، مرقد، تعزیہ

ضِعف: دگنا، دوچند، جمع اضعاف

ضعف: مذ، کمزوری، نقاہت، بے ہوشی

ضعفِ باہ: مردانہ کمزوری، نامردی، سستی، ناکردگی

ضعفِ بصارت: بینائی کی کمزوری، آنکھوں سے کم دکھائی دینا

ضعفاء: مذ، ضعیف کی جمع، بوڑھے لوگ، کمزور لوگ

ضعیف: کمزور، بوڑھا، سست، کم ہمت، ناتواں

ضعیف الاعتقاد: عقیدے کا کمزور، یقین کا کچا، سادہ، مذبذب

ضعیف العقل: بے وقوف، احمق، کم عقل، عقل کا کھوٹا

ضعیفہ: مو، کمزور عورت، بوڑھی عورت، سن رسیدہ خاتون

ضعفی: مو، پیری، بڑھاپا، ناتوانائی، بیکار

ضغطہ: مذ، دباؤ، اثر، جھٹکا، دبوچنا، بھینچنا

ضغطہ: مذ، محنت، تکلیف، رنج، سختی، تنگی، کشمکش

ضلالت: مو، اندھیرا، گمراہی، جرم، ہدایت نہ پانا، بربادی، گناہ

ضِلع: مذ، پسلی، خط، قطار، حصہ، صوبے کا ایک حصہ، کسی صوبے میں بہت سے ضلع ہوتے ہیں اور ضلع میں کئی تحصیلیں ہوتی ہیں

ضِلع جگت: جس بات میں کئی پہلو ہوں، لفظی رعایت سے پُر عبارت یا گفتگو

ضِلع دار: منتظم، نگراں، دیکھ بھال کرنے والا، زمینداروں سے لگان یا مال گزاری وصول کرنے والا

ضم: مذ، ملانا، ایک کرنا، شامل کرنا، مدغم کرنا، حرف کے پیش کی آواز

ضماد: مذ، لیپ، جو دوا جسم پر لگائی جائے یا سینک کر

ملائم کر کے بدن پر پوتی جائے

ضمان: مذ، ضمانت، کسی کے بدلے ذمہ داری قبول کرنا

ضمانت: مو، ذمہ داری، کسی کے بدلے لین دین کا وعدہ کرنا، کفالت

ضمائر: مو، ضمیر کی جمع، اسم کی جگہ بولا جانے والا کلمہ

ضمن: مذ، اندر، ذیل، شمول، شرکت، قانون، اصول، دفعہ، تعلق، بارے، بات

ضمناً: سلسلہ میں، تعلق سے، شمولاً، اشارۃً

ضمّہ: مذ، پیش کی حرکت، پیش، ضم

ضمیر: مذ، دل، اندر کی آواز، قلب، پوشیدہ، راز، اندرونی کیفیت، مو، قواعد میں اسم کی جگہ استعمال ہونے والا کلمہ، جمع ضمائر

ضمیمہ: مذ، زائد، تکملہ، اصل کے ساتھ شامل اضافی چیز، کتاب یا اخبار کے اصل متن کے ساتھ زائد حصہ

ضو: مو، سورج کی روشنی، کرن، تابناکی، چمک

ضوفشاں، ضوفگن: روشنی پھیلانے والا، تاریکی دور کرنے والا، منور، تابناک

ضوابط: مذ، ضابطہ کی جمع، قوانین، اصول

ضیا: مو، تابناکی، چمک، روشنی، رونق، نور

ضیا افروز، ضیابار، ضیاپاش، ضیا گستر، ضیا فشاں: چمکانے والا، روشن کرنے والا

ضیافت: مذ، دعوت، مہمانی، کھانے پر بلانا، مدعو کرنا، تقریب میں بلانا

ضیغم: مذ، دہشت ناک شیر، پھاڑ کھانے والا شیر، بہت ہی خوفناک شیر

ضیف: مذ، مہمان، گھر آنے والا رشتہ دار، دوست

ضیق: مو، دقت، دشواری، تنگی، محدود ہونا

ضیق النفس: دمہ کا مرض، سانس پھولنے کی بیماری

ط

طاب: مہک دار، صاف، سلیقہ، خوشبودار، اچھی بو رکھنے والی، دلکش، خوشگوار

طاب ثَراہ: اس کی قبر خوشبوؤں سے بھر جائے، روح کو ٹھنڈک پہنچے

طابع: مذ، چھاپنے والا، پرنٹر، جمع طابعین

طابعہ: مو، ٹائپ مشین، رائٹر

طابق: مذ، مطابقت رکھنے والا، یگانگت رکھنے والا، توا، کڑاہی، اتباع کرنے والا، طبق، منزل

طارق: مذ، رات کا مسافر، شب کو نمودار ہونے والا سخت حادثہ، صبح کو نکلنے والا ستارہ

طارم: مذ، لکڑی کا بنا ہوا گھر، گنبد، آسمان

طاری: سرایت کرنے والا، غالب آنے والا، چھا جانے والا، اثر کرنے والا، ظاہر ہونے والا

طاس: مذ، لگن، تھال، بڑی رکابی، طشت، پیالہ، دریا کے گزرنے کا راستہ، دہانہ، ایک طرح کا ریشمی کپڑا

طاعت: مو، پیروی، بندگی، عبادت، اتباع، حکم برداری، جمع طاعات

طاعن: طعنہ دینے والا، جلی کٹی سنانے والا، نیزہ مارنے والا

طاعون: مذ، ایک خطرناک وبائی بیماری، تیز بخار اور گلٹی نکلنے والی بیماری، پلیگ

طاغوت: مذ، ابلیس، شیطان، گمراہی کا سرغنہ، دیو

طاغی: نافرمان، باغی، سرتابی کرنے والا، حکم نہ ماننے والا، سرکش، شری، فسادی

طاق: مذ، دیوار میں بنا ہوا خانہ، محراب، لاثانی، بے نظیر، ماہر، جفت کا متضاد

طاقِ اَبرو: بھوں کی کمان نما شکل، بھوں کا خم دار ہونا

طاقِ نسیان ہونا: فراموش کر دینا، بھلا دینا

طاقت: مو، بل، قوت، زور، مجال، تاب، ہمت، حوصلہ، مقدور، برداشت

طاقتور: مضبوط، قوت والا، زور آور، توانا جسم، موٹا تازہ، تندرست

طاقہ: مذ، کپڑے کا تھان اور اس کی گنتی یا تعداد

طاقی: مو، ایک طرح کی لمبی ٹوپی، وہ گھوڑا جس کی آنکھیں سفید ہوں، یا وہ گھوڑا جس کی ایک آنکھ بڑی اور دوسری چھوٹی ہو، بھینگا، منحوس

طال: مذ، بڑا ہوا، لمبا ہوا جس کی لمبائی بڑھ گئی ہو

طالَ عمرہٗ: اس کی عمر دراز ہو، اس کی حیات لمبی ہو

طالِب: چاہنے والا، خواہش کرنے والا، ڈھونڈنے والا، خواستگار، مشتاق، جمع طلبہ، طالبین

طالبِ دنیا: لالچی، حرص کرنے والا، دنیادار، عاقبت کی فکر سے غافل، دنیا سے عیش اٹھانے والا، زر پرست

طالبِ دیدار: ملاقات کا خواہش مند، مشتاق، دوست، محبوب کو دیکھنے کی آرزو رکھنے والا، عاشق

طالبِ علم: علم حاصل کرنے کا مشتاق، علم کا شوقین، پڑھنے والا، متعلم، مبتدی

طالب ومطلوب: عاشق ومحبوب، چاہنے والا اور جسے چاہے

طالبہ: مو، متعلمہ، پڑھنے والی لڑکیاں، عورتیں، جمع طالبات

طالح: بدکردار، بدچلن، بدمعاش، شریر، بدکار، جمع طالحین

طالع: ند، اقبال، قسمت، مقدر، طلوع ہونے والا، ظاہر ہونے والا، منور، چمکنے والا

طالع آزمائی: مقدر آزمانا، قسمت پرکھنا، نصیب کی گردش

طالع شناس: جوتشی، منجم، مستقبل کی پیشین گوئی کرنے والا

طالق: بے لگام، بے روک ٹوک، عورت کو طلاق دینے والا

طالوت: ند، جالوت کو قتل کرنے والا بنی اسرائیل کا بادشاہ

طلسمات: ند، مو، گپ بازی، بکواس کرنا، یاوہ گوئی، ڈینگ مارنا

طامع: لالچی، لوبھی، حرص کرنے والا

طاہر: پاکیزہ، صاف ستھرا، صفائی پسند، جمع اطہار، طاہرین

طاہرہ: پاکباز عورت، باعصمت، صاف ستھری عورت، صفائی پسند عورت، جمع طاہرات

طاہری: مو، ایک طرح کی مسالے دار کھچڑی، آلو ڈال کر پکایا جانے والا چاول

طائر: ند، چڑیا، پرند، پکھیرو، پنچھی، جمع طیور

طائرِ بسمل: نیم جان پرندہ، ادھ موا پنچھی، آدھا ذبح کیا ہوا، تڑپتی ہوئی چڑیا

طائرِ خوشنوا: خوش الحان چڑیا، بہت اچھی آواز میں چہچہانے والا پرندہ، گانے والی چڑیا

طائف: طواف کرنے والا، گرد گھومنے والا، چکر لگانے والا، حجاز کا ایک علاقہ

طائفہ: مو، گھومنے والی، چکر لگانے والی، قوم، ذات، گروہ، فرقہ، جماعت، قافلہ، کارواں، طوائف اور ان کے ساتھ ناچنے گانے والوں کا گروہ، جمع طوائف

طائل: ند، نفع، فائدہ، اضافہ، بڑھتی، آزاد

طائی: قبیلۂ طے سے متعلق

طاؤس: ند، مور، ہندوستان کا قومی پرندہ، رقص کرتا ہوا مور

طب: مو، حکمت، دوا علاج کا علم اور یونانی طریقہ علاج

طِبابت: مو، حکمت، علاج ومعالجہ، دوادارو

طَبّاخ: ند، خانساماں، باورچی، کھانا پکانے والا

طباشیر: مو، جس لوجن، ایک سفید رنگ کی دوا کا نام

طباطبائی: حضرت اسمٰعیل بن ابراہیم بن حسنؓ کی اولاد کا لقب

طبّاع: بہت زیادہ عقلمند، بیحد ذہین، تیز دماغ تلوار بنانے والا، کمہار، کوزہ گر

طباعت: مو، چھپائی، پرنٹنگ، تلوار بنانے کا ہنر

طباق: ند، طشت، تھالی، سینی، بڑی پیالی، سر کی کھوپڑی

طبائع: ند، طبیعت کی جمع، مزاج، طبیعت، فطرت، خلقت

طبع: مو، مزاج، فطرت، سرشت، طبیعت، خمیر، عادت، چھاپنا، نشان لگانا، سکہ، مہر، نقش، چھپا، جمع طبائع

طبع آزمائی: عقل کا امتحان، کوشش، جدوجہد، ذہانت کا اندازہ

طبعِ رسا، طبعِ رواں: زوررس طبیعت، ہوشیار عقل، تیز ذہن

طبعی: مزاجی، فطری، اصلی، ذاتی، قدرتی، سرشتی

طبق: مذ، لگن، طشت، بڑی رکابی، تختہ، چھلکا، تہ، پرت، منزل، پتا، سونے کا ورق، بیس سال کی مدت، خطہ، علاقہ، نکیہ، ڈھکنا، جمع اطباق

طبقات: مذ، طبقہ کی جمع، طبقے، گروہ، قبیلے

طبقات الارض: زمین کی تہیں، زمین کے طبقے

طبقہ: مذ، درجہ، تہ، پرت، منزل، پردہ، جماعت، گروہ، جمع طبقات

طبقۂ بالا: بالائی منزل، اوپری حصہ، شرفاء یا رؤساء کی جماعت

طبقاتی: طبقہ، جماعت یا گروہ سے متعلق، مختلف پیشہ یا مختلف شرح آمدنی والے لوگ، معاشرت یا سماج کے مختلف گروہ

طبل: مذ، نقارہ، بڑا ڈھول

طبلچی: مذ، طبلہ بجانے والا، طبلیا

طبلک: مو، چھوٹا ڈھول، چھوٹا طبل

طبلہ: مذ، ڈھولک، ڈھول، ڈبا، صندوقچی، ہندستانی موسیقی کا مشہور ساز

طبلہ ساز: طبلہ بنانے والا، طبلہ بجانے والا

طبلہ نواز: طبلہ بجانے والا، طبلیا، طبلچی

طبیب: مذ، حکیم، معالج، ڈاکٹر، وید، چارہ ساز، جمع اطبا

طبیبِ حاذق: ماہر حکیم، تجربہ کار معالج، دست شفا رکھنے والا ڈاکٹر

طبیعت: مو، مزاج، حال، کیفیت، فطرت، سرشت، خلقت، پیدائش، عادت، جمع طبائع

طبیعت آنا: کسی پر فریفتہ ہونا، عاشق ہونا، دل دے بیٹھنا، مائل ہونا، دل پسند ہونا

طبیعت اُچاٹ ہونا: بددل ہونا، بےزار ہونا، دل نہ لگنا

طبیعت بہلنا: خوش وقتی میں گزرنا، خوش ہونا، وقت اچھی طرح گزرنا، سیر و تفریح کرنا

طبیعت پر گرانی ہونا: ناپسند خاطر ہونا، گراں گزرنا، ہضم نہ ہونا

طبیعت پریشان ہونا: اکتاجانا، گھبرانا، طبیعت نہ لگنا، ناگوار ہونا، الجھنا

طبیعت پھرنا: بددل ہونا، بےزار ہونا، اکتانا

طبیعت پھسلنا: مشتاق ہونا، راغب ہونا، چاہنا

طبیعت حاضر ہونا: کام کرنے کی طرف مائل ہونا، رغبت ہونا

طبیعت رنگ پر ہونا: ولولہ پیدا ہونا، جوش ہونا، خواہش بیدار ہونا

طبیعت سَن سے ہوجانا: واقعہ یا صدمہ کا ناگہانی اثر، دل دھک سے رہ جانا

طبیعت کی اُفتاد: مزاج کی کیفیت، عادت، خصلت، طور طریقہ

طبیعی: وہ علم جس میں چیزوں کی خاصیت کا علم سکھایا جائے

طبیعیاتی، طبیعیات: مذ، وہ علم جس میں اشیا (حیوانات، نباتات، وجمادات) کی فطرت خاصیت اور اثر سکھایا جائے فزکس

طپاں: تڑپنے والا، مضطرب، بے چین، بے قرار

طپانچہ: مذ، تھپڑ، چانٹا، ہوا کا تیز جھونکا

طپش: مو، جلن، تڑپ، تپش، چبھن

طحال: مو، تلی، جسم کے اندر کا ایک عضو

طُحال: مو، تلی میں ورم کی بیماری اور اس سے پیدا ہونے والا درد

طُرّا: مذ، عجیب وغریب، نادر، انوکھا، تماشا، ٹوپی کا پھندنا، پگڑی کا اٹھا ہوا اوپری سرا، گیسو، زلف

طُرّا جمانا: دھونس جمانا، رعب جمانا، خوف دلانا، سکہ بٹھانا، حکم چلانا

طرّار: ہوشیار، شاطر، چالاک، عیار، جیب کترا، گرہ کٹ

طرار، طرارہ: مذ، بھاگ دوڑ، اچھل کود، چوکڑی چھلانگ

طرارے بھرنا: بہت تیز دوڑنا، سرپٹ بھاگنا، بہت تیز پڑھنا

طرّاری: مو، چرب زبانی، شوخی، چنچل پن، ہوشیاری، عیاری، تیزی وتندی

طراز: مذ، آرائش، سجاوٹ، بناوٹ، نقش ونگار، لباس شاہانہ، کار چوبی یا زردوزی کا کام، سجاوٹ کرنے والا

طرازی: مو، آراستہ کرنا، سجانا، سنوارنا، پیراستہ کرنا، خوبصورت بنانا

طراوت: مو، تازگی، رطوبت، نمی، تری، شادابی، ٹھنڈک، خنکی

طرب: مو، شگفتگی، خوشی، فرحت، انبساط، شادمانی، جمع طروب

طرب انگیز، طرب خیز، طرب ناک: خوشی بڑھانے والا، انبساط انگیز، فرحت بخش، نشاط افروز، دلآویز

طرّبُوش: مذ، ایک طرح کی ترکی ٹوپی

طرح: مو، طور طریقہ، انداز، ڈھنگ، بنیاد، بنا، جڑ، نقش ونگار، دوری، جدائی، کیفیت حال، وہ مصرعہ جس پر غزل کہنے کی فرمائش کی جائے، نئی عمارت، شکل وصورت

طرح اُڑانا: طور طریقہ اختیار کرنا، نقل کرنا، انداز اختیار کرنا

طرح دار: بانکا، ترچھا، رنگیلا، خوبصورت، خوش وضع

طرح دے جانا: نظر انداز کر دینا، درگزر کرنا، چشم پوشی کرنا، ٹال دینا

طرح ڈالنا: بنیاد قائم کرنا، تدبیر سوچنا، نئی تعمیر کرنا

طرحی غزل: مو، مصرعہ طرح پر کہی جانے والی غزل

طرحی مشاعرہ: مذ، جس مشاعرہ میں ایک ہی طرح پر تمام غزلیں پڑھی جائیں

طرز: مو، مذ، رنگ ڈھنگ، طور طریقہ، انداز روش،

قاعدہ قانون، شکل وصورت، عادت، سلوک

طرز اڑانا: رنگ اختیار کرنا، نقالی کرنا، اتباع کرنا، انداز پکڑنا

طرز تحریر: طرز عبارات، لکھنے کا سلیقہ، انداز نگارش، اسلوب بیان، مضمون نگاری کا انداز

طرز کلام: شعر کہنے کا انداز، نظم کہنے کا اسلوب، گفتگو کا طریقہ

طرف: مو، جہت، جانب، سمت، رخ، پہلو، بازو، کنارا، سرا، سامنے، حریف، قریب، جمع اطراف

طرف دار: حمایتی، تائید کرنے والا، ساتھ دینے والا، دوست، مددگار

طرفت: مو، آنکھ کا جھپکنا، غنودگی، پلکوں کا بوجھل ہونا

طرفۃ العین: پلک جھپکاتے میں، بہت جلد، لمحہ بھر میں، آن کی آن میں

طرفگی: مو، ندرت، انوکھاپن، خوبی، عمدگی

طرفہ: نادر، عجیب، انوکھا، بہت عمدہ، خوب

طرفہ تماشا: انوکھا کھیل، عجیب وغریب تماشا، نادر مظاہرہ

طرفین: مذ، دونوں طرف کے فریقین، مدعی مدعا علیہ، موافق ومخالف

طرّہ: مذ، گیسو کا پیچ وخم، بالوں کی لٹ، پگڑی کے اوپر کا اٹھا ہوا حصہ، ٹوپی کا پھندنا، پرندوں کی کلغی، مات دینا، ترجیح حاصل کرنا، انوکھا نادر تازیانہ، جال، پھندا، عمدگی، خوبی، نیچے لٹکنے والی ہری شاخیں

طرّہ باز: اکڑ دکھانے والا، شان بان والا، مغرور

طریق: مذ، طور، طریقہ، راستہ، روش، طرز، عقیدہ، رسم، آئین

طریقت: مو، روش، راستہ، باطن کا اقتساب، تزکیہ نفس، دل کی صفائی

طریقہ: مذ، اصول، راستہ، روش، قاعدہ، رسم ورواج، عقیدہ

طشت: مذ، لگن، تھالی، بڑی رکابی، تسلا، ہاتھ دھونے کا برتن

طشت از بام ہونا: بے نقاب ہونا، ظاہر ہونا، نمایاں ہونا، بدنام ہونا

طشتری: رکابی، تھالی

طعام: مذ، کھانا، غذا، خوراک

طعم: مذ، ذائقہ، لذت، مزہ

طعمہ: مذ، نوالہ، لقمہ، روزی، خوراک، غذا

طعن: مذ، مو، ملامت، مذمت، لعن طعن، برائی نیزے کی مار

طعن وتشنیع: جلی کٹی، لعن طعن، ملامت، مذمت، برائی

طعنہ: مذ، طنز کرنا، اُلاہنا دینا، نیزہ چلانا

طعنہ زنی: طنز کرنا، چھیڑ چھاڑ کرنا، ملامت کرنا، نیزہ چلانا

طغرا: مذ، پہچان، نشانی، علامت، آرائشی تحریر جو دیواروں پر آویزاں کی جاتی ہے، انگشتری یا مہر پر کندہ کی ہوئی تحریر

طغراق: مذ، کنپٹی پر مارا جانے والا گھونسہ یا مکا

طغیان: مذ، ظلم، نافرمانی، سرکشی، زیادتی، بغاوت

طغیانی: مو، سیلاب، باڑھ، سرکشی، بغاوت، زیادتی، حکم عدولی

طِفل: مذ، بچہ، لڑکا، جمع اطفال، طفلاں

طِفلِ اشک: آنسو، آنکھوں سے بہنے والا پانی

طِفلِ دبستاں، طِفلِ مکتب: مدرسہ میں پڑھنے والا لڑکا، چھوٹا بچہ، مبتدی، ناتجربہ کار

طِفلِ شیر خوار: دودھ پینے والا بچہ، کمسن، نادان

طِفلِ ہندو: آنکھ کی پتلی

طفلانِ چمن: باغ کے شگوفے، کلیاں، سبزے

طفلانہ: بچوں کی سی، نادانوں کی طرح، کم عقلی کے

طِفلی: لڑکپن، بچپن، کم عقلی، ناپختگی

طفولیت، طفولیت: مو، بچپن، لڑکپن، ناپختگی، کمسنی

طفیل: مذ، سہارا، وسیلہ، ذریعہ، بدولت، تعلق

طفیلی، طفیلیا: دوسروں کے سہارے، غیروں کے بھروسہ پر

طِلا: مذ، ملمع، سونا، زر، ایک خاص روغن جو عضو مخصوص کی کمزوری کے لیے استعمال کیا جاتا ہے

طِلا کار: کیمیا گر، ملمع ساز، نقش ونگار بنانے والا

طِلا کوب: سونے کا ورق کوٹنے والا

طلاب: مذ، طالب کی جمع، چاہنے والے، حاصل کرنے والے، طلبہ

طلاق: مو، نکاح کا ختم ہونا، میاں بیوی کی علاحدگی، آزاد ہونا

طلاقِ بائن: وہ طلاق جس کی رو سے میاں بیوی کا رشتہ ہمیشہ کے لیے ختم ہو جاتا ہے

طلاقِ بدعت: ایک ہی بار تین طلاق دینا، بے قاعدہ طلاق

طلاقِ حسن: شریعت کے اصولوں کے موافق دی جانے والی طلاق، مختلف اوقات میں دینا

طلاقِ رجعی: جس طلاق کے بعد میاں بیوی آپس میں مل سکتے ہیں یہ طلاق کی پہلی منزل ہے

طلاقِ کنایہ: صاف الفاظ میں نہ دی جانے والی طلاق

طلاقِ مغلظہ: آخری طلاق جس کے بعد میاں بیوی کا رشتہ ختم ہو جاتا ہے

طلاق نامہ: وہ تحریر جس میں طلاق کی شرط وغیرہ درج ہوں

طلاقت: مو، تیز زبانی، طراری، چرب زبانی، لسانی

طلاقن: مو، جس عورت کو طلاق دی گئی ہو

طلائی: سنہری، سونے کا، زرین

طلایہ: مو، رات کو گشت کرنے والی فوج یا پولیس

طَلَب: مو، ضرورت، مانگ، خواہش، چاہت، تلاش، بلاوا، تنخواہ، مانگی جانے والی چیز

طَلَب گار: چاہنے والا، خواہشمند، جستجو کرنے والا

طَلَب نامہ: سمن، حاضر عدالت ہونے کا سرکاری پروانہ

طلبانہ: مذ، روزینہ، سپاہیوں کو دیا جانے والا روزینہ، عدالت میں طلبی کے واسطے جمع کیا جانے والا روپیہ

طلبہ: مذ، طالب کی جمع، طلبہ کی جماعت، طلب کرنے والے

طلبی: مو، بلاوا، حاضری کا حکم، عدالت میں موجود ہونا

طِلِسم: مذ، سحر، جادو، ٹونا، تماشا، ندرت پن، غیر فطری اظہار، دیوؤں پریوں کی جگہ، شعبدہ بازی، جمع طلسمات

طِلِسم باندھنا: جادو دکھانا، انوکھی چیزوں کا تماشا کرنا، لوگوں کو حیرت میں ڈالنا

طِلِسم توڑنا: جادو کا اثر ختم کرنا، فریب توڑنا، راز بے نقاب کرنا، شعبدہ بازی کا بھانڈا پھوڑنا

طلعت: مو، چہرہ، شکل، منہ، ملاقات، نظارہ

طلوع: مذ، سورج چاند، تاروں کا نمودار ہونا یا نکلنا، ظاہر ہونا، بلند ہونا، اوپر چڑھنا

طلیعہ: مذ، ہراول، فوج کے آگے چلنے والا دستہ جو دشمنوں کی تیاری اور تنظیم پر نظر رکھے، شہر اور لشکر کی حفاظت کرنے والے سپاہی یا فوج

طمّاع: بہت زیادہ حریص، بہت بڑا لالچی

طمانچہ: مذ، چانٹا، تھپڑ، سیلی، لپڑ

طمانیت: مو، تسکین، تسلی، اطمینان، دلجمعی

طمطراق: مذ، آن بان، شان وشکوہ، دھوم دھام، کروفر، تمکنت، غرور

طمع: مو، لالچ، حرص، خواہش، آرزو، چاہ

طمنچہ: مذ، ریوالور، چھوٹی بندوق، پستول، کنواری، دوشیزہ، بن بیاہی، طوائف

طناب: مو، خیمہ کی رسی، ڈوری، جادوگروں کا رسا

طناب میں کھینچنا: رسی کھینچ کر خیمہ تاننا

طنّاز: ناز وغمزے سے بات کرنے والا، خرام ناز، شوخ، بانکا، ہوشیار، کنایہ اشارے میں گفتگو کرنے والا، محبوب، طنز کرنے والا

طنبو: مذ، خیمہ، شامیانہ، قنات

طنبور، طنبورہ: مذ، ایک طرح کا ستار، تنبورہ

طنبی: مو، کھڑکی ہوادار، روشن دان

طنز: مو، کہنا، لعن طعن، آوازہ، مذاق، اشارے کنایے میں گفتگو میں دل پر بھرپور وار کرنا

طنز آمیز: جس میں طنز شامل ہو، طنز سے پُر

طنطنہ: مذ، بربط، طنبورہ، باجوں کی آواز، نقارے وڈھول کی آواز، شور، رعب داب، کروفر، آن بان، غضب، غصہ، غرور

طواس: مذ، قالین، غالیچہ

طواف: مذ، چکر لگانا، ارد گرد گھومنا، گردش کرنا، خانہ کعبہ کے چاروں طرف گھومنا، یہ ارکان حج میں سے ہے

طوالت: مو، درازی، لمبائی، طول، وضاحت، تفصیل، تاخیر

طوائف: مذ، طائفہ کی جمع، قبیلہ، گروہ، قوم، مو، رقاصہ، ناچنے گانے والی عورت، کسبی

طوائف الملوکی: انتشار، بدنظمی، لاقانونیت، ہنگامہ، نراج

طوبیٰ: مذ، جنت کا ایک درخت، خوشبودار، پاکیزہ، دل پسند، خوش خبری

طور: مذ، کیفیت، حالت، طریقہ، ڈھنگ، بنیاد، راستہ، ایک بار، قسم، طرح، جمع اطوار

طور: مذ، کوہ سینا، وادیٔ ایمن کا پہاڑ جہاں حضرت موسیٰ کو جلوہ دکھایا گیا تھا

طور سینا: سینا کا پہاڑ، جہاں حضرت موسیٰ نے خدا کا جلوہ دیکھا تھا

طوس: مذ، بہت عمدہ اور ملائم اونی کپڑا، خراسان کے ایک شہر کا نام

طوطا: مذ، ہرے رنگ کا ایک پرندا، توتا

طوطی: مذ، ایک گانے والی چڑیا، خوش آواز پرندہ

طوطیا: مذ، نیلا تھوتھا، الزام، بہتان، جھگڑا

طوع: مو، رضامندی، خواہش، چاہ، رغبت، خوشی، دل پسند، فرماں برداری

طوعاً وکرہاً: خواہ مخواہ، چار و ناچار، مجبوراً، بہ جبر

طوف: مذ، چکر لگانا، گھومنا، گردش کرنا

طوفان: مذ، سیلاب، باڑھ، تیز آندھی یا بارش، حادثہ، سانحہ، کہرام، آفت، مصیبت، کھلبلی، قیامت

طوفان اُٹھانا: الزام لگانا، کہرام مچانا، واویلا کرنا، زور زور سے چیخنا

طوفان برپا کرنا، طوفان کھڑا کرنا: فساد کرنا، شور وغل مچانا، ہنگامہ کرنا

طوق: مذ، گلے کا زیور، گلوبند، ہار، ہنسلی، حلقہ

طوق لعنت: ملامت کا ہار، رسوائی کا پھندا

طول: مذ، درازی، لمبائی، پھیلاؤ، بڑائی، وسعت

طول اَمَل: بڑا لالچ، امید کی لمبائی، طوالت

طول بلد، طول البلد: عالمی رصدگاہ کے خط نصف النہار سے دوسرے مقامات کی دوری

طول پکڑنا: بات بڑھ جانا، پیچیدگی پیدا ہونا

طول دینا: بات کا بتنگڑ بنانا، بات بڑھا دینا، زیادہ بولنا

طول طویل: بہت لمبا، بہت کشادہ، پھیلا ہوا

طول عمرہٗ: خدا اس کی عمر زیادہ کرے، عمر دراز ہو

طول کلام: بکواس، بلاضرورت، زیادہ لمبی گفتگو، بیکار بات

طول کھینچنا: زیادہ لمبی بات کرنا، دیر کرنا، تفصیلات میں جانا، عرصہ لگانا

طومار: مذ، کتاب، دفتر، لمبی تحریر، انبار، ڈھیر، کثرت، کاغذوں کا ڈھیر، جھوٹ، لغو

طومار باندھنا: رائی کا پہاڑ بنانا، بہت تفصیل میں جانا، بیجا طویل گفتگو

طویل: دراز، لمبا، پھیلا ہوا، وسیع

طویل الجثہ: دراز قد کا، لمبے جسم کا

طویل المیعاد: بہت بڑی مدت کا، لمبے زمانے کا، سالہا سال کا

طویلہ: مذ، اصطبل، گھوڑوں یا گائے بھینسوں کے رہنے کی جگہ، تھان

طٰہٰ: مو، قرآن پاک کی ایک سورت کا نام، آنحضرتؐ کا ایک اسم گرامی

طہارت: مو، پاکی، صفائی، ستھرائی، پاکیزگی، غسل، وضو، استنجا، آبدست لینا

طہر: مذ، ماہواری سے پاک ہونا، حیض سے صفائی، حیض نہ آنے کے ایام

طہور: بہت زیادہ پاک وصاف، پاک صاف کرنے والا

طے: مذ، مو، لپیٹنا، تمام کرنا، سفر کرنا، تکمیل کرنا، فیصلہ، عرب کا ایک قبیلہ جس سے حاتم طائی کا تعلق تھا

طے کرنا: تہ کرنا، لپیٹنا، سفر ختم کرنا، فیصلہ کرنا، نزاعی معاملہ درست کرنا

طیار: پرواز کرنے والا، اڑنے والا، پروں والا جانور، تیز گام، تیز رو، حضرت جعفرؓ ابن ابی طالب کا لقب

طیارہ: مذ، ہوائی جہاز، بلند پرواز، تیز رفتار

طیب: مو، آمادگی، رضامندی، خوشبو، بہترین حصہ

طیب خاطر: خوشنودی، رضامندی، آمادگی، مزاج کی اچھی کیفیت

طیّب: بہتر، عمدہ، دل نواز، پسند خاطر، جائز، حلال، پاک وصاف، ذائقہ دار، بھلا، رسول مقبولؐ کے ایک صاحبزادے کا اسم گرامی

طیبات: مو، پاکیزہ خواتین، طاہر عورتیں، خوشیاں، پاک نام

طیبہ: مذ، طیب کی تانیث، پاکیزہ، صاف، ستھری، پاک صاف، پاکیزہ، طاہر، مدینہ منورہ کا نام

طیر: مذ، پنچھی، پکھیرو، چڑیا، پرند، طائر کی جمع

طیش: مذ، غصہ، غضب، جوش، بے وقوفی، کم عقلی

طیش دلانا: بھڑکانا، مشتعل کرنا، غصہ دلانا

طیش میں آنا: غصہ کرنا، مشتعل ہونا، غضب ناک ہونا، جوش میں بھر جانا

طیلسان: مذ، پگڑی کا آخری سرا جو پیٹھ پر لٹکتا ہے شملہ، کندھوں پر ڈالی جانے والی چادر، کسی جامعہ کا کامیاب طالب علم

طین: مو، مٹی، خاک

طینت: مو، خمیر، مزاج، سرشت، طبیعت، فطرت، عادت، پیدائش

طیور: مذ، طائر کی جمع، چڑیاں، پرندے، پنچھیاں

ظ

ظالم: زیادتی کرنے والا، جابر، ظلم کرنے والا، زوردست، زبردست، درندہ، سرکش، سفاک، شاعروں میں کنایۃً محبوب کو کہتے ہیں

ظاہر: نمایاں، نمودار، آشکار، عیاں، کھلا ہوا، واضح، روشن، جمع ظواہر

ظاہر اور باطن اور: دل میں کچھ زبان میں کچھ، قول وفعل کا تضاد، منافقت

ظاہر بیں، ظاہر پرست: اوپری چیزوں پر نظر رکھنے والا، خارجی یا بیرونی حالت دیکھنے والا، ظاہر دار

ظاہر دار: عیار، مکار، ریاکار، جس میں خلوص نہ ہو

ظاہر ظہور: کھلم کھلا، بہت روشن، عیاں، نمایاں طور پر

ظاہر کرنا: راز کھولنا، شہرت دینا، شرح کرنا، واضح کرنا

ظاہرا، ظاہراً: دیکھنے میں، بہ ظاہر، وضاحتاً

ظرافت: مو، ہنسی، خوش مزاجی، مزاح، زیرکی، ہوشیاری، گفتگو یا تحریر میں ہنسنے ہنسانے کا انداز پیدا کرنا

ظرافت آمیز: جس میں ہنسی یا دل لگی کی بات ہو، پرمزاح

ظرف: مذ، سمائی، حوصلہ، ضمیر، سکت، ہوشیاری، عقلمندی، برتن، قواعد میں وہ اسم جو جگہ یا وقت کے لیے استعمال کیا جائے، جمع ظروف

ظرف آفتاب: پیالۂ شراب، گلاس، جام

ظرف زماں: جس اسم میں وقت یا زمانہ پایا جائے

ظرف مکاں: جس اسم میں مکان پایا جائے

ظریف: مذ، بذلہ سنج، ہنسنے ہنسانے والا، ہنسوڑ، خوش مزاج، پرمزاح، لطیفہ کہنے والا، جمع ظریفاں، ظراف

ظفر: جیت، فتح، نصرت، کامیابی، جمع اظفار

ظفریاب: جیت حاصل کرنا، فتح ونصرت پانا، کامیاب ہونا

ظل: مذ، چھاؤں، سایہ، بادل جو سورج کی روشنی کو ڈھانپ لے، جمع اظلال، ظلال

ظل اللہ، ظل الٰہی: اللہ کا سایہ، خدا کی رحمت، نائب خدا، شہنشاہ

ظلم: مذ، ستم، جور، ناانصافی، گناہ، زبردستی، زیادتی

ظُلم: مذ، ظلمت کی جمع، تاریکیاں، اندھیرے

ظلم ڈھانا: زیادتی کرنا، ستم کرنا، ناانصافی کرنا

ظلم رسیدہ: مظلوم، معصوم، بے قصور

ظلمات: مو، ظلمت کی جمع، اندھیرے، تاریکیاں، بے نوری، گمراہی، بحر اوقیانوس، وہ اندھیرا جہاں آب حیات موجود ہے

ظلمت: مو، اندھیرا، تاریکی، گمراہی، سیاہی

ظلوم: بہت زیادہ زبردستی کرنے والا، بڑا ظالم، سفاک

ظن: مذ، گمان، وہم، شبہ، شک، الزام

ظواہر: مذ، مو، زمین کی اونچائی، نباتات، پیڑ پودے

ظِہار: مذ، اسلامی فقہ کی ایک اصطلاح، جب شوہر بیوی کو ماں یا بہن یا ان عورتوں کے مانند کہہ دے جو اس پر حرام ہیں، یہ ایک طرح کی طلاق ہو جاتی ہے

ظہر: مذ، سورج کے ڈھلنے کا وقت، نماز ظہر

ظَہر: مو، پشت، پیٹھ، پیچھے

ظہری: پیچھے لکھی ہوئی تحریر، پشت پر لکھی ہوئی عبارت

ظہور: مذ، ظاہر ہونا، اظہار، نمایاں ہونا، انکشاف

ظہور میں آنا: نمایاں ہونا، ظاہر ہونا، آشکار ہونا

ظہوری: فارسی کا مشہور شاعر اور انشا پرداز

ظہیر: دوست، حمایتی، معاون، مددگار، فارسی کا مشہور شاعر

ع

ع: قرآن میں رکوع اور شاعری میں مصرع کی علامت، علیہ السلام کا مخفف

عابد: مذ، عبادت گزار، متقی، پرہیزگار، نیک بندہ، جمع عابدین، عُباد

عاج: مذ، ہاتھی دانت

عاجز: لاچار، بے بس، مجبور، کمزور، تھکا ہارا، ناامید، مفلوک الحال، غریب، نادار

عاجز آنا: پریشان ہونا، تنگ آنا، ناامید ہونا

عاجزی: مو، منت، سماجت، خاکساری، نیازمندی، تضرع، گڑگڑاہٹ

عاجزی کرنا: منت سماجت کرنا، فریاد کرنا، ہاتھ جوڑنا

عاجل: عجلت کرنے والا، جلد باز، بے قرار

عاد: مذ، حضرت ہودؑ کی قوم، وہ عدد جو موجود عدد کو پورا پورا تقسیم کردے

عادَت: مو، فطرت، خصلت، مزاج، برتاؤ، سلوک، خاصیت، طریقہ، چال چلن، رسم ورواج، جمع عادات

عادَت پڑنا: مزاج بن جانا، لت لگ جانا، فطرت میں داخل ہوجانا

عادِل: انصاف کرنے والا، منصف، جج

عادی: جس کا مزاج بن جائے، جس کو لت لگی ہو

عار: مو، لاج شرم، غیرت، حمیت، لحاظ، خیال، عیب، برائی

عارض: مذ، گال، رخسار، رخ، چہرہ، فوج کا میر منشی لگنے والا، وقتی طور پر پیدا ہونے والا

عارضِ سیمیں: چاندی جیسا سفید گال، بہت ہی خوشنما، خوبصورت، گورا رنگ

عارضہ: مذ، بیماری، روگ، دکھ، مرض، تکلیف، جمع عوارض

عارضی: غیر مستقل، چند دنوں کے لیے، اتفاقیہ، وقتی

عارف: خدا رسیدہ بندہ، پہچاننے والا، صاحب نظر، جمع عارفین، عوارف، عرفا

عاری: خالی، برہنہ، ننگا، عاجز، قاصر، مجبور

عاریت: مو، کچھ دنوں کے لیے قرض، چند دنوں کے لیے لی ہوئی چیز، ادھار

عاریتاً: ادھار مانگ کر کچھ دنوں کے لیے

عازم: عزم کرنے والا، ارادہ کرنے والا، قصد کرنے والا، جمع عازمین

عاشق: مذ، چاہنے والا، مشتاق، محبت کرنے والا، فریفتہ، دل گرفتہ، کامل، عاقل، لاپروا، سودائی، جمع عاشقاں، عشاق

عاشق مزاج: حسن پرست، حسن کا خریدار، ہوس پرست

عاشور، عاشورہ: مذ، محرم الحرام کی دسویں تاریخ، حضرت حسینؓ کا یوم شہادت

عاصی: خطاکار، گنہگار، قصوروار، مجرم، جمع عصاۃ، عاصیاں

عاطر: معطر، معنبر، خوشبودار

عاطف: مو، دوست، مہربان، شفیق، نیازمند، جھکنے والا، بہی خواہ، خیر خواہ

عاطفت: مو، لطف وعنایت، کرم ومہربانی، جمع عواطف

عاطفہ: عاطف کی تانیث، کرم کرنے والی، مہربانی کرنے والی، جھکنے والی

عافیت: مو، امن وسلامتی، خیریت، صحت، آسودگی، تشفی، سکون، نیکی، بھلائی، جمع عافیات

عاق: سرکش، نافرمان اولاد، نالائق اولاد، باپ کا حکم نہ ماننے والی اولاد

عاق کرنا: نالائقی کی وجہ سے فرزندی سے خارج کر دینا، حق فرزندی سے محروم کر دینا، ترک کر دینا

عاقبت: مو، انجام، اختتام، آخر، نتیجہ، زندگی کے بعد حاصل، آخرت، جمع عواقب

عاقبت اندیش: ذی عقل، ہوشیار، انجام پر نظر رکھنے والا، جو غافل نہ ہو

عاقبت بخیر ہونا: نتیجہ اچھا ہونا، انجام بخیر ہونا

عاقبت بگاڑنا: زندگی کا انجام خراب کرنا، آخرت کو برباد کرنا

عاقبت خراب کرنا: گنہگار بننا، آنے والی زندگی کو برباد کرنا، انجام بگاڑنا، دوزخ کا مستحق ہونا

عاقر: بانجھ، اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت سے محروم

عاقل: عقلمند، ہوشیار، دانا، چالاک، ذہین، جمع عقلاء

عاکف: درویش، خانہ نشین، حجرہ نشیں، گوشہ گیر، مسجد میں اعتکاف کرنے والا

عالِم: مذ۔ فاضل، پڑھا لکھا، صاحب علم، جمع عالمان، علماء

عالِمُ الغیب: خدا تعالیٰ، غیب کی باتیں جاننے والا

عالَم: مذ، دنیا، زمانہ، کائنات، جہاں، دنیا کے لوگ، مخلوق، جنس، حالت، درجہ، طور طریقہ، لطف، حسن، جمع عالمین، عوالم

عالَم آرا: جہاں آرا، دنیا کو سنوارنے والا، کائنات کو سجانے والا

عالَمِ اَرواح: روحوں کی دنیا، موت کے بعد آنے والی دنیا

عالَمِ اَسباب: دنیا، جس میں ہر چیز کی بنیاد سبب اور وجہ پر ہو

عالَم اَفروز: دنیا کو منور کرنے والا، گیتی کو روشن کرنے والا سورج

عالَمِ امر: فرشتوں یا روحوں کی دنیا، ملائکہ کی دنیا

عالَمِ بالا: عرش، آسمان کے اوپر، جنت میں اونچے مقام پر رہنے والوں کی جگہ

عالَمِ بَرزخ: موت اور قیامت کے بیچ کی مدت یا دنیا

عالَمِ بیداری: جاگنے کا زمانہ، جاگنے کی حالت

عالَم پناہ: بادشاہ، جس سے ملک اور رعایا کو امن وامان حاصل ہو

عالَم تاب: سورج، آفتاب، دنیا کو منور کرنے والا

عالَمِ تصوّر: خیال کی دنیا، غور وفکر کی کیفیت، سکون وخاموشی کی حالت

عالَمِ جاوید: دوسری دنیا، ہمیشہ رہنے والی، جس دنیا کو زوال نہ ہو، عالم آخرت

عالَمِ جبروت: آسمان سے اوپر کی دنیا، فرشتوں یا ملائکہ کی دنیا

عالَمِ خواب: سوتے میں نظر آنے والی دنیا، خواب کی کیفیت

عالَمِ رؤیا: خواب کی کیفیت، سونے کی حالت

عالَمِ سِفلی: دنیا، روئے زمین، مکر وفریب کی دنیا

عالَمِ قُدس: بہشت، جنت، مقدس فرشتوں کی دنیا

عالَمِ کون وفساد: دنیا، زمین، جہاں

عالَم گیر: دنیا کو فتح کرنے والا، دنیا میں مشہور، بادشاہ، مغل تاجدار، محی الدین کا لقب

عالَمِ لاہُوت: خداوند قدوس کا مقام عرش اعظم

عالَمِ معنی: غیر محسوسات کی دنیا، خدائے تعالیٰ کی ذات وصفات

عالَمِ ملکوت: فرشتوں کا جہاں، ملائکہ کی دنیا

عالَمِ ناسوت: فنا ہونے والی دنیا، ختم ہونے والا جہاں، دنیائے فانی

عالَمی: دنیاوی، جہاں کا، اس جہان کا رہنے والا، تمام ملکوں کا، جمع عالمیان

عالَمین: مذ، عالم کی جمع، بہت سی دنیائیں

عالی: عظیم، بڑا، بلند، پاکیزہ، قابل عزت، جمع عوالی

عالی جاہ: بڑی شان والا، بڑے مرتبے والا، ذی وقار

عالی جناب: بڑی عزت والا، صاحب توقیر، اعلیٰ حضرت

عالی خاندان: بڑے خاندان والا، امیرزادہ، شریف خاندان کا

عالی دماغ: ذی عقل، ہوشیار، فراست والا

عالی رُتبہ: عالی قدر، بڑی شان والا، عزت والا، بلند پایہ

عالی شان: بڑی عظمت والا، شان وشکوہ کا مالک، عزت والا

عالی ظرف: حوصلہ مند، ہمت والا، فراخدلی، صبر وبرداشت کرنے والا

عالی ہمت: بڑی ہمت والا، بہادر، اولوالعزم، نجی

عالیہ: بزرگ، بڑی، بلند، مسلمان عورتوں کا نام

عام: معمولی، مشہور، وسیع، سب، تمام، بازاری، سستا، روایتی، جمع عوام

عام پسند: سبھی لوگوں کی من پسند، مقبول

عام فہم: بہت آسان، جسے ہر ایک سمجھ سکے

عام کردینا: مشہور کردینا، ہر ایک کو بتادینا، سستا کردینا

عام لوگ: سبھی لوگ، ہر ایک، معمولی لوگ

عامر: بسانے والا، آباد کرنے والا، جمع عمار، عامرین

عامرہ: لبریز، بھرا ہوا، مالا مال، شاہانہ، بادشاہی، جمع عوامر

عامل: مذ، عمل کرنے والا، افسر، حاکم، وصول وتحصیل کرنے والا، دعاوتعویذ کرنے والا، جمع عُمّال

عامّہ: تمام لوگوں سے متعلق، کل، تمام، عوام، مشہور، جمع عوام

عامۃ الناس: تمام لوگ، سبھی لوگ، عوام

عامی: عام انسان، بازاری، گھٹیا، سستا، گنوار، جمع عامیان

عامیانہ: بازارو، گنواروں کا، گھٹیا، ناپسندیدہ

عانہ: مذ، پیڑو

عائد: لاگو، نافذ، واپس آنے والا، پھرنے والا

عَبا: مذ، جبہ، چغہ، لمبا کرتا

عباد: مذ، عبد کی جمع، بندے، فرماں بردار، غلام

عِبادت: مو، بندگی، پیروی، اطاعت، دین کے احکام کی پابندی

عِبادت گاہ: خدا کی بندگی بجالانے کی جگہ، مسجد مندر وغیرہ

عبارت: مو، مضمون، تحریر، بیان، مقصد، جمع عبارات

عبارت آرائی: تحریر کو بنا سنوار کر لکھنا، مضمون کو آراستہ کرکے لکھنا، رنگینیٔ مضمون

عباسی: آنحضرتؐ کے عم محترم حضرت عباسؓ سے منسوب

عباسیہ: حضرت عباسؓ سے منسوب: خلیفہ بنی عباس کے سلسلہ سے منسوب

عبث: بیکار، فضول، بکواس، ناحق، بے سبب، کھیل

عَبد: مذ، غلام، بندہ، فرماں بردار، نیاز مند، عبادت گزار، جمع عباد

عبدیت: مو، بندگی، نیازمندی، غلامی، اطاعت

عبرانی: مو، یہودیوں کی زبان، عبر کی اولاد، بنی اسرائیل، عبری

عبرت: مو، سبق، نصیحت، اندیشہ، خوف، دہشت، تنبیہ

عبرت انگیز: جسے دیکھ کر سبق یا نصیحت ملے، جس سے خوف پیدا ہو

عبرتناک: ڈراؤنا، خوفناک، سبق آموز

عبودیت: نیازمندی، غلامی، بندگی، اطاعت، عبادت

عبور: مذ، پار کرنا، پانی سے گزرنا، پار اترنا، علم پر حاوی ہونا، علمی مسائل یا پیچیدگی پر قدرت پانا، ماہر ہونا

عبہر: مذ، نرگس کا ایک خاص پھول جو اندر سے زرد ہوتا ہے

عبید: مذ، عبد کی جمع، غلام، فرماں بردار، اطاعت گزار

عُبید: مذ، عبد کی تصغیر، چھوٹا غلام، چھوٹے بندے، ناچیز، فرماں بردار

عتاب: مذ، سزا، ناراضگی، غصہ، ملامت، قہر و غضب، رانده، ناپسندیدہ

عتاب الٰہی: خدا کا غضب، قہر خداوندی، آفت آسمانی، خدا کی ناراضگی

عتاب و خطاب: ناراضگی و ملامت، قہر و غضب، تنبیہ، سرزنش، جھڑکی

عتبہ: مذ، تکیہ، دروازہ، آستانہ، درگاہ، مزارات، جمع عتبات

عترت: مو، لڑکیاں، بیٹیاں، نزدیکی اقارب، رشتہ دار

عتیق: قدیم، پرانا، دیرینہ، بے قید، بزرگ، جمع عتقاء

عجالت: مو، عجلت، جلدی، پھرتی، تیزی و تندی

عجائب: مذ، عجیب کی جمع، حیرتناک، عجیب و غریب، اچنبھے میں ڈالنے والی چیزیں، جمع عجائبات

عجائب المخلوقات: پیدائشی، حیرت انگیز چیزیں، فطری طور پر، عجیب و غریب

عجائب خانہ: عجائب گھر، چڑیا گھر، میوزیم، جس جگہ حیرت انگیز چیزیں موجود ہوں

عجائب و غرائب: حیرت انگیز چیزیں، نادر انوکھی یا اچنبھے میں ڈالنے والی چیزیں

عجب کیا: کوئی حیرت نہیں، عین ممکن ہے

عجب نہیں: تعجب کی بات نہیں، حیرت انگیز نہیں

عُجب: تکبر، غرور، گھمنڈ، انانیت، جمع اعجاب

عَجب: مذ، حیرتناک، نادر، نایاب، انوکھی چیز

عجز: مذ، خاکساری، نیازمندی، کمزوری، شکست، ہار، خوشامد، منت وزاری

عَجلت: مو، جلدی، شتابی، بغیر دیر کے، فوراً، اسی وقت

عَجم: مذ، گونگا، ایران، عرب کے علاوہ دوسرے ممالک

عجوبہ: مذ، حیرت انگیز چیز، عجیب شے، انوکھی چیز

عجوز، عجوزہ: سن رسیدہ، بڑھیا، کمزور، ضعیف، جمع عجائز

عجیب: نرالا، انوکھا، حیرت ناک، جمع عجائب

عجیب و غریب: نرالا، انوکھا، نادر، حیرت انگیز

عدالت: مو، انصاف، عدل، برابری، حق، اجلاس، دربار، کچہری، فیصلہ سنانے کی جگہ

عدالتِ خفیفہ: وہ عدالت جہاں چھوٹے مقدمات کا فیصلہ کیا جائے

عدالتِ دیوانی: وہ عدالت جہاں مالیات یا لین دین کے مقدمات کا فیصلہ کیا جائے

عدالتِ عالیہ: بڑی عدالت، ہائی کورٹ

عدالتِ فوجداری: جس عدالت میں جھگڑے فساد، قتل ولوٹ کے مقدمات کا فیصلہ کیا جائے

عدالتِ ماتحت: جس عدالت میں چھوٹے مقدمات کا فیصلہ کیا جائے، جو بڑی عدالت کے ماتحت ہو

عدالتِ مال: کلکٹری کی عدالت، جو لگان یا نقاوی وغیرہ کے مقدمات سنتی ہے

عداوت: مو، مخالفت، دشمنی، کینہ، بغاوت، ناراضگی

عِدّت: مو، گنتی، شمار، عورت کے لیے مدت شرعیہ جس میں عورت نکاح کرنے کی مجاز نہیں ہوتی

عَدَد: گنتی، تعداد شمار، نمبر، ہندسہ، رقم، جمع اعداد

عَدَسہ: مذ، محدب شیشہ، کیمرہ کا وہ چھوٹا شیشہ جس میں عکس اترتا ہے

عدل: انصاف، بدلہ، برابری، حق، داد، نظیر، مثال

عدل پروری: انصاف کرنا، بدلہ لینا، حق پر رہنا، برابر برابر تولنا

عدل گستر: مصنف، عدل کرنے والا، عادل، داد وفریاد سننے والا

عدلیہ: مو، انصاف کرنے والا محکمہ، عدالتی نظام، محکمۂ عدالت

عدَم: مذ، نابود، نیستی، نہ ہونا، پیدا نہ ہونا، غیر موجودگی

عدم آباد: نیست ہونا، وہ دنیا جہاں زندگی نہیں

عدمِ اختیار: جس پر کچھ بھی دخل نہ ہو، جس پر قبضہ نہ ہو، بے اختیار

عدمِ اعتماد: یقین نہ رہنا، بھروسہ اٹھ جانا، کسی کے خلاف بے اعتمادی کی آواز اٹھانا، حلقہ اثر کا اندازہ لگانا

عدمِ پیروی: غیر حاضری، دلچسپی نہ لینا، مقدمہ کو ٹھیک سے نہ دیکھنا، لاپروائی

عدمِ توجہ: لاپروائی، بے توجہی، دلچسپی نہ لینا، نظر انداز کرنا

عدمِ موجودگی: غیر حاضری، موجود نہ رہنا، دور رہنا

عدم وجود برابر ہے: ہونا نہ ہونا یکساں ہے، بیکار ناکارہ

عدَن: مذ، جنت، بہشت فردوس، قیام کرنا، عرب کا ایک شہر

عدو: مذ، بدخواہ، دشمن، حریف، مخالف، جمع اعدا

عدول: مذ، نظر انداز کرنا، منہ پھیر لینا، روگردانی، سرکشی، انکار

عدیل: یکساں، ایک جیسا، نظیر، مثال، انصاف کرنے والا، جمع عدلا

عدیم: مذ، نابود، غیر موجود، نیست، نایاب

عدیم الفرصت: مشغول، مصروف، جسے فرصت نہ ہو

عدیم المثال: بے نظیر، بے مثال، لاثانی، یکتا

عذاب: مذ، گناہ کا بدلہ، سزا، اذیت، تکلیف، بکھیڑا، پریشانی، گناہ

عذابِ اَلیم: سخت ترین عذاب، سخت اذیت، ناقابل برداشت تکلیف

عذابِ ثواب: نیکی بدی، بھلائی، برائی، گناہ، اچھائی

عذابِ جان: جان کا جنجال، مصیبت، وبال جان

عذاب مول لینا: خواہ مخواہ کے لیے اپنے آپ کو تکلیف میں مبتلا کرنا

عذاب میں پڑنا: عذاب میں پھنسنا، مصیبت میں مبتلا ہونا، وبال میں پڑنا

عِذار: مذ، رخسار، گال، عارض، چہرہ، منہ

عَذب: میٹھا، شیریں، خوشگوار، دل پسند

عَذبُ البَیان: شیریں گفتار، دلکش کلام والا، میٹھی بات والا

عُذر: مذ، معذرت، معافی، بہانہ، حیلہ، وجہ، حجت، اعتراض، گرفت، انکار، جمع، اَعذار، عذرات

عذرِ بے جا: ناقابل قبول معذرت یا بہانہ، نامناسب حیلہ، بناوٹی معافی

عُذردار: دعویٰ کرنے والا، اعتراض کرنے والا، دلیل دینے والا

عذرِ گناہ بدتر از گناہ: کسی دانستہ جرم کے لیے معذرت اور بھی زیادہ قابل گرفت ہے

عذرِ لنگ: غیر مناسب معافی، بناوٹی معذرت، بے بنیاد بہانہ

عذرا: مو، دوشیزہ، باکرہ، کنواری

عذوبَت: مو، مٹھاس، شیرینی، لذت، خوش گواری

عِراق: مذ، ساحل، کنارہ، لب دریا، دجلہ و فرات کے کنارے آباد عرب کا ایک ملک

عرائض: مذ، عریضہ کی جمع، عرضیاں، درخواستیں، خطوط، چٹھیاں

عَرب: مذ، عرب ملک کا رہنے والا، اہل عرب

عَربدہ: مذ، برائی، بدخوئی، فساد، لڑائی جھگڑا، تکرار

عَرَبی: عرب ملک کا، اس سے تعلق رکھنے والا، عربی زبان، عرب کا رہنے والا

عَرَبیہ: مو، عرب عورت، عربی زبان سے متعلق

عَرزہ: مو، طاقت، قوت، بل، زور

عُرس: مذ، کسی بڑے بزرگ کے مزار پر سالانہ فاتحہ خوانی، ولیمہ کا کھانا، جمع اعراس

عَرش: مذ، چھت، آسمان، تخت، جمع عروش

عَرش آشیانی: مردہ، مرحوم، مغفور

عَرشِ اعظم: خدا کا تخت، آسمانوں سے بھی پرے

عَرشِ اکبر: دل، قلب، انسان

عَرشِ بریں: وہ آسمان جس پر خدا کا تخت موجود ہے

عَرش پر دماغ ہونا: مغرور ہونا، گھمنڈی ہونا، متکبر ہونا

عَرش پناہ: بڑی شان والا، عظمت والا، رتبے والا

عَرش سے فرش تک: اوپر سے نیچے تک، آسمان

سے زمین تک

عرش کا تارا: سب سے بلند ستارہ، بہت اونچے درجہ تک، بڑی شان بان کا

عرش کے تارے توڑنا: عجیب وغریب کام کرنا، عظیم کارنامہ انجام دینا

عرش معلیٰ: عرش اعظم بریں، آخری آسمان

عرشہ: مذ، سمندری جہاز کی چھت، بحری جہاز کا اوپری تختہ

عرشی: مذ، خدا کے برگزیدہ فرشتے، مقرب بارگاہ فرشتے، جمع عرشیاں

عرصہ: مذ، انگنائی، میدان، زمانہ، دوران، اثنا، فاصلہ، کشادہ جگہ، شطرنج کی بساط، تاخیر، توقف، جمع عرصات

عرصہ تنگ ہونا: مجبور ہونا، وقت کم ہونا، لاچار ہونا، پریشان ہونا

عرصۂ حشر: قیامت کا میدان محشر، روز جزا

عرصۂ دراز: کافی مدت سے، بہت زمانے سے

عرصہ کھینچنا: دیر کرنا، تاخیر کرنا

عَرَض: مو، جس کی بنیاد کسی دوسری چیز پر ہو، جیسے رنگ، یہ خود قائم بالذات نہیں، کپڑا اور کاغذ جو قائم بالذات ہے اسے جوہر کہتے ہیں، رنگ عرض ہے اور کپڑا اور کاغذ جوہر ہے، جمع اعراض

عَرض: مو، گزارش، استدعا، اظہار، بیان، ذکر، چوڑائی، پاٹ، زمانہ، دوران، درمیان، جمع عروض

عَرض بلد، عَرضُ البلد: کسی جگہ کا وہ فاصلہ جو خط استوا سے جنوباً یا شمالاً ہو

عرض بیگی: وہ حاکم جس کے ذریعہ بادشاہ کے پاس درخواستیں پیش کی جاتی ہیں

عَرضِ حال: بیانِ واقعہ، گزارشات، کیفیت کا اظہار

عرض داشت: درخواست، معروضات، التماس، استدعا

عرض کرنا: استدعا کرنا، گزارش کرنا، اطلاع دینا

عرض معروض: گزارش، التماس، درخواست

عرضی: مو، درخواست، جمع عرائض

عرضی نویس: جو عدالتی درخواستیں یا تمسک وغیرہ لکھنے کے لیے قانونی طور پر مجاز ہو

عُرف: مذ، مشہور نام، شہرت والا نام، پہچان، عام نام

عُرَفا: عارف کی جمع، اللہ والے، کامل، ولی اللہ، خدا رسیدہ لوگ

عَرَفات: مذ، مکہ مکرمہ سے تقریباً بارہ میل دور، ایک کھلا میدان جس میں حجاج قیام کرکے اللھم لبیک کی آواز بلند کرتے ہیں

عِرفان: مذ، پہچان، امتیاز، شناخت، پہنچ، معرفت، خداشناسی

عَرَفہ: مذ، ذی الحجہ کی نویں تاریخ، اسی دن حجاج عرفات کے میدان میں کھڑے ہوکر اللھم لبیک کی آواز بلند کرتے ہیں

عُرفی: روایتی، مشہور، فارسی کے مشہور شاعر کا نام

عَرَق: مذ، رس، پسینہ، نچوڑ، کشید کیا ہوا پانی

عرق انفعال: شرمساری، ندامت، شرمندگی کی وجہ سے پسینہ

عرق ریزی کرنا: بڑی مشقت کرنا، جان کھپانا، جانفشانی کرنا

عرق عرق ہونا: پشیمان ہونا، شرمندہ ہونا، پانی پانی ہونا

عرق گیر: رومال، پالان، پسینہ خشک کرنے کا کپڑا، عرق کشید کرنے کا آلہ

عِرق: مو، رگ، جڑ، بنیاد، جمع عروق

عِرق النسا: ٹخنوں کا درد، پاؤں کا درد

عُروج: مذ، بلندی، اونچائی، بلندی، ترقی، رفعت، قسمت کی بلندی

عُروج ماہ: یکم تاریخ سے چودھویں تک

عُروج مہر: سورج کا اونچا ہونا، بارہ بجے تک سورج کا اونچا ہونا

عروس: مو، دلہن، بہو، بنی، جمع عرائس

عَروض: مذ، خانہ کعبہ، شعر کے اوزان اور بحر کا علم

عُروض: نمودار ہونا، ظاہر ہونا، عارض ہونا

عُریاں: برہنہ، ننگا، بغیر لباس

عریش: مذ، باغ میں بنایا گیا پھوس کا مکان، گھاس پھوس کا مکان

عَریض: کشادہ، پھیلا ہوا، لمبا چوڑا

عَریضہ: مذ، درخواست، گزارش نامہ

عزّ، عِزّ: مو، عظمت، بزرگی، شرف، عزت، غلبہ

عزّ و جاہ: عزت و مرتبہ، شرف و عظمت

عزّ: غالب ہوا، زبردست، اس کی حمد و ثنا ہو

عزّ و جل: اس کی حمد و ثنا ہو، خدائے تعالیٰ کی بزرگی و عظمت کا اظہار

عزا: مذ، پرسہ، ماتم پرسی، رنج و غم پر صبر و استقامت

عزا خانہ: امام باڑہ، ماتم خانہ، گریہ و زاری کی جگہ

عزادار: سوگوار، غم زدہ، مرحوم کے متعلقین

عزاداری: ماتم، سوگواری، رنج و غم، حضرت حسینؓ کی شہادت پر اظہار غم

عزّیٰ، عزّیٰ: مذ، ظہور اسلام سے قبل خانہ کعبہ کے ایک بت کا نام

عزازیل: مذ، ابلیس، شیطان، ملعون

عزائم: مذ، عزیمت کی جمع، حوصلے، ارادے، منصوبے

عزت: مو، آبرو، ناموس، توقیر، بڑائی، شان

عزت اُتارنا، عزت برباد کرنا، عزت بگاڑنا، عزت کھونا، عزت لینا: آبرو ریزی کرنا، ناموس گنوانا، بے وقعت کرنا

عزت کرنا: ادب کرنا، تعظیم کرنا، احترام کرنا

عزت مآب: تعظیمی کلمہ جو بڑے لوگوں کے لیے مستعمل ہے

عزت میں بٹا لگنا: عزت میں فرق آنا، بے آبرو ہونا، عزت ختم ہونا، بدنام ہونا

عزرائیل: مذ، موت کا فرشتہ، ملک الموت

عزل: مذ، ملتوی، موقوف، بیکار، مباشرت کے وقت مادہ منویہ کا عورت کی شرم گاہ کے بجائے باہر خارج کرنا

عزل ونصب: فتح وشکست، تنزلی وترقی، برطرفی وبحالی

عزلت: مو، تنہائی، گوشہ، خلوت، کونا، اعتکاف

عزلت نشیں: تنہائی میں بیٹھا ہوا، گوشہ گیر، اکیلا، خلوت نشیں

عزم: حوصلہ، ارادہ، قصد، ٹھان لینا، نیت، جمع عزائم

عزم بالجزم: پکا ارادہ، مصمم ارادہ، دل سے ٹھان لینا

عزیز: مذ، دوست، پیارا، محبوب، پسندیدہ شخص، عمدہ، قابل احترام، صاحب مرتبہ، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام، نزدیک کے رشتہ دار، جمع اعزہ

عزیز داری: قرابت داری، رشتہ داری، بھائی بند

عزیز رکھنا: عزت کرنا، جان سے پیارا رکھنا، دوست سمجھنا

عزیمت: مو، حوصلہ، قصد، ارادہ، طلسمی دعا، جمع عزائم

عساکر: مذ، عسکر کی جمع، فوجیں، بہت سے لشکر

عسر: مذ، ناداری، مفلسی، غربت، دقت، دشواری

عسرت: مو، ناداری، مفلسی، غربت، تنگی، پریشانی

عسس: مذ، شہر کوتوال، شہر کا محافظ دنگراں

عسکر: مذ، سپاہ، فوج، لشکر، جمع عساکر

عسکریت: مو، جنگ جوئی، جارحیت، زبردستی، جنگی

عسل: مذ، مدھ، شہد، انگبیں

عسیر: دشوار، مشکل، دقت

عشا: مو، رات کی تاریکی، سورج ڈوبنے کے بعد جب خوب اندھیرا چھا جائے، مغرب کے بعد رات کی نماز

عشاق: مذ، عاشق کی جمع، محبت کرنے والے، فریفتہ لوگ، عشق کرنے والے

عشر: دس، دہ، دہائی

عشر: مذ، دسواں حصہ، غلہ کا دسواں حصہ، گویا سواں حصہ، بہت کم، قلیل

عشرت: مو، عیش، آرام، خوشی، شادمانی، نفسانی سکون

عشرت خانہ، عشرت کدہ، عشرت گاہ: لطف وآرام کی جگہ، عیش گاہ

عشرہ: مذ، دس، محرم کی دسویں تاریخ، یوم عاشورہ

عشرۂ مبشرہ: آں حضرتؐ کے دس مقرب صحابی جن کو بہشت میں داخل ہونے کی خوشخبری دی گئی تھی

عش عش: مو، بہت ہی خوشی اور تعریف کے موقع پر استعمال کیا جاتا ہے، حیرت زدہ ہونا، تعریف کرنا

عشق: مذ، پیار، محبت، فریفتگی، چاہ، اشتیاق، عادت

عشق بازی: محبت کا کھیل، پیار کرنا، لطف اندوز ہونا

عشق پیچاں: چھوٹے پھول اور بہت باریک ننھی ننھی پتیوں والی ایک بیل

عشق پیشہ: عاشق مزاج، عیاش، حسن پرست، بوالہوس

عشقِ حقیقی: خدائے تعالیٰ سے نیازمندانہ محبت

عشقِ مجازی: دنیاوی حسن سے لذت پرستانہ عشق،

بوالہوسی

عِشوہ: مذ، انداز و ناز، غمزہ و نخرہ، ملک، لچک

عشوہ ساز، عشوہ گر: محبوب، معشوق، حسین رقاصہ

عُشیر: مذ، دسواں حصہ، دہائی کا ایک حصہ

عَصا: مذ، لاٹھی، ڈنڈا، سونٹا، سہارے کی لکڑی

عَصا بَردار: لاٹھی لے کر چلنے والا، چوب دار، بڑے

عَصائے پیری: بزرگ کی حفاظت میں چلنے والا آدمی، بڑھاپے کی لاٹھی، ضعیفی کا سہارا، بوڑھے کا لڑکا

عَصائے موسیٰؑ: حضرت موسیٰؑ کی لاٹھی، جس سے بڑے معجزے ظہور میں آئے

عِصابہ: مذ، کپڑے کا وہ ٹکڑا جس سے عورتیں بال یا سر باندھتی ہیں

عُصارہ: مذ، عرق، رس، شیرہ، نچوڑ

عَصافیر: مذ، مو، عصفور کی جمع، گوریا، گنجشک

عَصَب: مذ، رگ، نس، پٹھا، جمع اعصاب

عَصَبہ: مذ، رگ، نس، پٹھا، باپ کی طرف سے لڑکا اور اپنے رشتہ دار، متعین حصۂ وراثت لینے کے بعد باقی ماندہ دولت کا مالک، جمع عصبات

عَصَبِیَّت: مو، طرف داری، حمایتِ بیجا، ساتھ، رشتہ داری، طاقت، غیر منصفانہ جذبہ و احساس

عَصر: مذ، زمانہ، وقت، دور، روزگار، دن کا چوتھا پہر، غروبِ آفتاب سے پہلے کی نماز، جمع اعصار

عُصفور: مو، گوریا، گنجشک، چڑیا، جمع عصافیر

عِصمت: مو، پاکیزگی، پارسائی، پاک دامنی، بے گناہی

عِصمت دری: آبرو خراب کرنا، زنا کرنا

عصمت فروشی: آبرو ریزی، پیشہ گری، زنا کاری

عَصَب: مذ، سوتے وقت سر سے باندھا جانے والا رومال

عِصیان: مذ، گناہ، پاپ، جرم، خطا، تقصیر

عضد: مذ، بازو، ساتھی، مددگار

عضدُ الدولہ: شاہی خطاب، حکومت کا ساتھی، بازو، مددگار

عضل: مذ، کسی بیوہ کو شادی سے باز رکھنا

عَضلات: مذ، عضلہ کی جمع، بدن، جسم، اندام، بدن کے حصے، اعضاء جسم

عضلہ: مذ، بدن، جسم، اندام، اعضائے بدن، جمع عضلات

عُضو: مذ، جسم، بدن، اندام، جوڑ، بند، جسم کے ٹکڑے، جمع اعضاء

عُضوِ تناسُل: مردوں کی شرمگاہ، ذکر، آلۂ تناسل

عطا: مو، بخشش، عنایت، انعام، سخاوت

عطا کرنا: بخشش دینا، عنایت کرنا، مرحمت کرنا

عطائے تو بہ لقائے تو: میاں کی جوتی میاں کا سر، آپ کا تحفہ آپ ہی کو مبارک ہو

عَطّار: مذ، دوا فروش، عطر فروش، جمع عطاراں

عطارد: مذ، فلک، دبیرِ فلک، ایک ستارہ کا نام، جست

عطائی: مذ، بغیر استاد کے، بے استاد، بغیر کسی مدد کے، خود کا مطالعہ

عطایا: مذ، بخشش، تحفہ، عنایت، انعام، عطیہ کی جمع

عِطر: مذ، خوشبو مہک، نچوڑ، عرق، جوہر، خلاصہ، جمع عطور

عِطر افشاں: مہک بکھیرنے والا، خوشبو پھیلانے والا

عِطر بیز: خوشبو بکھیرنے والا، مہک پھیلانے والا

عِطر دان: وہ ڈبہ جس میں عطر کی شیشیاں رکھی جاتی ہیں

عِطر فروش: گندھی، عطر بیچنے والا

عِطر کھینچنا: مذ، عرق نکالنا، ست نکالنا، کشید کر کے ست نکالنا

عِطرِ مجموعہ: جو کئی طرح کے عطروں کو ملا کر تیار کیا جاتا ہے

عُطسہ: مذ، چھینک

عَطش: مو، تشنگی، پیاس

عَطف: مذ، رخ موڑنا، پھیرنا، نوازش، وہ حرف جو دو لفظوں یا کلمہ کو آپس میں ملائے

عَطوفت: مو، کرم، نوازش، مہربانی

عَطیہ: مذ، تحفہ، بخشش، نوازش، انعام واکرام کی چیز، جمع عطیات

عِظام: مذ، عظیم کی جمع، بزرگ و برتر

عُظّام: بزرگ، قابل عزت، بڑے، محترم

عَظم: مذ، استخواں، ہڈی، جمع عظام

عُظمیٰ: اعظم کی تانیث، سب سے بڑی، سب سے بزرگ، قابل احترام

عَظمت: مو، شان وشوکت، بزرگی، بڑائی، محترم ہونا

عَظیم: بزرگ، بڑا، کلاں، محترم، جمع عظام، عظماء

عَظیمُ الشّان: بڑی شان والا، بہت بڑا، بزرگ وبرتر، ذی جاہ، ذی مرتبہ

عَفاریت: مذ، عفریت کی جمع، جن، دیو، بھوت، خبیث، شیطان

عِفّت: مو، پرہیزگاری، زہد، آبرو، پارسائی

عِفریت: مذ، جن، دیو، بھوت، آسیب، خبیث، شیطان، جمع عفاریت

عَف عَف: مذ، کتے کے بھونکنے کی آواز

عَفو: مذ، درگزر، معافی، بخشش

عَفونت: مو، گندگی، سڑانڈ، بدبو، ناپاکی، نجاست

عفی عنہ: خدا اس کے گناہ معاف کردے

عَفیف: پاک باز مرد، نیک سیرت آدمی، پرہیزگار مرد

عَفیفہ: مو، پاک باز عورت، نیک سیرت لڑکی، پرہیزگار عورت، جمع عفائف

عُقاب: مذ، باز، شاہین، شکرا، بلند پرواز اور شکاری پرندہ

عَقارب: مذ، عقرب کی جمع، بچھو، سرگوشی، بدکلامی

عَقاق: شباب، فرض ناشناس، جانور کے پیٹ میں بچہ ہونا

عَقاقیر: جڑ، بہت اچھے قسم کا لوہا

عَقام: بانجھ، لاولد، مرد اور عورت، بچہ جننے کے قابل نہ ہونا، لاعلاج، بدمزاج

عقائد: مذ، عقیدہ کی جمع، اعتقاد، ایمان، مذہب، یقین

عقب: مذ، پس پشت، پیچھے

عقبیٰ: مو، عافیت، زندگی کے بعد کی دنیا، آخرت

عقد: مذ، نکاح، شادی، قول و قرار، گرہ، گانٹھ، پیچ، جمع عقود

عقدہ: مذ، پیچ، گرہ، گانٹھ، الجھی بات، معمہ، راز، بھید

عقدہ کشائی: مرحلہ آسان کرنا، حل کرنا، گرہ کھولنا، دشواری آسان کرنا

عقدۂ لاینحل: وہ مسئلہ جو سلجھ نہ سکے، مشکل کام جو حل نہ ہو سکے

عقر: مذ، بانجھ پن، اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت سے محروم

عقرب: مذ، بچھو، کثر دُم، فلک کا آٹھواں برج

عقربی: مذ، ایک بیش قیمت پتھر، لعل کی ایک قسم

عقرقرحا: مذ، ایک دوا کا نام، اصل میں عاقرقرحا ہے

عقل: مو، فہم، دانائی، سوجھ بوجھ، ادراک، شعور، جمع عقول

عقل آرائی: اٹکل لگانا، سوچنا، غور و فکر کرنا

عقل پر پردہ پڑنا: فہم و سمجھ کا ختم ہو جانا، بے وقوفی، بے عقل ہونا

عقل ٹھکانے نہ رہنا: سوجھ بوجھ کا ختم ہو جانا، ہوش و حواس کا نہ رہنا، عقل کا غائب ہو جانا، پریشان ہونا

عقل سلیم: مکمل فہم، پوری عقل، پورے غور و فکر کے ساتھ

عقل کا پتلا: بہت ہوشیار، ذی فہم، عقلمند

عقل کا دشمن: نرا احمق، بے وقوف، کم عقل

عقل کا مارا: احمق، بے وقوف، بے عقل

عقل کُل: مکمل عقل مند، پورے طور پر ہوشیار، کامل، بہت چالاک، نور محمدیؐ، حضرت جبریلؑ

عقل کے گھوڑے دوڑانا: حجت کرنا، بہت سوچنا، غور و فکر کرنا، اٹکل لگانا

عقل کے ناخن لو یا نعل بند ھواؤ: سوجھ بوجھ کی باتیں کرو، احمق نہ بنو، ٹھکانے کی بات کرو

عقل ماری جانا: بے وقوفی کا کام کرنا، سمجھ سے عاری، کم عقل

عقل مند: عقل والا، ہوشیار، چالاک، ذی فہم، دانا، ہوش مند

عقل میں فتور آنا، پڑنا: سوجھ بوجھ میں نقص پیدا ہونا، فہم میں خرابی آنا، عقل میں خلل پڑنا

عقلا: مذ، عاقل کی جمع، عقلمند، ہوش مند لوگ، دانا، سمجھ دار لوگ

عقلیت: مو، دماغ سے کام کرنا، ہر شے میں عقل کی کارفرمائی دیکھنا، ہر چیز کو عقل کے معیار پر پرکھنا

عقوبت: مو، سزا، درد و دکھ، تکلیف، عذاب

عقیدت: مو، اعتقاد، یقین، اعتماد، ایمان، تعلق، ذہنی اور دلی لگاؤ

عقیدت مند: پرستار، دلی تعلق رکھنے والا، ارادت مند، پیرو، شاگرد

عقیدہ: مذ، ایمان، یقین، اعتقاد، دلی تعلق، بھروسہ،

جمع عقائد

عقیق: مذ، سرخ رنگ کا بیش قیمت پتھر

عقیق البحر: مونگا، دریائی عقیق

عقیق یمنی: سب سے اچھے قسم کا عقیق

عقیقہ: مذ بچے کے بال مونڈنے اور نام رکھنے کی تقریب

عقیل: ہوشیار، عقل مند، دانا، صاحب فراست، جمع عقلا

عقیلہ: عقیل کی تانیث، عقل مند عورت، ہوشیار خاتون

عقیمہ: بانجھ عورت، بوڑھی عورت

عکاس: مذ عکس لینے والا، مصور، تصویر کھینچنے والا فوٹوگرافر

عکس: مذ، الٹنا، لوٹنا، خلاف، سایہ، پرچھائیں

عکس نور: روشنی کا پڑنا اور پھر اس کا واپس لوٹنا

علا: مذ، اونچا، بلند، بزرگ، اعلیٰ، اوج

علاتی: باپ شریک، سوتیلا بھائی یا بہن

علاج: مذ، دوادارو، چارہ سازی، معالجہ، دیکھ بھال، مہزا

علاج ومعالجہ: دوادارو، دیکھ بھال، علاج

علاقہ: مذ، لگاؤ، رابطہ، تعلق، قربت، سروکار، خطہ، احاطہ، سرحد، ملازمت، جائیداد، ملکیت، جمع علائق

علاقہ دار: رشتہ دار، متعلقہ دار، قریبی عزیز

علاقہ رکھنا: رشتہ رکھنا، تعلق رکھنا، سروکار رکھنا، لگاؤ رکھنا

علاقہ: مذ کسی کے سہارے بندھی ہوئی یا ٹنگی ہوئی یا لٹکتی ہوئی چیز، تلوار کا بند، دھن، کوڑے یا رکاب کا تسمہ، حلقہ

علاقہ بند: پٹواز، پورات میں تاگا ڈال کر گوند جمنے والا

علالت: مو، بیماری، آزاری، دکھ، درد، مرض، روگ

علام: مذ، واقف کار، سب کچھ جاننے والا

علام الغیوب: اللہ تبارک وتعالیٰ، سب کچھ جاننے والا، غیب کی باتیں جاننے والا

علامات: مو علامت کی جمع نشانیاں، شناخت، اشارات

علامت: مو، نشان، پہچان، اشارہ، سراغ، پتہ، چھاپ، مہر، جمع علامات

علامہ: مذ، مو، بہت جان کار، واقف کار، عالم فاضل، ہوشیار، عیار

علامۂ دہر: وقت کا سب سے بڑا عالم، سب سے بڑا فاضل، بہت چالاک

علامی: بہت بڑا فاضل، سب سے زیادہ پڑھا لکھا

علانیہ: کھلم کھلا، آشکارا، ظاہر، نمایاں، کھلے عام، زور زور سے

علاوہ: سوا، بجز، ماسوا، اوپر، زیادہ

علاوہ ازیں: علاوہ بریں، اس کے سوا، باوجود یکہ، بجز اس کے

علائق: مذ، علاقہ کی جمع، جھگڑے بکھیڑے، مسائل وتعلقات، مکروہات

علت: مو، روگ، بیماری، بری عادت، لت، سبب، وجہ، جھگڑا، بکھیڑا، برائی، بہتان، کوڑا کرکٹ، جمع علل

علت وتعلقہ: مکمل سبب، تمام وجوہات

عِلّتِ صوری: خارجی وجہ، بیرونی سبب، ظاہری وجہ

عِلّتِ غائی: ماحصل، نتیجہ، ثمرہ، مقصد، سبب، وجہ

عِلّتِ فاعلی: جس کے سبب کوئی چیز وجود میں آئے، وجہ ایجاد

عِلّت لگا لینا: چسکا پڑ جانا، بری عادت پڑ جانا

عِلّت و معلول: سبب و مسبب، وجہ اور موجہ

عَلَف: مذ، گھاس بھوسا، چارہ گیاہ، خس و خاشاک، جمع علاف

عَلَف زار: چراگاہ، گھاس سے بھرا میدان، جانوروں کے چرنے کی جگہ

عَلَفہ: مذ، تحفہ، انعام، پیش کرنے کی چیز

عِلَل: علت کی جمع، اسباب، عادات، دکھ، بیماری، روگ

عَلَم: مذ، جھنڈا، نشان، نیزہ، خاص نام جس سے شہرت ملی ہو، رسوا، بدنام، ننگا، بلند کرنا، نام کرنا، جمع اعلام

عَلَم بَردار: جھنڈا اٹھانے والا، آگے آگے چلنے والا

عَلَم دار: جھنڈا لے کر فوج کے آگے آگے چلنے والا، حضرت عباس ابن حضرت علیؓ کا لقب

عَلَم کرنا: تلوار میان سے نکالنا، تلوار اونچی کرنا

عَلَم ہونا: بدنام ہونا، رسوا ہونا، مشہور ہونا

عِلم: مذ، آگاہی، عرفان، واقفیت، فہم، فراست، ہنر، فن، جوہر، ٹوٹنے ٹوٹکے کی جانکاری، جمع علوم

عِلم افعال الاعضا: اعضا سے متعلق علم، انا تمی

عِلمُ الاَبدان: جو علم جسم اور اعضا کی بناوٹ اور ان کے کام کے بارے میں بحث کرے

عِلمُ التَعیّش: جو علم اقتصادیات یا معاشیات پر گفتگو کرے، اکنامکس

عِلمِ اِلٰہی: جو علم خدائے تعالیٰ اور غیر مادی اشیا کے بارے میں سکھائے، الٰہیات

عِلمِ حرکت: جس علم کی بنیاد حرکت و عمل کے مضامین پر ہو، ڈائنمکس

عِلمِ غیب: راز کی باتوں کا علم، مستقبل کی باتوں کی جانکاری

عِلمِ لَدُنّی: جو علم براہ راست خدا سے حاصل ہو، بنا کسی معلم کے حاصل ہونے والا علم

علماء: مذ، عالم کی جمع، پڑھے لکھے لوگ، فضلا، علم پر بہت گہری نظر رکھنے والے لوگ

عِلمیّت: سو، معلوم ہونا، فاضل ہونا، پڑھائی لکھائی گہری واقفیت

علو: مذ، عظمت، بلندی، برتری، اونچائی، ارتفاع

علوِ ہمّت: بلند حوصلگی، بلند ہمتی، عزم کی سربلندی، ارادے کی عظمت

علوفہ: مذ، غذا، کھانا، خوراک، روزینہ، بھتہ، راتب

علوم: مذ، علم کی جمع، ہنر، فن، مہارت، استادی، واقفیت

علوی: مذ، حضرت علیؓ کی اولاد اور نسل جو حضرت فاطمہؓ کے علاوہ دوسری بیویوں سے ہو، جمع علویاں

علوی: مذ، ملک، فرشتہ، ستارۂ فلک، آسمانی، بہت

اونچے درجے کا

عُلوِیاں: مذ، سیارے، فرشتے

عَلی: بلند، اونچا، خداوند کریم، چوتھے خلیفہ

علیٰ: حرف جر، اوپر، پر، بالا

علی الاعلان: کھلم کھلا۔ علانیہ طور پر، کھلے عام، سب کے سامنے

علی الحساب: حساب چکائے بغیر، حساب کتاب بے باق کیے بغیر، پھٹکل

علی الخصوص: خاص کر، خصوصاً، بہ طور خاص

علی الدّوام: دائم، ہمیشہ ہمیشہ کے لیے، مستقل طور سے

علی الرّغم: مقابلے میں، برخلاف، برعکس، متضاد

علی الصّباح: تڑکے، بھور، صبح سویرے، بہت سویرے

علیٰ العموم: عام طور پر، عموماً، بار بار، اکثر

علیٰ حالہٖ: بدستور، سابقہ حالت پر، پچھلی حالت پر

علیٰ ہٰذا القیاس: اس قیاس پر، اس امید پر، اسی طرح، اسی توقع پر

عَلیا: بزرگ، اعلیٰ، بہتر

علاحدگی: مو، الگ، جدائی، تنہائی، اکیلا پن

علاحدہ: الگ، تنہا، جدا، اکیلا، بغیر کسی شرکت کے

علاحدہ علاحدہ: الگ الگ، جدا جدا، تنہا تنہا

علیک سلیک: دعا سلام، صاحب سلامت، واقفیت، شناسائی، جان پہچان

عَلیل: بیمار، مریض، دکھ، درد، روگی

عَلیم: واقف، جاننے والا، عالم، صاحب علم، فاضل

عَلَیہ: حرف جر، اس پر، اس کے اوپر

علیہ الرّحمہ: اس پر خدا کی رحمت ہو

علیہ السّلام: اس پر خدا کی سلامتی ہو، اس پر خدا کا کرم ہو

علیہم السّلام: ان سب پر خدا کا سلام ہو، سبھی پر خدا کی رحمت ہو

عِلّیین: مو، جنت کا نام، آٹھواں آسمان

عَم: مذ، چچا، باپ کا بھائی، عمو، جمع اعمام

عَم زادہ: چچیرا، چچازاد، چچا کا لڑکا

عِمارت: مو، مکان، گھر، محل، بستی، جمع عمارات

عَماری: مو، ہودج، ہاتھی کا ہودا

عُمّال: مذ، عامل کی جمع، حاکم، افسر، روپیہ پیسہ تقسیم کرنے والا، ذمہ دار

عِمامہ: مذ، پگڑی، صافہ، دستار، سر پیچ، جمع عمائم

عمائد: مذ، عمید کی جمع، سردار قوم، باعزت، معزز، جمع الجمع عمائدین

عَمد: مذ، عزم، ارادہ، قصد، جان بوجھ کر، سوچ سمجھ کر

عَمداً: قصداً، جان بوجھ کر، ارادتاً نیت کر کے، سوچ سمجھ کر

عُمدہ: بہت اچھا، خوش ذائقہ، لذیذ، نفیس، خوبصورت، قابل

اعتبار، بھلا، شریف، خالص، بہتر، سب، امیر، مردار، ستون

عُمدۃُ الملک: حکومت کا ستون، شاہی خطاب، معزز، موقر

عُمر: مو، سن، سال، وقت، زمانہ، قرن، عہد، دور، جمع اعمار

عُمرِ رسیدہ: ضعیف، بوڑھا، سن رسیدہ، کافی لمبی عمر کا

عُمرِ طبیعی، عُمرِ طبیعی: مکمل عمر، بھرپور زندگی، اصل عمر

عُمر قید: زندگی بھر کے لیے جیل، عمر بھر کی سزا، سزائے عمر قید

عُمر کاٹنا: عمر گزارنا، زندگی بسر کرنا

عُمر کے دن پورے کرنا: مصیبت سے دن گزارنا، کسی صورت سے جوں توں عمر گزارنا

عُمرِ نوح: طویل عمر، دراز عمر، لمبی عمر

عمران: مذ، حضرت موسیٰ کے والد کا نام

عمرانی: سماجی، معاشرتی، حمرنی

عمرانیات: مو، علوم سماجیات، علم معاشرت، علم تہذیب و تمدن، انسانوں کے رہن سہن بود و باش کا مطالعہ

عمرو عیار کی زنبیل: جس بڑے برتن میں کئی قسم کی چیزیں رکھی ہوں

عُمرہ: مذ، حج کے ایام کے علاوہ مکہ مکرمہ کی حاضری اور خانۂ کعبہ کا طواف، ان ایام میں تین ارکان حج ادا کیے جاتے ہیں، طواف کعبہ، احرام باندھنا اور صفا مروہ کے بیچ سعی کرنا

عُمق: مذ، گہرائی، تھاہ، ہ، جمع اعماق

عمل: مذ، فعل، کام، کاج، تعمیل، برتاؤ، عادت، معمول، اصول، تاثیر، احکام، وقت، سحر، جادو، جمع اعمال

عمل پیرا ہونا: کام کرنا، تعمیل کرنا، آمادہ ہونا، کام شروع کرنا

عملِ جراحی: چیر پھاڑ، نشتر لگانا

عمل دار: حاکم، افسر، عامل، تحصیلدار

عمل داری: سلطنت، حکومت، ریاست، قلم رو، حکم، فرمان، اختیار

عمل دخل: اختیار، حکومت، تصرف، اثر

عمل درآمد: کارروائی، نفاذ، تعمیل، کاربندی

عمل کرنا: حکم ماننا، حکم پر چلنا، فرماں برداری اختیار کرنا، جادو منتر جگانا

عملہ: مذ، عامل کی جمع، کام کرنے والے، محکمہ کے ملازم، اہل کار، گھر کا ساز و سامان

عملی صورت: کام کرنے کی صورت، خیال کو عملی شکل دینے کی صورت، عمل میں آنے والی صورت

عملیات: مو، عمل کی جمع، جادو ٹونا، ٹونکا، سحر، افسوں

عمّو: مذ، چچا

عمّود: مذ، ستون، تھم، سہم، چوب خیمہ

عُموم: مذ، عام ہونا، کثرت سے، یوں ہی، سرسری

عمیق: گہرا، اتھاہ، بہت نیچے، ڈوبا

عمیم: مکمل، پورا، تمام، ہر جگہ، سب پر غالب

عن: حرف جر، سے، ساتھ، واسطہ سے، ذریعہ سے

عن قریب: پاس، جلدی، واسطہ سے، ذریعہ سے

عُناب: مذ، بیری، ایک پھل جو سرخ رنگ کا ہوتا ہے

عَنا: مذ، محن، تھکاوٹ، تکلیف، ماندگی

عِناد: دشمنی، عداوت، سرکشی، جنگ، لڑائی، ضد، کینہ، نفاق

عَنادِل: مذ، عندلیب کی جمع، بلبلیں

عَناصر: مذ، عنصر کی جمع، حقیقی اجزا، اصلی حصے

عِنان: مذ، راس، لگام، باگ ڈور، باگ

عِنب: مذ، انگور، کشمش، جمع اعناب

عَنکبوت: مو، مکڑی

عَنبر: مذ، ایک خوشبودار سمندری جھاگ

عِند: پاس، قریب، نزدیک، سامنے، تقریباً

عِند اللہ: اللہ کے نزدیک، خدا کے قریب

عَندلیب: مو، مذ، بلبل، گل دم، جمع عنادل

عِندیہ: مذ، ارادہ، منشا، رائے، مقصد، نیت

عُنفوان: مذ، شروعات، آغاز، ابتدا

عَنقا: مذ، سیمرغ، ایک خیالی پرندہ، نایاب چیز

عُنوان: مذ، سرخی، سرنام، ابتدا، شروعات

عِنین: مذ، نامرد، ہجڑا، زنخا

عوارض: مذ، عارضہ کی جمع، امراض، بیماریاں، دکھ، آزار، سامنے آنے والی چیزیں

عواطف: مو، عاطفہ کی جمع، کرم فرمائیاں، عنایات، مہربانیاں

عواقب: مذ، عاقبت کی جمع، انجام، نتیجہ، آخرکار، حاصل

عوام: مذ، عامہ کی جمع، رعیت، عام انسان، عام لوگ، معمولی لوگ

عوام الناس: سبھی لوگ، خاص وعام، عام لوگ

عوام کالانعام: عام لوگ جو جانوروں کی مانند ہیں

عوامل: مذ، عامل کی جمع، اثرات رکھنے والے، مؤثر، کارفرما، سبب

عوامی: عوام کی، عوام سے منسوب، عام لوگوں کی، سب لوگوں کی

عوائب: مذ، عائب کی جمع، عیب جو، برائی پیدا کرنے والے

عود: مذ، لوٹنا، پھرنا، واپس ہونا، دوبارہ آنا، لاحق ہونا، اعادہ

عود: مو، ایک سیاہ لکڑی جسے آگ میں جلا کر خوشبو پیدا کی جاتی ہے

عودسوز: انگردان، جس برتن میں عود جلایا جائے

عورت: مو، خاتون، بیوی، زوجہ، مرد کی نقیض، ستر، جمع عورات

عِوض: مذ، اجر، معاوضہ، بدلہ، جزا، ڈنڈ، جرمانہ، قائم مقام، بجائے، علاوہ، جمع اعواض

عوعو: مو، کتے کے بھونکنے کی آواز، عف عف، شنی مارنا

عَون: مذ، مدد، امداد، تعاون، کمک، جمع اعوان

عَہد: مذ، زمانہ، مدت، سال، وعدہ، اقرار، قسم، زمانہ

سلطنت، جمع عہود

عَہد توڑنا: عہد شکنی کرنا، وعدہ خلافی کرنا، بات سے مکر جانا

عَہدِ عتیق: قدیم زمانہ، پرانا وقت، ماضی کا دور

عَہد کر لینا: قسم کھانا، پختہ ارادہ کرنا، ترک کر دینا، قول و قرار کرنا

عَہد نامہ: تحریری اقرار نامہ، معاہدہ جو کاغذ پر کیا جائے، تحریری وعدہ یا قول

عَہد نامۂ جدید: انجیل مقدس کا ایک حصہ جس میں حضرت عیسیٰؑ کے ساتھ ان کے حواریین کے اور عصری حالات قلم بند ہیں

عَہد نامۂ قدیم: حضرت عیسیٰؑ سے قبل کے واقعات پر مشتمل انجیل مقدس کا حصہ

عَہد و پیمان: قول و قسم، وعدہ و قرار، معاہدہ

عُہدہ: مذ، منصب، مقام، ملازمت، افسری، حاکمی، ضمانت، ذمہ

عُہدہ بَر آ ہونا: ذمہ داری نبھانا، فرض پورا کرنا، عائد ذمہ داری سے سبکدوش ہونا، کام بخوبی انجام دینا

عُہدہ دار: حاکم، افسر، صاحب مقام، ذمہ دار، بڑی مرتبہ

عِیادت: مو، مریض کی مزاج پرسی، بیمار کی خیریت معلوم کرنا

عِیاذ: مذ، پناہ لینا، برائی سے بچنا، خوف کرنا

عِیاذاً باللہ: خدا کی پناہ، میں خدا سے پناہ مانگتا ہوں

عَیّار: مکار، پرفریب، دھوکہ باز، دغاباز، چالاک

عَیّاش: بدکار، حسن پرست، نفس پرست، آرام طلب، تماشہ باز

عِیال: مذ، لڑکے بالے، بال بچے، گھر کے لوگ، متعلقین

عِیال دار: مذ، خاندان والا، بال بچوں والا

عِیاں: ظاہر، اعلانیہ، واضح، کھلا ہوا

عیاں راچہ بیاں: نمایاں چیز کو بیان کرنے کی حاجت نہیں، ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ہے

عیب: مذ، برائی، خرابی، نقص، کھوٹ

عیب بیں، عیب جو، عیب چیں، عیب گیر: برائی نکالنے والا، کیڑے نکالنے والا

عیب پوش: برائی پر پردہ ڈالنے والا، خرابی سے چشم پوشی کرنے والا

عیب دار: عیبی، خامی رکھنے والا، ناقص، بدنام

عیب لگانا: بہتان لگانا، الزام دینا، بدنام کرنا، آبرو بگاڑنا

عیب نکالنا: خامی ڈھونڈنا، نقص پیدا کرنا، نکتہ چینی کرنا

عِید: مو، مسلمانوں کا تہوار، رمضان کے بعد آنے والا تہوار، شوال کی پہلی تاریخ کو منائی جانے والی خوشی، بار بار آنا، بہت زیادہ مسرت آمیز، جمع اعیاد

عیدِ اضحیٰ، عیدُ الاضحیٰ: بقرعید، عید قرباں، حج اور قربانی کا تہوار

عیدُ الفطر: رمضان کے بعد یکم شوال کو منائی جانے والی عید

عیدِ قُرباں: بقرعید، جانوروں کی قربانی اور حج والی عید

عید کا چاند: انتہائی خوشی، مسرت آمیز، شوال کا مہینہ، جس کا شوق اور بے چینی سے انتظار کیا جاتا ہے

عید کا چاند ہو جانا: بہت شوق اور انتظار کے بعد دیدار نصیب ہونا

عیدگاہ: آبادی سے الگ مسجد نما احاطہ جہاں پر عید اور بقرعید کی اجتماعی نماز ادا کی جاتی ہے

عید منانا: تقریب کا اہتمام کرنا، خوشی منانا، جشن کرنا

عیدی: مذ، عید کا انعام، پیسے جو عید کے دن بچوں کو تقسیم کیے جاتے ہیں، پیسے اور کھانے کی چیزیں جو سسرال یا رشتہ داروں کے ہاں سے آتی ہیں یا ان کے گھر بھیجی جاتی ہیں

عیسا، عیسیٰ، عیسےٰ: مذ، گناہوں سے نجات دلانے والا، حضرت مریمؑ کے صاحبزادے، عیسائی قوم کے پیغمبر

عیسیٰ دم، عیسیٰ نفس: حاذق، محبوب، کامیاب حکیم، شفا دینے والا

عیسیٰؑ دَوراں: طبیب حاذق، کامیاب حکیم، شفا دینے والا معالج

عیسائی: حضرت عیسیٰ کے ماننے والے، مسیحی، نصرانی

عیسوی: حضرت عیسیٰ کی پیدائش سے شروع ہونے والا ماہ وسال کا حساب، مسیحی، نصرانی

عیش: مذ، لذت، لطف اندوزی، آرام، حسن پرستی، سکھ، راحت

عیش اُڑانا: لذت اٹھانا، مزہ کرنا، آرام کرنا، خوشی حاصل کرنا

عیش کا بندہ: عیاش، آرام طلب، ناکارہ

عیش و عشرت: خوشی و سرمستی، آرام و چین، حسن و نفس پرستی

عین: مو، آنکھ، چشم، آبشار، چشمہ، جوہر، حقیقت، اصل، سگا بھائی، ٹھیک ٹھاک، جمع عیون

عین الیقین: آنکھوں سے دیکھ کر بھروسہ کرنا، بھرپور مشاہدہ یا خوب سمجھ بوجھ کر یقین کرنا

عین بہ عین: ایک جیسا، ہو بہو، بالکل ٹھیک، ویسا ہی

عین عنایت: بہت بڑی مہربانی، بڑا کرم

عَین فَین: تقریباً ایک جیسا، قریب قریب، ملتا جلتا، ہم شکل و صورت، مشابہ، بھینگا

عین وقت: بالکل وقت پر، ٹھیک وقت پر

عَینک: مو، آنکھ کا چشمہ

عَینک ساز: عینک بنانے والا، چشمہ ساز

عینی: مشاہدہ کیا ہوا، آنکھوں کا دیکھا ہوا، سگا، خاص

عُیوب: مذ، عیب کی جمع، نقائص، خامیاں

غ

غابر: گزرا ہوا، گزشتہ، ماضی، سابق، باقی ماندہ

غاتا: گھمنڈی، متکبر، مغرور، بہت موٹا، بدشکل

غادر: غدار، بدعہد، بے وفا، بے بھروسہ، جمع غادرین

غار: مذ، کھوہ، گڑھا، بھٹ، پہاڑ کے اندر چاروں طرف سے گھرا ہوا اندھیرا حصہ، بزخم، جمع اغوار

غارت: مذ، ویرانی، تباہی، لوٹ مار، حملہ، تاراج

غارت گر: ڈاکو، راہزن، لٹیرا، قزاق

غارت گرِ ہوش: کنایۃً معشوق، بانکا محبوب، حسین، خوبصورت

غازہ: مذ، ابٹن، پاؤڈر، گلگونہ، خوشبودار

غازی: مذ، جواں مرد، بہادر، جری، کافروں سے جنگ کرنے والا، جمع غازیاں، غزات

غازی میاں: محمود غزنوی کے سپہ سالار مسعود غازی کا لقب

غاذیہ: مو، ہضم کی قوت، قوت ہاضمہ

غاشیہ: مذ، زین پوش، پردہ، پالان، جمع غواشی

غاشیہ بردار، غاشیہ بردوش: غلام، خادم، فرماں بردار، اطاعت گزار

غاصب: حق تلف کرنے والا، کسی کی جائیداد ہڑپ کرنے والا، جمع غاصبین

غافر: مذ، درگزر کرنے والا، معاف کرنے والا، جمع غافرین

غافل: بے پروا، غفلت کرنے والا، بے خبر، غیر ذمہ دار، جمع غافلین

غالب: شہ زور، زبردست، فتح مند، اکثریت، اردو کے مشہور شاعر اسد اللہ کا تخلص

غالی: بہت زیادہ، حد سے زیادہ، اونی قالین، حضرت علیؓ کو خدا ماننے والی جماعت

غالباً: بے شک، ضرور، یقیناً، شاید، بہ ظاہر

غالیچہ: مذ، اونی قالین، گل بوٹوں سے بنائی ہوئی دبیز، اونی چادر

غالیہ: مذ، خوشبو جو عنبر اور مشک سے ملا کر تیار کی جائے، مہک، جمع غوال

غالیہ مو: خوشبو سے معطر بال، محبوب، معشوق

غامض: جو بڑی دقت سے سمجھ میں آئے، ناقابل فہم، راز، پوشیدہ، جمع غوامض

غائب: غیر موجود، غیر حاضر، جمع غائبین

غائب کرنا: چوری کرنا، چرانا، چھپا دینا، پار کر دینا، مار ڈالنا

غائبانہ: غیر موجودگی، غیر حاضری، پیٹھ پیچھے

غائر: عمیق، گہرا، اتھاہ، وسیع تر، بہت زیادہ، جمع غائرین

غائی: آخری، غایت سے متعلق

غایت: مطلب، غرض، مقصود، منتہا، جمع غایات

غایت الامر: آخر کار، انجام کار

غایت درجہ: انتہائی درجہ، آخری درجہ، حد درجہ

غِب: مو، وقت مقررہ پر آنے والا بخار، باری پر آنے والا بخار

غُبار: مذ، دھول، گرد، مٹی، گرد آلود ہوا، تکلیف، صدمہ، بوجھ، بھاری پن

غُبار آلود: مٹی ملی ہوئی، جس میں گرد شامل ہو

غُبار آنا: دل میں فرق پیدا ہونا، دل میلا ہونا، بدگمانی پیدا ہونا

غُبار بیٹھنا: بدگمان ہونا، تعلقات میں فرق آنا، گرد کا ختم ہو جانا

غُبارِ خاطر: دل کا بوجھ، دل کا میل اور رنجش، غم اندوہ، مولانا ابوالکلام آزاد کے خطوط کا مجموعہ

غُبارِ راہ: راستے کی گرد، راستے میں اڑنے والی دھول

غُبار نکالنا: دلی بدگمانی یا کدورت ظاہر کرنا، دشمنی یا عداوت کا اظہار، دل کی بھڑاس نکالنا

غُبّارہ: مذ، ہوا میں اڑنے والا کھلونا، کاغذ یا جھلی یا اسی قسم کے باریک مادے سے بنا ہوا تھیلا، جس میں ہوا پھونک کر اڑاتے ہیں

غَبا وَت: مو، کند ذہنی، کم عقلی، کم فہمی

غَبغَب: مذ، مو، ٹھوڑی، ٹھوڑی کے نیچے کا حصہ

غَبن: مذ، خرد برد کرنا، امانت میں خیانت کرنا، بے وفائی، دغابازی، امانت کے پیسے کو اپنے قبضے میں کرنا

غَبی: کم فہم، کند ذہن

غتر بود: شامل، گڑبڑ، ملا جلا، گڈمڈ، خراب کرنا

غٹ: مذ، گھونٹ گھونٹ پینے کی آواز، غول، بھیڑ، ہجوم، فوراً، ایک سانس میں

غٹ غٹ پینا: ایک ہی سانس میں پینا، بہت تیزی سے پینا

غٹ کے غٹ: جھنڈ کے جھنڈ، غول کے غول، گروہ در گروہ

غٹا غٹ: مو، لگاتار پینے کی آواز، ایک ساتھ، ایک سانس میں

غٹر غٹر: مو، لطف سے، مزے لے کر، اطمینان سے

غٹر غوں: مو، کبوتر یا فاختہ کی بولی

غٹیان: مذ، جی ماش کرنا، متلانا، جی گھبرانا

غچ: کپڑے میں دھنسنے کی آواز، گوشت میں اوزار کے گھسنے کی آواز

غچا: دھوکا، فریب، دغا، چُل

غچا دینا: فریب دینا، چُل دینا، دھوکا دینا

غچا کھانا: فریب کھانا، بے وقوف بننا

غدّار: ملک و قوم کا دشمن، باغی، سرکش، فریبی

غدر کرنا، غدر مچانا: فساد برپا کرنا، ہنگامہ کھڑا کرنا، بلوہ کرنا، ہنگامہ کرنا

غَدر: مذ، سرکشی، بغاوت، بلوہ، ہنگامہ، مشتعل ہونا، فتنہ و فساد

غدود: مذ، جسم میں گوشت کی گلٹیاں یا گانٹھیں جو فاسد مادوں کو جذب کرتی ہیں

غدیر: مذ، بڑا گڑھا، تالاب، جھیل، حوض، جمع غدران

غذا: مو، خوراک، کھانا، جمع اغذیہ

غذائے لطیف: ہلکا کھانا جو جلدی ہضم ہو جائے

غذائیت: مو، غذا کا جز، جسم کے لیے کھانے میں مفید عنصر، حاصل غذا

غرّاء: سفید، روشن، چمکیلا، غرور، فخر، معروف، جید، بہتر

غرّہ: مو، پہلی کا چاند، چاندنی رات، قمری مہینے کا پہلا دن، تعطیل

غراب: مذ، کوا، زاغ

غرابت: مو، عبارت میں نامانوس لفظوں کا استعمال، عبارت کا بوجھل پن، انوکھا، نادر

غرارہ: مذ، غرغرہ، منہ میں پانی بھر کر حلق سے آواز پیدا کرنا، حلق کو گرم پانی سے سینکنا

غراز: سرکش، شہ زور، زور آور

غرّاں: خوں خوار، وحشت ناک، خوفناک، گرجنے والا

غرّانا: غصہ کرنا، گرجنا، خوف دلانا، ڈرانا، گھرکنا

غرائب: مذ، غریب کی جمع، نادر، انوکھے، عجیب

غرب: مذ، پچھم، جہاں سورج ڈوبتا ہے، مغرب

غربا: مذ، غریب کی جمع، نادار، مفلس، تنگ حال، پردیسی

غربال: مو، چھلنی، کم ظرف، پست

غربت: مو، مفلسی، ناداری، پردیس، مسافرت

غرش: مو، غصہ کرنا، خفا ہونا، غرانا

غرض: مو، مقصد، مطلب، مدعا، ضرورت، نشانہ، گفتگو کا خلاصہ

غرض آشنا: مطلب پرست، لالچی، موقع پرست

غرض اٹکنا: ضرورت پڑنا، کام آ پڑنا، مطلب ہونا

غرض باؤلی ہوتی ہے: ضرورت سے آدمی مجبور ہوتا ہے

غرض پڑنا: ضرورت ہونا، کام پڑنا، مقصد ہونا

غرض نکالنا: الو سیدھا کرنا، اپنا کام پورا کرنا، مقصد پورا کرنا

غرض ہونا: کام ہونا، مطلب ہونا، ضرورت ہونا

غرض یہ کہ: مختصر یہ کہ، خلاصہ یہ کہ، حاصل کلام یہ کہ

غرغرہ: مذ، کلی، غرارہ، حلق میں پانی ڈال کر آواز پیدا کرنا

غرفات: مذ، غرفہ کی جمع، کھڑکیاں، دریچے

غرفش: مو، غصہ، تکرار، خوف، دھمکی، غرانا

غرفہ: مذ، کھڑکی، دریچہ، بالا خانہ، برآمدہ، خلوت، جمع غرفات

غرق: ڈوبا، منہمک، مشغول، جذب، محو

غرق ہونا: پانی میں غائب ہونا، ڈوبنا، منہمک ہونا، محو ہونا، نشہ میں چور چور ہونا

غرقاب: پانی میں ڈوبا ہوا، بہت گہرا پانی، بھنور، گرداب

غروب: مذ، چاند یا سورج کا ڈوبنا، انحطاط یا زوال ہونا

غروب ہونا: ڈوبنا، چھپ جانا، زوال ہونا

غُرور: مذ، تکبر، ناز، اترا ہٹ، گھمنڈ

غُرور کرنا، غُرور ہونا: گھمنڈ کرنا، اترانا، ناز کرنا

غُرور توڑ دینا: گھمنڈی کو شکست دینا، اکڑ ختم کر دینا

غُرّہ: مذ، تکبر، ناز، گھمنڈ

غریب: مسکین، نادار، یتیم، مفلس، مسافر، پردیسی

غریب پَرور: مسکینوں کی پرورش کرنے والا، سخی، دل والا

غریب خانہ: کٹیا، جھونپڑا، رہائش، خاکساری کے طور پر مستعمل ہے

غریب زادہ: مسکین کی اولاد، طوائف کا بیٹا

غریب غُربا: مفلس و نادار، مسکین و مفلوک الحال

غریب کی جورو سب کی بھابھی: نادار پر سبھی رعب کستے ہیں

غریب نواز: مسکین کی مدد کرنے والا، خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ کا لقب

غریبا مئو: مذ، دکھا، سوکھا، دال دلیا، ناداروں کی آبادی

غریزی: قدرتی، فطری، اصلی، طبعی

غریق: ڈوبا ہوا، شرابور، منہمک، مشغول

غریقِ رحمت: خدا کی رحمت میں ڈوبا ہوا، مرحوم، مغفور

غریو: مذ، داد، فریاد، ہنگامہ، شور، گرج

غڑاپ: مذ، ڈبکی لگانے کی آواز، غوطہ لگانے کی آواز

غڑپ: مو، غوطے کی آواز، ڈبکی کی آواز، فوراً

غزا: مذ، جہاد، دین کی حفاظت میں لڑی جانے والی جنگ، جمع غزوات

غزال: مذ، ہرنی کا بچہ، ہرن، جمع غزالاں

غزالِ چشم: ہرنی جیسی آنکھ والا، بڑی بڑی خوبصورت آنکھوں والا محبوب

غزالِ ختن: شہر ختن کا ہرن، محبوب

غزالِ رعنا: خوبصورت ہرن، محبوب

غزالہ: مو، ہرن کا مادہ بچہ، جمع غزالاں

غزل: مو، عورتوں سے پیار و محبت کی گفتگو، فارسی اور اردو شاعری کی مشہور ترین قسم جس میں حسن و عشق کے ساتھ رمز و اشارے میں زندگی اور کائنات کے ہر موضوع پر اظہار خیال کیا جاتا ہے، جمع غزلیات

غزل سرا: غزل آہنگ اور ترنم سے پڑھنے والا

غزنوی: غزنی کا باشندہ، اشارۂ سلطان محمود غزنوی

غزوہ: مذ، جس جنگ میں آنحضرتؐ نے شرکت کی ہو، دین کی حفاظت میں لڑی جانے والی جنگ، جمع غزوات

غسّال: مذ، نہلانے والا، مردے کو غسل دینے والا

غسّالہ: مو، نہلانے والی، مردے کو غسل دینے والی

غُسالہ: مو، دھوون، استعمال کے بعد بچا ہوا پانی

غُسل: مذ، نہانا، جسم کو دھونا، جسم کی طہارت

غُسل خانہ: حمام، نہانے کی جگہ، نہان گھر

غُسل دینا: میت کو نہلانا، پاک کرنا

غُسلِ صحت: علالت سے شفا پانے پر نہانا، بیماری سے صحت پانے کی تقریب

غُسل کی حاجت ہونا: ناپاک ہونا، احتلام یا مباشرت کے بعد پاکیزگی کی ضرورت

غَش: مذ، بے ہوشی، حواس کا نہ رہنا، خاموش ہونا، کمزوری

غَش آنا، غش پڑنا: بے ہوش ہونا، حواس نہ رہنا، خاموش ہونا

غَصب: مذ، ناجائز قبضہ، زبردستی تصرف، بددیانتی

غاصِب: بددیانت، غصب کرنے والا، خیانت کرنے والا

غُصّہ: مذ، برہمی، ناراضگی، خفگی

غُصّہ اُتارنا: کسی کو جھڑکنا، برا بھلا کہنا، ناراض ہو کر دل کی بھڑاس نکالنا

غُصّہ پینا، غُصّہ مارنا، غُصّہ برداشت کرنا: خفگی کو ضبط کرنا

غُصّہ دِلانا: برہم کرنا، ناراض کرنا، خفا کرنا

غُصّہ میں لال ہونا: خفگی کی وجہ سے اپنے آپے سے باہر ہونا، بہت زیادہ غصہ کرنا

غُصّہ وَر: غصیلا، جس کے مزاج میں غصہ زیادہ ہو

غُصّیلا: غصہ ور، جس کے مزاج میں غصہ زیادہ ہو، بدمزاج

غَضَب: مذ، غصہ، شامت، قہر، خوفناک، زیادتی، ظلم، تعجب کا اظہار

غَضَب آلود: غصہ میں بھرا ہوا، قہر آلود

غَضَب خدا کا: خدا کے قہر سے ڈرو، عذاب الٰہی سے خوف کھاؤ

غَضَب ناک: غصہ سے بھرا ہوا، خوفناک

غَضَب نازل ہونا: خدا کا عذاب نازل ہونا، خدا کا قہر گرنا

غَضَب ہونا: کلمۂ حیرت، کسی بات یا کام کا بگڑنا، اندھیرا ہونا، ناراض ہونا

غَضنفَر: مذ، شیر، شجاع، دلیر

غَف: مونا، دبیز، گف، کس کر بنا ہوا کپڑا

غَفّار: معاف کرنے والا، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام

غُفران: مذ، معافی، درگزر، بخشش

غُفران مآب، غُفران پناہ: بخشا ہوا، نجات پایا ہوا، مغفور، مرحوم

غُفِرلہٗ: اللہ اس کی مغفرت کرے، اسے بخشا جائے

غَفلت: مو، کوتاہی، تساہلی، ٹال مٹول، لاپرواہی، بھول چوک، اونگھ، بے ہوشی

غَفلت کی نیند سونا: انجام سے بے خبر ہو کر سونا، لاپروائی کرنا، سدھ بدھ کی خبر نہ رہنا

غَفور: بڑا بخشنے والا، گناہوں کی پردہ پوشی کرنے والا، خدا کا صفاتی نام

غَفورٌ رَّحیم: بخشنے اور رحم کرنے والا، معاف کرنے والا، مہربان

غَفیر: مجمع، بھیڑ، انبوہ، کثرت، محیط

غل: مذ، چیخ، پکار، شور، ہنگامہ

غل غپاڑا: بہت زیادہ شور وغل، حد سے زیادہ چیخ پکار

غل کرنا، غل مچانا: شور کرنا، ہنگامہ کرنا، چیخنا

غِل: مذ، کدورت، بغض، کینہ

غِلاظت: مو، گندگی، کثافت، پیشاب پاخانہ، کوڑا کرکٹ، گاڑھا پن

غِلاف: مذ، خول، خانہ، نیام، میان

غِلافِ کعبہ: مخملی غلاف جو ہر سال حج کے موقع پر خانۂ کعبہ کی مرکزی عمارت پر چڑھایا جاتا ہے

غُلام: مذ، خریدا ہوا ملازم، خدمت گزار لڑکا، نیاز مند، خاکساری کا کلمہ، تاش کا ایک پتا، جمع غلاماں

غُلامِ بےدام: مفت کا ملازم، بہت زیادہ احسان مند

غُلام گردش: نوکروں کے رہنے کی جگہ، زنان خانہ اور دیوان خانہ کے بیچ کا حصۂ مکان

غُلامی: مو، قید، اسیری، اطاعت، فرماں برداری، تابع داری

غُلامی میں دینا: ملازمت میں دینا، فرماں برداری کے لیے سپرد کرنا

غَلَبہ: مذ، فتح، جیت، برتری، حملہ، کثرت

غلبہ پانا: جیت جانا، غالب ہونا، اثر قائم کرنا

غَلَت: مذ، حساب کتاب میں بھول چوک، خطا، نسیان

غَلَط: خطا، نادرست، کھوٹا، بے جا

غلط العام: جب کسی لفظ کا تلفظ یا املا غلط ہونے کے باوجود زبان دانوں کے استعمال سے مستند ہو جائے

غلط العوام: جب کسی لفظ کے تلفظ، املا یا معانی میں عوام تصرف کرنے لگیں وہ غلط سمجھا جائے گا

غلط بیانی: جھوٹ بولنا، جھوٹ بات کرنا، گمراہ کرنا

غلط بیں: دوسروں کی غلطی دیکھنے والا، حقیقت کو جھٹلانے والا

غلط در غلط: بالکل غلط، سفید جھوٹ، غلطی پہ غلطی

غَلَط سَلَط: جھوٹ سچ، گڑبڑ، سچائی کے خلاف

غلط فہمی: ناسمجھی، بدگمانی، بھول چوک

غلط کاری: بدفعلی، بدچلنی، بدکرداری

غلط نامہ: کتاب کی غلطیوں کی اصلاح، صحت نامہ

غلطاں: مذ، رواں، گول، گرتا پڑتا، لڑھکتا ہوا، ڈھلکتا ہوا

غلطاں و پیچاں: گرتا پڑتا، الجھا ہوا، ادھیڑ بن میں لگا ہوا، پریشان

غلطک: مذ، پہیہ، گول چکر، گاڑی کی دھری

غلطہ: مذ، دبیز ریشمی کپڑا، میان، غلاف، سرپوش

غَلَطی: مو، نادرستی، بھول چوک، کوتاہی، ناسمجھی، جمع اغلاط

غِلاظت: مو، گندگی، کثافت، گاڑھا پن

غلغلہ: مذ، شور وغل، ہنگامہ، شہرت، چرچا

غلک: مو، گولک، روپیہ پیسہ رکھنے کا برتن یا بکس

غِلمان: مذ، نوخیز لڑکے، بہشت کے کم عمر ملازم

غلو: مذ، بہت زیادہ بڑھا چڑھا کر، حد سے گزرنا، بےجا مبالغہ

غلول: مذ، غلہ مارنے کی کمان، مٹی یا کنکری پھینکنے والا لکڑی کا اوزار

غلولہ: مذ، گولی، غلہ، گلہ

غلّہ: مذ، دانہ، اناج جنس، روپیہ پیسہ رکھنے کا صندوقچہ

غلّہ: مذ، مٹی یا کنکری کی گولی جسے غلیل میں رکھ کر پھینکتے ہیں، غلیلہ

غلیظ: گاڑھا، گندہ، ناپاک، کثیف، جمع اغلاظ

غلیظہ: مذ، دھکا، زور، دباؤ

غُلیل: مو، مٹی یا کنکری کی گولی چلانے والی کمان، لکڑی کی دوشاخہ جس سے گولی مارتے ہیں

غم: مذ، دکھ، مصیبت، صدمہ، رنج، جمع غموم

غم انگیز: غم پیدا کرنے والا، غم دینے والا

غم خوار: دوست، ہمدرد، بہی خواہ، شریک درد

غم خواری: رنج و غم میں شریک ہونا، دکھ درد کا ساتھ

غمزدہ: غم کا ستایا ہوا، درد کا مارا ہوا

غم غلط کرنا: جی بہلانا، رنج بھلانا، لطف اندوز ہونا

غم کا مارا: رنجیدہ، مصیبت زدہ، پریشاں حال

غم کھانا: رنج اٹھانا، دکھ جھیلنا، صدمہ برداشت کرنا

غم گسار: دوست، غم میں شریک، ہمدرد، بہی خواہ

غمگین: اداس، مضمحل، بجھا ہوا، رنجیدہ

غمناک: افسردہ، اداس، رنجیدہ

غمّاز: چغل خور، مخبر، جاسوس، آنکھوں سے اشارہ کنایہ کرنے والا، کنکھیوں سے تاک جھانک کرنے والا

غمّازی: مو، چغل خوری، مخبری، جاسوسی، کنکھیوں سے دیکھنا

غمزہ: مذ، ناز، نخرہ، آنکھوں کا اشارہ، ابرو کا اشارہ، ادائے محبوب

غمزہ اُٹھانا: نخرے برداشت کرنا، ناز اٹھانا

غِنا: مو، دولت مندی، فارغ البالی، امیری، بے نیازی

غِنا: مذ، گانا، آہنگ، نغمہ، راگ، موسیقی، ترنم

غنائم: مذ، غنیمت کی جمع، مال غنیمت، جنگ کا لوٹا ہوا سامان

غنائیت: مو، موسیقیت، راگ، نغمگی، آہنگ، ترنم

غُنچہ: مذ، کلی، شگوفہ، بغیر کھلا ہوا پھول

غنچہ دل: نازک مزاج، زود رنج، نخرے والا

غنچہ دہاں، غنچہ دہن: کلی کی طرح چھوٹے اور بند منہ کا محبوب

غنڈا، غنڈہ: بدچلن، بدمعاش، آوارہ، فسادی

غُنودگی: مو، اونگھ، خمار، نیند، خواب سے بھری آنکھیں

غُنّہ: مذ، ناک سے نکلنے والی نون کی آواز

غنی: بے نیاز، آسودہ حال، لاپرواہ، دولت مند، جمع اغنیا

غنیم: مذ، ڈاکو، قزاق، دشمن، لٹیرا

غنیمت: مو، جنگ کا لوٹا ہوا سامان، لوٹ کا سامان، عمدہ، بہتر، قابل قدر، جمع غنائم

غنیمت جاننا، غنیمت سمجھنا: مناسب گردانا، قابل

قدر سمجھنا، صبر و شکر کرنا

غواص: مذ، ڈبکی لگانے والا، غوطہ لگانے والا

غوامض: مذ، غامض کی جمع، باریک باتیں، لکات، پوشیدہ باتیں

غوث: مذ، مددگار، سرپرست، فریادرس، جمع اغواث

غور: مذ، فکر، سوچ، بچار، تامل، خبر گیری

غور طلب: سوچنے کے قابل، توجہ کا مستحق

غور و خوض: سوچ بچار، غور و فکر، تدبر و تفکر

غورہ: مذ، کچا انگور، کبوتر کا ایک رنگ

غوری: شہر غور کے باشندے یا وہاں سے متعلق

غوز: مو، بکواس، گپ، شیخی

غوطہ: ڈبکی، غواصی، پانی میں ڈوبنا

غوطہ خور، غوطہ زن: پانی میں ڈبکی لگانے والا، غواص

غوطہ دینا: پانی میں ڈبو کر پاک کرنا، فریب دینا

غوطہ لگانا، غوطہ مارنا: ڈبکی لگانا، غائب رہنا، روپوش ہونا، کسی خیال میں غرق ہونا

غوغا: مذ، شور و غل، ہنگامہ، ہلّہ، ہجوم، ٹڈیوں کا انبوہ

غوغائی: شور و غل کرنے والا، ہلڑ بازی کرنے والا، جھوٹا

غوک: مذ، مینڈک

غول: مذ، بھیڑ، انبوہ، کثیر مجمع، گروہ، ٹولی، بھوت، شیطان

غول بیاباں: بھوت پریت، شیطان، چھلاوہ

غولک: مو، گولک، روپیہ پیسہ رکھنے کا صندوقچہ

غوں غوں: کبوتر کی آواز

غیاب: مو، چھپا ہوا، پوشیدہ، اوجھل، غیب کی جمع

غیاث: فریادرس، منصف، مددگار، فریاد کو پہنچنے والا

غیب: مذ، پوشیدہ، غائب، اوجھل، جمع غیوب، غیاب

غیب داں: غیب کا حال جاننے والا، مستقبل کی خبر رکھنے والا، چھپے ہوئے راز کا واقف، خدا تعالیٰ

غیبانی: بے حیا اور بدکردار عورت، حرام زادہ

غیبت: مو، غائب، عدم موجودگی، غیر حاضری، پیٹھ پیچھے

غیبت: مو، پیٹھ پیچھے برائی، بدگوئی، برا چاہنا

غیبی: غیر حاضر، عدم موجود، عالم غیب سے منسوب

غیر: اجنبی، ناآشنا، جو اپنا نہ ہو، بے گانہ، سوا، دشمن

غیر آباد: اجاڑ، سنسان، ویران

غیر آئینی: دستور کے خلاف، ملک کے قوانین کے برخلاف

غیر اختیاری: بے اختیاری، مجبوری کی حالت، بے بس

غیر از: اس کے سوا، ماسوا، علاوہ ازیں

غیر حاضر: جو موجود نہ ہو، اوجھل، غائب

غیر ذمہ دار: جس کو اپنی ذمہ داریوں کا خیال نہ ہو، آزاد، لاابالی، فرض شناس

غیر شرعی: شریعت کے خلاف، دین کے خلاف

غیر ضروری: بیکار، بے ضرورت، جس کی حاجت نہ ہو، بلاوجہ ہو

غیر فانی: ابدی، ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہنے والا

غیر متناہی: لامحدود، لاانتہا، جس کا سلسلہ ختم نہ ہو

غیر متعین، غیر معین: لامحدود، بیحد وحساب، لاانتہا

غیر محدود: بیحد، بے حساب، لامحدود، لامنتہا

غیر مرد: نامحرم، ناآشنا، جو رشتہ وقرابت میں نہ ہو

غیر مساوی: نابرابر، عدم مساوات، فرق کے ساتھ

غیر مشروط: کسی شرط کے بغیر، یقینی، بلاشک وشبہ

غیر معمولی: معمول کے خلاف، خلاف اصول، دستور کے برعکس، بہت زیادہ

غیر ملفوظ: جو حرف لکھا جائے مگر بولنے میں نہ آئے، جیسے بالکل کا الف

غیر ممکن: ناممکن، دشوار، مشکل، محال

غیر منقولہ: جامد، قائم، بے حرکت، وہ جائیداد جسے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل نہ کیا جا سکے

غیر منکوحہ: بن بیاہی، بے نکاح عورت

غیر واجب: خلاف اصول، خلاف قانون، غلط اصول کے برعکس، غیر ضروری

غیرت: حمیت، لحاظ، حیا، پاس

غیرت چمن: چمن کو شرمانے والا، رشک گلشن

غیرت حور: حوروں کو شرمانے والا محبوب

غیرت ماہ: چاند کو شرمانے والا محبوب

غیرت والا: غیرت مند، حیادار، خوددار، حمیت والا

غیریت: مو، بے گانگی، اجنبیت، ناآشنائی

غیظ: غضب، بہت زیادہ غصہ، بہت ہی شدید خفگی

غیظ وغضب: بہت ہی شدید غصہ، بہت ہی زیادہ برہمی

غین: غ، چھایا ہوا بادل، اندھیرا، پیاس، نشہ میں چور، حرف غین کی آواز

غیور: غیرت دار، باحمیت، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام

ف

فاتح: مذ، جیتنے والا، شکست دینے والا، کھولنے والا، شروع کرنے والا، جمع فاتحین

فاتحہ: مو، شروع، ابتدا، آغاز، قرآن پاک کی ایک پہلی سورۃ کا نام، قرآن پاک کی آیات پڑھ کر کسی مرحوم کے لیے ایصال ثواب، نذر و نیاز

فاتحہ پڑھنا: قرآن کریم کی آیات پڑھ کر کسی مرحوم کے لیے دعائے خیر کرنا، ثواب پہنچانا

فاتحہ نہ درود کھا گئے مردود: کسی چیز کا مفت میں ضائع ہو جانا، بے مصرف خراب ہونا

فاتر: لاغر، کمزور، ضعیف، ناتواں، خراب

فاجر: بدکردار، بدچلن، بدکار، جمع فجار

فاجرہ: بدکردار یا بدکار عورت

فاحش: انتہائی بدکردار، سب سے زیادہ بدکردار، حد سے زیادہ گنہگار، شرمناک، بدچلن، سخت، شدید

فاحشہ: انتہائی بدکردار عورت، سب سے زیادہ بدکار عورت

فاحشگی: بدکرداری، بدچلنی، عیاش، شہوت پرست

فاحص: مذ، تحقیق کرنے والا، ممتحن، چھان بین کرنے والا

فاحم: کرخت آواز والا، سخت آواز والا، کانوں کو ناگوار لگنے والی پکار

فاخ: مذ، شاخ، ڈالی

فاختک: مذ، چھوٹا فاختہ، فاختہ کا بچہ

فاختہ: موٹیالے رنگ کی ایک چڑیا قمری سے ملتی جلتی

فاختہ اُڑانا: عیش کرنا، آرام کرنا، آزاد و بے نیاز ہونا

فاخر: مذ، ناز کرنے والا، فخر کرنے والا، اترانے والا، بہت عمدہ، بیش قیمتی

فاخرہ: مو، بہت قیمتی، بہت عمدہ، جمع فاخرات

فاذزہر: مذ، زہر مار، تریاق، زہر کا اثر زائل کرنے والا

فار: مذ، چوہا، موش

فارخطی: مو، اقرار، مانگ، بھر پانے کی تحریر، بے باقی کی رسید، طلاق نامہ، چھٹی دینا، آزاد کر دینا، بے تعلق ہونا، فارغ خطی

فارس: مذ، گھوڑسوار، شہ زور، جمع فوارس

فارس: ایران، پارس

فارسی: مو، ملک ایران کی زبان، اردو کی ماں

فارسی بگھارنا: قابلیت کا اظہار کرنا، فارسی دانی کا مظاہرہ کرنا

فارغ: مذ، خوش حال، آسودہ، مطمئن، آزاد، خالی

فارغ البالی: خوش حالی، آسودہ حالی، اطمینان، بے فکری، آزادی، چھٹکارا

فارق: فرق کرنے والا، امتیاز کرنے والا

فاروق: سچ اور جھوٹ میں امتیاز کرنے والا، حق و باطل میں فرق کرنے والا، حضرت عمرؓ کا لقب

فاروقی: حضرت عمرؓ سے منسوب، ان کی اولاد سے

فاتح: توڑنے والا، منسوخ کرنے والا

فاسد: خراب، گندہ، برباد، شریر، فسادی، تباہ

فاسق: بدکار، بدچلن، گنہگار، جھوٹا

فاش: آشکار، کھلم کھلا، نمایاں، صریح، ظاہر

فاش غلطی کرنا: بھاری حماقت کرنا، بہت ہی نمایاں غلطی کرنا

فاش ہونا: بےنقاب ہونا، آشکار ہونا، ظاہر ہونا

فاصل: الگ کرنے والا، جدا کرنے والا

فاصلہ: مذ، دوری، بیچ کا پھیلاؤ، مسافت، میدان، جمع فواصل

فاضل: عالم، زیادہ، بڑھا ہوا، ذی علم، بہت پڑھا لکھا، جمع فضلاء

فاضلِ اَجل: جید عالم، بہت زیادہ پڑھا لکھا

فاضل باقی: باقی ماندہ، بچا ہوا روپیہ

فاطمہ: آں حضرتؐ کی صاحبزادی، خاتون جنت بی بی فاطمہ زہراؓ، دو سال میں بچے کا دودھ چھڑا دینے والی عورت، بچے کو دودھ نہ پلانے والی

فاطمی: حضرت فاطمہؓ کی اولاد، مصری بادشاہوں کا خاندانی سلسلہ

فاعتبروا یا اولی الابصار: قرآن پاک کی آیت کریمہ، اے عقلمندو عبرت حاصل کرو

فاعل: کام کرنے والا، جس کے ذریعہ کام انجام پائے

فاق: مذ، موقار، تیر کا پچھلا حصہ

فاقِد: کھو دینے والا، گنوا دینے والا

فاقہ: مذ، بھوکا، گرسنگی، کھانے سے محرومی، کھانا نہ کھانا

فاقہ کش: غریب، بھوکا رہنے والا، کھانے پینے کی چیزوں سے محروم

فاقہ مست: غربت میں بھی خوش رہنے والا، بھوک و پیاس میں بھی بے نیاز رہنے والا

فال: مو، غیب کی باتیں، شگون، پیشین گوئی

فال دیکھنا: فال کھولنا، کسی ذریعہ سے نیک و بد شگون معلوم کرنا، مستقبل کی باتیں جاننا

فالنامہ: فال نکالنے والی کتاب

فالتو: زائد، بیکار، فاضل، مزدور

فالج: مذ، جسم کا یا جسم کے کسی حصے کا بیکار ہونا، سن یا بےحس ہو جانا

فالسہ: مذ، ایک کھٹ مٹھا چھوٹا پھل

فالودہ: مذ، سیویاں جیسے لچھے جسے دودھ شکر اور برف کے ساتھ کھاتے ہیں

فالیز: مو، خربوزہ، تربوز، کھیرا ککڑی کا کھیت

فام: رنگ، شکل، شبیہ، مثل

فانوس: مذ، خاص طرح کی بڑی قندیل، مخصوص شمع دان

فانوسِ خیال، فانوس گرداں: ایک کاغذی فانوس جس پر تصویریں بنی ہوتی ہیں اور وہ ہوا کے سہارے گھومتا رہتا ہے

فانی: ختم ہونے والا، نابود ہونے والا، مٹنے والا

فائدہ: مذ، نفع، سود، کارآمد، حاصل، خوبی، اچھائی، بھلائی، آمدنی، آرام، مطلب، غرض

فائدہ مند: فائدہ بخش، سودمند، مفید، کارآمد، موثر، کارگر

فائز: کامیاب، فتح مند، پہنچنے والا، جمع فائزین

فائز المرام: کامیاب، فتح مند، منزل مقصود پانے والا

فائق: برتر، ترجیح حاصل کرنے والا، فوقیت رکھنے والا

فتا، فتی: مذ، شجاع، بہادر، جوان، صاحب ہمت، ہمت والا

فتاح: حکم صادر کرنے والا، کھولنے والا، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام

فتان: فتنہ گر، فساد برپا کرنے والا، ہنگامہ آرا

فتاویٰ: فتویٰ کی جمع، اسلامی قوانین کے احکام، مسائل شریعت کے مطابق حکم یا فیصلہ

فتح: مو کامیابی، جیت، ظفر، نصرت، جمع فتوح، فتوحات

فتح مند: کامیاب، فتح یاب، ظفر مند، فتح پانے والا، نصرت حاصل کرنے والا

فتحہ: مذ، زبر کی حرکت، حرف کے زبر کی آواز

فتق: مذ، خوطے بڑھنے کی بیماری، ہرنیا

فتن: مذ، فتنہ کی جمع، شرانگیزی، فسادات

فتنہ: مذ، شر، فساد، آفت، ہنگامہ، سرکشی، بغاوت، گمراہی، مال اولاد، جنون، جمع فتن

فتنہ اُٹھانا: سرکشی کرنا، شرانگیزی کرنا، ہنگامہ کرنا

فتنہ انگیز، فتنہ پرداز: شری، جھگڑالو، فسادی

فتنہ جاگنا، فتنہ جگانا: فساد برپا کرنا، جھگڑا کھڑا کرنا

فتنہ زا، فتنہ سنج، فتنہ گر: فساد برپا کرنے والا، محبوب

فتنی: عیار عورت، جھگڑالو یا فسادی عورت

فتوت: مو، سخاوت، مروّت، مہربانی

فتوح: مذ، مو، فتح کی جمع، کامیابیاں، ظفرمندیاں، کامرانیاں

فتوحات: مذ، مو، فتح کی جمع الجمع، کامیابیاں، ظفرمندیاں، کامرانیاں

فتوحی: مو، صدری، واسکٹ، بغیر آستینوں کی کمری

فتور: مذ، نقص، خرابی، فساد، خلل

فتوری، فتوریا: جھگڑالو، فسادی، مفسد

فتویٰ: مذ، شرعی فیصلہ یا حکم، کسی اختلاف یا مسائل کے بارے میں اسلامی شریعت کے مطابق کسی مفتی کا فیصلہ

فتیل: مذ، چراغ کی بتی، فتیلہ

فتیلہ: مذ، چراغ کی موٹی بتی، بٹا ہوا سوت

فجا: مذ، فاجر کی جمع، بدچلن لوگ، گنہگار لوگ

فجر: مو، سویرا، صبح، تڑکا، سحر

فجور: مذ، قصور، جرم، گناہ، زنا، بدکاری

فحاش: بدکردار، بدچلن، بدکار، گنہگار

فحش: مو، بے ہودہ، گالی، شرمناک بدکلامی، عریاں

فحش بکنا: گالی بکنا، بے ہودہ باتیں کرنا، بدکلامی کرنا، رکیک گفتگو کرنا

فحل: مذ، اونٹ، سانڈ، فاضل، جمع فحول

فحوا، فحویٰ: مذ، مطلب، معنی، مضمون، طریقہ

فحوائے کلام: بلحاظ مفہوم، گفتگو کا مطلب، بات کا طریقہ

فخر: مذ، کبر، غرور، ناز، گھمنڈ، شیخی، شان و شکوہ

فخر انبیا: رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

فدا: صدقے، قربان، نثار، جان دینا، مشتاق، فریفتہ

فدائی: مذ، صدقے ہونے والا، قربان جانے والا، جاں نثار، عاشق، جمع فدائیان

فِدوی: قربان ہونے والا، جاں نثار، عرض کرنے والا، خاکسار، ناچیز

فِدیہ: مذ، نقد معاوضہ، خوں بہا، رہائی کے عوض دیا جانے والا روپیہ

فَر: مذ، عزت و وقار، شان و شکوہ، دبدبہ، سجاوٹ، آرائش

فَر سے اُڑنا: پھر سے اڑنا، یکایک پرواز کرنا، بہت تیزی سے اڑنا

فرات: مذ، عراق کی ایک ندی کا نام، ٹھنڈا اور میٹھا پانی

فرّاٹا: مذ، تیز اڑنے کی آواز، تیز پڑھنا یا بولنا، ہوا کا سناٹا

فراخ: کشادہ، چوڑا، وسیع، کھلا ہوا، دل والا

فراخ آستین: دل والا، فیاض، سخی

فراخ حوصلہ: بڑی ہمت والا، اعلیٰ ظرف

فرادیٰ: فرد کی جمع، تنہا، الگ، ایک ایک

فرار: بہت تیز بھاگنے والا، دوڑنے والا، ہوشیار، چالاک

فِرار: مذ، بھاگ جانا، غائب ہو جانا، روشن ہونا

فراز: مذ، اونچائی، بلندی، سامنے، وسیع، کشادہ

فراست: مو، عقل مندی، دانائی، سمجھ داری، ہوشیاری

فرانسیس: یورپ براعظم کا ملک فرانس

فرّاش: مذ، فرش بچھانے والا، خیموں کے گاڑنے کا ذمہ دار

فراش خانہ: بستر، فرش، خیمے، ڈیرے وغیرہ، متعلق سامان رکھنے کی جگہ

فِراش: مذ، جس فرش پر سویا جائے

فرشی سلام: زمیں بوس ہو کر کیا جانے والا سلام، جو سلام بہت جھک کر کیا جائے

فَراغ: مذ، فرصت، آرام، نجات، مہلت، خوشحالی، سکھ چین، کثرت، اطمینان

فَراغت: مذ، فرصت، آرام، اطمینان، چھٹکارا، بے فکری

فِراق: مذ، ہجر، علاحدگی، جدائی، خیال، فکر

فِراق زدہ: جو اپنے دوست سے دور ہو، ہجر کا مارا

فراک: مذ، زنانہ قمیص، عورتوں اور بچوں کا ایک طرح کا لمبا کرتا

فراموش: بھولا ہوا، جو یاد نہ ہو

فرامین: مذ، فرمان کی جمع، شاہی احکام، بادشاہوں کے فرمان

فرانک: مذ، فرانس کا سکہ

فراواں: کثیر، بہت زیادہ، وافر

فراوانی: کثرت، زیادتی، وافر، افراط

فراہم: جمع، اکٹھا، حاصل، اجتماع

فرائد: ند، فریدہ کی جمع، بیش قیمتی پتھر، جواہرات، بے نظیر، اکائیاں

فرائض: ند، فریضہ کی جمع، بہت ضروری کام، دین کے بنیادی احکام جن کا ادا کرنا بہت ضروری ہے وراثت کی تقسیم کا علم

فرائض منصبی: عہدے یا منصب سے متعلق بنیادی کام

فریبودہیت: مو، بکواس، بے ہودگی، بے ربط، بے ترتیب

فربہ: تنومند، موٹا تازہ، تندرست، لحیم شحیم

فرتوت: بہت ضعیف، زیادہ بوڑھا، بے عقل، بے حواس

فرج: عورت کی شرمگاہ، سوراخ، چھید، جمع فروج

فرجاد: ہوشیار، عقلمند، دانا

فرجام: ند، خاتمہ، انجام، انتہا

فرح: مو، خوشی، شادمانی، خوشی، تازگی

فرح بخش: خوشی دینے والا، شادمانی لانے والا

فرحاں: خوش، مگن، شاداں، خرم

فرحت: مو، خوشی، شادمانی، تازگی

فرحت بخش: خوشی دینے والا، تازگی لانے والا

فرخ: سعید، مبارک، جمیل، خوبصورت

فرخ تبار: عالی خاندان، شریف گھرانے کا

فرخ سیر: نیک عادتوں والا، مغل سلطنت کا ایک حکمراں

فرخ فال: مبارک شگون، وقت سعید

فرخار: ند، آرائش، سجاوٹ، زینت

فرخندہ بخت، فرخندہ طالع، فرخندہ فال: خوش بخت، خوش نصیب، اچھی قسمت والا

فرد: مو، ایک، واحد، اکیلا، طاق، تنہا، ایک شعر، رجسٹر، حساب کتاب، رضائی یا لحاف کی اوپری چادر، شال، ایک انسان، جمع افراد

فرد فرد: الگ الگ، جدا جدا، علاحدہ علاحدہ، ایک ایک

فرد قرار داد جرم: قانونی دفعہ اور مجرم قرار دینے کے موضوع پر مشتمل عدالتی کاغذ

فرداً فرداً: ایک ایک کر کے، الگ الگ کر کے

فردوس: ند، بہشت، جنت، باغ، گلزار، جمع فراویس

فردوس بریں: بہشت کا سب سے اونچا طبقہ

فردوس مکانی: بہشت کا باشندہ، مرحوم

فرزانہ: سمجھ دار، عقلمند، ہوشیار، ذہین، دانشمند، قابل

فرزند: ند، لڑکا، بیٹا، اولاد

فرزند ارجمند: لائق بیٹا، پیارا لڑکا، قابل قدر لڑکا

فرزند رشید: نیک لڑکا، لائق بیٹا، فرماں بردار اولاد

فرزیں: عقلمند، دانش مند، سمجھ دار، ہوشیار

فرس: ند، گھوڑا، مرکب، اسپ، جمع افراس، فروس

فرسا: برباد کرنے والا، ضائع کرنے والا

فرستادہ: بھیجا ہوا، اتارا ہوا، پیغامبر، ایلچی، قاصد،

جمع فرستادگان

فرسخ: مذ، تین میل کی دوری، جمع فراسخ

فرسنگ: مذ، فرسخ، تین میل کی دوری

فرسودہ: پرانا، کہنہ، بیکار، گھسا پٹا، خستہ، تھکا ہارا

فرش: مذ، بستر، بچھونا، بوریا، بچھانے کی چیز، زمین، جمع فروش

فرش راہ: راستے پر بچھایا ہوا، خاکساری اور نیازمندی کا کلمہ

فرش فروش: بچھانے کے سامان، بیٹھنے کی چیزیں

فرش کرنا: بستر بچھانا، زمین کو صاف ستھرا کرنا، زدوکوب کرنا

فرشتہ: مذ، بھیجا ہوا، قاصد، خدا کی مقرب مخلوق

فرشتہ پر نہیں مارتا: کوئی بھی داخل نہیں ہوسکتا، کسی کا گزر نہیں، کسی کی باریابی نہیں

فرشتہ خصال، فرشتہ خو، فرشتہ سیرت، فرشتہ صفت: بے حد شریف، نیک مزاج، پاکیزہ طبیعت

فرشتہ صورت: شکل وصورت سے بہت ہی نیک طبیعت

فرشتوں کو خبر نہ ہونا: کسی کو بھنک نہ لگنا، کسی کو معلوم نہ ہونا

فرشتوں کے پَر جلنا: رسائی نہ ہونا، طاقت نہ ہونا، مجال نہ ہونا

فرشتوں نے گھر دیکھ لیا: لگاتار موتیں ہونا، موت نے گھر دیکھ لیا

فرشتے دکھائی دینا: زندگی ختم ہونا، موت قریب ہونا

فرشی حقہ: چوڑے پیندے کا حقہ

فرصت: مو، فراغت، مہلت، نجات، آرام، وقت

فرض: مذ، خدا کے احکامات جنھیں بجالانا از بس ضروری ہے، لازی، ضروری، نماز کی وہ رکعتیں جن کا ادا کرنا لازی ہے، نکاح، بار، ثبوت، ذمہ داری، جمع فرائض

فرض سے ادا ہوجانا: اولاد کی شادی سے فراغت ملنا

فرض عین: لازی فرض، مذہبی اصطلاح میں ہر شخص پر لازی ذمہ داری

فرض کرنا: مان لینا، تسلیم کرنا، خیال کرنا

فرض کفایہ: مذہبی اصطلاح میں وہ ذمہ داری جو چند انسانوں کے ادا کرنے سے دوسرے سبھی لوگوں پر عائد ذمہ داری ختم ہوجائے

فرضی: قیاسی، خیالی، نقلی جس میں شک وشبہ کی گنجائش ہو

فرط: کثرت، زیادتی، غلبہ، افراط، فراواں

فرع: مذ، ڈالی، شاخ، ٹہنی، جس کی بنیاد کچھ اور ہو، جمع فروع، فروعات

فرعون: مذ، مغرور، گھمنڈی، نشہ میں چور، سرکش، ظالم، مصر کے بادشاہوں کا لقب

فرغانہ: مذ، ایک لے، ازبکستان کا ایک علاقہ، بابر کے وطن کا نام

فرغل: مو، روئی دار لمبا کرتہ، گرم لبادہ

فرفر: ہوا کی طرح تیز، جلد سے جلد، بہت تیزی سے

فرق: مذ، علاحدگی، جدائی، دوری، فاصلہ، سر،

اختلاف، شناخت، جمع افراق

فرق آجانا: فرق آنا، بے گانگی پیدا ہونا، آپسی تعلقات کا بگڑ جانا، پہلے کی سی بات نہ رہنا

فرق کرنا: ایک طور پر نہ سمجھنا، الگ کرنا، امتیاز کرنا

فُرقان: مذ، قرآن پاک، سچ اور جھوٹ میں فرق کرنے والا

فُرقت: مو، ہجر، جدائی، علاحدگی، دوری، فراق

فِرقہ: مذ، گروہ، جماعت، قوم، نسل، جمع فرق

فِرقہ بندی: گروہوں میں تقسیم، جماعتوں کی تنظیم، عصبیت، تنگ خیالی

فِرقہ پرست، فرقہ پسند: اپنے گروہ کا حمایتی، ایک خاص جماعت کا طرفدار، تنگ خیال

فِرقہ واریت: ایک ہی فرقہ کی بیجا حمایت، یا طرفداری، تنگ نظری، تعصب

فُرلانگ: مذ، میل کا آٹھواں حصہ، دو سو بیس گز کی دوری

فرما، فرمہ: مذ، ایک جانب چھپا ہوا کاغذ، ناپ، نمونہ

فرمان: مذ، شاہی حکم، پروانہ، حکم نامہ، شاہی سند، جمع فرامین

فرماں بَردار: حکم ماننے والا، نوکر، غلام، خادم

فرماں رَوا: بادشاہ، حاکم، حکمراں، سلطان

فرمائش: مو، مانگ، خواہش، طلب، عرض، ضرورت، درخواست

فرمائشی: طلب کی ہوئی، مانگی ہوئی، خاص اہتمام سے تیار کی ہوئی، عمدہ

فرمودگی: مو، حکم، ارشاد، فرمانا

فرمودہ: مذ، ارشاد کیا ہوا، حکم دیا ہوا، فرمایا ہوا

فرنگ: یورپی، انگریز، مغربی، جدید تہذیب کا

فرنگستان: انگریزوں کا ملک، انگلستان

فرنگی: انگریز، یورپی، مغربی

فِرنی: مو، پتلی کھیر، دودھ شکر چاول سے تیار کردہ

فِرو: تحت، نیچے، زیر حکم، کمتر درجے کا، کمینہ

فِروتن: عاجز، نادار، غریب، خاکسار

فِرو کرنا: ختم کرنا، دبانا، بجھانا، خاموش کرنا

فِرو کس ہونا: تباہ کرنا، ٹھہرنا، آرام کرنا، گزارنا

فروگزاشت: بھول چوک، غفلت، تساہلی، بے پروائی، کمی، کوتاہی، نظرانداز، معافی

فرومانگی: عاجزی، مسکینی، ناداری، غربت

فرومایہ: کم ظرف، کمینہ، سفلہ، کمترین

فرو ہونا: بجھنا، نیچے بیٹھنا، کم ہونا

فروخت: مو، بکری، بیچنا، بیع، قیمت کے عوض دینا

فرود: نیچے، زیر، نکاؤ، ٹھہراؤ، بسیرا، اترائی

فرودگاہ: اترنے کا مقام، قیام گاہ، ٹھہرنے کی جگہ

فروردیں: مذ، فارسی سال کا پہلا مہینہ

فروری: مذ، انگریزی سال کا دوسرا مہینہ

فروز: منور کرنے والا، روشن کرنے والا، چمکانے والا

فروزاں: منور، روشن، چمکدار

فروش: بیچنے والا، تاجر، لاحقہ کے طور پر کثرت سے مستعمل، جیسے پارچہ فروش، دوا فروش

فروشندہ: بیچنے والا، تاجر، فروخت کرنے والا

فروغ: مذ، چمک، نور، روشنی، اجالا

فروع: فروع کی جمع، ٹہنیاں، شاخیں، ڈالیاں، دین کے جزوی مسائل

فرہاد: مذ، روایتی عاشق جو شیریں پر فریفتہ تھا اور شیریں کو حاصل کرنے کے لیے دودھ کی نہر نکالی تھی

فرہنگ: مو، لغت کی کتاب، الفاظ کا خزانہ، سمجھ، عقل، دانائی، تعلیم

فریاد: مو، دہائی، مدد طلب کرنے کی آواز، نالہ وزاری، ظلم کے خلاف شکایت، دعویٰ

فریادرس: انصاف دینے والا، فریاد سننے والا

فریادی: مظلوم، فریاد کرنے والا، دہائی دینے والا، انصاف چاہنے والا

فریب: مذ، دھوکا، مکر، دغا، جعل سازی، عیاری

فریب کرنا: دھوکا دینا، دغا دینا، مکاری کرنا

فریب کھانا: دھوکا کھانا، مکاری میں آجانا، دام میں پھنسنا

فریبی، فریبیا: دھوکے باز، عیار، مکار، دغاباز

فرید: بے نظیر، یکتا، بے مثل، جمع فرائد

فریدبوٹی: ایک لعاب دار جڑی، خاصیت کے اعتبار سے بہت سرد ہوتی ہے

فریدی: مو، بابا فرید کے خاندان سے منسوب، ان کے نیاز کا کھانا

فریس: عقلمند، دانشمند، عاقل، دانا

فریضہ: مذ، لازم، ضروری، واجب، جمع فرائض

فریفتہ: عاشق، چاہنے والا، مشتاق، جمع فریفتگان

فریق: مذ، فرقہ، جماعت، گروہ، مدعی یا مدعا علیہ، ایک خیال والے، ایک طرف والے

فزا: زیادہ کرنے والا، بڑھانے والا، اضافہ کرنے والا

فزع: مو، خوف، وحشت، ہراس، ڈر

فزوں: زیادہ، بڑھا ہوا، کثرت، افراط، وافر

فساد: مذ، بلوہ، فتنہ، ہنگامہ، جمع فسادات

فسادِ خون: خون کی خرابی، خون میں گڑبڑی

فساد ہونا: ہنگامہ ہونا، قتل وغارت گری ہونا

فسادی: جھگڑالو، شریر، فتنہ گر، ہنگامہ خیز

فساں: مو، سان، اوزار تیز کرنے کا پتھر

فسانہ: مذ، قصہ کہانی، بنائی ہوئی داستان، خود ساختہ واقعہ، احوال، سرگزشت

فسخ: مذ، منسوخ کرنا، رد کرنا، ارادہ بدلنا، رائے تبدیل کر دینا

فسردہ: غمزدہ، رنجیدہ، ملول، بجھا ہوا

فسطائیت: مو، آمریت، سرمایہ دارانہ جارحیت، مطلق العنانی

فسق: مذ، نافرمانی، حکم عدولی، بدکاری

فِسق وفجور: گناہ کا ارتکاب، جرم وخطا، بدکاری، نافرمانی

فسوں: مذ، جادو، ٹونا، ٹوٹکا، فریب، منتر، دھوکا

فسوں ساز: جادوگر، ساحر، فسوں کرنے والا، فریبی

فَش: مذ، صافے کا شملہ، پگڑی کا آخری سرا جو پشت کی جانب ہوتا ہے

فِش: بیکار، ہیچ، پوچ، بے مایہ

فشار: مذ، بھینچنا، دبانا، دبوچنا، نچوڑنا

فِشردہ: نچوڑا ہوا، دبایا ہوا، رس نکالا ہوا

فصاحت: مو، عمدہ گفتگو، خوش گفتار، شیریں کلام

فصّاد: مذ، جرّاح، فصد کھولنے والا، نشتر لگانے والا

فُصَحاء: مذ، فصیح کی جمع، عمدہ گفتگو کرنے والے، شیریں بیان لوگ

فصد: رگ سے خون نکالنا، نشتر لگانا، جراحی کرنا

فصل: مو، رت، موسم، پیداوار، باب، حصہ، فرق، فاصلہ، جمع فصول، دوری، حجاب، پردہ، جمع فصول

فصل آنا: موسم آنا، پھول آنا، پھل پھول، اناج وغلہ کا آغاز ہونا

فصلِ خریف: برسات کی فصل، جون سے لے کر ستمبر تک کی پیداوار، جوار، چاول، مکئی وغیرہ

فصلِ ربیع: جاڑے گرمی کی فصل، اکتوبر سے لے کر اپریل تک کی فصل، جو، گیہوں، گنا، سٹرو وغیرہ کی کھیتی

فصل کاٹنا: تیار فصل کاٹنا، کھیت کے تیار اناج کو کاٹنا

فصل کی چیز: موسمی چیز، موسم کے پھول پھل

فصلِ گل: موسم بہار، پھولوں کا موسم

فصلی بخار: موسمی بخار، ملیریا، موسم کی تبدیلی کے وقت ہونے والا بخار

فصیح: عمدہ گفتگو کرنے والا، خوش گفتار، شیریں کلام، جمع فصحاء

فصیل: مو، شہر پناہ، چہار دیواری، حفاظت کے لیے آبادی کے اردگرد مضبوط لمبی دیوار

فضا: مو، زمین وآسمان کے بیچ کا کشادہ حصہ، وسعت، کشادگی، میدان، رونق، سماں

فضائل: مذ، فضیلت کی جمع، خوبیاں، اچھائیاں، صفات، نیکیاں، کمالات

فضائیہ: مذ، ملک کے جنگی طیاروں کا بیڑا، جنگی ہوائی جہازوں کی قوت اور ان کا شعبہ

فضل: مذ، اچھائی، خوبی، نیکی، بخشش، عنایت، کثرت، زیادتی، جمع فضول

فضل خدا شاملِ حال ہونا: حال پر خدا کی عنایت ہونا، عروج پانا، ترقی ملنا

فضل ہونا: خدا کی رحمت ہونا، خدا کی بخشش ہونا

فُضلا: مذ، فاضل کی جمع، علماء، بہت زیادہ پڑھے لکھے لوگ

فضلہ: مذ، جھوٹا کھانا، بچا کھچا، کثیف پاخانہ، جمع فضلات

فضول: فضل کی جمع، کثیر، زیادہ، بیکار، ناکارہ، زائد، فالتو، بے مصرف

فضول خرچ: مسرف، خرچیلا، بہت زیادہ خرچ کرنے والا

فضول گو: بکواس کرنے والا، یاوہ گو، بیکار باتیں کرنے والا

فِضّہ: مو، چاندی، نقرہ

فضیحت: مو، رسوائی، بدنامی، ذلت، بے وقعت، جمع فضائح

فضیحت کرنا: رسوا کرنا، ذلیل کرنا، بدنام کرنا، بے وقعت کرنا

فضیلت: مو، عظمت، بزرگی، توقیر، عزت، علم ودانش، فوقیت، جمع فضائل

فضیلت کی پگڑی: علم حاصل کرنے کے بعد جو پگڑی باندھی جاتی ہے، دستار فضیلت

فضیلت مآب: بہت برتر، بڑی قدر والے، اعلیٰ وافضل

فطانت: مو، عقلمندی، ذہانت، تیزی، دانائی

فِطر: مذ، افطار کرنا، روزہ کھولنا

فِطرت: مو، سرشت، مزاج، خلقت، پیدائش، اصل ضمیر، ہوشیاری، چالاکی، فریب، سازش، فساد

فِطرتی: چالاک، ہوشیار، سازشی، فسادی، فتنہ گر، قدرتی، پیدائشی

فِطرہ، فطرانہ: مذ، رمضان کے روزوں کی خیرات، جو نماز عید سے قبل پونے دو سیر گیہوں یا اس کی قیمت کے برابر پیسہ تقسیم کیا جاتا ہے

فطیر: مذ، تازہ گندھا ہوا وہ آٹا جس میں خمیر نہ اٹھا ہو

فطیری روٹی: وہ روٹی جس میں خمیر نہ ہو، چپاتی، پھلکا

فطین: چالاک، ہوشیار، شریر، فریبی

فِعل: مذ، عمل، کام، کاج، قواعد میں وہ کلمہ جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا پایا جائے، اس میں تین زمانے بھی ہوتے ہیں، ماضی، حال، مستقبل، بری عادت، بدفعلی، بہانہ

فِعلِ شنیع: بدفعلی، بری حرکت، شرمناک حرکت

فِعلِ عَبَث: بیکار، لغو کام، بکواس کام، فضول کام

فِعل کرانا: زنا کرانا، لواطت کرانا، بدفعلی کرانا

فِعل کرنا: کام کرنا، شب باشی کرنا، بدفعلی کرنا، فریب کرنا

فعلِ متعدی: وہ فعل جو صرف فاعل پر ہی ختم نہ ہو بلکہ مفعول پر ختم ہو، جیسے مسعود کتاب پڑھتا ہے

فعلِ مجہول: جس فعل کا فاعل معلوم نہ ہو سکے، جیسے مسعود لایا گیا

فعلِ معروف: جس فعل کا فاعل معلوم ہو، جیسے مسعود کتاب لایا

فعلِ ناجائز: جو کام قانون یا شریعت میں جائز نہ ہو

فغاں: مذ، شور وغل، نالہ وفریاد، آہ وزاری

فغانی: آہ ونالہ کرنے والا، فریاد کرنے والا، فارسی کا ایک شاعر

فغفور: مذ، چین کے بادشاہوں کا لقب

فُف: مو، پھونک، سانس، پھینکنا

فَق: ہکابکا، چہرے کا رنگ بدلنا، حیرت یا خوف کے مارے چہرے کا رنگ سفید یا پیلا پڑ جانا

فَق ہونا: ہکابکا رہ جانا، چہرے کا رنگ بدل جانا، حیران و پریشان ہونا، مایوس ہونا

فُقدان: مذ، کمی، غائب، گم، کھونا، نابود

فَقر: مذ، قلندری، بے نیازی، درویشی، غریبی میں ایک آن بان، غربت

فقر و فاقہ: ناداری، مفلسی، غربت، تنگی

فُقرا: مذ، فقیر کی جمع، درویش، نادار، غریب، تنگدست

فِقرہ: مذ، جملہ، کلام، گفتگو، یا عبارت کا ٹکڑا، ریڑھ کی ہڈی، دم، فریب، جمع فقرات

فِقرہ بازی: آوازے کسنا، چبھتے ہوئے جملے پھینکنا، مذاق کرنا، جملے چست کرنا

فِقرے بندی: جملوں کی بناوٹ، عبارت میں جملے چست کرنا، تک بندی، جملوں و فقروں کا جوڑ و پیوند، فقروں سے عبارت کی آرائش

فِقرے چست کرنا: مذاق کرنا، آوازے کسنا

فَقط: صرف، تنہا، اکیلا، محض، نرا، اختتام

فِقہ: مو، علم، جانکاری قوانین اسلامی، شریعت کا علم و مطالعہ

فقہا: مذ، فقیہ کی جمع، اسلامی قوانین کے واقف کار، علما شریعت اسلامی

فَقید: نایاب، ناپید، ناممکن، مرحوم

فَقیر: مذ، بھکاری، مانگنے والا، گداگر، نادار، خدا ترس، قلندر، جمع فقرا

فقیر کھلانا: کسی تمنا کے پوری ہونے پر یا کسی کے مرنے پر غریبوں کو کھانا کھلانا

فقیہ: مذ، شریعت اسلامی کا عالم، اسلامی قوانین کا ماہر، مسئلہ مسائل کا عالم، جمع فقہا، فقیان

فَک: مذ، دو ملی ہوئی چیزوں کو الگ الگ کرنا، جیسے کاغذ کے دو صفحوں کا مل جانا، ترک کر دینا وہ اضافت جو نہ پڑھی جا سکے

فَکِ اضافت: اضافت کی علامت زیر کو ترک کر دینا، جیسے صاحب دماغ میں زیر کو حذف کر دیا گیا ہے

فکاہات: مذ، فکاہت کی جمع، مزاح، ظرافت، دل لگی، چٹکلے، ہنسا ہنسانا

فِکر: مذ، سوچ بچار، غور و فکر، خیال، دھیان، تدبیر، حاجت، غم، تامل، جمع افکار

فکرِ رسا: سوجھ بوجھ، ذہانت، پہنچنے والی عقل، اچھی عقل

فکرِ سخن: شعر کے لیے کیا جانے والا غور و فکر

فکرِ فردا: کل کا غم، مستقبل کا خیال، آنے والا زمانہ

فکر میں ڈوبنا: مشغول ہونا، مصروف ہونا، خیال میں محو ہونا

فِکرت: مو، خیال، غور، سوچ، انہماک

فگار: گھائل، زخمی، مجروح

فگن: پھینکنے والا، ڈالنے والا، چلانے والا

فلاح: مو، نیکی، بھلائی، سلامتی، اچھائی

فَلاحِ دارَین: دونوں جہان کی سلامتی، دنیا اور عاقبت کی بھلائی

فلاح: مذ، کسان، کاشتکار، جمع فلاحین

فلاحت: مو، کھیتی باڑی، کاشتکاری، زراعت

فلاخن، فلاسنگ: مذ، مو، پتھر یا کنکر پھینکنے کے لیے رسی کا پھندا، گوپھن

فلاسفہ: مذ، فلسفی کی جمع، علم وحکمت کے عالم

فلاطونی: یونانی فلسفی، افلاطون سے منسوب

فلاکت: مو، تنگ حالی، غربت، ناداری، مفلسی بخت

فلاکت زدہ: غریبی کا مارا، مفلوک الحال، بدقسمت، نادار

فلالین: مذ، روئیں دار نرم سوتی کپڑا

فلان: مذ، مو، شرمگاہ، اعضائے تناسل

فُلاں: نامعلوم شخص، غیر حاضر آدمی

فِلِزّات: مذ، مو، فلز کی جمع، پگھل جانے والی معدنی دھات جیسے چاندی، سونا

فِلس: مذ، مچھلی کے جسم کا اوپری چھلکا، پیسہ، تانبے کا سکہ، جمع فلوس

فلسفہ: مذ، علم وحکمت، دانائی، باریک باتیں، دقیق نکات

فلسفہ بگھارنا: بڑھ چڑھ کر باتیں کرنا، علم کا رعب لینا

فِلفِل: مو، کالی مرچ، گول مرچ، جمع فلافل

فِلفِلِ دراز: سرخ مرچ، لال مرچ، مرچا

فلک: مذ، آسمان، آکاش، جمع افلاک

فلک اَساس: بہت ہی مضبوط، آسمان جیسی پائیدار بنیاد والا

فلکِ اطلس: فلکِ اعظم، فلک الافلاک، نواں آسمان

فلک بارگاہ، فلک پائگہ، فلک پایہ: بہت بلند مرتبہ، سب سے بلند درجہ

فلک پرواز، فلک پیما، فلک تاز: آسمان پر پرواز کرنے والا، آسمان کی خبر لانے والا

فلکِ پیر: بوڑھا آسمان جو بہت زمانے سے قائم ہے

فلک سیر: بھنگ، بنگ، نشہ آور شے

فلکیات: مذ، جس علم میں آسمان اور اس سے متعلق چیزوں پر بحث کی جاتی ہے، آسمان کی چیزیں

فِلم: مذ، پردے پر دکھائی جانے والی بولتی اور چلتی پھرتی تصویر

فلیتہ: مذ، چراغ کی بتی، بٹی ہوئی رسی، مشعل، دیا، چراغ

فم: مذ، دہن، منہ، مکھ

فن: مذ، ہنر، کاری گری، طرز، صنعت، ڈھنگ، کرتب، فریب، مکر، شاخ، عقل، داؤ، جمع فنون

فنکار: ہنرمند، کاریگر، ماہر، تخلیقی کام انجام دینے والا

فنا: مو، موت، نابود، ختم، تباہی، ہلاکت

فنافی الرسولؐ: آنحضرتؐ کی اتباع محبت اور عقیدت میں غرق ہو جانا

فنافی الشیخ: پیر و مرشد کی محبت میں محو ہو جانا

فنافی اللہ: اللہ تعالیٰ کی معرفت و محبت میں ڈوبنے کی منزل

فنجان: مذ، قہوہ پینے کی چھوٹی پیالی

فند: مذ، دغا، فریب، مکر، دھوکا

فندق: مو، ایک قسم کا ولایتی میوہ، یہ جھربیری کی طرح سرخ ہوتا ہے

فنون: مذ، فن کی جمع، کاریگری، ہنر، صنعت، حیلہ

فواحش: مذ، مو، فاحشہ کی جمع، نازیبا کام، بدچلن عورتیں

فواد: مذ، دل، قلب

فوارہ: مذ، پانی کو اوپر پھینکنے کا آلہ، پچکاری، ابال، سرجوش، بہت تیز، جوش مارنے والا

فواکہ: مذ، فاکہ کی جمع، میوے، خشک و تر پھل

فوائد: مذ، فائدہ کی جمع، سود، نفع، اچھائیاں، اثر

فوت: انتقال، وفات، موت، نیست، معدوم

فوتی: وفات پانے والا، مرجانے والا، مرا ہوا

فوتی نامہ: وہ رجسٹر جس میں علاقہ کے مرنے والوں کا اندراج ہو

فوٹو: مذ، عکس، تصویر، مرقع

فوج: مو، لشکر، سپاہ، عسکر، جنگی آدمیوں کا گروہ، انبوہ، جمع افواج

فوج دار: فوج کا افسر، سپہ سالار، شہر کا حاکم، کوتوال، لیل بان جو بادشاہ کی سواری میں ہاتھی پر آگے بیٹھتا ہے

فوج داری کرنا: جنگ کرنا، لڑائی کرنا، فساد کرنا، مقدمہ کرنا

فور: مذ، جلدی، شتابی، عجلت، طور طریقہ، وقت

فوراً: جھٹ پٹ، اسی وقت، آن کی آن

فوز: مو، کامرانی، کامیابی، فتح، ظفر

فوطہ: ف، خصیہ، بیضہ، مخایہ، کمربند، رومال، خراج، خزانہ

فوطہ خانہ: خزانہ، گنج، خزینہ

فوطہ دار: خزانچی، تحویل دار، روپے پیسے کا مالک

فوفل: مو، سپاری، چھالیہ، ڈلی

فوق: مذ، بالا، بلند، اونچا، اوپر، سبقت، ترجیح، برتری

فوق العادت: سکت سے باہر، عادت سے بڑھ کر، بساط سے باہر

فوقانی: بالائی، اوپر کا، اوپر، اونچے

فوقیت: مو، ترجیح، برتری، بڑائی، عظمت، سبقت، امتیاز

فوقیت لے جانا: برتری حاصل کرنا، سبقت لے جانا، بڑھ جانا، بازی لے جانا

فولاد: بہت ہی اچھے قسم کا لوہا، بہت ہی مضبوط اور سخت لوہا

فولاد کا ہاتھ: مضبوط اور سخت ہاتھ، بہت ہی طاقتور ہاتھ

فون: مذ، ٹیلی فون کا مخفف، تاروں کے ذریعہ دور سے باتیں کرنے کا آلہ، آلہ صوت

فہرس، فہرست: مو، چیزوں کا نمبر شمار، تفصیلات، جمع فہارس

فہم: مو، عقل، سمجھ، بوجھ، وقوف، شعور، جمع افہام

فہمائش: مو، نصیحت، رہنمائی، آگاہی، تلقین، ہدایت

فہمید: مو، عقل، رائے، سوجھ، بوجھ

فہیم: سمجھ دار، دانا، عقل مند، دانش مند

فی: بیچ، درمیان، ساتھ، ہر ایک، عیب، برائی، کھوٹ، اندر

فی البدیہہ: اسی وقت، ترنت، فوراً

فی الجملہ: قصہ مختصر، حاصل کلام، الحاصل، الغرض، القصہ

فی الحال: ابھی، اسی وقت، سردست، اب

فی الحقیقت: بیشک، درحقیقت، اصل میں، واقعی

فی الفور: اسی وقت، فوراً، بہت جلد، ترنت

فی الواقع: دراصل، فی الحقیقت، بیشک، واقعی

فی امان اللہ: خدا کی امان میں، خدا حافظ

فی زمانہ: آج کل، اس دور میں، ان دنوں میں

فی سبیل اللہ: خدا کی راہ میں، اللہ کے واسطے، خدا کے لیے

فی صد: ہر سو پر، ہر سکڑے پر، سیکڑہ پیچھے

فی کس: ہر آدمی کے لیے، آدمی کے پیچھے

فی نفسہ: دراصل، اپنی ذات میں، اپنی حقیقت میں

فی نکالنا: عیب نکالنا، برائی بیان کرنا، نکتہ چینی کرنا

فیاض: دریادل، سخی، کھلے ہاتھ والا، مخیر

فیتا: مذ، سوتی یا ریشمی پٹی جس کی چوڑائی کم ہو

فیرنی: مو، دودھ، شکر، چاول سے تیار کی ہوئی پتلی کھیر

فیروز: کامیاب، ظفر مند، فتح مند، کامراں

فیروزہ: مذ، ایک بیش قیمتی پتھر، سبز نیل گوں پتھر

فیصل: مذ، تصفیہ، فیصلہ، طے کرنا، حکم

فیض: مذ، نفع، فائدہ، سخاوت، دریادلی

فیضان: مذ، فائدہ پہنچانا، بڑی عنایت، بہت زیادہ فائدہ

فیضی: مذ، فیض سے منسوب، فارسی کا شاعر

فیل: ناکام، نامراد، ناقص، ناپسندیدہ، امتحان میں ناکام

فیل: مذ، دھوکا، فریب، مکر، شرارت، شوخی

فیل: مذ، بیل، ہاتھی، جمع فیلان

ق

قاآن: مذ، عادل، منصف، انصاف پرست، سخی، داتا، چین اور ترکستان کے بادشاہ کا لقب

قاآنی: قاآن سے متعلق، مشہور فارسی شاعر

قاب: مو، تھالی، سینی، بڑی رکابی، کمان کے دو کناروں کا فاصلہ

قاب قلم: قلمدان، قلم اور روشنائی رکھنے کی جگہ

قاب قوسین: دو کمانوں کا فاصلہ، دو ہاتھ کا فاصلہ، بہت نزدیک، مجاز اً ابروئے دل دار

قابض: مذ، تسلط رکھنے والا، اختیار یا قدرت میں رکھنے والا، بس میں رکھنے والا

قابل: اہل، لائق، سزاوار، عالم، فاضل، ہوشیار، دانش مند، ماہر، تجربہ کار، باصلاحیت

قابل اعتراض: بیجا، ناسناسب، غیر موزوں

قابل تعریف: بہت عمدہ، سراہنے کے قابل، دل پسند

قابل غور: اہم توجہ کے لائق، سوچنے سمجھنے کے قابل، غور و فکر کے لائق

قابلہ: مو، لائق عورت، ہوشیار اور تجربہ کار عورت، دائی، جمع قابلات

قابلیت: مو، استعداد، لیاقت، صلاحیت

قابو: مذ، زور، قدرت، اختیار، بس، موقع، فرصت، گرفت، رسائی

قابو پانا: قابض ہونا، گرفت میں کرنا، قدرت پانا، موقع پانا

قابو چلنا: بس میں آنا، گرفت میں آنا، زور چلنا

قابو سے باہر ہونا: بس سے باہر ہونا، گرفت میں نہ آنا، زور میں نہ ہونا

قابو میں کرنا: بس میں کرنا، گرفت میں کرنا، اختیار میں کرنا

قابیل: مذ، حضرت آدمؑ کا بیٹا، جس نے اپنے بڑے بھائی ہابیل کو قتل کیا تھا

قاتل: مذ، ظالم، قتل کرنے والا، جلاد، خونی

قاجار: مذ، قاچار، ایرانی فرماں رواؤں کا ایک خاندانی سلسلہ

قادر: طاقت والا، قدرت رکھنے والا، مختار، غالب، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام

قادر مطلق: کلی اختیار رکھنے والا، پورے طور پر قدرت رکھنے والا، اللہ تعالیٰ

قادری: حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے منسوب

قادریہ: حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا سلسلۂ بیعت

قارورہ: مذ، پیشاب سے بھری شیشی، پیشاب

قارورہ ملنا: اتفاق ہونا، موافق ہونا، ایک سا ہونا

قارون: مذ، دنیا کا سب سے مال دار بادشاہ، حضرت موسیٰؑ کا چچیرا بھائی اور خدا کا منکر

قارون کا خزانہ: لامحدود دولت، بے انتہا سرمایہ

قاری: مذ، قرآن پاک کو علم قرأت کے مطابق

پڑھنے والا، جمع قارئین، قراء

قار: مو، ایک آبی پرندہ، مراج نفس

قاسم: مذ، بانٹنے والا، تقسیم کرنے والا، ہوا

قاش: مو، پھل وغیرہ کا ٹکڑا یا پھانک

قاش قاش کرنا: پھانک پھانک کرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا

قاصد: مذ، ایلچی، پیغام رساں، نامہ بر، خط لانے اور لے جانے والا، جمع قواصد، قاصدان

قاصر: ناچار، مجبور، معذور، تساہل کرنے والا، اپاہج، لنگڑا لولا

قاصر ہونا: ناچار ہونا، معذور ہونا، عاجز ہونا، ذمہ داری ادا کرنے میں تساہلی برتنا

قاضی: مذ، شریعت اسلامی کے مطابق فیصلہ کرنے والا، نکاح پڑھانے والا، جمع قُضاۃ

قاضی الحاجات: ضرورت پوری کرنے والا، اللہ پاک

قاضی القضات: سب سے بڑا قاضی، نظام قضات کا سربراہ

قاضی جی کیوں دبلے شہر کے اندیشے سے: بلاوجہ دوسروں کے لیے پریشان ہونا

قاضی جی کے گھر کے چوہے بھی سیانے: بڑے گھرانے کا چھوٹا آدمی بھی چالاک ہوتا ہے

قاضیٔ چرخ، قاضیٔ فلک: مشتری، سیارہ

قاطع: کاٹنے والا، قطع کرنے والا، جمع قاطعین، قطاع

قاطعُ الطریق: مذ، راہ زن، لٹیرا، ڈاکو

قاعدہ: مذ، اصول، قانون، دستورالعمل، رسم ورواج، بنیاد، اصل، عادت، حروف سیکھنے کی پہلی کتاب، جمع قواعد

قاعدہ جاری کرنا: اصول مقرر کرنا، قانون نافذ کرنا

قاعدہ کلیہ: عام اصول، قانون، دستور، طور

قاعدے سے: قرینے سے، سلیقے سے، اصول کے مطابق، ادب سے

قاعدے کی بات: عام طریقہ ہے، عام اصول ہے

قاف: مذ، ایشیائے کوچک کے شمال کا ایک پہاڑ جسے روایتاً پرستان کہا جاتا ہے

قاف تا قاف: تمام عالم، دنیا کے ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک

قافلہ: مذ، کارواں، مسافروں کا گروہ، تاجروں کی جماعت

قافلہ سالار: سالار کارواں، میر قافلہ، قافلہ کا سردار

قافیہ: مذ، پیچھے چلنے والا، شعر میں ردیف سے پہلے کا لفظ، جمع قوافی

قافیہ باندھنا: قافیہ کو شعر میں نظم کرنا

قافیہ بندی: شعر موزوں کرنا، تک بندی

قافیہ پیمائی: قافیہ ڈھونڈ ڈھونڈ کے شعر کی تعداد بڑھانا

قافیہ تنگ کرنا: ستانا، پریشان کرنا، عاجز کرنا، دق کرنا

قافیہ تنگ ہونا: مضمون نظم کرنے کے لیے قافیہ نہ ملنا، عاجز ہونا، دق ہونا، پریشان ہونا

قافیہ لڑنا: قافیہ کا آپس میں مل جانا، قافیہ ایک جیسا ہونا

قاق: مذ، سوکھا ہوا گوشت، بہت دبلا پتلا آدمی، نحیف جسم

قاقلہ: مو، بڑی الائچی

قاقم: مذ، نیولے کی کھال، ایک طرح کا نیولا جس کی کھال سے پوستین بناتے ہیں

قال: مذ، گفتگو، قول، بات، دکھاوے کی گفتگو

قال اقول: اس نے کہا، میں کہتا ہوں، تکرار، مباحثہ

قال قال: ہوتے ہوتے، شدہ شدہ

قال مقال: حجت، تکرار، قضیہ، مباحثہ

قالب: مذ، جسم، تن، بدن، ڈھانچہ، جمع قوالب

قالب بدلنا: چولا بدلنا، دوسرا ڈھانچہ اختیار کرنا

قالی، قالین: مذ، غالیچہ، خاص قسم کا بچھونا، فرش

قامت: مذ، جسم، ڈیل، قد، بدن

قاموس: مذ، سمندر، بحر، عربی کی ایک مشہور لغت کی کتاب

قانت: اطاعت گزار، عبادت گزار، خاموش

قانع: صبر وضبط کرنے والا، قناعت کرنے والا، مستغنی

قانون: مذ، بنیاد، اصل، اصول، ضابطہ، دستور، ریت، طور طریقہ، بوعلی سینا کی مشہور کتاب

قانون بگھارنا: بلاوجہ حجت کرنا، بے مصرف مباحثہ کرنا

قانون چھانٹنا: بلاوجہ تکرار کرنا، بے جا دلیل وحجت کرنا

قانون داں: قانون جاننے والا، قانون کا واقف کار

قانون دیوانی: وہ قوانین جو مالیات یعنی جائیداد سے متعلق ہوں

قانون گو: تحصیل یا ضلع کی زمینوں کا حساب کتاب رکھنے والا، محرر یا بابو

قانونا: قانون کے ضابطہ کے مطابق

قاہر: زبردست، قہر کرنے والا، زور دار، غصہ وغضب کرنے والا

قاہرہ: قاہر کی تانیث، زبردست، زور آور، مصر کی راجدھانی

قاہ قاہ: مذ، زور سے ہنسنے کی آواز، قہقہہ لگانے کی آواز

قائد: مذ، فوج کا سردار، امیر، رہنما، راہبر، اندھے کی لاٹھی پکڑ کر چلنے والا، جمع قائدین

قائد اعظم: عظیم رہنما، بہت بڑا امیر، بانی پاکستان محمد علی جناح کا لقب

قائرہ: مذ، لگام، لنگوٹا، بغیر شادی شدہ

قائل: بولنے والا، بات کرنے والا، کہنے والا، اپنی غلطی تسلیم کرنے والا، لاجواب

قائل کرنا: قصور تسلیم کرانا، لاجواب کرنا، شرمندہ کرنا

قائل ہونا: غلطی تسلیم کرنا، استاد ماننا، شرمندہ ہونا

قائم: کھڑا ہوا، کھڑا ہونے والا، مضبوط، پائیدار، سیدھا، مستقل، برقرار

قائم الزاویہ: نوے درجے کا زاویہ، بالکل سیدھا

قائم المقام: اہل تشیع کے امام کا نائب

قائم اللیل: شب بیداری کرنے والا، رات بھر عبادت کرنے والا

قائم المزاج: جس کے مزاج میں استقامت ہو، مستقل مزاج

قائم بالذات: جوخود قائم اور برقرار ہو، جوہر، اپنے قیام کے لیے کسی دوسرے کا محتاج نہ ہو

قائم کرنا: بنیاد رکھنا، بنانا، تعمیر کرنا، کھڑا کرنا، مستقل کرنا

قائم مقام: عوضی، کسی کی جگہ عارضی طور پر کام کرنے والا، مختار کار، وکیل، خلیفہ، نائب، ولی عہد

قائم مقام ہونا: کسی دوسرے کی جگہ پر کام کرنا، بدلے میں عارضی طور پر کام کرنا

قائم ہونا: کھڑا ہونا، اٹھنا، تعمیر کیا جانا، مستقل ہونا، برقرار ہونا، بنیاد رکھا جانا

قائمہ: نوے درجے کا زاویہ

قبا: مو، ایک طرح کا گریبان کھلا ہوا لمبا کرتا یا اچکن

قبا کرنا: پھاڑنا، چاک کرنا، ٹکڑے کرنا

قبا ہونا: پھاڑنا، ٹکڑے ٹکڑے ہونا، چاک ہونا

قبا چہ: مذ، چھوٹی قبا

قباحت: خرابی، برائی، نقص، پریشانی، دقت

قباحت ہونا: برائی ہونا، نقص ہونا، خرابی ہونا، دقت یا دشواری ہونا

قبالہ: مذ، بیع نامہ، تمسک، حق ملکیت کی سند

قبالہ لکھوانا یا لینا: قابض ہونا، مالک ومختار ہونا

قبالہ نویس: وہ محرر یا بابو جو بیع نامہ یا تمسک کے کاغذات لکھتا ہے

قبائح: مذ، قبیحہ کی جمع، برائیاں، خرابیاں

قبائل: مذ، قبیلہ کی جمع، جماعتیں، گروہ، بال بچے، خاندان، گھرانے

قبح: مذ، برائی، خرابی، نقص، عیب

قبر: مو، گور، مدفن، تربت، مردے کو دفن کرنے کا گڑھا، جمع قبور

قبر تک ساتھ جانا: تمام عمر ساتھ رہنا، زندگی بھر کی دوستی

قبر جھانک کر آنا: مرتے مرتے بچنا، سخت تکلیف سے جاں بر ہونا

قبر سے نکل کر آنا: مہلک بیماری یا بڑے خطرے سے بچنا

قبر کا تعویذ: قبر کے سرہانے کا پتھر جس پر مرنے والے کا نام اور تاریخ لکھی رہتی ہے، لوح مزار سنگ مزار

قبر کھودنا، قبر بنانا: ہلاک کرنا، بہت زدوکوب کرنا، نابود کرنا

قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھنا: قریب الموت ہونا، موت کے لیے تیار ہونا، بڑھاپا یا شدید بیماری کا لاحق ہونا

قبر میں پیٹھ نہ لگنا: مرکر بھی چین نہ حاصل ہونا، مرنے کے بعد بھی پریشان رہنا

قبر میں کیڑے پڑیں: ایک بددعا، قبر میں بھی لعنت ہو

قبرستان: جہاں مردے دفنائے جائیں، شہر خموشاں،

قبض: مذ، پکڑ، باندھنا، دبوچنا، بس، قابو، دخل، پاخانہ نہ ہونا، پیٹ میں گرانی

قبض کرنا: جسم سے روح نکالنا، پاخانہ نہ ہونا، پیٹ میں گڑبڑی پیدا کرنا

قبض واسط: خدا کی طرف دل کا کبھی رجوع ہونا اور کبھی نہ ہونا

قبضہ: مذ، اختیار، قابو، دخل، گرفت، تصرف، دستہ، دروازے کے جوڑ میں کام آنے والا لوہا

قبضہ اُٹھنا: بے قابو ہونا، بے دخل ہونا

قبضہ پانا: اختیار پانا، دخل پانا، اپنی ملکیت میں لانا

قبضہ دینا: جائیداد حوالے کر دینا، ملکیت سونپ دینا

قبضے میں آنا، قبضے میں کر لینا: بس میں آنا، قابو میں کرنا، اپنی گرفت میں لانا

قبطی: قدیم مصری قوم، قبط سے منسوب، مصر کا قدیم نام قبط تھا

قبل: آگے، پہلے، اول

قبل از مرگ واویلا: موت سے پہلے رونا دھونا، مصیبت آنے سے پہلے ہی شور کرنا

قبلہ: کعبہ کی طرف، جس رخ پر منہ کر کے نماز پڑھی جاتی ہے، سامنے کی چیز، احترام کا کلمہ

قبلۂ انام: ہر ایک کے لیے لائق تعظیم، سب کا محترم

قبلۂ حاجات: مرادیں پوری کرنے والا، ضرورت پوری کرنے والا

قبلہ رو: کعبہ کی طرف منہ کر کے، قبلہ کے سامنے

قبلۂ عالم: تمام دنیا کا قبلہ، شہنشاہوں کا لقب

قبلۂ کونین: دونوں جہاں کا محترم، دنیا و دین کی تعظیم کا مستحق

قبلہ و کعبہ: بے حد محترم اور تعظیم کا سزاوار، احترام کا کلمہ

قبور: مذ، مو، قبر کی جمع، مردوں کو دفنانے کے گڑھے

قبول: مذ، رضامندی، منظوری، تسلیم، پسند

قبول صورت: حسین، خوبصورت، جمیل

قبول عام: ہر ایک کی پسند، عام پسندیدگی، تمام لوگوں کی پسند

قبول ہونا، قبول کرنا: تسلیم کرنا، منظور کرنا، پسند کرنا

قبولی: مو، ایک طرح کی کھچڑی جو چنے کی دال سے تیار کی جاتی ہے

قبولیت: مو، رضامندی، تسلیم، اقرار نامہ، منظوری

قُبہ: مذ، گنبد، برج، کلس، کلغی، جمع قباب

قبیح: بدصورت، نازیبا، برا، معیوب، شرمناک، کریہہ

قبیحہ: کریہہ، بدصورت، عیب دار، برا

قبیل: مذ، خاندان، قسم، جنس، نوع، طرح، آدمیوں کی جماعت

قبیلہ: مذ، گھرانا، ایک خاندان کی اولاد، فرقہ، جماعت، گروہ

قِتال: مو، لڑائی، جنگ، کشت وخون، رزم، معرکہ

قتّال: بڑا قاتل، بہت زیادہ قتل کرنے والا

قتّالہ: قتال کی تانیث، قاتل عورت

قتل: مذ، ہلاک کرنا، خون کرنا، جان لینا، قتل کرنا

قتل الموذی قبل الایذا: تکلیف دینے والے کو پریشان کرنے سے پہلے ہی ختم کردو

قتلِ عام: سب کو قتل کرنا، کسی لحاظ یا امتیاز کے بغیر سب کو موت کے گھاٹ اتارنا

قتلِ عمد: جان بوجھ کر قتل کرنا، دانستہ اور ارادے کے ساتھ ہلاک کرنا

قتل کی رات: حضرت حسینؓ کی شہادت کی رات، محرم کی دسویں شب

قتل گاہ: مقتل، ہلاک کرنے کی جگہ

قتیل: شہید، قتل کیا ہوا، ہلاک کیا ہوا

قحبہ: مو، طوائف، پیشہ کرانے والی عورت، بدکار عورت

قحط: مذ، کال، سوکھا، خشک سالی، مہنگائی، ضروری چیزوں کی نایابی

قحط الرّجال: اچھے بھلے لوگوں کا کال، شریف وشائستہ انسانوں کی نایابی

قحط پڑنا: کال پڑنا، سوکھا پڑنا، چیزوں کا غائب ہوجانا

قحط زدہ: کال کا مارا، سوکھا زدہ، خشک سالی کا ستایا ہوا

قد: مذ، بدن کی لمبائی، ڈیل ڈول، قامت

قدآدم: آدمی کے لمبائی کے برابر، قد کے برابر

قدآور، قدوار: لمبا تڑنگا ہوا بدن، ڈیل ڈول والا، جسیم

قدامت: مو، پرانا پن، کہنگی، دیرینہ روزی، فرسودگی

قدامت پسند: قدیم باتوں کو سینے سے لگانے والا، پرانی چیزوں کا پرستار، فرسودہ رسم ورواج یا طور طریق کی نقل کرنے والا، رجعت پسند

قدح: مو، برائی کہنا، عیب بیان کرنا، ہجو کرنا، اعتراض کرنا

قدَح: مذ، جام، بڑا پیالہ، ساغر، شراب پینے کا پیالہ، جمع اقداح

قدح آشام، قدح خوار، قدح نوش: مے نوش، شرابی، مے خوار، نشیلا

قدر: مذ، تقدیر، مرضیِ الٰہی، قضا، اندازہ، مقدار، تخمینہ، جمع اقدار

قدر: مو، عظمت، بزرگی، ناموس، عزت، درجہ، مرتبہ، اندازہ، برابر، جمع اقدار

قدر جوہر شاہ داند یا بداند جوہری: ہنرمند کی قدر وقیمت صرف اس فن کا ماہر ہی جانتا ہے

قدردان: قدرشناس، قدر کرنے والا، عزت کرنے والا

قدردانی کرنا: کمال وہنر کی عزت کرنا، فن کی داد دینا

قدر کرنا: پسند کرنا، عزت کرنا، احترام کرنا، تعریف کرنا

قدر مردم بعد مُردن: آدمی کی صحیح قدر اس کے نہ رہنے پر معلوم ہوتی ہے

قدر و قیمت: توقیر، وقعت، عزت، تعریف

قدر و منزلت: مرتبہ، وقعت، عزت، عظمت

قُدرت: مو، زور، طاقت، قوت، قبضہ، قابو، مجال، ہمت، اللہ تعالیٰ کا غلبہ

قدرت پانا: طاقت پانا، قابض ہونا، گرفت میں لانا

قدرت کا تماشا: آسمان کی گردش، زمانے کا رنگ بدلنا

قدرت کاملہ: بھرپور قوت، بے پناہ طاقت پوری قدرت

قدرت کے کارخانے: اللہ تعالیٰ کی قوت اور اس کی کاریگری کی چیزیں، کائنات کی عجیب و غریب تخلیقات

قدرت کے کھیل: عالم کے عجائبات، دنیا کی نیرنگی

قُدرتی: فطری، طبعی، پیدائشی، اصلی

قُدری: فرقۂ قدریہ سے متعلق، قدریہ اعتقاد رکھنے والے

قُدری: مو، سعی، کوشش، جدوجہد، ضد

قُدرے: بہت تھوڑا، قلیل، ذرا سا، بہت کم

قُدریہ: مذ، مسلمانوں کا ایک طبقہ جو قضا و قدر کا انکار کرتا ہے

قُدس: مقدس، پاک، طاہر، متبرک، متقی

قُدس سرہٗ: اس کا راز مقدس ہو، مرحوم کے لیے احتراماً بولتے ہیں، جیسے رحمۃ اللہ علیہ

قُدسی: متبرک، پاکیزہ، مقدس، طاہر، فرشتہ، فرشتہ صفت آدمی، فارسی کے مشہور شاعر

قُدسیہ: قدسی کی تانیث، پاکیزہ عورت، طاہرہ

قُدغن: مذ، مو، روک، تاکید، مناہی، ممانعت، اہتمام

قدم: مذ، پیر، پاؤں، گام، پگ، چلتے وقت دونوں پاؤں کا درمیانی فاصلہ، چال، رفتار، طریقہ، پاؤں کا نشان، موجودگی، جمع اقدام

قدم آگے بڑھنا: آگے بڑھنا، برابر چلتے رہنا، پیش روی کرنا

قدم اٹھانا: تیز تیز چلنا، قدم اٹھاتے رہنا، جلد جلد چلنا

قدم بوسی کرنا: پاؤں چومنا، احترام کرنا، توقیر کرنا

قدم بہ قدم چلنا: اتباع کرنا، تقلید کرنا، پیروی کرنا

قدم بیچ میں ہونا: دخل ہونا، خارج ہونا، واسطہ ہونا

قدم پھونک کے رکھنا: بہت احتیاط برتنا، سنبھل کر چلنا، سوچ سمجھ کر چلنا

قدم جمانا: جم کر رہنا، مضبوطی سے رہنا، مستقل رہنا، قبضہ کرنا

قدم درمیان ہونا: واسطہ ہونا، دخل ہونا، خارج ہونا

قدم رسولؐ، قدم شریف: جس جگہ آں حضرتؐ کے مبارک قدم کا نشان ہو

قدم رکھنا: پیر دھرنا، چلنا، مداخلت کرنا، تشریف لانا

قدم رنجہ فرمانا: تشریف لانا، قدم رکھنا، آنا

قدم زمین پر نہ رکھنا: بہت زیادہ غرور کرنا، ناز کرنا، اترانا، پھولے نہ سمانا

قدم قدم پر: ہر جگہ، ہر کونے کنارے، ہر علاقۂ زمیں پر، منٹ منٹ

قدم رگن رگن کے رکھنا: بہت ہی آہستہ آہستہ

چلنا، بڑے احتیاط سے پاؤں رکھنا

قدم نکالنا: گھر کے باہر آنا جانا، آزادی اختیار کرنا، بے راہ رو ہونا

قدموں سے لگنا: پیر چومنا، عزت و تعظیم کرنا، احترام کرنا

قدموں سے لگے رہنا: ہمیشہ ساتھ ہونا، پاس سے الگ نہ ہونا، چپکے رہنا

قدموں کی بدولت: جناب کے طفیل میں، حضور کے واسطے سے

قدموں میں: پاؤں کے نیچے، زیر سایہ، جناب کے طفیل میں

قِدَم: مذ، قدامت، پرانا ہونا، دائم رہنا، کہنگی

قُدَما: مذ، قدیم کی جمع، پرانے وقتوں کے لوگ، اسلاف، بزرگان

قدمچہ: مذ، پاخانے کا چبوترہ، جس پر پاؤں رکھ کر بیٹھتے ہیں، کھڈی

قُدُّوس: بہت ہی پاکیزہ، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام

قد و قامت: جسم کی لمبائی چوڑائی، جسامت، قد کی درازی، ڈیل ڈول

قدوم: مذ، تشریف لانا، سفر سے واپسی پر گھر میں داخل ہونا

قدوم میمنت لزوم: ایسا تشریف لانا جس سے گھر میں برکت ہو، بابرکت تشریف آوری، آپ کا آنا مبارک ہے

قُدوہ: مذ، رہبر، رہنما، سردار، پیشوا، نمونہ، نظیر

قدیر: قوت والا، طاقت والا، صاحب قدرت، مضبوط، مستحکم، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام

قدیم: سب سے پرانا، ازلی، جس کی ابتدا نہ ہو، پرانے وقت کا موروثی، آبائی، جمع قدما

قَراباذین: مو، دواؤں کا لغت، لغات الادویہ

قرابت: مو، رشتہ داری، عزیز داری، قربت، نزدیکی

قرابت دار: رشتہ دار، اپنے رشتہ کے عزیز دار

قرابتِ قریبہ: بہت نزدیک میں رشتہ داری

قرابتِ مستقیم: مضبوط رشتہ، پشتینی رشتہ، آباواجداد سے تعلق

قُرابہ: مذ، عرق رکھنے کے لیے بڑی بوتل، بڑا شیشہ، شراب رکھنے کا شیشہ، خم، صراحی

قرابتی: رشتے کا، ناتے کا، یگانہ، عزیز

قرأت: مو، علم تجوید، صحیح مخارج سے حرفوں کا ادا کرنا، قرآن پاک علم تجوید کے مطابق پڑھنا

قرار: مذ، قیام، آسودگی، آرام، ٹھہراؤ، سکون، تحمل، برداشت، استقلال، ضبط، بردباری، قول

قرار آنا: سکون ہونا، آرام ہونا، بے چینی دور ہونا

قرار پانا: سکون پانا، آرام پانا، ٹھہرنا، قیام کرنا، وقت مقرر ہونا، آپس کے وعدہ پیمان کا برقرار رکھنا

قرارداد: معاہدہ، عہد و پیمان، شرط، فیصلہ، رائے، مطالبہ، تجویز

قرارِ واقعی: اطمینان کے ساتھ، جیسا چاہے ویسا ہی، اصل میں

قُراض: مو، آئینی شرکت، جس میں روپیہ کسی کا اور محنت کسی دوسرے کی ہو

قُراضہ: مذ، کترن، تراشہ، ریزہ، سونے چاندی کے ٹکڑے

قُراقُر: مذ، قرقرہ کی جمع، پیٹ بولنا، پیٹ کے اندر گڑگڑ کی آواز

قِران: مذ، قربت، نزدیکی، گرہ، دوستاروں کا ایک برج میں اکٹھا ہونا

قِران السعدین: دو اچھے شگون والے ستاروں کا ایک برج میں اکٹھا ہونا، دو نیک آدمیوں کا جمع ہونا، نیک شگون، نیک وقت، مبارک وقت

قُرآن: مذ، قرآن پاک، قرآن شریف، اللہ کا کلام، آخری آسمانی کتاب جو رسول مقبولؐ پر نازل ہوئی

قرآن اُٹھانا: قسم کھانا، حلف لینا، قرآن شریف ہاتھ میں لے کر قسم کھانا

قرآن خوانی: کسی مرحوم کی مغفرت کے لیے قرآن پڑھنا

قرآن کا جامہ پہننا: پارسا اور عبادت گزار بننا، قابل اعتماد بننا

قرآن کا دَور: بار بار قرآن شریف پڑھنا، دہرانا

قُراوَل: مذ، وہ فوجی دستہ جو فوج کے آگے آگے چلتا ہے اور دشمن کی نقل و حرکت کی خبر رکھتا ہے

قَرائن: مذ، قرینہ کی جمع، قیاس، اٹکل، گمان، توقع

قُرب: مذ، نزدیکی، پاس، باریابی، مرتبہ

قُرب وجوار: اردگرد، آس پاس، پاس پڑوس، گردونواح

قُربان: مذ، صدقے، نثار، واری، فدا، خدا کی راہ میں خرچ کی جانے والی شے

قربان جانا: قربان ہونا، فدا ہونا، نثار ہونا، صدقے ہونا

قربان گاہ: مقتل، مذبح، قربان کرنے کی جگہ

قربانی: مو، حلال، ذبح، خدا کی راہ میں عیدالضحیٰ کو جانور ذبح کرنا

قربان کرنا: نثار کرنا، ایثار کرنا، دوسروں کی بھلائی کے لیے اپنے نفع نقصان کا خیال نہ رکھنا

قُربَت: مو، رشتہ، ناتا، نزدیکی، پاس

قُرۃُ العین: مذ، جس سے آنکھوں میں ٹھنڈک ہو، اولاد، لڑکا

قُرح: مذ، گھاؤ، زخم، ناسور، پھوڑا، جراحت

قُرحہ: مذ، جس گھاؤ میں مواد آ گیا ہو، ناسور، پرانا اور لاعلاج سوزاک

قُرحہ: مذ، گھاؤ، زخم، جراحت، جمع قروح

قرشی: قریش سے منسوب، قریشی

قُرص: مذ، لکیہ، گولی، دوا کی لکیہ، جمع قروص، اقراص

قرض: مذ، مانگا ہوا، ادھار، مستعار

قرض اُتارنا: ادھار چکتا کرنا، قرض بے باق کرنا

قرض ادا کرنا: ادھار چکانا، قرض بے باق کرنا

قرض حسن: قرض بغیر میعادی، قرض بلاسود

قرض خواہ: پیسہ دینے والا، ادھار دینے والا

قرض دار: پیسہ لینے والا، ادھار لینے والا

قرض داری: ادھار کا بوجھ ہونا، قرض کا بار ہونا

قرضہ: ادھار، دین، واجب الادا

قرطاس: مذ، کاغذ، جمع قراطیس

قرطاسِ ابیض: سفید کاغذ، اطلاع عام سے متعلق سرکاری تحریر

قُرعہ: پانسا، نام نکالنا، چال معلوم کرنا

قُرعۂ فال بنام منِ دیوانہ زدند: پانسے میں میرا ہی نام نکلا ہے، میرے ہی سر ذمہ داری عائد کی گئی ہے

قُرق: مذ، ضبطی، پابندی، روک، ممانعت، تحویل میں لینا

قُرق کرنا: ضبط کرنا، پابندی لگا دینا، ممانعت کر دینا، قبضہ میں کر لینا

قُرم: مذ، بھڑوا، کمینہ، سفلہ، بدمعاش

قِرمز: مذ، ہیر بہوٹی کی طرح کا ایک کیڑا جس سے سرخ ریشم رنگا جاتا ہے

قِرمزی: سرخ، لال، قرمز سے منسوب

قُرم ساق: بھڑوا، پاجی، کمینہ، سفلہ

قُرن: مذ، ستاروں کا اجتماع، دس، بیس، اسی سال کی مدت، بڑی مدت، سینگ، بال، جمع قرون، اقران

قرنا: مذ، سینگ، ترہی، نفیری، ترم

قرنبق: مذ، عرق نکالنے کا آلہ

قرنطینہ: مذ، وہ جگہ جس میں وبائی یا متعدی امراض میں مبتلا مسافر بیماروں کو زبردستی الگ تھلگ رکھا جاتا ہے

قُرنفل: مذ، لونگ

قُرولی: مو، ایک طرح کا لمبا چاقو، شکاری چاقو

قرولی باز: چھوری باز، چھوری مارنے والا

قرولیاں کرنا: فن سپہ گری کا مظاہرہ کرنا

قریب: نزدیک، پاس، ملا ہوا، رشتہ دار، تقریباً، لگ بھگ

قریب الاختتام: تمام ہونے کے قریب، ختم ہونے کے قریب

قریب الفہم: بہت آسان، جلد سمجھ میں آنے والا

قریب الوقوع: جلد ہی واقع ہونے والا

قریب قریب: لگ بھگ، پاس پاس، ایک جیسا، مثل

قریب مرگ: مرنے کے لگ بھگ، موت کے قریب، وقت آخر

قُریش: عرب کا ایک باعزت قبیلہ جس سے آں حضرت کا تعلق تھا

قُرین: پاس، قریب، ملا ہوا، نزدیک، مثل، ایک جیسا

قُرینِ عقل: قرین قیاس، جسے عقل تسلیم کرے، سمجھ میں آنے والی بات

قرینہ: مذ، طور، طریقہ، رنگ ڈھنگ، روش، اندازہ، قیاس، جمع قرائن

قرینے سے: ڈھنگ سے، سلیقہ سے، ترتیب سے

قرینے کی بات: موزوں بات، موقع کی گفتگو، سلیقے کی بات چیت

قریہ: مذ، آبادی، گاؤں، بستی، جمع قریٰ، قریات

قز: مذ، کچا ریشم، خام ریشم

قزاق: مذ، سمندری لٹیرے، ڈاکو، راہ زن، جمع قزاقاں

قزاقِ اجل: ملک الموت، روح قبض کرنے والا فرشتہ

قزح: مذ، مختلف رنگوں کا اجتماع یا ملاوٹ، بادلوں کے مؤکل، فرشتہ کا نام

قزلباش: مذ، لال سر، ایران کے تاج دار شاہ اسمٰعیل صفوی کی فوج کا نام، ان سے منسوب ان کی نسل

قسام: بانٹنے والا، تقسیم کرنے والا، دینے والا

قسامِ ازل: اللہ تعالیٰ، روز ازل سے تقسیم کرنے والا

قساوت: مو، ظلم، بے رحمی، سخت دلی، شقاوت

قسائی: مذ، قصاب، گوشت بیچنے والا، قصائی، سنگ دل، قاتل

قسائی کا کتا: بہت موٹا تازہ، مفت خور

قسائی کے کھونٹے سے باندھنا: قاتل کے حوالے ہونا، سنگ دل کے قبضہ میں ہونا، سخت دل شوہر

قِسط: مو، حصہ، ٹکڑا، جز، تھوڑی تھوڑی ادا کی جانے والی رقم، جمع اقساط

قِسط وار: تھوڑا تھوڑا، حصہ حصہ

قِس علیٰ ہٰذا: اسی پر قیاس کرلو، اسی پر یقین کرو

قَسم: مذ، سوگند، حلف، عہد، جمع اقسام

قَسم اُتارنا: وعدہ پورا کرنا، عہد پورا کرنا

قَسم توڑنا: بدعہدی کرنا، وعدہ کے خلاف کرنا

قَسم کھانا: حلف اٹھانا، عہد کرنا، اقرار کرنا

قِسم: مو، نوع، جنس، بانٹ، حصہ، ٹکڑا، طریقہ، جمع اقسام

قسما قسمی: مو، آپسی عہد و اقرار، وعدہ و پیمان

قِسمَت: مو، مقدر، بخت، نصیب، حصہ، ٹکڑا، صوبہ، کمشنری، علاقہ

قِسمت آزمائی کرنا: تقدیر کو آزمانا، مقدر کا امتحان لینا

قِسمت اُلٹنا: قسمت بگڑنا، مقدر کا خراب ہونا، بخت ناسازگار ہونا

قِسمَت پر بیٹھا رہنا: مقدر پر بھروسہ کرنا، تقدیر پر قانع ہونا

قسمت پر جھاڑو پھرے: منحوس قسمت پر عورتیں خفا ہو کر کہتی ہیں

قسمت پھوٹنا: تقدیر کا خراب ہونا، بخت کی نحوست

قسمت جاگنا: قسمت چمکنا، مقدر کا اچھا ہونا، اچھے دن کا آنا، دن پھرنا

قسمت سو جانا: تقدیر کے برے دن آنا، قسمت خراب ہونا

قسمت کا دھنی: خوش قسمت، اقبال مند

قسمت کا لکھا: تقدیر کا لکھا، مشیت خداوندی، خدا کی مرضی، تقدیر الٰہی

قسمت کا پٹا: بد بخت، بد قسمت، خراب تقدیر والا

قسمت والا: خوش نصیب، اقبال مند، بلند اقبال، خوش بخت

قسمیہ: قسم کھا کر، حلف لے کر، عہد کر کے

قسی القلب: سخت دل، سنگ دل، بے رحم، ظالم

قسیم: بانٹنے والا، تقسیم کرنے والا

قشر: مذ، چھلکا، اوپری پرت، تہ، جمع قشور

قشقہ: مذ، تلک، ٹیکا، ہندوؤں کے ماتھے کا نشان

قشلاق: مذ، گرم جگہ جہاں پر امرا و سلاطین سردیاں گزارتے ہیں

قصاب: مذ، قصائی، ذبح کرنے والا، گوشت فروش، جمع قصاباں

قصاب: مذ، قصاب کا پیشہ، گوشت فروشی، گوشت کا بازار، مو، قصاب کی تانیث

قصار: مذ، دھوبی، کپڑے دھونے والا

قصاص مذ، بدلہ، جرا انتقام، خون کے بدلے خون کا عمل

قصائد: مذ، قصیدہ کی جمع، تعریف، توصیف کا ذکر، وہ صنف شاعری جس میں امرا و سلاطین کی تعریف کی جاتی ہے

قصائی: مذ، قصاب، ذبح کرنے والا، گوشت فروش

قصبات: مذ، قصبہ کی جمع، معمولی شہر، چھوٹے شہر، بازار

قصبہ: مذ، چھوٹا شہر، بازار

قصد: مذ، عزم، نیت، ارادہ، مقصد، منشا، خواہش، کوشش، دل میں ٹھانا

قصد کرنا: دل میں ٹھانا، ارادہ کرنا، نیت کرنا، عزم کرنا

قصداً: عزم کر کے، ارادۂ دل میں ٹھان کے، جان بوجھ کر

قصر: مذ، ایوان، محل، کاشانہ، مکان، تخفیف، اختصار، مو، نماز جو بہ حالت سفر مقررہ رکعتوں سے کم پڑھی جاتی ہے، جمع قصور

قصص: مذ، قصہ کی جمع، قصے، کہانیاں، افسانے، داستانیں

قصور: مذ، غلطی، خطا، بھول، قصر کی جمع، مکانوں، محلات، ایوان

قصوروار: خطاوار، بھول کرنے والا، تقصیروار

قصہ: مذ، داستان، کہانی، افسانہ، روداد، جھگڑا، تکرار، لڑائی، جمع قصص

قصہ بڑھانا: لڑائی کو بڑھانا، تکرار کو طول دینا، بات بڑھانا

قصہ پاک کرنا: مسائل طے کرنا، جھگڑا ختم کرنا، موت آنا، قتل کرنا

قصہ تمام کرنا: قتل کرنا، کام تمام کرنا، مصیبت ختم کرنا، کہانی ختم کرنا

قصہ چھیڑنا: داستان شروع کرنا

قصہ خواں: داستان گو، افسانہ خواں، قصہ سنانے والا

قصۂ زمین بر سر زمین: جھگڑے کا تصفیہ موقع پر

ی ہونا چاہیے

قِصّہ کوتاہ: بس، مختصراً، الغرض، قصہ مختصر

قِصّہ کھڑا کرنا: جھگڑا کرنا، تکرار کرنا، فساد برپا کرنا

قِصّہ لے بیٹھنا: بے موقع و محل ذکر کرنا، بے ضرورت باتوں کا تذکرہ کرنا

قُصوری: مو، خطا و قصور، گناہ، کوتاہی

قصیدہ: مذ، تعریف، شاعری کی وہ قسم جس میں کسی امیر یا بادشاہ کی تعریف بیان کی جائے، جمع قصائد

قَصیر: کوتاہ قد، پست قد، چھوٹا

قَضا: مو، موت، وفات، حکم خدا، اللہ تعالیٰ کا فرمان، مرضی مولیٰ، قسمت، وہ نماز جو مقررہ وقت کے بعد پڑھی جائے

قَضا آنا: موت آنا، انتقال کرنا، وفات پانا

قَضا ادا کرنا: وقت مقررہ پر نہ پڑھی گئی نماز کا پڑھنا

قَضارا: اچانک، یکا یک، ناگہاں، اتفاقاً

قَضا سر پر سوار ہونا: موت کا یقین ہونا، موت کا آنا

قَضا کرنا: موت آنا، وفات پانا، انتقال کرنا، نماز وقت پر پڑھنا

قَضا و قدر: مشیت الٰہی، تقدیر یزداں، کائنات کے بارے میں روز اول کے احکامات

قضائے حاجت کرنا: پاخانہ پھرنا، حاجت رفع کرنا

قضائے عمری: عمر کی قضا ہوئی نمازوں کو پڑھنا

قُضات: مذ، قاضی کی جمع، منصف، اسلامی شریعت کے مطابق فیصلہ سنانے والے

قضایا: مذ، قضیہ کی جمع، فسادات، جھگڑے، خبریں، فقرے، مباحثے، احکام، مقدمے

قضیب: مذ، کٹی ہوئی ڈالی، دھاردار تلوار، آلۂ تناسل

قضیّہ: مذ، فساد، تکرار، جھگڑا، مباحثہ، مقدمہ، جملہ، جمع قضایات

قَط: مذ، کاٹا ہوا، تراشا، قلم کی نوک

قطار: مو، سیدھی اور لمبی صف، ایک سلسلے اور ایک ترتیب میں ہونا، زنجیر، سلسلہ

قطار باندھنا: صف تیار کرنا، سلسلہ باندھنا، پرا جمانا

قَطّامہ: مو، بدچلن عورت، فاحشہ، کسبی

قُطب: مذ، زمین کی گولائی کے دونوں کنارے جس کیل پر چکی گھومتی ہے، معزز، قوم کا سردار، ولی، جمع اقطاب

قُطبِ جنوبی: زمین کی گولائی کا دکھنی سرا

قُطب نُما: سمت معلوم کرنے کا آلہ

قُطبین: مذ، قطب شمالی اور قطب جنوبی، دونوں قطب

قُطر: مذ، سمت، سرا، کنارا، سیدھی لکیر جو دائرے کے مرکز سے ہوتی ہوئی دونوں طرف محیط تک کھینچی جائے، جمع اقطار

قَطرہ: مذ، بوند، جمع قطرات

قطرہ آنا: پیشاب بوند بوند آنا، پیشاب کی بوند نکل جانا

قَطرہ زن: تیز رفتار، تیز رو، دوڑنے والا، بھاگنے والا

قطرہ قطرہ دریا ہوتا ہے: تھوڑا تھوڑا ملا کر بے کراں بن جاتا ہے

قَطع: سو، کاٹ، تراش، خراش، وضع، طور، طریق، طرز

قَطعِ تعلق کرنا: دوستی ختم کرنا، رسم وراہ ختم کرنا

قَطع کلام کرنا: بات کاٹنا، بیچ میں بولنا

قَطعِ مسافت: راستہ چلنا، راستہ طے کرنا، سفر کرنا

قطعِ نظر: بجز اس کے، اس کے سوا، بہرصورت، تاہم، پھر بھی، اس پر بھی

قطع وبرید: کتر بیونت، کاٹ چھانٹ، تراش خراش

قطعاً: ہرگز، ذرا بھی، اصلاً، بالکل

قِطعہ: مذ، جز، حصہ، ٹکڑا، زمین کا ٹکڑا، علاقہ، پرچہ، شاعری کی ایک صنف جس میں چار مصرعہ میں ایک خیال کو پیش کرتے ہیں، جمع قطعات

قطع بند: جب کوئی خیال دو یا دو سے زائد اشعار میں نظم کیا جائے

قَطعی: ضروری، یقینی، واقعی، کامل، پوری، مکمل

قِطمیر: مذ، قرآن میں مذکور اصحاب کہف کے کتے کا نام، کھجور، چھوہارے کی گٹھلی، اوپر کی باریک جھلی

قُطن: مذ، روئی، کپاس، سوت

قَعب: سو، قاب، بڑا پیالہ، جام، ساغر

قعدہ: مذ، بیٹھنا، نماز میں التحیات پڑھنے کے لیے بیٹھنا

قعر: مذ، گہرائی، بڑا گڑھا، آخری سطح، تھاہ، تہ، زمین کے اندر

قعرِ مذلت: سب سے زیادہ رسوائی، سب سے بڑی ذلت

قُعود: مذ، بیٹھنا، نشست

قَفا: سو، گدی، گردن کی پشت، پچھلا حصہ

قَفس: مذ، جال، پنجرا، پھندا، جسم، پیکر خاکی

قفل: مذ، تالا، جمع اقفال

قفل بردار: تالا کھولنے والا، پہرے دار، حفاظت کرنے والا

قفل لگانا: تالا لگانا، مقفل کرنا، مکان بند کرنا، مکان پر قبضہ کرنا

قَفلی: سو، ڈھکنے کا برتن، نلکی جو دوسری نلی میں آسانی سے گزر سکتی ہے، وہ نلکی جس میں شکر دودھ برف ملا کر برف سے جماتے ہیں، قلفی

قفلی (قلفی) جمانا: شکر دودھ ملا کر برف سے جمانا

قُمّری: مذ، روایتی خوش آواز اور خوش رنگ پرندہ

قُل: مذ، امر کا صیغہ، بمعنی کہہ، فاتحہ، نذر ونیاز، ختم قرآن پاک کی یہ چار سورتیں، کافرون، اخلاص، فلق، ناس

قُل کرنا: کام ختم کرنا، بہت انتظار کرانا

قلا بازی: سو، پاؤں اوپر اور سر نیچے کر کے لڑھکنا، کھیل، تماشہ، کرتب

قُلّاب: مذ، آنکڑا، کنڈا، کانٹا (مچھلی پکڑنے کا)

قِلادہ: مذ، گلے کا فیتہ، پٹا، گلوبند، کتے کے گلے کا پٹا

قلاش: غریب، تنگ دست، کنگال، شہدا، لچا، لفنگا

فلا قند: کھویے سے بنی ایک طرح کی مٹھائی

فلا چ: مو، چھلانگ، جست، چوکڑی، زقند

فلا نچیں بھرنا: فلانچیں لگانا، چوکڑیاں بھرنا، چھلانگیں لگانا، جست کرنا

قلب: دل، من، جی، ضمیر، بیچ، کھوٹا، الٹا، اوندھا، جمع قلوب

قلب ساز: جعلی سکہ بنانے والا، کھوٹا پیسہ بنانے والا

قلب ماہیت: حقیقت بدل دینا، اصلیت تبدیل کر دینا

قلبِ مضطر: بے قرار دل، بے چین دل، پریشان طبیعت

قلبہ: ہل، زمین جوتنے کا اوزار

قِلّت: مو، کم یابی، مشکل سے ملنا

قلتبان: مذ، بھڑوا، بے شرم، بے غیرت

قُلّتین: مذ، دس من پانی رکھا جانے والا برتن، نجس، فاحشہ، بدچلن

قُلزوم: مذ، مصر اور عرب کے درمیان واقع سمندر، کنایۃً بہت گہرا سمندر

قلع: مذ، ڈھانا، گرانا، زمین بوس کرنا، مسمار کرنا، منہدم کرنا

قلع قمع: ڈھانا، گرانا، مسمار کرنا، نابود کرنا، مٹا دینا، ختم کرنا

قِلعہ: مذ، بادشاہ یا فوج کے رہنے کے لیے انتہائی مضبوط، سنگین اور کشادہ عمارت، حصار، محفوظ مقام، جمع قلعے، قلعہ جات، قلاع، قلوع

قِلعہ بند: قلعہ میں پناہ گزیں، قلعہ کی حفاظت میں رہنے والا

قِلعہ شکن: قلعہ توڑنے والا، بہادر، جری

قلعی: مو، رانگا، رانگ، ملمع، روغن، سفیدی، مکانوں کی سفیدی اور رنگائی

قلعی کا کشتہ: رانگا کا کشتہ، پھولکا ہوا رانگا

قلعی کھل جانا، قلعی کھلنا: برتن سے رانگا اتر جانا، حقیقت نمایاں ہو جانا، اصلیت بے نقاب ہو جانا، راز کھل جانا

قلعی گر: برتنوں پر رنگ روغن یا قلعی چڑھانے والا، مکانوں کی سفیدی کرنے والا

قُلقاس: مذ، ایک سبزی، ترفہ

قلق: مذ، افسوس، رنج، بے قراری، اضطراب، پچھتاوا، اندوہ

قُلقُل: مو، برتن سے پانی یا شراب انڈیلتے وقت پیدا ہونے والی آواز

قلم: مذ، لکھنے کا اوزار، خامہ، کلک، برش، کاٹا ہوا، پودا تیار کرنے کے لیے کاٹی ہوئی ہری شاخ، کھیتی کے اوپر کے بال، جمع اقلام

قلم انداز کرنا: لکھتے میں چھوڑ دینا، کاٹ دینا

قلم برداشتہ لکھنا: اسی وقت لکھنا، بے ساختہ لکھنا، بغیر تیاری کے لکھنا

قلم بنانا، قلم تراشنا: کھیتی کے اوپر کے بال کاٹنا

قلم بند: ضبطِ تحریر میں لایا ہوا، لکھا ہوا، تحریری شکار کیا ہوا

قلم بند سنانا: بہت گالیاں دینا، بے نقط سنانا، جی بھر کر کوسنا

قلم پکڑنا نہیں آتا: لکھنا پڑھنا نہیں آتا، لکھنے پڑھنے سے نابلد، اَن پڑھ

قلم پھیرنا، قلم کھینچنا، قلم مارنا: تحریر کو کاٹ دینا، منسوخ کر دینا، غلطیوں اور گناہوں کو معاف کرنا

قلم تراش: قلم بنانے کا اوزار، چاقو

قلم توڑ دینا: ایسی تحریر جس کا کوئی مقابلہ نہ کر سکے، بے نظیر تحریر

قلم چلانا: لکھنا، درج کرنا، تحریر کرنا

قلم دان: قلم دوشنائی رکھنے کا صندوقچہ

قلم دان دینا: وزیر بنانا، خاص عہدہ دینا، وزارت کی ذمہ داری سونپنا

قلم رو: اقلیم، سلطنت، حکومت، راج، ریاست

قلم زد کرنا: کاٹنا، منسوخ کرنا، غلط قرار دینا

قلم زن: لکھنے والا، منشی، محرر، نقاش، صور گر، مصور

قلم کار: فنکار، محرر، منشی، مصور، نقاش، رنگ ساز، کندہ کرنے والا

قلم لگانا: ہری شاخ کو زمین میں گاڑ کر پودا تیار کرنا اور اسے لگانا

قلم مو، مو قلم: بالوں کا قلم، برش جس سے رنگ بھرتے ہیں

قلماقنی: مو، اروا بیگنی، شاہی محلوں میں پہرہ دینے والی عورتیں

قلمی: خطی، قلم کی تحریر، مکتوبی، مخطوطہ، ہاتھ کا لکھا ہوا

قلمی آم: قلم لگائے درخت کا آم، پیوندی آم

قلمی شورہ: بہت صاف کیا ہوا شورہ

قلندر: درویش، آزاد، رند، آنکڑا، قلابہ

قلوب: مذ، قلب کی جمع، دل، من، جی، ضمیر

قلہ: مو، پہاڑ کی چوٹی، زردی مائل گھوڑا

قلی: مذ، سامان ڈھونے والا، ملازم، مزدور

قلیان: پیچوان، گڑگڑی، حقہ

قلیب: مو، پرانا کنواں، چھوٹا، قلب، لومڑی، ایک بحر کا نام

قلیت: بھنا ہوا، پورا حصہ، بھیڑ

قلیس: کنجوس، بخیل، کم خرچ

قلیط: فولے میں ورم آنا یا بڑھنا

قلیل: ذرا سا، بہت تھوڑا، بہت کم، چھوٹا

قلیل البضاعت: بہت کم سرمایہ والا، تھوڑے پیسے والا

قلیہ: مذ، گوشت جو بھون کر پکایا جائے، شوربے والا گوشت

قم: زندہ ہو جا، اٹھ کھڑا ہو

قم باذن اللہ: اللہ تعالیٰ کے حکم سے زندہ ہو جا، حضرت مسیحؑ کا مردوں کو زندہ کرنے کا معجزہ

قم باذنی: میرے حکم سے زندہ ہو جا

قمار: مذ، جوا، بازی کے ساتھ ہار جیت، بازی پر روپیہ لگا کر کھیلنا

قمار باز: جواری، جوے باز، بازی بد کر کھیلنے والا

قمار خانہ: جوے کا اڈہ، جہاں جوئے کا کھیل کھیلا جاتا ہو

قمار کاغذی: تاش، گنجفہ

قماش: مذ، وضع، قطع، طور طریقہ، قسم، جنس، گھر کا سامان، اثاثہ، ریشم کا کپڑا، ہنر، فن

قمچی: مو، کوڑا، چابک، تازیانہ، چھڑی، بید، لچکیلی ٹہنی یا شاخ

قمر: مذ، چاند، ماہ، مہ، ماہتاب، چاندی، سیم، جمع اقمار

قمر پیکر، قمر شمائل، قمر طلعت: خوبصورت محبوب

قمر در عقرب: چاند کا برج عقرب میں آنا، نحوس شگون

قمر وش: چاند جیسا حسین محبوب

قمری: مو، فاختہ سے ملتی جلتی ایک چڑیا

قمع: مذ، تباہ، برباد، مسمار، انہدام

قمقام: مذ، چھرا، اسیر قوم، بڑا دریا

قمقمہ: مذ، چھوٹی قندیل، بجلی کے چھوٹے چھوٹے بلب، چھتوں میں لگائے جانے والے آرائشی بلب

قمیص: مو، کالر دار، بغیر کلی کا کرتہ

قنات: مو، خیمہ کے چاروں طرف لگائی جانے والی کپڑے کی دیوار

قنّاد: مذ، حلوائی، قند ساز، مٹھائی فروش

قناعت: مو، صبر و شکر، تھوڑے وسائل یا روزی پر صابر، خدا کی مرضی پر خوش

قند: مذ، شکر، چینی، کھانڈ، مٹھائی، سرخ رنگ کا کپڑا

قند پارسی: مصری، بہت ہی خوش ذائقہ قند

قند گھولنا: شکر گھولنا یا ملانا، کنایۃً شیریں گفتار ہونا

قند مکرّر: دوبار صاف کیا ہوا قند، دوبار کہی جانے والی اچھی بات

قندیل: مو، ایک طرح کا فانوس جس میں شمع جلا کر چھت میں لٹکاتے ہیں، شیشے کا رنگین یا نقاشی کیا ہوا برتن، جس میں چراغ روشن کر کے چھت میں باندھ دیتے ہیں، جمع قنادیل

قنس: مذ، بنیاد، جڑ، عظمت کا سبب، تاج، متکی

قنص: شکار سے حاصل، شکار

قنط: رکاوٹ، ممانعت

قنوت: مو، عبادت، اطاعت گزاری، نماز وتر میں پڑھی جانے والی دعا

قنوط: مو، مایوس ہونا، آسرا چھوڑ دینا، ناامید ہونا، زندگی کو دکھ درد کا مجموعہ سمجھنا

قنوطیت: مو، مایوسی، وہ نظر جس میں زندگی کو مصیبتوں کا مجموعہ اور موت کو نجات کا ذریعہ سمجھا جاتا ہے

قوا، قویٰ: مذ، قوت کی جمع، طاقتیں، قوتیں

قواریر: مذ، قارورہ کی جمع، شیشیاں، پیشاب کی شیشیاں، پیشاب

قواعد: مذ، قاعدہ کی جمع، اصول، ضابطہ، قانون، رسم، سپاہیوں کی ورزش، جنگ کے اصول، صرف و نحو کا علم جس کے ذریعہ صحیح لکھنا پڑھنا اور بولنا آئے

قواعد کرنا: ورزش کرنا، مشق جنگ کرنا

قوافی: ن، قافیہ کی جمع، اشعار میں ردیف سے پہلے مستعمل لفظ

قوّال: ن، بزرگوں کے اشعار سنانے والا، بسیار گو، بہت بولنے والا، صوفیانہ کلام سنانے والا، قول سنانے والا

قوام: ن، ٹھہراؤ، بنیاد، نظام، اصلیت، خمیرہ، شیرہ، چاشنی

قوانین: ن، قانون کی جمع، ضابطے، اصول، قاعدے، دستور

قوت: مو، غذا، کھانا، طعام، خوراک، جمع اقوات

قوت بسری: روکھی سوکھی کھا کر زندگی گزارنا

قوت لایموت: زندگی کی ضرورت کے مطابق کھانا، اتنی غذا کہ زندگی برقرار رہے

قوت: مو، زور، طاقت، قدرت، مدد، اعانت، دولت، سلطنت، قوئی جمع

قوت آزمانا: طاقت آزمانا، زور لگانا

قوت بازو: ہاتھ کی طاقت، جسمانی قوت، چھوٹا بھائی

قوت باصرہ: بینائی، آنکھ کی روشنی، دیکھنے کی قوت

قوت باہ: مردانگی، شہوت، مباشرت کی قوت

قوت حافظہ: یاد کرنے یاد رکھنے کی قوت، دماغی طاقت

قوت دافعہ: دفع کرنے کی قوت، لڑنے کی قوت

قوت سامعہ: سننے کی قوت، سماعت

قوت شامّہ: سونگھنے کی قوت، اچھی بری مہک کے امتیاز کی قوت

قوت لامسہ: چھونے کی قوت، لمس یا مس کرنے کی قوت

قوت ماسکہ: جو قوت کھانے کو معدے میں محفوظ رکھتی ہے

قوت متخیلہ: سوچنے کی قوت، خیال کرنے کی قوت

قوت مدرکہ: معلوم کرنے کی قوت، دریافت کی قوت

قوت ممیزہ: تمیز کرنے کی قوت، پہچان کرنے کی قوت

قوت ہاضمہ: غذا ہضم کرنے کی قوت، کھانا تحلیل کرنے کی قوت

قُور: ہتھیار، اسلحہ، خاصے کا ہاتھی

قُور بیگی: اسلحہ خانے کا مالک، سلاح خانے کا منتظم

قُور خانہ: اسلحہ خانہ، ہتھیار رکھنے کی جگہ

قُور چی: ن، مسلح سپاہی، ہتھیاروں سے لیس سپاہی

قورما: ن، روغن میں بھنا ہوا گوشت

قُوس: مو، کمان، دائرے کا آدھا حصہ، کمان کی شکل کا نواں آسمانی برج، محراب دار دھنک

قُوسِ قزح: برسات کے دنوں میں آسمان میں نظر آنے والا دھنک

قَول: ن، مقولہ، کسی کی کہی ہوئی بات، کہاوت، قسم، قرار، امیر خسرو کا ایجاد کردہ ایک راگ، جمع اقوال

قَول دینا: وعدہ کرنا، بات دینا، اقرار کرنا

قَول سے پھرنا، مکرنا: وعدے سے انکار کرنا

قولِ صالح: پختہ ارادہ، مصمم عہد

قولِ فیصل: دوٹوک بات، فیصلہ کن بات

قول وقرار: عہد و پیمان، وعدہ وتسلیم

قول کا پکا: بات کا سچا، وعدہ کا پورا

قولِ مرداں جان دارد: مرد کی ایک زبان ہوتی ہے، وہ بات کا سچا ہوتا ہے

قول وفعل: گفتار و کردار، بات اور عمل

قول وقسم: وعدہ وعید، عہد و پیمان

قولنج: مذ، پسلی کے نیچے کا درد، معدہ کا درد

قوم: مو، قبیلہ، جماعت، فرقہ، ایک ملک کے باشندے، تہذیبی گروہ، جمع اقوام

قومہ: مذ، نماز میں رکوع اور سجدے کے درمیان کھڑا ہونا

قومیت: مو، نسل، جمعیت، گروہ، علاقائی، تہذیبی یا تمدنی عصبیت

قونسل: مذ، وکیل، نائب، سفیر، جانشین، نمائندہ

قوی: طاقتور، توانا، زور آور، مضبوط

قوی الجثہ: ہیکڑ جسم، مضبوط بدن کا

قوی ہیکل: ڈیل ڈول والا، توانا، مذ آور، مستحکم

قہار: زبردست، غضب ناک، غالب، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام

قہر: مذ، غضب، زبردستی، غصہ، طاقت، غلبہ، مشکل، آفت، مصیبت، عذاب، غصہ ور، جوش وخروش، ناراضگی، خوفناکی، جبر وظلم، بہت ہی شوخ وتند، قابلِ تعریف، حسین، بہت زیادہ، عجیب وغریب

قہرِ الٰہی: خدا کا غضب، خدا کا عتاب

قہر ٹوٹنا: عذاب آنا، مصیبت آنا

قہرِ درویش بر جانِ درویش: معذور ہی اپنے غیظ وغضب کا نشانہ بنتا ہے

قہر ڈھانا: زیادتی کرنا، ظلم وستم کرنا

قہرکا: غضب کا، بہت زیادہ، بہت شوخ، خوفناک

قہر نازل ہونا: عذاب نازل ہونا، مصیبت آنا

قہر ہونا: عذاب ہونا، غضب ہونا، ظلم ہونا

قہر ہے: غضب ہے، ستم ہے، حسین وجمیل ہے، مصیبت ہے

قہرمان: مذ، خزانچی، وکیل، حاکم، خوف وغضب کے ساتھ حکمرانی، ہیرو

قہقری: مذ، لوٹنا، چلنا، پیچھے کی طرف چلنا

قہقہہ: مذ، زور زور سے ہنسنا، ٹھٹھا مار کر ہنسنا

قہقہہ لگانا: زور زور سے ہنسنا، ٹھٹھا مار کر ہنسنا

قہوہ: مذ، ایک بیج جسے بھوننے کے بعد پیس کر شکر اور دودھ کے ساتھ پانی میں ابالتے اور دودھ شکر ملا کر پیتے ہیں

قہوہ خانہ: قہوہ پینے کی دوکان، جہاں قہوہ بکتا ہو

قے: مو، الٹی، متلی، استفراغ، ابکائی

قے آنا: متلی آنا، الٹی ہونا، ابکائی آنا، کراہت ہونا

قیادت: مو، رہنمائی، سربراہی، امارت، رہبری

قیاس: مذ، اندازہ، قیافہ، تخمینہ، اٹکل آس پاس، خیال، فہم، عقل، جمع قیاسات

قیاس سے باہر: تصور سے باہر، تخمینہ سے زیادہ، بے اندازہ، بیحد وحساب

قیاس کرنا، قیاس لگانا: تصور میں لانا، اندازہ کرنا

قیاس کن زگلستانِ من بہار مرا: میری بہار کا میری پھلواری سے اندازہ کر، دیکھ کر اندازہ لگانا

قیاس میں آنا: سمجھ میں آنا، یقین کرنا

قیافہ: مذ، شگون، فال، اچھے برے کے جانچنے کا علم، قیاس، اندازہ، عقل وفہم

قیافہ شناسی: کسی انسان کی شکل وصورت سے اس کے کردار گفتار کے بارے میں قیاس کرنے کا علم

قیام: مذ، کھڑا ہونا، اٹھنا، نماز میں کھڑا ہونا، اقامت، رہائش، گزارنا، استقلال، استحکام، سلامتی

قیام پذیر: مقیم، ٹھہرا ہوا، بسیرا کیے ہوئے، مستحکم، برپا

قیامت: مو، واقع ہونا، قائم ہونا، کھڑا ہونا، حشر میں جب سارے مردے زندہ ہوں گے اور اعمال کے مطابق جزا وسزا دی جائے گی، یوم جزا، موت، قضا، مدت دراز، آفت، بہت مشکل عذاب، شور وہنگامہ، افراتفری، بہت زیادہ ہوشیاری، شوخی

قیامت آنا: ہلچل ہونا، مصیبت آنا، قہر نازل ہونا

قیامت اُٹھانا: ہنگامہ کرنا، آفت آنا، مصیبت پیدا کرنا

قیامت بَرپا کرنا: ہنگامہ کھڑا کرنا، شور وغل مچانا، قہر وغضب پیدا کرنا

قیامت پر اُٹھا رکھنا: روز جزا کے انصاف پر چھوڑ دینا

قیامت پر قیامت: تکلیف پر تکلیف، آفت پر آفت، متواتر ظلم

قیامت ٹوٹنا: بلا کا نازل ہونا، آفت آنا، بہت غصہ کرنا

قیامت خیز: ہنگامہ برپا کرنے والا محبوب، بڑی آفت

قیامت ڈھانا: مصیبت میں ڈالنا، ہلچل مچانا، جبر وظلم کرنا

قیامت کی بات ہے: افسوس ہے، حیرت ہے، غضب ہے

قیامت گزرنا: سخت آفت آنا، مصیبت جھیلنا، غضب نازل ہونا

قیامت مچانا: ستم کرنا، آفت مچانا، قہر وغضب لانا

قیامت ہونا: غضب ہونا، آفت ہونا، ظلم ہونا، بڑا شر پرہونا، ہنگامہ محشر ہونا، بہت ہی حسین ہونا

قیامت ہے: مصیبت ہے، بلا ہے، اندھیر ہے، آفت ہے، بہت ہی خوبصورت ہے، بڑا شر پرہے

قید: مو، اسیر، حبس، جیل، پابند، روک، جمع قیود

قید اُٹھا دینا: پابندی ختم کر دینا، آزاد کر دینا

قید بامشقت: ایسی سزا جس میں اسیری ہو مگر محنت نہ ہو

قید تنہائی: اکیلے رہنے کی قید، اذیت ناک سزا

قید خانہ: جیل خانہ، مجرموں کے رہنے کی جگہ، بندی گھر

قیدِ سخت: محنت ومشقت والی سزا

قیدِ فرنگ: انگریزوں کی قید، جس سے جاں بر ہونا دشوار ہوتا تھا

قید کرنا: اسیر کرنا، پابند کرنا، گرفتار کرنا، بیڑیاں لگانا

قید لگانا: پابند کرنا، محدود کرنا، حد مقرر کرنا

قیدِ محض: بغیر محنت کے پابندی، جس اسیری میں مشقت نہ کرنی پڑے

قید ہونا: اسیر ہونا، گرفتار ہونا، جیل جانا، پابند ہونا

قیدی: اسیر، گرفتار، سزا یافتہ

قیر: مذ، تارکول، ایک گاڑھا روغن جو جہاز یا کشتی کے دراز بھرنے کے کام آتا ہے

قیرگوں: کالا، سیاہ فام

قیراط: مذ، وزن جو درہم کے بارہویں حصے کے برابر ہو

قیس: مذ، روایت کی رو سے لیلیٰ کے عاشق مجنوں کا نام

قیصر: مذ، روم کے بادشاہ کا لقب، شہنشاہ، جمع قیاصرہ

قیصرِ ہند: انگلستان کے بادشاہوں کا لقب

قیطون: مذ، مذہبی اور ریشم کی بٹی ہوئی ڈوری، باریک دھاگا

قیف: مذ، بوتلوں میں پتلی شے بھرنے کا آلہ

قیق: مو، چیخ کی آواز، ہاتھی کے چنگھاڑنے کی آواز

قیل وقال: مو، بحث ومباحثہ، گفتگو، ردوکد

قیلولہ: مذ، دوپہر کا کھانا کھا کر کچھ دیر آرام کرنا

قیم: مذ، قائم کرنے والا، منتظم، نگراں، سربراہ، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام

قیمت: مو، دام، نرخ، بھاؤ، مول، ہر تبہ بقدر منزلت

قیمت لگانا: دام لگانا، نرخ مقرر کرنا

قیمتی: زیادہ دام کا، گراں، مہنگا، قابلِ قدر

قیمہ: مذ کٹا ہوا گوشت، بہت باریک کیا ہوا گوشت

قینچی: مو، مقراض، کترنی، آڑی ترچھی بلیاں یا لوہے کی سلاخیں جو مکان وغیرہ کی تعمیر میں کام آتی ہیں

قینچی کی طرح زبان چلنا: بہت تیز گفتگو کرنا، بہت بولنا، گستاخی کی گفتگو کرنا

قیود: مو، قید کی جمع، اسیری، پابندی، جیل، سزا

قیوم: مستحکم، قائم رہنے والا، پائیدار، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام

ک

کا: اضافتی حرف، نسبت، تعلق وغیرہ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے

کانَس: چکنی مٹی کا لیپ، جو مٹی کے خام برتنوں پر لگایا جاتا ہے

کابک: مو، کبوتروں اور بٹیروں کا ڈربا

کابُل: مذ، ملک افغانستان کا دارالحکومت

کابُل میں کیا گدھے نہیں ہوتے: اچھے آدمیوں کے ساتھ برے آدمی بھی ہوتے ہیں

کابُوس: مذ، نیند کی بیماری، سوتے میں ایسا معلوم پڑنا جیسے کوئی آسیب سینے پر سوار ہو کر بوجھ رہا ہو

کابین: مذ، مہر، وہ رقم جسے شوہر نکاح کے وقت بیوی کو دینے کا اقرار کرتا ہے

کابینہ: مذ، مجلس وزارت، وزارت، وزیروں کی جماعت

کاپی: مو، مشق یا لکھنے کے لیے مجلد سادہ اوراق، بیاض، کتاب کا نسخہ، نقل

کاتا: مذ، سوت، دھاگا بنتا ہوا، بانس کاٹنے کا چھرا

کاتا اور لے دوڑی: غیر مستقل مزاج، کام کیا اور فوراً مزدوری کے لیے تقاضا شروع کر دیا

کاتِب: مذ، لکھنے والا، خوش خط لکھنے والا، کتابت کرنے والا، محرر، جمع کتاب، کاتبین

کاتبِ تقدیر: تقدیر لکھنے والا، یعنی اللہ تعالیٰ

کاتِک کی کُتیا: فاحشہ عورت، کسبی، بدچلن عورت

کاتنا: سوت بنانا، روئی یا ریشے سے دھاگا تیار کرنا

کاتنا تو آتا نہیں لگی پونیاں بنانے: ناواقفیت کے باوجود کسی کام میں دخل دینا، کسی ہنر کی ابتدا سے واقف نہ ہونے کے باوجود استادی کی بات کرنا

کاٹ: مو، گھاؤ، تیزی، برش، روانی، خراش، چیرانٹ، دشمنی، برائی

کاٹ پھانس: مو، کاٹنا اور درست کرنا، کتر بیونت، چغلی، عیاری، دل خراشی

کاٹ چلنا: داؤ پیچ چلنا، مکاری کرنا، شیخی بگھارنا

کاٹ چھانٹ: کتر بیونت، کاٹ کر درست کرنا، تراش خراش، بیکار، داؤ پیچ

کاٹ ڈالنا: قطع کرنا، قلم زد کرنا، قلم کرنا، الگ کرنا، رد کرنا

کاٹ کرنا: توڑ کرنا، تراشنا، چھیلنا، گھاؤ کرنا

کاٹ کوٹ: جراحی، چیر پھاڑ، کتر بیونت، منہا کر کے، کم زیادہ کر کے

کاٹ کھانا: منہ سے کاٹ لینا، ڈس لینا، دانت سے کاٹنا، ڈنک مارنا

کاٹ کھانے کو دوڑنا: غصہ کرنا، جنگ کرنا، بدمزاج ہونا، ترش روئی سے پیش آنا

کاٹنا: قلم کرنا، قطع کرنا، الگ کرنا، شاخ چھانٹنا، منہ مارنا، دانت سے کاٹنا، ڈسنا، ڈنک مارنا، گھاؤ کرنا، رد کرنا، منسوخ کرنا، کترنا، بسر کرنا، درمیان گفتگو خل ہونا، سفر طے کرنا، گردن جسم سے الگ کرنا

کاٹو تو خون نہیں: خوف یا حیرت کی وجہ سے خون

سوکھ جانا

کاٹھ: مذ، سوکھی لکڑی، سخت، مضبوط، وہ لکڑی جس میں مجرموں کے پاؤں باندھ دیے جاتے ہیں، بے وقوف، بے حس

کاٹھ کا اُلو: احمق، نادان، بے وقوف

کاٹھ کا گھوڑا: معذور کی لکڑی، بیساکھی، سہارا

کاٹھ کباڑ: بے کار سامان، فالتو سامان، کوڑا کرکٹ

کاٹھ میں پاؤں پڑنا: قید ہونا، بیڑی پڑنا، پابند نجیر ہونا

کاٹھ ہو جانا: بے حس ہونا، بے حرکت ہونا، سخت ہو جانا، چپ ہو جانا

کاٹھی: مو، جسم کی بناوٹ، جسامت، ڈھانچہ، میان، گھوڑے کا چمڑے کا زین

کانے کا منتر نہیں: خطرناک، موذی کا علاج نہیں، بہت ہی خطرناک، مہلک

کانے نہ کٹنا: سخت، دشوار، تکلیف دہ، اذیت ناک، ختم نہ ہونا

کاج: مذ، کام، کار، شادی سے متعلق کام دھام

کاج بنانا: کپڑے میں بٹن کے لیے سوراخ کرنا، بنانا، بوتام کا خانہ بنانا

کاجل: مذ، چراغ کا دھواں، سرسوں کے تیل سے چراغ جلا کر اس کے دھوئیں کی سیاہی کو گاڑھا کر کے آنکھوں میں لگاتے ہیں

کاجل اُڑانا: نشانی ختم کر دینا، دھوکا دینا

کاجل پارنا: چراغ کی سیاہی اکٹھا کرنا، کاجل تیار کرنا

کاجل دینا، کاجل سارنا: آنکھوں میں کاجل لگانا، کاجل استعمال کرنا

کاجل کا تِل: خوبصورتی کے لیے گالوں پر لگایا جانے والا کاجل کا خال

کاجل کی بجلوٹی: کالی کلوٹی، بہت زیادہ سیاہ فام

کاجل کی کوٹھری: جس گھر میں کاجل پارا جاتا ہے، رسوائی کا گھر

کاجنا: بجنا، آواز پیدا ہونا

کاجُو: مذ، ایک پھل، خشک میوہ

کاچھ: مذ، جانگھ، ران، زانو کے اوپر کا حصہ

کاچھ کھولنا: لنگوٹ کھولنا، ننگا ہونا، بے شرم ہونا

کاچھن: مو، ہندو سبزی فروش کی بیوی، سالن، ہندو کنجڑن

کاچھی: مذ، ہندو کنجڑا، ہندو سبزی فروش

کاخ: مذ، قصر، ایوان، محل، بڑی عمارت

کاڈ: مذ، ایک سمندری مچھلی جس کا تیل مشہور ہے

کاذب: جھوٹا، دروغ گو، بے اعتبار

کار: مو، چھوٹی گاڑی

کار: مذ، کام، کاج، پیشہ، ہنر، کرتوت، کاشتکاری، جنگ، مقصد، شادی کا اہتمام

کار آزمودہ: واقف کار، تجربہ کار، ماہر

کار آفریں: کام پیدا کرنے والا، مجاز اللہ تعالیٰ

کارآگاہ: ماہر، تجربہ کار، کام کی اصلیت سے واقف

کارآمد: مفید، سودمند، نفع بخش، ضروری

کاربند: فرماں بردار، عملی شکل دینے والا، عمل کرنے والا

کاربوزینہ عیست نجاری: آرہ کھینچنا بندر کا کام نہیں، ہر شخص ہر کام کرنے کے لیے اہل نہیں

کارپرداز: کام کرنے والا، کاردار، کارکن، کارندہ، منتظم

کارثواب: اچھا کام، بھلائی کا کام، نیکی کا کام

کارچوب: زردوزی یا کشیدہ کاری کا کیا ہوا کام، جس لکڑی پر تانے پھیلا کر بنتے ہیں

کارچوبی: کشیدہ کاری، گل بوٹے بنانا، کشیدہ کاری، زردوزی

کارخانہ: مذ، کام کرنے کا گھر، جہاں بہت بڑی تعداد میں سامان تیار ہوتا ہے، جہاں بہت سے مزدور کام کرتے ہیں، نظام کائنات، دنیا، کاروبار، مل، فیکٹری

کارخانہ الٰہی: قدرت خداوندی، کائنات، نظام کائنات

کارخانہ دار: کاروباری شخص، کارخانے کا مالک، باورچی، بکاول، ساز وسامان کا نگراں

کارخیر: ثواب کا کام، بھلائی کا کام، نیک کام، لڑکی کی شادی، امداد

کاردار: کام رکھنے والا، عہدے دار، تجربہ کار، ماہر

کارداں: کام جاننے والا، واقف کار، کاریگر

کارروائی: کام کو آگے بڑھانا، کام چلانا، کام کاج، اصول ضابطہ، انتظام، پیروی، عدالت کی روداد

کارزار: جنگ وجدل، رن، لڑائی، رزم

کارساز: کام بنانے والا، کام انجام دینے والا، اللہ تعالیٰ

کارسنج: کاریگر، واقف کار، ہوشیار

کارشناس: واقف کار، ہوشیار، کاریگر، تجربہ کار

کارفرما: حکم دینے والا، حاکم، کام بنانے والا

کارکردگی: کارگزاری، کام کرنے کی صلاحیت، قابلیت

کارکردہ: ماہر، تجربہ کار، واقف کار، کارندہ

کارکن: اہلکار، عہدے دار، مختار، سربراہ

کارگاہ: کارخانہ، کام کرنے کی جگہ

کارگر: فوراً اثر کرنے والی، مؤثر، مفید، کاری، مہلک

کارگزار: اطاعت گزار، حکم بردار، کام کرنے والا، کارندہ، ہوشیار

کارگزاری: فرماں برداری، تعمیل ارشاد، مستعدی

کارمردانہ: دلیری کا کام، جرأت کا کام، جری کا کام

کارنامہ: غیر معمولی کام، کار جنگ، بہادری کا تمغہ، قانون، دستور، حکومت، تاریخی کام

کارنمایاں: بہت اہم کام، قابل ذکر کام، بڑا کام

کاروبار: دھندا، کام کاج، مصروفیت، مشغلہ

کاروباری: کام دھندے کا آدمی، تاجر، کارخانہ دار، مہتمم، مطلب پرست

کارے دارد: دشوار کام ہے، بہت دقت طلب کام ہے

کارے نہ مسئلے: بے فائدہ، فضول

کارتوس: مذ، بندوق کی گولی جس میں بارود مسالہ بھرا ہوتا ہے

کارٹون: مذ، ٹیڑھی ترچھی تصویروں سے کسی کا خاکہ اڑانا بطنزیہ تصویر

کارد: مو، چھری، چھرا، چاقو

کارڈ: مذ، پوسٹ کارڈ، تاش کا پتا، دبیز کاغذی ٹکڑا

کارستانی: مو، شرارت، سازش، عیاری، ہوشیاری، جوڑتوڑ

کارک: مذ، کاک، بوتلوں کا منہ بند کرنے کی ڈاٹ

کارَن: مذ، وجہ، سبب، باعث

کارندہ: مذ، کام کرنے والا، مستعد، محنتی، مزدور، منتظم

کارنس: مذ، منڈیر، دیوار کی کنگنی

کارواں سالار: قافلے کا امیر، میر قافلہ

کارواں سرا: جہاں قافلہ ٹھہرے، قافلہ کے اترنے کی جگہ

کاری: مذ، مو، کارگر، مہلک، تیز، بھاری، گہرا

کاریز: مو، کھیتوں کی آب پاشی کے لیے بند نالی، چھوٹی نہر

کاریگر: مذ، کام کرنے والا، ہنرمند، دستکار، لوہار، بڑھئی، معمار، ہوشیار، استاد

کاڑھا: مذ، جوشاندہ کے قسم کی دوا

کاڑھنا: باہر کرنا، نکالنا، ابالنا، کشید کرنا، کھینچنا، بناوٹ کا کام کرنا، قرض لینا، سوئی تاگے سے بیل بوٹے بنانا، کشیدہ کاری، بند کرنا

کاس: مذ، تھن، ایک لمبی گھاس

کاس پھولنا: بارش کے موسم کا ختم ہونا

کاسب: روزی کمانے والا، محنت کرنے والا

کاست: مو، گھٹاؤ، کمی

کاسد: نقلی، کھوٹا، ناقص، جو خالص نہ ہو

کاسر: توڑنے والا، منقطع کرنے والا، جمع کاسرین

کاسنی: مو، ایک بوٹی کا نام، دوا کا نام

کاسنی رنگ: بنفشی، سرخی مائل، نیلگوں

کاسہ: مذ، پیالہ، کٹورا، بھیک مانگنے کا پیالہ، کھوپڑی، نقارہ، خاصہ کھانا، جمع کاسات

کاسۂ چشم: آنکھ کا حلقہ، آنکھ کا دائرہ

کاسۂ سر: سر کا پیالہ، کھوپڑی

کاسۂ گدائی: بھیک مانگنے کا پیالہ، جس پیالہ میں بھیک کی چیزیں رکھی جائیں، کشکول

کاسۂ لیس: جھوٹے برتن چاٹنے والا، پٹو، نادار، لالچی، خوشامدی، کم ظرف

کاش، کاشکے: خدا کرے، کیا اچھا ہو، اگر ایسا ہو، آرزو اور افسردگی کا کلمہ

کاشانہ: مذ، جھونپڑا، کٹیا، گھونسلا، چھوٹا مکان

کاشانی: شہر کاشان (ایران) کا باشندہ، ایک نفیس عمل

کاشت: مو، کھیتی، زراعت، فصل، پیداوار، کھیت

کاشتکار: کسان، زارع، اسامی، مزدور، کھیتی کرنے والا، زمین دار

کاشف: پوشیدہ حقیقت کو کھولنے والا، نمایاں یا ظاہر کرنے والا، جمع کاشفین

کاظم: غصہ پر قابو رکھنے والا، غصہ برداشت کرنے والا، امام موسیٰ رضا ابن جعفر صادق کا لقب، جمع کاظمین

کاغذ: مذ، قرطاس، پرزہ، رقعہ، تحریر، دستاویز، اخبار، ورق، روزنامچہ، خط، جمع کاغذات

کاغذ پتر: چٹھی، کاغذ تحریر، دستاویز

کاغذ پر چڑھانا: درج کرنا تحریر کرنا

کاغذ سیاہ کرنا: بہت لکھنا، کاغذ خراب کرنا

کاغذ کرنا: دستاویز لکھنا، سند لکھنا، ہبہ لکھنا

کاغذ کی ناؤ: فانی، ناپائیدار، جلد ختم ہونے والی

کاغذ کے گھوڑے: چٹھیاں، نامے، خطوط، درخواستیں

کاغذات: مذ، کاغذ کی جمع، چٹھی، پتر، خطوط، رقعے، پرزے، تحریریں

کاغذی: کاغذ کا کاروبار کرنے والا، بیچنے والا، بنانے والا، کاغذ سے منسوب، دفتری، چھوٹا لیمو

کاغذی پیرہن: کاغذ کا بنا لباس، جسے پہن کر فریادی بادشاہ کے روبرو پیش ہوتے تھے

کاف کن: قرآن پاک کی آیت کریمہ کی طرف اشارہ، جب روز ازل کائنات کی تخلیق کے لیے کہا گیا 'کُن' موجود ہو جا اور کائنات وجود میں آ گئی، روز ازل

کاف ولام: لاف وگزاف، شیخی، خودستائی

کافر: مذ، بیگانہ، دشمن، خدا کے وجود کا منکر، ملحد، بے دین، محبوب، صنم، جمع کفار، کافرین، کافران

کافرہ: مو، کافر کی تانیث، خدا کے وجود کی منکر عورت، ملحد یا بے دین عورت، جمع کافرات

کافور: مذ، سفید اور بہت تیز خوشبودار شے

کافور ہونا: غائب ہو جانا، اڑ جانا، ختم ہو جانا، چل دینا

کافوری شمع: کافور سے تیار شمع، جس میں دھواں نہیں ہوتا اور روشنی بھی تیز ہوتی ہے

کافۂ انام: مذ، انسانوں کی جمعیت، سب لوگ

کافی: مو، قہوہ کی ایک قسم جس کے بیج کو پیس کر ابالتے ہیں اور چائے کی طرح پیتے ہیں

کافی: بہت زیادہ، وافر، افراط

کاک: مذ، ایک طرح کی روغنی ٹکیا، گیہوں

کاکا: مذ، بڑا بھائی، پرانا اور بوڑھا ملازم، چاچا، چھوٹا بچہ

کاک ریزی: مذ، سیاہی مائل، اودا رنگ

کاکل: مو، سر کے بڑے بال، لٹکتے ہوئے بال، لٹ، جٹا، گیسو، زلف

کاکل پیچاں: بل کھائے ہوئے بال، خم شدہ زلفیں، گیسوئے خم دار

کاکن: سوہر سوں کے دانے کے برابر سرخ رنگ کا دانہ

کاکی: مو، چچی، چھوٹی بچی، حضرت قطب الدین

بختیار چشتی کا لقب

کاگ: مذ، کوا، زائع، حلق کے اندر تالو سے لٹکنے والا گوشت، کارک، بوتل کی ڈاٹ

کال: مذ، موت، اجل، قحط، خشک سالی، وقت، زمانہ، موسم، قلت، سیاہ، پرانا، مشہور و معروف

کال پڑنا: سوکھا پڑنا، قحط ہونا، نایاب ہونا

کال کا مارا سب جگ ہارا: بھوکا کچھ بھی نہیں کر سکتا، موت سے دوچار ہو کر بچنا مشکل ہے

کال کوٹھری: تاریک گھر، اندھیری کوٹھری، اکیلے کی قید

کال کے ہاتھ کمان نہ بوڑھا بچے نہ جوان: موت کا مزہ ہر ایک کو چکھنا ہے

کالا: مذ، سرمایہ، پونجی، اسباب، مال

کالا: سیاہ، کالے رنگ کا، سیاہ فام، ناگ، بہت ہی زہریلا سانپ

کالا پانی: انڈمان کے جزائر جہاں ہندوستان کے عمر قید کے مجرم رکھے جاتے تھے، دریائے شور، عمر قید

کالا چور: مشہور چور، شاطر چور، فرضی آدمی

کالا دانہ: اسپند، نظر بد سے بچنے کے لیے جلایا جانے والا دانہ

کالا دیو: بہت ہی سیاہ فام آدمی، مضبوط اور ڈیل ڈول والا آدمی

کالا کلوٹا: بہت ہی سیاہ فام، کاجل جیسا کالا آدمی

کالا منہ: سیاہ چہرہ، بدنام چہرہ، رسوا آدمی، خدا منہ نہ دکھائے

کالے پانی بھیجنا: شہر بدر کرنا، دریائے شور کے اس پار بھیجنا، عمر قید کرنا، حبس دوام کرنا

کالے کوس: کالے کوسوں، بہت ہی دور دراز کا راستہ، بہت طولانی سفر

کالے منہ اندھیرے: بہت صبح صبح سویرے، بھور میں

کالا نعام: جانوروں کی طرح، احمق، بے وقوف

کالبد: مذ، ڈھانچہ، قالب، ہیئت، جسم

کالج: مذ، دارالعلوم، مدرسۃ العلوم، بڑا مدرسہ، انجمن

کالر: مذ، گلوبند، حلقۂ گردن، قمیص کا تکونا حصہ جو گردن کے پاس ہوتا ہے

کالرا: مذ، ہیضہ، قے اور دست کی بیماری

کالعدم: ناپید، نابود، معدوم، جس کا وجود نہ ہو

کالک: مو، سیاہی، بدنامی، برائی، عیب

کالک کا ٹیکا لگنا: رسوائی ہونا، بدنام ہونا، کلنک لگنا، ذلیل ہونا

کالم: مذ، اخبار یا صفحے کا حصہ، خانہ ایک حصہ جو اوپر سے نیچے تک ہوتا ہے

کالونی: مو، نوآبادی، نئی بستی، نوآبادکاری

کالی: کالا کی تانیث، روشنائی سیاہ رنگ کی، مو، ہندوؤں کی ایک دیوی، کالکا، درگا، کالی دیوی

کالی بلا: بہت ہی کریہہ صورت عورت، کالی چڑیل، آفت و ہلاکت

کالی زبان: بددعا کے لیے تاثیر رکھنے والی زبان

کالی کلوٹی: بہت زیادہ سیاہ فام، کریہہ صورت عورت

کالی گھٹا: کالا بادل، سیاہ ابر

کام: مذ، فعل، کار، کاج، دھندہ، کاروبار، کردار، عمل، مصروفیت، مطلب، ہنر، پیشہ، غرض، خدمت، نوکری، مباشرت، عیاشی، خواہش، ذمہ داری، کارچوبی، ہوشیاری، فرض

کام آخر ہونا: موت آنا، قریب الموت ہونا، کام مکمل ہونا

کام آنا: مفید ہونا، سہارا ہونا، جنگ میں ختم ہونا، استعمال میں آنا، خرچ ہونا

کام بگاڑنا: کام خراب کرنا، خلل ڈالنا، رسوائی کرنا

کام بنانا: کام ٹھیک کرنا، مطلب نکالنا، کام انجام دینا، کامیابی حاصل کرنا

کام پر لگانا: کسی ذمہ داری یا خدمت پر لگانا، مزدوری پر لگانا، کوئی کام یا ہنر سکھلانا

کام پڑنا: واسطہ ہونا، غرض ہونا، مقصد پڑنا

کام تمام کرنا: کسی کام کو انجام تک پہنچانا، قتل کرنا، مار ڈالنا

کام چلانا: انتظام کرنا، کاروبار چلانا، مشکل سے کام نکالنا، مقصد پورا کرنا

کام چوپٹ ہو جانا: کام بگڑ جانا، کام خراب ہونا

کام چور: کاہل، سست، محنت سے جی چرانے والا

کام دار: کارندہ، کام کرنے والا، عہدیدار، زری کا کام کیا ہوا

کام دانی: ریشمی کپڑے پر سونے چاندی کے تاروں کی کڑھائی

کام دھندا: کام کاج، کاروبار، تجارت

کام دینا: ضرورت پوری کرنا، مدد دینا، کام آنا، ذمہ داری سونپنا

کام سے کام رکھنا: غرض سے سروکار رکھنا، مطلب تک محدود ہونا

کام کا: مفید، کارآمد، مقصد کا

کام کا نہ کاج کا، دشمن اناج کا: نکما انسان جسے صرف کھانے سے سروکار ہو

کام کاج: کاروبار، تجارت، لین دین

کام کرنا: مصروف ہونا، کام انجام دینا، مقید ہونا، کارگر ہونا، کامیاب ہونا، مارنا، مباشرت کرنا

کام میں کام نکالنا: ایک کام کے ساتھ دوسرا کام بتا دینا، کسی کام کو پورا نہ ہونے دینا، کام بڑھانا

کام میں لانا: استعمال کرنا، مصرف میں لانا، خرچ کرنا

کام ہونا: کام مکمل ہونا، ضرورت پڑنا، ہلاک ہونا

کام: مذ، حلق، تالو، منہ، دہاں، مقصد، مراد، تمنا، خواہش

کام راں: بلند بخت، اقبال مند، خوش نصیب

کام رانی: بلند بختی، اقبال مندی، بخت آوری

کام گار: اقبال مند، خوش بخت، کامراں

کام یاب: کام راں، ظفر مند، بلند اقبال

کامریڈ: مو، رفیق، دوست، ساتھی، مددگار

کامل: ماہر، ہنرمند، خدارسیدہ، عالم، مستحکم، پکا، تمام، پورا، جمع کاملین

کامنی: مو، بہت ہی خوب رو عورت، دوشیزہ، نرم اور نازک عورت، ایک پھول

کامود: مذ، رات کے وقت گانے کی مال کوس راگ کی ایک قسم

کان: مذ، جسم کا عضو جس سے سنائی دیتا ہے، قوت سماعت، کھچاؤ، کپڑے کا کونہ، بل، چارپائی کی ٹیڑھ

کان آشنا ہونا: سنا ہوا ہونا، کان میں پڑا ہوا

کان پھٹنا: بہت زیادہ شور وغل ہونا، ہنگامہ ہونا

کان اُکھاڑنا، کان اینٹھنا، کان کھینچنا، کان مروڑنا: تادیب کرنا، تنبیہ کرنا، سزا دینا، گوشمالی کرنا، سارنگی، ستار، طنبورہ کی کھونٹی کسنا

کان بند کر لینا: کان سے قصداً نہ سننا، عدم التفات برتنا، اَن سنی کرنا

کان بھرنا: لگائی بجھائی کرنا، چغلی کھانا، بدگمان کرنا

کان پر جوں نہ رینگنا: بے توجہی برتنا، نافرمانی کرنا، اثر نہ لینا، ڈھٹائی کرنا

کان پر ہاتھ دھرنا: صریحاً انکار کرنا، کہہ کر مکر جانا

کان پڑی آواز (بات) سنائی نہ دینا: شور وہنگامہ کی وجہ سے کچھ سنائی نہ دینا

کان پکڑ کے اٹھانا بٹھانا: سزا دینا، فرمانبردار بنانا

کان پکڑ کے اٹھا دینا: کسی کو بے عزتی کے ساتھ مجلس یا مکان سے باہر کر دینا

کان پکڑنا: گوشمالی کرنا، اقرار کرانا، قول کرنا، عہد کرنا

کان دھر کر سننا: توجہ سے سننا، غور سے سننا

کان سے نکلنا: سنی ہوئی بات پر توجہ نہ دینا، نظر انداز کر دینا، فریب دینا

کان کاٹنا: سبقت لے جانا، مات دینا برتری حاصل کرنا، کان تراشنا

کان کھانا: بہت زیادہ شور کرنا، بیکار کی گفتگو سے تنگ کرنا

کان کھڑے کرنا: ہوشیار ہونا، متنبہ ہونا، چوکنا ہونا

کان کھول کے: توجہ سے، غور سے، ہوشیار ہو کر

کان لگانا: غور سے سننا، آڑ سے سننا

کان میں بات ڈالنا: ذہن نشین کرا دینا، سمجھا دینا، خبردار کر دینا

کان میں بات کہنا: سرگوشی کرنا، راز کی باتیں کرنا

کان میں پھونکنا: آہستہ سے کہنا، سرگوشی کرنا، بدگمان کرنا، ورغلانا

کان میں تیل ڈال لینا: چپکی سادھ لینا، بے خبر ہو جانا، لاپروائی برتنا

کان ہونا: کپڑے یا چارپائی میں ٹیڑھا پن ہونا، ہوشیار ہونا، خبر ہونا، عقل آنا، فکر کرنا

کان کی فکر نہ ہونا: دوسروں کو کسی بات کا قطعی علم نہ

ہونا، ناواقف ہونا

کان: مو، معدن، جس زمین سے دھات وغیرہ کھود کر نکالے جاتے ہیں، سرچشمہ

کان کن: کان کھودنے والا، دھات نکالنے والا

کانِ ملاحت: سانولا محبوب، حسین و پرکشش

کانا: یک چشم، ایک آنکھ کا، جس کی ایک آنکھ خراب ہو

کانا پھوسی: سرگوشی، کھسر پھسر، کان میں آہستہ سے کہنا

کانپ: مو، کانپنا کا امر، پتنگ کی کمان، بانس کی لچکیلی لچی، چھتری کی تیلی

کانپ اٹھنا: کانپ جانا، جسم میں لرزہ ہونا، خوف کھانا، بدن میں تھرتھراہٹ ہونا

کانپنا: لرزنا، کپکپی پیدا ہونا، خوف کھانا

کانٹا: مذ، خار، نکیلی شے، سول، ترازو، ترازو کے ہتھے کی سوئی، مچھلی پکڑنے کا اوزار، گوشت کھانے، کنوئیں میں گری ہوئی چیز نکالنے کا اوزار، جانوروں یا پرندوں کے پاؤں کا خار، لاغر، کمزور، پٹری بدلنے کا اوزار، خلش، چبھن، تیز شراب، گھڑی کی سوئی، ریل کی روک

کانٹا کھٹکنا: ناگوار خاطر ہونا، خلش ہونا، تکلیف دہ ہونا

کانٹا نکل جانا: تکلیف سے نجات ملنا، مصیبت سے آرام پانا

کانٹا ہو جانا: دبلا ہونا، لاغر ہونا، کمزور ہو جانا

کانٹوں پر گھسیٹنا: تکلیف دینا، سزا دینا، شرمسار کرنا، بہت زیادہ ستانا

کانٹوں پر لوٹنا: بے چین رہنا، تڑپنا، ستانا، حسد سے جلنا

کانٹوں میں اُلجھنا: بکھیڑے میں پڑنا، جھگڑے اور تکرار میں الجھنا

کانٹے بونا: اپنے اور دوسروں کے حق میں برائی کرنا

کانٹے بوئے ببول کے تو آم کہاں سے ہوئے: برائی کر کے اچھائی کی توقع پہلے درجے کی حماقت ہے

کانٹے پڑنا: پیاس سے گلا سوکھنا، حلق کا پیاس سے خشک ہونا

کانٹی: چھوٹی ترازو، روئی کا کوڑا، پاؤں کی بیڑی

کانجی: کھٹا پانی جس میں زیرہ رائی نمک وغیرہ ہوتا ہے، چاولوں کی پیچ

کانجی ہاؤس: قیدخانہ، وہ مکان جہاں لاوارث مویشی قید کر کے رکھے جاتے ہیں

کانچ: مو، شیشہ، پاخانہ کے وقت مقعد کا گوشت نکلنے کی بیماری

کانچ نکال دینا: بہت مارنا، تنگ کرنا، پریشان کرنا، مارنے سے زخم ہو جانا

کانچ نکلنا: پاخانہ کے وقت مقعد کا گوشت باہر آنا، تکلیف گوارا کرنا

کاندھا: مذ، شانہ، کندھا، دوش، مونڈھا

کاندھا بدلنا: بوجھ کو ایک کاندھے سے دوسرے کاندھے پر لینا

کاندھا دینا: سہارا دینا، میت کو لے جانا

کانسا: ایک دھات، خاصہ، امیروں کا کھانا

کانسٹبل: مذ، پولیس کا سپاہی، فوج دار

کانفرنس: مو، مجلس شوریٰ، عام اجتماع، مشاورتی جلسہ، مجلس مشاورت

کانکھنا: آواز صاف کرنا، گلا صاف کرنا، پاخانے کے لیے زور لگانا، عاجز ہونا، تکلیف ہونا

کانگریس: مو، اجتماع، مجلس، جلسۂ نمائندگاں، جماعت، انجمن

کانگڑی: مو، خاص طرح کی مٹی کی انگیٹھی جسے اہل کشمیر استعمال کرتے ہیں

کانون: مذ، انگیٹھی، گہرا برتن جس میں آگ رکھی جاتی ہے

کانی: مو، کانا کی تانیث، ایک آنکھ کی، کان سے نکلنے والی شے

کاو: مو، کھودنا، امتحان لینا، تلاش، جستجو، تحقیق

کاوکاو: زخم کریدنا، گھاؤ کو ناخن سے کھجلانا، جستجو، جدوجہد

کاوَرک: کھوکھلا، خول، خالی، بے ترتیب

کاوش: مو، کھودنا، جستجو کرنا، تلاش، چبھن، کرید

کاوہ: مذ، وہ آہن گر جس نے فریدون کو تلاش کیا اور ضحاک کو شکست دلوا کر تخت و تاج کا مالک بنوایا

کاوی: مو، کھودنا، جستجو، تلاش، کوشش

کاہ: مو، سوکھی گھاس، خس، بیکار

کاہ کشاں: آسمان پر نظر آنے والی چھوٹے چھوٹے ستاروں کی لمبی قطار، کہا جاتا ہے کہ آں حضرتؐ نے اس راستے معراج کا سفر طے کیا تھا

کاہش: مو، تنزل، زوال، کمی، گھٹاؤ، بلاپن، ناتوانی

کاہشِ جان: جان پر بننے والا غم، المناک صدمہ

کاہل: کام چور، سست، تساہل پسند، مفت خور، الکسی، آلسی

کاہلی: مو، سستی، تساہلی، مفت خوری

کاہن: مذ، جنون، دیوؤں سے معلوم کر کے مستقبل کی باتیں بتانے والا، جمع کہنہ

کاہو: مذ، ایک طرح کی سبزی اور اس کا بیج

کاہی: مذ، سیاہی مائل، سبز رنگ

کاہے: کاہے کو، کس واسطے، کس لیے

کاہیدگی: مو، ناتوانی، کمزوری، لاغری

کاہیدہ: دبلا، لاغر، ناتواں، کم ہوا

کاپھل: مذ، کسی خاص درخت کی چھال سے تیار کردہ دوا

کائیکر: دھوکے باز، مکار، فریبی

کائنات: مو، کائن کی جمع، جہان، دنیا، اصل، حقیقت، مال، سرمایہ

کاؤں کاؤں: مو، کوے کی آواز، شور و شرابا

کائی: مو، ٹھہرے ہوئے پانی پر جمنے والی گندگی، پانی کا جالا، پھپھوند

کائی سی پھٹ جانا: بکھر جانا تتر بتر ہو جانا، منتشر ہو جانا

کائیاں: ہوشیار، چالاک، مکار، کنجوس، ماہر

کائیں کائیں: مو، کوے کی آواز، شور وغل

کایا: مو، بدن، جسم، قالب، تن، ماہیت، حقیقت، بھیس

کایا بڑی کہ مایا: دھن دولت کے مقابلے میں زندگی زیادہ قیمتی ہے

کایا پلٹ: یکسر بدل جانے والا، جسم بدلنے والا، رنگ تبدیل کرنے والا، بہروپیا، بھیس بدلنا

کایستھ: مذ، ہندوؤں کی ایک ذات، لالہ، دفتری، منشی گیری کا کام کرنے والا

کب: کس وقت، کس دن، کس برس، کس زمانے، وقت کے بارے میں سوالیہ لفظ

کَب: مذ، کوبڑ، خمیدگی، پیٹھ کا جھکاؤ

کباب: مذ، لوہے کی سلاخوں پر بھنے ہوئے گوشت کے ٹکڑے یا قیمہ، جلا ہوا، بھنا ہوا

کباب ہونا: گوشت کا آگ پر بھن کر تیار ہونا، جلنا، حسد کرنا، غصہ میں بوکھلانا، تکلیف پہنچنا، جوش میں آنا

کباب چینی: ایک دوا

کبابہ: سرد چینی

کبابی: مذ، کباب فروش، کباب فروخت کرنے والا

کَباوہ: مذ، ملائم کمان جس سے کمان چلانے کی مشق کی جاتی ہے

کِبار: مذ، کبیر کی جمع، بڑے بزرگ، محترم لوگ، بڑے بوڑھے آدمی

کباڑ: مذ، ٹوٹا پھوٹا سامان، بیکار سامان، کاٹھ کباڑ

کباڑیا: مذ، کاٹھ کباڑ فروخت کرنے والا، نیلام کا مال بیچنے والا، پرانے کل پرزے بیچنے والا

کَبت: مذ، شعر، نظم، ہندی شاعری کی ایک قسم

کَبد: مذ، کلیجہ، جگر، جمع اکباد، کَبُود

کبڈی: مو، ایک ہندوستانی کھیل

کِبر: مذ، بڑائی، عظمت، بزرگی، گھمنڈ، غرور، ناز، اتراہٹ

کِبَر: مذ، ضعفی، بڑھاپا، پیری، عمر کی درازی

کبر سن: ضعیف، بوڑھا، عمر رسیدہ، پیر

کِبرا: چتالی دار، چتکبرا، بے وقوف

کُبرا: مذ، کبر کی جمع، بزرگ آدمی، بڑے انسان، معزز انسان، بہت عظیم، بہت بزرگ

کبریٰ: اکبر کی تانیث، بہت معزز، بہت عظیم عورت

کبریا: مذ، عظمت، احترام، بزرگی، بلندی، غرور وناز، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام

کِبریت: مذ، گندھک، خالص سونا، اصلی سونا

کُبڑا: مذ، خمیدہ کمر، جس کی پیٹھ کمان کی طرح جھک گئی ہو

کبک: مذ، چکور

کبک دری: پہاڑوں پر رہنے والا چکور جو بہت ہی خوش خرام یا پرکشش رفتار رکھتا ہے

کبوتر باز: کبوتروں کا شوقین، کبوتر پالنے یا اڑانے والا

کبوتر: مذ، ایک عام چڑیا، فاختہ کی قسم کا ایک پرندہ

کبود: آسمانی رنگ، نیلا رنگ، نیل گوں

کبھو: گاہے، کبھی، کسی وقت، کسی لمحہ

کبھی: گاہے، کسی وقت، کسی دن، اتفاقاً، ہرگز، مطلق، بالکل، بھول کر

کبھی تولہ کبھی ماشہ: متلون مزاج، ہر آن بدلتے رہنا، کبھی کچھ اور کبھی کچھ

کبھی کا: بہت عرصہ ہوا، مدت کا، کافی دیر کا

کبھی کبھار: گاہے گاہے، کبھی کبھی

کبھی گاڑی ناؤ پر اور کبھی ناؤ گاڑی پر: ایک جیسے حالات ہمیشہ نہیں رہتے، وقت بدلتا رہتا ہے

کبھی نہ کبھی: بھولے بسرے، گاہے گاہے، کسی نہ کسی وقت

کبیدگی: مو ملال، رنجیدگی، آزردگی، غم، افسردگی، شکستگی

کبیدہ: اداس، رنجیدہ، ملول، غمگین، بجھا ہوا، شکستہ

کبیدہ خاطر: غمگین طبیعت، اداس مزاج، رنجیدہ دل، افسردہ طبیعت

کبیر: بزرگ، عظیم، محترم، ہندی کے نامور صوفی شاعر، جمع کبار، کبراء

کبیرہ: کبیر کی تانیث، بڑی، بزرگ، محترمہ، جمع کبائر

کپ: چائے قہوہ وغیرہ پینے کا پیالہ

کپا: مذ، تیل رکھنے کے لیے چھلی کا بنا ہوا برتن، شیشی

کپا ہو جانا: موٹا ہونا، سوجنا، پھول جانا

کپاری: مو، سردرد، گھوڑے کے منہ پر باندھی جانے والی رسی

کپاس: مو، روئی جو صاف نہ کی جا سکی ہو، روئی پیدا کرنے والا پودا جس سے ریشے تیار کر کے کپڑے بنائے جاتے ہیں، اسی کے بیج کو بنولا کہتے ہیں جو تیل وغیرہ بنانے کے کام میں آتا ہے اور جانوروں کو بھی کھلایا جاتا ہے

کپتان: مذ، پولیس، فوج یا جہاز کا افسر اعلیٰ

کپٹ: مو، فریب، دغا، کینہ، چھل، بغض، دشمنی، حسد

کپٹ رکھنا: بغض رکھنا، فریب دینا، دشمنی رکھنا، حسد کرنا

کپڑ چھن: باریک کپڑے کا چھانا ہوا بہت باریک میدہ

کپڑا: مذ، ملبوس، پوشاک، بستر، پارچہ

کپڑوں سے ہونا: کپڑوں کا آنا، ماہ واری کا آنا، حیض آنا

کپڑے اُتارنا: پوشاک بدلنا، لباس چھین لینا، بے آبرو کرنا، ننگا کرنا

کپڑے پھاڑنا: غصہ کرنا، دیوانہ ہونا، ہوش کھو دینا

کپکپانا: کانپنا، تھرتھرانا، لرزہ آنا، خوف کھانا، ڈر پیدا ہونا

کپکپی چھوٹنا: کپکپی لگنا، لرزہ آنا، تھرتھرانا، کانپنا

کپوت: مذ، نافرمان بیٹا، نالائق لڑکا، بدکردار بیٹا، نافرمان اولاد

کپورا: مذ، بکرے یا مینڈھے کا بچہ، خصیہ

کپوری: کافور سے متعلق خوشبودار، پان اور آم کی ایک قسم

کُتّی: مو، کپاس کی تانیہ، مچھلی کی چھوٹی شیشی

کُتّا: مذ، سگ، کلب، عام جانور، غلام، بندوق کا گھوڑا، ذلیل، کمینہ، گھڑی کا ایک پرزہ، دوسری اور مشینوں کے پرزے کا نام

کتان: مذ، سفید کپڑا، پانی پر تیرتا ہوا کوڑا کرکٹ

کتائب: فوجیں، دستے

کتا بھی دُم ہلا کر بیٹھتا ہے: کتا جیسا ناپاک جانور بھی صفائی پسند ہے

کتے کا کفن: بہت موٹا، بہت سستا، کسی کام کا نہیں

کتے کی دم: بے وقوف، نالائق، بے صلاحیت، بدخصلت

کتے کی موت مرنا: ذلت کے ساتھ مرنا، کسمپرسی کے حال میں موت آنا

کتاب: مو تحریر، نوشتہ، نامہ، رسالہ، نسخہ، صحیفہ، جمع کتب

کتاب حوالہ: جس کتاب کا دوسری تحریروں میں حوالہ دیا جاتا ہے، معتبر و مستند کتاب

کتابت: مو، لکھائی، تحریر، نوشت، محرری، خوش نویسی، کاپی نویسی

کتابچہ: مذ، رسالہ، چھوٹی کتاب

کتابہ: مذ، کتبہ، کتبوں پر لکھی جانے والی عبارت

کتابی: کتاب سے متعلق تحریر، لمبا، بیضوی، مستند، معتبر

کتابی چہرہ: لمبا چہرہ، قدرے لمبی شکل

کتان: مذ، السی، ایک طرح کا بہت باریک کپڑا

کتائی: مو، کاتنا، اون یا روئی کا سوت تیار کرنا، کاتنے کی اجرت

کتب: مو، کتاب کی جمع، کتابیں

کتب خانہ: مذ، کتاب گھر، لائبریری، کتابوں کی دکان

کتب فروش: کتابوں کی تجارت کرنے والا

کتبہ: مذ، جو تحریر مکانوں، مقبروں، مسجدوں وغیرہ کی تعمیر کے بارے میں تختیوں پر لکھ کر چسپاں کرائی جاتی ہے

کتخدا: مذ، دولہا، نوشہ، شادی شدہ، گھر کا مالک، بیاہا

کتخدائی: مو، نکاح، تقریب نکاح

کتر بیونت: کاٹ چھانٹ، قطع و برید، بدعنوانی، غبن، خیانت، کمی بیشی، فریب، سودے بازی

کترا کر جانا: ملنے سے پرہیز کرنا، راستہ بچا کر نکل جانا، بے گانگی اختیار کرنا

کترانا: بچنا، پرہیز کرنا، اجنبی بننا، دوسرا راستہ اختیار کرنا

کترن: مو ٹکڑے، پُرزے، چھاٹن، بچے کھچے ٹکڑے

کُترن: مو، دانتوں سے کترے ہوئے ٹکڑے

کترنا: باریک ٹکڑے کرنا، کاٹنا، چھانٹنا

کُترنا: دانوں سے باریک کاٹنا، چڑیوں کا چونچ سے کاٹنا

کترنی: قینچی، مقراض

کتروانا: کٹوانا، قطع کرانا، ترشوانا

کتف: مذ، شانہ، کندھا، مونڈھا، جمع اکتاف

کتل: مو، پتھر اور اینٹ کا ٹکڑا، کرچ

کتم، کتمان: مذ، پوشیدگی چھپانا، حجاب، پردہ

کتنا: کس قدر، کس مقدار میں، کس درجے تک، کہاں تک

کتنے پانی میں: کہاں تک صلاحیت ہے، کہاں تک ہمت اور رسائی ہے

کتوانا: سوت بنوانا، سوت تیار کرانا، چرخہ چلوانا

کتھا: مذ، پان کے ساتھ کھائی جانے والی شے

کتھک: مذ، گانے اور رقص کرنے والا آدمی، ہندوستانی رقص اور موسیقی

کتی: مو، کتیا، کتے کی مادہ

کتیرا: مذ، ایک طرح کا گوند بلوہا کترنے کا ایک اوزار

کٹ کرنا: قطع تعلق کرنا، بے گانگی اختیار کرنا، دوستی ختم کرنا

کٹ جانا: الگ ہو جانا، گھاؤ ہونا، خون بہنا، نادم ہونا، پشیمان ہونا، ملنے سے پرہیز کرنا، گزر جانا، بہتر ہونا، منہا ہونا، ختم ہو جانا، دو ٹکڑے ہونا، دریا کے بہاؤ سے کنارے کی مٹی کٹنا، کھیتوں سے فصل کا صاف ہونا، تنہائی اختیار کرنا، رابطہ منقطع ہو جانا، ریل کے انجن کا ڈبوں سے الگ ہونا

کٹ حجتی: بلاوجہ بحث کرنا، بیکار بکواس کرنا

کٹ کٹ جانا: پشیمان ہونا، شرم سے پانی پانی ہونا، شرمندگی کی وجہ سے ملنے سے پرہیز کرنا

کٹ مرنا: آپس میں لڑ کر ختم ہونا، مار پیٹ کرنا

کٹ ملا: نادان مولوی، بہت کم تعلیم یافتہ مُلا، علم دین سے بیگانہ انسان

کٹا چھنی: جانی دشمنی، شدید ترین عداوت، مار کاٹ

کٹے پر نمک چھڑکنا، کٹے پر لون لگانا: جلے پر جلانا، زخم پر نمک پاشی کرنا، تکلیف میں اضافہ کرنا

کٹا: موٹا تازہ، پکا، مضبوط، طاقتور، بھینس کا بچہ، چھوٹی بوری

کٹار: مو، نیچہ، خنجر، بڑا چاقو

کٹاری: مو، چھوٹا کٹار، چھوٹا خنجر

کٹانا: الگ کرانا، علاحدہ کرانا، کھیتوں سے فصل صاف کرانا، تنخواہ یا حساب کتاب سے روپے منہا کرانا

کٹائی: کھیتوں سے فصل کا صاف ہونا، فصل کاٹنے کا موسم، فصل کاٹنے کی اجرت

کٹر: سنگ دل، سخت مزاج، بے مروّت، انتہا پسند، شدت پسند، ظالم

کٹر کٹر: مو، وہ آواز جو کسی سخت چیز کے چبانے سے پیدا ہو، کاٹنا، توڑنا، کترنا

کٹوا: مذ، منڈی، احاطہ، بازار، کوچہ

کٹکٹانا: دانتوں کے آپس میں ملنے یا رگڑنے کی آواز، دانت پیسنا، کانپتے وقت دانتوں کی آواز

کٹنا: گھاؤ ہونا، زخم لگنا، جسم کے کسی حصہ کا زخم رسیدہ ہونا، نادم یا پشیمان ہونا، علاحدگی اختیار کرنا، پرہیز کرنا، راستہ ترک کرنا، حساب میں منہا ہونا، زندگی گزرنا، بسر ہونا، مسافت طے کرنا، پتنگ کا ڈور سے الگ ہونا، فصل کا کھیل سے صاف ہونا، انجن کا ڈبے سے الگ ہونا، قلم زد کرنا، دریا کے بہاؤ سے کنارے کی مٹی کا بہ جانا، حسد رکھنا، رسوا ہونا، فہرست سے خارج کیا جانا، ملنے سے کترانا، جاں بحق ہونا

کٹنا: مذ، زدوکوب کیا جانا، چوٹ کھانا، مرمت ہونا، باریک ہونا، دھان کی بھوسی کا چاول سے الگ کیا جانا، چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ہونا، بھڑوا

کٹنی: مو، عیارہ، دلالہ، ہوشیار، ادھر کی ادھر لگانے والی

کٹوانا: کاٹنے کا کام لیا جانا، ملاحظہ ہو، کٹنا

کٹوتی: مو، منہا کیا ہوا، دستوری، بٹا، منہائی، کمی

کٹورا: مذ، کھانے پینے کے لیے چاندی، تانبے یا پیتل کا پیالہ، بھرپور کھلا ہوا پھول

کٹوری: مو، کھانے پینے کی چھوٹی پیالی

کٹھ: مذ، کاٹھ کا مخفف، لکڑی، چوب

کٹھ پھوڑا: مذ، ایک چڑیا بہ بہ

کٹھ ملا: دقیانوسی، بہت زیادہ بحث کرنے والا، بہت کم جاننے والا ملا

کٹھالی: مو، وہ پیالی جس میں سونا، چاندی گلایا جاتا ہے

کٹہرا: جانوروں کو بند کر کے رکھنے کے لیے لکڑی یا لوہے کا بڑا ڈھانچہ، جنگلا، پنجرا

کٹہل: مذ، ایک بڑا پھل جس کی سبزی بھی بنائی جاتی ہے اور پکا پھل بھی کھایا جاتا ہے

کٹھلا: مذ، غلہ رکھنے کا خام مٹی کا بڑا برتن

کٹھن: مشکل، دشوار، سخت

کٹھنائی: مو، مشکل، دشواری، سختی، دکھ، تکلیف

کٹھوتی: مو، لکڑی کا پھیلاؤ دار برتن جس میں عام طور پر آٹا گوندھا جاتا ہے

کٹیا: مو، فقیروں، غریبوں کی جھونپڑی، مڑھی

کٹیا: مچھلی پکڑنے کا کانٹا، دودھ رکھنے کے لیے مٹی کا برتن، بھینس

کٹیلا: کانٹے دار، نوک دار، دلکش، زہریلا، کاٹ رکھنے والا، دل لبھانے والا

کثافت: مو، گاڑھا پن، موٹا پن، گندگی، میل

کثافت پیما: گندگی کو ناپنے والا آلہ

کثرت: مو، بہتات، افراط، زیادتی، فراوانی، ہجوم، بھیڑ، جمع کثرت

کثرت رائے: زیادہ تر لوگوں کی رائے، بحث

کثیر: بہت زیادہ، کثرت سے، بے شمار، ہجوم، وافر، فراواں

کثیر العیال: کثیر الاولاد، بہت زیادہ بال بچوں والا، جس کے لڑکے بچے زیادہ ہوں

کثیر المقاصد: جس میں بہت سے نصب العین ہوں، بہت سے مقصد رکھنے والا

کثیر الوقوع: بہت زیادہ واقع ہونے والا، بار بار

ہونے والا

کثیف: گاڑھا، غلیظ، دبیز، ناپاک، نجس، میلا، گندہ

کج: ٹیڑھا، ترچھا، جھکا ہوا، خمیدہ، آڑا

کج ادا: بداخلاق، بے وفا، اکھڑ، غیر شائستہ، بے مروت

کج بحث: بیکار بحث کرنے والا، بے سروپا باتیں کرنے والا

کج روی: الٹے چلنا، ٹیڑھی چال چلنا

کج فہم: الٹی کھوپڑی والا، خودرائے، بے عقل، ناداں

کج کلاہ: ٹوپی ترچھی رکھنے والا، بانکا، آن بان والا، مجذوب

کجا: کہاں، کس جگہ، مشکل، دشوار، انکار کے لیے بھی مستعمل ہے

کجات: ذلیل، کمینہ، نیچی ذات کا

کجاوہ: مذ، اونٹ کی کاٹھی

کجکول: مذ، کشکول، بھیک کا سامان رکھنے کا جھولا، زنبیل، پسندیدہ اشعار کا انتخاب

کجلانا: سانولا ہو جانا، آگ کا بجھ جانا

کجلوٹی: مو، کاجل رکھنے کی ڈبیا

کچا: جو پکا نہ ہو، خام، ملائم، نرم، ناتجربہ کار، مٹی کا بنا مکان، رنگ جو اڑ جائے

کچا چٹھا: وضاحت سے، بالکل ٹھیک ٹھیک، صحیح صحیح، سارا حال

کچا کرنا: شرمندہ کرنا، رسوا کرنا، ذلیل کرنا، کمزور سلائی کرنا

کچے دھاگے میں بندھنا: اطاعت گزار ہونا، فرمانبردار ہونا، خادم ہونا

کچالو: ایک سبزی، پھلوں اور سبزیوں کو نمک مرچ کے ساتھ کھانا

کچاؤ مند: مسالہ کچا رہنے سے کھانے میں پیدا ہونے والی مہک

کچ پچ: پانی کیچڑ، کیچڑ میں چلنا

کچرا: مذ، ادھ پکا، گندگی، کثافت

کچر پچر: کیچڑ میں لت پت، گیلی مٹی اور پانی میں لتھڑا ہوا جسم اور کپڑے بھیگے ہوئے

کچر پچر: مو، شور وغل، تیز تیز گفتگو، کچے پکے پھل کھانا

کچ کچ: مو، بحث، تکرار، بکواس، بک بک

کچکچانا: بہت زیادہ غصے میں دانت پیسنا، دانت پیسنے کی حالت

کچلا: مو، ایک زہریلی دوا، ایک زہریلا پھل

کچلا جانا: مسلا جانا، پیسا جانا، دلا جانا، زدوکوب کیا جانا، مارا جانا، روندا جانا

کچل دینا: پیس دینا، داب دینا، مسل دینا، مارنا، روند دینا

کچل ڈالنا: پیس ڈالنا، داب دینا، مسل دینا، مار ڈالنا

کچلنا: پیسنا، مارنا، مسلنا، بھرکس نکالنا، روندنا

کچلی: مو، کینچلی، سانپ کی کھال جسے وہ چھوڑتا رہتا ہے

کچنار، کچنال: مو، ایک پیڑ اور اس کا پھول

کچوری: مو، وہ پوری جس میں ماش کی دال بھری ہو

کچوکا: مذ، نکیلی چیز سے بھونکنا اور اس سے پیدا ہونے والی تکلیف، تکلیف، لعن طعن

کچومر: مذ، ہتراشے ہوئے آم سے تیار کردہ اچار

کچومر نکالنا: بہت زیادہ زدوکوب کرنا، مارنا پیٹنا، بھرکس نکالنا

کچوکنا: چبھونا، گھونپنا، بھونکنا، ہوضنا

کچھ: بہت تھوڑا، ذرا سا، کسی قدر، قلیل، کہیں، کوئی، کیا، بالکل، مطلق، زیادہ

کچھ اور: نئی بات، تازہ، نئی، اور بھی

کچھ اور بات ہے: کوئی راز ضرور ہے، اس میں شک ہے، اصل کچھ اور ہے

کچھ بات نہیں: کوئی بھی بات نہیں، عام بات ہے، معمولی بات ہے

کچھ بات ہے: کس لیے، کیوں، کوئی سبب ہے

کچھ پروا نہیں: کوئی غم نہیں، کوئی ڈر نہیں، کوئی حرج نہیں

کچھ تو: کسی قدر، ذرا سا، تھوڑا بہت

کچھ ٹھکانا ہے: کوئی حد ہے، بیحد بے شمار، بہت ہی بڑا ہے

کچھ دال میں کالا ہے: کوئی راز ضرور ہے، کچھ پول ہے، کوئی نہ کوئی معاملہ ہے، کچھ گڑبڑ ہے

کچھ ڈر نہیں: بے خوف وخطر، کوئی غم نہیں، کچھ پروا نہیں

کچھ سننا چاہتے ہیں: بے آبرو ہونا چاہتے ہیں، گالیاں سننا چاہتے ہیں

کچھ کا کچھ سمجھنا: بالکل الٹا سمجھنا، برعکس مطلب لگانا

کچھ کان میں پھونکنا: بدگمان کرنا، برائی کرنا، کانا پھوسی کرنا

کچھ کچھ: تھوڑا تھوڑا، ذرا ذرا، کسی قدر، بہت کم

کچھ کھا کے سو رہنا: زہر کھا لینا، خودکشی کرنا، زہریلی شے کھا کر سو رہنا

کچھ کہہ بیٹھنا: گالی بکنا، سخت بات کہنا، دشنام طرازی کرنا

کچھ کھیل نہیں: آسان کام نہیں، دل لگی نہیں

کچھ نہ پوچھو: بات کہنے کے قابل نہیں، ناقابل اظہار ہے، کیا بات ہے، کیا کہنا

کچھ نہ کچھ: کسی قدر، تھوڑا بہت، کوئی نہ کوئی چیز

کچھ ہی کہو: کوئی پروا نہیں، بالکل نہ سننا، مطلق دھیان نہ دینا

کچھ ہے: کوئی راز ہے، معاملہ ہے، گڑبڑ ہے، کوئی نہ کوئی چیز ہے، برائی ہے

کچھ ہو: کوئی پروا نہیں، جو بھی ہو، ہر چہ باداباد

کچھار: مذ، ندی کا کنارہ، لب ساحل، ترائی، دریا یا سمندر کے کنارے کی زمین، شیر کی جگہ

کچہری: مو، عدالت، دفتر، عدلیہ، ہجوم، ازدہام

کچہری لگانا: اجلاس کرنا، مقدمات کا فیصلہ کرنا، آدمیوں کو اکٹھا کرنا، شور وغل مچانا

کچھوا: مذ، سنگ پشت، دریائی جانور

کچی: کچا کی تانیث، خام، غیر پختہ

کچی کلی: دوشیزہ، نابالغہ، منہ بند کلی

کچی گولیاں کھیلنا: مٹی کی گولیوں سے کھیلنا، ناتجربہ کار ہونا، نادان ہونا

کچیل: لفظ میل کا تابع مہمل

کحال: مذ، سرمہ بنانے والا، آنکھ کا معالج

کحل: مذ، سرمہ، کاجل، آنجن

کحیل: سرگیں، سرمہ لگی ہوئی آنکھ، نیم سیاہ رنگ

کد: مو، مصیبت، تکلیف، کوشش، جدوجہد، ضد

کد وکاوش: جدوجہد، سرگرمی، تلاش، جستجو، سعی

کد ہونا: اصرار ہونا، ہٹ ہونا، پیچیدگی ہونا

کدا: مذ، کدہ کا مخفف، مکان، گھر، خانہ

کدا بانو: بیوی، بیگم، گھر والی، سلیقہ مند عورت

کدا خدا، کتھدا: نوشہ، دولہا

کدا خدائی: شادی، نکاح، بیاہ

کدارا: ہندی موسیقی، دیپک راگ کی راگنی

کدال: مو، زمین کھودنے یا گوڑنے کے لیے لوہے کا ایک لمبا نکیلا اوزار

کدام: کون، کون سا، سوالیہ کلمہ

کدانا: چھلانگ لگوانا، اچھلوانا، اونچائی عبور کرانا

کدر: مو، کدورت، من موٹاؤ، میل، کثافت

کدِر: میلا، گندہ، مکدر، کثیف

کدکنا: کودنا، چھلانگ لگانا، اچھلنا، چوکڑیاں بھرنا، پھاندنا

کدم: تناور اور سایہ دار پیڑ

کدو: مذ، لوکی، گھیا، ترکاری کا نام، پیالۂ شراب، صراحی جام، فقیروں کا کشکول جو لوکی کا بنا ہوتا ہے

کدو دانہ: پیٹ میں پایا جانے والا ایک چھوٹا کیڑا

کدو کس: جس اوزار سے کدو کو بہت باریک تراشتے ہیں

کدورت: مو، میلا پن، گندگی، عداوت، دشمنی، بدگمانی، سینے کا غبار

کدہ: مذ، گھر، مکان، جگہ، گاؤں، آبادی، بستی

کِدھر: کس جگہ، کہاں، کس مقام پر، کس طرف

کدھر کا چاند نکلا: کسی کے بہت دنوں کے بعد یکایک آنے کے موقع پر حیرت کے طور پر استعمال کرتے ہیں

کڈھب: بے سلیقہ، غیر مناسب، بے موقع ومحل، غیر شائستہ

کڈھنگا: بے سلیقہ، غیر موزوں، بداخلاق، غیر مہذب

کذا وکذا: اِس طرح، اُس طرح، اُسی طرح

کذّاب: بہت بڑا جھوٹا، دروغ گو، غلط بیان

کِذب: مذ، جھوٹ، دروغ، غلط بیانی، جمع اکاذیب، اکذاب

کرّ: زور، قوت، آن بان، بہرہ

کرّ و فر: ٹھاٹ باٹ، شان و شکوہ، قوت و توانائی

کرّات و مرّات: کئی بار، کئی دفعہ، بار بار، اکثر

کرّار: پے بہ پے حملہ کرنے والا، بار بار چڑھائی کرنے والا، حضرت علیؓ کا لقب

کرارا: طاقتور، مضبوط، زور آور، سخت، شدید، نیا، خستہ، گراں

کراسہ: مذ، کتاب کا حصہ، جزو کتاب، رسالہ، غیر مجلد کتاب کے حصے

کراکل: مذ، سارس، کلنگ، ایک طرح کا بگلا، لق لق

کرام: کریم کی جمع، بزرگ لوگ، محترم آدمی

کرامات: مو، کرامت کی جمع، فضیلتیں، عنایتیں، بلندیاں، عمدگی، کرشمے، عام عادت کے خلاف ہونے والی باتیں

کراماً کاتبین: مذ، محترم لکھنے والے، انسانوں کے اعمال لکھنے والے دائیں اور بائیں کاندھوں پر سوار دو فرشتے

کرامت: مو، فضیلت، بزرگی، بڑائی، بخشش، نوازش، اچھائی، عمدگی، عام عادت کے خلاف ہونے والی بات، کرشمہ، جمع کرامات

کراں: مذ، کنارہ، آخر، انتہا

کرانا: مذ، پرچون، بہت سے مسالے

کرانت: مو، ایک طرح کا پیمانہ

کرانچی: مو، سامان ڈھونے والی گاڑی جس میں اونٹ یا بیل جوتے جاتے ہیں

کرانہ: مذ، دریا سمندر کا کنارہ، زمین و آسمان کا کنارہ

کراہ: مو، شدید درد کی وجہ سے نکلنے والی آواز ہائے ہائے

کراہت: مو، گھن، نفرت، پرہیز، طبیعت کا رجوع نہ کرنا

کراہنا: سخت تکلیف میں ہائے ہائے کی آواز نکالنا، آہ کرنا

کراؤ: مذ، ایک طرح کا چھوٹا مٹر کا دانہ، کلاؤ

کرایہ: مزدوری، اجرت، معاوضہ، بھاڑا

کرایہ دار: رہنے کا معاوضہ دے کر کسی دوسرے کے مکان میں رہنے والا

کرب: مذ، بے قراری، اضطراب، دکھ، غم، رنج، تکلیف کی شدت، جمع کروب

کربلا: مو، غم واندوہ کی جگہ، عراق کے اس میدان کا نام جہاں حضرت حسینؓ اور ان کے رفقاء شہید ہوئے، تعزیوں کے دفن ہونے کی جگہ

کر بیٹھنا: کر گزرنا، انجام دینا، اختیار کر لینا، شادی کرنا

کرّت: مو، باری، دفعہ، نمبر، نوبت، سلسلہ

کرتا دھرتا: مالک و مختار، مہتمم، منتظم، انجام دینے والا

کرتب: مذ، فعل، کام، کمال، ہنر، عیاری، ہوشیاری، فن سپہ گری، جادو، فریب نظر

کرتوت: سو، کام، چالاکی، عیاری، ہوشیاری، فریب، جادو، سحر، بری عادت

کُرتا: مذ، ڈھیلی ڈھالی بے کالر کی لمبی قمیص

کُرتی: کرتہ کی تانیث، عورتوں کے پہننے کا لباس جس میں آستین نہیں ہوتی اور لمبائی کم ہوتی ہے

کُرچ: مو، بہت چھوٹا ٹکڑا، ریزہ، ذرہ

کُرچھا: مذ، بڑی دیگ وغیرہ یا بڑے برتن میں چلانے کا بڑی کف گیر

کرخت: کڑا، سخت، مضبوط

کرختگی: کڑاپن، سختی، مضبوطی

کردار: مذ، چال چلن، عادت، طریق زندگی، طرز، طور، کام

کر دکھانا: کسی کام کو انجام تک لے جانا، تکمیل کر لے جانا

کردگار: مذ، اللہ تعالیٰ، خالق کائنات

کردنی: انجام دینے کے قابل، کرنے کے لائق

کردنی خویش آمدنی پیش: جیسا کیا ویسا بھرا، برے کام کا برا نتیجہ

کردہ: انجام دیا ہوا، کیا ہوا

کردہ پشیماں ناکردہ ارماں: کر کے پچھتائے نہ کر کے کرنے کی خواہش رکھے

کر دیکھنا: آزمانا، تجربہ کرنا

کرسٹان: مذ، عیسائی، نصرانی، انگریز

کرسمس ڈے: 25 دسمبر، حضرت عیسیٰ مسیح کا یوم پیدائش، عیسائیوں کی عید

کُرسی: مو، اپلوں کا چورا، چھوٹے ٹکڑے

کرسی: مو، گدی، مسند، چوکی، بیٹھنے کی جگہ، مکان کی بنیادی سطح، زینہ، منصب، عہدہ، خاندان، پشت، عرش الٰہی

کرسی نشین: کرسی پر فائز، کرسی پر بیٹھنے والا، صاحب عزت، ذی وقار

کرشمہ: مذ، کرامات، حیرت انگیز بات، علامت، نشان، آنکھ کی جھپک، ناز و نخرہ

کرشن: مذ، ہندوؤں کے مشہور مذہبی اوتار، سانولا

کرفیو: مذ، گھروں سے باہر نہ نکلنے کا حکم، حکم خانہ بندی

کُرکٹ: مذ، کوڑا، گھاس، پھوس، بیکار

کرکٹ: مذ، گیند بلے کا کھیل، گوئے چوگاں

کُرکُرا: ریت کے ٹکڑے ملے ہوئے، مٹیالا مٹی ملی ہوئی

کرکرا کر دینا: بے مزہ کر دینا، مزہ یا خوشی کو خراب کر دینا

کُرکُرا: خستہ، نظر بھرا، ملائم

کرکرانا: بدمزہ کرنا، خراب کرنا، بگاڑنا، دانتوں میں ریت کا لگنا

کرکولنا: کریدنا، کھرچنا، اندر کی چیز نکال کر خالی کرنا

کرگدن: مذ، گینڈا

کرگزرنا: کر ڈالنا، تمام کرنا، بغیر تمام کیے پیچھے نہ ہٹنا

کرگس: مذ، گدھ

کرگہ: مو، جس گڑھے میں بیٹھ کر کپڑا بُنا جاتا ہے

کرم: مذ، مہربانی، نوازش، عنایت، ہمت، جواں مردی، بزرگی، عظمت، مرتبہ، جمع اکرام

کرم فرما، کرم گستر: مہربان، عنایت کرنے والا، نوازش کرنے والا

کرم: مذ، کام، فعل، قسمت، مذہبی رواج، روایت، کردار، ذمہ داری، ملازمت، خدمت

کرم پھوٹنا: قسمت خراب ہونا، بدنصیب ہونا، بیوہ ہونا، برے کے ساتھ بیاہ ہونا

کرم کلا: مذ، بند گوبھی، پات گوبھی

کرم: مذ، کیڑا مکوڑا، پتنگا، دیمک، بھنگا

کرم خوردہ: کیڑوں کا کھایا ہوا، بہت پرانا، بوسیدہ، پھٹا، پرانا

کرم اللہ وجہہ: اللہ تعالیٰ نے ان کے چہرے کو بزرگی دی، حضرت علیؓ کے نام کے ساتھ مستعمل

کرمک: مذ، کرم کی تصغیر، چھوٹا کیڑا، ننھا بھنگا، دیمک

کرمک شب افروز، کرمک شب تاب، کرمک شب چراغ: جگنو، اندھیرے میں چمکنے والا کیڑا

کرم کرم: مو، کرکری چیز چبانے یا کھانے کی آواز

کرمی: مذ، ہندو کاشتکاروں کی ایک برادری

کرن: مو، چاند یا سورج کی شعاع یا لکیریں، سنہری یا روپہلی گوٹے کا تار یا ریزہ

کرن کا پہرا: بہت سویرے، علی الصباح، ہڑ کے

کرنا: انجام دینا، بنانا، کسی بھی امر کا کرنا

کرنجا: نیلی آنکھوں والا، چشم ازرق

کرنل: مذ، فوجی افسر، فوج کا اعلیٰ عہدیدار، میر لشکر

کرنی: مو، کام، اعمال، گارا مسالا لگانے کے لیے معماروں کا اوزار

کروانا: کسی کام کو انجام دلوانا، بنوانا

کروبی: مذ، بڑے مرتبہ کا فرشتہ، بزرگ فرشتہ، جمع کروبیاں

کروٹ: مو، پہلو، رخ، جانب، بل سینے کے دونوں جانب، طور طریقہ

کروٹ بدلنا: پہلو تبدیل کرنا، بہت بڑی تبدیلی واقع ہونا

کروٹوں میں رات کاٹنا: بے چینی، بے خوابی، سخت تکلیف میں رات گزارنا

کروڑ: سو لاکھ

کروڑ پتی: ایک کروڑ روپے رکھنے والا، دولت مند، مالدار، سرمایہ دار

کروانا: کھرچنا، کرید کر نکالنا

کروندا: مذ، سفید و سرخ رنگ کا ایک چھوٹا اور کھٹا پھل

کروہ: مذ، کوس، دو میل کے برابر

کرہ: مذ، گولا، گیند، مدور

کرۂ ارض: کرۂ زمین، ساری دنیا، زمین کی گول شکل

کرکری: خستہ، بھربھری، کرکری

کریا: مو، کام، کاج، دھندا، کفن، دفن، قسم، عہد

کریال: مو، پرندوں کا بازوؤں کو سہلانا یا کھجلانا، آرام، راحت، سکھ، چین

کریال میں آنا: چڑیوں کا خوشی کے عالم میں اپنے پروں کو سہلانا یا کھجلانا، جھڑ جھڑانا

کریب: مو، ایک طرح کا یورپی ریشمی کپڑا

کریت: مو، بے ہودہ رسم، برا رواج، بدمعاملگی

کریدنا: کھرچنا، چھان پھٹک کرنا، تلاش کرنا، کھود کر باہر نکالنا

کریز: مو، چڑیوں کا پرانے پر گرانا، پرندوں کے پرانے پر گرانے کی حالت

کڑی کڑی: مو، مرغیوں کو دور بھگانے یا ہنکانے کی آواز

کریل: مذ، ایک زہریلی کانٹے دار جھاڑی

کریلا: مذ، ایک کڑوی ہری ترکاری

کریلا اور نیم چڑھا: بدمزاجی میں حالات نے اور بھی ترشی پیدا کر دی، خرابی میں مزید خرابی

کریم: مذ، سخی، فیاض، بخشنے والا، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام، جمع کرام

کریم النفس: سخی، فیاض، نیک طبیعت، مہربان

کریمانہ: سخی کی طرح، فیاضانہ، مہربانی

کریمہ: مو، کریم کی تانیث، فیاض خاتون، سخی عورت

کرین: مو، وزنی چیزوں کو اٹھانے کی مشین

کریہہ: بہت ہی بدصورت، مکروہ، نفرت کے قابل

کریہہ الصوت: خراب آواز والا، ناگوار آواز

کڑا: مذ، مضبوط، سخت، کرشت، بے رحم، نڈر، زبردست، دشوار، پاؤں میں پہننے کا زیور

کڑا کرنا: سخت کرنا، مضبوط کرنا، کسنا، جکڑنا، مہنگا ہونا، سختی برداشت کرنا

کڑاکا: مذ، ٹوٹنے کی آواز، سختی، شدت، بھوک، فاقہ

کڑاکے کا جاڑا: بہت سخت سردی، سانت بجنے والی سردی

کڑاکڑ: مضبوط یا سخت چیز کے ٹوٹنے کی لگاتار آواز

کڑاہی: مو، لوہے کا چھوٹا کڑھاؤ، لوہے کا برتن

کڑک: مو، بجلی کے تڑپنے کی آواز، بجلی کے گرنے کی آواز، خوفناک آواز

کڑک: مو، مرغیوں کا انڈے دینے کے بعد کچھ دنوں کے لیے انڈے دینا بند کر دینا، خالی

کڑکا: مذ، بجلی کے کڑکنے کی آواز، رجز، میدان جنگ میں ہمت بڑھانے والے اشعار یا گیت

کڑکڑانا: بہت زیادہ سردی کہ دانت بجنے لگیں، گھی یا تیل میں بگھارنا یا بھوننا

کڑکڑانا: مرغیوں کا بولنا یا آواز کرنا، بڑبڑانا، جلنا، حسد کرنا

کڑکنا: بجلی کا تڑپنا، بجلی گرنے کی آواز

کڑوا: تلخ، تند لگنے والا، بدمزہ، بدمزاج، غصہ ور، تیز، ناگوار، سخت

کڑوا تیل: سرسوں کا تیل، روغن تلخ

کڑوا کسیلا: بہت ناپسندیدہ، ناگوار خاطر

کڑوے گھونٹ: ناپسندیدہ بات، ناگوار کام، سخت کام

کڑواہٹ: کڑوا ہٹ کا پیدا ہونا، خراب ہونا، تلخ ہونا، بگڑنا، بدمزہ ہونا، ناراض ہونا، نیند سے بھرا ہونا، خمار آلود

کڑوی بات: ناپسندیدہ بات، سخت گفتگو، ناگوار بات

کڑھانا: غصہ دلانا، رنج دینا، تکلیف دینا، ناراض کرنا، خون کھولنا، افسوس دلانا

گوھنا: بیل بوٹے بننا، کشیدہ کاری ہونا، نکلنا، باہر آنا، کھنچنا

گوھنا: دل دکھنا، صدمہ پہنچنا، افسوس کرنا، غصہ کرنا

گڑھوانا: بیل بوٹے بنوانا، کشیدہ کاری کرانا، ضمانت رکھ کر قرض لینا، تھن سے دودھ نکلوانا

کڑھی: موہوں، بیسن اور مسالہ سے تیار سالن

کڑھی کا اُبال: بہت جلد ختم ہونے والا غصہ یا منصوبہ

کڑی: کڑا کی تانیث، سخت، کرخت، مضبوط، تیز، کٹھن، تکلیف دہ، شہتیر، جریب کے لمبے حصے

کڑی منزل: دقت طلب راستہ، کٹھن منزل، سخت راہ، آزمائشی سفر

گوڈم: نر، بچھو، عقرب

کس: نر، انسان، آدمی، شخص، کوئی، لوگ

کس: نر، طاقت، زور، بل، امتحان، مضبوطی، آزمائش

کسمپرسی: خستہ حالت جس میں کوئی پرسان حال نہ ہو

کس و ناکس: خاص و عام، چھوٹا بڑا، ہر ایک آدمی

کس بَل: زور و قوت، طاقت و ہمت، دم خم

کُس: مو، اندام نہانی، عورت کی شرمگاہ

کِس: کون، کدام، سوالیہ کلمہ

کس بَرتے پر تتا پانی: طاقت و ہمت کچھ بھی نہیں اور حوصلہ آسمان کے تارے توڑنے کا، کم مائیگی کے باوجود بلند منصوبے

کِس بلا کا ہے: قابل تعریف ہے، بہت ہی غضب کا ہے

کِس پر پھولے ہو: کس کے بھروسے کود رہے ہو، کس پر غرور ہے

کِس حساب میں ہے: کس شمار میں ہے، کون پوچھتا ہے

کِس خیال میں ہے: کیوں نہیں سوچتا ہے، کیا سوچتا ہے، کیوں غافل ہو

کِس طرح: کیسے، کیونکر، کس وجہ سے

کِس قدر: کتنا، بہت زیادہ، نہایت

کِس قیامت کے: کس بلا کے، کس غضب کے، حیرت خیز

کِس کام کا: بیکار، نکما، لاحاصل

کِس منہ سے: اتنی آبرو نہیں، اتنی مجال نہیں، بات کرنے کا سلیقہ نہیں، کس خوبی پر

کسا: تنا ہوا، کھنچا ہوا، چست، تنگ

کسا کسایا: تیار، مستعد، جتا ہوا

کساد: مو، سامان کا فروخت نہ ہونا، لین دین میں کمی ہونا

کساد بازاری: منڈی کا مندا ہونا، لین دین میں کمی ہونا

کِساری: مو، ارہر سے ملتی جلتی ایک قسم کی دال

کسالا: مذ، عربی کسالۃ کا مؤنث، دکھ، تکلیف، غم، پریشانی، درد، آلکسی، کاہلی، سستی

کسالت: مو، سستی، کاہلی، آلکسی

کِسان: مذ، کھیتی کرنے والا، کاشتکار، مزارع

کسانا: پرکھوانا، آزمانا، کسوٹی پر دیکھنا، تنوانا، کھنچوانا، وقت طلب کام میں امتحان لینا

کساؤ: مذ، تناؤ، تنگی، چستی، کھچاوٹ، خراب مزہ، کسیلا پن

کسب: مذ، کام، کاروبار، پیشہ، حاصل فن، ہنر، کاریگری، عورت کو بدکاری کے عوض ملنے والا پیسہ، جمع مکاسب

کسب کرنا، کسب کمانا: جسم فروشی سے روپیہ حاصل کرنا، برا پیشہ کرنا

کِسبت: مو، حجام کا چمڑے کا صندوقچہ یا تھیلا، جس میں حجامت کے سامان رکھے ہوتے ہیں، چمڑے کا وہ ٹکڑا جسے سقے پانی سے بچنے کے لیے کمر کے نیچے باندھتے ہیں

کسبی: مذ، کاریگر، ہنرمند، پیشہ ور، دستکار، محنت ومشقت سے حاصل کیا ہوا، مو، طوائف، بدکار عورت

کستوری: مو، ہرن سے نکلنے والا مشک

کسر: مو، ٹکڑا، جزو، حصہ، بخرا، شکستگی، زیر کی حرکت، حساب میں اکائی ایک حصہ یا کئی حصے، جمع کسور

کسرِ اعشاریہ: جو کسر دس کا کوئی حصہ ہو

کسَر: مو، کمی، نقص، خامی، گھاٹا، خسارہ

کسر باقی نہ رکھنا: کوئی کمی یا تساہلی نہ کرنا، برائی کرنے میں مستعد رہنا

کسر رہنا: کمی رہنا، خامی رہنا

کسرِ شان: آبرو کے خلاف، شان کے خلاف جس امر سے ناموس میں فرق آئے

کسر نکالنا: خسارہ پورا کرنا، کمی پوری کرنا، بدلہ لینا

کِسریٰ: مذ، نوشیرواں عادل، عجم کے بادشاہ کا لقب، جمع اکاسرہ

کسرت: مو، محنت، ورزش، ریاضت، مشق، پہلوانی

کسرتی: ورزش کیا ہوا، محنت وریاضت کیا ہوا

کسرہ: مذ، زیر کی حرکت، حرف پر زیر کی آواز، زیر

کسک: مو، درد، ہلکا ہلکا درد، ٹیس، چبھن

کسک اٹھنا: درد اٹھنا، ٹیس اٹھنا

کسکٹ: مذ، کانسی، کئی طرح کی ملی ہوئی دھات

کسکنا: دکھنا، درد کرنا، ٹیس مارنا، رہ رہ کر درد ہونا

کسگر: مذ، کمہار، کوزہ گر، مٹی کے برتن بنانے والا

کسل: مذ، تساہلی، کاہلی، سستی، آلکسی، تھکان،

بھاری پن

کسل مند: سست، بھاری، آلکسی، بیمار، علیل

کسم: مذ، کڑکا پھول جس سے کپڑے بھی رنگے جاتے ہیں

کسمسانا: پہلو بدلنا، انگڑائی لینا، جنبش کرنا، بل کھانا، بے قرار ہونا، گھبرانا

کسنا: جکڑنا، تاننا، کھینچنا، تان کر باندھنا، آزمانا، عاجز کرنا، کسوٹی پر پرکھنا، کم تولنا، امتحان لینا، تکلیف دینا

کسنگ: مذ، بری صحبت، برے لوگوں کا ساتھ

کسوانا: جکڑوانا، تنوانا، کھنچوانا، تان کس کر بندھوانا

کسوت: لباس، پوشاک، جامہ

کسوٹی: مو، جس پتھر پر سونے، چاندی کے سچے ہونے کی پرکھ کی جائے

کسور: مو، کسر کی جمع، حصے، ٹکڑے، اجزا

کسوف: مذ، سورج گرہن، زمین اور سورج کے بیچ چاند کا آنا اور سورج پر اپنا عکس ڈالنا

کسوئجی: مو، ایک درخت کا نام

کسی: کوئی چیز، کوئی شخص، کوئی امر، جس کا نام معلوم نہ ہو، فلاں شخص

کسی پر دیوانہ ہونا: کسی کی محبت میں حد سے گزرنا، عاشق ہونا، کسی پر جان دینا

کسی پر ہاتھ صاف کرنا: کسی کو فریب دینا، نقصان پہنچانا

کسی سے سائی کسی سے بدھائی: ہر آدمی سے وعدہ مگر ایفا مشکل، ہر ایک کی ظاہری تواضع

کسی طرح: کسی عنوان، کسی طور، کسی پہلو

کسی قدر: بہت تھوڑا، قلیل، مختصر، بہت سا، زیادہ

کسی کا کچھ بس نہیں چلتا: بے قابو ہے، اختیار سے باہر ہے، کوئی سبقت نہیں لے جاتا

کسی کا گھر جلے کوئی تاپے: کسی کے نقصان پر کسی کو خوشی ہو، مصیبت میں ہمدردی کے بجائے خوشی منانا

کسی کام کا نہ ہونا: بیکار ہونا، کسی مصرف کا نہ ہونا

کسی کا منہ تکنا: بات سننے کے لیے مشتاق ہونا، خواہش کرنا، امداد چاہنا

کسی کروٹ کل نہ آنا: کسی طرح سے بھی آرام نہ ملنا، ہر طرح سے بے قرار رہنا

کسی کو آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا: بے اعتنائی برتنا، بے تعلقی کا اظہار کرنا، لاپروائی برتنا، شرمیلا ہونا، گھمنڈی ہونا

کسی کو خیال میں نہ لانا: سب کو ذلیل سمجھنا، کسی کو خاطر میں نہ لانا، سب کی طرف سے لاپروائی ظاہر کرنا

کسی کی کسی کو خبر نہیں: پورا سماج اپنی اپنی فکر میں ہے، دوسرے کی پروا نہیں، ہر ایک غافل ہے

کسی کی مٹی خراب کرنا: کسی کو برباد کرنا، رسوا کرنا، حقیر کرنا، تباہ کرنا

کسی کے آگے پانی بھرنا: کسی کا فرماں بردار ہونا، خادم ہونا، بس میں ہونا، عاجز ہونا

کسی کے سامنے چراغ نہ جلنا: مغلوب ہو جانا، خوف کھانا، زور آور سے شکست کھانا، مجال نہ ہونا،

جرأت نہ ہونا

کسی کے پالے پڑنا: کسی زور آور سے سامنا پڑنا، قبضے میں آنا، سابقہ پڑنا، ہتھے لگنا

کسی کے حق میں کانٹے بونا: کسی کو نقصان پہنچانا، تکلیف پہنچانا، برائی کرنا، بدظن کرنا

کسی کے لینے دینے میں نہ ہونا: کسی کے معاملے میں نہ پڑنا، کسی سے سروکار نہ رکھنا، مطلب نہ رکھنا

کسی لائق ہونا: کسی قابل ہونا، کچھ کرنے کے قابل ہونا، کوئی فن یا ہنر جاننا

کسی نہ کسی: ایک نہ ایک، کوئی نہ کوئی، کوئی بھی

کسی نہ کسی طرح: جیسے بھی، بھلے برے

کسے: کوئی آدمی، کوئی نفر، کوئی شخص

کسے: کوئی آدمی کو؟ کون سے شخص کو؟ سوالیہ کلمہ

کسے دماغ: کسی کو یہ بھی برداشت نہیں، گوارا نہیں، پسند خاطر نہیں

کسیانا: کسیلا ہونا، کڑوا ہونا، بدمزہ ہونا

کسیر: شکستہ، ٹوٹا ہوا، درماندہ، غریب، ضرورت مند

کسیرا: مذ، ٹھیرا، تانبا، پیتل کا نسے کا برتن بنانے والا

کسیرو: ایک گھاس کا نام

کسیس: کھجور کی شراب، خشک گوشت، پیس کر باریک کیا ہوا گوشت

کسیلا: کساؤ دار، بدمزہ، ترش، کڑوا

کش: کھینچنے والا، گوارا کرنے والا، دھواں یا ہوا کھینچنے یا پھینکنے والا

کشا: کھینچنے والا، نکالنے والا، پھینکنے والا

کش مکش: تذبذب، پس وپیش، کشیدگی، کھینچا تانی

کُش: مارنے والا، قتل کرنے والا، ختم کرنے والا

کُشا: آسان کرنے والا، حل کرنے والا، کھولنے والا

کشادگی: مو، وسعت، فراخی، پھیلاؤ، بہاؤ، وسعت وعرض، لمبائی وچوڑائی

کشادہ: فراخ، کھلا ہوا، پھیلا ہوا، وسیع

کشادہ پیشانی، کشادہ جبیں، کشادہ رو: ہنس مکھ، خوش اخلاق، چوڑی پیشانی والا

کشاف: پردہ ہٹانے والا، کھولنے والا، نمایاں کرنے والا، واضح کرنے والا

کشاک: ذہن، دماغ، خیال، عکس

کشاکش: مو، کھینچا تانی، رقابت، تناؤ، رسہ کشی، تکرار، کشیدگی

کشان: کھینچنا، نکالنا، کشید کرنا

کشاں کشاں: خراماں خراماں چلنا، آہستہ آہستہ چلنا

کشاورز: مذ، کسان، کاشتکار، مالک، دیہاتی، دہقان

کشائش: مو، کشادگی، وسعت، فراخی، لمبائی چوڑائی

کِشت: مو، زراعت، کھیتی، کاشت

کِشتِ آب: جو دانہ پانی برسنے پر بویا جائے،

برسات کی فصل

کشتار: قتل کیا ہوا، ذبح کیا ہوا

کشت زار: ہری بھری کھیتی، شاداب کھیت

کشت کار: کسان، کھیتی کرنے والا، مزارع

کشت کاری: کھیتی باڑی، زراعت

کشت: مذ، قتل، خوں ریزی، غارت گری

کشت وخون: جنگ وقتل، خون ریزی وغارت گری، مارکاٹ

کشتگان: مذ، کشتہ کی جمع، قتل کیے ہوئے، مارے ہوئے، عشاق

کشتم کشتا: مذ، گتھم گتھا، ایک دوسرے سے لپٹ کر لڑنا

کشتمان: بویا گیا کھیت، بیج ڈالی ہوئی زمین

کشتنی: گردن مارنے کے قابل، قتل کرنے کے قابل

کشتہ: مقتول، قتل کیا ہوا، مردہ، عاشق، سفوف یا راکھ کی ہوئی دھات، جمع کشتگان

کشتی: مو، ناؤ، ڈونگا، سفینہ، ایک طرح کی پیالی

کشتی نما: قاب، سینی

کشتی بان: مذ، ناخدا، ملاح، مانجھی

کشتی: مو، دو پہلوانوں کی داؤ پیچ کی لڑائی، گتھم گتھا

کشتی برابر رہنا: ہار جیت کا فیصلہ نہ ہونا

کشتی لڑنا: زور آزمائی کرنا، لڑنا، مقابلہ کرنا، آپس میں ہاتھا پائی کرنا

کشش: مو، کھنچاؤ، جذب، اپنی طرف مائل کرنا، متوجہ کرنا، فریفتہ کرنا، رغبت، شوق

کشف: مذ، انکشاف، اظہار، عیاں کرنا، کھولنا، غیب سے ذہن میں اترنا، القا، الہام، اسرار کا علم

کشکول: مذ، جس پیالہ میں فقیر مانگی ہوئی چیزیں رکھتا ہے، بھیک کا کاسہ، زنبیل

کشمش: مو، ایک طرح کے سوکھے انگور، منقی سے چھوٹا دانہ

کشمیرا: مذ، کشمیر میں بنا ہوا اونی کپڑا، پشمینہ، گرم کپڑا

کشن: مذ، سری کرشن جی کا مخفف

کشنیز: مذ، دھنیا

کشود: مو، کھلنا، وسعت، پھیلاؤ، خوشی یا انبساط سے پھیلنا، کام رانی، فراخی

کشودکار: کام آسان ہونا، مقصد حاصل ہونا، کام راں ہونا

کشودوبست: کھلنا اور بند ہونا، پھیلنا اور تنگ ہونا (کنایۃً) انتظام، دیکھ بھال

کشور: مو، دیس، ملک، سلطنت، ولایت، حکومت

کشورکشا: دیس کا داتا، سلطنت کا مالک، تاجدار، حکمراں، فاتح

کشی: مو، کھینچنا، گوارا کرنا، برداشت کرنا، انگیز کرنا

کشید: مو، عرق نکالنا، کھینچنا، ست نکالنا

کشیدگی: مو، کھنچاؤ، من موٹاؤ، شکر رنجی، بدگمانی،

عداوت، دشمنی

کشیدہ: کھنچا ہوا، کاڑھا ہوا، رنجیدہ، بدگمان ہوا، بلند، بیل بوٹے بنایا ہوا

کشیدہ قامت: سروقد، درازقد، ڈیل ڈول والا، لمبے قد والا

کصیر: مختصر، چھوٹا، بونے کی طرح

کصیص: نحیف آواز، ہلکی آواز، خوف سے کانپتی ہوئی آواز

کظاظ: ظلم کرنا، ستم کرنا، جبر کرنا

کعب: مذ، ٹخنہ، پانسہ، جوا یا چوسر کھیلنے کے لیے ہڈی کا بنا ہوا چھ پہلو دار پانسہ

کعبہ: مذ، مکہ معظمہ، بیت اللہ شریف، مسلمانوں کا عالمی مرکزِ محسوس

کعبہ کی طرف ہاتھ اٹھانا: کعبہ شریف کی قسم کھانا، قسم یا عہد و پیمان کے لیے مکہ مکرمہ کو شاہد بنانا

کعک: مولہ کٹ، کیک

کف: مذ، ہتھیلی، پنجہ، روکنا، تلوا، پیر، قمیص میں کلائی کے پاس کی دوہری پٹی، پھین، جھاگ، بلغم، علمِ عروض میں بحر کے رکن کے ساتھ حرف کو ساقط کر دینا

کفا: مشکل، پریشانی، بیماری، مرض

کف آنا: منہ سے جھاگ نکلنا

کفِ افسوس ملنا: افسوس کرنا، پچھتانا، ہاتھ ملنا، ہائے ہائے کرنا

کف بہ کف: بازی رکھ کر، شرط بد کر

کف پا: پیر کا تلوا، پاؤں کا نچلا حصہ

کف خاک: مشت خاک، مٹھی بھر مٹی، انسان

کف دریا: سمندر کا پھین، ندی کا جھاگ

کف دست: ہتھیلی، ہموار، ایک جیسا

کف گیر: ڈوئی، بڑا چمچا

کفار: مذ، کافر کی جمع، منکرین خدا

کفارہ: مذ، غلطی یا گناہ کے عوض قصور کا بدلہ، گناہ، دھو دینے والا

کفاف: مذ، روزانہ کا خرچ، روزینہ

کفالت: مو، ضمانت، ذمہ داری، بوجھ، بار

کفایت: مو، کافی ہونا، ضرورت کے مطابق، فائدہ مند، کمی، کٹوتی، کم خرچ، ضرورت سے زیادہ خرچ نہ کرنا

کفایت شعار: بہت کم خرچ کرنے والا، ہاتھ دبا کر صرفہ کرنے والا، بچانے والا، صرف ضرورت کی حد تک صرفہ کرنے والا

کفایت شعاری: کم خرچی، محتاط طور پر صرف کرنا، قیمت یا ناپ تول

کفایت کرنا: بھرپور ہونا، کافی ہونا، بچانا، کم خرچ کرنا، کمی کرنا

کفتار: مذ، بٹو، کفن چور، کفن کھسوٹ

کفر: مذ، خدا کے وجود کا انکار، لامذہبیت، ناشکری

کفر توڑنا: ضد ختم کرنا، مذہبی بنانا، نیک بنانا، خداترس بنانا

کفر کا کلمہ بولنا: مذہب کے خلاف بات کرنا، دین کی مخالفت کرنا

کفرا: کھجور کے درختوں میں پھل لگنا

کفران: مذ، ناسپاسی، ناشکری، غفلت شعاری

کفرانِ نعمت: نوازشوں کی ناشکری، احسان فراموشی، محسن کو بھولنا

کفش: مو، جوتا، جوتی، نعلین، پاپوش

کفش بردار: معمولی سے معمولی، کمترین خادم، غلام

کفش پا: جوتا، جوتی

کفش دوز: مذ، موچی، چمار، جوتے بنانے والا

کفش گر: مذ، جوتوں کا کاروبار کرنے والا، موچی

کفشن: ویران زمین، بنجر زمین، پرانی کاشت کی زمین

کفک: مو، ہتھیلی، پاؤں کا تلوا، مہندی لگایا ہوا تلوا

کفل: مذ، چوتڑ، کمر کے نیچے کا حصہ

کفن: مذ، جس کپڑے میں لاش کو لپیٹ کر دفن کرتے ہیں

کفن دفن: مردے کو کفن دینا اور دفن کرنا، تجہیز و تکفین

کفن سر سے باندھنا: جان کی بازی لگا دینا، مارنے مرنے پر تیار ہو جانا، جان کی پروا نہ کرنا

کفن کو کوڑی نہیں: انتہائی غریب، بہت ہی مفلس

کفن میلا نہ ہونا: موت ہوئے زیادہ دن نہ گزرنا، حال کی بات، تازہ واقعہ

کفنانا: لاش کو کفن پہنانا، مردے کو کفن میں لپیٹنا

کفنی: مو، درویشوں فقیروں کے پہننے کا ڈھیلا ڈھالا کرتا، بغیر آستین کا کرتا

کفو: ہم قوم، ایک ذات، ہم جنس، ایک خاندان، برابر، ایک جیسا، برادری، قبیلہ

کفور: احسان ناشناس، برا، ناپاک، منکر

کفیاز: مذ، محنتی، مشقتی، مہم جو

کفیح: ایک جیسا ملتا جلتا، ہو بہو، بجنسہ، شوہر، متوقع مہمان

کفیدہ: پھٹا ہوا، شکستہ، منتشر شدہ

کفیل: ضامن، ذمہ دار، ضامندار، جوابدہ، جمع کفلاء

کفیل ہونا: ضمانت دار ہونا، ذمہ دار ہونا، کافی ہونا

ککچہ: مذ، کپاس کے بیج، بنولا

ککرالی: مو، کھمبوری، بغل میں ہونے والی ایک طرح کی گلٹی

ککرمتا: مذ، کھمبی، برسات میں اگنے والی سفید رنگ کی ملائم نباتات، مشروم

ککروندا: مذ، ایک پودے کا نام

ککلو: مذ، ٹھر ٹھر اتمباکو، مٹی کا بنا ہوا بڑا حقہ

ککڑخانہ: حقہ بازوں کے بیٹھنے کی جگہ، حقہ پینے کی جگہ، تکیہ، بری صحبت

ککڑ والا: دکانوں اور بازاروں میں گھوم گھوم کر حقہ پلانے والا، کمترین آدمی

ککڑی: مو، خیار، ہرے رنگ کی لمبی ترکاری

کِکیانا: بندر کا چلانا، چیخنا، شور کرنا

ککڑوں کوں: مو، مرغ کی باگ، مرغ کی آواز

کنار: مو، کنارا، لب دریا، حد، مکان کی کنگنی

کل: مو، پچھلا دن جو گزر گیا اور آنے والا دوسرا دن، تازہ یا قریب کا زمانہ، حکمت، ترکیب، راحت وآرام، سکون، تسلی، جھگڑا فساد

کل کا لڑکا: سامنے کا بچہ، سامنے پیدا ہوا، ناتجربہ کار

کل کل کرنا: ٹالنا، آج کل کرنا، نہ کرنا

کل کی بات: قریب کے زمانے کی بات، تازہ

کل مُنہا، کل موہا: سیاہ چہرہ آدمی، بدنصیب، منحوس

کل: مو، مشین، اوزار، آلہ، جوڑ، پیوند

کل کا گھوڑا: مشین یا پرزوں سے چلنے والا مصنوعی گھوڑا

کل کل: پور پور، جوڑ جوڑ، ڈھانچہ، بند بند

کل سے بے کل ہونا: پریشان خاطر ہونا، بے چین ہونا

کل پانا: آرام پانا، سکون پانا، قرار پانا

کل پڑنا: قرار پکڑنا، سکون ملنا، اطمینان ملنا

کُل: مذ، خاندان، کنبہ، قبیلہ

کُل: کامل، پورا، تمام، سب کا سب، منقط، ہر ایک

کُل من علیہا فان: (آیت) کائنات کی ہر شے فنا ہونے والی ہے

کَلا: مو، فن ہنر، کاریگری، فریب، شعبدہ، مکر

کلاکار: فنکار، ہنرمند، فریبی، شعبدہ باز، فسادی

کلا: مذ، جبڑا، رخسار، بدزبانی، بے ادبی، مکر

کلا پھلانا: متکبر ہونا، ناراض ہونا، گھمنڈ ہونا

کلا دراز، کلے دراز: بدزبان، جھگڑالو، فسادی، زبان کا تیز

کلے پائے: بکرے کے سری پائے

کلا چیرنا: گال پھاڑنا، منہ پھاڑنا

کلے والی: جھگڑالو عورت، تیز آواز عورت

کُلا: غرارہ، غرغرہ، کُلی

کُلاب: دیوانگی، جنون، پاگل پن، عقل سے خالی

کُلابتوں: مذ، ریشم پر چڑھا کر بنے جانے والے سونے چاندی کے تار

کُلابہ: مذ، کپاریشہ، دھاگا، مکڑی کا جالا، دھاگے کا گولا

کُلات: مو، پہاڑ کی چوٹی پر بنا محل، بہت اونچائی پر بنا مکان، شہری بازار

کلاس: مذ، درجہ، مرتبہ، عہدہ، طبقہ، جماعت، سبق، ساتھ کے

کلاسیک: مذ، قدیم، دوامی، قدروں کا حامل، اعلیٰ مرتبے کا، ادبیات عالیہ، مستند

کُلاخ: مذ، پہاڑی کوا، جنگلی کوا، زاغ

کلاک: مذ، گھنٹہ، گھڑی

کَلال: مذ، سر کا تاج، پہاڑ کی چوٹی، کمزوری، قدرتی عیب، اپاہج، بے اولاد آدمی

کُلال: مذ، کمہار، کوزہ گر

کلام: مذ، بات، گفتگو، سخن، شاعری، قول، عذر، اعتراض

کلام الملوک ملوک الکلام: بادشاہوں کی باتیں اعلیٰ ترین ہوتی ہیں

کلام اللہ: اللہ کا کلام، قرآن پاک، کلام الٰہی، صحیفۂ آسمانی

کلام کرنا: گفتگو کرنا، بات چیت کرنا، تکرار کرنا، شک کرنا

کلام مجید: قرآن پاک، اعلیٰ ترین کلام

کلام ہونا: اعتراض ہونا، شبہ ہونا

کلاں: بڑا، لمبا، وسیع، بلند، اونچا، بزرگ

کُلانا: جلنا، سوزش ہونا، کسی حصہ کا درد کرنا، رگڑ کی وجہ سے تکلیف ہونا

کلاونت: مذ، گویا، گانے والے، ڈوم

کلاوہ: کپاسوت جو نکلے پر لپیٹا گیا ہو، لال رنگ کا سوت

کُلاہ: مو، لمبی ٹوپی، تاج خسروی، بادشاہوں کی ٹوپی

کلائی: مو، ہاتھ اور کہنی کے بیچ کا حصہ، ساعد، پہنچا

کُلب: مذ، بزم، محفل شب

کُلب: مذ، کتا، جمع کلاب

کلبلانا: رینگنا، کیڑوں مکوڑوں کا آہستہ آہستہ چلنا

کُلبہ: مذ، تنگ گھر، جھونپڑا، کٹیا، گوشہ، معمولی گھر

کلبۂ احزاں: ماتم کدہ، غموں کا مکان، اداسیوں کی جگہ

کِلپ: مذ، کاغذوں یا بالوں کو بند ھار کھنے کی چمٹی

کلپانا: پریشان کرنا، ستانا، دکھ دینا، تڑپانا، آہ بھرنا

کلپنا: تڑپنا، بے چین ہونا، پریشان ہونا، کوسنا، بددعا دینا، آہ کرنا

کُلثوم: چہرہ اور رخسار کا گوشت سے بھرا ہونا، شگفتہ چہرہ، پاکیزہ، بی بی فاطمہ زہراؓ کا لقب، ام کلثوم

کلچا، کلچہ: مذ، تنور میں پکائی میدے کی خمیری روٹی

کلرک: مذ، بابو، دفتری، محرر، منشی، اہلمد

کُلس: مذ، گنبد یا مینار کا اوپری نکیلا حصہ

کلغر: مو، بہت ہی لطیف قسم کا اون

کلغی: مو، پرندوں کا خوبصورت پر، جو فرماں رواؤں کے تاج، پگڑی یا ٹوپی پر لگایا جاتا ہے

کُلف: مذ، کپڑوں کو کڑا کرنے کے لیے لیس دار شے

کِلف: مو، عاشق، فریفتہ، عشق زدہ

کلفت: مو، صدمہ، رنج، تکلیف، عداوت

کِلک: مذ، مو، قلم، خامہ، جس سے لکھا جائے

کلکارنا: چیخنا، چلانا، زور زور سے رونا، بلانا، پکارنا

کلکاری: مو، زور کی آواز، چیخ، بندر کا گلیانا

کلکاری مارنا: چیخنا، چلانا، کوکنا، پکارنا، قہقہہ لگانا

کلکٹر: مذ، ضلع کا مالک، ضلع کا منتظم اعلیٰ، محصل، وصول کرنے والا

کلکل کرنا: فساد کرنا، تکرار کرنا، بکواس کرنا، ذہن پراگندہ کرنا

کلکلانا: کاٹ کھانے دوڑنا، بلاوجہ بہت زیادہ غصہ کرنا، چڑچڑا ہونا، ترش رو ہونا

کلکلنا: پرندوں اور جانوروں کے بچوں کا اچھلنا، کودنا بھاگ دوڑ کرنا

کلم: مذ، گوبھی، پات گوبھی، کرم کلا

کلمات: مذ، مو، کلمہ کی جمع تحریریں، عبارتیں، الفاظ، جملے

کلمہ: مذ، اسلام کے اقرار کا بیان، اسلام کا بنیادی رکن، بات، قول، لفظ، حرفوں کا بامعنی مجموعہ، معنی دار لفظ، منہ سے نکلنے والے معنی دار الفاظ

کلمۂ الحق: حق کی بات، سچی بات، انصاف وعدل کی بات

کلمہ پڑھانا: مسلمان بنانا، اسلام میں داخل کرنا

کلمہ پڑھنا: اللہ تعالیٰ کے وجود اور یکتائی کا اقرار کرنا، اسلام قبول کرنا، مسلمان ہونا، خدا کو یاد کرنا، کسی فن میں ماہر ہونا، کسی کو یاد کرنا، کسی کا معتقد ہونا، کسی کی ستائش کرنا

کلمۂ تکبیر: اللہ اکبر اللہ اکبر کہنا

کلمۂ شہادت: خدا کی یکتائی اور لاشریک اور حضور رسالت مآبؐ کے پیغمبر اور بندہ ہونے کا تہ دل سے اقرار، اشہدان لا الٰہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ واشہدان محمداً عبدہ ورسولہ

کلمۂ کفر: جو بات دین کے خلاف ہو، دین سے انحراف کا کلمہ

کلمہ کا شریک: ایک خیال اور عقیدہ کا دینی بھائی، مسلمان

کلنک: مذ، الزام، بدنامی، رسوائی، داغ

کلنک کا ٹیکہ لگنا: عیب دار ہونا، داغ رسوائی لگنا، بے آبرو ہونا

کلنک: مذ، قاز، خاکستری رنگ کا لمبی گردن والا، پرندہ (مجازاً) لمبی ٹانگوں والا آدمی

کلنی: مو، جانوروں کے جسم میں لگی خون چوسنے والی چیچڑی

کلو: مذ، ناپ اور تول میں مستعمل ایک باٹ

کلوار: مذ، کلال، شراب کا کاروبار کرنے والا

کلوٹا: کالا، سیاہ فام

کلوخ: مذ، مٹی کا ڈھیلا، روڑا، پیشاب کے قطروں کا مٹی کے ڈھیلے سے خشک کرنا

کلول: مو، کھیل کود، بھاگ دوڑ، اچھل کود، شوخی، دل لگی، قریب

کلول کرنا: کھیلنا، اچھلنا، کودنا، شوخی کرنا، دوڑنا، بھاگنا

کلول: صاف نظر نہ آنا، تلوار کا کند ہونا، مدھم ہونا

کلہ: مذ، کلاہ کا مخفف، چھوٹی ٹوپی

کلہاڑی: مو، لکڑی کاٹنے اور پھاڑنے کا اوزار

کلہڑ: مذ، کوزہ، آب خورہ

کُلّم: سبھی، پورا کا پورا، سب کا سب، تمام، فقط، صرف

کُلھیا: مو، گھڑے سے چھوٹا مٹی کا برتن، ہانڈی سے بڑا برتن

کلھیا میں گڑ پھوڑنا: پوشیدہ طور پر کوئی کام کرنا، ناممکن کام کرنے کی کوشش کرنا

کلی: مو، پھول کے کھلنے سے پہلے کی حالت، غنچہ، شگوفہ، کونپل، کنواری، دوشیزہ، چڑیوں کے چھوٹے اور نئے نکلنے والے پر، ترچھی تراش کا کپڑا

کلی کھلنا: پھول بننا، شگفتہ ہونا، خوشی حاصل ہونا، مراد پوری ہونا، دل شاد ہونا

کلی: مو، غرارہ منہ میں پانی بھر کر پھینکنا، تمام، پورا، سارا

کلیات: مذ، مو، کسی ایک شخص کا مکمل تصنیفی مجموعہ

کلیانا: پودوں میں کلی کا لگنا، چڑیوں کے نئے پر آنا

کلیۃً: مکمل طور پر، پورے طور پر

کلیج: غرور، تکبر، گندگی، نجاست، آگ میں جلی ہوئی روٹی

کلیجا: مذ، اندرون جسم کا ایک حصہ، عضو جسم، ہمت، دلیری، جرأت، بہت پیارا

کلیجا بیٹھا جانا: کمزور ہونا، دل ڈوبا جانا، سنسنی محسوس ہونا

کلیجا پتھر ہو جانا: سخت ہونا، بے رحم ہونا

کلیجا پک جانا: پریشان ہونا، دکھی ہونا، اذیت میں مبتلا ہونا

کلیجا پکڑ کر رہ جانا: کسی صدمہ سے دوچار ہونا، دل مسوس کر رہ جانا، تڑپ کر رہ جانا

کلیجا پھٹنا: دوسرے کی مصیبت برداشت نہ کر سکنا، دل بھر آنا، رنجیدہ ہونا، رشک کرنا، جلنا

کلیجا تھام کر: تڑپ کر، دل کو پکڑ کر، بے تاب ہو کر

کلیجا تھام کر رہ جانا: تڑپ کر رہ جانا، بے قرار ہو کر رہ جانا، دل مسوس کر رہ جانا، ناچار صبر کر لینا، اپنے صدموں کا اظہار نہ کر سکنا

کلیجا ٹھنڈا ہونا، رہنا: اطمینان سے رہنا، ماتا، خوش رہنا، صبر و قرار سے رہنا

کلیجہ جلانا: تکلیف پہنچانا، دل جلانا، زیادہ تمسا کو نوشی کرنا

کلیجا چھلنی ہونا: دل کا داغ داغ ہونا، بیحد غم زدہ ہونا، لعن طعن سے عاجز آ جانا

کلیجا دھڑکنا: دل کا لرزنا، دل کا کانپنا، دھڑکن ہونا، کپکپی ہونا

کلیجا دھک سے ہو جانا: خوف اور ڈر سے دہل جانا، حیرت زدہ ہونا، دنگ رہ جانا، رنج پہنچنا

کلیجا کھلانا: سرمایہ و دولت سب کچھ پیش کرنا، جان بھی نچھاور کر دینا، بہت زیادہ خاطر کرنا

کلیجا منہ کو آنا: جی گھبرانا، دل کا نہ لگنا، اکتانا، گھبرانا

کلیجے سے لگا کے رکھنا: بہت پیار اور احتیاط سے رکھنا، پوشیدہ اور حفاظت سے رکھنا

کلیجے کا ٹکڑا: بہت پیارا، نور چشم، لخت جگر، بہت عزیز، بیٹا

کلیجی: مو، حلال جانوروں کا کلیجہ جس میں دل، گردہ، تلی، پھیپھڑا بھی ملے ہوتے ہیں

کلید: مو، کنجی، چابی

کلیسا: مذ، گرجا، عیسائیوں کا عبادت خانہ، چرچ

کلیسیا: مذ، حضرت مریمؑ کے مجسمہ کو پوجنے والے عیسائیوں کا ایک گروہ

کُلیل: مو، جانوروں کا خوش ہوکر بھاگنا، دوڑنا، اچھلنا، کودنا

کلیل میں غلیل لگنا: رنگ میں بھنگ ہونا، عیش وخوشی کے موقع پر یکا یک صدمہ پہنچنا

کُلیل: آنکھوں سے کم نظر والا، ست، کند، گونگا، تھکا ہارا، ماندہ، کند دھار والا

کلیم: گفتگو کرنے والا، ہم کلام، خدا سے ہم کلام ہونے کی وجہ سے کلیم اللہ حضرت موسیٰ کا لقب قرار پایا

کُلیہ: مذ، جماعت، گروہ، عضو جسم

کُلیہ: مذ، تمام، مکمل، پورا، جز کی ضد، عام اصول، عام قانون، کالج، دانش گاہ، بڑا ادارہ

کم: ذرا، تھوڑا، قلیل، برائے نام، خفیف

کم اختلاطی: بہت کم ملنا، ملنے سے پرہیز کرنا، الگ تھلگ رہنا، تنہائی پسندی

کم آزار: بے ضرر، رحم دل

کم از کم: تھوڑے سے تھوڑا، بہت کم، برائے نام

کم اصل: ذلیل، نیچ، نیچ ذات کا، نالائق، بدکار، بے وفا

کم اصل سے وفا نہیں: ذلیل وفادار نہیں ہوتا، نیچ سے وفا کی توقع نہ کیجیے

کم بخت: بدنصیب، بدقسمت، حرماں نصیب

کم بختی: بدنصیبی، بدقسمتی، حرماں نصیبی، مصیبتوں کے دن، بربادی، نحوست

کم تر: بہت چھوٹا، ادنیٰ، بے رتبہ، بہت کم، بہت تھوڑا

کم ترین: بہت ہی کم، بہت حقیر، ناچیز، خاکسار، انکسار کے لیے مستعمل ہے

کم حوصلہ: کم ہمت، اوچھا، کم ظرف، تنگ دل

کم حیثیت: بہت تھوڑے سرمایہ والا، کم پیسے والا، ذلیل، کمینہ

کم خرچ: کفایت شعار، کنجوس، کم خرچ کرنے والا

کم خرچ بالانشیں: تھوڑی قیمت میں زیادہ اچھی چیز، کم خرچ میں بہت ہی مضبوط اور مفید چیز

کم خوابی: بہت کم نیند آنا، نیند نہ آنے کی بیماری

کم ذات: ذلیل، سفلہ، کمینہ

کم زور: ناتواں، نحیف، دبلا، پتلا

کم سخن: کم گو، بہت کم بولنے والا

کم سن: کم عمر، چھوٹی عمر والا، نابالغ

کم سننا: توجہ نہ کرنا، نظر انداز کرنا، اونچا سننا

کم ظرف: تنگ دل، ذلیل، کمینہ، اوچھا

کم عقل: ناسمجھ، بے وقوف، نادان، احمق

کم فہم: ناسمجھ، نادان، بے وقوف

کم کم: آہستہ آہستہ، تھوڑا تھوڑا، کبھی کبھی

کم کار: ناتجربہ کار، تجارت میں نیا

کم مایہ: بہت کم سرمایہ والا، چھوٹی پونجی والا

کم محنت: کام چور، کاہل، آرام طلب

کم ہمت: ڈرپوک، کم حوصلہ

کم یاب: بہت کم ملنے والا، مشکل سے ملنے والا

کما: جیسا، جس قدر

کماحقہٗ: جیسا ہونا چاہیے

کماحقی: کامل، مکمل، جیسا

کما یکفی: ضرورت کے مطابق، حسب خواہش

کماج، کماچ: مو، ایک طرح کی گول اور موٹی روٹی، بغیر بیلی ہوئی روٹی، بغیر توے کی پکائی روٹی

کماچھ: ایک طرح کی گول اور موٹی روٹی

کماں: مو، جسم کے بیکار یا ستر حصے کو گرم کپڑے سے ڈھکنا

کمار: مذ، کنوارا، بغیر شادی شدہ، شہزادہ، لڑکا، بیٹا

کماری: مو، کنواری، بن بیاہی، شہزادی، لڑکی، بیٹی

کماس: سب سے کم، تھوڑا، قلیل، فقیر کا لکڑی کا کاسہ، شراب لانے کا برتن

کمال: مذ، بھرپور ہونا، مکمل ہونا، فن، ہنر، کاریگری، صلاحیت، لیاقت، حیرت انگیز، انوکھا، اچھائی، خوبی، مہارت، فنکاری، انتہا، جمع کمالات

کمان: مو، حکم، ہدایت، فرمان، قیادت، سرداری، قواعد پریڈ کے بول

کمان: مو، قوس کی طرح جھکا تیر چلانے کا آلہ، نصف دائرے کی طرح

کمان ابرو: کمان کی طرح خم دار بھوؤں والا، محراب دار ابرو، حسین محبوب

کمان بردار: کمان ڈھونے والا، کمان دار

کمانا: روٹی روزی کے لیے پیسہ پیدا کرنا، روزی کمانا، پاخانہ صاف کرنا، برا پیشہ کرنا، جرم کرنا، گناہ کرنا، لوہے کو ملائم کرنا، کاشتکاری میں محنت کرنا، عمل کرنا

کمانچہ: مذ، کمان کی تصغیر، چھوٹی کمان، روئی دھننے والی ڈھنکی

کمانڈر: مذ، سپہ سالار، بڑا فوجی افسر، سردار فوج، امیر لشکر

کمانی: مو، کمان کی طرح خم دار لوہے کا پرزہ جو گاڑیوں وغیرہ میں استعمال کیا جاتا ہے

کمائو: محنت و مشقت سے روپیہ کمانے والا، مزدور، محنتی

کمائی: مو، آمدنی، تنخواہ، محنت کے عوض ملنے والا پیسہ

کمبل: مذ، موٹی اونی چادر

کمبل پوش: کمبل اوڑھے رہنے والا فقیر

کمبوہ: مذ، ایک قوم، ایک قبیلے کا نام

کمبھ: مذ، گھڑا، ہاتھی کا سر، آسمان کا گیارہواں برج، ہر بارہویں سال الٰہ آباد کا نہان کا میلہ

کمپا: مذ، چڑیوں کو پکڑنے کے لیے لاسہ لگی ہوئی بانس کی پتلی چھڑی

کمپا لگانا: لاسہ لگا کر چڑیوں کو پکڑنا، قابو میں کرنا،

دام میں لانا

کمپاؤنڈر: مذ، دواؤں کو ملانے والا، دوا بنانے والا، عطار، دواساز

کمپنی: مو، جماعت، ٹولی، کارخانہ جس کے حصہ داروں کا نام معلوم نہ ہو، فوج کا دستہ

کمپو: مذ، چھاؤنی، لشکرگاہ، فوجی ڈیرا، خیمہ، کیمپ

کم خواب: مو، زری کے تاروں سے بنا ہوا ایک طرح کا ریشمی کپڑا، زربفت

کمر: مو، بدن کے بیچ کا حصہ، پیٹھ کے نیچے کا حصہ، پٹی، پٹکا، فوج کا پہلو، ڈھارس، ہمت، جمع کمریں

کمر بستہ ہونا: مستعد ہونا، حاضر ہونا، مسلح ہونا، آمادہ ہونا، تیار ہونا

کمر توڑنا: کمر کا حصہ بیکار کر دینا، عاجز کرنا، کمزور کرنا

کمر سیدھی کرنا: لیٹنا، آرام کرنا، کھانے کے بعد تھوڑی دیر کے لیے آرام کرنا

کمر کا بل کھانا: کمر کا لچکنا، ناز و نخرے سے چلنا

کمر کا ڈھیلا: کمزور، نامرد، زنخا

کمر کا مضبوط: قوت مردانگی کا مالک، مضبوط، توانا

کمر کس کر باندھنا: انجام تک پہنچانا، مضبوط اور پختہ ارادہ کرنا

کمر کسنا: پختہ ارادہ کرنا، مستعد ہونا، تیار ہونا

کمر کوہ: پہاڑ کا درمیانی حصہ

کمر لگنا: چارپائی پر پڑے رہنے سے کمر میں زخم ہونا، جانوروں کی پیٹھ پر زخم ہونا

کمرہ: مذ، گھر، کوٹھری، حجرہ، خلوت خانہ

کمرکھ: مو، پھانکوں دار ایک کھٹا پھل

کمشنر: مذ، کئی ضلعوں کا حاکم، کمشنری کا سب سے بڑا افسر

کمک: مو، مدد، امداد، تائید، جنگ میں مدد کے لیے بھیجا جانے والا دستہ

کملانا: مرجھانا، سوکھنا، اداس ہونا

کمل بائی: مذ، یرقان کی بیماری، آنکھیں پیلی پڑنے والی بیماری

کملی: مو، کمبل کی تصغیر، چھوٹا کمبل

کمند: مو، چمڑے کی رسی جس کے پھندے سے گلا گھونٹتے ہیں، پھندا، حلقہ، گرہ

کمنڈل: مذ، لکڑی کا یا مٹی کا بنا ہوا سادھوؤں کا لوٹا

کمودنی: مو، نیلوفر

کمون: مذ، زیرہ

کمونی: مذ، ایک معجون جس میں زیرے کی مقدار زیادہ ہوتی ہے

کمہار: مذ، کوزہ گر، مٹی کے برتن بنانے والا

کمہارن: مو، کوزہ گر، مٹی کا برتن بنانے والی

کمی: مو، قلت، تھوڑا، قلیل، نقصان، کسر، باقی

کمیت: مذ، سیاہی مائل سرخ رنگ کا گھوڑا

کمیت: مو، تولی یا ناپی جانے والی مقدار، مقدار کے

لائق چیز

کمیٹی: مو، چھوٹی مجلس، تصفیہ کے لیے چند افراد کی جماعت، پنچایت

کمیدان: مذ، کپتان کا نائب

کمیشن: مذ، ماہرین یا واقف کاروں کی مجلس تحقیقات، دلالی کی اجرت

کمیلا: مذ، ذبح خانہ، مذبح، جانوروں کے ذبح کرنے کی جگہ

کمین: مو، گھات، تاک، شب خوں، شکار یا دشمن کو مارنے کے لیے چھپ کر گھات میں بیٹھنا

کمین گاہ: گھات کی جگہ، تاک کی جگہ، جہاں چھپ کر شکار کریں

کمینگی: مو، کم ظرفی، نیچ پن، کم ذات، اوچھا پن، ذلالت

کمیونزم: مذ، اشتراکیت، اشتمالیت، روحانی قدروں سے انکار، مادہ پرستی کا نظریہ، سرمایہ داری کے خلاف نظریہ، مساوات کا نظریہ

کمیونسٹ: اشتراکی، اشتمالی، کمیونزم پر یقین کرنے والا

کن: مذ، ذرہ، ریزہ، بہت باریک ٹکڑا، دانہ، غلہ، کونہ، گوشہ، آدھا، طاقت، کان

کن انکھیوں سے دیکھنا: آنکھ چرا کر دیکھنا، ترچھی نظر سے دیکھنا

کنپٹی: آنکھ اور کان کے بیچ کا حصہ

کن ٹوپ: کانوں تک ڈھانکنے والی بڑی ٹوپی

کن کٹا: جس کا کان کٹا ہو

کن کھجورا: ہزار پا، بہت سے پاؤں والا ایک کیڑا

کن: کرنے والا، انجام دینے والا، ہوجا، وجود میں آجا، بن جا، کائنات کی تخلیق کے وقت اللہ تبارک وتعالیٰ نے یہی لفظ ارشاد فرمایا تھا اور وہ وجود میں آگئی، فیکون

کن فکان: ہو جا پس وہ ہوگئی، بن جا اور وہ بن گئی

کن فیکون: ہو جا اور وہ ہوگئی، وجود میں آجا اور وہ وجود میں آگئی

کنگا: مذ، کنارہ، کور، تاگا باندھنے والے پتنگ کا حصہ

کنار: مو، آغوش، گود، بغل، سینہ، علاحدگی، جدائی، دوری

کنارا: مذ، کنارا، حاشیہ، کور، پہلو

کنارہ: مذ، کنار، ساحل، کور، پہلو، لب دریا، کراڑا، گوشہ، انجام، نتیجہ، حد، انتہا، گوٹ، پلّو، حاشیہ، دوری، علیحدگی

کنارہ کش ہونا: ساتھ ترک کر دینا، قطع تعلق کرنا، الگ ہونا، بری الذمہ ہو جانا، سروکار نہ رکھنا

کنارے کنارے چلنا: احتیاط سے چلنا، بچ کر چلنا، پہلو بچا کر چلنا

کنارے لگانا: پورا کرنا، امداد کرنا، پار اتارنا، سرپرستی کرنا، مشکل کشائی کرنا

کنارے ہو جانا: راستہ سے ہٹ جانا، کسی ایک طرف چلے جانا

کناری: مو، دوپٹے وغیرہ کے حاشیوں پر لگایا

جانے والا گوٹ

کناری باف: کناری بننے والا، گوٹ بننے والا

کنّاس: مذ، حلال خور، خاک روب، مہتر، صفائی کرنے والا، پھانسی دینے والا، جلاد

کنائی: مو، راستہ، راہ گزر، گزرگاہ

کنائی کاٹنا: کترانا، پرہیز کرنا، دوسرا راستہ اختیار کرنا، نہ ملنا، نظر بچانا

کِنایۃً: اشارۃً، بجازاً، ضمناً، رمزاً، ایماً، غیر واضح

کِنایہ: مذ، اشارہ، ایما، رمز، غیر واضح بات، مقصد، مطلب، مجازی

کنبہ: مذ، خاندان، قبیلہ، گھرانہ، اہل وعیال، بال بچے

کنبہ پَرور: اہل وعیال کی ذمہ داری اٹھانے والا، عزیز واقارب کا خیال رکھنے والا

کنٹرول: مذ، اختیار، قابو، حکومت، نگرانی، دیکھ ریکھ، رکاوٹ، پابندی، تصرف

کنکومنٹ: مذ، چھاؤنی، کیمپ، لشکرگاہ

کنٹھ: مذ، گلا، گلے کی ہڈی، یاد، آواز، بے سُر

کنٹھ مالا: گلے کی گلٹیاں، خنازیر، گلے میں پہننے کا ایک زیور

کنٹھا: مذ، سونے کا ہار، پھولوں کا ہار، لمبی تسبیح

کنٹھی: مو، گلے میں پہننے کا ہار، تسبیح

کُنج: مذ، گوشہ، کونہ، کنارہ، پہلو، راحت کے لیے سایۂ درخت، بیل اور پھلوں کی جگہ، کوچہ، گلی، محلہ، آبادی

کُنجا: مذ، گربہ چشم، کرنجا، نیلی آنکھوں والا آدمی

کُنجر: مذ، ایک خانہ بدوش قوم، ذلیل، بے ڈھب

کُنجڑا: مذ، سبزی فروش، ترکاری بیچنے والا

کنجڑن: مو، کنجڑا کی تانیث، ترکاری بیچنے والی

کُنجشک: مو، گوریا، ایک چھوٹی چڑیا

کنجوس: بخیل، شوم، تنگ دل، بہت زیادہ کفایت کرنے والا

کُنجی: مو، چابی، کلید

کنچن: مذ، سونا، زر، طلا، ناچنے گانے والی ایک قوم کا نام

کُند: بے کاٹ، موٹی دھار والا، کاٹ سے محروم، کاہل، بودا

کُندا: مذ، پاجامے کا گوشی ٹکڑا، بندوق کا پچھلا حصہ، پکا دودھ کھویا

کُندرُو: مذ، پرول سے ملتی جلتی ایک قسم کی ترکاری

کُندن: کھودنا، گودنا، دھنسانا

کُندَن: مذ، اصلی سونا، دمکتا ہوا، چمکتا ہوا، خالص ہونا

کندورا: مذ، دسترخوان، کھانا

کندوری: مو، دسترخوان، وہ کپڑا جس میں روٹیاں لپیٹ کر رکھی جائیں

کُندہ: کھدا ہوا، نقش کاری کیا ہوا، منقش

کُندہ کار: کھودنے والا، نقش ونگار بنانے والا، قلم کار

کُندہ: مذ، مضبوط اور موٹی لکڑی کا ٹکڑا، قصائی کی

گوشت کوٹنے والی لکڑی، بندوق کے پچھلے حصہ کی لکڑی، مجرموں یا دیوالیوں کے پاؤں میں ڈالی جانے والی لکڑی

کندۂ ناتراش: بغیر صاف کی ہوئی لکڑی، ان گھڑی لکڑی، بے وقوف، احمق، بے ڈھب

کندھا: مذ، مونڈھا، شانہ

کندھا بدلنا: ایک کندھے سے دوسرے کندھے پر بوجھ سنبھالنا، ڈولی اٹھانے والوں کا مونڈھا بدلنا

کندھا دینا: میت کو کندھے پر اٹھا کر لے جانا، مدد پہنچانا، یکے بعد دیگرے کندھے پر اٹھانا

کندھا ڈالنا: تھک جانا، ہمت ہارنا، بیل کا کندھے سے جوا اتار پھینکنا

کندھا لگنا: وزن یا رگڑ سے زخم ہونا

کند ہم جنس با ہم جنس پرواز: ہر چیز اپنی ہی جیسی فطرت پسند کرتی ہے، اپنا جیسا پسند کرنا

کندی: مو، موگری کی مار سے کپڑوں کی صفائی کرنے کا کام، کوٹ کوٹ کر صاف کرنا، زدوکوب کرنا، گست بنانے کا کام

کنڈ: مذ، کھڈ، گڑھا، تالاب، حوض، نشیب

کنڈا: زنجیر، کنڈی، زنجیر ڈالنے والا لوہے کا حلقہ

کنڈکٹر: مذ، راہبر، راستہ بتانے والا، آگے آگے چلنے والا، منتظم، گاڑیاں چلانے والا

کنڈل: مذ، چکر، دائرہ، حلقہ، ہالہ

کنڈلی: مو، چھوٹا چکر، معمولی دائرہ، جنم پترا، سانپ کا دائرہ بنا کر بیٹھنا

کنش: مو، کام، فعل، کردار، عمل

کنشت: مذ، یہودیوں کی عبادت گاہ، آتش کدہ، گرجا

کنعان: مذ، حضرت یوسفؑ کی پیدائش کا مقام، شام کا علاقہ، فلسطین

کنف: مذ، مو، سمت، طرف، جانب، کنارہ، لب ساحل، بازو، پر، جمع اکناف

کنگ: مو، سونا، داغ، دھبہ، عیب

کنکر: مذ، زمین کے اندر پائے جانے والے نکیلے پتھر کا ٹکڑا

کنکر پتھر: کوڑا کرکٹ، بیکار، بے مصرف

کنکریلا: جس میں کنکر ملا ہو، کرکرا، سنگ ریزہ ملا ہوا

کنکنا: نیم گرم، پینے کے قابل گرم، قابل برداشت گرم، شیر گرم

کنکوا: مذ، گڈی، کاغذی پتنگ

کنکی: مو، چاول کے باریک ٹکڑے

کنگال: غریب، نادار، فاقہ کش، پریشان حال

کنگرو: مذ، ایک جانور جس کی پچھلی ٹانگیں بڑی اور اگلی چھوٹی ہوتی ہیں، وہ پیٹ میں موجود تھیلی میں اپنے بچہ کو چھپا لیتا ہے، یہ عجیب وغریب جانور براعظم آسٹریلیا میں پایا جاتا ہے

کنگرہ: مذ، دیواروں کی بلندی پر موجود طاقچہ، کلس، کلغی

کنگن: مذ، کلائی میں پہنا جانے والا زیور

گھبرانا: بے قرار ہونا، ہوشیار ہونا، معذرت کرنا

گھڑندہ: کرنے والا، انجام دینے والا، جمع کنندگان

گھوارا: مذ، بغیر شادی شدہ لڑکا، مجرد، بن بیاہا

کنواری: مو، بغیر شادی شدہ لڑکی، بن بیاہی

کنوئیں جھانکنا: بہت تلاش کرنا، پریشان ہونا، سرگرداں ہونا

کنوانسا: مذ، نواسے کا لڑکا، بیٹی کا پوتا

کھور: مذ، کانوں کی جڑ کی سوجن

کھور: مذ، بیٹا، لڑکا، شہزادہ، خطاب، لقب

کنول: مذ، پانی میں کھلنے والا ایک پھول، گل نیلوفر

کنہ: مذ، انتہا، حقیقت، جڑ، بنیاد، اصل، تہ، نکتہ

کنی: مو، ریزہ، ٹکڑا، چاول کا باریک ٹکڑا، پکنے سے رہ جانے والا چاول کا حصہ

کنی: مو، کنارا، حاشیہ، لحاف، پتنگ کا بازو

کنی دبانا: قبضہ میں کرنا، تنگ کرنا، پریشان کرنا

کنیا: مو، معصوم لڑکی، کم سن لڑکی، کنواری، بن بیاہی

کنیانا: پتنگ کا کسی طرف کو زیادہ جھکنا، پہلو بچانا، کترانا، دور دور رہنا، پرہیز کرنا، روبرو ہونے سے شرمانا

کنیت: مو، ماں باپ کے تعلق سے رکھا اور پکارا جانے والا نام

کنیر: مذ، ایک زہریلا اور کڑوا پیڑ اور اس کا پھل

کنیز: مو، لونڈی، غلام، خادمہ، نوکرانی

کنیسہ: مذ، عیسائیوں اور یہودیوں کا معبد یا پرستش گاہ، گرجا

کو: لیے، واسطے، مفعول کی علامت

کو: مو، کوچہ، گلی، محلہ، علاقہ

کو بہ کو: گلی در گلی، کوچہ کوچہ، ہر طرف

کوا: مذ، کاگ، زاغ، انسان کے حلق میں لٹکنے والا گوشت کا ٹکڑا

کوا چلا ہنس کی چال اپنی بھی بھول گیا: اپنی حیثیت سے زیادہ کی توقع نقصان دہ ہے

کواکنی: کم تر حیثیت کی ملازمہ، بادلی، پھوہڑ

کواڑ: مذ، دروازہ، در، لکڑی کا پٹا یا تختہ جسے دروازہ بند کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے

کوار: مذ، ہندی سال کا چھٹا ماہ

کواکب: مذ، کوکب کی جمع، ستارے، روشن

کوائف: مذ، کیفیت کی جمع، کیفیات، حالات

کوب: کوٹنے والا، پیسنے والا، باریک کرنے والا

کوبڑ: مذ، پیٹھ کی ہڈی کا اونچا ہونا یا بڑھنا

کوبہ: مذ، موگری، موسل، مٹی یا کنکر پھوڑنے کا اوزار، کوڑا، چابک

کوت: مو، اٹکل، قیاس، اندازہ، تخمینہ

کوتاہ: چھوٹا، کم، تھوڑا، ٹھگنا، تنگ

کوتاہ اندیش: بلا سمجھے بوجھے کام کرنے والا، تنگ

نظر، انجام پر غور کیے بغیر کام کرنے والا

کوتاہ بیں: محدود نظر والا، بہت کم سوچ سمجھ رکھنے والا، انجام پر غور نہ کرنے والا

کوتاہ قد: بونا، پستہ قد، وہ شخص جو بلند نہ ہو

کوتاہی: کمی، خرابی، عیب، نقص، لاپروائی

کوتل: خالی گھوڑا، خاص سواری کا گھوڑا، آگے آگے چلنے والا گھوڑا

کوتوال: مذ، شہر کی حفاظت کرنے والا، پولیس افسر، پولیس تھانوں کا مختار

کوتوالی: مو، کوتوال کا صدر دفتر، شہر کی حفاظت کا سب سے بڑا تھانہ

کوتہ: کوتاہ کا مخفف، چھوٹا، کم، مختصر، تنگ

کوٹ: مذ، قمیص کے اوپر پہنا جانے والا انگریزی لباس

کوٹ: مذ، قلعہ، فصیل، گڑھ، حصار، احاطہ، چہار دیواری، مضبوط مکان

کوٹلا: مذ، چھوٹا قلعہ، چھوٹا حصار، گڑھی

کوٹنا: ریزہ ریزہ کرنا، باریک کرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا، مارنا، ستانا، بجانا

کوٹھا: مذ، مکان کا اوپری حصہ، بالاخانہ، معدہ، رحم، پیٹ

کوٹھے پر بیٹھنا: بدفعلی کرانا، پیشہ کمانا

کوٹھے والی: طوائف، کسبی، پیشہ کمانے والی، رنڈی

کوٹھری: مو، چھوٹا کمرہ، حجرہ، تنگ کمرہ

کوٹھی: مو، بنگلہ، شہر کے باہر رہنے کے لیے امیروں کا مکان، حویلی، پختہ گھر، گودام، دوکان

کوٹھی بیٹھنا: خسارہ ہونا، دیوالیہ ہونا

کوثر: مذ، جنت کی ایک نہر، بہشت کا حوض

کوچ بان، کوچوان: گھوڑے کی گاڑی ہانکنے والا

کوچ: مذ، انتقال، روانگی، سفر، رخصت، ٹھہرنا، چلنا، ایڑی کا اوپری حصہ

کوچک: چھوٹا، ننھا، کم سن، جمع کوچکاں

کوچنا: چبھونا، دھنسانا، گوونا

کوچہ: مذ، تنگ گلی، بہت کم چوڑا راستہ، باڑہ، محلہ

کوچہ گردی: آوارہ گردی کرنا، بے مقصد پھرنا، چکر کاٹنا

کوچی: مو، بزیورات یا گرد و غبار صاف کرنے کا برش

کودک: مذ، بچہ، لڑکا، طفل، کمسن، جمع کودکاں

کودن: آہستہ چال چلنے والا، سست رفتار

کودنا: پھاندنا، چھلانگیں لگانا، اچھلنا، غرور کرنا، اترانا

کودوں: مو، ایک طرح کا موٹا اناج

کور: مو، کنارہ، حاشیہ، سرا، مغزی، پلو

کور: اندھا، نابینا، محروم بینائی

کورا: نیا، بغیر استعمال شدہ، صاف ستھرا، خالی، بے وقوف، غریب

کور چشم: کوردیدہ، کوتاہ نگاہ، اندھا، نابینا، جسے سجھائی نہ دے

کور دینا: تنگ ہونا، بے بس ہونا، شکست کھانا

کورِدہ: کم معروف آبادی، چھوٹی بستی، دور دراز کی بستی

کورِ کسر: کمی بیشی، کوتاہی، خامی، برائی بھلائی، عیب

کورِ نمک: ناشکر گزار، احسان فراموش، نمک حرام

کورٹ: مذ، عدالت، کچہری

کورکور: کتے کے پلوں کو بلانے کی آواز

کورنش: مو، جھکاؤ، خمیدگی، جھک کر سلام کرنا، تسلیم، آداب، بندگی

کوڑا: مذ، درّہ، چابک، لگام، کان اینٹھنا، سزا دینا

کوڑا: مذ، گھاس پھوس، بیکار، واہیات

کوڑا کرکٹ: ردی، بیکار، گھاس پھوس

کوڑھ: مذ، جذام، جسم میں زخم ہو کر پیپ بہنے اور عضو بدن کا کٹ کر گرنے کی بیماری

کوڑھ: بے وقوف، احمق، جاہل، بے سلیقہ

کوڑی: مو، دمڑی، پائی، روپیہ، پیسہ، دھن و دولت

کوڑی بھر: بہت مختصر، تھوڑا سا، بہت ذرا

کوڑی پاس نہ ہونا: بہت غریب ہونا، محتاج ہونا

کوڑی کا ہو جانا: کسی کام کا نہ رہنا، بیکار ہو جانا، نکما ہونا، حقیر ہونا

کوڑی کا آدمی: بے توقیر انسان، نکما انسان، بے آبرو آدمی

کوڑی کوڑی ادا کرنا: ایک ایک پیسہ ادا کرنا، پورا حساب ادا کرنا

کوڑی کوڑی جوڑنا: کنجوسی کے ساتھ پیسہ جمع کرنا

کوڑی کوس دوڑنا: لالچی ہونا، پیسے کے لیے بہت دور تک چکر لگانا، بڑی محنت سے جدوجہد کرنا

کوڑی کے تین تین بکنا: بہت ہی سستا بکنا، بے توقیر ہونا

کوڑی کے کام کا نہیں: بیکار اور نکما ہونا، کسی کام کا نہ ہونا

کوڑی کے مول بکنا: بہت سستا ہو جانا، افراط ہو جانا

کوڑیالا: مذ، سفید چتیوں والا زہریلا سانپ، دولتمند

کوز: جھکا ہوا، خمیدہ، کبڑا، جمع کوزان

کوزہ: مذ، آب خورہ، کلہڑ، مٹی کا چھوٹا برتن، ڈونگا، مصری کے گول گول ٹکڑے

کوزہ گر: کمہار، کلال

کوزۂ نبات: مصری کا کوزہ، جمائی ہوئی مصری

کوزے میں دریا بند کرنا: کسی تفصیل کو خوبصورتی کے ساتھ بہت مختصر بنا دینا

کوس: مذ، دو میل کا فاصلہ، راستہ کی ایک مقررہ حد

کوسوں بھاگنا: پرہیز کرنا، الگ تھلگ رہنا، بچنا

کوس: مذ، بڑا نقارہ، طبل، دمامہ

کوسنا: برا چاہنا، بددعا دینا، برا بھلا کہنا

کوش: سہنے والا، برداشت کرنے والا، انگیز کرنے والا

کوشاں: کوشش کرنے والا، جدوجہد کرنے والا

کوشش: سعی، جدوجہد، دوڑ دھوپ کرنا

کوشک: مذ، محل، قصر، ایوان، اونچی عمارت، جمع کوشکہا

کوفت: مو، تکلیف، مصیبت، رنج، صدمہ، دکھ، درد، تھکن

کوفتہ: مصیبت زدہ، صدمہ اٹھانے والا، قیمہ کے گول کباب، شوربے دار

کوفی: شہر کوفہ سے متعلق، دھوکے باز

کوک: مو، (فارسی) کچی سلائی، لمبے لمبے ٹانکے

کوک: مو، (ہندی) بلند آواز، سریلی آواز، فاختہ اور کوے کی آواز، گھڑی میں چابی دینا

کوک شاستر: مذ، جنس اور مباشرت سے متعلق کتاب

کوکا بیلی: مذ، کنول، گل نیلوفر

کوکب: مذ، ستارہ، روشن ستارہ، جمع کواکب

کوکبہ: مذ، ستارہ، جماعت، کثرت، بھیڑ بھاڑ، جلسہ، جلوس

کوکلتاش: مذ، بادشاہ کا دودھ شریک بھائی

کوکنا: کویل کا بولنا، شور وغل کرنا، گھڑی میں چابی دینا، کراہنا

کوکنار: مو، پوست، خشخاش کا ڈوڈا

کوکنی: ننھا، چھوٹا، غیر اہم، پست

کوکو: مو، فاختہ کی آواز

کوکا: مذ، دودھ شریک بھائی، دودھ پلانے والی کا بیٹا، لے پالک لڑکا، رضاعی بھائی

کوکھ: مو، بطن، شکم، پیٹ، رحم، اولاد

کوکھ بند: بانجھ، عقیمہ

کوکھ جلی: بچوں کے مرنے سے رنجیدہ عورت

کوکھ سے ٹھنڈی ہے: اولاد سے بھرپور ہے، گود بھری ہے

کوکین: مو، ایک نشہ آور دوا، بے حس وحرکت کر دینے والی دوا

کولہا: مذ، پٹھا، سرین، پٹھ

کولہو: مذ، رس یا تیل نکالنے کی مشین

کولہو کا بیل: بہت محنتی، سخت مشقتی

کولہو میں پلوا دینا: سخت سزا دینا، شکنجے میں کسنجوا دینا

کون: مذ، ہونا، حاضر ہونا، موجود ہونا، دنیا، ہستی، جمع اکوان

کون وفساد: وجود میں آنا اور ختم ہو جانا، پیدائش اور موت

کون ومکان: عالم، دنیا، جہاں

کون: مو، مقعد، گانڈ، سفرہ

کون خر: بے وقوف، احمق، نادان، پراگندہ ذہن

کونپل: مو، کلی، شگوفہ، درخت کی ملائم پتی

کونچ: مو، قاز، کلنگ، راج ہنس، مرغابی، ایک زہریلا درخت اور اس کے بیج کا نام

کوندنا: بجلی چمکنا، روشنی کی تیز لہر

کونڈا: آٹا گوندھنے کا مٹی کا برتن، کٹھوتی، پرات

کونسل: مو، مجلس، محفل، اجتماع، مجلس شوریٰ

کوں کوں: مو، پلے کی آواز

کونی: مذ، وہ انسان جسے علتِ اُبنہ ہو

کونین: مذ، دین و دنیا، دونوں جہاں، دونوں عالم

کوہ: مذ، پہاڑ، سطحِ زمین سے اونچا، پتھروں کا علاقہ

کوہِ آتش فشاں: جوالا مکھی، جس پہاڑ سے آگ کے شعلے نکلتے ہوں

کوہِ بے ستون: ملک ایران کا ایک روایتی پہاڑ جسے فرہاد نے شیریں کو حاصل کرنے کے لیے کھودا تھا اور دودھ کی نہر نکالی تھی

کوہسار: پہاڑی والی جگہ، پہاڑ کا دامن، پہاڑوں کا سلسلہ، جمع کوہساراں

کوہستان: پہاڑوں کا ملک، پہاڑی مقام، پہاڑوں کا سلسلہ

کوہِ سینا: کوہِ طور، ملک شام کا مشہور پہاڑ، جہاں حضرت موسیٰؑ کو خدا کا جلوہ دکھایا گیا تھا

کوہِ صفا: مکہ معظمہ کے قریب دو مقدس پہاڑیاں صفا اور مروہ جن کے بیچ سات بار دوڑ لگانا ارکانِ حج میں شامل ہے

کوہِ قاف: ایشیائے کوچک کا ایک پہاڑ، ایک روایتی خیال ہے کہ یہاں پریاں رہتی ہیں

کوہ کن: پہاڑ کھودنے والا، فرہاد کا لقب

کوہ کندن و کاہ برآوردن: بیکار کا کام، سخت محنت کا کام، مگر حاصل کچھ بھی نہیں

کوہِ نور: برصغیر کا مشہور ترین ہیرا جو حکومت برطانیہ کے قبضے میں ہے

کوہان: مذ، اونٹ کی پیٹھ کا اونچا حصہ

کوہی: پہاڑی، پہاڑ کا رہنے والا

کوئلا: مذ، جلی ہوئی لکڑی کا بجھا ہوا سیاہ ٹکڑا، کان سے برآمد کیا گیا کالا مادہ

کوئلوں کی دلالی میں ہاتھ کالے: غیر مناسب کام میں پڑنے کا بدلہ اچھا نہیں ہوتا، رسوائی کے کام میں پڑنے سے اپنی بھی بدنامی ہوتی ہے

کوئی دم کا مہمان: جلد ختم ہونے والا، قریب الموت

کوئی کل سیدھی نہیں: ہر پہلو عیب دار ہے

کوئی کوئی: اکا دکا، ایک آدھ، شاذ و نادر

کوئی نہ کوئی: ایک نہ ایک، یہ نہیں وہ، ایک دو

کوئے: مذ، کو، گلی، کوچہ

کویا: مذ، گوشۂ چشم، آنکھ کا کونہ، کنپل کا بیج

کوئل: مو، ایک خوش آواز کالے رنگ کی چڑیا

کویلو، کوئلی: مو، کھپریل، سفالہ پوش

کہ: چھوٹا، کمتر، کم درجے کا

کہتر: معمولی، کم ترین، زیادہ چھوٹا

کہ و مہ: چھوٹا بڑا، خاص و عام، خورد و کلاں، ہمہ شما

کہ: مذ، کاہ کا مخفف، گھاس پھوس، کوڑا کرکٹ، بیکار

کہ رُبا: ایک طرح کا زرد گوند

کہکشاں: آسمان میں چھوٹے چھوٹے ستاروں سے بھرا دودھیا رنگ کا نظر آنے والا ایک چوڑا راستہ

کہ: مذ، کوہ کا مخفف، پہاڑ

کہا سُنا: غلطی، جرم، خطا، شکوہ و شکایت

کہا سُنی: غیبت، چغل خوری، لگائی بجھائی

کہار: مذ، پانی لانے والا، برتن صاف کرنے والا، ڈولی ڈھونے والا، وزن اٹھانے والا

کہاری: مو، کہار کی اجرت یا مزدوری، ڈولی یا پالکی اٹھانے کی مزدوری یا کرایہ

کہاں سے ٹپک پڑے: اچانک کس طرف سے آ گئے

کہاں کا آنا کہاں کا جانا: کیسی ملاقات؟ کیسا تعلق؟ کوئی ربط ضبط نہیں

کہاں کے ہیں: ایسے کون ہیں؟ کس جگہ کے رہنے والے ہیں، کون سے تمیں مار خاں ہیں

کہاں مر رہا: کس جگہ پھنس گئے کہ بہت دیر ہو گئی، کیوں تاخیر کی؟

کہانا: شہرت حاصل کرنا، نام رکھا جانا، کہلوانا

کہانت: مو، مستقبل یا غیب کی باتیں بتانا

کہانی جوڑنا: قصہ بنانا، داستان تیار کرنا، پیشگوئی کرنا

کہانی ہے: بے حقیقت ہے، افسانہ ہے، جھوٹ ہے

کہاوت: مو، مثل، قول، ضرب المثل

کھہ دینا: راز فاش کر دینا، بھید کھول دینا، ظاہر کرنا

کُہر: مو، سردیوں میں صبح و شام نظر آنے والی دھند، کہرا

کہرام: مذ، شور و غل، واویلا، آفت، قیامت، نالہ و فریاد

کہف: کھوہ، گڑھا، غار، جس غار میں اصحاب کہف مدتوں سے سوئے ہوئے ہیں

کُہل: مذ، ادھیڑ، نہ جوان اور نہ ضعیف، میانہ سال

کُہن: مو، پرانا، قدیمی، کہنہ

کہن سال: بوڑھا، معمر، بڑی عمر والا

کہنے کی باتیں ہیں: صرف زبانی جمع خرچ ہے، صرف باتیں ہیں

کہنہ: پرانا، معمر، سال خوردہ

کہنہ مشق: تجربہ کار، ماہر، مشاق

کُہنی: مو، بازو اور کلائی کا جوڑ

کُہولت: مو، بڑھاپے کا آغاز، پیری کی ابتدا

کہیں سنا ہے: حیرت کی بات ہے، تعجب خیز ہے

کہیں کا نہ رہنا: کسی کام کا نہ رہنا، بیکار ہونا

کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا بھان متی نے کنبہ جوڑا: بے میل اور بے تعلق رشتہ

کے: مذ، ایران کے کیانیاں خاندان کا فرماں روا، کب؟ کتنے؟

کے آمدی و کے پیر شدی: بہت کم تجربہ پر ناز کرنا، ادھوری مہارت پر غرور کرنا

کیا آگ لینے آئے تھے: آنے کے بعد فوراً چلا جانا

کیا اکھاڑ سکتا ہے: کچھ بھی نہیں کر سکتا

کیا ان ہی کے سر سہرا ہے: ان ہی پر دار و مدار نہیں ہے، دوسرے بھی کر کے دکھا سکتے ہیں

کیا بات ہے: کیا کہنا، کیا خوب، شاباش، بہت خوب، سبحان اللہ

کیا بھروسہ ہے: کوئی اعتبار نہیں، تسلی کے نا قابل، کچھ ٹھیک نہیں

کیا پدی کیا پدی کا شوربا: نہایت کمتر، بے قیمت

کیا پروا ہے: کوئی خوف نہیں، کوئی اندیشہ نہیں، کر گزرنا

کیا پڑی ہے: کون سا خیال ہے، کیا فکر ہے

کیا تھا کیا ہو گیا: بات بگڑ جانا، حالات کا پلٹ جانا

کیا جانے، کیا جانیے: علم نہیں، خدا ہی بہتر جانتا ہے

کیا جائے گا: کیا خسارہ ہو گا، کیا بگڑ جائے گا

کیا خبر: نہیں معلوم، خدا ہی جاننے والا ہے

کیا خدائی ہے: خدا کی کیسی قدرت ہے

کیا خوب: مرحبا، کیا کہنا، شاباش، واہ، ہوش و حواس میں آؤ

کیا خوب آدمی تھا: کسی اچھے انسان کے انتقال پر افسوس ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں

کیا دن تھے: بیتے دنوں کی اچھائی کے بارے میں

کیا دور ہے: کچھ بعید نہیں، کوئی حیرت کی بات نہیں

کیا رکھا ہے: کچھ بھی نہیں، بے حقیقت، کوئی ندرت نہیں

کیا رہا: ساری امیدیں ختم ہو گئیں، سہارا ختم ہو گیا

کیا زمانہ ہے: بہت ہی خراب دن ہیں، کیسی الٹ پھیر ہے

کیا سوجھی: کیا فکر ہوئی، کیا خیال پیدا ہوا ہے

کیا سے کیا ہو جانا: زبردست تبدیلی ہو جانا

کیا قیامت ہے: بہت برا ہے، ظلم کی انتہا ہے، بہت ہی حسین و جمیل ہے

کیا کام: کوئی تعلق نہیں، کوئی واسطہ نہیں

کیا کچھ: بہت کچھ، مقدور بھر، کتنا

کیا کروں: حیرت اور مجبوری ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں، کیا چارہ ہے؟ کوئی صورت ہو؟ مجھے ضرورت نہیں

کیا کہنا ہے: بہت خوب، بہت اچھا، شاباش

کیا کیا کچھ: بہت کچھ، سب کچھ، کون کون سی بات

کیا گزری: کیا ہوا؟ کیا بیتی؟ کیسے بسر کی؟

کیا مجال ہے: کیا کر سکتا ہے؟ کیا طاقت ہے؟

کیا معنی: کیا سبب ہے؟ کیا وجہ ہے؟ کیوں؟ کیا غرض؟ کیا مت؟

کیا منہ دکھاؤ گے: کیسے سامنے ہو گے؟ کیا جواب دو گے؟

کیا منہ کا نوالہ ہے: مشکل کام ہے، آسان نہیں

کیا ننگی نہائے گی کیا نچوڑے گی: غریب کے پاس دینے دلانے کے لیے کچھ بھی نہیں، بہت زیادہ مفلس

کیاری: مو، باغ اور کھیت کے چھوٹے چھوٹے حصے، تختۂ باغ

کیاست: مو، فہم، عقل، زیرکی، دانائی، خرد، دانش

کیانی: کے سے متعلق، فرماں روائی کے لائق

کیت: مذ، ایک کھٹے پھل کا درخت

کیتکی: مو، ایک خوشبودار پودا

کیتلی: مو، انگریزی کٹلیل کا مؤنث، ایک ٹونٹی دار برتن جس میں چائے یا پانی ابالتے ہیں

کیتھانا: مذ، کائستھ برادری کا محلہ

کیتھولک: مذ، سخت عقیدہ کا عیسائی، کٹر عیسائی

کیٹلاگ: مو، کتابوں کی فہرست

کیچ: کیچڑ، گیلی مٹی، غلاظت، گندگی، دلدل، گندگی اور مٹی کا ملا جلا حصہ

کیچوا: مذ، ہلکے لال رنگ کا لمبا کیڑا جو برسات میں پیدا ہوتا ہے، پیٹ کا کیڑا

کید: مذ، دھوکا، فریب، دغا

کیر: مذ، عضو تناسل، آلت

کیریئر: مذ، وزن یا بوجھ لے جانے والا، مزدور، حمال، روش، چال، طور، نشو ونما

کیرکٹر: مذ، کردار، شخصیت، سیرت، خصوصیت

کیڑا: مذ، مکوڑا، کرم، رینگنے والا جانور

کیڑے نکالنا: برائی پیدا کرنا، عیب نکالنا

کیس: مذ، معاملہ، مقدمہ، حالت، کیفیت، بیماری کی حالت، ڈھکنا

کیس: مذ، بال، لمبے بال، پرندوں کی چوٹی

کیسر: مو، زعفران

کیسہ: مذ، جیب، تھیلا

کیش: مذ، عقیدہ، مذہب، دین، عادت، وصف، روش

کیف: مذ، سرور، خمار، نشہ، حالت، کیفیت

کیف وکم: کیسا، کتنا

کیفر: مذ، سزا، بدلہ

کیفر کردار: اپنے اعمال کا بدلہ، برے کام کا نتیجہ

کیفی: مسرور، مخمور، متوالا، مدہوش

کیفے: مذ، قہوہ خانہ، چائے خانہ

کیفیت: مو، حالت، اصلیت، حقیقت، رنگ ڈھنگ، لطف

کیقباد: مذ، عجم کے ایک حکمراں کا نام، عادل، حق پرست

کیک: مذ، شکر، انڈا، میدہ، روغن وغیرہ سے تیار کی ہوئی ایک طرح کی انگریزی روٹی

کیکاؤس: مذ، مشہور ایرانی بادشاہ

کیکر: مذ، ببول کا پیڑ، کانٹے دار جھاڑی

کیکڑا: مذ، سرطان، پانی کا ایک کیڑا

کیلنا: بھلانا، پکارنا، چیخنا

کیل: مذ، میخ، لوہے کی کھونٹی، ناک کا زیور، پھنسی

پھوڑے کی سخت اور جمی ہوئی پیپ

کیلا: مذ، لمبی پھلی والا میٹھا پھل

کیلینڈر: مذ، تقویم، جنتری، ماہ وسال کا حساب

کیمپ: مذ، لشکر گاہ، پڑاؤ، چھاؤنی، فوجی ڈیرا، خیمہ

کیمرا: مذ، عکسی تصویر کھینچنے کی مشین

کیمسٹری: مو، علم کیمیا، کیمیاوی علوم کا شعبہ

کیمیا: مو، سونا چاندی بنانا، اکسیر، چیزوں کی ماہیت اور ان کی خاصیت کا علم

کیمیا گر: سونا چاندی بنانے والا، کیمیا ساز، زرساز، فریبی، مکار

کین: مو، عداوت، بغض، دشمنی، نفاق، حسد

کینٹین: مو، چائے خانہ، کھانے پینے کی دکان جو فوجی بارکوں میں ہوتی ہے

کینچل: مو، سانپ کے جسم پر سے اترنے والی جھلی لباس

کینڈا: مذ، خاکہ، ناپ، نمونہ، پیمانہ، انداز

کینسر: مذ، سرطان کی بیماری، ناسور، ایک مہلک مرض

کینسل: رد کرنا، ملتوی کرنا، منسوخ کرنا

کینہ: مذ، دشمنی، حسد، بغض، نفرت

کیوان: مذ، ستارۂ زحل، سنیچر، ساتواں آسمان

کیوٹی: مو، کئی طرح کی ملی جلی دالیں

کیوڑا: مذ، ایک خوشبودار پودا

کھات، کھتا: مو، وہ گھور جس میں کوڑا کرکٹ یا گندگی بھر کر بند کر دیتے ہیں

کھاتہ: مذ، لین دین کی کتاب، حساب کی کتاب، روزنامچہ

کھاتا پیتا: خوش حال، متمول، آسودہ حال

کھاٹ نکلنا: مرنا، میت نکلنا

کھاجا: مذ، غذا، خوراک، میدہ اور شکر سے بنی تہ دار مٹھائی

کھاد: مذ، اچھی فصل پیدا کرنے کے لیے کھیتوں میں دی جانے والی گلی سڑی چیزیں

کھادر: مو، نشیب کی زمین، پانی ٹھہرے رہنے کی جگہ

کھادی: مو، کھدر، ہاتھ کا بُنا ہوا موٹا کپڑا

کھار: مذ، شوریت، نمک، کاٹ کرنے والا

کھارا: نمکین، شور، کڑوا، تلخ

کھاڑی: مو، خلیج، وہ تنگ آبی حصہ جو کافی دور تک زمین میں داخل ہو، جیسے خلیج بنگال

کھاس: مو، گدھوں یا جانوروں پر سامان برداری کے لیے رسیوں کا بنا ہوا جالی دار بورا

کھال: مو، چمڑا، چرم، چھلکا، چھال

کھال اُتارنا: سخت سزا دینا، جسم سے چمڑی الگ کرنا

کھال اُدھیڑنا: بہت سخت سزا دینا، کوڑے سے مارنا، بات میں بات نکالنا

کھال کھینچنا: سزا دینا، جسم سے چمڑا الگ کرنا

کھالا: مذ، ندی نالوں سے بھرپور نشیبی زمین، گڑھا،

نشیب، ندی نالے

کھالنا: کراہنا، تکلیف کا اظہار کرنا

کھانا: مذ، غذا، خوراک، دعوت، حلق سے اتارنا، ہضم کرنا، اڑنا، یقین کرنا، انگیز کرنا، رشوت لینا، ڈسنا، قتل کرنا، ستیاناس کرنا، مارا جانا، پٹائی ہونا، کمزور کر دینا، بیکار کر دینا، استحصال کرنا، بیجا تصرف کرنا، اقرار نہ کرنا

کھانے کو بسم اللہ کمانے کو استغفر اللہ: کھانے میں پیش پیش رہنا اور محنت سے جی چرانا

کھانے کے دانت اور ہیں دکھانے کے اور: کہنے اور کرنے میں فرق ہونا قول و فعل میں اختلاف ہونا

کھانچا: مذ، بڑا ناپا، اونچا نیچا کرا، خوانچہ، تاخیر، فرق

کھانڈ: مو، دیسی شکر، مٹ میلی چینی

کھانسنا: کھوں کھوں کرنا، کھانسی کی آواز، اشارہ کرنا، کھنکارنا

کھانسی: مو، سعال، گلے یا حلق کی کھجلی، حلق میں کسی چیز کے پھنسنے سے کھوں کھوں کی آواز نکلنا

کھاؤ: پیٹو، بہت کھانے والا، رشوت لینے والا

کھائی: مو، خندق، غار، گڑھا، نالا

کھب جانا: کھبنا، گڑ جانا، اندر سما جانا، پسند ہونا، دل میں بیٹھنا

کھبالے: ناز و انداز والے، بانکے ترچھے

کھپاچ: مو، پھانس، بانس کا ٹکڑا، بہت لاغر

کھپانا: خرچ کرنا، ملا دینا، تحلیل کرنا، مکمل کرنا، برباد کرنا، گنوانا، سانا، شامل کرنا، استعمال میں آ جانا

کھپریل: مو، سفالہ پوش، کھپروں سے تیار چھت

کھتا: مذ، وہ گڈھا جس میں غلاظت بھر کر کھاد تیار کرتے ہیں

کھتری: مذ، ہندوؤں میں سے ایک قوم

کھتونی: مو، کاشتکاری سے متعلق زمین کی تفصیلات

کھٹ: مو، ٹکرانے کی آواز، ملنے کی آواز، کھاٹ کا مخفف، چارپائی

کھٹ: مو، کھٹکنے کی آواز، دھیمی آواز

کھٹاپٹ: مو، تکرار، لڑائی، ان بن، دو چیزوں کے ٹکرانے کی آواز

کھٹائی میں پڑنا: التوا میں پڑنا، ٹلنا، تاخیر ہونا

کھٹک: مو، چبھن، خلش، اضطراب، ٹیس، تکلیف

کھٹکا: مذ، چیزوں کے گرنے یا ٹکرانے کی آواز، چبھن، خلش، آہٹ، بے چینی، پھانس، خوف

کھٹکارنا: مچھلی کا شست کو ہلانا

کھٹکنا: چبھنا، خلش پیدا کرنا، ٹیس مارنا، ناگوار ہونا، تکرار ہونا، علیحدہ ہونا، نفرت کرنا، بدکنا، بچنا

کھٹکنا: چھلکا اتارنا، انڈے میں موجود بچوں کا چونچ مار کر انڈے سے باہر نکلنا

کھٹکھٹانا: دستک دینا، کھڑکھڑانا

کھٹو: کمانے والا، محنتی، جفاکش

کھٹولا: مذ، چھوٹی چارپائی، جھولنا، پالنا

کھٹیا: مو، چھوٹی چارپائی، پلنگڑی

کھٹیک: مذ، ایک پسماندہ قوم جو جانوروں کو پالنے یا پھل سبزی بیچنے کا کام کرتی ہے

کھجانا: چھیڑنا، بدکانا، خفا کرنا، ستانا، چڑانا

کھجانا، کھجلانا: ناخن سے کھرچنا، سہلانا

کھجلا: مذ، ایک طرح کی تہ دار پوری

کھجور: مو، ثمر، ایک طرح کا میٹھا پھل

کھچا: کسا ہوا، تنا ہوا، خفا، کشیدہ

کھچا کھچ: لبریز، بھرا ہوا، وافر، کثرت

کھچڑی پکنا: کسی امر کے لیے راز دارانہ صلاح کرنا، کانا پھوسی ہونا

کھینچنا: کسنا، تاننا، گھسیٹنا، دور دور رہنا، عرق نکالنا، طول پکڑنا

کھدبد: برتن میں اناج کے پکنے کی آواز

کھدبدانا: پکنا، کھولنا، ابلنا

کھدنا: کھودا جانا، نقش کیا جانا، کندہ ہونا، ڈھایا جانا

کھدیڑنا: پیچھا کرنا، دوڑانا، ہانکنا، بھگانا

کھڈا: مذ، غار، گڑھا

کھر: مذ، جانوروں کے سُم، بکری، ہرن گائے وغیرہ

کھرا: اصل، خالص، عمدہ، صاف صاف کہنے والا، بلفظ

کھرّا: مذ، مسودہ، لمبا چوڑا خط، شکوہ و شکایت کا خط

کھرانڈ، کھراہند: مو، پیشاب کی بدبو

کھرب: مذ، دس ہزار کروڑ

کھرتل: بے باک، بے لگی لپٹی کہنے والا، صاف گو، کھرا

کھرچال: مذ، راکھ چھاننے کا لوہے کا برتن

کھرچن: مو، پکتے وقت ہانڈی کے پیندے میں جمنے والی چیز، دودھ سے بننے والی ایک طرح کی شیرینی، بچا کھچا حصہ

کھرچنا: کریدنا، چھیلنا، اوپری پرت الگ کرنا، ہر گڑنا

کھردُرا: اونچا نیچا، ناہموار

کھرل: مو، ہاون دستہ، دوا پیسنے کے لیے پتھر کی اوکھلی

کھرنڈ: مذ، زخم کی اوپری پرت، سوکھی پرت

کھرنی: مو، ایک پھل جو بہت چھوٹا ہوتا ہے

کھروچنا: نوچنا، کھسوٹنا، پنجہ مارنا

کھری کھری سنانا: صاف صاف سنانا، بے لاگ کہنا

کھریرا: مذ، گھوڑے کے بال صاف کرنے کے لیے لوہے کا کنگھا

کھڑے پیر کا روزہ رکھنا: مستقل کھڑے رہنا، بیٹھنے کا نام نہ لینا

کھڑے کھڑے: فوراً، بلا تاخیر، جلد

کھڑکانا: دستک دینا، کنڈی کھٹکھٹانا، آواز دینا، بلانا، دھمکی دینا

کھڑکنا: سوکھے پتوں کا ہوا سے آواز دینا، دیگوں

کا بجنا، ان بن ہونا

کھڑکھڑانا: دستک دینا، کنڈی بجانا، کھٹکھٹانا، دھمکی دینا

کھڑکھڑیا: مو، گھوڑوں کو سدھانے کے لیے ایک طرح کی ہلکی گاڑی

کھڑگ: مو، تلوار، شمشیر، تیغ

کھسار: مذ، ملاحظہ ہو کوہسار

کھساری: مو، دال کے کام میں آنے والا ایک موٹا اناج

کھسر پھسر: مو، سرگوشی، کانا پھوسی، کان میں بات کرنا

کھسکانا: سرکانا، ہٹانا، الگ کرنا، چلتا کرنا

کھسیانا: روانسو ہونا، تنگ آنا، رونی صورت کا ہو جانا، چڑچڑا ہونا، شرمندہ ہونا، عاجز ہونا

کھلانا: کھانا پیش کرنا، عزت، حفاظت کرنا، بچے کو بہلانا

کھلائی: مو، غذا، خوراک، دایہ، ماما

کھلبلی: مو، ہل چل، گھبراہٹ، اضطراب، بے چینی، ہنگامہ، فتنہ، عجلت

کھل جانا: کھل کر، بے تکلف ہونا، ظاہر ہونا، حجاب کو بیچ سے ہٹا دینا

کھلکھلانا: زوردار ہنسی، قہقہہ لگانا، قہقہے مارنا

کھلکھلانا: پیٹ بولنا، معدہ کا گڑگڑ کرنا، قراقر ہونا

کھل کھیلنا: بے تکلف ہونا، حجاب ختم کرنا، لاپروا ہو جانا

کھلم کھلا: علانیہ، برملا، بے جھجک

کھلنا: مشکل ہونا، گراں گزرنا

کھلنا: کلی کا پھول بننا، خوش ہونا، مسکرانا، بھلا لگنا، نکھرنا، انوکھا لگنا، حسن دوبالا ہونا، نمایاں ہونا

کھلنا: ظاہر ہونا، بند چیز کا نمایاں ہو جانا، بے نقاب ہونا، جسم کا ننگا ہونا، جاری ہونا، بہنا، شرم و حیا کا ختم ہو جانا، آسمان کا بادلوں یا غبار سے صاف ہونا، روک ٹوک ختم ہو جانا، آزاد ہو جانا، بھلا لگنا، کشادہ ہونا، ریشہ ریشہ بکھر جانا، گرہ کا ادھڑ جانا

کھلنڈرا: تفریح یا کھیل کود میں مست رہنے والا، بے فکر

کھلی: مو، تیل نکل جانے کے بعد اس کا پھوک

کھلی: مو، ہنسی، مذاق، قہقہہ، ٹھٹھا، مسخرا پن

کھلونا: مذ، چھوٹے بچوں کے کھیلنے کے سامان، خوش مزاج، ظریف، مسخرا، دکھاوے کی چیز

کھلی اڑانا: رسوا کرنا، مذاق کرنا، ہنسی اڑانا، شرمندہ کرنا، ذلیل کرنا

کھلی کرنا: ہنسی کرنا، مذاق کرنا

کھلیان: مذ، خرمن، کٹی ہوئی فصل رکھنے کی جگہ

کھم: مذ، ستون، رکن، تھم، مینار

کھماچ: مذ، موسیقی کی ایک راگنی

کھنجن: مذ، ایک سیاہ فام چڑیا جس کی خوبصورت آنکھوں سے تشبیہ دیتے ہیں

کھنڈر: مذ، گرا ہوا مکان، بوسیدہ مکان، گری پڑی مکان کی دیواریں، ویران، سنسان

کھنس: مو، غصہ، دشمنی، تاؤ، رشک، حسد

کھنک: مو، جھنکار، بجنے کی آواز، روپے کی آواز، ٹوٹے ہوئے برتنوں کی آواز

کھنکارنا، کھنکھارنا: کھانسنا، کھانسی کی آواز نکالنا، اشارہ کرنا

کھنکانا: بجانا، جھنکارنا، کھڑکانا، روپیہ بجا کر آواز کرنا

کھنکنا: بجنا، جھنکارنا، کھڑکنا، روپیہ بجنا، مٹی کے ٹوٹے ہوئے برتن کی آواز

کھنگالنا: پانی سے برتن دھونا، برتن میں پانی ڈال کر ہلانا، سرسری طور پر کپڑا یا برتن دھونا

کھو، کھوہ: مو، غار، پہاڑ کے اندر کا کھوکھلا حصہ

کھوا: مذ، کندھا، دوش، شانہ، موٹھا

کھوے سے کھوا چھلنا: بہت زیادہ بھیڑ ہونا، ازدہام ہونا

کھوپرا: مذ، ناریل کا گودا، کھوپری، سر کا پیالہ

کھوپری گنجی کرنا: اتنی مار مارنا کہ سر کے بال جھڑ جائیں

کھوٹ: مو، آمیزش، برائی، ملاوٹ، نقص، خطا، نقصان، حرام زدگی، دھوکا، کینہ کپٹ، قصور

کھوٹا: آمیزش کیا ہوا، غیر خالص، جعلی، خراب، دھوکے باز، ناکارہ، مکار، بدچلن، بدطینت، بدکردار

کھوج: مذ، پتہ، سراغ، نشان، ٹھکانا، تلاش ودریافت، اطلاع، بنیاد، علم، انکشاف

کھو جانا: لاپتہ ہو جانا، غائب ہو جانا

کھودنا: زمین میں گڑھا کرنا، جڑ سے نکالنا، کریدنا، نقش ونگار بنانا

کھور: مو، جانوروں کے لیے پانی پینے کی نالی، ناند یا جگہ، تنگ راستہ، محدود وادی، سرپوش، رضائی

کھوسٹ: بیکار، بوڑھا، ناقص، پھوس

کھوکھا: مذ، لکڑی کا خالی ڈبہ، خالی، تہی، جس ہنڈی کا روپیہ ادا کر دیا گیا ہو

کھوکھلا: خالی، پولا، بے مغز

کھولانا: ابالنا، جوش دینا، جلانا، مدغ پہنچانا

کھولنا: ابلنا، جوش کھانا، پکنا، رنج سہنا، زخم یا پھوڑے میں ٹیس اٹھنا

کھولنا: بند چیز کو ظاہر کرنا، وا کرنا، گانٹھ ہٹانا، حل کرنا، چاک کرنا، ادھیڑنا، عیب ظاہر کرنا، ننگا کرنا، رہا کرنا، آسان کرنا، شرم دور کرنا، جانور کی چوری کرنا، دروازہ کو وا کرنا، آسمان کا بادلوں سے صاف ہونا، راز فاش کرنا، صاف کرنا، بات کرنا، ساز وسامان کا جسم سے الگ کرنا، صفحہ پلٹنا

کھونا: گنوانا، گم کرنا، نقصان اٹھانا، برباد کرنا، بھلانا

کھونٹ: مو، کونہ، گوشہ، طرف، سمت، پہلو، کان کا میل، حصۂ زمین

کھونٹا: مذ، میخ، کیل، چوب

کھونٹے سے بندھنا: کیل سے بندھ جانا، پابند ہو جانا، شادی ہونا

کھونچ: مو، کیل کانٹے یا کسی نوک دار چیز میں

کپڑے کا الجھ کر پھٹنا

کھوں کھوں: مو، کھانسنے کی آواز، کھانسی کی آواز

کھوئی: مو، رس نکل جانے کے بعد گنے کی پھوک

کھویّا: مذ، ملاح، مانجھی، ناخدا، کشتی چلانے والا

کھویا: مذ، دودھ کا ماوا، ربڑی، جلایا دودھ

کھویا کھویا رہنا: کسی خیال میں ڈوبا رہنا، محو رہنا، غرق رہنا، طبیعت کی گرانی

کھسیانا: کھس جانا، پرانا ہونا، سرکانا

کھیپ: مو، بحری سفر، بھرتی، بار، دفعہ، قسط، مرتبہ

کھیت: مذ، کھیتی، کاشتکاری والی زمین، بوئی جانے والی زمین، ملک، حصہ، دیس، میدانِ جنگ، چاندنی، چاند کی روشنی، تلوار کی باڑھ

کھیدنا: دوڑانا، نکالنا، بھگانا، پیچھا کرنا

کھیر: مو، شیر برنج، دودھ، چاول اور شکر سے پکا کھانا

کھیرا: مذ، بھورا، خاکی رنگ

کھیرا: مذ، چھوٹی اور موٹی ککڑی کی ایک قسم

کھیری: مو، جانوروں کے تھن کا گوشت

کھیڑا: مذ، آبادی، بستی، چھوٹا گاؤں

کھیتا: مذ، کیسہ، تھیلی، جیب، جھولی

کھی کھی: مو، ہنسنے کی ناپسندیدہ آواز

کھیل: مذ، بازی، تماشا، سیر، تفریح، کاریگری، آسان

گ

گابا، گابھا: مذ، کونپل، پودے کا نیا پتا، لکڑی کا مغز یا گودا، پیڑ کی چھال کا تازہ حصہ، تیار کھیتی

گابھن: مو، حاملہ جانور، جس جانور کے پیٹ میں بچہ ہو

گاجر: مو، سیاہ یا نارنجی رنگ کی جڑ والی ایک سبزی جو میٹھی ہوتی ہے

گاد: مو، تلچھٹ، شربت یا تیل کے نیچے بیٹھی ہوئی کثافت

گادا: مذ، کچا اور بھنا ہوا جو، گیہوں، مٹر، چنا وغیرہ

گار: مرکب لفظوں میں لاحقہ کے لیے مستعمل ہے جیسے پروردگار، کردگار، کرنے والا، فاعل

گارا: مذ، گیلی مٹی یا مسالا جس کی مدد سے اینٹ جماتے ہیں، ایک راگنی کا نام بھی ہے

گارد: مذ، سپاہیوں کی مختصر جماعت، محافظ، پہرے دار، چوکی

گارڈ: مذ، نگراں، محافظ، ریل کو چلانے والا

گارڈن: مذ، گلستاں، باغ، چمن، پھلواری

گارنٹی: مو، ضمانت، ضامن بننا، ذمہ دار ہونا

گاڑنا: ٹھونکنا، زمین کھود کر دفن کرنا

گاڑھ: مو، پریشانی، مشکل، دشواری، موٹا کپڑا

گاڑھا: دبیز، موٹا، کھردرا، دبلا پتلا کی ضد، گہرا، ولی، پریشانی، مشکل

گاڑھا پسینہ: حلال، بہت زیادہ جد وجہد کا

گاڑھی: موٹی، دبیز، غلیظ، دلی دوست، دشوار

گاڑھی چھننا: بھنگ کا خوب گاڑھا چھاننا، آپسی میل جول ہونا، بہت قریبی تعلقات

گاز: مذ، ایک طرح کی قینچی، موم بتی کا گل کترنے کی قینچی، سبز گھاس

گازر: مذ، دھوبی، کپڑے صاف کرنے والا، جمع گازران

گاف: مذ، حرف کا نام، بکواس، بے ہودہ باتیں، حد سے تجاوز کرنا

گاگر: مو، مٹی کا گھڑا، دھات کا گھڑا، مزاروں پر چڑھایا جانے والا سجایا ہوا مٹی کا گھڑا

گال: مذ، رخسار، باتیں، گفتگو، گھونٹ، چکی میں پڑنے والا مٹھی بھر غلہ، گالی

گال بجانا: منہ سے آواز نکالنا، گالیاں بکنا، شیخی بگھارنا

گال پھلانا: منہ میں ہوا بھر کر گال پھلانا، خفا ہونا، ناراض ہونا

گالا: مذ، دھنی ہوئی روئی کا ملائم گچھا، برف کی طرح ملائم چیز

گالی: مو، بے ہودگی، بدزبانی، دشنام

گام: مذ، قدم، ایک قدم کا فاصلہ، گھوڑے کی ایک چال

گانا: الاپنا، ترنم یا نغمگی سے آواز نکالنا، تعریف کرنا، اپنے بارے میں باتیں کرنا، راگ، نغمہ، موسیقی

گانٹھ: مو، گرہ، پیچیدگی، الجھاؤ، دشمنی، نفرت، عداوت، وعدہ، عہد، پیمان، انگلیوں، ہاتھ اور پاؤں کے جوڑ

گانٹھ باندھنا: یاد کرنا، گرہ لگانا، شادی کرنا

گانٹھ لے جانا: اپنا نقصان ہونا، اپنی جیب سے روپیہ صرف ہونا

گانٹھ کا: اپنا، ذاتی، نجی

گانٹھ کا پورا: سرمایہ دار، مال دار، چالاک، مکار، فریبی، مطلب پرست

گانٹھ کاٹنا: جیب کترنا، لوٹنا، غائب کرنا

گانٹھنا: باندھنا، اپنے بس میں کرنا، رام کرنا، جوڑنا، مرمت کرنا، سازش کرنا، قابو میں لانا

گانجا: مذ، بھنگ کا پودا، ایک نشہ آور پودا جس کے بیج کو چلم میں آگ کے ساتھ رکھ کر پیتے ہیں

گانجنا: کپڑے کی تہ بگاڑنا، ملنا مروڑنا، ڈھیر کرنا، بے ترتیب اکٹھا کرنا

گانو: مذ، دیہات، موضع، آبادی

گاو: مذ، مو، بیل، گائے، آسمان کے ایک برج کا نام، جمع گاواں

گاوخراس: کولہو میں جوتا جانے والا بیل

گاوزمین: جس بیل کے سینگ پر زمین ٹھہری ہوئی ہے

گاوفلک: آسمان کا برج ثور

گاہ، گہ: مذ، وقت، جگہ، یہاں، مکان، دفعہ، موقع، کبھی

گاہ بہ گاہ: کبھی کبھی، بھولے بسرے، کسی کسی وقت

گاہنا: روندنا، مسلنا، غلہ پر بیلوں کو دوڑانا تاکہ اناج اور بھوسا الگ الگ ہو جائے

گاہے: کبھی، کسی وقت

گاہے گاہے: کبھی کبھی، کسی کسی وقت، بھولے بسرے

گاؤ تکیہ: گول اور لمبا تکیہ

گاؤ خورد: برباد ہونا، ختم ہو جانا، بیکار ہونا

گاؤ دم: ایک کنارے پتلا اور دوسرے کنارے موٹا

گاؤدیدہ: میدے سے تیار ایک طرح کی خمیری روٹی

گاؤزباں: ایک مشہور دوا

گاؤشیر: ایک دوا کا نام ہے

گاؤمیش: بھینس

گاؤدی: کند ذہن، احمق، کاہل

گاؤگھپ: مذ، پرفریب، متفنی، دغاباز

گائے: مو، مادہ گائے، بے قصور، سیدھا، بے زبان، نادار، محاورے میں اللہ میاں کی گائے، ہندو عقیدے میں اسے بہت پاک مانا جاتا ہے

گائے کی طرح کانپنا: بہت زیادہ خوف کھانا

گبر: مذ، پارسی، زرتشی، آتش پرست

گبّر: ڈھیٹ، مغرور، پیسے والا، ناز کرنے والا، اترانے والا

گپ: مو، افواہ، ڈینگ، بکواس، خرافات، بے حقیقت

گپ شپ: ہلکی مذاق کی باتیں

گُپ: رازدارانہ، پوشیدہ، اندھا، چپ چاپ

گپا گپ: مذ، تیز تیز کھانے اور حلق سے اتارنے کی آواز

گپکنا: لگنا، نیچے اتارنا، ہوا میں بھاگتے ہوئے گیند کو پکڑ لینا

گپھا: مذ، کھوہ، غار، پہاڑ کے درمیان کی خالی جگہ

گپّی: بکواس کرنے والا، شیخی بگھارنے والا

گت: مو، حالت، حرکت، چال، طور، زدوکوب، نغمہ، سُر، خوشی، ایک رقص، فریب، دھوکا، مردے کی رسم

گت بنانا: طور طریقہ اختیار کرنا، حالت زار کرنا، زدوکوب کرنا، سازوں کو بجانے کے لیے تیار کرنا

گتا: مذ، کتابوں کی جلد باندھنے کے لیے موٹا کاغذ ملتی

گتکا: مذ، پٹا، کھیلنے کی لکڑی

گتھ جانا: آپس میں لپٹ کر لڑنا، بھڑ جانا

گتھم گتھا: ایک دوسرے سے خوب لپٹ کر لڑنا، آپسی لڑائی

گتھنا: پرویا جانا، ختمی ہونا، بھڑنا، لپٹنا، پھنسنا، جوڑنا

گتھی: مو، گرہ، پیچ، مشکل، الجھن

گتھی سُلجھانا: پیچیدگی دور کرنا، مشکل آسان کرنا

گٹا: مذ، کلائی کا جوڑ، حقے میں دونوں نیچے کے ملنے کا حصہ، پیشانی پر سجدے کا نشان، گٹھا، بیٹھنے سے پڑنے والا پیروں پر نشان، ایک سادہ مٹھائی

گٹو: مو، پرنالہ، موری، گندے پانی کے بہنے کا راستہ

گٹگا: مذ، بڑی گولی، شطرنج کا مہرہ، بہت چھوٹی بیاض، پان کی جگہ استعمال کیا جانے والا مسالہ

گٹھا: مذ، وزن، بوجھ، لہسن پیاز کی گانٹھ

گٹھری: مذ، چھوٹی تھیلی: بوجھ، بقچی، بار، بندھی ہوئی

گٹھری مارنا: مال چرانا، سامان پار کرنا، اسباب غائب کرنا

گٹھلی: مو، پھل کا بیج، مغز، تخم، گانٹھ

گٹھیا: مو، وجع مفاصل، جسم کے جوڑوں میں درد ہونے والی بیماری

گٹھیلا: مضبوط، قوی، سخت، کسا ہوا

گٹھل: مذ، بڑی اور موٹی گانٹھ، سخت، گرہ، کند، جما ہوا

گجرا: مذ، مالا، پھولوں کی مالا، کلائیوں میں پہنا جانے والا زیور

گچھا: مذ، خوشہ، بالی، جھرمٹ، تاگوں کا لچھا

گدا: مذ، فقیر، بھکاری، جمع گدایاں

گداگر: فقیر، بھکاری، منگتا

گداز: مذ، لطافت، نرمی، ملائمت، پگھلن

گدا گد: یکے بعد دیگرے گرنے کی آواز

گدائی: فقیری، بھیک مانگنا

گدایانہ: منگتوں کی طرح، فقیروں کی طرح

گدرانا: جوانی کی شروعات ہونا، شباب پر آنا، پھل کا پکنے کے قریب ہونا

گدڑی: مو، بہت سے پیوند لگے ہوئے فقیروں کا لباس

گدڑی میں لعل: کم تر جگہ پر بیش قیمت شے، نادار خاندان میں بہت ہی باکمال انسان

گدگدا: نرم، ملائم، ہلکا پھلکا

گدگدانا: بھڑکانا، مشتعل کرنا، ہنسانا، شوق دلانا، جسم کو مس کر کے جذبات جگانا

گدلا: میلا، کثیف، گاڑھا، تچھٹ

گدنا، گدوانا: جسم پر سوئی وغیرہ سے بیل بوٹے بنوانا

گِدھ: مذ، چیل سے ملتا جلتا مردہ جانوروں کو کھانے والا پرندہ

گدھا: مذ، خر، بے وقوف، احمق، بے عقل

گدھے کو باپ بنانا: مطلب نکالنے کے لیے احمق کو بھی عزت دینا

گدھے کے سر سے سینگ جانا: کوئی نشان نہ ہونا

گدی: مو، بادشاہی کا تخت، مسند فرماں روائی

گدی نشین: بادشاہ، فرماں روا، سجادہ نشین

گدی: مو، سر کا پچھلا حصہ، گردن کا پچھلا حصہ، ہتھیلی

گدیہ: مذ، بھیک مانگنا، گداگری کرنا

گڈمڈ: گڑبڑ، ملاجلا، مخلوط

گڈا: کپڑے کا بنا ہوا آدمی کا پتلا

گڈریا: مذ، بھیڑ بکریوں کو چرانے والا

گڈھ: مذ، قلعہ، کوٹ، گڑھ، پناہ گاہ

گڈی: مو، ہڈیوں کا جوڑ، پتنگ

گر: اگر کا مخفف، گار کا مخفف، کرنے والا، بنانے والا

گرچہ: اگرچہ کا مخفف

گر قبول اُفتد زہے عزّ و شرف: اگر یہ ناچیز تحفہ قبول ہو تو کیا ہی عزت و منزلت حاصل ہو

گر: مذ، راز، کلیہ، قاعدہ، حل کرنے کا طریقہ، اصول، نکتہ

گُردُوارہ: مذ، سکھوں کا عبادت خانہ

گُرمُکھی: مو، پنجابی رسم الخط جو گروؤں کی زبان ہے

گُراز: مذ، نر، سورما، بہادر، دلیر

گراف: مذ، خاکہ، اعداد و شمار پر مشتمل خاکہ

گرام: مذ، ناپنے کا ایک پیمانہ

گراموفون: مذ، ریکارڈ بجانے والی مشین، محفوظ کی ہوئی آواز کو دوبارہ پیش کرنے والا سماعی آلہ جو زمانۂ حال کی ایک بڑی سائنسی ایجاد ہے

گرامی: مکرم، محترم، معزز، مولانا غلام قادر جالندھری کا تخلص

گراں: وزنی، بھاری، بوجھل، مہنگا، ناگوار، سخت، سست

گراں بار: بہت بڑا بوجھ، بہت زیادہ وزنی، پھل لانے والا

گراں بہا: بہت زیادہ قیمتی، بیش قیمت

گراں پایہ: عزت و عظمت والا، بڑے پایہ کا

گراں خاطر: پریشان، اداس، مضمحل

گراں سر: گھمنڈی، مغرور، متکبر

گراں قدر: بڑے مرتبہ والا، عزت دار

گراں گزرنا: ناگوار ہونا، برا لگنا، ناپسندیدہ ہونا، بوجھ ہونا، بھاری ہونا

گراں گوش: بہرا، اونچا سننے والا

گراں مایہ: بیش قیمت، عزت و ناموس والا

گرانا: نیچے پھینکنا، ڈھیر کرنا، ڈھانا، پگھلنا، قیمت کم کرنا، عزت کم کرنا

گرانی: مو، مہنگائی، کمی، قلت، قحط، زیادہ قیمت ہونا، بدہضمی، بوجھ

گُرگ: دھوکے باز، عیار، مکار، حیلہ جو

گربہ: مو، بلی

گربہ کشتن روز اوّل: پہلے ہی دن رعب قائم ہوتا ہے

گربۂ مسکین: دیکھنے میں نادار مگر حرکتوں میں شریر

گرج: مو، بادلوں کے گرجنے کی آواز، شیر کی دہاڑ،

چیخنے کی زوروں کی آواز

گرجا: مذ، کلیسا، عیسائیوں کا معبد

گرجن: مو، آواز، چیخ، کڑک، غصہ، جوش

گرجنا: کڑکنا، شور کرنا، چیخنا، دھاڑنا، چنگھاڑنا

گرچ: مو، پیڑوں پر چڑھنے والی ایک بیل

گرد: مو، دھول، غبار، حقیر، آوارہ پھرنے والا

گرد آلود: خاک دھول میں ملا ہوا، گرد جمی ہوئی

گرد باد: بگولا، پھرنے والی ہوا

گرد و غبار: دھول مٹی، خاک دھول

گرد ہے: کسی قابل نہیں، کوئی حقیقت نہیں رکھتا

گرد: قریب، آس پاس، گول، گھیرا، حلقہ، پیچھے

گرد نما: سمت معلوم کرنے کا آلہ

گرد و نواح: قریب کا علاقہ، آس پاس کے حصے

گُرو: شجاع، پہلوان، بہادر، طاقتور، جمع گُرواں

گرداب: مذ بھنور، پانی میں اٹھنے والا چکر

گرداگرد: ہر سو، چاروں طرف، آس پاس

گرداں: چکر کھانے والا، پھرنے والا، پلٹا ہوا، الٹا ہوا

گردان: مو، مونا ؤ، صیغوں کو ترتیب کے ساتھ دہرانا

گردانا: تسلیم کرنا، ماننا، دہرانا، دور کرنا، مصدر کے تمام صیغوں کو دہرانا

گرداور: مذ، گشت کرنے والا، افسر، نگراں، پٹواریوں کے حلقہ یا چنگی کے علاقہ کا افسر، دورہ کرنے والا افسر، جمع گرداوراں

گردش: مو، دور، چکر، پھیرا، تبدیلی، انقلاب، بدقسمتی، نحوست، آفت، پریشانی، مشکل

گردش ایام: گردش افلاک، حرماں نصیبی، بدبختی، نحوست

گردش دوراں: زمانے کا انقلاب، بدبختی، دنوں کا الٹ پھیر

گردش لیل و نہار: رات دن کا چکر، پریشانیوں میں گھرنا، مصیبت میں پھنسنا، بدبختی

گردگاں: مذ، اخروٹ

گردن: مو، گلا، گلو

گردن اُڑانا: جان سے مارنا، قتل کرنا، سر قلم کرنا

گردن اینٹھی رہنا: کھنچا کھنچا رہنا، اکڑا رہنا، ناراض رہنا

گردن پر چھری چلنا: قتل کیا جانا، حق مارا جانا، بہت زیادہ ظلم و ستم ہونا

گردن پر خون ہونا: قتل کا گناہ سر پر ہونا، قتل کا ذمہ دار ہونا، کسی کے قتل کا مجرم ہونا

گردن پر سوار ہونا: گردن پر چڑھنا، تقاضا کرنا، بہت زیادہ مجبور کرنا

گردن پھنسانا: گردن کو پھندے میں ڈالنا، اپنے کو خطرے میں ڈالنا، ناحق کی ذمہ داری قبول کرنا

گردن پھیرنا: حکم عدولی کرنا، خلاف ورزی کرنا، انحراف یا انکار کرنا

گردن چھڑانا: رہا کرنا، خطرے سے بچنا، نجات حاصل کرنا

گردن زدنی: قتل کیے جانے کا مستحق، واجب القتل، قتل کیے جانے کے قابل

گردن زن: گردن جدا کرنے والا، جلاد

گردن فراز: مغرور، متکبر، سرکش، آزاد

گردن مارنا: مار ڈالنا، قتل کرنا

گردوں: مذ، آسمان، چرخ، رتھ، گاڑی، بیل، چکر کھانے والا

گردوں ہمت: بلند ہمت، بہادر، دلیر

گردہ: مذ، خاکہ، وہ سفوف جسے مصور استعمال کرتے ہیں

گردہ: مذ، حلقہ، دائرہ، احاطہ، ایک طرح کی خمیری روٹی

گردہ: مذ، جسم کے اندر کا ایک حصہ جس کا تعلق پیشاب سے ہے، بہادری، ہمت، دلیری

گرز: مذ، ایک طرح کا ہتھیار

گرس: مذ، بارہ درجن

گرست: مو، باسلیقہ، ہوشیار، گھریلو، منتظم

گرسنگی: مو، بھوک، اشتہا، کھانے کی خواہش

گرسنہ چشم: کنجوس، بخیل، لالچی، رذیل

گرفت: مو، پکڑ، قبضہ، مطالبہ، سخت قابو، شکنجہ

گرفتار: قیدی، اسیر، پکڑا گیا

گرفتہ: پکڑا ہوا، اسیر، قیدی

گرگ: مذ، بھیڑیا، جمع گرگاں

گرگ باراں دیدہ: تجربہ کار، آزمودہ کار، ماہر

گرگا: مذ، لڑکا، چھوکرا، شاگرد، غلام، نوکر، بدکردار، بے ڈھب، بہت شریر، گھاگھ

گرم اختلاط: قریبی یا گہرا دوست، بہت زیادہ بے تکلفی

گرم بازاری: گہما گہمی، خرید و فروخت یا لین دین کی کثرت

گرم ہونا: جلنا، ابلنا، ناراض ہونا، غصہ کرنا، چہل پہل ہونا

گرما: مذ، گرمی کا موسم

گرمابہ: مذ، حمام، گرم غسل خانہ

گرما گرم: تازہ تازہ، جلتا ہوا، گرم گرم، جوش سے بھرپور، تیز زبان، چنچل، شوخ، ہنس مکھ

گرمانا: گرم کرنا، گرم ہونا، غصے میں ہونا، تیز رفتار ہونا، پریشان کرنا، دق کرنا، تاؤ دلانا

گرمائی: مو، گرمی، جلن، تپش، حدت

گرمی: مو، جلن، تپش، حدت، حرارت، گرمی کا موسم، پرجوش، پرتپاک، تیزی، شوخی، غصہ، جنسی خواہش، آتشک

گرنا: اوپر سے نیچے کی طرف آجانا، لڑھکنا، پھسلنا،

قیمت کم ہونا، ہار ہونا، بھیڑ اکٹھا ہونا، بے قدری ہونا، ملتفت ہونا، طبع کرنا، عمل ضائع ہو جانا

گرنتھ: مذ، سکھوں کی مذہبی کتاب، پوتھی، کتاب

گرو: مذ، گردی، رہن، گہنے

گرو: مذ، استاد، مرشد، رہبر، کامل، فسادی، چالاک، تجربہ کار، بدمعاش

گرو گھنٹال: سب سے بڑا استاد، فسادیوں کا سردار

گروپ: مذ، جماعت، قبیلہ، طبقہ، ٹولی، مجموعہ

گروہ: مذ، جماعت، ٹولی، طبقہ، کسی خاص شے کا ذخیرہ

گروی: مو، رہن پر رکھی گئی چیز

گرویدگی: مو، دل سے چاہت، میلان، رجحان، اشتیاق، رغبت

گرویدہ: بہت زیادہ چاہت، میلان، رغبت، فریفتگی

گرہ: مذ، جیب، گانٹھ، پیچیدگی، ناپنے کے لیے گز کا سولھواں حصہ، دشوار، کدورت، ملال، بند کا آخری شعر

گرہ باندھنا، گرہ میں باندھنا: یاد رکھنے کے لیے رومال، ازار بند وغیرہ میں گانٹھ لگانا، احتیاط سے سنبھال کر رکھنا

گرہ پڑنا: پیچیدگی پڑنا، دشوار ہونا، دل میں کدورت پڑنا، گانٹھ پڑنا

گرہ ٹٹولنا: روپیہ پیسہ کی خواہش ہونا، پرائے دھن کو ہڑپنا

گرہ کٹ: جیب کترا، چور

گرہ گیر: پیچیدہ، بل دار، جس میں بل پڑے ہوں

گرہ لگانا: گانٹھ باندھنا، یاد کرنا، دوسرا مصرع لگانا، دل میں عداوت رکھنا

گرہستن: مو، بیوی، باسلیقہ عورت، گھر کی دیکھ بھال کرنے والی

گرہستی: مذ، گھر بار والا، دنیادار

گرہن: مذ، گہن، سورج اور چاند کا داغدار نظر آنا، کسوف وخسوف

گری: مو، بیج، مغز، تخم، ناریل کا مغز

گریا: مو، ریڑھ کی ہڈیوں کا سلسلہ، سانپ کا پنجر، ہار کا دانہ

گریاں: روتا ہوا، رنجیدہ، نالاں، فغاں کرتا ہوا

گریبان: مذ، گلے کے نیچے ہونے والا لباس کا حصہ

گریبان پکڑنا: شدید تقاضا کرنا، گریبان پکڑ کر کھینچنا

گریبان پھاڑنا: گریبان تار تار کرنا، دیوانگی کی وجہ سے کپڑے چاک کرنا، وحشت زدہ ہونا، پاگل یا سودائی ہونا

گریبان گیر: مزاحم، روکنے والا، دعویٰ کرنے والا، مقابلہ کرنے والا

گریبان میں منہ ڈالنا: خجل ہونا، نادم ہونا، غور وفکر کرنا، احتساب کرنا

گریجویٹ: مذ، بی اے پاس، جس کے پاس بی اے

پاس کی سند ہو

گریڈ: مذ، درجہ، مرتبہ، رتبہ، تنخواہ کی در

گریز: مو، فرار، بھاگنا، پرہیز، بچنا، نفرت، قصیدہ میں تشبیب کے بعد خاص موضوع کی طرف آنا

گریزپا: فرار ہونے والا، وحشت کھایا ہوا، غیر مستقل

گریزاں: فرار ہونے والا، بھاگنے والا

گریس: مو، روغن، چکنائی

گرین: مذ، ڈیڑھ رتی کے برابر وزن، اناج

گرینیڈ: مذ، چھوٹا بم، ہاتھ سے پھینکا جانے والا چھوٹا گولہ

گریہ: مذ، نالہ وزاری، رونا، پیٹنا، غم کھانا

گڑ: مذ، گنے کے رس سے پکائی ہوئی میٹھی چیز، مٹھاس

گڑاُنبہ: کچے آم کے ٹکڑے جو گڑ کے شیرے میں پکائے جاتے ہیں

گڑبڑ: مو، بکھیڑا، بے ترتیبی، انتشار، افراتفری، گڈمڈ، پامالی، کھلبلی، پیٹ بولنے کی آواز

گڑ جانا: دھنس جانا، چبھ جانا، پیوست ہونا، دب جانا، بہت شرمندہ ہونا، اڑ جانا، جم جانا

گڑریا: چرواہا، گلہ بان، بھیڑوں کو چرانے والا

گڑگڑوا: مذ، بڑا حقہ

گڑگڑانا: بادل کا گرجنا، کڑکنا، توپوں کا مسلسل دغنا

گڑگڑانا: منت وسماجت کرنا، التجا کرنا، خوشامد کرنا

گڑگڑانا: پیٹ کا بولنا، حقہ پینے کی آواز ہونا

گڑگڑی: مو، چھوٹا حقہ

گڑنا: چبھنا، زمین کے نیچے دفن ہونا، دبنا، شرمندہ ہونا، قائم ہونا، جمنا، استادہ ہونا

گڑوانا: دفن کروانا، چبھوانا، دھنسوانا

گڑوٹا: چبھونا، گاڑنا، گھسیڑنا، سوراخ کرنا

گڑھا: مذ، کھائی، کھڈ، غار، قبر

گڑھل: مذ، لال پھولوں والا ایک پودا

گڑھنا: ڈھالنا، تیار کرنا، ہموار کر کے شکل بنانا

گڑھی: مو، کوٹلہ، چھوٹا قلعہ

گڑھیا: مو، نشیب کی جگہ، کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ، برسات کا پانی جمع ہونے کی نیچی جگہ

گڑیا: مو، کپڑے سے تیار کی ہوئی پتلی، لڑکیوں کے کھلونے، حسین لڑکی، ناچیز بیوی

گڑے مُردے اُکھاڑنا: بھولی بسری باتیں یاد کرنا، مرحوم لوگوں کی برائی بیان کرنا، پرانے جھگڑے دہرانا

گز: مذ، تین فٹ کے برابر ناپنے کا پیمانہ، ستار اور سارنگی بجانے کا آلہ

گزار: انجام دینے والا، ادا کرنے والا

گزارش: مو، التجا، درخواست، عرض، جمع گزارشات

گزارنا: درخواست کرنا، ادا کرنا، بجالانا، وقت ملنا، بسر کرنا، پیش کرنا

گزارہ: مذ، نباہ، بسر اوقات، زندگی کی ضروریات، روٹی روزی، رسائی، عمل دخل، نبھ جانا، کام چلانا

گزارندہ: ادا کرنے والا، انجام دینے والا، عرض کرنے والا

گزاف: مو، بے ہودہ بات چیت، بکواس، بے معنی

گزٹ: مذ، سرکاری اعلان چھپنے والا اخبار، اطلاع عام

گزر: مو، گاجر

گزر: مذ، سڑک، راستہ، دخل، رسائی، آمد و رفت، نباہ، بسر اوقات

گزرگاہ: سڑک، شاہراہ عام، راستہ، گھاٹ

گزران: مو، زندگی کی ضروریات، روزی روٹی

گزراں: فانی، غیر مستقل، گزر جانے والا

گزرانا: پیش کرنا، سپرد کرنا

گزرنا: بیتنا، طے ہونا، ختم ہونا، دنیا سے رخصت ہونا، نباہ ہونا، بسر کرنا، پار ہونا، خواہش ہونا، ترک کرنا، چلنا، پیش آنا

گزری: مو، شام کا بازار، پریشانی ہونا

گزشتنی: بیتنے والی، پیش آنے کے قابل

گزشتہ: گزرا ہوا، بیتا ہوا

گزشتہ را صلوٰۃ آئندہ را احتیاط: بیت جانے والی بات کو بھول جاؤ آنے والی کو دیکھو

گزک: مو، شراب پیتے وقت کھائی جانے والی چیز، نقل، تل اور شکر سے تیار کردہ ایک مٹھائی

گزند: مذ، رنج، غم، مصیبت، تکلیف، نقصان، دکھ درد

گزندہ: ڈسنے والا، ڈنک مارنے والا، بچھو، سانپ

گزی: موٹا کپڑا، ناملائم سوتی کپڑا

گزیدہ: ڈسا ہوا، کاٹا ہوا

گزیدہ: انتخاب کیا ہوا، پسندیدہ، نیک

گزیر: مذ، چارہ، علاج، بدل

گزین: منتخب، پسندیدہ، محبوب

گسار: دور کرنے والا، رفع کرنے والا، کھانے والا، جمع گساراں

گسائیں: مذ، گایوں کی حفاظت کرنے والا، گوسائیں، گایوں کا مالک، جوگی، بیراگی، سنت، فقیر

گستاخ: بے ادب، بے شرم، شریر، شوخ

گستر: عام کرنے والا، پھیلانے والا

گسستہ: ٹوٹا ہوا، الگ ہوا

گشت: مو، دورہ، چکر، دور، چکر لگانا

گشتاسپ: مذ، ایرانی بادشاہ اسفندیار کے باپ کا نام، بزرخ

گشن: گھنا، دبیز، گاڑھا، مضبوط

گفت: مو، بات چیت، بول، اس نے کہا

گفت وشنید: کہنا سننا، بحث، بات چیت

گفتار: مو، گفتگو، بات چیت

گفتگو: مو، کہنا سننا، بات چیت، تقریر

گفتنی: کہنے کے قابل، ذکر کرنے کے لائق

گگرا: مذ، پانی کا بڑا برتن، لوہے یا پیتل کا بنا ہوا

گگری: مو، پانی رکھنے کا چھوٹا گھڑا

گگن: مذ، آکاش، آسمان، بہت اونچا

گل: مو، گیلی مٹی، گارا، دلدل، کیچڑ

گل حکمت: بھاپ باہر نہ نکلنے کے لیے مٹی اور کپڑے سے برتن کا منہ بند کرنا

گل خراسانی: کھریا مٹی

گل خورہ: کینچوا

گل: مذ، پھول، بدن کو داغنے کا نشان، چراغ کی بتی کا جلا ہوا سرا، داغ، نشان، محبوب

گل آفتاب: سورج مکھی کا پھول جو سورج کے ساتھ ساتھ رخ بدلتا رہتا ہے

گل افشاں: پھول بکھرنے والا، اچھی بات چیت کرنے والا

گل اندام: محبوب، پھول جیسے بدن والا

گل بار: پھولوں کی بارش کرنے والا، پھول بکھیرنے والا

گل بانگ: بلبل کی آواز، چہچہا، شادی خوشی کا شور وغل، خوشخبری، مژدہ، لڑائی کا نعرہ

گل بدن: پھول جیسے جسم والا محبوب، حسین

گل برگ: گلاب کی پنکھڑی، نازک جسم، محبوب

گلبن: گلاب کا پودا

گل بوٹا: پھول اور پودا، بیل بوٹا، آرائش

گل بے گانہ: جو اپنے آپ اُگیں، خودرو

گل پیرہن: پھولوں کے جیسا لباس پہننے والا محبوب

گل تر: تازہ پھول، خوبصورت چہرہ، محبوب

گل جعفری: ایک قسم کا پیلے رنگ کا پھول جو گیندے کی مانند ہوتا ہے

گل چہرہ: پھول جیسے چہرہ والا محبوب

گل چیں: پھول توڑنے والا، مالی، باغبان

گلخن: بھٹی، تنور

گل دار: وہ چیز جس پر پھول نقش ہوں، داغ دار، دھبہ دار

گل دان: پھول رکھنے کا برتن

گل دستہ: پھولوں کی شاخوں کا گچھا، غزلیات کا مجموعہ

گل دمہ: بلبل

گل دوز: وہ چیز جس پر پھول نقش ہوں

گُل رعنا: ایک قسم کا لال اور پیلا پھول، محبوب

گل رو: گلاب جیسے چہرہ والا، حسین وجمیل، محبوب

گل ریز: آتش بازی، پھلجھڑی

گل زار: باغ، چمن، پھولوں کی کیاری، چہل پہل

گل زارِ ابراہیم: وہ آگ جس میں نمرود نے حضرت ابراہیمؑ کو ڈالا تھا اور وہ خدا کے حکم سے ٹھنڈی ہو کر گلزار بن گئی تھی

گلستان: باغ، پھلواری، فارسی کی مشہور اخلاقی کتاب کا نام

گلِ سرسبد: سب سے اچھا پھول، اپنے ہم عصروں میں سب سے بہتر شخص

گل شکر: گل قند، ایک دوا کا نام

گل شمع: چراغ کی لو

گلشن: باغ، پھلواری، گلزار

گلشن آرا: مالی، باغ کو آراستہ کرنے والا

گلشنِ ایجاد: عالم، جہاں، جگت، دنیا

گلِ صد برگ: گیندا کا پھول

گل عذار: پھول جیسے گالوں والا، محبوب، سرخ سرخ رخساروں والا، حسین

گل فام: پھول جیسے رنگ والا، محبوب

گل کاری: بیل بوٹے بنانے کا کام، کشیدہ کاری

گل کدہ: باغ، گلشن، چمن، پھولوں کی جگہ

گل کرنا: چراغ بجھانا، دیا بجھانا

گل کھلانا: فساد برپا کرنا، آفت پیدا کرنا، کوئی حیرت انگیز کام انجام دینا، تہمت لگانا

گل کھلنا: کلی کا چٹک کے پھول بننا، کوئی عجیب بات ظاہر ہونا، راز فاش ہونا، بہتان تراشی کرنا

گل گشت: باغ کی سیر، چمن میں ٹہلنا، چہل قدمی کرنا

گل گوں: گلاب کی مانند لال رنگ کا، چالاک اور تیز گھوڑا

گل گونہ: غازہ، رنگ دار سفوف جسے خوبصورتی کے لیے چہرہ پر ملتے ہیں، بٹنا، پاؤڈر

گل گیر: چراغ کی بتی کترنے کی قینچی

گلِ نا شگفتہ: کلی، غنچہ، بن بیاہی لڑکی، باکرہ

گلِ نیلوفر: کنول کا پھول

گل ہونا: چراغ کا بجھ جانا، چہل پہل ختم ہونا، عزت کا برباد ہو جانا

گل چھرّے اُڑانا: داد عیش دینا، مزے اڑانا، کمائی کو خاک میں ملانا

گلا: نرخرہ، حلق، آواز، سر، گریبان

گلا آنا: حلق کے کوّے کا سوج جانا، گلے میں سوجن ہو جانا، گلے میں درد ہو جانا

گلا اٹھانا: گلے کے اندر کوّے کو رومال یا انگوٹھے

سے دبانا تا کہ وہ اپنی جگہ پر آجائے

گلا بند ہو جانا: آواز بیٹھ جانا

گلا بندھانا: ادھار لینا، قرض دار ہونا، ذمہ دار ہونا، اپنے اوپر ذمہ داری لینا، نکاح پڑھالینا، آزادی کو ختم کر لینا، ضروری خرچ کو روک کر کچھ پس انداز کرنا

گلا بندھنا: قرضدار ہونا، قرضہ لینا

گلا بیٹھ جانا: گلا پڑ جانا، آواز کا بھاری ہو جانا، آواز میں بھرّاہٹ کا پیدا ہو جانا

گلا پکڑنا: گردن پکڑنا، تنگ کرنا، ستانا، پریشان کرنا

گلا پھاڑنا: زور سے بولنا، چلّانا، اونچی آواز سے بات کرنا

گلا پھولنا: گلسوا اکھلنا، گلا سوجنا، گلے میں سوجن ہونا

گلا کھل جانا: بیٹھی آواز کا صاف ہو جانا

گلا ملانا: آواز میں آواز ملانا

گلے باز: خوش الحان، خوش آواز

گلے بندھنا: ذمہ پڑنا، زبردستی کسی ذمہ داری کا سر پر پڑنا، خراب عورت سے شادی ہو جانا

گلے پر چھری پھیرنا: حلق پر چھری چلانا، زیادہ ظلم کرنا، حق دبانا، جبر و تشدد اختیار کرنا

گلے پر خنجر پھیرنا: ظلم و ستم کرنا، حق دبالینا

گلے پڑنا: ذمہ پڑنا، زبردستی کرنا، بغیر چاہت کے نکاح ہونا، زبردستی کوئی چیز حوالہ کرنا

گلے تک بھرنا: کسی برتن کو منہ تک بھرنا

گلے سے اتر نا: حلق سے نیچے جانا، نگل لینا، سمجھ میں آجانا

گلے کا تعویذ بنانا: پوری حفاظت سے رکھنا، حرزِ جان بنانا

گلے کا ہار ہونا: چمٹنا، پیچھے پڑنا، جان کا وبال ہونا

گلے کی رگیں پھُلانا: غصے میں بھرنا

گلے لگانا: سینہ سے لگانا، پیار کرنا، زبردستی کسی چیز کا ذمہ دار بننا

گلے لگنا: پہلو سے پہلو ملانا، سینہ سے لگانا، لپٹنا، چمٹنا

گلے ملنا: گلے لگنا، ملاقات کرنا، صلح صفائی کر لینا، بات کرنا

گلے ملوا دینا: آپس میں صلح کرا دینا، رنجش ختم کرانا

گلے میں اٹکنا: حلق میں کوئی چیز پھنسنا، بے مزہ کھانے کا حلق سے نیچے نہ اترنا

گلے میں جان اٹکنا: جان کنی کا وقت ہونا

گلے میں زنجیر پڑنا: شادی ہو جانا، کسی بات کا پابند ہو جانا

گلے میں طوق پڑنا: پاگل کا بیڑیوں میں جکڑا جانا، مصیبت میں گرفتار ہونا، کسی کی غلامی کرنا

گلے میں کانٹے پڑنا: حلق خشک ہونا

گلے میں ہڈی نہیں: آواز نہایت پیاری ہونا، گانے کا ماہر ہونا

گلاب: مذ، ایک پھول کا نام، گلاب کا پودا، گلاب کے پھولوں کا رس

گلاب پاش: وہ صراحی جیسا برتن جس میں گلاب کا عرق بھر کر چھڑکتے ہیں

گلاب جامن: ایک قسم کی مٹھائی جس کا رنگ جامن جیسا ہوتا ہے

گلاب کھنچوانا: گلاب سے رس نکلوانا

گلاب کھینچنا: گلاب سے رس نکالنا

گلاب کی پتی، گلاب کی پنکھڑی: گلاب کا پتہ جو پھول سے ملا ہو، نازک ہونٹ، محبوب کے ہونٹ

گلابہ: مذ، گارا، پچارا، وہ مٹی جس سے دیوار چنتے ہیں

گلابی: صف، گلاب کے پھول کی مانند ہلکے لال رنگ کا، شراب کا گلاس، جام

گلابی آنکھ: شربتی آنکھ، خمار آلود آنکھ

گلابی جاڑا: ہلکا جاڑا، جاڑے کا شروع کا زمانہ

گلاس: مذ، پانی پینے کا برتن، جام، ایک قسم کا کوزہ، شیشہ، کانچ، آئینہ

گلال: مذ، ایک قسم کا لال سفوف جو ہولی کے تیوہار میں ہندو ایک دوسرے پر ڈال کر خوش ہوتے ہیں

گلال چشم: لال آنکھوں والا

گلال ملنا: گلال کا ہولی کے دنوں میں ایک دوسرے پر چھڑکنا

گلانا: پگھلانا، کھانے کو اچھی طرح پکا کر نرم کرنا، بیماری یا غم کا بدن کو دبلا کر دینا

گلاوہ: گلابہ، دلدل، کیچڑ، لیپ پوت

گلاوٹ: مو، گلانے کی صلاحیت، وہ چیز جس سے ثقیل چیز جلدی سے گل جائے، جیسے پپیتا

گلاؤ: صف، سڑ گل جانے والا پھل

گل پڑنا: پگھل جانا نرم ہونا، کھانے کا پک جانا

گلڈ: مو ایک پیشہ کے لوگوں کی انجمن، یونین، برسم اتحاد

گلنا: گھلنا، پکنا، خراب ہو جانا، داغ دار ہو جانا، برباد ہو جانا

گلنا سڑنا: خراب ہو جانا، گل سڑ کے ضائع ہو جانا

گلو: مو، ایک بیل جو سکھا کے دوا کے طور پر استعمال کرتے ہیں

گلو: مذ، گلا، حلق، آواز، لے، سُر، آہنگ

گلو بستہ: خاموش، جس کا گلا بند ہو

گلو بند: گلے میں باندھنے کا اونی یا ریشمی پٹکا

گلو خلاصی: رہائی، چھٹکارا

گلو گیر: جس کی آواز فرط غم سے تھرا گئی ہو

گلوب: مذ، گول، مدور، کرۂ زمین

گلوری: مو، پان کا بیڑا، پان کو بیڑے کی شکل میں لپیٹنا

گلوکوز: مو، ایک قسم کی شکر جو انگور سے بناتے ہیں

گلولہ: گولی، غلہ

گلہ: مذ، جھنڈ، ریوڑ، مویشیوں کا گروہ

گلہ بان: چرواہا، ریوڑ کا محافظ، بکریاں اور دوسرے مویشی چرانے والا

گلہ بانی: حفاظت کرنا، رکھوالی کرنا

گلہ: مذ، شکوہ، الاپنا

گلہ زبان پر لانا: حرف شکایت زبان پر لانا

گلہ کرنا: الاپنا، پرانی بات کو اسی طرح بیان کرنا کہ سننے والے کو دکھ پہنچے، کسی طرف کی بدگمانی کا اظہار کرنا

گلہری: مو، چوہے کی طرح کا ایک جانور جس پر سیاہ دھاریاں بنی ہوتی ہیں اور عموماً وہ درختوں پر رہتا ہے

گلی: مو، کوچہ، محلے کے اندر کا راستہ، آبادی کے اندر تنگ سڑک

گلی: صف، مٹی کی بنی ہوئی چیز

گلیارا: مذ، تنگ راستہ، مکانوں کے بیچ کی تنگ گلی

گلی بندھنا: پورا جوان ہونا، بلوغت کی عمر کو پہنچنا، شہد کا چھتہ میں پک جانا

گلی ڈنڈا: لڑکوں کے ایک کھیل کا نام جو گلی ڈنڈا سے کھیلا جاتا ہے

گلیز: مذ، چمک، مٹی یا چینی کے برتن کو پولش جس سے چمک آجائے

گلیشیر: برف کا چشمہ، برف کی چٹان جو نیچے کو ڈھلکتی رہتی ہے

گلیم: مو، کمبل، اون کا بنا ہوا کپڑا، دُھسّا

گلینڈ: مو، غدود، گلٹی، گانٹھ

گم: صف، کھویا ہوا، غائب، چھپا ہوا، بھاگا ہوا، حیران و پریشان

گم رہ: راستہ بھولا ہوا، آوارہ، بے دین، بدعتی

گم راہ ہونا: راستہ بھول جانا، بہکنا، دین کے راستے سے بھٹک جانا

گمراہی: بے راہ روی، بے دینی، بدعت، دین میں نئی ایجاد یا اس میں کمی بیشی کرنا

گم شدہ: کھویا ہوا، مغرور، بھولا ہوا

گم صُم: گونگا، بہرا، حیران

گم صُم رہ جانا: چپ چاپ رہ جانا، کسی کے سامنے مرعوب ہو کر خاموش ہو جانا

گم کرنا: کھو دینا، چرا لے جانا، کہیں پر بھول جانا

گم گشتہ: بھاگا ہوا، بھولا ہوا

گم نام: جس کی شہرت نہ ہو، چھپا ہوا، نام ظاہر کیے بغیر

گم نامی: پوشیدگی، نامعلومی

گم ہونا: برباد ہونا، کسی فکر میں غرق ہونا، دنیا سے بے خبر ہونا، کسی چیز کا کھو جانا

گمبھا: مو، بڑی اور موٹی قسم کی اینٹ

گماشتہ: مذ، کارکن، منیم، وکیل، جس کے ذمہ کوئی کام سپرد کیا جائے

گماشتہ بنانا: نائب بنانا، منیجر بنانا، ایجنٹ بنانا

گمان: مذ، فکر، خیال، اندازہ، شک وشبہ

گمان غالب گمانِ قوی: محکم خیال

گمان کرنا: خیال کرنا، سوچنا، شک کرنا

گمان گزرنا، گمان ہونا: شک ہونا، دھیان میں آنا

گمان بھرا: مغرور، متکبر

گمان بھری: مغرور اور متکبر عورت

گمٹی: مو، چھوٹا گنبد، بُرج، ایک چھوٹا کمرہ جو ریلوے لائن کے پاس ہوتا ہے

گملا: مذ، مٹی کا برتن جس میں پودے لگاتے ہیں

گمانا: محو ہونا، فریفتہ کرنا، کھو جانا، غائب کرنا، اپنے آپ میں نہ رہنا

گمبھیر: بے پایاں، گہرا، اتھاہ، سنجیدہ، متحمل، غور وفکر کرنے والا، وزنی

گمک: مو، خوشبو، مہک

گن: مذ، خوبی، اچھائی، تاثیر، تعریف، خصلت، صفت

گن بھرے ہونا: بہت سی خوبیاں رکھنا، ہنر یا شرارت سے بھرا ہونا

گن گانا: خوبیاں بیان کرنا، تعریف کرنا

گنا: مذ، بار، مرتبہ، چند، جیسے دوگنا، چوگنا

گنا: مذ، ایک پیشکر

گنانا، گنوانا: تعداد دیکھنا، شمار کرانا

گناہ: مذ، خطا، جرم، عصیان، مذہبی کاموں کی خلاف ورزی کرنا

گناہ بے لذت: جس برے کام سے کوئی فائدہ نہ ہو

گناہ رکھنا: بغیر کیے جرم تسلیم کیا جانا

گناہ صغیرہ: چھوٹا قصور، معمولی جرم، ہلکا گناہ

گناہ کبیرہ: بڑا قصور، سنگین جرم، بھاری گناہ

گناہگار: مجرم، خطا کار، پاپی، عاصی

گناہوں کی گٹھری: بے شمار گناہوں کا وزن

گنبد: مذ، عمارت کا سب سے اوپر کا گولائی والا حصہ، بُرج

گنبدِ ارزق: نیلا گنبد، یعنی آسمان

گنبدِ بے در: جس گنبد میں دروازہ نہ ہو، یعنی آسمان

گنبدِ خضریٰ: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ مبارک کا گنبد

گنبدِ گرداں: چکر کھانے والا گنبد، آسمان

گنبدِ مینا: نیلا گنبد، یعنی آسمان

گنت: مو، حساب، تعداد، شمار

گنتی: مو، تعداد، شمار، اندازہ

گنتی میں لانا: حساب میں لانا، شمار کرنا، خاطر میں لانا، بات پوچھنا

گنج: مذ، خزانہ، ذخیرہ، ڈھیر، انبار، غلہ کی منڈی، بازار، جمع گنج ہا

گنج بخش: خزانہ لٹانے والا، فیاض، سخی

گنج رواں: جس خزانے میں کبھی کمی نہ آئے

گنج شہیداں: شہیدوں کا مرکز، جس قبر میں بہت سے شہیدوں کو دفن کیا گیا ہو، جہاں بہت سے شہید دفن ہوں

گنج قارون: قارون کا خزانہ، بہت بڑی دولت

گنجا: مذ، جس آدمی کے سر کے بال غائب ہوں

گنجے کو ناخن: بھیں یا شریر کو قوت، برے کو اختیار

گنجان: آباد، گھنا، پاس پاس، زیادہ

گنجائش: مو، سمانے، سمائی، جگہ، قدرت، کفایت، فائدہ

گنجفہ: مذ، 96 گول پتوں سے کھیلے جانے والے کھیل کا نام

گنجلک: مو، پیچیدہ، غیر واضح، گرہ در گرہ، شکن دار، بکھیڑے دار، مبہم

گنجور: مذ، امیر، سرمایہ دار، دولت مند

گنجی کبوتری محلوں میں ڈیرا: بدشکل یا برے کو اچھا مرتبہ ملنا

گنجیڑی: مذ، گانجے کا شوقین، نشیلا

گنجینہ: مذ، خزانہ، ذخیرہ، سرمایہ، دفینہ، دولت

گند: مذ، بدبو، تعفن، غلاظت، گندگی، ناپاکی، خراب، بیکار

گندا: میلا، بدبودار، خراب، ناپاک

گندا پانی: جو پانی صاف نہ ہو، پیشاب، منی، شراب، آنسو

گندگی: مو، بساند، بدبو، نجاست، تعفن، غلاظت

گندم: مذ، گیہوں، کنک

گندم گوں: گیہوں کے رنگ کا سانولا، جو بہت صاف رنگ کا نہ ہو

گندم نما: فرجی، مکار، دھوکے باز، عیار

گندم نما جو فروش: منافق، عیار، دغاباز، مکار

گندمی: گیہوں کے رنگ کا، سانولا

گندہ: میلا، غلیظ، بیکار، بدبودار، بساندا، خراب

گندہ بروزہ: ایک طرح کی گوند، پیڑ کے درخت سے نکلنے والی بدبودار چیز

گندہ بغل: جس انسان کی بغل سے بدبو نکلے

گندہ بہار: جاڑوں میں ہونے والی بارش

گندہ دہن: جس انسان کے منہ سے بدبو نکلے

گندھ: مو، بدبو، لال صندل

گندھار: مذ، ہندوستانی موسیقی کے ایک راگ کا نام

گندھک: موضین سے نکلنے والی ایک پیلی چیز

گندھنا: آٹے میں پانی ڈال کر ملانا، بال درست کرنا، ہار بنانا

گندھی: مذ، عطار، عطر و تیل فروخت کرنے والا

گنڈا تعویذ: جادو، ٹونا، ٹونکا، جنتر منتر، جھاڑ پھونک

گنڈے دار: حلقہ دار، دھاری دار، بے ترتیب

گنڈے دار نماز: ناغہ کر کے پڑھی جانے والی نماز، بغیر پابندی کے پڑھی جانے والی نماز

گنڈا: مذ، لچا، بدمعاش، بدکردار، لفنگا

گنڈاسا: مذ، چارہ کاٹنے کا ایک آلہ، بانس کے ٹکڑے میں لگا ہوا تیز ہتھیار

گنڈیری: مو، ایکھ کی چھوٹی سی پوری

گنگ: مو، گنگا کا مخفف جو ہندوستان کا مشہور دریا ہے

گنگ: گونگا جو بول نہ سکے

گنگا: ہندوستان کا مشہور دریا

گنگا اٹھانا: دریائے گنگا کی قسم کھانا

گنگا اشنان: گنگا میں جا کر نہانا

گنگا بہانا: خیرات کا کام کرنا

گنگا بہنا: بھلائی کا کام ہونا، خوب خیر خیرات کرنا

گنگا پار کرنا: ملک بدر ہونا، کرنا

گنگا جل: دریائے گنگا کا پانی، جسے مقدس سمجھا جاتا ہے

گنگا جلی: ایک برتن جس میں گنگا کا پانی محفوظ رکھتے ہیں

گنگا جمنی: ملا جلا دو رنگ کا، سنہری اور روپہلی، کالا اور اُجلا

گنگا جمنی تہذیب: مشترکہ تہذیب، اردو تہذیب

گنگنا: ناک سے بولنے والا، پانی جو زیادہ گرم نہ ہو

گنگنانا: ناک سے بولنا، دھیمی آواز سے کوئی چیز پڑھنا

گنگناہٹ: گنگنانے کی آواز

گِن گِن کے: ایک ایک کر کے، چھانٹ چھانٹ کر کے، جوں توں کر کے، بڑی مشکل سے

گِن گِن کے دن گزارنا: مصیبت کے دن گزارنا، جیسے تیسے کر کے دن گزارنا

گِن گِن کے قدم رکھنا: دھیرے دھیرے چلنا، بہت احتیاط سے قدم اٹھانا

گنگوتری: مو، وہ جگہ جہاں سے دریائے گنگا ہمالیہ پہاڑ سے نکلتا ہے

گِننا: کسی چیز کو شمار کرنا، اندازہ لگانا

گنوار: گاؤں کا رہنے والا، ناسمجھ، جاہل، بدتہذیب

گنوانا: برباد کرنا، کھونا، ہاتھ سے دینا

گنہ: گناہ کا مخفف، خطا، غلطی

گنہگار: گناہگار، جرم کرنے والا، خدا کے حکم سے منہ پھیرنے والا

گو: مذ، گوہ، پاخانہ، ناپاکی، آدمی کا فضلہ

گو اُچھالنا: بری بات کو شہرت دینا

گو: کہنے والا، مرکب استعمال ہوتا ہے، جیسے غزل گو غزل کہنے والا، داستان گو، داستان کہنے والا

گومگو: وسوسہ، کسی ایک رائے پر نہ ہونا

گوارا: جلدی ہضم ہونے والا، من بھاتا، برداشت کرنے کے قابل، دل پسند

گوارا کرنا: برداشت کرنا، سہنا، تسلیم کر لینا، مان لینا

گوال، گوالا: مذ، گوجر قوم کا فرد، گائیں پالنے والا

گوالن: گوالا کا مونث، گوالے کی بیوی

گوانا: کسی کو گانے کے لیے آمادہ کرنا

گواہ: ثبوت پیش کرنے والا

گواہ بنانا: کسی کو کسی واقعہ کے بارے میں شاہد بنانا، جھوٹا گواہ تیار کرنا

گواہ بے لوث: مخلص اور خود مختار گواہ

گواہ تعلیمی: سکھایا پڑھایا گواہ

گواہ رویت، گواہ عینی، گواہ مشاہدہ: وہ گواہ جس نے واقعہ کو اپنے سامنے ہوتے دیکھا ہو

گواہی: مو، شہادت، وہ بات جو گواہ بیان کرے

گواہی دینا: کسی کے بارے میں عدالت یا تھانہ میں بیان دینا

گوبر: مذ، جانوروں کا پاخانہ، میلا

گوبھی: مو، ایک ترکاری

گوپال: گایوں کا محافظ، کرشن جی کا لقب

گوت گوتر: خاندان، نسل، قوم، فرقہ، قبیلہ

گوتم: مذ، بدھ مذہب کے بانی جو ریاست کپل وستو (بہار) میں پیدا ہوئے تھے

گوتی گوتیا: ایک نسل کے، ایک ہی خاندان کے

گوٹا: کناری، چاندی یا سونے کے تاروں کی بنی لیس

گوجر: مذ، ایک قوم جو گائے بھینس پالتی ہے

گود: آغوش، پہلو، گودی

گودام: کسی چیز کا محفوظ ذخیرہ

گود بٹھانا: متبنیٰ بنانا، لے پالک بنانا

گود بھرنا: ایک رسم جس میں دوسری عورتیں حاملہ عورت کی گود میں سات قسم کے میوے اور سبزیاں رکھتی ہیں

گود بھری: بال بچے والی، اولاد والی

گود بھری رہے: بال بچے سلامت رہیں

گود پسارنا: گود پھیلانا، ہاتھ پھیلانا

گودا: مذ، مغز، جانور کا بھیجا، کسی پھل کا اندر کا حصہ

گودا نکالنا: ہڈی سے مغز نکالنا

گودے دار: مغز سے بھرا، گری دار

گودڑ: بوسیدہ اور پرانا لباس، آنکھوں کی کیچ

گودڑ کا لعل: شریف آدمی جو غربت میں مبتلا ہو، چھپا رستم

گودڑ گانٹھنا: پرانے کپڑے میں پیوند لگانا

گودنا: جسم میں سوئی کے ذریعے سرمہ یا نیل سے نقش کرنا

گودی: گود، آغوش، کوکھ، بندرگاہ کا ایک حصہ

گور: مو، قبر، مزار

گور بنانا: قبر بنانا

گور پرست: قبر پرست، غیراللہ کی پوجا کرنے والا

گور جھانک آنا: بیمار کا مرتے مرتے بچنا

گورِ غریباں: بیکسوں کا قبرستان

گورکن: قبر کھودنے والا

گور میں انگارے بھرنا: گنہگار ہونا، بدی کرنا، عذاب کا کام کرنا

گور میں دھواں اٹھنا: قبر کا عذاب ہونا، جلنا

گورا: اجلے رنگ کا آدمی، انگریز سپاہی، حسین

گورا پن: رنگ کی سفیدی، صباحت وملاحت

گورا شاہی: انگریزی سپاہیوں کے پہننے کا مضبوط جوتا، آمریت

گورستان: مُردوں کے گاڑنے کی جگہ، قبرستان

گورکھا: نذ، نیپال کا پیشہ ور سپاہی، نیپال کا باشندہ

گورو: نذ، گائے بھینس اور دوسرے پالتو جانور

گوریلا جنگ: چھاپہ مارنے والے سپاہیوں کی جنگ

گوریلا سپاہی: بے قاعدہ فوج کا سپاہی، چھاپہ مارنے والا

گوز: نذ، وہ گندی ہوا جو پاخانہ کے راستہ سے زور سے نکلتی ہے

گوز اڑانا: نذ، ہوا خارج کرنا

گوزن: بارہ سنگھا

گوسالہ: گائے کا بچہ

گوسفند: بھیڑ، بھیڑی، مینڈھا

گوش: نذ، کان

گوش برآواز ہونا: کسی کی بات کو غور سے سننا، کسی خبر کے آنے کا منتظر ہونا

گوشِ دل سے سُننا: ذوق وشوق سے سننا، بڑی توجہ سے سننا

گوشِ شنوا: وہ کان جو سنے اور اس سے عبرت حاصل کرے

گوش گزار کرنا: سنانا، اطلاع کرنا، آگاہ کرنا

گوش مال: تنبیہ، ڈانٹ ڈپٹ، کان ملنے کی سزا دینا

گوش مالی دینا: کان اینٹھنا، سزا دینا

گوشوارہ: کان کی بالی، حساب کا خلاصہ

گوشِ ہوش: ہشیاری

گوشت: نذ، لحم، ماس، کسی جانور یا مچھلی کے بدن کا حصہ

گوشت پوست: پورا بدن

گوشت خوار: گوشت خور، سبزی خور کا برعکس

گوشت سے ناخن جدا کرنا: اپنوں سے چھڑانا، گہرے دوستوں میں نااتفاقی کرانا

گوشت سے ناخن جدا ہونا: اپنوں کا چھوٹ جانا، کوئی مشکل کام انجام دینا

گوشہ: مذ، کونہ، تنہائی، کمان کا کنارہ

گوشۂ تنہائی: اکیلے رہنے کی جگہ

گوشۂ چشم: آنکھ کا کنارہ

گوشہ دار: کونہ دار

گوشۂ عافیت: وہ جگہ جہاں بکھیڑا نہ ہو، امن کی جگہ

گوشہ گیر ہونا: دنیا سے الگ ہو جانا

گوشہ نشین، گوشہ گزیں: اکیلے میں رہنے والا، دنیا سے الگ رہنے والا

گوکھرو: مذ، ایک کانٹا جس میں تین گوشے ہوتے ہیں، کان کا ایک زیور

گول: جس میں کوئی کونہ نہ ہو، وہ بات جو اچھی طرح سمجھ میں نہ آئے

گول بات: غیر واضح بات جو اچھی طرح سمجھ میں نہ آئے

گول گھر: جیل، قید خانہ

گول مال: ملا جلا، سازش، غبن، ہیر پھیر

گول مرچ: کالی مرچ

گول ہو رہنا: خاموشی اختیار کرنا، چپ ہو جانا

گولا: مذ، گھیر، گیند، ایک قسم کا کبوتر، ناریل کا گودا، اناج کی منڈی

گولا چلانا: گولا مارنا، توپ داغنا

گولر: مذ، ایک درخت اور اس کا پھل جو انجیر سے ملتا جلتا ہے

گولر کا کباب: ایک قسم کا کباب جو گوشت کو ابال کر اور پودینہ اور لال مرچ بھر کر بناتے ہیں

گولہ: مذ، گیند، دھات کی گول شکل

گولہ باری کرنا: توپ چھوڑنا

گولی دینا: دوا کی ٹکیہ کھلانا

گولی ڈھالنا: گولی کو سانچے میں ڈھال کر بنانا

گولی کھانا: بندوق کی گولی کی چوٹ کھانا

گولی لگنا: بندوق کا نشانہ بننا، گولی کا زخم آنا

گولی مارنا: گولی چلانا، جان سے مارنا، بندوق چلانا

گولیاں کھیلنا: گولیوں کا کھیل کھیلنا، لڑکپن کا زمانہ ہونا

گون: بوجھ اٹھانے والے جانور پر سامان لادنے کا تھیلا جو ٹاٹ یا بالوں سے بناتے ہیں

گون: رنگ، طریقہ، روش، ڈھنگ

گونج: آواز کی لہر، گرج، غلغلہ، شہرت

گونج اٹھنا: آواز سے بھر جانا، شور و غل سے بھر جانا

گوند: ایک قسم کا لیس دار مادہ جو پیڑوں سے نکلتا ہے

گوندنی: سو، ایک پیڑ جس کا پھل نہایت لیس دار ہوتا ہے

گوندھنا: آٹے میں پانی ملا کر روٹی کے قابل بنانا، سانا، سر کے بالوں کو باٹنا، پرونا

گوہر: نذ، موتی، مروارید، قیمتی پتھر

گوہر آگیں: وہ زیور جس میں موتی لگے ہوں

گوہر افشاں: فیض والا، خوش بیان مقرر یا شاعر

گوہر بار: موتی برسانے والا

گوہر سنج: خوش بیان

گوہرِ شب تاب: ایک قیمتی پتھر جو رات کو چراغ کی طرح چمکتا ہے

گوہر غلطاں: اچھے قسم کا موتی

گوہر فروش: موتی کا تاجر

گوہری: جوہری، موتی کا تاجر، گوہر سے منسوب

گہ: طرف زماں، گاہ کا مخفف، کبھی

گہر: گوہر کا مخفف، موتی، جوہر، خاندان، اصلیت

گہر ریز، گہر پاش: موتی برسانے والا

گہرا: بے تھاہ، ڈوبنے کے لائق پانی، گاڑھا، پکا

گہرا اخلاص: سچی دوستی، خلوص

گہرا پردہ: سخت پردہ، پردے کی بڑی پابندی

گہرا رنگ: شوخ رنگ

گہرا زخم: مارنے والا زخم

گہن: نذ، چاند یا سورج گرہن، دھبہ، عیب

گہن پڑنا، گہن لگنا: عیب دار ہونا، دھبہ لگنا، رسوائی ہونا

گہوارہ: مہد، ہنڈولا، بچوں کے سونے کا ایک قسم کا جھولا

گہواں رنگ: گیہوں جیسے رنگ کا

گہے: گاہے کا مخفف، کبھی کبھی

گئو: گائے، بیل کا مؤنث

گئودان: گائے کو خیرات کرنا، پریم چند کا مشہور اردو ناول

گئوسالہ، گئوشالہ: گایوں کی دیکھ بھال کی جگہ

گئوہتیا: گائے کشی، گائے ذبح کرنا، جس پر کہیں کہیں پابندی ہے

گئے وقت میں: آڑے وقت، مفلسی اور ضرورت کے وقت میں

گیا گزرا: گزرا ہوا، بیکار، نکما، غریب، مفلس

گیاہ: مو، ہری گھاس، سوکھی گھاس

گیتا: مو، بحث مباحثہ، ہندوؤں کی ایک مذہبی کتاب

گیتی: مو، دنیا، عالم، سنسار، جگ

گیتی آرا: دنیا کو سنوارنے والا، بہت حسین

گیتی افروز یا فروز: دنیا کو روشن کرنے والا، سورج

گیتی پژدہ: دنیا کا چاہنے والا، بادشاہ

گیتی پناہ: بادشاہ

گیتی نورد: دنیا کی سیاحت کرنے والا، بڑا سیاح

گیرائی: مو، پکڑ، سی آئی ڈی کا محکمہ

گیرو: ایک قسم کی سرخ مٹی

گیروا: گیرو کے رنگ کا

گیسو: مذ، سر کے لمبے بال، زلف، بال کی لٹ

گیسودراز: لمبے بالوں والا، خواجہ میر سید محمود گیسودراز کا لقب جن کا مزار گلبرگہ میں ہے

گیلانی: عراق کے ایک صوبہ گیلان کی طرف منسوب

گیند: چمڑے کا وہ گولا جس سے بچے کھیلتے ہیں

گیندا: ایک قسم کا پیلے رنگ کا پھول اور اس کا پودا

گینڈا: مذ، بھینسے کے برابر ایک بڑا طاقتور جانور جس کی ناک پر ایک بڑا سینگ ہوتا ہے

گیہاں: مذ، دنیا، جہان، زمانہ، کائنات

گیہوں: مذ، گندم، جو کی قسم کا ایک غذا بخش اناج

گھات: تاک، داؤ، فریب، دھوکہ، وہ جگہ جہاں چھپ کر شکار یا دشمن کا انتظار کرتے ہیں

گھات پانا: کسی پر قابو پانا

گھات پر آنا: گھات پر چڑھنا، فریب میں آجانا، پھنس جانا

گھات چلانا: داؤ چلانا، جادو کرنا

گھات چلنا: چالبازی میں کامیاب ہونا

گھات لگانا: کسی کی تاک میں رہنا

گھات میں آنا: فریب میں آنا، دھوکہ کھانا

گھات میں بیٹھنا: موقع ڈھونڈنا، شکار یا دشمن کی ٹوہ میں رہنا

گھات میں پھرنا: داؤ میں کسی سے خفیہ راز حاصل کرنے کی کوشش کرنا

گھاتوں میں آنا: دھوکہ کھانا، فریب کھانا

گھاتیں بتانا: چالبازی سکھانا، دھوکہ فریب کی باتیں سکھانا

گھاٹ: دریا یا تالاب پار کرنے کا مقام، تلوار کی وہ جگہ جہاں سے اس کی کجی شروع ہوتی ہے، دغا

گھاٹ اُترنا: گھاٹ پار کرنا

گھاٹ کرنا: دغا کرنا، فریب دینا

گھاٹ مارنا: پل پار کرنے کا محصول نہ دینا

گھاٹ وال: وہ برہمن جو گھاٹوں پر نہان کراتا اور ٹیکا لگانے کا کام کرتا ہے

گھاٹا: زیاں، نقصان، خسارہ، کمی

گھاٹا آنا: نقصان ہونا، کمی ہونا

گھاٹی: مو، دو پہاڑوں کے بیچ کا زمینی راستہ

گھاس: مو، پھوس، کاہ، گیاہ، ساگ، سبزی، چارہ

گھاس کاٹنا: گھاس چھیلنا، بغیر دلچسپی کے کام کرنا، بیکار کا کام کرنا

گھاس کھودنا: اگی ہوئی گھاس کو اکھاڑنا، چھوٹا کام کرنا، بے وقوفی کا کام کرنا

گھاگ: دیرینہ، آزمودہ، تجربہ کار، ماہر، غبی

گھاگر: مو، ایک طرح کی بٹیر

گھاگھرا: مذ، مشرقی یوپی کے ایک دریا کا نام، لہنگا، پہننے کا غرارہ

گھاگس: مذ، دوغلا مرغ کی ایک قسم

گھال میل: گڈمڈ، ملا جلا، خلط ملط، ربط گھپلا

گھام: مو، دھوپ، تپش، گرمی، جلن

گھامڑ: وہ گائے جو گرمی سے بدحواس ہو، بے وقوف، احمق، پھوہڑ، بدسلیقہ

گھان: مذ، کولہو میں ایک دفعہ ڈالے جانے والے تلہن کی مقدار، مٹی ڈھونے کا تغار

گھاؤ: مذ، زخم، جسم کا کٹنا، نقصان، کمی

گھاؤ بھرنا: زخم ٹھیک ہونا، خسارہ پورا ہونا

گھاؤ کھانا: مجروح ہونا، زخمی ہونا، نقصان اٹھانا

گھاؤ گھپ: غبی، اقرار نہ کرنے والا، ناجائز خرد برد کرنے والا

گھائی: مو، انگلیوں کے بیچ کی جگہ، دو انگلیوں کے ملنے کی جگہ، دغا فریب، مکر، چولہے میں روٹی سینکنے کی جگہ

گھائیاں بتانا: دھوکہ دینا، مکر کرنا، مغالطہ دینا، آنا کانی کرنا

گھائل: زخم رسیدہ، مجروح، مزخمی

گھبرانا: پریشان ہونا، وحشت زدہ ہونا، بدحواس ہونا

گھپ: بہت ہی تاریک، سیاہ اندھیرا

گھپلا: مذ، گڑبڑ، خرد برد، لین، بددیانتی

گھٹ: مذ، طبیعت، من، دل، کم، گہرا بادل، گھٹا، نڈر

گھٹ: مذ، گھونٹ، منہ میں ایک ساتھ پانی کی جو مقدار پی جائے

گھٹا: مذ، برسنے والا بادل، گہرا بادل، کالا بادل، کدورت

گھٹا اُٹھنا: آسمان پر بادل چھا جانا

گھٹا ٹوپ: کالے بادلوں کے گھر جانے سے ہونے والا اندھیرا، گھپ اندھیرا

گھٹا چھانا: بادل گھرنا، آسمان پر بادلوں کا پھیلنا

گھٹا: مذ، نقب، دیوار کو توڑ کر چوری کے لیے گھسنا، چھید، سوراخ، ماتھے کا نشان

گھٹانا: کم کرنا، بھاؤ کم کرنا، دبلانا، وزن کم کرنا

گھٹاؤ: کمی، تخفیف، دریا کا پانی کم ہونا

گھٹائی: کسی چیز کو رگڑ رگڑ کر حل کرنے کا عمل

گھٹ گھٹ پینا: کسی پتلی چیز کا آہستہ آہستہ پینا

گھٹ گھٹ کے: رک رک کے سانس رک رک کر

گھٹ گھٹ کے مرنا: تنگی اور تکلیف برداشت کر کے جان دینا

گھٹن: ہوا کا اس طرح رکنا کہ دم نکلنے لگے

گھٹنا: کم ہونا، دریا اترنا، تنزل ہونا، بھاؤ گرنا

گھلنا: پسنا، حل ہونا، کھرل ہونا، مل جانا، سر منڈنا، سانس رکنا

گھلنا: ند، زانو، پنڈلی، ران کے بیچ کا جوڑ

گھٹنوں کے بل چلنا: رینگنا، ہوا، دھیرے دھیرے چلنا

گھٹنے ٹیک دینا: گھٹنے زمین پر رکھ دینا، ہار مان لینا

گھٹنے سے لگائے رکھنا: اپنے سے الگ نہ ہونے دینا، جان کے ساتھ لگا کر رکھنا

گھلوانا: حل کرانا، کئی چیزوں کو ایک ساتھ ملانا، کھرل کرانا، سر یا ڈاڑھی منڈوانا

گھٹی: دوا جو بچے کا پیٹ صاف کرنے کے لیے پلاتے ہیں، عادت، خصلت

گھٹی میں پڑنا: کسی چیز کا عادی ہونا، لڑکپن سے کسی بات کا عادی ہونا

گھٹی میں پلانا: بچپن سے ہی کسی بات کا عادی بنانا

گھر: ند، مکان، خانہ، رہائش گاہ، ٹھکانا، بھٹ، کھوہ، بل، گھونسلا

گھر آباد کرنا: گھر میں بسنا، بیوی لانا، شادی رچانا

گھر آ پڑنا: کسی کے یہاں جا کر ٹھہر جانا

گھر اُجڑنا: گھر برباد ہونا، خانہ ویرانی ہونا، گھر لٹ جانا، میاں یا بیوی کا مر جانا، رانڈ ہو جانا

گھر پار لٹانا: گھر کو تباہ کرنا

گھر پار ہونا: بال بچہ ہونا

گھر برباد کرنا: گھر کی دولت کو بیکار خرچ کرنا

گھر برباد ہونا: گھر تباہ ہو جانا، میاں یا بیوی کا مر جانا، کسی سرپرست کا انتقال ہو جانا

گھر بسا: کا بل، بنکا

گھر لگا ڑنا: گھر تباہ کرنا، خاوند اور بیوی میں پھوٹ ڈالنا

گھر بگڑنا: گھر برباد ہونا، خاوند اور بیوی میں پھوٹ پڑنا، بیوی کا مر جانا

گھر بنا لینا: مکان تعمیر کر لینا، پانچ حاصل کرنا

گھر بھرنا: مکان کو سامان یا اناج سے بھرنا، دولت جمع کرنا

گھر بیٹھنا: تنہائی اختیار کرنا، سبک دوش ہونا، کام چھوڑ دینا، ملازمت سے استعفیٰ دینا

گھر بیٹھے: بغیر کوشش

گھر بیٹھے پانا: بغیر کوشش کے کوئی چیز حاصل ہونا

گھر بیٹھے تنخواہ: وہ تنخواہ جو خدمت کے بغیر ملے، وظیفہ

گھر بے چراغ ہونا: گھر کا والی یا وارث کے مرجانے سے ویران ہونا

گھر پڑا رہنا: گھر سے باہر نہ جانا، کسی کے گھر ہر وقت رہنا

گھر پکڑنا: کسی جگہ اقامت کرنا، ٹھہرنا

گھر پھاندنا: چوری چھپے بدکاری کے لیے کسی کے گھر جانا

گھر پھوڑنا: سیندھ لگانا، چوری کرنا

گھر پھونک تماشا دیکھنا: اثاثہ برباد کر کے خوش ہونا، فضول خرچی کرنا، بے وقوفی کا کام کرنا

گھر تک پہنچانا: کسی کو گھر تک پہنچا آنا، اچھی طرح قائل کر دینا، اتمام حجت کرنا

گھر تک پہنچنا: کسی کے گھر تک جانا، ماں بہن کی گالی دینا

گھر جاتا رہنا: شوہر سے تعلق ختم ہونا، طلاق ہو جانا، شوہر کا مر جانا، گھر برباد ہونا

گھر جنوائی: وہ داماد جو سسرال میں آباد ہو جائے

گھر جھانکنا: تھوڑی دیر کے لیے گھر میں قدم رکھنا

گھر جہنم ہے، گھر دوزخ: لڑائی جھگڑے کی وجہ سے گھر رہنے کے لائق نہیں

گھر چلانا: گھر کا خرچ برداشت کرنا، گھر کا انتظام سنبھالنا

گھر ڈبونا: گھر اجاڑنا، خاندان کے نام میں بٹہ لگانا

گھر سے باہر گرنا: گھر سے نکال دینا، خانہ ویران کرنا

گھر سے دینا: اپنی جیب سے خرچنا، نقصان اٹھانا

گھر سینا: ہر وقت گھر میں پڑے رہنا، نکما بننا، کاہل ہونا

گھر کا آنگن ہو جانا: گھر برباد ہو جانا، خانہ بربادی ہونا

گھر کا اجالا: بہت پیارا، بیٹا

گھر کا راستہ بتانا: ٹالنا، رخصت کرنا

گھر کا راستہ سمجھنا: کسی کام کو کامل جاننا

گھر کا راستہ لو: چلو، ہٹو، راستہ چھوڑو، راستہ ناپو

گھر کا راستہ لینا: کسی جگہ سے واپس آنا

گھر کا نام اچھالنا: گھر کا نام بدنام کرنا، گھر کے لوگوں کو ذلیل کرنا

گھر کا نام ڈبونا: خاندانی وقار میں داغ لگانا

گھر کا نہ گھاٹ کا: کہیں کا نہیں، نکمائے محض

گھر کی پونجی: گھر کا سرمایہ، اپنی پونجی، اثاثہ

گھر کی طرح بیٹھنا: آرام سے بیٹھنا، فراغت سے بیٹھنا، بغیر تکلف کے بیٹھنا

گھر کی طرح رہنا: بے تکلفی سے رہنا، اپنائیت سے رہنا

گھر گھالنا: برباد کرنا، دھوکہ سے مال لے لینا

گھر گھر پھرنا: ہر جگہ مارا مارا پھرنا

گھر گھر جھانکنا: ہر گھر میں جانا

گھر گھر چراغ جلنا: ہر گھر میں خوشی ہونا

گھر گھر مٹیالے چوہے ہیں: سبھی ایک جیسے ہیں، کوئی آسودہ حال نہیں

گھر لٹانا: بہت خیر خیرات کرنا، بہت فضول خرچی کرنا

گھر لٹ جانا: گھر میں چوری ہو جانا، کسی کی وفات سے گھر برباد ہو جانا

گھر میں آگ لگانا: گھر کو تباہ کرنا، ملیامیٹ کرنا

گھر میں بھونی بھانگ نہیں ہے اور باہر نیوتے سات: مثل، غریب ہوتے ہوئے بھی بڑی شیخی بگھارتے ہیں

گھر میں بیٹھ رہنا: گوشہ نشین ہو جانا، دنیا سے بے تعلق ہو جانا

گھر میں بیٹھے شکار کرنا: گھر بیٹھے مال حاصل کرنا، گھر کے اندر مزے اڑانا

گھر میں پڑنا: بیوی بننا، کسی رنڈی کا پیشہ چھوڑ کے نکاح میں آنا

گھر میں خاک اڑنا: نہایت غریبی اور مفلسی ہونا

گھر میں ڈالنا: کسی بیوہ یا رنڈی کو اپنے نکاح میں لانا

گھر میں شیر باہر بھیڑ: گھر والوں پر حکم جتانا اور باہر دبنا

گھر میں نہ سمانا: گھر میں نہ آسکنا، مکان میں گنجائش نہ ہونا

گھر نہ بار میاں محلے دار: مثل، مفت کی شیخی بگھارنے اور خواہ مخواہ اترانے والا

گھر نہ بسنا: آپس میں نااتفاقی ہونا

گھر ہونا: تباہ ہونا، خاوند اور بیوی میں اتفاق ہونا، گنجائش ہونا

گھرا: آنکھ کی ایک دوا، گھینگھرو، غرغرہ

گھرا چلنا: حالت جان کنی میں ہونا، مرتے وقت سانس رُک رُک کر چلنا

گھرا لگنا: آخری سانس چلنا، مرنے کے قریب ہونا

گھرانا: مذ، وہ آواز جو سونے کے وقت نکلتی ہے

گھرانا: مذ، خاندان، قبیلہ، نسل، اولاد

گھراؤ: مذ، گھیر کر رکھنا، جانے نہ دینا

گھر کر آنا: چھا جانا، امنڈ کر آنا، پھیل جانا

گھرکنا: ڈانٹنا ڈپٹنا، دھمکانا، جھڑکنا

گھرکی: جھڑکی، دھمکی، ڈانٹ ڈپٹ

گھرکی کھانا: گھرکی سننا، ڈانٹ برداشت کرنا

گھر گھراہٹ: گھر گھر کی آواز

گھرنا: گھیرے میں آنا، چھانا، امنڈنا

گھروارہ: مکان کا ٹیکس

گھریلو: گھر کا، گھر کی بنی ہوئی، پالا ہوا

گھڑ: گھوڑے کا مخفف

گھڑ دوڑ: گھوڑے دوڑانا، مقابلہ کرنا

گھڑ سال: گھوڑے کے رہنے کی جگہ، اصطبل

گھڑ نال: توپ

گھڑا: مٹی کا چھوٹا مٹکا، گاگر

گھڑوں پانی پڑ جانا: بہت نادم ہونا، شرم سے تر بتر ہونا

گھڑانا: بنوانا، دھات کی چیزیں بنوانا

گھڑائی: گھڑنے کی مزدوری

گھڑت: ساخت، تصنع، بنائی ہوئی بات، بناوٹی

گھڑ گھڑاہٹ: گھڑ گھڑ کی آواز

گھڑنا: بنانا، اینٹ کو تراش کر درست کرنا، زیور بنانا

گھڑنت: من گھڑت

گھڑونچی: لکڑی کا وہ چوکھٹا جس پر پانی کے گھڑے رکھتے ہیں

گھڑی: مو، گھنٹے کا 2/5 حصہ، 24 منٹ کا وقفہ، وقت زمانہ، وہ آلہ جس سے وقت کا پتہ چلے

گھڑی بنانا: گھڑی کی مرمت کرنا

گھڑی بھاری ہونا: وقت گزرنا، وقت مشکل سے کٹنا

گھڑی بھر: لمحہ بھر، ایک چھن

گھڑی پہاڑ ہونا: وقت مشکل سے کٹنا

گھڑی دو گھڑی: بہت کم وقفہ کے لیے، تھوڑے وقت میں

گھڑی ساز: گھڑی کو ٹھیک کرنے والا، گھڑی کی مرمت کرنے والا

گھڑی ساعت پر ہونا: قریب المرگ ہونا، جان دینے کے قریب ہونا

گھڑی کو کتنا: گھڑی کو چابی دینا

گھڑی ملانا: گھڑی کا وقت ٹھیک کرنا

گھڑی میں اولیا، گھڑی میں بھوت: ذرا سی بات پر خوش ہونا، ذرا سی بات پر ناراض ہو جانا

گھڑی میں تولہ، گھڑی میں ماشہ: وہ شخص جس کی طبیعت میں جما ؤ نہ ہو، کبھی کچھ کبھی کچھ، متلون مزاج

گھڑی میں گھڑیال: موت آنے میں دیر نہیں لگتی، ابھی کچھ ہے دم بھر میں کچھ اور

گھڑیاں گننا: بہت انتظار کرنا، کسی کے انتظار میں وقت گزارنا

گھڑیال: مذ، پیتل کا وہ گھنٹہ جو مندروں یا امیروں کے دروازے پر بجایا جاتا ہے، مگر، مگرمچھ

گھڑیالی: مذ، گھڑیال بجانے والا

گھس: گھاس کا مخفف

گھس کھدا: گھاس کھودنے والا، کم درجہ کا، اناڑی، نالائق، نادان

گھسّا: مذ، رگڑ، ہرگڑا

گھسّا لگنا: رگڑ کھانا، ہرگڑ لگنا، گھسنے کا نشان پڑنا

گھس آنا: بلا اجازت گھر میں داخل ہونا

گھس بیٹھنا: اندر آجانا، قریب قریب بیٹھنا

گھس پیٹھ: داخل، پہنچ، رسوخ پیدا کر کے، دوست بنا کر، گھس کر

گھسکنا: کھچ کھچ آنا، زمین سے رگڑ کھا کے چلنا

گھس ڈالنا: رگڑ ڈالنا، حل کر دینا

گھِس گھِس کرنا: کانا پھوسی کرنا، کام کرنے سے کترانا، ٹال مٹول کرنا

گھسنا: رگڑ لگنا، پرانا ہونا، پیسنا، حل کرنا

گھسنا: اندر جانا، کسی کام میں مداخلت کرنا

گھسوانا: گھسنے کا کام کرانا

گھسیارا: گھاس کھودنے والا، گھاس بیچنے والا

گھسیاری، گھسیارن: گھسیارا کا مؤنث، گھاس کھودنے یا بیچنے والی

گھسیٹن: گھسیٹنے کا نشان، جو چیز کہ زمین پر گھسٹنے سے پڑ جاتا ہے

گھگوار: مذ، ناگ پھنی کے خاندان کا ایک پودا جس میں لیس دار مادہ پایا جاتا ہے

گھگھی: ہچکی، روتے روتے سانس کا اٹک کر نکلنا، ڈر کے مارے سکتہ ہو جانا

گھگھی بندھ جانا: روتے روتے سانس رک جانا، ہچکیاں آنا، خوف کی وجہ سے زبان نہ کھلنا

گھلا ملا: بے تکلف، مخلص

گھلانا: پگھلانا، نرم کرنا، کمزور کرنا، حل کرنا

گھلاوٹ: مو، نرمی، پلپلاہٹ، پلپلا ہونا، ملائمیت

گھل جانا: پگھل جانا، ملائم ہونا، پانی جیسا ہو جانا، دبلا ہو جانا

گھل گھل کر: حل ہو ہو کر، دبلا ہو ہو کر

گھل گھل کے کانٹے ہونا: غم یا بیماری میں گھل گھل کر دبلا ہونا، سوکھ کر کانٹا ہونا

گھل گھل کر مرنا: غم یا بیماری کی وجہ سے دبلا ہو کر مرنا

گھل مل جانا: ایک جان ہو جانا، دوستی پیدا کرنا

گھل مل کر (کے) بیٹھنا: مل مل کر بیٹھنا، محبت سے قریب جا کر بیٹھنا

گھلنا: پگھلنا، سیال ہو جانا، نرم ہونا، نڈھال ہو جانا، دبلا ہونا

گھلوانا: کسی سے گھلانے کا کام لینا، حل کرانا، پگھلوانا

گھمانا: پھرانا، چکر دینا، تفریح کرانا

گھماؤ: مذ، پھیر، چکر

گھمر گھمر: چکی چلنے کی آواز

گھمس: مو، بارش کے بعد ہوا کا رک جانا اور تیز گرمی ہونا

گھمسان: مذ، لڑائی، رن، رزم، قتل عام، لاشوں کے ڈھیر

گھمسان پڑنا: کشت وخون ہونا

گھمسان کا رَن پڑنا: کشتوں کے پشتے لگ جانا، بہت سی لاشیں جمع ہو جانا

گھمسان کی لڑائی: بڑے زور کی جنگ، پرزور لڑائی

گھمنڈ: مذ، غرور، تکبر، نخوت

گھمنڈی: گھمنڈ کرنے والا، شیخی بگھارنے والا، اترانے والا

گھن: مذ، بڑا ہتھوڑا، جسم، گاڑھا

گھن پڑنا: ہتھوڑے کی چوٹ لوہے پر پڑنا، کوئی شدید صدمہ ہونا

گھن چکّر: آوارہ، اوباش، لاابالی، بے وقوف

گھن چکّر میں آنا: بلا میں مبتلا ہونا، پھیر میں پڑنا

گھن گرج: بجلی کی کڑک، نہایت شور وغل

گھنگور: گہرا بادل، ڈراؤنی گھٹا

گھنگور گھٹا: بہت چھائی ہوئی اور گہری گھٹا، زیادہ برسنے والا بادل

گھِن: مو، کراہت، برا لگنا، متلی، الٹی

گھُن: مذ، ایک چھوٹا سا کیڑا جو لکڑی یا اناج میں لگ جاتا ہے

گھُن لگ جانا: کیڑا لگنا، اناج یا لکڑی میں کیڑے کا پیدا ہو جانا، روگ لگ جانا

گھنا: گنجان، پیڑوں کا اس قدر پاس پاس ہونا کہ بیچ میں کسی دوسرے پیڑ کی گنجائش نہ ہو

گھنّا: بات کو سمجھ کر انجان بننے والا، کینہ پرور

گھِناؤنا: وہ چیز جس سے گھن آئے، مکروہ

گھِناؤنی: گھناؤنا کا مؤنث، بری لگنے والی چیز

گھنٹہ: مذ، گھڑیال، جانوروں کی گردن میں لٹکنے والی گھنٹی، وقت بتانے والا ایک بڑا آلہ، ساٹھ منٹ کی مدت

گھنٹہ بجانا: گھنٹے پر چوٹ مارنا، گھڑیال بجانا

گھنٹہ گھر: وہ اونچا مینار جس پر بڑی گھڑی لگی ہوتی ہے

گھنٹالی: چھوٹی گھنٹی

گھنڈی: مو، گلے کو بند کرنے کے لیے کپڑے یا دھاگے کا بنا ہوا گول بٹن

گھنسار: مذ، کافور

گھنگرالے: بل کھائے ہوئے بال، پیچیدہ بال

گھنگرو: مذ، چلتے وقت بجنے والا زیور، جو پاؤں میں پہنا جاتا ہے

گھنگھنی: ابالا ہوا غلہ، جسے نمک ملا کر کھاتے ہیں

گھنگھولنا: پانی میں ہاتھ سے گھولنا، گھولنا، گدلا کرنا

گھنّا: گھن لگ جانا، خراب ہو جانا

گھوشنا: رگڑنا، حل کرنا، رٹنا، رٹ کر ذہن میں بٹھانا

گھور: مذ، میل، کوڑا کرکٹ رکھنے کی جگہ

گھور گھور کر دیکھنا: تیز نظر سے دیکھنا، تیکھی نگاہ سے دیکھنا

گھورا گھاری: نظر بازی، ایک دوسرے کو محبت کی نظر سے دیکھنا

گھورنا: تنکی سے دیکھنا، غصہ کی نگاہ سے دیکھنا، آنکھیں لڑانا

گھوڑا: مذ، ایک مشہور سواری کا جانور، شطرنج کا ایک مہرہ، بندوق کا کتا، ایک پرزے کا نام جو بہت سی مشینوں میں استعمال ہوتا ہے، بے خوف اور احمق انسان

گھوڑا اڑنا: گھوڑے کا اپنی جگہ سے نہ ہلنا، سرکش ہونا

گھوڑا دوڑانا: گھوڑے کو تیز چلانا، سرپٹ بھگانا

گھوڑے بیچ کر سونا: بے فکری سے سونا

گھوڑے جوڑے کی خیر: خاوند بیوی اور سواری کا گھوڑا سلامت رہے

گھوڑے دوڑانا: بہت محنت کرنا، نہایت تگ ودو کرنا، دور کی باتیں سوچنا

گھوڑے کو لات اور آدمی کو بات: نادان کو مار پیٹ اور سمجھدار کو اشارہ کافی ہے

گھوڑی: مو، گھوڑا کا مؤنث، کپڑا اڈالنے کی لکڑی کی تپائی، بچوں کا ایک کھیل، بانس کی بنی ہوئی لکڑی جس سے ختنے کے وقت کھال دبا کر کاٹتے ہیں

گھوڑی چڑھانا: ختنے کی رسم ادا کرنا، برات لے جانا

گھوس: مذ، ایک قسم کا بڑا چوہا، گھوس، رشوت

گھوسن: مو، گھوسی کا مؤنث، دودھ بیچنے والی

گھوسی: گائے بھینس پالنے والا، گوالا، گدی، اہیر، یادو

گھولا: پانی میں ملائی ہوئی افیون

گھولنا: پانی یا کسی رقیق چیز میں کچھ ملانا، رس حاصل کرنا

گھومنا: پھرنا، گردش کرنا، تفریح کرنا

گھونٹ: مذ، جُرعہ، چسکی، دوا یا پانی کی وہ مقدار جو ایک بار حلق سے نیچے اتر جائے

گھونٹ اُتارنا: گھونٹ حلق سے نیچے لے جانا

گھونٹ بھرنا: جتنے کا دم لگانا

گھونٹ پی کر رہ جانا: غصہ برداشت کرنا

گھونٹنا: حل کرنا، رگڑنا، پینا، ملانا

گھونسا: مذ، مکا، مشت، چوٹ، مار

گھونسا جڑنا: گھونسا چلانا، گھونسا مارنا، مکہ سے مارنا

گھونسلا: مذ، چڑیوں کا مسکن، آشیانہ، چھوٹا سا گھر نشیمن

گھونگا: مذ، ایک قسم کے آبی کیڑے کا خول جو ہڈی کی طرح پیچی یا سنکھ کی قسم سے ہے

گھونگھٹ: مذ، پردہ، نقاب، حجاب، شرم، لحاظ، دوپٹے کا کنارہ

گھونگھٹ اُٹھانا: پردہ ختم کرنا، دلہن کا سامنے آنا

گھونگھٹ اُلٹنا: دلہن کا چہرے سے نقاب ہٹانا

گھونگھٹ کرنا: پردہ کرنا، دوپٹے سے چہرہ چھپانا، خیال کرنا، شرم کرنا

گھونگھٹ کھانا: لشکر یا فوج کا پیچھے بھاگنا، ہار جانا۔

پسپا ہونا

گھونگھٹ کھولنا: منہ دکھانا، پردہ ہٹانا

گھونگھٹ کی دیوار: دروازے کے سامنے کی اندر کی دیوار، پردے کی دیوار

گھونگر: مذ، بالوں کا چکر، پیچیدہ بال، بل کھائے ہوئے بال

گھونگرو: مذ، پاؤں کا زیور، جانوروں کے گلے میں ڈالنے کی گھنٹی

گھونگنی: مو، گھنگھنی، ابلے ہوئے اناج

گھی: مذ، پگھلا ہوا مکھن، نرم روغن

گھی اٹھانا: گھی جذب کرنا

گھی چپڑنا: روٹی یا کسی چیز پر گھی لگانا

گھی کھچڑی: شیر و شکر، نہایت گہرے دوست

گھی کھچڑی ہونا: بے حد میل ملاپ ہونا، بے تکلف ہو جانا

گھی کے چراغ جلانا: مراد پوری ہونے پر درگاہ یا مندر میں چراغوں میں گھی جلانا، بہت خوشی منانا

گھیا: مذ، ایک قسم کی سبزی، کدو، لوکی

گھیاں: مو، اروی، ایک طرح کی ترکاری

گھیر: مذ، دور، احاطہ، دائرہ

گھیرا: مذ، حلقہ، دائرہ، باڑ، چہار دیواری، نرغہ

گھیرنا: محاصرہ کرنا، چاروں طرف سے چار دیواری بنانا

ل

لا: کلمۂ نفی نہیں، بغیر

لاأُبالی: نڈر، بے فکرا، لامذہب، جسے ذمہ داری کا احساس نہ ہو

لاأدری: مجھے معلوم نہیں، میں نہیں جانتا

لا الٰہ الا اللہ محمد رّسول اللہ: خدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے رسول ہیں، کلمۂ توحید، دینِ اسلام کا رکنِ اوّل، اسلام کا بنیادی عقیدہ

لاپھ: یقیناً، قطعی، بغیر شک کے

لابُدّی: لازمی، ضروری، یقینی

لاڈن: دودھ دینے والی

لابراتوار: مذ، دارالعمل، تجربہ گاہ، لیبوریٹری

لابہ: مذ، التجا، درخواست، سپردگی، حمد

لاپروا: جسے کسی چیز کی فکر نہ ہو، بے پروا

لاپروائی: غفلت، بے خوفی

لاتعب: محکم، مضبوط، ضروری، لاثانی، بے مثال

لاثم: توڑنے والا، نقصان پہنچانے والا

لاجرم: بے شک، یقیناً، بلاشبہ

لاجواب: خاموش، مغلوب، عاجز، بے مثل، جس کا جواب نہ ہو

لاجواب کر دینا: تھکا دینا، بند کر دینا

لاچار: لاعلاج محتاج، مفلس، کام سے معذور

لاچارگی: ناچاری، مجبوری

لاچار ہونا: لاعلاج ہونا، مجبور ہونا، ہار ماننا

لاچاری: ناچاری، مجبوری معذوری محتاجی، غریبی، مسکینی

لاچین: مذ، غلام، ملازم، قیدی

لاحاصل: بے فائدہ، بے مقصد، نکما، بیکار، بے قاعدہ

لارحم: مذ، باز، شکر، گوشت خور پرندہ

لاحول: اظہار نفرت یا حقیر سمجھنے کا کلمہ

لاحول بھیجنا: لعنت کرنا نفرت کا اظہار کرنا

لاحول پڑھنا: آسیب کو بھگانے کے لیے لاحول ولاقوۃ الا باللہ ورد کرنا

لاحول ولاقوۃ الا باللہ العظیم: کسی کو کوئی قوت نہیں، خدائے بزرگ و برتر کو سب کچھ حاصل ہے

لادوا: وہ مرض جس کا کوئی علاج اور دوا نہ ہو

لاریب: بغیر شبہ کے، یقیناً

لازوال: جس کو زوال نہ ہو، جس کو فنا نہیں، خدا کی ذات

لاشریک: خدا، کوئی اس کا ساجھی نہیں

لاعلاج: جس کا علاج نہ ہو سکے، لادوا، مجبور

لاعلم: بے علم، جسے معلوم نہ ہو

لاغرض: بے غرض، بغیر ریاکاری کے

لافتیٰ الا علی لاسیف الا ذوالفقار: حضرت علیؓ کے علاوہ کوئی بہادر نہیں اور ذوالفقار کے علاوہ کوئی تلوار نہیں۔

لافتح: جو جیتا نہ جا سکے، جاں باز، بہادر

لامتناہی: جس کی کوئی انتہا نہ ہو

لامحالہ: یقیناً، ضرور سے ضرور

لامرکزیت: جس کا کوئی مرکز نہ ہو، مرکزی حکومت کو ختم کرنا

لاوارث: وہ مال یا شخص جس کا کوئی وارث نہ ہو

لامکاں: جس میں جگہ کی قید نہ ہو، عالم قدس، خدائے تعالیٰ کی تعریف کا اظہار

لاولد: جس کے کوئی اولاد نہ ہوئی ہو

لاہوت: فنا فی اللہ کا مقام، درجہ

لایزال: لازوالی، ہمیشہ باقی رہنے والا، خدا کی صفت

لایموت: غیر فانی، نہ ختم ہونے والا

لایعنی: بے ہودہ، بے فائدہ، فضول

لاینحل: ایسا مسئلہ جو حل نہ ہو سکے، مشکل، پیچیدہ

لاینفک: الگ نہ ہونے والا

لبہ: مذ، مذاق، خوشامد، خواہش، چاہت

لاٹ: سو، بہت اونچا مینار

لاٹ: مذ، انگریزی لارڈ کا ہندی، مالک، امیر، افسر، گورنر

لاٹری: مو، ایک طرح کا پانسا، قرعہ اندازی، ایک طرح کا جوا

لاٹھ: مو، ستم، ستون، کھمبا، پایہ

لاٹھی: مو، عصا، ہاتھ میں استعمال کرنے کی لکڑی

لاٹھی پونگا کرنا: آپس میں لڑنا

لاٹھی لٹھول: مار دھاڑ، آپس کا جھگڑا

لاج: مو، شرم، غیرت، عزت، آبرو

لاج رکھنا: آبرو کو برقرار رکھنا، شرم کرنا

لاجورد: مذ، نیلے رنگ کا ایک چمکیلا پتھر

لاجوردی: لاجورد کے رنگ کا، آسمانی رنگ

لاجونتی: مو، چھوئی موئی کی بیل، شرمیلی، حیادار، پاکیزہ

لاحق ہونا: چمٹنا، لگا ہونا، کوئی بیماری ہونا

لاحقہ: لفظ بنانے کے واسطے لفظ کے بعد کوئی لفظ لگانا، وابستہ، ملا ہوا

لادنا: سامان بھرنا، بوجھ پیٹھ پر یا کسی چیز پر رکھنا

لادو: سامان لادنے والا جانور

لاڈلا: پیارا، چہیتا، معشوق، ناز و نعمت سے پالا ہوا، عاشق، دولہا

لاڈلی: پیاری، چہیتی، ناز کی پالی ہوئی

لازم: چمٹا ہوا، ضرور، صرف و نحو میں وہ فعل جو صرف فاعل ہی پر ختم ہو جائے اور مفعول کو نہ چاہے

لازم آنا: یقینی نتیجہ اخذ کرنا

لازم و ملزوم: ایک دوسرے سے تعلق رکھنے والے

لازمہ: مذ، جوڑ، میل، ضروری سامان

لاسا: مو، ایک لیس دار چیز جو درختوں اور پودوں سے حاصل کیا جاتا ہے، گوند

لاسا لگانا: دو آدمیوں کو بھڑکانا، جھگڑا کرانا

لاسے پر لگانا: مانوس بنانا، یار بنانا

لاش: مو، مردہ جسم، میت، جنازہ

لاسلکی: مو، وائرلیس، بغیر تار کے بجلی کی رو

لاشہ: مذ، لاش، تن بے جان

لاطینی: رومی زبان، قدیم روم سے متعلق

لاغر: دبلا، پتلا، کمزور

لاغری: مو، دبلا پن، کمزوری، ناتوانی

لاف: مو، شیخی، بڑائی، اپنی تعریف، ڈینگ

لاکھ: سو ہزار کی تعداد، کثیر، بہت سارے، ایک قسم کی گوند

لاکھ پر بھاری ہے: بڑا دلیر ہے، بے مثال ہے

لاکھ کا گھر خاک کر دینا: پوری دولت برباد کر دینا

لاکھ من کا ہونا: بہت وزن والا ہونا، عزت و مرتبہ والا ہونا

لاکھی: لاکھ کے رنگ کا، لال

لاگ: مو، تعلق، لگاؤ، محبت، چسکا، دشمنی، جادو

لاگ ڈانٹ: عداوت، دشمنی

لاگ رکھنا: تعلق رکھنا، دشمنی رکھنا

لاگ کھلانا: جادو کی ہوئی چیز کھلانا

لاگ لپیٹ: حمایت، لحاظ، طرف داری

لاگ لگی تب لاج کہاں: محبت کا تعلق ہو جائے تو شرم نہیں رہتی

لاگت، لاگت آنا، لاگت بیٹھنا: مو، اصل خرچ، مول، بھاؤ، خرچ ہونا، صرفہ لگنا

لاگو ہونا: خیر خواہ ہونا، گاہک ہونا، خواہش مند ہونا، پیچھے پڑنا

لال: سرخ، دہکتا ہوا، انگارے کی مانند، غصہ میں بھرا ہوا، لعل، اولاد

لال بجھکڑ: نہایت بے سمجھ، جسے اپنی سمجھ پر غرور ہو

لال بخار: متعدی بخار، جس میں بدن پر لال دانے نکل آتے ہیں

لال بیگ: بھنگیوں کا ایک مذہبی پیشوا، ایک پروالا کیڑا

لال بیگی: لال بیگ کا ماننے والا، مہتر، بھنگی

لال پری: لال لباس پہننے والی پری، اندر سبھا کے داستان کی ایک پری، سرخ شراب

لال پیلا: غصے سے بھرا، بپھرا ہوا، غصہ ور

لال پیلی آنکھیں کرنا: تیز نظر سے دیکھنا، بہت خفا ہونا

لال رکابی: حضرت فاطمہؓ کی نیاز، سنک، شیعوں اور بدعتیوں کی ایک رسم جسے کونڈا کہتے ہیں

لال مرچ: ایک مرچ جو سرخ رنگ کی اور لمبی ہوتی ہے فلفل سرخ

لال ہونا: غصے کے آثار چہرے پر ظاہر ہونا، پھل کا پکنا

لالوں کا لال: بہت محبوب، لاڈلا

لالوں لال: سرخ لال، بہت چنچل، شگفتہ

لالا: عزت دار، عزت دار ہندوؤں کا خطاب، ساہوکار

لال: گونگی، گونگا، جس کی زبان صاف نہ ہو اور بولنے پر قدرت نہ ہو

لالچ: مذ، طمع، لوبھ، رغبت، رشوت

لالچ دینا: طمع دینا، پھسلانا، رغبت دلانا

لالچ میں آنا: فریب میں آنا

لالچی: حرص والا، طمع کار، لوبھ کرنے والا

لالہ: ایک قسم کا لال پھول، وسط ایشیا کا مشہور پھول، علامہ اقبال کی شاعری میں ایک اہم علامت جسے ایک مرکزی حیثیت حاصل ہے

لالہ رخ، لالہ رو، لالہ رخسار، لالہ عذار: لال چہرے والا، محبوب

لالہ زار: وہ باغ جس میں گل لالہ کے پودے ہوں،

چمن، گلشن

لالہ فام، لالہ گوں: لال رنگ کا

لآلی: مذ، لولو کی جمع، بہت سے موتی

لالی: مو، سرخی، آبرو، عزت، ہمشیرہ

لالے پڑنا: آرزو ہونا، دشوار ہونا

لام: مذ، فوج یا پلٹن کا مجموعہ، فوج کا دستہ

لام باندھنا: لشکر جمع کرنا، لڑائی کا سامان مہیا کرنا

لام کاف بکنا: برا بھلا کہنا، فحش باتیں زبان پر لانا

لاما: مذ، تبت کے بدھ رہنماؤں کا لقب

لامس: چھونے والا، لمس کرنے والا

لامسہ: چھونے کی قوت

لامع: روشن، تابناک، چمکدار

لان: مذ، گھاس کا میدان، سبزہ زار، باغیچہ

لانا: لے آنا، پیش کرنا، حاضر کرنا

لانا بندی: مو، مال گزاری، لگان

لانبا: اونچا، لمبا، دراز

لانڈری: مو، دھوبی کی دکان، میلے کپڑے کی دھلائی کا کارخانہ

لانگنا: لانگھنا، اچھلنا، چھلانگ لگانا، کودنا

لاہوری: لاہور سے منسوب

لاہی: مو، ایک طرح کا پودا، سرسوں میں لگنے والی بیماری

لائبریری: مو، کتاب خانہ، مطالعہ کی جگہ، کتابوں کا ذخیرہ

لائٹ: مو، روشنی، چمک، آب

لائحہ: چمکدار چیز، پروگرام، منصوبہ

لائحہ عمل: کام کی ترتیب وفہرست

لائٹر: مذ، بیڑی سگریٹ جلانے کی مشین

لائحہ: مذ، چمکدار شے، ثبوت، پروگرام، منصوبہ، نظام عمل، ارادہ، مرتب کیا ہوا، دستور العمل، جمع لوائح

لائسنس: مذ، اجازت نامہ، قانونی جواز

لائق: اچھا، جائز، ہنر والا، ہوشیار، ماہر، قابل

لائم: برا بھلا کہنے والا

لائن: مو، قطار، خط، لکیر، ریل کی پٹری

لاؤلشکر: مذ، بھیڑ بھاڑ، ازدہام، ہجوم، فوجی لشکر

لاؤڈ اسپیکر: مذ، آواز کو اونچا کرنے والا آلہ، مکبر الصوت

لاوَنی: مو، فصل کاٹنے کی مزدوری، خاص قسم کے عوامی گیت

لائی لوجی: مو، خوشامد، جی حضوری

لائے: مو، شراب کی تلچھٹ، ایک طرح کا ریشمی کپڑا

لب: مذ، ہونٹ، کنارہ، سمندر کا کنارہ، سڑک کا کنارہ

لب بام: کوٹھے کا کنارہ یا چھت

لبِ دریا: دریا کا کنارہ، ساحل سمندر

لبِ ریز: پورا بھرا ہوا

لبِ شیریں: میٹھے ہونٹ، محبوب کے ہونٹ

لبِ گور ہونا: مرنے کے قریب ہونا، بڑھاپا آجانا

لب و لہجہ: طرز کلام، بات کرنے کا ڈھنگ

لبیں لینا: ہونٹوں کے بال کتروانا

لُب: مذ، نچوڑ، خلاصہ، ست، عطر، جمع لبوب

لُبِّ لباب: خلاصہ یہ کہ، حاصل کلام یہ کہ

لبادہ: مذ، روئی بھرا چغہ

لباس: مذ، پہننے کی چیز، کپڑے

لَبالَب: مذ، کناروں تک بھرا ہوا

لُبلبی: مو، بندوق اور پستول کا وہ پرزہ جس کو دبانے سے گھوڑا گرتا ہے

لَبَن: مذ، دودھ، شیر

لبنی: مٹی کا چھوٹا سا لمبا برتن جس میں کھجور یا تاڑ کا رس جمع کرتے ہیں

لبھانا: گرویدہ کرنا، لالچ دلانا، فریفتہ کرنا، بہلانا

لبیب: عقل والا، ہوش و خرد والا

لبّیک: مذ، حاضر ہوں، موجود ہوں، جی، حاجی عرفات میں بار بار یہ لفظ کہتا ہے

لپ: مٹھی بھر کے، مشت بھر کر

لپائی: مو، لیپنے کی مزدوری

لپٹ: مو، شعلہ، لو، خوشبو

لپسی: مو، موٹے آٹے سے بنا ہوا پتلا حلوا، بہت ضعیف

لپک: مو، کوند، چمک، لپٹ

لپکا: مذ، بری عادت، چسکا، چاٹ

لپکا پڑنا: مزہ لگ جانا، بری عادت پڑ جانا

لپکانا: بھگانا، آگے بڑھانا

لپکنا: جھپٹنا، اچک لینا، حملہ کرنا، شعلہ بھڑکنا

لپیٹ لینا: ساتھ ملا لینا، تہ کرنا

لپیٹنا: سمیٹنا، باندھنا، چھپانا

لت: مو، بری خصلت، بری عادت

لتا: مو، چیتھڑا، پھٹا پرانا کپڑا

لتاڑنا: پاؤں سے مارنا، روندنا، برا بھلا کہنا

لت پت: بھرا ہوا، مریض

لتّرا: چغل خور، لگانے بجھانے والا، بے وفا

لتھیڑنا: شکست دینا، قائل کرنا، برا بھلا کہنا، کیچڑ میں لت پت کرنا

لتّی: مو، لٹو کی رسی، پگڑی

لٹ: مو، زلف، گیسو، بالوں کا مجموعہ، جٹا، رسی

لٹا: کمزور، نحیف، لٹ، جٹا

لٹا دھاری: جٹا والا، لمبے بالوں والا فقیر، جوگی

لٹا پٹا: پریشان جسے لوٹ لیا گیا ہو، برباد، خستہ حال

لٹا ہاتھی سوا لاکھ کا لگے کا: تباہ حال امیر بھی غریبوں سے بہتر ہے

لٹانا: پھیلانا، فرش یا تخت پر سلانا، قبر میں دفن کرنا

لٹانا: بیجا صرف کر دینا، فضول خرچی کرنا، دولت اڑا دینا

لٹائی: پتنگ کے دھاگے لپیٹنے کی چھوٹی چرخی

لٹ پٹے دن: مذ، ایام تنگی، پریشانیوں کا زمانہ

لٹریچر: مذ، ادب، علم، نظم ونثر پر مشتمل ادبیات، تحریری ذخیرہ، انشاء نگاری

لٹس: مو، لوٹ کھسوٹ، زبردستی مال لینا

لٹس مچانا: لوٹ لینا، چھینا جھپٹی کرنا، غارت مچانا

لٹک: مو، لٹکاؤ، ترنگ، سرخوشی، لہر، موج، سایہ، ناز ونخرہ

لٹک کر چلنا: مستانہ، ادا سے چلنا، جھوم کے چلنا، ناز سے قدم رکھنا

لٹکا: ٹونا، ٹوٹکا، منتر، کرتب، دل بہلانے کا ذریعہ، شعبدہ بازی، عیاری، تدبیر، آزمایا نسخہ، چٹکلہ، ہوشیاری

لٹکانا: کسی چیز کو اوپر سے نیچے کی طرف باندھ کر رکھنا، پھانسی دینا، قبضہ میں رکھنا، آزمائش میں رکھنا، روک کر اور پیچیدہ بنانا

لٹکن: مذ، وہ چیز جو لٹکائی جائے، ایک زیور

لٹکنا: پھانسی ہونا، امیدوار رہنا، انتظار کرنا، آویزاں ہونا، کمزور ہونا، آگے نہ بڑھنا

لٹکنا: بہت دنوں تک بیمار رہنا، لاغر ہونا، کمزور ہونا

لٹکنا: لوٹا جانا، تباہ ہونا، مال چوری جانا، دھن دولت کا نقصان ہونا

لٹو: مذ، ایک کھلونا جو دیر تک ناچتا رہتا ہے، عاشق، فریفتہ

لٹو ہونا: مشتاق ہونا، چکر کھانا، بہت زیادہ چاہنا

لٹوانا: برباد کرانا، نقصان پہنچوانا، مہنگا خریدوانا، چوری کرانا

لٹوریا: مذ، جٹا دھاری، بڑے بڑے کیس والا سادھو

لٹھ: مذ، بڑی لاٹھی، موٹی اور لمبی لکڑی

لٹھ باز: لاٹھی سے لڑنے والا، زور آور، جھگڑالو

لٹھ بازی: وہ لڑائی جس میں لاٹھی استعمال کی جائے

لٹھ بند: لٹھ باز، لاٹھی ساتھ رکھنے والا، کٹوار، جھگڑالو

لٹھا: مذ، شہتیر، مضبوط لکڑی، سفید سوتی کپڑا

لٹھیا: مو، چھوٹی سی لاٹھی، چھوٹا ڈنڈا

لٹیا: مو، چھوٹا لوٹا، پانی رکھنے کا چھوٹا برتن

لٹیا ڈبونا: لوٹے کو پانی میں گرا دینا، کام کو بگاڑ دینا، خسارہ بھگتنا، عزت برباد کرنا

لٹیرا: مذ، غارت گر، مال زبردستی چھیننے والا، ڈاکو، قزاق

لٹیا: مو، حیا، شرم، لاج، لحاظ

لجاجت: مو، خوشامد، منت، سماجت

لجانا: حیا کرنا، شرمندہ ہونا

لجلجا: پلپلا، نرم، ملائم

لجہ: مذ، منجدھار، گرداب، دریا، ندی

لجی: گہرا سمندر، اتھاہ پانی، بے حساب گہرائی

لچ: ننگا، برے چلن کا، اوباش، غنڈہ

لچا: مذ، بے شرم، نڈر، جھگڑالو، اٹھائی گیرا، بدمعاش

لچا پن: بے غیرتی، بے شرمی، بدمعاشی

لچانا: خم کرنا، ٹیڑھا کرنا، جھکانا

لچر: بیکار، بے ہودہ، مہمل، احمق، بے تکی، بے فائدہ

لچک: مو، نرمی، کسی چیز کا آہستہ آہستہ حرکت کرنا، جھکاؤ، جھٹکا

لچک آجانا: چوٹ آجانا، ضرب لگنا، جھٹکا لگنا، موچ آنا

لچک دار: لچک والی چیز، لچکیلا جس میں پھیلاؤ کی گنجائش ہو

لچکا: مذ، جھٹکا، ضرب، موچ، ایک طرح کے پتلے کناری کا گوٹا

لچکانا: حرکت دینا، ہلانا، جنبش دینا

لچکنا: ٹیڑھا ہونا، مڑنا، ہلنا، بل کھانا، لرزنا

لچکیلا: لچکدار جس میں مڑنے کی گنجائش ہو

لچھا: مذ، دھاگے کی انٹی، پیچیدہ

لچھے دار: پیچ والا، لگاتار، مزیدار

لچھے دار باتیں: پرلطف باتیں، مزیدار، طویل باتیں

لچھمی: مو، دولت کی مالک، لکشمی، دھن، بہو، بیٹی، حسن، لڑکیاں

لچھن: مذ نشان، انداز، ڈھنگ، کرتوت، بدنامی، عادت

لچی: مو، لپا کا مؤنث، بدکردار، فضول خرچ

لحاظ اٹھا دینا: بے شرمی اختیار کرنا، حیا چھوڑ دینا

لحاظ رکھنا: ادب کرنا، بچنا، پاس ادب رکھنا، خیال رکھنا، احترام کرنا

لحاف: مذ، وہ رضائی جس میں روئی بہت زیادہ ہو

لحد: مو، مزار، قبر کا گڑھا، قبر، جمع لحود، الحاد

لحظہ: مذ، پل، دم بھر، ذرا دیر، وقفہ

لحم: مذ، گوشت

لحن: مذ، سریلی آواز، نغمہ، اچھی آواز، جمع الحان

لحیم: موٹا، چربی والا، بدن کا بھاری، تگڑا، توانا

لحیم شحیم: مذ، موٹا چربی والا، بدن کا بھاری

لخت: مذ، ٹکڑا، پارچہ، ریزہ

لخت جگر: جگر کا ٹکڑا، بیٹا، بیٹی

لخلخانا: بہت زیادہ بھوک پیاس محسوس ہونا

لخلخہ: مذ، چند خوشبوؤں کا مرکب جسے دماغ کے کمزور مریضوں کو سنگھایا جاتا ہے

لخ لخ: کمزور، لاغر، بد بلا، بھوک

لدا پھندا: بہت بھرا ہوا، سامان ساتھ لیے ہوئے وزن سے بھرپور، بوجھ سے دبا ہوا

لدالد: اوپر سے گرنے کی آواز، مسلسل، لگاتار

لدانا: بوجھ ڈلوانا، سامان کسی گاڑی میں رکھوانا

لداؤ: مذ، بوجھ، وزن، لادے جانے والے سامان

لداؤ کی چھت: وہ چھت جس میں صرف چونے کی ڈاٹ لگاتے ہیں، گنبد جیسی چھت

لدنا، لد جانا: بھر جانا، گزر جانا، مر جانا، بوجھ کے تلے دب جانا، پھلوں کی کثرت سے شاخوں کا بوجھل ہونا

لدنی: خدا کا دیا ہوا علم، وہ علم جو بغیر سیکھے حاصل ہو

لدو: بوجھ اٹھانے والے جانور، سامان لانے اور لے جانے والے جانور

لدو بنانا: بوجھ اٹھانے کے قابل بنانا، سواری کے لائق نہ رکھنا

لدوانا: کسی سے لادنے کا کام لینا

لڈو: مذ، ڈھیلا، ڈلا، بیسن یا مونگ کی بنی ایک مٹھائی

لڈو بانٹنا: خوشی منانا، کسی خوشی کے موقع پر مٹھائی بانٹنا

لڈو کھلانا: منہ میٹھا کرنا، کسی کو رشوت دینا

لڈو کہے سے منہ میٹھا نہیں ہوتا: خوشامد اور چاپلوسی سے کام نہیں چلتا، بغیر کچھ دیے کام نہیں چلتا

لذات، لذائذ: مو، لذت کی جمع، لطف، مزہ، ذائقہ

لذائذِ نفسانی: جنسی خواہش، شہوت رانی

لذت: مو، مزہ، لطف، مسرت، ذائقہ

لذت اٹھانا: لطف حاصل کرنا، لطف اندوز ہونا

لذیذ: خوش مزہ، مزیدار، لطف سے بھرا ہوا

لر: بے وقوف، بے تمیز، احمق

لرز الھنا: ڈر کے مارے کانپ جانا، تھرتھرا جانا

لرزاں: لرزتا ہوا، کانپتا ہوا

لرز جانا: خوف سے تھرّا جانا، ڈر جانا

لرزش: مو، کپکپاہٹ، تھراتھراہٹ، رعشہ

لرزنا: ڈرنا، خوف ہونا، جنبش کرنا، تھرانا

لرزہ آنا: کانپنا، زلزلہ یا بھونچال آنا، ڈرنا

لڑ: مو، ہار، لڑی، قطار، دامن پلّہ

لڑ لگانا: وسیلہ پیدا کرنا، شادی کرنا، تعلق پیدا کرنا

لڑس رہنا: کسی کی طرف ہو کے رہنا، حمایت کرنا

لڑاکا کے چار کان: جس عورت کو جھگڑنے کی عادت ہو وہ ضرور جھگڑتی ہے، جھگڑالو

لڑانا: جنگ کرانا، فساد کرانا، دو چیزوں یا جانوروں کو آپس میں ٹکرانا

لڑائی: مو، جنگ، گھمسان، فساد، مار دھاڑ

لڑائی پر اتر آنا: لڑائی پر تیار ہو جانا، جنگ کے لیے آمادہ ہو جانا

لڑائی پر جانا: میدانِ کارزار میں جانا، رن میں جانا

لڑائی چھڑ جانا: جنگ کا آغاز ہونا، قتل و غارت گری شروع ہونا

لڑائی کا گھر: فساد کی بنیاد، جھگڑا کرنے والا

لڑائی مارنا: شکست دینا، دشمن پر غالب آنا، لڑائی جیتنا

لڑائی مول لینا: بلاوجہ جھگڑے میں پڑنا، خود جھگڑا پیدا کرنا

لڑ جانا: ٹکرا جانا، لڑنے لگنا

لڑکا: مذ، طفل، بچہ، چھوٹا، ناتجربہ کار، ناسمجھ

لڑکوں کا کھیل: بچوں کا کھیل، دل بہلاوا، آسان کام، معمولی کام

لڑکے والا: لڑکے کا باپ، دولہا کے ابا

لڑکپن: مذ، بچپن کے دن، کم سنی، چھچھورا پن، بے وقوفی

لڑکھڑانا: پاؤں کا کمزوری یا خوف کے سبب ہلنا، لرزنا، کانپنا، نیت ڈانوا ڈول ہونا

لڑکی: مو، بیٹی، چھوکری، دوشیزہ، دختر، کم سمجھ

لڑکی والا: لڑکی کے ابا، دلہن کے والد

لڑ مرنا: آخری دم تک مقابلہ کرنا

لڑنا: جھگڑنا، زور آزمانا

لڑوانا: جھگڑا کرانا، دو آدمیوں کو آپس میں لڑانا

لڈھکنا: پھسلنا، ڈگمگانا

لڈھکانا: کسی چیز کو زمین پر ڈھکیل کر چلانا، پھسلانا

لڑی: مو، موتیوں کا ہار، جھڑی، قطار، مالا

لڑوج: لعاب دار، لیس دار

لڑوجت: مو، لعاب، چیپ، لیس

لڑوم: مذ، ضروری ہونا، ضرور، لازم، واجب

لس: مذ، لیس، چپکن، لعاب

لِسان: مو، زبان، بولی، بھاشا، جمع اَلسِنہ

لِسانُ العصر: اپنے وقت کا بڑا فصیح شاعر، اکبر الٰہ آبادی کا لقب

لِسانُ الغیب: غیب کی زبان، حافظ شیرازی کا لقب

لَسّان: بہت بولنے والا، بکواس کرنے والا، چرب زبان

لِسانی: زبان سے متعلق، بولی سے تعلق رکھنے والا

لِسانیات: مو، زبان کی تاریخ کا علم، اَلسِنہ سے متعلق بحث

لسلسار: لیس دار، چپک والا، لعاب دار

لسوڑا: ایک بہت لیسدار پھل، سپستان

لسّی: مو، چھاچھ دہی اور پانی ملا ہوا دودھ، مٹھا

لشتر: نکما، کاہل، بیکار

لشتم پشتم: کسی نہ کسی طرح، بڑی مشکل سے، بھلے برے

لشکر: مذ، فوج، سپاہ، بھیڑ بھاڑ، فوج کے رہنے کی جگہ، معسکر

لشکر اکٹھا کرنا: فوج جمع کرنا، بھیڑ لگانا

لشکر کشی: حملہ، جنگجو ہونا، لڑائی لڑنا

لشکر کی بولی، لشکری بولی: وہ بولی جس میں قسم قسم کی زبانیں شامل ہوگئی ہوں جیسے اردو

لشکر گاہ: چھاؤنی، فوجی اڈہ، معسکر

لشکری: مذ، سپاہی، لشکر سے متعلق، فوجی

لطافت: مو، اچھائی، عمدگی، خوبی، نرمی

لطائف: مذ، لطیفہ کی جمع، ہنسی والی بات

لطف: مذ، عنایت، رحم، خوبی، لذت، نرمی

لطمہ: مذ، تھپڑ، مکا، مشت، دریا کا تھپیڑا

لطیف: نازک، سبک، ملائم، صاف ستھرا

لطیف الطبع: سلیم الطبع جس کی طبعی تربیت اچھی ہو، خوش مزاج

لطیفہ: مذ، اچھی بات، دلچسپ بات، چٹکلہ

لطیفہ گو: خوش طبع، بذلہ سنج، چٹکلہ سنانے والا

لعاب: مذ، تھوک، منہ کا پانی، رال

لعاب دار: چپکن والا، لیس دار

لعب: مذ، کھیل کود، تفریحی دوڑ دھوپ

لعبت: مو، گڑیا، بت، کھلونا

لعل: مذ، لال رنگ، گوہر، محبوب کے ہونٹ

لعل اُگلنا: منہ سے پھول جھڑنا، خوش بیان ہونا، گالی دینا

لعل لگنا: بیش قیمت ہونا، نادر ہونا، بے مثال ہونا

لعن: مو، لعنت، پھٹکار، ڈانٹ ڈپٹ، ملامت

لعن طعن: ملامت، برا بھلا، دھتکار

لعنت: مو، ڈانٹ، برا بھلا، سخت سست

لعنۃ اللہ علی الکاذبین: جھوٹوں پر خدا کی پھٹکار

لعنت بھیجنا: نفرت کرنا، بددعائے بد کرنا

لعنت کا طوق: رسوائی، ذلت، خواری

لعنت ملامت کرنا: برا بھلا کہنا، دھتکارنا، شرم دلانا، عار دلانا، خبر لینا

لعوق: مذ، چاٹنے والی دوا، چٹنی، لیس دار دوا

لعین: ملعون، جس پر لعنت کی جائے، دوزخی، جہنمی

لغات: مذ، لغت کی جمع، الفاظ، زبانیں، وہ کتاب جس میں الفاظ کے معنی درج ہوں

لغایت: آخر تک، خاتمہ تک

لغت: مذ، بولی، زبان، فرہنگ، دیکھیے لغات

لغت جھاڑنا: قابلیت ظاہر کرنا، مشکل الفاظ بولنا

لغز: مو، پہیلی، چیستاں

لغزش: مو، پھسلن، غلطی، بھول، گمراہی

لغزش آنا: بہکنا، اجتہاد میں غلطی کرنا

لغزش کرنا: ڈگمگانا، لڑکھڑانا

لغزش کھانا: پھسلنا، گمراہ ہونا

لغو: بکواس، بیکار، بے فائدہ

لغو بکنا: بیکار باتیں زبان پر لانا

لغوی: لغت سے منسوب، اصلی معنی

لغویت: مو، بے ہودہ پن

لف: تہ کیا ہوا

لف ونشر: لپیٹنا اور پھیلانا، علم بیان کی اصطلاح میں وہ صنعت جس میں پہلے کچھ چیزوں کا ذکر کریں پھر کچھ اور چیزیں بیان کریں جو ان چیزوں سے نسبت رکھتی ہوں اور ہر ایک کی نسبت منسوب الیہ سے ہو جائے

لفاظی: مو، فصاحت و بلاغت، بکواس، شیخی، لاف زنی

لفافہ: مذ، وہ کاغذ جو کسی چیز پر لپیٹا جائے، وہ غلاف جس میں خط بھیجتے ہیں

لفافہ بنانا: ظاہری شان شوکت دکھانا، فریب دینا، دکھاوا

لفافہ کرنا: دکھاوا کرنا، معمولی سا ملمع چڑھانا

لفافہ کھل جانا: بھید ظاہر ہو جانا، فریب ظاہر کرنا

لفظ: مذ، کلمہ، وہ با معنی لفظ جو انسان کے منہ سے نکلے

لفظ بہ لفظ: ایک ایک لفظ، بجنسہ

لفظی: اصلی، لفظ سے منسوب

لفنگ، لفنگا: مذ، بدمعاش، بدکردار، شیخی باز

لقا: مو، ملاقات، چہرہ، شکل

لقب: مذ، وہ نام جو کسی خصوصیت کی بنا پر پڑ گیا ہو جیسے مرزا غالب کا لقب مرزا نوشہ ہے

لقطہ: مو، راستے سے اٹھائی ہوئی چیز، لاوارث چیز

لقلق: مذ، فارسی لک لک سے، عربی، سارس، ایک مشہور آبی پرندہ

لقلقہ: مذ، سارس کے بولنے کی آواز، رعب، شان و شوکت

لقمان: مذ، ایک مشہور حکیم جس کی حکایتیں، اقوال اور نصیحتیں مشہور ہیں، دانا

لقمہ: مذ، نوالہ، کھانے کی وہ مقدار جو ایک بار منہ میں جائے

لقمہ دینا: نوالہ کھلانا، دوسرے کی بات میں مداخلت کرنا، حالت نماز میں کسی کی قرأت کی غلطی پر ٹوکنا، رشوت پیش کرنا

لقمہ کرنا: سب کھا جانا، کچھ نہ چھوڑنا

لق ودق: وہ میدان جس میں سبزہ نہ ہو، صحرا، ویرانہ

لقوہ: مذ، ایک بیماری جس میں منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے اور گردن مڑ جاتی ہے

لُک: مذ، روغن، تیل، چمک، شعلہ، لو کا

لکانا: چھپنا، نظر سے اوجھل کرنا

لکچر: مذ، سبق، وعظ

لکچرار: مذ، مقرر، واعظ، کالج کا استاد

لکد: مو، لات، ٹھوکر

لکڑ: مذ، بڑی لکڑی، شہتیر

لکڑ بگھا: مذ، شیر کی ایک قسم

لکڑ ہارا: مذ، لکڑیاں کاٹنے اور چننے والا، لکڑیاں چیرنے والا، بیچنے والا

لکڑیاں جلانا: چتا میں آگ لگانا، مردے کی کریا کرم کرنا

لک لک کرنا: چمکنا

لُکنت: مو، ہکلاہٹ، رک رک کر بولنے کی کیفیت

لُکّہ: مذ، ٹکڑا، جیسے لکۂ ابر، لکۂ دُخان

لکھ: لاکھ کا مخفف، سو ہزار

لکھ بخش، لکھ داتا: بہت سخی، قطب الدین ایک بادشاہ کا لقب

لکھ پیڑا: وہ باغ جس میں بہت سے درخت ہوں

لکھا: قسمت، ہونے والی بات

لکھا پڑھا: تعلیم پایا ہوا، پڑھا ہوا

لکھے کو رونا: تقدیر کی شکایت کرنا

لکھائی: مو تحریر، نوشت، لکھنے کا کام، لکھنے کی اجرت

لکھت: مو، اقرار نامہ، دستاویز

لکھت پڑھت ہونا: دستاویز پہ وعدہ ہونا، لین دین کو گواہوں کے ساتھ تحریر کرنا

لکھنا: کسی چیز پر قلم سے نقش کرنا، کتابت کرنا

لکھنی لکھنی: مو، قلم، ٹلک

لکھوانا: لکھنے کا کام کرانا

لکھوری: مو، وہ پتلی اینٹ جو پرانی عمارتوں میں استعمال ہوتی ہے

لکھے موئی پڑھے خدا: ایسی لکھائی جو صاف پڑھی نہ جائے

لکھے نہ پڑھے نام محمد فاضل: وہ جاہل جو عالموں جیسی وضع قطع اختیار کرے

لکیر: مو، خط، قطار، پرانا طرز

لکیر پر چلنا: پرانے طریقے پر چلنا، پرانی رسموں کی پابندی کرنا

لکیر پیٹنا: پرانی رسم پر قائم رہنا، کف افسوس ملنا

لکیر کا فقیر: بے عقل، پرانی رسم کا بڑا پابند

لگ: قریب، تک، لگنا سے فعل امر

لگ بھگ: قریب قریب، مشابہ

لگ جانا: چوٹ لگ جانا، کوئی میلہ وغیرہ شروع ہونا، لوگوں کا جمع ہونا، اثر ہونا

لگ چلنا: ساتھ لگ جانا، قریب قریب چلنا، دوستی پیدا کرنا، محبت ظاہر کرنا

لگ لپٹ کر: محنت کر کے، دوڑ دھوپ کر کے

لگا بندھا: طے شدہ، جان پہچان کا

لگاتار: مسلسل، ایسا کام جس میں ناغہ نہ ہو

لگا تو تیر نہیں تو تکا: کام بن گیا تو ٹھیک ورنہ کوئی بات نہیں، ہمت نہیں ہارنی چاہیے

لگا رہنا: ساتھ رہنا، مشغول رہنا، مزاج میں استقلال ہونا

لگا سو بھگا: جس کام میں ہاتھ لگا دیا سمجھو کہ وہ ایک نہ ایک دن ختم ہو ہی جائے گا

لگا لگایا: بنا بنایا، سجایا ہوا، سنوارا ہوا

لگا لینا: ساتھ میں ملا لینا، دوست بنا لینا، اپنے کام کا بنا لینا، منہا کرنا، وضع کرنا

لگا کھانا: مطابق ہونا، ہم رتبہ ہونا، ایک طرح کا ہونا

لگا لگانا: شروع کرنا، اپنی طرف سے کام کا آغاز کرنا، دوستی پیدا کرنا

لگام: مو، باگ، گھوڑے کے منہ کا دہانہ

لگام چڑھانا، لگام دینا: جانور کے منہ میں دہانہ چڑھانا، پابندی لگانا، خاموش کرنا

لگان: زمین کا خراج، باج، سرکاری محصول

لگانا: ہاتھ لگانا، ملانا، ٹانکنا، ابھارنا، اِدھر کی باتیں اُدھر کہنا

لگانا بجھانا: لڑائی کرانا، پیٹھ پیچھے برائی کرنا

لگانے میں آنا: کسی کے بہکاوے میں آنا

لگانے والے: چغلی کھانے والے، غیبت کرنے والے

لگاوٹ: مو، محبت، میلان، میل، دوستی

لگاوٹ کرنا: محبت جتانا، ناز نخرے کرنا

لگاوٹ کی باتیں: دوسرے کے دل میں اثر کرنے والی محبت کی باتیں

لگاوٹ ہونا: مصنوعی محبت کا اظہار ہونا

لگاؤ: مذ، تعلق، رسوخ، میل، راہ و رسم

لگائی: مو، عورت، بیوی، منکوحہ

لگائی بجھائی: مو، دوسرے کی برائی، بہتان

لگتا ہے: معلوم ہوتا ہے، دکھائی دیتا ہے، اندازہ ہوتا ہے، احساس ہوتا ہے

لگتی: اثر کرنے والی، زخم کرنے والی، ملتی جلتی

لگتی کہنا: چبھتی ہوئی بات کہنا، پسند کی بات کہنا

لگتے ہاتھ: فوراً، ایک کام کے بعد دوسرے کام

لگدی: کسی گیلی پسی ہوئی چیز کی ٹکیہ

لگن: مذ، پرات، چلمچی، شمعدان

لگن: مو، نسبت، دھن، مذ، گھڑی، وقت، شادی کی تاریخ

لگن دھرنا: بیاہ کی تاریخ طے کرنا

لگن لگنا: پریم ہونا، دل لگنا

لگنا: چپکنا، ملنا، شامل ہونا، نصیب ہونا، چوٹ لگنا، شروع ہونا، گھسنا، کام کا ہونا

لگنت: مو، ہم بستری، صحبت

لگنی: مو، چھوٹا لگن

لگوبندھو: دوست، عورت کا آشنا

لگوانا: لگانا سے متعدی المعتدی، نر کا مادہ پر چھوڑنا

لگی: مو، مچھلی شکار کرنے کی لچکدار چھڑی، کشتی ٹھہرانے کا بڑا بانس

لگی: مو، تمنا، آرزو، بھوک، مذاق

لگی بجھنا: خواہش پوری ہونا، پیٹ میں کھانا پڑنا، بھوک ختم ہونا

لگی بری ہوتی ہے: محبت بری بلا ہے، محبت میں انجام کا خیال نہیں ہوتا

لگی کو بجھانا: عشق کی آگ کو بجھانا، تمنا پوری کرنا، فتنہ روکنا

لگی کہنا: چاپلوسی کرنا، ہاں میں ہاں ملانا

لگی لپٹی: طرفداری، جانبداری

لگی لپٹی رکھنا: رعایت کرنا، چھوٹ دینا

لگی نہ دیکھنا: ناگ لپیٹ نہ دیکھنا لحاظ نہ کرنا، تعلق ختم کر لینا

لگی ہوئی بات: منگنی، بات

لگے: نزدیک، ساتھ

لگے جانا: ساتھ ساتھ جانا، پیچھے پیچھے چلا جانا، آرام نہ لینے دینا

لگے رہنا: ساتھ رہنا، پیچھے پیچھے رہنا

لگے لگے: قریب قریب، ساتھ، بندروں کے بھگانے کی آواز

لگے ہاتھ: ساتھ کے ساتھ، فوراً، اسی بابت میں، بارہ میں

لَلّا: مذ، بچہ، بالک، بیٹا، فرزند، محبوب، ناسمجھ، نوعمر

لَلاٹ: مذ، پیشانی، قسمت، نصیبہ

لَلِت: پسندیدہ، من بھاتا، خوب صورت، چنچل

للچانا: حرص کرنا، تمنا کرنا، کسی کی طرف جھکنا، لالچ دلانا

للچاہٹ: مو، طمع، حرص، آز، تمنا، آرزو

للکار: مو، نعرہ، زور کی آواز، پکار، ڈانٹ

للکارنا: نعرہ لگانا، مقابلہ کے وقت آواز نکالنا، مار بھگانا، دھتکارنا

لَلّو: مو، زبان، بولی، بول چال، چٹوراپن

لَلّو چپو: خوشامد درآمد، چاپلوسی، تملق کی باتیں

لَلّو نہ رہنا: بغیر بات کیے نہ رہنا، خاموش نہ رہنا

للہ: برائے خدا، اللہ کے نام

للہ الحمد: خدا کا شکر ہے، الحمدللہ

للہ الحمد والمنہ: خدا کا شکر و احسان ہے

لم: لمبا کا مخفف، بلند قد، لانبا

لم تڑنگا: بلند قد، قد والا

لم ٹنگا، لم ٹنگو: لمبی لمبی ٹانگوں کا

لم ڈور: شکار کی لمبی ڈوری

لم کنا: بڑے بڑے کانوں والا، خرگوش

لَم: حرف نفی، نہ، نہیں

لَم یزل: لازوال، اٹل، لافانی، جاوید

لِم: مو، اصلیت، حقیقت، سبب، وجہ

لِم دھرنا، لِم رکھنا: تہمت لگانا، الزام تراشی کرنا، عیب لگانا

لمبا: دراز، اونچا، بلند

لمبا بننا: رخصت ہونا، بھاگ جانا

لمبا چوڑا: کشادہ، وسیع، وسیع وعریض

لمبا دفتر: بڑا مضمون

لمبا سفر کرنا: دنیا سے رخصت ہونا، انتقال کرنا، دور کا سفر کرنا

لمبا کرنا: دراز کرنا، روانہ کرنا، الوداع کہنا

لمبا ہونا: دراز ہونا، چل دینا، نو دو گیارہ ہونا

لمبے ہنو: بھاگ جاؤ، نظر سے اوجھل ہو

لمبے لمبے سانس بھرنا: بڑے بڑے سانس لینا، جان دینا، بہت افسوس کرنا

لمبان: مو، درازی، لمبائی، طول

لمبان چوڑان: طول وعرض

لمبانا: طول کرنا، دراز کرنا

لمبر: مذ، نمبر سے اردو، ہندسہ، عدد، رقم، رتبہ، عہدہ، باری، گنتی، تعداد

لمبر آنا: باری آنا، امتحان میں نشانات پانا، لاٹری میں نمبر آنا

لمبردار: گاؤں کا سردار، چودھری، وہ زمیندار جو موضع کی مال گزاری وصول کر کے خزانہ سرکاری میں داخل کرتا ہے

لمبر سے خارج ہونا: لسٹ سے نام نکلنا، نام کا کٹنا

لمبر قائم رہنا: پہلی مسل پر مقدمہ کی سماعت ہونا

لمبری: نمبر کا نشان لگا ہوا، پولیس میں درج شدہ گنڈا

لمبو: لمبے قد کا، بلند قامت، بلند قد

لمبوترا: چوڑائی میں کم اور لمبائی میں زیادہ، بیضوی، کتابی

لمبی: لمبا کا مؤنث، دراز، اونچی اور بلند

لمبی تاننا: بے فکری کے ساتھ سونا، مر جانا، آخرت کا سفر کرنا

لمبی چوڑی ہانکنا: شیخی کی باتیں کرنا، بڑی حکایت بیان کرنا

لمپ: وہ چراغ جس میں شیشہ لگا ہو

لمحہ: مذ، کوند، بجلی کی چمک، پلک مارنے کی مدت، پل، ثانیہ

لمحہ بھر: تھوڑی سی دیر، ایک نظر

لمس: مذ، کسی چیز کو ہاتھ سے چھونا

لمعہ: مذ، چمک، روشنی، کرن

لمن الملک: کس کا ملک ہے، قرآن میں ہے کہ قیامت کے دن اللہ پوچھے گا کہ بتاؤ آج کس کی

حکومت اور سلطنت ہے، حد سے زیادہ کمر

لمیٹیڈ: محدود شرکت، وہ کمپنی جس کے مالکوں کی ذمہ داری کی ایک حد مقرر ہوتی ہے

لَن: انکار کا لفظ، نہ، مت

لَن ترانی: تو مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکے گا، شیخی، ڈینگ

لَن ترانی کرنا: شیخی بگھارنا، دون کی لینا

لنج: ہاتھ پاؤں سے معذور، لنگڑا لولا

لنجا: لنگڑا لولا، جس کے ہاتھ اور پاؤں کٹے ہوں

لندے پھندے: مذ، دھوکہ، فریب

لنڈ: عضو تناسل، ذکر، پیشاب کا راستہ

لنڈ: سر کٹا ہوا، سوکھی ہوئی شاخ

لنڈ منڈ: وہ شخص جس کے بال اور ڈاڑھی و مونچھیں نہ ہوں، صفاچٹ، مفلس، غریب

لنڈا: دم کٹا ہوا، بے کس، بے بس، بے یار و مددگار

لنڈ کری، لنڈ کڑی: مو، قلابازی، لڑھکنی

لنڈورا: لنڈا، بے دم کا، بے کس

لنڈوری: لنڈورا کی تانیث، بے یار و مددگار

لنڈھانا: کسی پتلی چیز کو برتن سے زمین پر گرانا، بہانا

لنڈھنا: بہنا، کسی پتلی چیز کا اوپر سے نیچے گرنا

لَنگ: لنگڑا، لولا، پاؤں کا نقص

لِنگ: مذ، آلۂ تناسل، جنس، قسم

لُنگ: مذ، گھٹنوں تک کا تہ بند، دھوتی، لنگوٹی

لنگارا، لنگاڑا: بے حیا، بے شرم، لچا، لفنگا، شریر

لنگارا پن، لنگاڑا پن: بے حیائی، لچا پن، گنڈا پن

لنگر: جہاز یا قافلہ کا ٹھہراؤ، لوہے کی زنجیر یا رسّی، خیرات گھر، لنگوٹ، خیرات کا کھانا، گھنٹے کا مکن

لنگر اُٹھانا: کشتی یا جہاز کا رسا کھول کر آگے لے جانا، جہاز روانہ کرنا

لنگر باندھنا: پہلوانوں کا لنگوٹ پہننا، ہم بستری سے بچنا

لنگر بٹنا: غریبوں میں کھانا تقسیم ہونا

لنگر توڑنا: پہلوان کا اپنے مقابل کو ہرانا

لنگر جاری کرنا: خیرات بانٹنا

لنگر خانہ: مسکینوں کو روزانہ کھانے دینے کی جگہ

لنگر ڈالنا: جہاز یا کشتی کا ٹھہرانا، ٹھہرنا

لنگر کا بوجھ: بڑے وزن والا

لنگر کا ٹکڑا: خیرات کا کھانا

لنگر گاہ: بندرگاہ

لنگر لنگوٹا باندھنا: کشتی لڑنے کے لیے تیار ہونا

لنگر: پتھر یا اینٹ کا ٹکڑا جسے بچے دھاگے میں باندھ کر لڑاتے ہیں۔

لنگڑا: ایک پاؤں سے معذور، کمزور، ایک آم کا نام

لنگڑانا: لنگڑا کے چلنا، پاؤں میں کوئی کمی ہونا

لنگڑی: مو، وہ عورت جس کے پاؤں میں کوئی خرابی ہو

لنگوٹ: کاچھا، کچھا

لنگوٹ بندھ: لنگوٹ پہننے والا، عورت سے پرہیز کرنے والا

لنگوٹ کا سچا: وہ آدمی جو دوسری عورت سے بچے، متقی

لنگوٹا: لنگوٹ

لنگوٹے کا ڈھیلا: بدکار، وہ جو دوسری عورت پر ہاتھ ڈالے

لنگوٹے کا سچا: پاکباز، پرہیزگار

لنگوٹی: چھوٹی دھوتی

لنگوٹی میں پھاگ کھیلنا: غریبی میں عیش کرنا

لنگوٹیا: مذ، لنگوٹ والا، ساتھ کھیلا ہوا، بچپن کا دوست

لنگور: مذ، ایک قسم کا بندر جس کا منہ سیاہ اور دم دراز ہوتی ہے

لنگوری: مو، چوری کا مال برآمد کرانے میں مدد، گھوڑے کی ایک چال

لنگھانا: پار اتارنا، ندی یا دریا کو عبور کرنا

لنگھن: مذ، کود، پھاند، روزہ، فاقہ

لنگھنا: پار کرنا، چھلانگ لگانا

لنگی: مث بند، دھوتی

لنیا: مذ، ایک قوم جس کا کام کنواں کھودنا اور دیوار تعمیر کرنا ہے

لَو: مو، شعلہ، لپٹ، خیال، توجہ

لَو اُٹھنا: شعلے کا اوپر اٹھنا

لَو لگانا: خیال باندھنا، توجہ کرنا، دھیان لگانا

لَو لگنا: تصور بندھنا، توجہ ہونا، خدا کی یاد میں مشغول ہونا، بار بار نام لینا

لَو: اگر

لَو فرضنا: اگر ہم نے فرض کیا، فرض کرو، مان لو

لَولاک: حدیث قدسی: **لولاک لما خلقت الافلاک** کی طرف تلمیح یعنی اگر رسولؐ کی ذات نہ ہوتی تو میں آسمانوں کو پیدا نہ کرتا

لَو: پکڑو، سنبھالو، خیال کرو، سوچو

لُو: مو، وہ گرم ہوا جو گرمی کے موسم میں چلتی ہے، سموم

لُو لگنا: گرم ہوا کا اثر ہونا

لِوا: مذ، علم، جھنڈا، پرچم

لَواحِق: مذ، لاحق کی جمع، رشتہ داران، نوکر چاکر

لَوازِم: مذ، لازم کی جمع، چیزیں، اسباب، سامان

لَوازِمات: مذ، لوازم کی جمع، سامان

لوازمہ: مذ، ضروری سامان

لڑاکا طبیعت: مو، بچوں کے ساتھ برا کام کرنا

لوانا: لینا کا مستعدی المعنی، خرید کروانا، مول لے کر دینا، دلوانا

لوائح: مذ، لائحہ کی جمع، دستور، روشنیاں، چمک

لوبان: مذ، ایک قسم کا گوند جو آگ پر رکھنے سے خوشبو دیتا ہے

لوبھی: لالچی، طمع کار، آرزومند، کنجوس، بخیل

لوبیا: مذ، ایک سبزی جس کے پھلوں کو پکا کر کھاتے ہیں

لوتھ: مو، لاش، نعش، تن بے جان

لوتھ پڑنا: مر کر گر جانا

لوتھ پوتھ: مردہ جسم کی طرح تھک کر چور

لوتھڑا: مذ، گوشت کا وہ ٹکڑا جس میں ہڈی نہ ہو، جمے خون کا ٹکڑا

لوٹ: مو، لوٹنی، لڑھکنی، عاشق

لوٹ پوٹ: لڑھکتا ہوا، عاشق، چاہنے والا

لوٹ پوٹ ہو جانا: تڑپ جانا، تڑپ کر مر جانا، فوراً مر جانا

لوٹ جانا: لوٹ ہونا، مر جانا، بے قرار ہو جانا، بہت پسند کرنا، قربان ہونا

لُوٹ: مو، دوسرے کی چیز پر زبردستی قبضہ کرنا، غارت گری، موج

لُوٹ پڑنا، لُوٹ مچنا: غارت گری مچنا، اندھیر ہونا، ظلم و ستم ہونا

لوٹ ڈالنا: لوٹ مچانا، زبردستی کرنا

لوٹ کھسوٹ: غارت گری، ڈاکہ پن، رہزنی، ڈاکہ

لوٹ لینا: مال چھین لینا، چوری کر لینا، تباہ و برباد کر دینا

لوٹ میں چرخہ بھی غنیمت ہے: مفت میں جو بھی مل جائے وہی اچھا ہے

لوٹا: مذ، ایک قسم کا ٹونٹی دار برتن، آفتابہ

لوٹا اُٹھانا: لوٹا رکھنا، کم درجے کی نوکری کرنا

لوٹے ڈالنا: غسل کر کے پاک ہونا، نہانا

لوٹے میں نمک ڈالنا: قسم کھا کے عہد کرنا، معاہدہ کرنا

لوٹانا: واپس کرنا، نیچے کا اُوپر، اُوپر کا نیچے کرنا

لُوٹ پَوٹ: مو، دورخی چھپائی

لُوٹنا: واپس آنا، پلٹنا، چہرہ بدلنا

لُوٹنا: لڑھکنا، چلنا، بے چین ہونا، عاشق ہونا

لُوٹنا: لوٹ مار کرنا، زبردستی مال لے لینا، حاصل کرنا

لوٹنی: مو، قلابازی، لڑھکنی، بالکل انکار

لوٹنی لینا: بالکل منکر ہونا، مکر جانا، بے ایمان بننا

لوٹنیاں کھانا: تڑپنا، پھڑکنا، بے قرار ہونا

لوچ: مذ، چیپ، نرمی، ملائمت، لچک

لوچدار: ملائم، لچک والا

لوچن: مذ، آنکھ، دیدہ، چشم

لوح: مو، لکھنے کی تختی، قبر کے سرہانے کا پتھر، سرورق

لوحِ غربت، لوحِ قبر، لوحِ مرقد، لوحِ مزار: سرہانے کا وہ پتھر جس پر تاریخِ رحلت وغیرہ لکھی جاتی ہے

لوحِ محفوظ: وہ تختی جس پر خدا نے دنیا میں ہونے والے ہر واقعہ کی نسبت شروع سے آخر تک لکھ رکھا ہے، علمِ الٰہی

لوح نویس: نقاش، مصور، کتابوں کا سرورق بنانے والا

لوح و قلم: تختی اور خامہ، خدا کے احکام کی تختی اور قلم

لودھا: ایک نومسلم قوم

لودھی: مذ، پٹھانوں کا ایک قبیلہ

لوڈھی: عقل مند، سریع الفہم

لوری: مو، ہلکی آواز کے سریلے نغمے جو عورتیں بچوں کو سلانے کے لیے گاتی ہیں

لوری دینا: بچے کو سلانے کے لیے گیت گانا

لوڑا: مذ، عضوِ تناسل، ذکر

لوڑنا: طلب کرنا، مانگنا، کھوج کرنا

لوزات: مو، بادام کی مٹھائی

لوزیات: مو، بادام کا بنا ہوا حلوا

لوط: مذ، ایک پیغمبر کا نام جنھیں خدا نے روم کے لوگوں کی ہدایت کے لیے بھیجا تھا

لوطی: لوط سے منسوب، بچوں سے بدفعلی کرنے والا

لوفر: مذ، آوارہ، کھلنڈرا، نکما

لوک: مذ، انسان، آدمی، لوگ، مرد، دنیا

لوک پال: رایہ، بادشاہ، حاکمِ اعلیٰ

لوک کہانی: وہ افسانے جو سینہ بہ سینہ چلے آتے ہیں، روایتی کہانی

لوک گیت: عوام کے پرانے گیت

لوک ناچ: عوام کے پرانے ناچ

لوکا: مذ، لاٹ، لپٹ، جلتی ہوئی لکڑی

لوکا لگانا: آگ لگانا، چغلی کھانا، اِدھر کی اُدھر کرنا

لوکا لگ جائے لوکا لگے: غارت ہو، برباد ہو، بے نشان ہو

لوکل: مقامی، کسی خاص جگہ سے متعلق

لوکنا: بجلی کا چمکنا

لوکی: کدو، لمبا ہرا گھیا

لوگ: انسان، مردم، خلقت

لوگ باگ: عوام، عام لوگ

لولا: لنڈا، اپاہج، جس کے ہاتھ پاؤں نہ ہوں

لولو: مذ، موتی، گوہر، مروارید

لولو: ایک فرضی چیز جس سے بچوں کو ڈراتے ہیں، بے وقوف، باؤلا

لولو بنانا: پاگل بنانا، دیوانہ بنانا، بے وقوف بنانا

لولی: مو، کنچنی، طوائف، رقاصہ

لولی فلک، لولی گردوں: زہرہ، مشتری

لومت: مو، ملامت کرنا، برا بھلا کہنا

لومت لائم: ذلت ورسوائی، کسی ملامت کرنے والے کا ملامت کرنا

لومڑی: مو، بلی کے قد کا ایک جنگلی حیوان، عیار، مکار

لون: مذ، چہرے کی رنگت، رنگ

لون: نمک، نون

لون مرچ لگانا: بات کو بڑھا کر بیان کرنا، بھڑکانا، حاشیہ چڑھانا

لونجی: مو، کچے آموں کا اچار

لونر: مذ، وہ مہینہ جو ہر تیسرے سال شمسی حساب سے بڑھایا جاتا ہے، زیادہ، فاضل، فالتو

لونڈا: مذ، لڑکا، چھوکرا، چھوٹا ملازم، نادان

لونڈا پن: بچپن، کمینہ پن

لونڈوں ہائی: لڑکوں سے محبت رکھنے والی عورت

لونڈے لپاڑیے: مگنی لڑکے

لونڈی: مو، کنیز، باندی، خادمہ، ملازمہ

لونڈی بچہ: وہ آدمی جو باندی کے پیٹ سے ہو

لونڈیا: مو، بچی، چھوکری، بیٹی، دختر، بنت

لونگ: قرنفل، ایک خوشبودار مسالہ، ناک کا زیور

لوہا: آہن، حدید، تیغ، تلوار

لوہا بجانا: تلوار چلانا

لوہا پر سنا: تلوار چلنا، لڑائی ہونا

لوہا دینا، لوہا کرنا: گرم مشین سے کپڑے کی سلوٹیں دور کرنا

لوہا لاٹھ: بہت مضبوط

لوہا مان لینا: کسی کی بہادری کا قائل ہونا، کسی کو استاد ماننا

لوہے ٹھنڈے ہو گئے: امنگ جاتی رہی، ارادہ ختم ہو گیا

لوہے کی چھاتی کر لینا: پتھر کی جگر کر لینا، مصیبت برداشت کرنا

لوہے کے چنے: مشکل اور دشوار کام

لوہے کے چنے چبانا: مشکل کام انجام دینا

لوہار: آہن گر، حدّاد، لوہے کے اوزار بنانے والا

لوہار خانہ: ایسا مقام جہاں بہت سے لوہار کام کرتے ہوں، لوہار کی دوکان

لوہارن، لوہارنی، لوہاری: مو، لوہار کی گھر والی

لوہو: لہو

لوہیا: لوہے کی چیزوں کا تاجر، لوہے کا بنا ہوا

لوئر: چھوٹا، کم درجہ کا

لوئر پرائمری: مدرسہ ابتدائیہ، ابتدائی مکتب

لوئی: گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا

لُہار: لوہار کا مخفف، لوہے کا کام کرنے والا

لہان: خون سے بھرا

لہٹنا: طبیعت کا مائل ہونا، کسی کی طرف جھکنا، عشق ہونا

لہجہ: مذ، آواز، زبان، محاورہ، لے، سُر

لہٰذا: اس واسطے، خلاصہ، الغرض

لہر: مو، پانی کی موج، امنگ، ترنگ، چلن

لہر آنا: موج آنا، کسی کا خیال آنا

لہر اٹھنا: موج کا اوپر اٹھنا، ترنگ میں ہونا، شوق ہونا

لہر اڑانا: تان لگانا، لگاتار مارنا

لہر بہر: خوشحالی، خوش نصیبی

لہر چڑھنا: پانی کا زور ہونا، زہر کا اثر کرنا

لہر چھوٹنا: مستی میں آنا، صحبت کو جی چاہنا

لہریں لینا: جھومنا، ہلنا، دریا کا موجیں مارنا

لہرا: مذ، طبیعت میں جوش پیدا کرنے والا سُر، آواز

لہری: موجی، دل جلا، ٹھٹھول، خوش مزاج

لہسنیا: لہسن کے رنگ کا ایک قیمتی جواہر، لہسن جیسا رنگ

لہک: مو، شعلہ، لاٹ، وہ خوشبو جو ہوا کے ساتھ پھیلے

لہک لہک کر: جھوم جھوم کر، امنگ اور ترنگ کے ساتھ

لہکارنا: پُچکارنا، تسلی دینا

لہکانا: اکسانا، ابھارنا، آگ روشن کرنا

لہکنا: چہچہانا، گانا گانا، بھڑکنا، شعلہ نکلنا

لہلہانا: جھومنا، سبزہ کا ہوا میں جھومنا، پھلنا

لہلہاہٹ: مو، کھیت کے ہوا سے ہلنے کی حالت، شادابی

لہنا: مذ، قسمت، نصیب، ادھار، قرض

لہنگا: دیہاتی عورتوں کا غرارہ، گھگھرا

لہو: لوہو، خون، دم

لہو آنا: خون کے دست آنا، خون نکلنا

لہو اترنا: خون جمع ہو جانا، بہت غصہ آنا

لہو برسنا: خون ریزی، غصے میں آنکھ لال ہو جانا

لہو بہانا: جان سے مار ڈالنا، قتل کرنا

لہو پانی کرنا: کسی کام میں زیادہ محنت کرنا

لہو پی کر رہ جانا: غصہ ضبط کرنا، جی ہی جی میں جلنا

لہو پینا: خون چوسنا، پریشان کرنا

لہو تھوکنا: تپ دق کا مریض ہونا

لہو ٹپکنا: خون گرنا، بہت لال ہونا، جذام سے خون بہنا

لہو خشک ہو جانا: خون سوکھ جانا، ڈر جانا، ڈر کے مارے جان نکلنا

لہو دینا: فصد کے وقت رگ سے خون نکلنا

لہو رونا: بہت رونا

لہو سفید ہو جانا: محبت باقی نہ رہنا، ہمدردی نہ رہنا

لہو کا پیاسا: جان کا دشمن

لہو کا جوش: مامتا، ماں کی محبت باپ کی محبت

لہو کا ہلکا: لطیف اور صاف خون والا، نہایت نرم دل

لہو کرنا: خون میں غوطہ لگانا، تکلیف دینا، برداشت کرنا

لہولہان: خون آلودہ، خون میں بھرا

لہولہان کرنا: بری طرح زخمی کرنا

لہو میں ہاتھ رنگنا: خون کرنا، قتل کرنا، کسی کی جان لینا

لہو: ند، بازی، کھیل

لہو ولعب: کھیل کود، سیر تماشا، ہنسی مذاق

لئیق: لائق، قابل، کام کا

لئیم: وہ کنجوس جو نہ خود کھائے اور نہ دوسرے کو دے

لئیم الطبع: کنجوس، بخیل

لے: سر، آہنگ، آرزو، تمنا

لے بڑھنا: چسکا لگنا، عادت ہو جانا، حرہ پڑنا

لے لینا: گانا، نغمہ سرائی کرنا

لے: لینا سے فعل امر، پکڑ، دھر، سنبھال، سن، جان

لے آنا: کوئی چیز اٹھا کے لانا، کسی کو ساتھ بلا کے لانا، دوسری جگہ سے لانا

لے اُڑنا: لے کر بھاگ جانا، تیز کرنا، حواس کھونا، حرہ کو دوگنا کر دینا

لے بھاگنا: کوئی چیز لے کر چمپت ہو جانا، بھگا کے لے جانا

لے بھئی: میں کہتا ہوں، سنو میاں، حیرت کی بات ہے

لے بیٹھنا: لے ڈوبنا، اپنے ساتھ دوسرے کو بھی برباد کرنا، اپنے ساتھ گرانا

لے پالک: متبنّیٰ، گود لیا ہوا، وہ بچہ یا بچی جسے بچپن میں گود لیا ہو

لے جانا: کسی چیز کو اپنے ساتھ لے کر چلے جانا

لے دے: لین دین، کبھی لینا کبھی دینا، ڈانٹ ڈپٹ، تنقید، ملامت

لے دے کرنا: خوب محنت کرنا، ڈانٹنا، مار پیٹ کرنا

لے دینا: دلوانا، مول لے دینا

لے ڈوبنا: اپنے ساتھ دوسرے کو برباد کرنا

لے لوٹ: قرض لے کر واپس نہ دینے والا، نادہند

لے لینا: چھین کر لے جانا، دبا لینا، اپنا کر لینا، حاصل کرنا

لے مرنا: لے ڈوبنا، لے بیٹھنا، چوری لگانا، دبا لینا، مار لینا

لیے: حرف جار، واسطے، لئے

لیا دیا: کیے کا نتیجہ، نیکی کا پھل

لیا دیا آگے آ جانا: اچھائی برائی کا نتیجہ، کوئی پھل

لیاقت: مو، کسی چیز کے حاصل کرنے کی صلاحیت، دانائی، ہوشیاری

لیا ہی نہیں جاتا: منائے نہیں منتا، سنبھالے نہیں سنبھلتا

لیبارٹری: وہ کمرہ جہاں سائنس پر تجربہ کیا جائے، تجربہ گاہ، معمل

لیبر: مو، محنت، مشقت، مزدور

لیبل: کاغذ یا دھات کا وہ ٹکڑا جس پر چیز کا نام نوعیت اور کمپنی کا نام ہوتا ہے، سرنامہ، چٹ

لیپ: مذ، ضماد، پلاسٹر، وہ دوا جو پانی یا تیل میں ملا کر لگائی جائے

لیپا: مذ، بنا بنایا، کیا کرایا

لیپا پوتی کرنا: بات بنانا، بہانے تراشنا، پردہ داری کرنا

لیپنا: پوتنا، سفیدی کرنا، چونا گروانی کرنا

لیپنے کا نہ پوتنے کا: کسی کام کا نہیں، نکما

لیت ولعل: مذ، ٹال مٹول، آج کل کرنا، حیلہ

لیتھ: مو، خراد کرنے کی مشین

لیتھوگرافی: چھپائی کا ایک قدیم طریقہ

لیٹر: مذ، خط، چٹھی، نامہ

لیٹر بکس: خط ڈالنے کا صندوق جو دیوار میں آویزاں ہوتا ہے

لیٹرن: مذ، پاخانہ، سنڈاس، ٹٹی گھر

لیٹنا: سیدھا ہو کر پڑنا، پسرنا، آرام کرنا، خوشامد کرنا

لیجر: روزنامچہ، بہی، یومیہ حساب کی کتاب

لیجس لیٹو اسمبلی: مو، صوبہ کی مجلس قانون ساز، مقننہ

لیجس لیٹو کونسل: مو، دارالامرا، صوبے یا ملک کی خاص مجلس قانون ساز

لیچڑ: کنجوس، بدمعاملہ

لیچڑپن: کنجوسی، بدمعاملگی

لیچی: مو، ایک کھردرے چھلکے کا سرخ پھل

لید: مو، گھوڑے، گدھے، ہاتھی وغیرہ کا فضلہ، گوبر

لیڈر: مذ، رہنما، نیتا، سربراہ، اداریہ

لیڈی: مو، بی بی، بیگم، خانم، خاتون

لیس: کمربستہ، آمادہ، مسلح، اسلحہ سے آراستہ

لیس: مو، فیتہ، جھالر، گوٹا، کناری

لیک: لیکن کا مخفف، مگر

لیک: مو، راہ، راستہ، پگڈنڈی، رسم ورواج

لیک پیٹنا: لکیر پیٹنا، پرانے دستور پر گامزن رہنا

لیک سے بے لیک ہونا: گمراہ ہونا، سیدھا راستہ چھوڑ دینا

لیکن: حرف ربط، مگر، ہلا

لیکھ: مو، لکھی ہوئی چیز، تحریر، مضمون

لیکھا: مذ، حساب، لین دین، پکا حساب

لیکھا کرنا: لین دین کا حساب سمجھنا

لیکھنی: قلم، خامہ، کلک

لیگ: مو، جمعیت، مجلس، انجمن، سبھا

لیل: مو، رات، شب

لیل ونہار: رات اور دن، شب وروز، اوقات

لیلا: مو، کھیل، عیش وعشرت، ٹھاٹ

لیلۃ الاسراء: مو، معراج کی رات

لیلۃ البدر: چاند کے مہینے کی چودھویں تاریخ، پورنما

لیلۃ القدر: رمضان کی ایک رات جس میں عبادت کا ثواب ایک ہزار مہینے کے برابر ہے

لیلےٰ، لیلیٰ: مو، کالی، رات کی طرح کالی، مجنوں کی محبوبہ کا نام

لیلےٰ زادہ: محبوب، چاند سا محبوب

لیموں: مذ، نیبو، ایک کھٹا پھل

لین دین: داد وستد، حساب کتاب، تجارت

لین دین کرنا: تجارتی معاملہ کرنا، خریدنا اور بیچنا

لینا: پکڑنا، حاصل کرنا، سنبھالنا، وصول کرنا

لینا ایک نہ دینا دو: کچھ فائدہ نہیں، فائدہ نہ غرض، بلاوجہ

لینا دینا: برتاؤ، معاملہ

لینے کو مچھلی دینے کو کانٹا: لیتے وقت اچھی چیز لینا اور دیتے وقت بری چیز دینا

لینڈ لارڈ: زمین کا مالک، مکان دار، زمیندار

لینڈی: مو، جما ہوا پاخانہ، بزدل، چھوٹا کتا

لینڈی کتا: بازاری اور عام کتا، ڈرپوک اور بودا کتا

لینڈی کتے کی موت مارنا: آسانی سے مار ڈالنا، بہت ذلت سے مارنا

لینوٹائپ: ایک مشین جس میں پوری سطر ایک ہی بار میں ڈھل جاتی ہے

لیوی: محصول کی وصولی، ٹیکس کی وصولی

لیہی: مو لیئی

لیئی: مو، وہ لیس دار چیز جو میدے کو پانی میں پکا کر چپکانے کے لیے پکاتے ہیں

م

مآب: مو، لوٹنے کی جگہ، جگہ

مآثر: مذ، اچھے آثار، اچھی نشانیاں، یادگاریں

مآل: مذ، لوٹنے کی جگہ، انجام، خاتمہ

مآل اندیش: دور اندیش، انجام کو سوچنے والا

مآل اندیشی: سوچ فکر، انجام پر نظر رکھنا

ما: مذ، مو، ہم

مابخیر شما بسلامت: ہمارا تمھارا کوئی واسطہ نہیں

مابدولت: وہ کلمہ جو بادشاہ اپنے لیے استعمال کرتے تھے، ہم

ما: جو، جو کچھ

مابعد: بعد کا، جو بعد میں آئے

مابقا، مابقی: جو باقی رہ گیا ہو

مابہ الامتیاز: امتیاز کا باعث

مابہ النزاع: لڑائی کا سبب

مابین: وسط، درمیان

ماتحت: زیر حکم، نائب

ماتقدم: پہلے کا، جو پہلے گزرے

ماجرا: سرگزشت، واقعہ، حالت

ماحصل: حاصل شدہ، خلاصہ، لبِ لباب

ماحضر: جو کھانا موجود ہو، دعوت دیتے وقت بولتے ہیں، نان ونمک

ماحول: گرد وپیش، پاس پڑوس، اردگرد

مادام: ہمیشہ، جب تک کہ، بیگم، خاتون

مادام الحیات: عمر بھر، پوری زندگی، تاحیات، تاعین حیات

ماسبق: گزرا ہوا، بیتا ہوا، جس کا ذکر پہلے ہو چکا

ماسوا: اس کے علاوہ، مزید براں

ماشاءاللہ: جو اللہ نے چاہا، جو خدا کرے، سبحان اللہ، تعریف کا کلمہ

مافات: جو فوت ہوا، جو گزر گیا

مافوق: جو اوپر ہوا، اعلیٰ

مافی الضمیر: دل کی بات، مدعا، مقصد، مطلب

مافیہا: جو کچھ اس میں ہے

ماقبل: پہلے کا، جو پہلے ہو

ماقبل الذکر: جس کا تذکرہ پہلے ہو چکا ہو

مالاکلام: جس میں اعتراض کا موقع نہ ہو

مالایطاق: طاقت سے بڑھ کر، قدرت سے باہر کام

مالاینحل: ایسا مسئلہ جس کا حل نہ ہو

مالہ وماعلیہ: معاملہ کے تمام پہلو، نفع اور نقصان

مامضیٰ: گزشتہ، گزرا ہوا

ماوجب: جو واجب ہو، جس کا ادا کرنا ضروری ہو

ماورا: سوا، اس کے علاوہ، علاوہ ازیں

ماےیحتاج: وہ چیز جس کی ضرورت ہو

ماپ: مو، ناپ، رقبہ بندی، پیمانہ

ماپ تول: لمبائی چوڑائی کی ناپ، جانچ پڑتال

ماپا: مذ، پیائش کرنے والا، وہ جگہ جس کی پیائش کر لی گئی ہو

ماپنا: جانچنا، اندازہ کرنا، ناپنا، پیائش کرنا

مات: مو، شکست، ہزیمت

مات دینا: ہرانا، نیچا دکھانا، مغلوب کرنا

مات کرنا: شکست دینا، بازی مار جانا، نیچا دکھانا

مات کھانا: کھیل میں ہار جانا

مات ہو جانا، ہونا: ہار جانا، شرمندہ ہونا، شکست ہونا

ماتا: مو، والدہ، ماں، مادر، چیچک

ماتا پتا: والدین، ماں اور باپ

ماتا نکلنا: چیچک نکلنا، خسرہ نکلنا

ماتر: مو، اکیلا، تنہا، فقط، ذرا سا، اندازہ

ماتم: مذ، مصیبت، آفت، سوگ، ملال، الم، غم

ماتم پُرسی: پرسا، کسی کے مرنے پر اس کے ورثہ کے یہاں جانا

ماتم پُرسی کرنا: تعزیت کرنا، مرنے والوں کے رشتہ داروں سے ہمدردی جتانا

ماتم خانہ، ماتم سرا، ماتم کدہ: غم کا گھر، سوگ کا گھر

ماتم دار: ماتم کرنے والا، سوگ والا، وارث

ماتم داری: سوگ، الم، کہرام، رونا دھونا

ماتم زدہ: سوگوار، جس پر کوئی غم پڑا ہو

ماتم کرنا: رنج کا اظہار کرنا، مرنے والے کو رونا، مرثیہ پڑھنا

ماتم ہونا: کہرام مچنا، سینہ پیٹنا، سوگ منایا جانا

ماتمی: ماتم سے منسوب، ماتم کرنے والا

ماتمی باجہ: وہ باجہ جو ماتم کے وقت بجاتے ہیں

ماتمی جامہ، ماتمی پوشاک، ماتمی لباس: نیلے یا کالے رنگ کا لباس جو غم کے وقت پہنتے ہیں

ماتمی صف: ماتم کرنے کے لیے لوگوں کا کھڑا ہونا، جمع ہونا

ماتھا: مذ، پیشانی، جبین

ماتھا پیٹنا: سر پیٹنا، افسوس کرنا، ہائے ہو کرنا

ماتھا ٹھنکنا: کسی کام کے برے نتیجے کے متعلق پہلے سے خبر ہونا، سن گن ہونا

ماتھا ٹیکنا: سجدہ کرنا، زمین پر پیشانی رکھنا، چاپلوسی کرنا

ماتھا رگڑنا: پیشانی گھسنا، عاجزی سے سجدہ کرنا، چاپلوسی کرنا

ماتھا گودنا: ہمیشہ قید میں رہنے والے قیدی یا غلام کی پیشانی پر نشان لگانا

ماتھا مارنا: سر کھپانا، دماغ سے کام لینا، سر مغزی کرنا

ماتھے پر شکن ہونا: پیشانی پر بل آنا، تکلیف یا ناگواری کا اثر ظاہر ہونا

ماتھے جانا: ذمہ ہونا، نقصان ہونا

ماتھے کا الف: اللہ کے الف کا نشان جو قلندر اپنی پیشانی پر بنا لیتے ہیں

ماتھے مارنا: لوٹنا، سر سے مارنا

ماتھے مڑھنا: زبردستی کوئی بات سر تھوپنا

ماتھے ہونا: ذمہ ہونا

ماتھر: مذ، متھر اکا باشندہ، کاستھوں کا ایک قبیلہ

ماتی: مست، متوالی، تر و تازہ، بھرپور

مائی: مو، مٹی، خاک، دھول، زمین، ارض

مائی میں رُلنا: خاک میں ملنا، تباہ ہونا، خراب ہونا

ماثور، ماثورہ: اثر قبول کیا ہوا، نقل کیا ہوا، سنت سے ثابت

ماجد: بزرگ، معزز

ماجدہ: ماجد کی تانیث، محترمہ، بزرگ عورت

ماجوج: مذ، ایک قوم جو حضرت یافث بن نوح کی اولاد سے ہے

ماجور: جو دیا گیا، جس پر ثواب دیا گیا

ماجھی: مذ، ملاح، کشتی کا مالک

ماچی: مو، چھوٹی چارپائی، مچیا

ماحی: نیست و نابود کرنے والا، مٹانے والا

ماخذ: مذ، وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز نکلے، نکاس، منبع

ماخوذ: لیا ہوا، پوچھ، پھنسا ہوا، اخذ کیا ہوا

ماخوذ کرنا: گرفتار کرنا، پھنسانا، الزام لگانا

ماخوذ ہونا: گرفتار ہونا، پکڑا جانا

ماخولیا: مذ، مالیخولیا

مادح: مذ، مدح کرنے والا، تعریف کرنے والا

مادر: مو، والدہ، ماتا، ماں، ای، اماں

مادر پدر ہونا: گالی گلوچ کرنا، ایک دوسرے کو گالیاں دینا

مادر چود: ایک فحش گالی، حرام زادہ، کمینہ

مادر خواہی کرنا: ماں کو گالی دینا

مادر رضاعی: دودھ پلانے والی ماں

مادر زاد: پیدائشی، جنم دن سے

مادر گیتی: دنیا، جہان

مادر علاتی: سوتیلی ماں

مادرانہ: ماں سے متعلق، ماں جیسی

مادری: ماں کی طرف منسوب ہے، فطری

مادہ: مو، عورت، نر کی ضد

مادّہ: مذ، ہر چیز کی اصل، جوہر، صلاحیت

مادۂ تولید: منی جو مرد کے عضو تناسل سے نکلتی ہے

مادّی: ذاتی، اصلی، قدرتی، طبعی، فطری

مادّیات: مو، مادی چیزیں، مخلوق

مادیان: مو، گھوڑی

مادّیت: مو، جسمانیت، مادہ ہونا

مأذنہ: مذ، اذان کی جگہ، اذان خانہ

مأذون: جسے اجازت دی گئی، اجازت یافتہ

مار: مذ، سانپ، ناگ

مارآستین: دوست نما دشمن، منافق

ماردوزبان: منافق آدمی، دوغلا آدمی

مارزلف: محبوب کی زلف:

مارگزیدہ: جسے سانپ نے ڈس لیا ہو، سانپ کا کاٹا ہوا

مارگزیدہ از ریسمان می ترسد: سانپ کا ڈسا رسی سے ڈرتا ہے، دودھ کا جلا چھاچھ سے ڈرتا ہے

مارگنج: وہ سانپ جو خزانہ دفن کر کے بطور جادو کے اس پر بٹھا دیتے ہیں

مارگیر: سپیرا، مکار، دغاباز

مارگیسو: کاکل، محبوب کی زلف

مارمہرہ: وہ مہرہ جو سانپ کے پیٹ سے نکالتے ہیں، تریاق

مار: مو، چوٹ، ضرب، دھکا، لوٹ، توڑ

مار بھگانا: ہرا دینا، ہزیمت دینا، شکست دینا

مار بیٹھنا: مار دینا، پیٹ دینا، مال لے لینا

مار پٹنا: مارا جانا، پیٹا جانا، پٹائی ہونا

مار پیٹ کیے جانا: لگاتار مارے جانا، کوشش میں کمی نہ کرنا

مار دھاڑ: مار پیٹ، ڈانٹ ڈپٹ، جنگ وجدل

مار دینا: قتل کرنا، ہرا دینا

مار ڈالنا: قتل کر دینا، ہلاک کر ڈالنا، برباد کر دینا

مار رکھنا: کام تمام کرنا، بچ کر نہ جانے دینا، مردے کی طرح بنا دینا، عاشق بنا لینا، ہتھیا لینا

مار کٹائی: مار پیٹ، مار دھاڑ

مار کھا جانا: دھوکے میں آنا، فریب کھانا

مار کھانا: سزایاب ہونا، چوٹ کھانا، پیٹا جانا

مار کھلوانا: پٹوانا، سزا دلوانا

مار کے الو بنا دینا: بہت زیادہ مارنا

مار گرانا: بہت زیادہ پٹائی کرنا، جان سے مار ڈالنا

مار لانا: شکار کر کے لانا، چرا لانا، لوٹ کے لانا

مار لینا: دبا لینا، لوٹ لینا، نہیں کر لینا

مار مار: جانور کو ہنکانے کی آواز

مار میں جانا: ڈوبنا، نقصان ہونا، لٹ جانا، غارت ہونا

مار ہٹانا: مار کے بھگا دینا، شکست دے دینا

مارا: قتل کیا ہوا، تباہ کیا ہوا، دکھی، مظلوم

مارا جانا: قتل ہونا، ضائع ہونا، تلف ہونا، لٹ جانا

مارا کوٹی: تباہی، بربادی، مار دھاڑ

مارا مار: کثرت، زیادتی، ہل چل، لگا تار

مارا مار کرنا: دوڑ دھوپ کرنا، جلدی کرنا

مارا مارا پھرنا: آوارہ گردی کرنا، در بدر پھرنا، بھٹکنا

مارتا: مارنے والا، چوٹ لگانے والا

مارتا پیر: زبردست آدمی، وہ آدمی جو دوسرے پر قابو پالے

مارتے خان: طاقت والا، ظالم، بہادر

مارتے کے پیچھے بھاگتے کی گاڑی: بزدل، کم ہمت

مارتول: مذ، تھوڑا، موگرا، ٹھوکنے کا آلہ

مارچ: انگریزی سن کا تیسرا مہینہ، آگے بڑھنا، کوچ کرنا، روانگی

مارشل: سپہ سالار، سب سے بڑا فوجی افسر

مارشل لا: فوجی حکومت، فوجی قانون

مارک: نشانی، علامت، تجارتی نشان، امتحان کے حاصل کردہ نمبر

مارک کرنا: نشان لگانا، وہ نشان جو دھوبی کپڑے پر ڈالتا ہے

مارکا، مارکہ: مذ، علامت، پہچان، کمپنی کا نشان

مارکسی: کمیونسٹ

مارکیٹ: بازار، منڈی، گزری

مارنا: پیٹنا، چوٹ لگانا، ٹکرانا، حملہ کرنا، قتل کرنا، بازی جیتنا

مارواڑ: جودھ پور (راجستھان) کا علاقہ

ماروت: ایک فرشتہ جو ہاروت کے ساتھ آیا تھا، یہاں ایک طوائف زہرہ پر دونوں عاشق ہو گئے جس کی سزا میں چاہ بابل میں لٹکا دیے گئے

ماری پڑنا: آفت آنا، صدمہ ہونا

مارے: وجہ، سبب، واسطے

مارے اور رونے نہ دے: بڑا ظالم، سفاک

مارے باندھے: بڑی مشکل سے، مجبوری سے، کسی کسی طرح سے

مارے باندھے کا سودا: مجبوری کا معاملہ

مارے مارے پھرنا: بیکار پھرنا، جوتیاں چٹخانا

مارے نہ چوبی نام فتح خاں: مفت میں بہادری کی شہرت ہو گئی

مارے ہنسی کے لوٹ جانا: بہت زیادہ ہنسنا

مارے ہول کے: ڈر کے مارے، خوف کی زیادتی سے

ماڑا: بودا، کمزور، کم طاقت، دبلا پتلا، لاغر، بنکھا، کھوٹا

ماڑی: ماڑا کی تانیث، ضعیفہ، دبلی، پتلی

ماڑ: مذ، ماجو، ایک مشہور دوا

ماس: مہینہ، چاند، گوشت

ماس نوچنا: بوٹیاں کاٹنا، گوشت ہڈی سے الگ کرنا

ماسٹر: مذ، مالک، مختار، معلم، استاد، پڑھانے والا

ماسی: ماں کی بہن، خالہ، موسی

ماش: دال، اڑد

ماش مارنا: ماش پر جادو کرنا

ماشہ: آٹھ رتی کا وزن

ماشہ تولہ ہونا: متلون مزاج ہونا، ایک حال پر قائم نہ رہنا

ماشی: ماش کے رنگ کا چلنے والا

ماضی: گزشتہ، گزرا ہوا

ماضی احتمالی، ماضی شکیہ: وہ ماضی جس میں شک وشبہ ہو، جیسے محمود گیا ہوگا

ماضی استمراری، ماضی ناتمام: وہ ماضی جس سے یہ پتہ چلے کہ کام پچھلے زمانہ میں لگا تار ہوا جیسے وہ آرہا تھا، وہ رو رہا تھا، وہ رہتا تھا

ماضی بعید: وہ ماضی جس سے دور کا گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے، جیسے وہ آیا تھا

ماضی تمنائی، ماضی شرطی: وہ ماضی جس میں تمنا یا شرط پائی جائے، جیسے کاش وہ آتا، اگر وہ آتا

ماضی قریب: وہ ماضی جس سے قریب کا گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے، جیسے محمود گیا ہے

ماضی مطلق: وہ ماضی جس سے زمانہ کے قریب وبعید ہونے کا علم نہ ہو، جیسے وہ سویا

ماکول: کھایا ہوا، کھانے کی چیز

ماکولات: مذ، ماکول کی جمع نعمتیں، کھانے کی چیزیں

ماکیان: مرغی

ماگھ: ہندی کا گیارہواں مہینہ

مال: وہ رسی جو چرخے میں تکلے کو ہلاتی رہتی ہے

مال: مذ، شہر کی بڑی سڑک، ٹھنڈی سڑک، خیابان

مال: مذ، دھن، دولت، نقدی، پونجی، قیمتی چیز، مویشی

مال اڑانا: روپیہ لٹانا، فضول خرچ کرنا، خیانت کرنا

مال برآمد کرنا: اپنے ملک سے دوسرے ملک کو مال بھیجنا، چوری کا ملا ہوا مال

مال پر ذکوٰۃ ہے: آمدنی پر خرچ منحصر ہے

مال پرست: مال کی پوجا کرنے والا، سونے چاندی کا غلام

مال حرام: ناجائز کمائی کا مال، دفت کا مال، جوئے کا مال

مال خانہ: گودام، کوٹھی، جنس خانہ

مال دار: اہل ثروت، دھن والا

مال داری: دولت مندی، ثروت

مال زادہ: پیشہ ور عورت کا بچہ، بھڑوا

مال زاوی: طوائف، بازاری عورت

مال شراکت: حصہ داری کا مال، ساجھے کی رقم

مال ضامن: ضمانت لینے والا

مال ضامنی: مال کی ضمانت

مال ضبطی: قرق کیا ہوا مال

مال طیب: حلال کی کمائی کا مال

مال غنیمت: لوٹ کا مال، کافروں کے ساتھ جنگ کرنے کے بعد ان کا مال جو غازیوں کے قبضہ میں آئے

مال فروہ: آڑھت، منڈی

مال کاسد: وہ مال جس کی بازار میں کھپت نہ ہو

مال کٹنا: مال چوری ہونا، مال زیادہ فروخت ہونا

مال گاڑی: وہ ریل جس میں مال بھیجا جاتا ہے

مال گزار: سرکاری محصول ادا کرنے والا

مال گزاری: زمین کا لگان، محصول

مال لاوارث: جس مال کا کوئی وارث اور دعویٰ دار نہ ہو

مال مارو: غبن کرنے والا، ہیر پھیر کرنے والا

مال مجہول: لدا ہوا مال

مال مسروقہ: چوری کیا ہوا مال

مال مفت: وہ مال جو بغیر محنت کے حاصل ہو گیا ہو

مال مقروقہ: قرق کیا ہوا مال

مال وقف: وقف کی جائیداد، مدرسہ مسجد کی زمین

مال و متاع: سامان روپیہ پیسہ، دولت و اسباب

مالا: موتیوں کا ہار، ہندوانی تسبیح

مالا پھیرنا: مالا کو گھمانا، تسبیح پڑھنا، خدا کی یاد کرنا، مالا جپنا

مالا مال: دولتمند، ثروت مند، بہت، زیادہ

مالا مال کر دینا: امیر بنا دینا، دولتمند بنا دینا

مال پوا: مذ، روغنی روٹی، کلکلا

مالتی: مو، ایک قسم کی بیل، جوان عورت، دریا

مالٹا: ایک مشہور پھل جو کھٹ مٹھا ہوتا ہے

مال سری: ایک راگ جسے اگہن پوس میں گاتے ہیں

مالش: مو، ملنا، رگڑنا، مسلی، جی کا متلانا

مالک: مذ، صاحب، آقا، خداوند، خدا، رب، والا، مختار، امام مالکؒ جن کے پیرو مالکی کہلاتے ہیں

مالک الملک: ملک کا مالک، بادشاہ

مالک حقیقی: خدا، رب

مالک کرنا: مالک بنانا، مختار بنانا

مالک مکان: مکان دار، صاحب خانہ، گھر کا مالک

مالک ہونا: وارث بننا، قبضہ کرنا، سرپرست بننا، مربی بننا

مالکانہ: مالک کے طور پر، زمین کا محصول جو زمین دار وصول کرتا ہے

مالکانہ رسوم: ملکیت کا حق

مالکی: امام مالکؒ کا پیرو، فقہ امام مالک پر عمل کرنے والا

مالن: مو، مالی کی بیوی، پھول بیچنے والی

مالی: مال سے منسوب، مال گزاری سے متعلق

مالی شکار: مال گزاری کا کلرک

مالی کام: مال گزاری کا کام، زمینداری کا کام

مالیاتی: مال سے متعلق، مالی امور سے متعلق

مالیت: مو، سرمایہ، پونجی، دولت، قیمت، قدر ومنزلت

مالیخولیا: ماخولیا، دماغ کا خلل، پاگل پن

مالیدہ: ملا ہوا، چورہ، گیہوں کی روٹی کا ٹکڑا جسے شکر میں ملا دیا جائے

مالیہ: ند، مال گزاری، حکومت کا محصول

ماما: مو، ماں، والدہ، بوڑھی عورت، باورچن، نوکرانی

ماما گری، ماما گیری: نوکرانی کا کام، خدمت گاری کا کام

ماماں: ماموں، اماں کا بھائی

مامتا: مو، مہربانی، رحم، ماں کی الفت

مامتا ٹھنڈی رہنا: بچے کو دیکھ دیکھ کے ماں کا خوش ہونا

مامن: ند، پناہ کی جگہ، ٹھکانہ

ماموں، ماموں: ماں کا بھائی، خالہ کا بھائی

مامور: متعین، وہ شخص جس کو حکم کیا گیا ہو، مقرر، متعین

مامور ہونا: کوئی کام سپرد ہونا، مقرر ہونا

مامون: امن دیا گیا، بے خوف، ہارون رشید کے بیٹے کا نام

مامی: مو، ممانی، ماموں کی گھر والی

ماں: ای، اماں، والدہ، ماتا، مادر، باپ کی بیوی

ماں باپ کا لاڈلا: وہ لڑکا جسے ماں باپ نے بڑے پیار سے پالا ہو

ماں بہن کرنا: کسی کو ماں بہن کی گالی دینا

ماں جایا: سگا بھائی، اپنا بھائی

ماں جائی: سگی بہن، ہمشیرہ

ماں چیل باپ کوا: کم اصل، دوغلا، کمینہ

ماں فقیرنی پوتا فتح خاں: کم اصلی اور مفرور آدمی

ماں کا دودھ: بہت ہی مفید، حلال، جائز

ماں کے پیٹ سے لے کر کوئی نہیں آتا: کام سیکھنے ہی سے آتا ہے، سیکھے بغیر کچھ نہیں آتا

ماں مارے اور ماں ہی ماں پکارے: اپنے رشتہ داروں کی سختی بری نہیں لگتی

مان: مو، گھمنڈ، عزت، آؤ بھگت، خاطر تواضع

مان بھری: آرزو والی، مغرور، گھمنڈی

مان پان، مان تان: عزت، تواضع، خاطر داری

مان رکھنا: بات رکھنا، خاطر تواضع کرنا، اترانا

مان کا پان بہت ہوتا ہے: عزت کے ساتھ ذرا سا بھی بہت سمجھا جاتا ہے

مان کرنا: احترام واکرام، خاطر تواضع کرنا، اترانا

مان گمان: غرور، قدر، گھمنڈ

مان گون رکھنا: دل داری کرنا، ناز اٹھانا، بات رکھنا

مان گون والی: عزت والی، ناز نخرے والی

مان نہ مان میں تیرا مہمان: اس کے بارے میں بولتے ہیں جو دوسروں کی بات میں ٹانگ اڑائے

مانا: فرض کیا، تسلیم کیا، مان لیا، مانند، مثل

مانتا ہوں: تسلیم کرتا ہوں

مانجنا، مانجھنا: برتن وغیرہ کا صاف کرنا، سونتا، چمکانا

مانجھا: مذ، وہ کلف والا مسالہ جسے دھاگے پر تیزی کے لیے پھیرتے ہیں، شادی کا کپڑا

مانجھی: مذ، ملاح، کشتی چلانے والا

مانڈ: مو، غار، بھٹ، کھوہ، کم چمک والی

مانڈا پڑ جانا: چمک دمک نہ رہنا، رنگ ہلکا ہو جانا

مانڈا: بیمار، مریض، روگی

مانڈ پڑنا: مریض ہونا، بیمار پڑنا

مانڈگی: مو، سستی، روگ، تھکاوٹ

مانڈہ: تھکا ہوا، پیچھے رہ جانے والا

مانڈا: ایک قسم کی پتلی اور بڑی روٹی، لچھی

مانڈی: مو، ران، زانو، گھٹنا

مانڈی: مو، ابلے ہوئے چاولوں کی بیچ

مانس: مذ، آدمی، بشر، انسان

مان سون: برساتی ہوا، موسم برسات

مانع: روکنے والا، رکاوٹ

مانع آنا: رکاوٹ ڈالنا، روکنا، آڑے آنا

مانع عفونت: جراثیم مارنے والی دوا

مانک: مذ، لعل، گوہر

مانگ ٹیکا: ایک قسم کا زیور جسے پیشانی پر لٹکاتے ہیں

مانگ: مو، سر کے بالوں کے بیچ کی لکیر، کھپت، طلب

مانگ اُجڑنا: بیوہ ہونا، شوہر کا مر جانا

مانگ بھرنا: بیاہ دینا، شادی کر دینا

مانگ بھری: شادی شدہ، بیوی

مانگ پٹی: بناؤ، سنگار، آرائش، زیبائش

مانگ ٹھنڈی رہے: شوہر زندہ ہے، سہاگ باقی رہے

مانگ ٹھنڈی ہے: شوہر زندہ ہے، سہاگن ہے

مانگ جلی: بیوہ، رانڈ

مانگ سنوارنا: بال کو صحیح کرنا، آرائش کرنا

مانگ میں آگ لگنا: بیوہ ہونا، شوہر کا مر جانا

مانگ: مو، ضرورت، گاہک ہونا، طلب، کھپت، صدر مانگنا سے امر اور حاصل مصدر

مانگ تانگ کر کام چلانا: ادھار لے کر کام چلانا

مانگ لینا: ادھار لینا، مستعار لینا

مانگ ہونا: ضرورت ہونا، کھپت ہونا، طلب ہونا

مانگا ہوا: ادھار لیا ہوا

مانگنا: چاہنا، خواہش کرنا، شادی چاہنا، تقاضا کرنا

مانگے تانگے: ادھار، ادھار لے کر

مانگے دینا: ادھار دینا

مان لینا: منظور کر لینا، راضی ہو جانا، اقرار کر لینا

ماننا: قبولنا، بات اثر کرنا، لحاظ کرنا، ادب کرنا

مانند: نظیر، مشابہ، جیسا

مانوس: مائل، راغب، ہلا ہوا، اُنسیت والا

مانی: مذ، ایک مشہور آدمی، نقاش

مانی: مو، دائی، بچوں کی دیکھ بھال کرنے والی

مانیٹر: مذ، جماعت کا سردار، عریف

ماوٰی: مذ، پناہ کی جگہ، ٹھکانہ، ملجا

ماوا: مذ، بہت زیادہ پکایا ہوا دودھ، کھویا، سامان

ماہ: مذ، چاند، قمر، ماس، مہینہ

ماہ بہ ماہ: ہر مہینے، ماہانہ

ماہ پارہ: چاند کا ٹکڑا، حسین و جمیل، محبوب

ماہ پیکر: چاند جیسے جسم والا، محبوب

ماہتاب، مہتاب: مذ، چاند، قمر

ماہتابی، مہتابی: ایک کپڑا جس میں سنہرا نقش ہوتا ہے، آتش بازی

ماہِ تمام: پورا چاند، چودھویں کا چاند، پورن ماسی، بدر

ماہ جبیں، مہ جبیں: چاند جیسی پیشانی والا، محبوب

ماہِ چاردہ، مہ چاردہ: چودھویں کا چاند

ماہ رخ، ماہ رو: حسین، سفید رنگ کا کبوتر

ماہ سیما: چاند جیسی پیشانی والا

ماہِ صیام: روزوں کا مہینہ، رمضان

ماہ طلعت: محبوب، وہ جس کا چہرہ چاند جیسا ہو

ماہِ لقا: چاند جیسی شکل کا

ماہِ کامل: پورا چاند، چودھویں کا چاند

ماہِ کنعاں: کنعان کا چاند، یوسف علیہ السلام

ماہِ مُنیر: چمکدار چاند، محبوب

ماہ نخشب: وہ چاند جسے حکیم ابن عطا نے پارہ کے ٹکڑوں سے بنایا تھا، نخشب ترکی میں ایک شہر کا نام ہے

ماہِ نو: نیا چاند، ہلال، حکومت پاکستان کا مشہور سرکاری اردو ماہنامہ

ماہِ نیم ماہ: چودھویں رات کا چاند

ماہوار: ہر مہینے، مشاہرہ، در ماہ، تنخواہ

ماہواری: مہینے کا، پورے مہینے کا، حیض، ماسک نیم

ماہ وش، مہوش: چاند جیسا، محبوب

ماہانہ، ماہیانہ: وہ تنخواہ جو ہر ماہ دی جائے، وہ وظیفہ جو ہر مہینہ دیا جائے

ماہر: فن میں مہارت رکھنے والا، زود فہم، تجربہ کار

ماہو: مو، کن سلائی

ماہی: مو، مچھلی، ماچھی

ماہی بان: مچھلی گھاٹ کا چوکیدار

ماہیٔ بے آب: پانی سے نکلی ہوئی مچھلی، مجبور، بے کس

ماہی توا: ایک قسم کا توا جس میں مچھلی یا کباب تلتے ہیں

ماہی خور: بگلا

ماہی دندان: بڑی مچھلی کا دانت

ماہیٔ زرّیں: ایک مچھلی جو ریت میں ہوتی ہے، ریگ ماہی

ماہی کاری: مچھلی پالنا، مچھلی پالن

ماہی گاہیں: مچھلیاں پکڑنے کی جگہیں

ماہی گیر: مچھیرا

ماہیت: مو، حقیقت، اصل، جوہر، مادہ

ماء: مذ، پانی، عرق، ست

ماء اللبن: دودھ کا پانی

ماء اللحم: گوشت کا پانی، ایک ٹانک

ماء الورد: عرق گلاب، گلاب جل

ماء معین: جاری پانی، سوت کا پانی

مائدہ: دسترخوان، قرآن پاک کی ایک سورۃ

مائع: پانی کی طرح پتلی، تیل، گھی

مائع پیما: وہ چیز جس سے پتلی چیزوں کی ناپ ہوتی ہے

مائل: جھکنے والا، عاشق، چاہنے والا، راغب

مائل کرنا: توجہ دلانا، رغبت دلانا

مائل ہونا: رجوع ہونا، راغب ہونا

ماؤف: جس پر صدمہ پہنچا ہو، بے حس

ماؤف ہونا: بے حس ہونا

مائی، مادی: پانی سے متعلق، پانی کا علم

مائی: مو، ماتا، والدہ، اماں، ای

مائی باپ: ماتا اور پتا، والد اور والدہ، حاکم، سردار

مائی کا پوت: ماں کا بیٹا، فرزند

مائی کا لال: بہادر، اپنی ماں کا پیارا

مائیاں: مو، غریب عورتیں، خادمائیں، شادی کی ایک رسم

مائیوں بٹھانا: لڑکی کو شادی سے چند دن پہلے تنہائی میں بٹھانا

مایا: مو، خدا کی قدرت، رحم، دیا، مہربانی

مایا جال: دولت کا چکر، لالچ، لوبھ

مایوس: ناامید، بے آس، نامراد

مایوس کرنا: ناامید کرنا، بے آس کرنا، دل توڑنا

مایوس ہونا: ناامید ہونا، بے آس ہونا

مایوسی: مو، ناامیدی، دل ٹوٹنا

مایہ: مو، پونجی، اصل زر، راس المال

مایہ دار: اہل ثروت، دھنی، دولت مند

مایۂ ناز: جس پر ناز کیا جائے، محبوب، قابل فخر

مُباح: جائز، صحیح، درست

مباح کرنا: جائز ٹھہرانا، جائز قرار دینا

مباحث: بحث کی جمع، مسائل پر تبصرہ

مباحثہ: آپس میں بحث کرنا، مناظرہ کرنا

مباحثہ کرنا: آپس میں مناظرہ کرنا

مبادا: ایسا نہ ہو، خدا نہ کرے، خدانخواستہ

مبادرت: مو، جلدی، تیزی، چالاکی، چستی

مبادلہ: آپس میں بدلنا، لین دین کرنا

مبادلۂ جنس: سامان دے کر سامان لینا

مبادی: مو مبدا کی جمع، ابتدا، آغاز، اصول

مبارز: مقابلہ کرنے والا، بہادر، سپاہی

مبارزت: مو، لڑائی، جنگ

مبارک: برکت کا باعث، نیک، سعید

مبارکباد: خوش خبری، خدا برکت دے، برکت ہو

مبارکباد دینا: مبارکباد پیش کرنا، بدھائی دینا

مبارک سلامت: ایک دوسرے کو سلام کہنا

مبارک فال: جس سے نیک شگون ظاہر ہو

مبارک قدم: وہ شخص جس کا آنا مبارک ہو

مباشرت: مو، جماع، صحبت

مبالغہ: کسی بات کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنا، حد سے زیادہ بڑائی یا تعریف کرنا

مبانی: مذ، مبنیٰ کی جمع، بنیادیں، عمارات

مباہات: مو فخر، بڑائی، شیخی بگھارنا

مباہلہ: ایک دوسرے کو برا کہنا، نفرین کہنا

مبتدا: شروع، پہل، اول، جملہ اسمیہ کا پہلا جز

مبتدع: نئی ایجاد، وہ بات جو دین میں نئی نکالی گئی ہو، بدعت

مبتدی: مذ، شروع کرنے والا، نوآموز، ابجد خواں

مبتذل: ذلیل، حقیر، رذیل، خفیف

مُبتلا: پکڑا ہوا، گرفتار شدہ، آفت میں ڈالا ہوا، عاشق، فریفتہ

مبتلا کرنا: عاشق بنانا، پھنسانا

مبتلا ہونا: گرفتار ہونا، الجھنا، عاشق بننا

مبتلائے آفت، مبتلائے بلا: مصیبت میں پھنسا ہوا

مبتلائے عشق: عشق میں گرفتار، والہ وشیدا، پریمی

مبحث: مذ، معاملہ، بحث کی جگہ

مبدأ: مذ، شروع ہونے کی جگہ، اصل، چشمہ

مبدأ فیض: فیض کا منبع، خدائے تعالیٰ

مُبدِع: اپنے آپ چیز ایجاد کرنے والا، خدائے برتر

مُبدَّل: بدلا ہوا

مُبذِّر: فضول خرچی کرنے والا، خرچیلا، فضول خرچ

مُبرّا: بری، صاف، جس پر کوئی الزام یا عیب ثابت نہ ہو

مُبرَّد: ٹھنڈا کیا ہوا، سرد شدہ

مُبرِّد: ٹھنڈا کرنے والا، وہ دوا جو ٹھنڈک پہنچائے

مبرز: مذ، پاخانہ خارج ہونے کی جگہ، دُبر

مبرور: پاک، مقبول، مقدس، گناہوں سے پاک

مُبرہن: برہان سے ثابت کیا ہوا، دلیل قطعی سے ثابت

مبسوط: پھیلا ہوا، کشادہ

مُبشَّر: جسے خوشخبری دی گئی ہو

مُبشِّر: بشارت دینے والا، عیسائی مبلغ، پرچارک

مُبصِّر: دیکھنے والا، مشاہد، مشورہ دینے والا

مبعوث: بھیجا ہوا، نبی، رسول

مَبغُوض: قابل نفرت، جس سے دشمنی کی گئی

مَبلَغ: روپیہ کی رقم، تمام، کل

مُبلِّغ: مذ، تبلیغی، تبلیغ کرنے پر مامور

بنا، مبنیٰ: مذ، بنیاد، عمارت

مَبنی: بنیاد رکھا ہوا، موقوف

مَبنی ہونا: کسی بات کا کسی بات پر موقوف ہونا، انحصار ہونا

مُبہَم: شبہ والی بات، گول مول گفتگو

مبہوت: حیران، حیرت زدہ ہکا بکا، چور، مخمور

مُبہی: مذ، قوت باہ بڑھانے والی دوا

مَبیع: خریدی ہوئی چیز، فروخت شدہ مال، بکا ہوا مال

مُبین: ظاہر، صاف، روشن

مُبیّن: بیان کیا ہوا

مت: نفی کا کلمہ، نہ، نہیں

مت پوچھو: بیان کے لائق نہیں، کہا نہیں جاتا، بیان نہیں کیا جا سکتا

مت: سو، سمجھ، فہم، فراست، عقل، عادت، مذہب، دھرم

مت اُلٹنا، مت الٹی ہونا: عقل کا ضائع ہونا، عقل کا مارا جانا

مت بدلنا: رائے کا بدل جانا، سمجھ کا باقی نہ رہنا

مت پھرنا: رائے کا بدل جانا، ہوش وحواس باقی نہ رہنا

متابعت: مو، پیروی، اطاعت، حکم ماننا

مُتاثِّر: اثر پذیر، رقت والا، اثر قبول کرنے والا

مُتاخِّر: پیچھے آنے والا، بعد میں آنے والا

مُتاذِّی: اذیت پانے والا

متاس: پیشاب کرنے کی حاجت

متاسا: وہ شخص جسے پیشاب کرنے کی ضرورت ہو

مُتاسِّف: افسوس کرنے والا

متاع: ند، پونجی، راس المال، مال

مُتألِّم: الم پایا ہوا، مصیبت کا مارا، دکھیارا، دکھی

مُتامِّل: ند، بچار کرنے والا، سوچنے والا

مُتانا: بچہ کو پیشاب کرانا

متانت: مو، سنجیدگی، پختگی، مضبوطی

مُتأہِّل: اہلیہ والا، بال بچہ دار آدمی، شادی شدہ

مُتبادِر: جلدی آگے بڑھنے والا ذہن میں آنے والی بات

مُتبادِل: بدلنے والا، باری سے آنے اور کام کرنے والا

مُتباین: اَن میل، ایک دوسرے سے الگ

مُتبحِّر: علم کا دریا، بڑا عالم، لوذعی العصر

مُتبرَّک: برکت والا، مقدس، پاکیزہ

مُتبسِّم: مسکرانے والا، کھلا ہوا

مُتبنّیٰ: گود میں لیا ہوا، لے پالک، بیٹا بنایا ہوا

متبوع: جس کی اتباع کی جائے، مطاع، سردار، حاکم

مُتجانِس: ہم جنس ہونے والا، ایک شکل والا

مُتجاوِز: اپنی حدود سے بڑھنے والا، تجاوز کرنے والا

مُتجسِّس: ڈھونڈنے والا، کھوجنے والا، تجسس والا

مُتجلّی: چمک والا، روشن

مُتجارِب: آپس میں لڑنے والا، جنگجو، مخالف

متحِّد: اتحاد والا، شامل، ہنجگ والا

مُتحرِّک: ہلنے والا، کوشش کرنے والا

مُتحقَّق: تحقیق کیا ہوا، درست، صحیح

مُتحلّی: زیور پہننے والا

مُتحمِّل: برداشت کرنے والا، سہنے والا، صابر

مُتحیِّر: حیرت کرنے والا، حیران

مُتخاصِم: لڑنے والا، مخالف، عدو

مُتخلِّص: تخلص رکھنے والا، شاعر

مُتخیِّل: خیال میں لایا ہوا، سوچا ہوا، غور کیا ہوا

مُتخیَّلہ: خیال کی جگہ، دماغ

متخیِّلہ: خیال میں لانے کی قوت، خیال، قیاس، سوچ فکر

مُتحد اول: ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں پہنچی ہوئی چیز، رائج شدہ

مُتدیِّن: دین کا پابند، ایمان والا، پکا مسلمان، خوش معاملہ

مُتذبذب: جیص بیص میں پڑنے والا

مُتذکرہ: مذکور، مذکورہ، ذکر کیا ہوا

مُتذکرہ بالا: جس کا ذکر اوپر ہوا، محولہ بالا مترادف

مُترادف: ہم ردیف، دو لفظ جس کے معنی ایک ہوں

مُترتب: مرتب، ترتیب دیا ہوا

مُترتِب: ترتیب دینے والا

مُترجم: ترجمہ کرنے والا، ایک زبان سے دوسری زبان میں لکھنے والا

مُترجَم: ترجمہ کیا ہوا

مُتردِّد: تردد میں پڑنے والا، پریشان

مُترسِّل: خط لکھنے والا، بادشاہوں کے یہاں ایک عہدہ

مُترشح: ٹپکنے والا، معلوم ہونے والا

مُترصِّد: آس لگانے والا، امیدوار

مُترقَّب: انتظار کیا گیا، امید کیا ہوا

مُترقِّب: انتظار کرنے والا، امیدوار

مُترقَّبہ: امید کی ہوئی چیز

مُترنّم: ترنم سے گانے والا

مُتروک: چھوڑا ہوا، چھوٹا ہوا

مُتروکہ: چھوڑا ہوا، ترک کیا ہوا

مُتزاید: بڑھنے والا، زیادہ ہونے والا

مُتزلزل: لرزنے والا، کانپنے والا، ڈگمگانے والا

مُتساوی: مساوی، برابر، ہم وزن

مُتسلِّط: تسلط والا، غلبہ والا

مُتشابہ: مشابہت والا، ایک طرح کا، بھول

متشابہ لگنا: بھول میں پڑنا، قرآن شریف میں غلطی کرنا

مُتشاعر: شاعر بننے والا، مصنوعی شاعر

مُتشدِّد: سختی والا، تشدد اختیار کرنے والا، ہٹ دھرم

مُتشرع: پابند شریعت، پرہیزگار

مُتشکِّر: شکر ادا کرنے والا، شکرگزار

مُتشکِّک: شک میں پڑنے والا، شبہ والا

مُتشکِّل: شکل اختیار کرنے والا، صورت اختیار کرنے والا

متشکی: شکایت کرنے والا، شاکی، شکوہ سنج

مُتصادِم: ٹکرا جانے والا، متصادم ہونے والا، لڑنے والا

مُتصاعِد: اوپر چڑھنے والا

متصدّع: دردِ سر میں مبتلا، صداع والا

متصدّی: دیوان، محاسب، حساب دار، منشی، کھاتہ نویس

متصرّف: قبضہ والا

مُتصِّف: وصف والا، صفت والا

مُحَصِّف: وصف رکھنے دانا

مُحَصِّل: اتصال والا، ملا ہوا، متواتر، لگاتار

مُحَصَّنَع: بناوٹ اختیار کرنے والا، تصنع والا، تکلف والا

مُحَصَوِّر: تصور کرنے والا، دل میں نقشہ بنانے والا

مُحَصَوَّر: تصور میں لایا ہوا، سوچا ہوا

مُحَصَوِّف: صوفی بننے والا، حلقۂ صوفیان میں داخل ہونے والا

مُحَضاد: برعکس، خلاف، اُلٹا

مُحَضَرِّع: رونے والا، گڑگڑانے والا، تضرع کرنے والا

مُحَضَمِّن: شامل، مشتمل، اندراج شدہ

مُحَظَلِّم: ظلم کی شکایت کرنے والا، دادخواہ

مُحَعارِض: ایک دوسرے کے خلاف آنے والا، ایک دوسرے کے خلاف

مُحَعارَف: مشہور، معروف، متعارف شدہ

مُحَعاقِب: تعاقب کرنے والا، پیچھے آنے والا

مُحَعاقِد: معاہدہ کرنے والا، معاملہ کرنے والا

مُحَعال: اونچا، بلند، برتر، بزرگ

مُحَعَجِّب: تعجب کرنے والا، حیران، دنگ

مُحَعَدَّد: تھوڑا، چند، کئی، بہت سارے

مُحَعَدِّی: حد سے بڑھنے والا، چھوت کا مرض

مُحَعَرِّض: روکنے والا، عارض بننے والا

مُحَعَصِّب: تعصب والا، مذہب یا قوم کی طرف داری کرنے والا

مُحَعَفِّن: سڑا ہوا، بدبودار، عفونت والا

مُحَعَلِّق: تعلق رکھنے والا، رشتہ دار، منسلک

مُحَعَلِّقین: تعلق والے، بیوی، بچے، نوکر چاکر

مُحَعَلِّم: دانش آموز، شاگرد، مبتدی، نوآموز، علم سیکھنے والا

مُحَعَلَّہ: اہل تشیع کے یہاں کچھ مدت کے لیے عورت سے نکاح کرنا

مُحَعَہِّد: عہد کرنے والا، ذمہ دار، ہمعصر، معاصر

مُحَعَیَّن: طے شدہ، کسی کام پر لگا ہوا

مُحَعَیَّن کرنا: کام پر لگانا، نوکر رکھنا، ملازم بنانا

مساواتِ ذاتی: جبر و مقابلہ کی اصطلاح میں وہ مساوات جس میں مجہول حرف کی کوئی سی قیمت کیوں نہ ہو ہر حال میں مساوات کی طرفین برابر رہتی ہیں

مساواتِ شرطی: وہ مساوات کہ اس میں جب تک مجہول حرف کی کوئی خاص قیمت مقرر نہ کی جائے، مساوات کی شرط برابر نہ ہو

مُسادی: برابر کا، یکساں، وہ دو چیزیں جن میں کوئی فرق نہ ہو

مساہمت: مو، شرکت، ساجھا، تجارت میں حصہ ہونا

مسائل: مذ، مسئلہ کی جمع، سوالات، پرسش، مذہبی عقائد و قواعد

مُسبِّب: سبب پیدا کرنے والا

مُسبِّبُ الاسباب: سبب پیدا کرنے والا، خدا، اللہ

مُسبِّبِ حقیقی: اصلی سبب پیدا کرنے والا، خدا

مُسبِّح: تسبیح پڑھنے والا، خدا کی پاکی بیان کرنے والا

مُسبِّحہ: شہادت کی انگلی، سبابہ

مُسبَّع: مذ، سات پہلو والی چیز، سات مصرعوں کے بند والے شعر

مسبوق: مذ، گزرا ہوا، وہ شخص جو شروع سے نماز میں شریک نہ ہو

مسبوق الذکر: وہ چیز جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہو

مست: مذ، متوالا، نشہ میں چور، جوانی میں بھرا ہوا، دیوانہ

مست آواز: دلوں کو مست کرنے والی آواز

مست مولا: آزاد طبیعت والا آدمی، لاپروا آدمی

مست ہو جانا: مستی چھا جانا، اترانا، شہوت ہونا، دیوانہ ہونا

مُستاجر: مذ، ٹھیکہ پر لینے والا، ٹھیکہ دار، زمیندار

مُستاجری: ٹھیکہ داری، زمینداری

مستامن: مذ، امن کا طالب، پناہ گزیں، پناہ طلب

مُستان: مذ، دیوانہ، مجنون، پاگل، فقیر

مُستانہ: مست کی طرح، مست کی چال سے

مُستانِس: اُنسیت رکھنے والا، آرام پانے والا

مستانی: مو، پگلی، نشہ میں مخمور عورت

مستبدّ: ظالم خود مختار، وہ جو کسی کے مشورے کے بغیر من مانی کرے۔ استبداد پسند

مستبعد: دور، مشکل، کٹھن

مستتر: چھپا ہوا، پوشیدہ

مستثنیٰ: الگ کیا ہوا، استثنا کیا ہوا، کم کیا ہوا، چھانٹا ہوا

مستثنیٰ کرنا: الگ کرنا، چھانٹنا

مستثنیٰ منہ: وہ چیز یا شخص جس سے کوئی چیز یا شخص مستثنیٰ کر دیا جائے

مستجاب: قبول کیا ہوا، مانا ہوا

مستجابُ الدعوات: وہ بزرگ جس کی دعا مقبول ہو

مُستجمع: مذ، جمع کرنے والا، اکٹھا کرنے والا

مُستجمع الصفات: وہ جس میں بہت سی صفتیں جمع ہوں

مُستجیب: جواب دینے والا، دعا قبول کرنے والا، خدا

مستحاضہ: وہ عورت جسے معین عادت سے زیادہ حیض آئے

مُستحسن: اچھا، پسندیدہ، بہتر

مُستحضَر: وہ بات جو ذہن میں محفوظ ہو، یاد آنے والی بات

مستحق: حقدار، مدد کے قابل، فقیر یا طالب علم، لائق

مستحکم: مضبوط، اٹل، پائیدار، محکم

مستدعی: مدعا بیان کرنے والا، کسی بات کا چاہنے والا

مسترد: رد کیا ہوا، لوٹایا ہوا، نہ مانا ہوا

مستری: مذ، کسی بھی کام کا افسر، کاریگروں کا استاد

مُستشار: جس سے مشورہ لیا جائے

مُستشارِ ثقافی: کسی سفارت خانہ کا وہ افسر جس کا کام متعلقہ ملک کی ثقافت کو فروغ دینا ہوتا ہے

مُستشارِ قانونی: وہ وکیل جس سے قانونی مشورہ لیا جائے

مُستطاب: اچھا، عمدہ، نیک

مُستطیع: قدرت والا

مُستطیل: مذ، لمبا

مُستظہر: امداد کا طالب، مدد مانگنے والا

مُستعار: مانگا ہوا، عاریت کے طور پر لیا ہوا، اُدھار

مستعد: تیار، آمادہ، چست، چالاک

مستعد ہونا: چست و چالاک ہونا، تیار ہونا

مُستعفی: استعفیٰ دینے والا، نوکری کو ترک کرنے والا

مُستعمل: استعمال میں لایا ہوا، کام میں لایا ہوا

مُستعین: مدد مانگنے والا، امداد کا طالب

مُستغاث: مذ، جس کے پاس استغاثہ لے جائیں،

حاکم، خدا، مقدمے کا فیصلہ کرنے والا

مستغاث الیہ: مدعا علیہ، جس پر مقدمہ چلایا گیا ہو، دوسرا فریق

مستغرق: ڈوبا ہوا، نہایت مصروف، لگن کے ساتھ لگا ہوا

مُستغنی: آزاد، بے پروا، جس کو کسی قسم کی فکر نہ ہو، کھاتا پیتا، بے نیاز

مُستفاد: فائدہ حاصل کیا ہوا، جو معنی مطلب حاصل ہو

مُستفتی: فتویٰ چاہنے والا، شرعی حکم معلوم کرنے والا

مُستفید: استفادہ کرنے والا، فائدہ اٹھانے والا

مُستفیض: فیض حاصل کرنے والا، کسی بزرگ کی صحبت میں بیٹھنے والا

مُستقبل: آگے آنے والا، آئندہ، زمانہ آئندہ

مُستقل: مضبوط، مستحکم، برقرار، پائیدار

مُستقل رہنا: جما رہنا، قائم رہنا، ثابت قدم رہنا

مُستقل مزاج: وہ شخص جو کسی ایک رائے پر قائم ہو

مُستقل ہونا: پائیدار ہونا، ملازمت کا مکمل ہو جانا

مُستقیم: سیدھا، صحیح، سچا

مُستکبر: کبر والا، گھمنڈی

مُستمند: ضرورت مند، مظلوم، غمگین

مُستند: تصدیق کیا ہوا، اعتبار کے لائق، اعتماد والا

مُستنبط: چنا ہوا، چھانٹا ہوا، لیا ہوا

مُستوجب: واجب کرنے والا، ضروری ہونے والا، لائق، سزاوار

مَستور: چھپا ہوا، پوشیدہ، نظروں سے اوجھل

مَستورات: سو، پردہ نشین عورتیں

مُستوفی: دربار شاہی کا ایک اعلیٰ محاسب جو حساب کتاب کی جانچ کرتا تھا

مُستولی: غالب، چھایا ہوا، اثر انداز

مُستوی: برابر، یکساں، ہو بہو

مَستی: سو، نشہ، بے ہوشی، ہم بستری کی خواہش، پرندوں یا جانوروں میں صحبت کی خواہش

مَستی میں آنا: گرم ہونا، شہوت میں ہونا

مَستی ٹپکنا: ایسی حرکت کرنا جس سے شہوت کا اظہار ہو

مَستی چڑھنا: نشہ میں ہونا، شہوت کا جوش ہونا

مَستی کرنا: خوش فعلیاں کرنا، چہلیں کرنا

مَستی میں بھرنا: شہوت کا زور ہونا

مَستی ہونا: صحبت کی خواہش ہونا

مُسٹنڈا: موٹا تازہ آدمی، ہٹا کٹا فقیر

مُسٹنڈی: موٹی تگڑی عورت، ہٹی کٹی

مَسجد: سو، سجدہ کرنے کی جگہ، مسلمانوں کی عبادت گاہ

مسجد آدینہ: جامع مسجد، وہ مسجد جس میں جمعہ ہوتا ہو

مسجدِ اقصیٰ: فلسطین کی وہ مسجد جس کی تعمیر سلیمان علیہ السلام نے کی تھی

مسجد شہید کرنا: مسجد ڈھانا، مسجد شہید کرنا

مسجدِ حرام: کعبہ شریف

مسجد شہید کرنا: مسجد ڈھانا

مسجد میں چراغ جلانا: منت پوری ہونے پر مسجد کے طاق میں دیا روشن کرنا

مسجدِ نبوی: وہ مسجد جو مدینہ منورہ میں حضورؐ کے مزار کے پاس ہے

مُسجَّع: قافیے والی عبارت، وہ عبارت جس میں مسجع کا اہتمام ہو

مُسجَّل: وہ کاغذ جس پر کسی حاکم یا افسر کی مہر لگی ہو

مُسجِّل: کسی جامعہ کا وہ اعلیٰ عہدیدار جس کے ذمہ تعلیمی امور ہوں، رجسٹرار

مسجود: سجدہ کیا ہوا، جسے سجدہ کریں

مَسح: مذ، ہاتھ لگانا، ہاتھ پھیرنا

مسحور: جس پر جادو کیا گیا ہو

مَسخ: اچھی شکل کا بدل کر برے شکل کا بن جانا

مَسخ ہو جانا: چہرہ کا بدل جانا، صورت کا بگڑ جانا

مُسخَّر: قبضہ کیا ہوا، قابو میں کیا ہوا

مَسخرگی: مو، مسخرہ پن، ہنسی مذاق

مَسخرہ: مذ، مذاقیہ آدمی، ہنسوڑ

مَسخری کرنا: مذاق کرنا، ہنسی اڑانا

مُسدَّس: نظم کی وہ قسم جس کے ہر بند میں چھ مصرعے ہوں، جیسے اقبال کا شکوہ اور جواب شکوہ، نظم گوئی کی بہت اچھی مثالیں مُسدّس کی صورت میں ملتی ہیں جیسے مسدسِ حالی، مرثیے وغیرہ

مُسدّسِ حالی: مولانا حالی کی مشہور منظوم کتاب 'مدوجزر اسلام' جس نے مسلمانوں کی نشاۃ ثانیہ میں نمایاں کردار ادا کیا

مَسدود: بند کیا ہوا، روکا ہوا، رکا ہوا

مَسرّت: مو، خوشی، شادمانی

مُسرِف: اسراف کرنے والا، فضول خرچی کرنے والا، اڑانے والا

مَسرور: خوش، شادماں، مسرت سے بھرا

مسروق، مسروقہ: چرایا ہوا مال، چرائی ہوئی چیز

مُسطَّح: پھیلا ہوا، بچھا ہوا

مِسطَر: مذ، سطر بنانے کا آلہ، وہ کاغذ جس پر سطریں بنی ہوتی ہیں

مِسطَر کرنا: رول کرنا، ایک دوسرے کے آمنے سامنے لکیر کھینچنا

مَسطور: لکھا ہوا، اوپر لکھا ہوا

مسعود: نیک، نیک بخت، اچھے نصیب والا

مَسقط: گرنے کی جگہ، متحدہ عرب امارات کا ایک ملک

مَسک: مو، کپڑے کا ذرا سا پھٹنا

مَسک جانا: کپڑے کا ذرا سا پھٹ جانا، اجھار لگ جانا

مَسکانا: کپڑے کو اس طرح پھاڑ ڈالنا کہ تانے کے تار الگ نہ ہوں

مُسکِت: چپ کرانے والا، خاموش کرنے والا

مُسکِر: نشہ لانے والی چیز، مستی آور شے

مُسکِرات: مسکر کی جمع، نشہ والی چیزیں

مُسکرانا: زیرلب ہنسنا

مُسکراہٹ: مو، ہلکی ہلکی ہنسی

مَسکِن: مذ، رہنے کی جگہ، گھر، خانہ، ٹھکانہ

مُسکِّن: تسکین دینے والا، تسکین دہ

مُسکِّنات: تسکین دینے والی دوائیں

مسکنت: مو، مسکینی، غریبی، مفلسی، عاجزی

مسکوک: سکہ لگایا ہوا، سرکاری مہر لگایا ہوا

مسکون: سکونت پذیر، آباد، رہنے کے لائق

مَسکہ: مذ، مکھن، کچا گھی

مِسکین: غریب، مفلس

مِسکین صورت: جس کے چہرے پر غریبی کے آثار ہوں

مِسکین طبع: شریف، بردبار

مِسکینی: مو، غریبی، مفلسی، عاجزی

مَسل ڈالنا: کچل دینا، پاؤں سے دبانا، کسی چیز کو بری طرح روند ڈالنا

مَسل کر رکھ دینا: پیس ڈالنا، مل ڈالنا

مِسِل: مو، کاغذات کی فائل، مقدمہ کی روداد

مُسلّح: ہتھیار بند، ہتھیار لگائے ہوئے

مُسلّح ہونا: کربستہ ہونا، ہتھیار لے کر لڑنے جانا

مُسلسل: لگاتار، پے در پے، سلسلہ کے ساتھ

مُسلّط: مغلوب کیا ہوا، فتح کیا ہوا، حاکم

مَسلَک: مذ، راہ، راستہ، دستور، مذہب

مُسلِم: مسلمان، اسلام پر عقیدہ رکھنے والا

مُسلَّم: پورا، کامل، ثابت شدہ، مانا ہوا

مسلمان: مذ، مومن، دین اسلام کا پیرو

مسلمان ہونا: اسلام قبول کرنا، دین اسلام میں داخل ہونا، دین باطل سے نکل کر حق کی طرف آنا

مسلمانی: مو، مسلمان عورت

مسلمانی: مو، مسلمان سے منسوب، مسلمان عورت، ختنہ

مسلمانی آبادانی: (مثل) مسلمان ہونا خیر و برکت کا باعث ہے

مُسلِمہ: مو، مسلمان عورت

مُسلَّمہ: مانی ہوئی، تسلیم کردہ

مُسلِمین ند، مسلم کی جمع، بہت سے مسلمان، مسلمان قوم

مسلوب: چھینا ہوا، مٹایا ہوا

مسلوب الحواس: جس کے حواس ٹھکانے نہ ہوں، دیوانہ، پاگل، مجنون

مَسلوک: سلوک کیا ہوا، احسان کیا ہوا

مَسلول: دق کی بیماری والا، سل والا

مُسمّا: نام رکھا ہوا، وہ لفظ جو عورت کے نام سے پہلے لکھا جاتا ہے

مِسمار: مو، میخ، کیل، کیلی

مِسماع: مذ، سننے کا آلہ

مِسماع الصدر: مذ، وہ آلہ جس کے دونوں سرے ڈاکٹر اپنے کان میں لگا کر مریض کے سینے کا حال معلوم کرتے ہیں، اسے انگریزی میں اسٹیتھس کوپ کہتے ہیں، اس سے بلڈ پریشر کی بھی کیفیت معلوم کرتے ہیں

مُسمّط: گوندھی ہوئی چیزیں، موتیوں کی لڑی، تین سے دس مصرعوں تک کی نظم

مَسموع: سنائی دینے والی، توجہ طلب

مَسموم: زہریلا، زہر دیا گیا، زہر کے اثرات رکھنے والا، جان لیوا، خطرناک زہریلی ہوائیں

مُسمّی: نام رکھا ہوا، پکارا ہوا، مرد کے نام سے پہلے لکھا جاتا ہے

مُسِن: سن رسیدہ، بوڑھا، دانا، عقل مند، تجربہ کار

مَسند: مو، بیٹھنے کی جگہ، آرام کرنے کی جگہ، فرش

مَسند آرا، مَسند نشین: مسند پر بیٹھنے والا

مَسندِ حکومت: شاہی تخت، بادشاہوں کے بیٹھنے کی جگہ

مَسند لگانا: مسند بچھانا، فرش پر بیٹھنے کا انتظام کرنا

مَسند نشین ہونا: مسند پر جلوہ افروز ہونا

مُسنَد: مذ، مسند کے ساتھ بیان کیا ہوا، نحو میں خبر کو کہتے ہیں

مُسنَد اِلیہ: مبتدا

مسنون: سنت کیا ہوا، وہ کام جسے حضورؐ نے کیا ہو

مِسواک: مو، دانت مانجھنے کا آلہ، دانت صاف کرنے کا برش

مِسواک کرنا: کسی نرم لکڑی سے دانت صاف کرنا

مُسوّدہ: مذ، وہ تحریر جو بطور خاکہ کے لکھی جائے، ہاتھ کا یا ٹائپ کیا ہوا مضمون جو چھپا نہ ہو

مسور: ایک دلہن جو کھانے کے کام آتا ہے

مَسہَری: مو، ایک قسم کی چارپائی جس میں مچھر دانی لگانے کے لیے ڈنڈے لگے ہوتے ہیں، یہ عام چارپائی سے اونچی اور بڑی ہوتی ہے، اس کی لمبائی اور چوڑائی بھی زیادہ ہوتی ہے

مُسہِل: دست آور، دست لانے والی چیز، جلاب

مُسہِل دینا: جلاب استعمال کرانا، دست لانے والی دوا کھلانا

مُسہل لینا: جلاب استعمال کرنا، دست لانے والی دوا کھانا

مسئلہ: مذ، سوال، وہ بات جو پوچھی جائے، مذہبی قانون، فقہ کی بات

مسئول: سوال کیا ہوا، جواب دہ، ذمہ دار

مسئول الیہ: جس سے سوال کیا جائے، جس سے مسئلہ پوچھا جائے

مِسی: مس کا بنا ہوا، تانبے کا بنا ہوا

مِسّی: چنے کا آٹا ملی ہوئی روٹی

مِسّی بِسّی: دل دلیا، موٹے جھوٹے اناج کی روٹی

مسّی: مو، ایک طرح کا منجن جسے عورتیں بطور آرائش لگاتی ہیں

مسّی لگانا، مسّی ملنا: دانتوں پر مسّی ملنا، مسّی استعمال کرنا

مسیح، مسیحا: مذ، حضرت عیسیٰ کا لقب

مسیحادم، مسیحانفس: جس کی پھونک میں اثر ہو، محبوب اور ماہر حکیم

مسیحائی: مسیحائی، چارہ جوئی، دلبری، محبوبی

مسیحائی دکھانا، مسیحائی کرنا: زندگی دینا، معجزہ نمائی کرنا، مُردے کو جلانا

مسیحی: عیسائی، حضرت عیسیٰ سے منسوب

مسیر: مذ، سیر و تفریح کا مقام، رفتار، چلنا

مُشابہ: طرح، مانند، ہم صورت، مطابق

مشابہت: مو، مطابقت، صورت میں مطابقت، شبیہ، تشبیہ

مشاجرہ: مذ، مخالفت، دشمنی، عداوت

مشارٌ الیہ: جس کی طرف اشارہ کیا جا چکا ہو، مذکورہ بالا، محولہ بالا

مَشارِق: مذ، مشرق کی جمع، طلوع ہونے کی جگہیں

مُشارکت: مو، آپس میں کسی کام میں شریک ہونا، حصہ داری، گماشتہ ہونا

مشاطہ: مو، عورتوں کی آرائش کا سامان کرنے والی

مشاعرہ: مذ، شاعروں کا اکٹھا ہو کر شعر پڑھنا، باہم شعر خوانی کرنا

مشاعرہ اکھڑ جانا: شعر و سخن کا جلسہ درہم برہم ہونا

مشاعرہ پڑھنا: مشاعرہ میں شعر سنانا

مشاعرہ جمنا: مشاعرہ کا شباب پر آنا

مشاغل: مذ، مشغلہ کی جمع، بہت سے کام

مشافہ: مذ، آمنے سامنے، روبرو

مَشاق: نہایت مشق والا، ماہر فن، طاق، یکتائے فن

مُشاوَرت: مو، آپس میں مل کر صلاح و مشورہ کرنا

مشاہدہ: مذ، دیکھنا، دیدار خداوندی

مشاہدہ کرنا: دیکھنا، معائنہ کرنا، تجربہ کرنا

مشاہرہ: مذ، ماہانہ تنخواہ، درماہہ، طلب

مشاہیر: مذ، مشہور، بڑے لوگ، اسلاف زمانہ

مشائخ: مذ، شیخ کی جمع، شیوخ، بزرگان دین، اللہ والے

مُشایعت: مو، کسی کو الوداع کہنے کے لیے چند قدم چلنا، پیروی کرنا، احتراماً چلنا

مُشبّہ: تشبیہ دیا ہوا، مثال دیا ہوا، وہ چیز جسے کسی دوسری چیز سے تشبیہ دی جائے

مُشبّہ بہٖ: وہ چیز جس کے ساتھ تشبیہ دی جائے

مُشت: مٹھ سکا، گھونسہ، مٹھی، ذرا سی چیز

مشت استخواں: نہایت دبلا، پتلا، لاغر، نحیف

مشت پر: ذرا سی جان، پرندے

مشت خاک: انسان، اولادِ آدم

مشت زن: مکّے سے لڑنے میں ماہر، پہلوان، جلق لگانے والا

مشت زنی: جلق، جلق لگانا

مشتاق: خواہش مند، خواستگار، شوق مند

مشتاقانہ: والہانہ، آرزومندانہ، خواہشمندانہ

مشترک: ساجھے کا، حصہ داری والا

مشتری: خریدنے والا، مول لینے والا

مشتعل: بھڑکتا ہوا، شعلے مارنے والا

مُشتق: وہ صیغہ جو مصدر سے نکلا ہو

مشتمل: شامل ہونے والا، شریک، ملا ہو، موقوف

مشتہر کرنا: اشتہار دینا، منادی کرانا، اخبار یا ریڈیو سے اعلان کرانا

مشتہی: چاہنے والا، بھوک بڑھانے والا

مشتے نمونہ از خروارے: ڈھیر میں سے مٹھی بھر، نمونے کے طور پر

مُشجّر: درخت والا، وہ کپڑا جس میں درخت کے نقوش ہوں

مُشخّص: تشخیص کیا ہوا، تجویز کیا ہوا، معلوم شدہ

مُشدّد: تشدید والا، مضبوط کیا ہوا

مِشر: ملا جلا، عزت والا، وید، برہمن

مِشرانی: برہمنی، برہمن کی بیوی

مَشرَب: مذہب، پینے کی جگہ، ملت، سلسلۂ صوفیا

مُشرّح: تشریح کیا ہوا، تفصیل سے بتایا ہوا

مُشرّف: شرف بخشا ہوا، عزت دیا ہوا، عزت والا

مُشرّف بہ اسلام ہونا: مسلمان بننا، کلمہ گو ہونا، دین باطل سے پھرنا

مُشرّف ہونا: عزت حاصل کرنا، ملاقات کی سعادت حاصل کرنا

مَشرِق: سورج نکلنے کی جگہ یا سمت، پورب، خاور

مَشرِقی: پورب کا، پورب سے منسوب

مَشرِقی زبان: وہ زبان جو یورپ سے پورب کے ملکوں میں بولی جاتی ہے جیسے عربی، فارسی، ترکی، اردو وغیرہ

مُشرِک: شرک کرنے والا، خدا کے علاوہ کسی اور کو حاجت روا سمجھنے والا، بت پرست، قبر پرست، پیر پرست

مَشروط: شرط لگایا ہوا، کسی شرط پر منحصر

مَشروع: شرع کی طرف سے حکم، جائز کیا ہوا

مُشعِر: خبر دینے والا، اطلاع بخش، ظاہر کرنے والا

مَشعرُ الحرام: مکہ میں وہ مقام جہاں پر حج کے دنوں میں قربانی کرتے، سر منڈاتے اور عبادت کرتے ہیں

مِشعل: مو، روشنی کا برتن، چراغ دان، موم بتی

مشعل بردار: مشعل اٹھانے والا، مشعل روشن کرنے والا، خادم، تحریک کا روح رواں

مشعل دکھانا: روشنی دکھانا، راستہ دکھانا

مشعلچی: مشعل دار

مشغلہ: کام، پیشہ، دلچسپی

مشغلہ ہاتھ آنا: دل بہلانے کی بات ہاتھ لگنا، ہلسی اڑانے کا موقع ملنا

مشغول: مصروف، کام میں لگایا ہوا، لگا ہوا

مشغولی: مصروفیت، کام میں انہماک، لگن

مُشفِق: مذ، مہربانی کرنے والا، شفیق، رحم دل

مشفقانہ: شفقت کے طور پر، برادرانہ، دوستانہ، بزرگانہ

مَشق: مو، مہارت، بار بار کسی کام کو کرنا

مشق بڑھانا: کسی کام میں مہارت حاصل کرنے کے لیے بار بار دہرانا

مشق کرنا: مسلسل کسی کام کو کیے جانا

مَشقّت: مو، محنت، تکلیف، کام کاج

مَشقّت اُٹھانا: تکلیف برداشت کرنا، مصیبت جھیلنا

مَشک: مو، پانی بھرنے کی کھال، وہ سلی ہوئی کھال جس میں بھشتی یا سقا پانی بھر کر لاتا ہے

مِشکوٰۃ: حدیث پاک کے ایک ممتاز مجموعہ کا نام، روشن چراغ، قندیل، پرنور

مشک اٹھانا: سقے کا پیشہ اختیار کرنا

مشکیں چھوٹنا: بہت دست آنا

مُشک: مذ، کستوری، اصطلاح شعر میں زلف محبوب

مشک بار: بہت خوشبودار

مشک بُو، مشک بیز: خوشبودار، مشک میں بسا ہوا

مشک فام: وہ چیز یا آدمی جس کا رنگ مشک جیسا ہو، سانولا

مشکل: دشوار، کٹھن، پیچیدہ

مشکل آسان ہونا: دشواری کا زائل ہونا

مشکل آنا: دشواری پیش آنا، کٹھنائی کا احساس ہونا

مشکل سے: بڑی دقت سے، جیسے تیسے کر کے

مشکل سے نکلنا: دشواری سے عہدہ برآ ہونا

مشکل کر دینا: اور بھی سخت بنا دینا

مشکل کُشا: مشکل کو دور کرنے والا، حضرت علیؓ کا لقب

مشکل کُشائی: دست گیری، مصیبت میں کام آنا

مشکل کُشائی کرنا: کام میں آسانی پیدا کرنا، مصیبت سے چھٹکارا دلانا

مشکل میں کام آنا: دکھ کے وقت کام آنا، آڑے وقت میں کام آنا

مشکوٰۃ: مو، چراغ دان، فانوس، حدیث شریف کی مشہور کتاب

مشکور: پسندیدہ، شکر کیا ہوا، شکر ادا کرنے والا، شکر گزار

مشکوک: شک میں پڑا ہوا، مشتبہ

مُشکی: مشک کے رنگ کا، کالے رنگ کا گھوڑا

مُشکیزہ: مو، چھوٹی مشک

مشکیں: مو، دونوں بازو، دونوں کندھے

مشکیں باندھنا، مشکیں کسنا: دونوں ہاتھوں کو پیٹھ کی طرف ملا کر باندھنا

مشکین: مشک کی طرح، مشک آلود

مَشمول: شامل کیا ہوا، ملایا ہوا

مشمولہ: ملایا ہوا، مشمول، مشتمل

مَشورت: مو، مشورہ، آپس میں صلاح و مشورہ

مشورت کرنا: آپس میں تبادلۂ خیال کرنا، ہم فکر ہونا، غور کرنا

مشورت لینا: تدبیر معلوم کرنا، اصلاح لینا، کسی استاد سے نظم کی اصلاح لینا

مشورہ: مذ، آپس کی تجویز، صلاح، غور و فکر

مشورہ دینا: صلاح یا تجویز دینا، آپس میں طے کرنا

مشورہ رہنا: کسی سے کبھی کبھی مشورہ لینا

مُشوّش: پریشان، گھبرایا ہوا، تشویش میں پڑا ہوا

مَشہد: شہادت کی جگہ، شہیدوں کا قبرستان، طوس کا مشہور نام

مشہود: حاضر کیا ہوا، ثابت کیا ہوا

مشہور: شہرت بخشا ہوا، نامدار

مشہور ہے: افواہ ہے، کوئی حقیقت نہیں، کہا کرتے ہیں

مَشیّت: مو، خواہش، ارادہ، قسمت، تقدیر

مشیّت ایزدی: خدا کی مرضی، اللہ کی قدرت

مشیّت میں گزرنا: خدا کی مرضی میں زندگی گزارنا

مشیخت: مو، بزرگی، بڑائی، تمکنت، تکبر

مشیخت پناہ، مشیخت مآب: وہ بزرگ جن کے پاس بزرگی خود ہی آئے، بزرگوار

مُشیر: مذ، مشورہ دینے والا، صلاح کار، دیوان

مشیرُ الدّولہ: حکومت کا صلاح کار، ایک خطاب جو بڑے امرا اور وزرا کو دیا جاتا تھا

مُشیرِ خاص: خاص مصاحب، پرائیویٹ سکریٹری

مشینری: مو، کل پرزے، کل کی بناوٹ

مصابیح: مو، مصباح کی جمع، بہت سے چراغ

مُصاحِب: مذ، ساتھی، ہم نشین، ہم صحبت، ندیم

مُصاحبت: مو، ایک ساتھ رہنا، ساتھ ہی نشست و برخاست رکھنا

مَصاحف: مذ، مصحف کی جمع، صحیفے، کتابیں

مصادر: مذ، مصدر کی جمع، مشتق ہونے کی جگہ، وہ اسم

جس سے دوسرے مشتقات نکلیں

مصارف: مذ، مصرف کی جمع، اخراجات، بہت سے خرچ، بنکیں

مصاف: مو، مصف کی جمع، صف بندی کی جگہ، محاذ جنگ، لڑائی، جنگ

مصافحہ: مذ، ملاقات کے وقت ہاتھ ملانا، محبت سے ملنا

مَصاف گاہ: میدانِ جنگ، رن کا میدان

مصافی: پیارا دوست، محبوب

مصالح: مو، مصلحت کی جمع، نیکیاں، بھلائی، رازداریاں

مُصالحت: آپس میں صلح کرنا، میل و آشتی سے رہنا

مصائب: مو، مصیبت کی جمع، تکلیفیں، زحمتیں، آفتیں

مصباح: مو، چراغ، دیا، جام، صبوحی

مُصحِح: مذ، صحت کرنے والا، پروف ریڈر

مُصحف: صحیفہ، قرآن مجید، رخسار، محبوب

مُصحف اُٹھانا: قرآن مجید کی قسم کھانا

مصحفِ بغلی: چھوٹی تقطیع کا قرآن مجید، حمائل شریف

مصحفِ مجید: خدا کلام، قرآن کریم

مُصحفی: مصحف سے نسبت رکھنے والا، اردو کے مشہور شاعر غلام ہمدانی کا تخلص

مِصداق: مذ، وہ چیز جو کسی کی سچائی ثابت کرے، گواہی، شاہدی

مَصدر: مذ، صادر ہونے کا مقام، سرچشمہ، پھر آنے کا مقام، وہ کلمہ جس سے فعل صادر ہوں

مصدرِ غیر وضعی: وہ مصدر جن میں دوسری زبانوں کے الفاظ سے مصدر بنایا گیا ہو جیسے طلاق دینا، آزمانا، دعا مانگنا وغیرہ

مصدرِ لازم: وہ مصدر جو صرف فاعل کو چاہے جیسے بھاگنا، لیٹنا وغیرہ

مصدرِ متعدی: وہ مصدر جو فاعل اور مفعول دونوں کو چاہے جیسے پڑھانا، سکھانا وغیرہ

مصدرِ وضعی: وہ مصدر جسے اہل زبان نے اسی کے لیے بنایا ہو، جیسے بولنا، چلنا

مُصدَّق: تصدیق کیا ہوا، آزمایا ہوا، تجربہ میں آیا ہوا

مُصدِّق: تصدیق کرنے والا، سچ ثابت کرنے والا

مُصدَّقہ: تصدیق کیا ہوا، سچ کیا ہوا، اصل سند کو دیکھ کر نقل پر مہر لگایا ہوا

مِصر: مذ، شہر، بلد، براعظم افریقہ کا مشہور ملک جس کا پایۂ تخت قاہرہ ہے

مُصِر: اصرار کرنے والا، ہٹ کرنے والا، ضد کرنے والا

مُصرَّح: صراحت سے بیان کیا ہوا، تفصیل سے بتایا ہوا

مصرع، مصرعہ: مذ، ایک پٹ، آدھا شعر

مصرعِ برجستہ: وہ مصرعہ جو فی البدیہہ زبان پر آجائے

مصرعِ تر: نفیس اور عمدہ مصرعہ

مصرعِ طرح: وہ مصرع جو بحر اور ردیف و قافیہ بتانے کے لیے بطور نمونہ دیا جائے، یا پہلے ہی سے طبع

آزمائی کے لیے طے کر دیا جائے

مصرع لڑنا: ایک شاعر کا مصرعہ دوسرے شاعر جیسا ہونا

مصرع لگانا: آدھے شعر کو مصرعہ لگا کر پورا کرنا

مَصرف: خرچ کرنے کا مقام، مطلب، بنک

مُصرِف: صرف کرنے والا، خرچ کرنے والا، بے سوچے سمجھے خرچ کرنے والا

مَصروف: مشغول، کام میں منہمک

مِصری: مو، مصر کا باشندہ، شکاری چاقو، تلوار، کٹار، دانہ والی شکر، قند کی ڈلیاں

مصری کا کوزہ: مصری کا ڈلا، میٹھا خربوزہ

مصری کھلانا: تحفہ کرنا، منگنی کی رسم ادا کرنا

مصری کی ڈلی: بہت میٹھا، مصری کا ٹکڑا

مصطفوی: مصطفیٰ سے منسوب، مصطفیٰ والا

مصطفیٰ: انتخاب کیا ہوا، چنا ہوا، برگزیدہ، مقبول، محمدؐ

مصطگی، مصطگی: ایک گوند جو پستے کے پیڑ سے حاصل ہوتا ہے

مُصطلح: اصطلاح کیا ہوا، خاص معنی کے لیے وضع کیا ہوا، جمع مصطلحات

مصطفا: پاک کیا ہوا، نتھرا ہوا

مُصفّی: صاف کرنے والا، صافی

مصفّی خون: ایسی دوا جو خون صاف کرتی ہے

مِصقل، مصقلہ: مذ، کسی چیز کو چمکدار بنانے کا آلہ، سان دینے کا آلہ

مُصلا، مُصلّی: مذ، نماز پڑھنے کی دری، جگہ، مسجد، عیدگاہ، شیراز کی مشہور عیدگاہ

مُصلح: درست کرنے والا، برائی کو ختم کرنے والا، دوا کی خرابی سے بچانے والا

مصلحت: مو، اچھا مشورہ، صحیح نمونہ

مصلحت اندیش: صحیح بات سوچنے والا

مصلحت ایزدی: اللہ کی مرضی

مصلحت خواہ: خیر خواہ، خیر سگال

مصلحت دید: اچھائی، بہتری

مصلحت کار: ماہر امور معاملات

مصلحت وقت: وقت کے مناسب، وقت کا تقاضا

مَصلوب: صلیب پر چڑھایا ہوا، سولی دیا ہوا

مُصلّی: نماز پڑھنے والا، نمازی

مُصمّم: پکا، مضبوط، پختہ، مستحکم

مصمّم ارادہ: پختگی کے ساتھ ارادہ، عزم صمیم

مُصنِف: مذ، کتاب لکھنے والا، ادیب، تخلیق کار، فن کار

مُصنِفہ: ادیبہ، کتاب لکھنے والی، تخلیق کارہ

مُصنّفہ: لکھی ہوئی کتاب، جمع مصنفات

مَصنوع: بنایا ہوا، گھڑا ہوا

مُصوّر: تصویر بنایا گیا، وہ کتاب، اخبار یا رسالہ جس

میں تصویریں بنی ہوں

مُصوِّر: تصویر بنانے والا، اللہ کا ایک صفاتی نام، نقاش

مُصوِّری: تصویر کا کام، مصوری کا پیشہ، تصویر کشی

مصؤن: محفوظ، دیکھ بھال کیا ہوا

مصیبت: رنج، دکھ، تکلیف، حادثہ، صدمہ، مشکل

مصیبت اُٹھانا: دکھ اٹھانا

مصیبت بھرنا: دکھ جھیلنا

مصیبت پڑنا: آفت آنا، پتا پڑنا

مصیبت زدہ: آفت زدہ، تباہ حال، بدقسمت

مصیبت کے دن: دکھ کا زمانہ

مصیبت مول لینا: بلاوجہ کسی جنجال میں پھنسنا

مصیبتِ ناگہانی: وہ صدمہ جو اچانک پیش آئے

مضار: مذ، مضرت کی جمع، نقصانات، خسارے

مضارع: مذ، مشابہ، ہم مانند، وہ فعل جس میں حال و مستقبل دونوں پائے جائیں

مضاعف: دوچند، دوگنا

مضاف: ملا ہوا، پیوستہ، شامل، ایک اسم کو دوسرے کی طرف منسوب کرنا جیسے محمود کا قلم، اس میں قلم مضاف ہے

مضاف اِلیہ: وہ اسم جس کے ساتھ کوئی دوسرا اسم منسوب کیا جائے

مضافات: قرب و جوار، اِرد گرد

مضافاتِ شہر: شہر کے نزدیک کے مواضعات و قصبات

مضامین: مذ، مضمون کی جمع، مطالب، معانی، خیالات

مضایقہ: مذ، دشواری، حرج، برائی، پروا

مضبوط: قبضہ کیا ہوا، مستحکم، دیرپا، ٹکاؤ، بنا کلا

مضبوطی: مو، پائداری، ٹکاؤپن، ہمت، شجاعت، دلیری

مُضحِک: ہنسانے والا

مضحکہ: ہنسی، ٹھٹھا، مذاق، دل لگی

مضحکہ اڑانا: کسی کے ساتھ دل لگی کرنا، مذاق اڑانا

مضحکہ خیز: ہنسی لانے والا، مذاق والی بات

مُضِرّ: نقصان دہ، نقصان پہنچانے والا

مُضِرّ ہونا: نقصان دہ ہونا، ضرر رساں ہونا

مِضراب: مو، ستار بجانے کا چھلّہ، زخمہ

مُضرّت: مو، ضرر، زیاں، خسارہ، گھاٹا

مضرّتِ اصلی: بنیادی خسارہ

مضرّت رسانی: نقصان پہنچانا، تکلیف دینا، ایذا پہنچانا

مَضروب: چوٹ کیا ہوا، پیٹا ہوا، مارا ہوا، ضرب کیا ہوا

مَضروب فیہ: وہ عدد جس سے ضرب دیا گیا ہو

مُضطَر: ضرر پہنچا ہوا، مصیبت زدہ، بے چین، بے کل

مُضطَرِب: بے چین، بے قرار، بے حال، بے کل

مُضغہ: گوشت کا لوتھڑا، جنین جس میں ابھی جان نہ پڑی ہو

مُضِل: گمراہ کرنے والا، بہکانے والا، گمراہی میں ڈالنے والا

مِضمار: میدان، میدانِ جنگ، گھوڑ دوڑ کا میدان

مُضمحل: گم ہونے والا، پتلا دبلا، کمزور، رنجیدہ

مُضمَر: پوشیدہ، ضمیر میں رکھا ہوا

مَضموم: ضمہ والا حرف، وہ حرف جس پر پیش ہو

مضمون: مذ، درمیان میں رکھی ہوئی چیز، مطلب، انشا، اداریہ، بات

مضمون آفریں: نئی بات پیدا کرنے والا، شاعر

مضمون باندھنا: کسی بات کو شعر میں ادا کرنا

مضمون روشن ہونا: مضمون صاف و واضح ہونا

مضمون سلجھنا: خیال کی پیچیدگی کا ختم ہونا

مضمون سوجھنا: مضمون کا دل میں آنا

مضمون گھڑنا: تہمت لگانا، بہتان تراشنا

مضمون نگار: مضمون لکھنے والا، انشاپرداز، ادیب، قلم کار

مضمون نگاری: انشاپردازی

مَضی: گزرا ہوا، بیتا ہوا

مضی ما مضی: گزشت ہر چہ گزشت، جو ہوا سو ہوا، جانے بھی دو

مطابع: مذ، چھاپہ خانہ، چھپائی کی جگہ، مدرن آلیہ، مطبع کی جمع

مُطابق: موافق، برابر، ایک طرح کا

مطابق ہونا: ایک طرح کا ہونا، مانند ہونا

مطابقت: مو، موافقت، یکسانی، برابری

مُطاع: اطاعت کیا ہوا، مقتدیٰ، بزرگ، پیشوا، رہنما

مَطاف: مذ، طواف کرنے کا مقام

مَطالب: مذ، مطلب کی جمع، باتیں، معانی، مقاصد

مُطالبہ: مذ، مانگ کرنا، مانگ، حق طلبی

مطالبہ کرنا: طلب کرنا، حق مانگنا، دعویٰ کرنا

مَطالع: مذ، مطلع کی جمع، طلوع ہونے کی جگہیں

مُطالَعہ: مذ، غور، توجہ، کتاب یا اخبار، رسالہ وغیرہ پڑھنا

مطالعہ کرنا: کتاب پڑھنا، اخبار بینی کرنا، پڑھنے یا پڑھانے سے پہلے سبق کو دیکھ لینا

مطاوعت: مو، حکم ماننا، فرماں بردار ہونا

مطایبہ: مذ، خوش طبعی، ایسا مذاق جس میں بدتہذیبی نہ ہو

مَطب: طبابت کرنے کی جگہ، شفاخانہ، بیمارستان، علاج گھر

مطبخ: باورچی خانہ، کھانا پکانے کی جگہ

مطبع: طبع ہونے کی جگہ، چھاپنے کی جگہ، چاپ خانہ، مدرن آلیہ

مطبوع: چھپا ہوا، پسندیدہ، ہر خوب طبائع

مطبوعہ: چھپا ہوا، پریس سے نکلا ہوا

مَطر: مذ، بارش، باراں، پانی برسنا

مُطرِب: مذ، گویا، گلوکار، میراثی، خوش کرنے والا

مُطربہ: گلوکارہ، میراثی، گانے والی

مطعون: وہ شخص جس پر طعنہ زنی کی گئی ہو، ملعون

مُطلّا: سونے کا ملمع کیا ہوا، منہرا، زرّیں

مطلب: مذ، غرض، معنی، مفہوم، منشا، خواہش

مطلب اَٹکنا: غرض ہونا، خواہش پوری نہ ہونا

مطلب اَلٹ دینا: مضمون کو بدل دینا، مفہوم کو خبط کر دینا

مطلب برآری: مقصد نکالنا، حاجت پوری کرنا

مطلب پر آنا: تمہید کے بعد اپنا منشا بیان کرنا

مطلب حل ہونا: بات یا شعر سمجھ میں آ جانا

مطلب خبط ہونا: بات بے معنی ہو جانا

مطلب رکھنا: غرض رکھنا، واسطہ رکھنا، تعلق رکھنا

مطلب کا آشنا: خودغرض، مطلب پرست

مطلب کا یار: وہ شخص جو صرف اپنے مطلب کو پورا کرنے کی دھن میں رہتا ہے، دوسروں کے ساتھ کوئی ہمدردی نہیں ہوتی

مطلب کی بات سنانا: اپنا مدعا بیان کرنا

مطلب نکالنا: بات سمجھ میں آنا، خواہش پوری کرنا

مَطلع: طلوع ہونے کی جگہ، مشرق، پورب، خاور، غزل یا قصیدے کا پہلا شعر جو ہم قافیہ ہوتا ہے

مطلع صاف ہونا: آسمان کا گردوغبار سے پاک ہونا، رکاوٹ نہ ہونا

مُطّلع: اطلاع دیا ہوا، آگاہ کیا ہوا، خبردیا ہوا

مُطّلع کرنا: اطلاع دینا، جتانا، خبردار کرنا

مُطلَق: آزاد، بے قید، مقید کی ضد

مُطلَق العنان: بے لگام کا، خودسر، آمرو جابر

مُطلّقہ: طلاق دی ہوئی، علیحدہ کی ہوئی عورت

مَطلوب: مقصود، معنی، محبوب

مَطمح: نظر پڑنے کی جگہ، مقصود، مطلب

مَطمحِ نظر: اصلی مقصد

مُطمئن: اطمینان حاصل کرنے والا، آسودہ حال

مُطوّل: لمبا، دراز، طویل

مُطہّر: پاک، صاف، بے گناہ، جمع مطہرین

مُطہّرہ: پاک عورت، جمع مطہرات

مِطہّرہ: مذ، پاک کرنے کا آلہ یا جگہ، چھاگل، لوٹا، غسل خانہ

مطیر: برسنے والا، بارش برسانے والا

مُطیع: حکم ماننے والا، فرماں بردار، محکوم

مُطیع کرنا: فرماں بردار ہونا، مغلوب کرنا، مفتوح بنانا

مَظالم: مذ، ظلم کی جمع، ظلم، ستم، زیادتی، بے انصافی

مَظاہر: مذ، مظہر کی جمع، ظاہر ہونے کی جگہ، عادت، خصلت

مُظاہر: مظاہرہ کرنے والا، جمع مظاہرین

مُظاہرہ: مطالبہ کرتے ہوئے کسی دفتر کے سامنے نعرہ بازی کرنا، اپنی بات تسلیم کرانے کے لیے طاقت کا استعمال کرنا

مُظفّر: ظفر یافتہ، کامیاب، فتح یاب

مظلوم: ستم رسیدہ، ستم زدہ، ستایا ہوا

مظلومی: مو، مظلوم ہونا، ستایا ہوا ہونا

مظنون: ظن کیا ہوا، مشکوک

مَظہر: ظاہر ہونے کی جگہ، تماشا گاہ، زور خانہ

مُظہر: گواہ، شاہد، جاسوس، مخبر، سراغ رساں

مع: ساتھ، ہمراہ، سمیت، سنگ

مع الخیر: خیریت سے، سلامتی کے ساتھ، بخیر و عافیت

مع ہٰذا: اس کے باوجود، علاوہ ازیں

معابد: مذ، معبد کی جمع، عبادت گاہیں، صنم خانے، چرچ، مندر

معابر: مو، معبر کی جمع، پار کرنے کی جگہ، گھاٹ، پل

مَعاد: مو، لوٹنے کی جگہ، قیادت کا دن، روزِ محشر

مُعادل: برابر، مساوی، موافق

معادن: مو، معدن کی جمع، کانیں، دھاتوں کا زمین دوز ذخیرہ

مَعاذ اللہ: خدا کی پناہ، اللہ بچائے

معارج: معراج کی جمع، زینے، سیڑھیاں

مُعارض: مخالف، مدعی، جھگڑالو

مُعارضہ: مذ، جھگڑا، مناقشہ، فساد

معارف: مذ، معرفت کی جمع، علم و فضل، نامور لوگ، جان پہچان

معارک: مذ، معرکہ کی جمع، رزم گاہ، میدان جنگ

معاش: مو، رزق، خوراک، ذریعۂ آمدنی

معاشرت: مو، مل جل کے زندگی گزارنا

معاشرہ: سماج، جماعتی زندگی گزارنے کی جگہ

معاشی، معاشیاتی: معاش سے متعلق، اکنومی

معاشیات: اقتصادیات کا وہ علم جس میں دولت کی پیداوار اور اس کی تقسیم سے بحث ہوتی ہے

معاصر: مذ، ہم عصر، ایک ہی زمانے میں رہنے والا، جمع معاصرین، ایک ہی زمانے میں چھپنے والے اخبارات

مَعاصی: مذ، معصیت کی جمع، گناہ، برا کام

مُعاف: بخشا ہوا، درگزر کیا ہوا، بری، رہائی پایا ہوا

معاف کرنا: بخش دینا، چھوڑ دینا

معاف کرو: جاؤ، رخصت ہو، اللہ کا نام ہے

معافی: مو، بخشش، نجات، مغفرت

معافی چاہنا: عذر خواہی کرنا، معذرت چاہنا

معافی نامہ: معافی کی درخواست، معافی کا مضمون

مُعاقِد: مذ، عقد کرنے والا، نکاح کرنے والا، زوجیت میں لینے والا

معالج: مذ، علاج کرنے والا، حکیم، طبیب، وید، ڈاکٹر

معالجات: مذ، معالجہ کی جمع، علاج، دوا دارو

معالجہ: مذ، دوا دارو کرنا، علاج

معالجہ کرنا: علاج کرنا، دوا دارو کرنا

معالی: مذ، معلی کی جمع، بلندیاں

مُعاملات: مذ، معاملہ کی جمع، امور کاروبار، رموز مملکت

مُعاملہ: مذ، عمل، کام کاج، دھندا، واقعہ، حادثہ

معاملہ ادا کرنا: مال گزاری ادا کرنا

معاملہ بندی: بیتی ہوئی باتوں کو شعر میں بیان کرنا

معاملہ پڑنا: کام پڑنا، تعلق ہونا، واسطہ ہونا

معاملہ شناس: بات کی تہ کو پہنچنے والا

معاملہ شناسی: کاروبار سے واقفیت

معاملۂ سنگین: اہم واقعہ یا حادثہ

معاملہ کرنا: بات چیت کرنا، کسی بات کو طے کرنا، فیصلہ کرنا

معاملہ کا کھرا: لین دین میں امانت دار، بات کا پکا

معاند: مذ، عناد رکھنے والا، دشمن، عدو

معاندت: مو، عداوت، دشمنی

مُعانقہ: مذ، گردن سے گردن ملانا، گلے ملنا، ہم آغوش ہونا، خوشی کا اظہار کرنا، رنجش کو فراموش کر دینا، اختلاف کا خوش دلی سے تصفیہ کرنا، گرم اختلاط ہونا

مَعانی: مو، معنی کی جمع، مقاصد، مطالب، وہ علم جس سے الفاظ کا استعمال معلوم ہو

مُعاوضہ: مذ، بدلہ، عوض

مُعاوضہ دلانا: تاوان دلانا، ہرجہ خرچہ دلانا

مُعاوضہ دینا: کسی چیز یا زمین کے بدلے میں روپیہ یا زمین دینا

مُعاون: مذ، معاونت کرنے والا، مددگار، معین

مُعاونت: مو، مدد، حمایت، سہارا، تائید

معاہدہ: مذ، آپس میں عہد کرنا

معاہدہ نامہ: وہ دستاویز جس پر دونوں فریقین کے دستخط موجود ہوں

معائب: جمع معیب، عیوب، برائیاں، خرابیاں

مُعائنہ: مذ، ملاحظہ، جانچ، کسی درس گاہ کا نظم و نسق اور معیارِ تعلیم دیکھنا

مُعائنہ کرنا: ملاحظہ کرنا، بغور دیکھنا، جانچنا

مَعبد: مذ، عبادت کی جگہ، مسجد، مندر، چرچ، گرودوارہ

مُعبّر: تعبیر بیان کرنے والا

معبود: مذ، عبادت کیا ہوا، جس کی عبادت کی جائے، ذاتِ باری تعالیٰ

معتاد: عادی، عادت والا

مُعتبر: اعتبار کیا ہوا، مستند، صحیح

معتبر جاننا: صحیح سمجھنا، مستند جاننا

مُعتد: گنا ہوا، شمار کیا ہوا، کچھ، چند

مُعتد بہ: معقول تعداد میں

مُعتدل: اعتدال والا، متوسط، درمیانی

مُعتدل المزاج: جس کے مزاج میں گرمی اور سردی برابر ہو

مُعتدل ہونا: درمیانی درجے کا ہونا

مُعترض: مذ، اعتراض کرنے والا، آڑے آنے والا،

مزاحمت کرنے والا

مُعترض ہونا: اعتراض کرنا، مزاحمت کرنا

مُعترف: مذ، اعتراف کرنے والا، ماننے والا

مُعترف ہونا: ماننا، اقبال کرنا، اقرار کرنا

مُعتزل: جدا ہونے والا، الگ ہونے والا

مُعتزلہ: مسلمانوں کا ایک فرقہ جو قرآن کو مخلوق سمجھتا ہے

معتزلی: فرقہ معتزلہ کا پیرو

مُعتصم: مذ، بھروسہ رکھنے والا، دامن پکڑنے والا

مُعتقِد: مذ، اعتقاد رکھنے والا، ارادت مند، عقیدت مند

مُعتقِد ہونا: اعتقاد کرنا، ایمان لانا، بھروسہ کرنا

مُعتکِف: مذ، اعتکاف کرنے والا، گوشہ نشین، عزلت گزیں

مُعتمد: اعتماد کیا ہوا، بھروسہ کے لائق، اعتماد کے قابل، سکریٹری

مُعتمدِ اعلیٰ: جنرل سکریٹری

مُعتمد علیہ: جس پر اعتماد کیا جا سکے، بھروسہ والا

معتوب: عتاب کیا ہوا، غصہ کیا ہوا

مُعجِب: عجب والا، گھمنڈی

مُعجِز: عاجز کر دینے والا، انسانی طاقت سے باہر کام

معجز بیان: بہت فصاحت و بلاغت سے تقریر کرنے والا

مُعجز رقم: بہت اچھا لکھنے والا، کاتب

معجز نگار: بہت اچھا مضمون نویس، بے مثل ادیب

معجز نما: معجزہ دکھانے والا

معجزات: مذ، معجزہ کی جمع، خلاف قیاس باتیں

معجزہ: وہ کام جو نبی کی طرف سے ہو اور عام انسان اس کے کرنے سے عاجز ہوں

معجزہ دکھانا: معجزہ ظاہر کرنا، اپنے نبی صادق ہونے کا اظہار کرنا

مُعجّل: فوری، جلدی، دست بدست، مؤجل کی ضد

مُعجم، مُعجمہ: نقطہ والا حرف، منقوطہ، ڈکشنری

مَعجون: مو، گوندھا ہوا، دوا جس میں بہت سی چیزیں ملا کر گوندھ دیتے ہیں

مَعدلت: مو، انصاف، عدل

مَعدن: مذ، کھان، کان، وہ مقام جہاں زمین سے سونا چاندی لوہا وغیرہ نکلتے ہیں

معدنی: معدن سے منسوب، دھات

معدنیات: وہ چیزیں جو کان سے دستیاب ہوں، سونا چاندی وغیرہ

معدود: گنا ہوا، تھوڑا سا، چند

معدودے چند: بہت کم لوگ، تھوڑی تعداد میں

معدولہ: وہ حرف جو لکھنے میں آئے اور پڑھنے میں نہ آئے، جیسے خواب و خویش میں واؤ

معدوم: مٹایا ہوا، فنا کیا ہوا، نیست و نابود کیا ہوا

معدوم کرنا: ختم کرنا، مٹا دینا

مِعدہ: مذ، کھانے کے ہضم ہونے کی تھیلی

مَعذِرت: مو، عذر، پوزش، بہانہ

معذور: عذر والا، مجبور، لاچار

معذور رکھنا: معذور سمجھنا، عذر قبول کرنا

معذوری: مو، مجبوری، لاچاری

معرّا: ننگا، برہنہ، خالی، سادہ، بے ترجمہ، بغیر شرح، پاک، بے گناہ

معراج: مو، زینہ، سیڑھی، مرتبۂ اعلیٰ، حضورؐ کا آسمان پر تشریف لے جانا اور دیدارِ الٰہی سے مشرف ہونا

معراج کی رات: ماہ رجب المرجب کی ۲۷ ویں رات جس میں حضورؐ معراج کو تشریف لے گئے

مُعرّب: دوسری زبان کے لفظ کو عربی میں ڈھالا ہوا

مُعرَب: اعراب لگایا ہوا، زیر زبر پیش والا

مَعرض: مذ، ظاہر ہونے کی جگہ، نمائش، دوران

معرفت: مو، جان پہچان، ذریعہ، واسطہ

مَعرفہ: مذ، وہ نام جو کسی خاص شے کے لیے وضع کیا گیا ہو

معرکہ: مذ، میدان جنگ، رزم گاہ، ہنگامہ

معرکہ آرا: جنگ جو، زبردست، بہت عمدہ، تہلکہ خیز، ہلچل پیدا کرنے والا

معرکہ آرائی: جنگ، صف آرائی، مدمقابل ہونا

معرکہ سر ہونا: جنگ میں جیتنا، مقابلہ جیتنا

معرکہ گرم ہونا: جنگ کا زوروں پر ہونا، گھمسان کی جنگ ہونا

معرکہ گزرنا: مقابلہ ہونا

معرکہ مارنا: ہنگامہ ہونا، لڑائی ہونا

معروض: عرض کیا ہوا، پیش کیا ہوا، عرض

معروضہ: عریضہ، گزارش

معروف: مشہور، شہرت یافتہ، کھلا، واضح، اچھی بات

مُعِز: عزت دینے والا، خدا تعالیٰ

مُعزّز: صاحبِ عزت، باوقعت، بڑا، شریف

مَعزول: نوکری سے ہٹایا ہوا، عہدہ جلیلہ سے ہٹایا ہوا

مَعزول کرنا: عہدہ سے ہٹانا، بے تخت و تاج کرنا

مُعسکَر: مذ، لشکر کے ٹھہرنے کی جگہ، پڑاؤ، چھاؤنی، لشکرگاہ

مَعشوق: مذ، جس سے عشق کیا جائے، محبوب، دلبر

معشوقہ: مو، محبوبہ، وہ عورت جس سے عشق کیا جائے

معشوقی: مو، دل فریبی، دلبری، محبت

مُعَصفَر: کسم کے رنگ میں رنگا ہوا

مَعصوم: بے گناہ، چھوٹا بچہ یا بچی، سیدھا سادہ

معصومیت: بے گناہی، بھولا پن

معصیت: مو، گناہ، خطا، خلاف، شرع کام، جمع معاصی

مُعَطّر: عطر میں بسا ہوا، خوشبو میں اَٹا ہوا، خوشبو

مُعَطّل: بے کار، بے کام، نکما

مُعطّل ڈال رکھنا: بے کار بٹھائے رکھنا، کسی چیز کو

استعمال میں نہ لانا

مُعطّل کرنا: کسی جرم کی پاداش میں کچھ دنوں کے لیے کام سے ہٹانا

معطوف: پھیرا ہوا، موڑا ہوا، وہ کلمہ جو حرف عطف کے ساتھ ملایا جائے

معطوف علیہ: وہ کلمہ جو حرف عطف سے پہلے ہو

مُعطی: عطیہ دینے والا، عطا کرنے والا، چندہ دہندہ، خدا کا نام

مُعظّم: بزرگی پایا ہوا، تعظیم کے لائق

معظّمہ: معظم کا مونث، بزرگ عورت، شرافت والی جگہ

معقول: عقل میں لائی ہوئی، مناسب، صحیح، فلسفہ، منطق کے علوم

معقول آدمی: صحیح آدمی، شریف آدمی

معقول تنخواہ: اچھا در ماہہ، اچھی طلب

معقول کرنا: لاجواب کرنا، اپنی بات منوالینا

معقولات: معقول کی جمع، حکمت، فلسفہ اور منطق

معقولی: معقول سے منسوب، منطق والا

معکوس: عکس لیا ہوا، الٹا ہوا، اوندھا

معکوس نویس: وہ کاتب جو پریس میں الٹے حروف لکھتا ہے

معلا، معلّی: بلند کیا ہوا، اونچا، بزرگ

معلّی القاب: وہ ہستی جس کا لقب اونچا ہوا، بزرگ، عالی جاہ

مُعلّق: لٹکا ہوا، آویزاں، لیٹ ولعل میں ڈالا ہوا، کھٹائی میں پڑا ہوا

مُعلّم: تعلیم دینے والا، پڑھانے والا، حج کے ارکان ادا کرانے یا سکھانے والا

مُعلّمِ اُردو: اردو سکھانے والا، اردو کا استاد

معلّمِ اوّل: اَرسطو کا لقب

معلّمِ ثانی: فیلسوف اسلام ابونصر فارابی کا لقب

معلّمِ ثالث: شیخ بوعلی سینا کا لقب، جس نے حکمت کے علاوہ علم طب میں بھی بہت سی کتابیں لکھیں

معلّمہ: مو، سکھانے والی، پڑھانے والی، استانی

مُعلّمی: مو، مکتب داری مدرسی، اتالیقی، پڑھانے کا پیشہ

مُعلن: مشتہر، اعلان کرنے والا

مَعلوم: جانا ہوا، پہچانا ہوا، ناممکن کام

مَعلوم کرنا: دریافت کرنا، تلاش کرنا، پتہ چلانا، امتحان کرنا

مَعلوم نہیں: مجھے پتہ نہیں، میں نہیں جانتا، واللہ اعلم

مَعلوم ہوتا ہے: نظر آتا ہے، پتہ چلتا ہے

مَعلوم ہونا: بھید کھلنا، پتہ چلنا، دکھائی دینا، راز افشا ہونا، سراغ ملنا

معلومات: مو، معلوم کی جمع، علمی لیاقت، قابلیت، تجربہ

معمّا، معمّہ: ند، اندھا کیا ہوا، چیستاں، ادبی قمار بازی

معما حل کرنا: پہیلی بوجھنا، مشکل بات کو سمجھنا

معما کھلنا: پوشیدہ بات کا ظاہر ہونا، راز کھل جانا، تاریخ متعینہ و وقت مقررہ پر کسی ادبی معمہ کا صحیح حل ظاہر ہونا

معمار: مذ، عمارت بنانے والا، مہندس، راج، مستری

معماری: عمارت سازی کا فن، راج کا کام

مُعمّر: عمر رسیدہ، بوڑھا، بڑی عمر والا، سال خوردہ، تجربہ کار، ہوشیار، سردار، رہبر

مُعمّس: پیچیدہ، مبہم

مُعمّل: استعمال شدہ، گھلا ہوا

مَعمور: بھرا ہوا، آباد، سرسبز، بسایا ہوا

مَعمور کرنا: بھرنا، آباد کرنا، بسانا

مَعمورہ: مذ، آبادی، بستی، مزروعہ، قریہ، گاؤں

مَعمُوری: مو، بھرا ہوا ہونا، آبادی

معمول: عمل کیا ہوا، عادت، روزانہ کی جانے والی بات، قاعدہ، رواج

معمول باندھنا: قاعدہ مقرر کرنا، روش اختیار کرنا

معمول پڑنا: کسی کام کے کرنے کی عادت ہو جانا

معمول سے: معمول کے مطابق، حسب دستور، رواج کے مطابق

معمول کے دن: حیض آنے کے ایام سابقہ کے دن

معمولی: رائج شدہ، رسمی، کم درجہ کا، گھٹیا

معمولی کارروائی: ضابطے کی کارروائی، رسمی کارروائی

مُعنبر: عنبر آلود، معطر، خوشبو والا

مَعنون: نامزد کیا ہوا، منسوب کیا ہوا، ڈیڈیکیٹ کیا ہوا

معنوی: معنی سے منسوب، اصلی، حقیقی

معنی، معنی: مذ، ارادہ، مطلب، مفہوم

معنی الٹ دینا: مطلب بدل دینا، مطلب کچھ کا کچھ کر دینا

معنی بیان کرنا: مطلب سمجھانا، ترجمہ بتانا

معنیٔ بیگانہ: وہ تازہ خیال جسے اس سے پہلے کسی شاعر نے نہ باندھا ہو

معنی دینا: بتانا، دلالت کرنا، سُجھانا

معنی رکھنا: مطلب رکھنا، مقصد ہونا، غرض ہونا

معنویت: مو، باطنیت

معہود: عہد کیا ہوا، اقرار کیا ہوا، پرانا، معروف

مِعیار: مو، کسوٹی، پرکھنے کا آلہ، قاعدہ، نصاب، پرکھ

مِعیار بندی: درجہ بدرجہ رکھنا

مِعیار بنانا: اونچے درجے کا بنانا، اچھی کوالٹی کا بنانا

مُعیّت: مو، ساتھ، ہمراہی، ہم قدمی

مَعیشت: مو، زندگی، زندگانی، حیات، ذریعہ آمدنی

مُعیّن: معاون، مددگار، اللہ کا ایک صفاتی نام

مُعیّن: تعین کیا ہوا، فرض کیا ہوا، طے شدہ

معیّن کرنا: مقرر کرنا، طے کرنا

معیّن ہونا: مقرر ہونا، طے ہونا

معیوب: عیب دار، بُرا، بُرا فعل، شرمندگی کا سبب

مُغ: مذ، آتش پرست، آگ پوجنے والا، کلال، شراب بیچنے والا

مُغ بچہ: آتش پرست کا بیٹا، کلال کا بیٹا، جوان رعنا، محبوب

مَغارب: مو، مغرب کی جمع، پچھم

مَغاک: مذ، غار، گڈھا

مغازی: مذ، مغزی کی جمع، لڑائیاں، غازیوں کے اوصاف کا بیان، وہ جنگ جس میں حضورؐ بہ نفس نفیس شریک ہوئے

مغالطہ: دغا، مکر، دم، جُل، بھول چوک، سہو، غلطی، نسیان

مغالطہ دینا: دھوکہ دینا، غلطی میں ڈالنا

مُغایرت: مو، دوری، اجنبیت، غیریت، بیگانہ پن

مُغتنم: غنیمت سمجھا ہوا، جو بھی میسر ہو جائے

مغتنمات: غنیمت چیزیں

مغرب: مو، سورج کے ڈوبنے کی جگہ، پچھم، باختر

مغربی: مغرب کا، یورپ کا، ایک فارسی شاعر کا تخلص

مغربیّت: مو، مغرب کا اثر، یورپ کی تہذیب کا اثر، بے دینی

مغرور: گھمنڈی، خودسر، خودبیں، آزادہ

مغرور ہونا: خودبیں ہونا، آزادہ ہونا

مَغز: مذ، گِری، گودا، عقل، سمجھ بوجھ

مغز بھٹکانا: دماغ کا چکر کھانا

مغز پلپلا کر دینا: مارتے مارتے سر پلپلا کر دینا

مغز پھرنا: دماغ میں خلل ہونا، پاگل ہونا

مغز چاٹنا: دماغ کھانا، بکواس کر کے کسی کا دماغ خالی کر دینا، باتوں سے پریشان کرنا

مغز خالی کرنا: کسی کو دیر تک سمجھائے جانا، سر کھپانا

مغز روشن: نسوار، ایک سلوف جسے سونگھتے ہیں

مغز زنی کرنا: دماغ لڑانا، سر کھپانا

مغزِ سخن: بات کی تہہ، اصل حقیقت

مغز کھپانا: سمجھانے کی کوشش کرنا

مغز کی کیل نکلنا: تکبر ختم ہونا، گھمنڈ ختم ہو جانا

مغز کی کھل جانا: جوش جوانی کا قائم نہ رہنا، ولولۂ جوانی کا ختم ہونا

مغزی: پتلی گوٹ، کور

مغشوش: فریبی، بے وفا

مِغفر: مذ، لوہے کا ٹوپ

مَغضوب: غصہ کیا ہوا، غضب کیا ہوا

مَغفِرت: مو، رہائی، چھٹکارا، خلاصی

مغفور: مرحوم، بخشا ہوا

مُغلا: مذ، چھوٹا مغل

مُغل: مذ، ایک قوم جس کا اصلی وطن منگولیا ہے، بے وقوف، سادہ لوح

مغلانی: مو، مغل صورت، ملازمہ، ماما

مغلائی: مغلئی، مغل طرز

مُغلّظ: دبیز، موٹا، گاڑھا

مُغلِّظ: گاڑھا کرنے والا

مغلّظات: بری بری گالیاں

مغلّظات سنانا: فحش بکنا، موٹی موٹی گالیاں دینا

مُغلَق: بند کیا ہوا، مقفل، مشکل، ناقابل فہم

مغلوب: غلبہ کیا ہوا، ہارا ہوا، فتح کیا ہوا، ہزیمت خوردہ

مغلوب الغضب: تیز مزاج، مشتعل مزاج

مغلوب کرنا: ہرانا، شکست دینا، دبانا

مغلئی: مغلائی، مغل سے منسوب

مغلئی ٹوپی: ایک اونچے کوشوں کی ٹوپی

مغلئی ہاڑ: چوڑی ہڈی والا، چوڑا چکلا

مغلی: مغل سے منسوب، مغل کا

مُغلی بیماری: بچوں کا ایک مرض، مسان، ام الصبیان

مُغلیہ: مغل خاندان سے منسوب

مغموم: غم والا، غمگین، ثمین، افسردہ، اداس

مُغنّی: مذ، گانے والا، ڈوم، میراثی، گلوکار

مُغنّیہ: مو، گانے والی، ڈومنی، میراثن، گلوکارہ

مُغیلان: مذ، ام غیلان کا مخفف، کیکر، ببول

مفاتیح: مو، مفتاح کی جمع، کنجیاں، چابیاں، تالیاں، کلیدیں

مُفاجات: اچانک، ناگاہ، یک بیک

مفاخرت: مو، بڑائی، شیخی، ڈینگ مارنا

مفاد: مذ، فائدہ کی جگہ، فائدہ، سود، جمع مفادات

مُفارَقت: مو، جدائی، فرقت، فراق، دوری

مُفاوضہ: مو، خط، چٹھی، وہ خط جو بڑے کی طرف سے چھوٹے کو لکھا جائے، جمع مفاوضات

مُفت: بغیر قیمت کا، بغیر پیسے کا، بے دام کا، بے وجہ، بے قصور

مُفت بر: مفت خورہ

مفت بھی نہ پوچھنا: نہایت بے قدری کرنا

مفت جان جانا: بلاوجہ مارا جانا

مفت کا دردِ سر: بے فائدہ کوشش

مفت کا شکار ہے: بے محنت حاصل ہونے والی چیز

مفت گنہگار کرنا: خواہ مخواہ فساد میں پھنسا دینا

مفت میں: بلا اجرت، ناحق، بے سبب، بے کار میں

مفت ہاتھ لگنا: بغیر پیسے کے حاصل ہونا، مشقت ملنا

مِفتاح: مو، کنجی، تالی، چابی، کلید

مُفتخِر: افتخار کرنے والا، شیخی مارنے والا، ڈینگ مارنے والا

مُفتری: افترا پرداز، بہتان تراش، مفسدہ پرداز

مُفتش: تفتیش کرنے والا، جانچنے والا، معائنہ کرنے والا، انسپکٹر

مُفلِس: فقیر، غریب، کنگال، حاجت مند

مَفتون: فتنے میں ڈالا، شیدا، والہ، عاشق

مفتون ہونا: عاشق ہونا، والا و شیدا ہونا

مُفتی: فتویٰ دینے والا، شرعی حکم بتانے والا

مَفخر: وہ شخص جس پر فخر کیا جائے

مَفر: فرار ہونے کی جگہ، چارہ کار، تدبیر

مُفرِح: فرحت بخشنے والا، خوش کرنے والا، جمع مفرحات

مُفرد: علاحدہ، اکیلا، تنہا، مرکب کی ضد

مفردات: سو، حروف تہجی، وہ کتاب جس میں مفرد دواؤں کا ذکر ہو

مفرس: فارسی بنایا ہوا، غیر زبان کے لفظ کو فارسی بنایا ہوا

مُفرِط: افراط کے ساتھ، کثرت سے، بہتات کے ساتھ

مَفرور: گریختہ، بھاگا ہوا، مرد پوش

مفروری: فرار ہونا

مفروض، مفروضہ: مانا ہوا، فرض کیا ہوا

مفروق: فرق کیا ہوا، جدا کیا ہوا، وہ بڑا عدد جس میں سے چھوٹا عدد گھٹایا جائے

مفروق منہ: وہ عدد جس میں سے کوئی عدد گھٹایا گیا ہو

مُفسِد: فساد برپا کرنے والا، فسادی، لڑانے والا

مَفسدہ: نہ، فساد، لڑائی، جھگڑا، ہنگامہ

مفسدہ برپا کرنا: فساد اٹھانا، جھگڑا پیدا کرنا

مفسدہ پرداز: جھگڑا کرنے والا، فتنہ انگیز، شریر

مفسدہ پردازی: فتنہ انگیزی، فتنہ برپا کرنا

مُفسِّر: تفسیر بیان کرنے والا، لکھنے والا، شرح لکھنے والا

مُفصَّل: تفصیل سے بیان کیا ہوا، کھول کر بیان کیا ہوا

مُفصَّل بیانی: کھول کر بیان کرنا، شرح وبسط کے ساتھ بیان کیا ہوا

مفصلہ: کھول کر بیان کیا ہوا، شرح کے ساتھ بیان کیا ہوا

مفصلۂ ذیل: وہ چیزیں جن کی تفصیل نیچے درج ہو

مُفطِر: روزہ توڑنے والا، روزہ کھولنے والا، افطار کرنے والا

مفعول: فعل کیا ہوا، وہ اسم جس پر فاعل کے فعل کا اثر پڑے

مفعول بہٖ: وہ مفعول جس پر فاعل کے فعل کا اثر واقع ہو

مفعول فیہ: وہ مفعول جو فعل کے وقوع کے زمانہ یا جگہ پر دلالت کرے

مفعول لہٗ: وہ مفعول جو فعل کے سبب پر دلالت کرے

مفعول مطلق: وہ حاصل مصدر جو بطور مفعول کے فعل کے ساتھ ہو

مفعول معہٗ: وہ مفعول جو ہمیشہ مفعول بہٖ کا شریک کار ہو

مفعول منہ: وہ مفعول جو فعل کے آلہ پر دلالت کرے

مفقود: کھویا ہوا، ناپید، گم شدہ

مفقود الخبر: لاپتہ، گم شدہ، کھویا ہوا

مفقود ہونا: غائب ہو جانا، لاپتہ ہو جانا

مُفکّر: فکر کرنے والا، سوچنے والا، غور کرنے والا

مُفلَر: گلوبند، گلوپوش

مُفلِس: غریب، کنگال، حاجت مند، قلاش

مُفلِس بنا دینا: ناوار کر دینا، فقیر بنا دینا

مُفلسی: ناداری، محتاجی، فقیری

مُفلسی آنا: غریبی ہونا، محتاج ہونا

مُفلسی چھانا: غربت میں مبتلا ہونا، غریب ہو جانا، قلاش ہو جانا

مُفلسی میں آٹا گیلا: فقیری میں ضروری خرچ آپڑنا، محتاجی میں نقصان ہو جانا

مَفلوج: اللیج، فالج زدہ، فالج کا مریض

مَفلوک: فلاکت زدہ، مفلس، خستہ حال

مَفلوک الحال: تباہ حال، خستہ حال

مُفوّضہ: تفویض کیا ہوا، سپرد کیا ہوا، سونپا ہوا

مفہوم: مطلب، معنی، مقصد، منصوبہ

مفہوم ہونا: سمجھا جانا، معلوم ہونا

مفید: سودمند، فائدہ بخش، کارآمد

مفید پڑنا: موافق آنا، کام کا ہونا

مُفیض: فیض پہنچانے والا، فائدہ پہنچانے والا

مقابر: مذ، مقبرہ، وہ جگہ جہاں عمارتوں کے اندر قبریں ہوں

مقابل: سامنے والا، مقابلہ کرنے والا، برابر، مساوی

مقابلہ: مذ، مسابقہ، مڈبھیڑ، ہمسری، موازنہ

مقابلہ بدنا: شرط باندھ کر مقابلہ کرنا

مقابلہ آپڑنا: فوج کا لڑنے کے لیے آمنے سامنے آنا، لڑنے کو آمادہ ہونا

مقابلہ کرنا: موازنہ کرنا، ملانا، جنگ کرنا، بحث کرنا

مقابلے پر کھڑا ہونا: کسی ادارہ کے انتخاب میں ایک دوسرے امیدوار کے مقابلہ میں فارم نامزدگی داخل کرنا، امیدوار بننا

مُقاتلہ: آپس میں قتل کرنا، خون ریزی، کشت وخون

مقادیر: مو، مقدر کی جمع، اندازے، گنتی، شمار، اعداد

مقادیر ابعاد: بہت دور کے فاصلے

مقادیر مماثلہ: جبر و مقابلہ میں وہ مقداریں جن کے حروف یکساں اور اعداد مختلف ہوں

مقادیر مجہولہ: غیر معلوم مقداریں

مقادیر معلومہ: معلوم شدہ مقداریں

مُقاربت: مو، قربت، قرابت، نزدیکی

مُقارن: قریب، نزدیک

مُقارنت: مو، قریب ہونا، پاس ہونا، جمع ہونا

مقاصد: مذ، مقصد کی جمع، مطلب، مدعا، خواہش

مُقاطع: مذ، کاٹنے والا، الگ کرنے والا

مُقاطعہ: تعلق نہ رکھنا، علاحدہ کرنا، لین دین بند کردینا، حقہ پانی بند کردینا

مُقالہ: کہی ہوئی بات، تحریر، وہ تحریر جو کسی خاص موضوع پر لکھی جائے، پایان نامہ

مقالہ افتتاحیہ: اداریہ

مقام: مذ، قیام کی جگہ، مسکن، ٹھکانہ، منزل، وقت

مقام ابراہیم: بیت اللہ شریف میں اس پتھر کا نام جس پر کھڑے ہوکر حضرت ابراہیمؑ نے کعبہ کی دیواریں چنی تھیں

مقام دینا: تعزیت کے لیے جانا، گھوڑے کو آرام دینا

مقام کرنا: ٹھہرنا، رُکنا، پڑاؤ ڈالنا

مقام گفتگو: شک وشبہ کی گنجائش، اعتراض کا موقع

مقامِ محمود: وہ جگہ جہاں شب معراج میں حضور اکرمؐ پہنچے تھے

مقام مصلّیٰ: کعبہ شریف میں وہ جگہ جہاں حضرت ابراہیمؑ نے نماز پڑھی تھی

مقام ہُو: سنّاٹے کی جگہ

مقام ہونا: رکنا، پڑاؤ ہونا، ٹھہرنا

مقامی: مذ، اسی علاقہ کا

مقاومت: مو، مقابلہ، مقابلہ کی قوت

مقبرہ: مذ، قبر کی جگہ، روضہ، درگاہ، مزار، آرام گاہ

مقبل: اقبال مند، خوش قسمت، بھاگ وان

مقبوضہ: قبضہ کیا ہوا، ہاتھ میں آئی چیز

مقبول: قبول کیا ہوا، مانا ہوا، پسندیدہ، پیارا

مقبولیت: مو، اجابت، منظوری

مقتبس: اقتباس لینے والا، روشنی لینے والا، دوسری کتاب سے اخذ کرنے والا

مقتدا: مذ، مطاع، وہ شخص جس کی سب پیروی کریں، بزرگ، اللہ والا

مقتدر: قدرت والا، معزز، عزت والا

مقتدی: مذ، پیروکار، تابع

مقتضا: تقاضا، مطلب، مراد، منشا

مقتضائے انصاف: انصاف کی رو سے، انصاف کے موافق

مقتضائے وقت: وقت کی مصلحت کے موافق، حسب تقاضائے وقت، جیسا موقع ہو

مقتضی: تقاضا کرنے والا، چاہنے والا

مقتول: قتل کیا ہوا، مارا ہوا، عاشق، فریفتہ

مقدار: مو، اندازہ، وزن، طول، شمار

مقدار مثبت: جبر و مقابلہ میں وہ مقدار جس کی دائیں طرف جمع کی علامت ہو

مقدار مجہول: جبر و مقابلہ میں وہ مقدار جس کی قیمت معلوم نہ ہو، نامعلوم رقم

مقدار معروف: وہ رقم جو معلوم ہو، ہر رقم معلومہ

مقدارِ مرکب: وہ مقدار جس کے کئی اجزا ہوں اور ہر چیز کی داہنی طرف جمع یا نفی کی علامت ہو

مقدارِ مقررہ: مقرر کی ہوئی مقدار، تجویز کی ہوئی رقم

مقدارِ معطیہ: وہ مقدار جس کی داہنی طرف نفی کی علامت ہو

مقدّر: مذ، پہلے سے تحریر کیا ہوا، اندازہ کیا ہوا، وہ لفظ جو عبارت میں نہ ہو مگر اس کے معنی لیے جائیں، قسمت، نصیب

مقدّر آزمانا: کوشش کرنا، قسمت کی آزمائش کرنا، کسی نئے کاروبار میں ہاتھ ڈالنا

مقدّر بدلنا: قسمت کا بدل جانا، حالات بدل جانا

مقدّر برگشتہ ہونا: قسمت کا خراب ہو جانا، تقدیر بگڑ جانا

مقدّر پر پتھر پڑنا: تقدیر کا پھر جانا

مقدّر پلٹنا: تقدیر پھر جانا، ادبار آ جانا

مقدّر جاگنا: اچھا زمانہ آنا، اچھے دن آنا، برے دن ختم ہونا

مقدّر کا پھیر: تقدیر کا پھیر، قسمت کا چکر، گردش

مقدّر کا لڑنا: قسمت کا موافق ہونا

مقدِرت: موہ قدرت، طاقت، قوت، بساط، حیثیت

مقدِس: مقدس، پاک جگہ

مُقدّس: پاک، معصوم، بے گناہ، فرشتہ صفت

مُقدّسہ: پاک، مطہرہ

مُقدّم: مذ تشریف آوری، قدم رنجہ فرمانا

مُقدّم: پیش کیا ہوا، آگے کیا ہوا، اگلا، آگے کا، چودھری، سربراہ

مُقدّم جاننا، سمجھنا: زیادہ اہم جاننا

مقدّمات: مذ، مقدمہ کی جمع، نالش، مرافعہ، کیس

مُقدِّمہ: آگے بڑھنے والا، ہراول دستہ

مُقدّمہ: مذ، نالش، دعویٰ، واردات

مُقدمہ باز: مقدمہ لڑنے والا

مقدمہ بازی: مقدمہ لڑنا

مقدمہ جیتنا: کچہری سے استغاثہ میں کامیاب ہونا

مقدمہ کھڑا کرنا: فساد پیدا کرنا، جھگڑا شروع کرنا

مقدور: مذ، طاقت، قوت، بل، قابو، اختیار

مقدور بھر: جہاں تک بس چلے، طاقت کے مطابق، ہمت کے مناسب

مقدور چلنا: قدرت چلنا، حکم چلنا، زور چلنا

مقدر کی بات: روپے کا کھیل، دولت کی بات

مقدور ہونا: قدرت ہونا، طاقت ہونا، مقدرت ہونا

مقدونیہ: یونان کے شمال میں ایک شہر جو سکندریہ کا پایہ تخت تھا

مُقِر: اقرار کرنے والا، معترف، ماننے والا

مُقِر ہونا: ماننا، تسلیم کرنا

مَقر: مذ، جائے قرار، ٹھہرنے کی جگہ، رہائش گاہ

مقرِ خلافت: مستقر خلافت، دارالحکومت، راجدھانی

مِقراض: مو، کاٹنے کا آلہ، قینچی، کترنی

مقرب: قریب کیا ہوا، قربت والا، ہم راز

مقرب بارگاہ: بادشاہ کے پاس اٹھنے بیٹھنے والا آدمی

مقرر: اقرار کیا ہوا، ٹھہرا ہوا، چکایا ہوا

مقرر کرنا: ٹھہرانا، نوکر رکھنا، وقت طے کرنا

مقرِر: تقریر کرنے والا، واعظ، سیاست داں

مقرَرہ: قرار دیا ہوا، تجویز کیا ہوا، طے شدہ

مقرِرہ: مو، تقریر کرنے والی، سیاست داں عورت

مقروض: قرض دار، قرض میں پھنسا ہوا

مقروض ہونا: قرض دار ہونا، زین دار ہونا

مقرون: نزدیک کیا ہوا، قریب، قربت والا

مُقسِط: عادل، انصاف پرور، خدا تعالیٰ کا نام

مقسوم: بانٹا ہوا، حصے کیا ہوا، مقدر

مقسوم پر پتھر پڑنا: نصیب کا خراب ہونا، تقدیر کا بگڑنا

مقسوم جاگنا: نصیبہ جاگنا، اچھی قسمت ہونا

مقسوم علیہ: وہ عدد جس پر دوسرے عدد کو تقسیم کیا جائے

مقصد: مطلب، مدعا، منشا

مقصد بر آنا: مطلب حاصل ہونا

مُقصِّر: قصور کرنے والا، کوتاہی کرنے والا

مُقصَّر: قصر کیا ہوا، کم کیا ہوا

مقصود: قصد کیا ہوا، مراد

مقصود بالذات: وہ چیز جو اصل مقصود ہو

مقصودِ کن فکاں: حضور اکرم کی ذات گرامی

مُقطَّر: ٹپکا ہوا، قطرہ قطرہ کر کے ٹپکایا ہوا

مقطع: مد، غزل یا قصیدے کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص لاتا ہے، جیسے:

مقامِ عقل سے آساں گزر گیا اقبال
مقامِ شوق میں کھویا گیا وہ فرزانہ

مقطع: کاٹا ہوا، چھانٹا ہوا، سنجیدہ

مقطع ڈاڑھی: تراشی ہوئی ڈاڑھی

مقطع صورت: مہذب صورت

مقطعات: چھوٹے چھوٹے ٹکڑے، بکھرے ہوئے اشعار، قرآن کے وہ حروف جو سورتوں کے شروع میں آتے ہیں اور ان کا مفہوم خدا کے سوا کسی کو معلوم نہیں

مقعد: بیٹھنے کی جگہ، پچھ، سُرین

مُقفَّل: قفل لگا ہوا، تالا پڑا ہوا

مقفل کرنا: تالا لگانا، تالا لگا کر بند کرنا

مقفّی: قافیہ والا، قافیہ دار

مُقلِّبُ القلوب: دلوں کو پھیرنے والا، خدا تعالیٰ

مُقلِّد: تقلید کرنے والا، پیروی کرنے والا، مرید، فقہ کو ماننے والا

مقلوب: پلٹا ہوا، جس میں کہیں کے حروف کہیں ملا کر عبارت موزوں کر لیں

مقلوبِ کُل: وہ صنعت مقلوب جس میں حروف کی تبدیلی ترتیب کے ساتھ ہو

مقلوبِ مستوی: وہ صنعت مقلوب جس میں پورے لفظ یا کلام کو اُلٹ کر پڑھ سکیں

مقناطیس: مذ، ایک قسم کا پتھر جو لوہے کو اپنی طرف کھینچتا ہے

مِقنعہ، مِقنع: مذ، باریک چادر جو عورتیں پردہ کے لیے چہرے پر ڈال لیتی ہیں

مُقنن: قانون ساز، قانون داں

مُقننہ: مجلس قانون ساز، ودھان سبھا

مُقنِّنہ: قانون بنانے والی

مقولہ: مذ، کہانی، قول، ضرب المثل

مُقوِی: طاقت بخش، قوت دینے والا

مقہور: قہر کیا ہوا، ظلم کیا ہوا

مِقیاس: وہ آلہ جس سے گرمی یا ٹھنڈک کا اندازہ کرتے ہیں، پیمانہ

مقیاس الحرارت: تھرمامیٹر

مقیاس المطر: بارش ناپنے کا آلہ

مِقیاس الموسم: موسم کا حال معلوم کرنے والا آلہ

مُقیت: روزی دینے والا، خدا تعالیٰ کا نام

مقید: قید کیا ہوا، اسیر، بندی، پابند، شرط لگایا ہوا

مُقیش: مو، مذ، زری، بادلہ، اطلس تمامی وغیرہ کپڑے

مقیم: قیام کرنے والا، ٹھہرنے والا، سکونت اختیار کرنے والا

مُکابرہ: مذ، بڑائی ظاہر کرنا، ڈینگ مارنا، لڑائی، جھگڑا

مَکاتِب: مذ، مکتب کی جمع، مدرسہ، درس گاہیں

مَکّار: مکر کرنے والا، دغاباز، فریبی، عیار

مَکّارہ: مکر کرنے والی، ڈھونگی

مکاسب: مذ، کسب کی جمع، پیشے، ہنر، کام، دھندے

مُکاشفہ: راز ظاہر کرنا، راز کھولنا، امورِ غیبی بتانا

مُکافات: مو، عوض، بدلہ، سزا، انتقام

مُکافات کو پہنچنا: کیے کی سزا پانا، کیفر کردار کو پہنچنا

مکالمہ: مذ، گفتگو، آپس کی بات چیت، ہم کلامی

مکان: مذ، رہائش کی جگہ، مسکن، خانہ، گھر، گرہ

مکائد: مذ، مکیدہ کی جمع، فریب، دھوکہ، چال بازی

مُکبّر: تکبیر کہنے والا، اللہ اکبر کہنے والا

مُکتا: مذ، موتی، گوہر، ہندی کا ایک مشہور و مقبول ہندی ماہنامہ جو دہلی سے نکلتا ہے

مَکتب: مذ، لکھنے پڑھنے کی جگہ، مدرسہ، درس گاہ، پاٹھ شالہ، دبستان

مکتبِ خیال: کسی خاص نظریہ کے لوگوں کا گروہ

مَکتبہ: دفتر، کتب خانہ، دکانِ کتاب فروش، پستک بھنڈار

مُکتسِب: اکتساب کرنے والا، فائدہ اٹھانے والا

مُکتفی: کافی، پورا، جس سے کام پورا ہو جائے

مکتوب: مذ، لکھا ہوا، تحریر شدہ، خط، چٹھی

مکتوب الیہ: جس کے نام خط لکھا جائے، خط کا پانے والا، گیرندہ

مکتوم: پوشیدہ، مخفی، پنہاں، نہاں

مکٹ: تاج، افسر، دولہا کے سر پر رکھنے والا تاج

مکث: مذ، دیر، وقف، ٹھہراؤ، توقف

مِکحل: سرمہ لگانے کی سلائی، سرمہ دانی، سرمہ دان

مکدّر: کدورت والا، گدلا، میلا، افسردہ، غمگین

مکذِب: جھٹلانے والا، جھوٹا ثابت کرنے والا، تکذیب کرنے والا

مکر: مذ، فریب، دھوکہ، چال بازی، عیاری، جھوٹ

مکرّر: دوبارہ، پھر بار دیگر، بار بار

مکرّم: اکرام کیا ہوا، بزرگ، محترم، معزز

مکرمت: مو، بزرگی، نوازش، عظمت

مکروہ: کراہت، آمیز، ایسی چیز جو طبیعت کو بُری لگے، ناپسند

مکروہ تحریمی: بالکل ناجائز، وہ مکروہ جو حرام کے قریب ہو

مکڑ، مکڑا: مذ، مکڑی کا مذکر، نر، عنکبوت

مکسور: وہ حرف جس کے نیچے زیر ہو

مکسورہ: زیر دیا ہوا حرف

مکشوف: کھولا ہوا، ظاہر کیا ہوا

مکعّب: چار گوشہ کیا ہوا، وہ ٹکڑا جس کی لمبائی چوڑائی ایک سی ہو

مکفوف: لباس میں لپٹا ہوا

مکفول: کفالت دیا ہوا، اپنی پرورش میں لیا ہوا، گروی رکھا ہوا

مکفول کرنا: ضمانت میں دینا، گروی رکھنا

مُکلّف: تکلف سے بھرا، سجا ہوا، آراستہ و پیراستہ، جس پر کوئی بات لازم کر دی جائے، عاقل، بالغ

مُکلّل: سر پر تاج رکھا ہوا، تاج والا، جڑاؤ کیا ہوا

مکمّل: کامل کیا ہوا، پورا کیا ہوا، کامل

مکمن: مو، کمین گاہ، گھات کی جگہ، دھوکہ کی ٹٹی

مکنون: مکتوم، مخفی، نہاں، پنہاں، سر بہ راز، بھید

مکنون خاطر: دل کا بھید، چھپی ہوئی بات

مکوِّن: بنانے والا، پیدا کرنے والا، تکوین عالم کرنے والا

مکوَّن: بنایا ہوا، پیدا کیا ہوا دنیا، جہان، عالم

مکوِّنات: مذ، مخلوقات، موجودات، عالم

مکّہ: عرب کا وہ مشہور شہر جہاں رسول اکرمؐ پیدا ہوئے تھے

مکین: مذ، مکان دار، صاحب خانہ

مکس: مو، مکھی، شہد کی مکھی

مگن: غرق، مستغرق، منہمک، بے خود، سرمست

مَل: مذ، پاخانہ، تلچھٹ، پہلوان، مداری، بنیا قوم کا لقب

مِل: مو، آٹا، تیل، کاغذ وغیرہ کا خار خانہ

مَلاء: گروہ، شریف لوگ

مُلّا: عالم فاضل، پڑھا لکھا، مکتب دار، معلّم

مُلّا دوپیازہ: اکبری دربار کا ایک مسخرہ

مُلّا کی دوڑ مسجد تک: ہر شخص کی کوشش اس کی رسائی تک ہوتی ہے

مُلّا گری: مُلّا کا کام کرنا، مولوی کا پیشہ مدرّسی، معلّمی

مُلابست: مشابہت: التباس ہونا، ہم صورت ہونا

مِلاپ: مذ، میل جول، صفائی، آشتی

مِلاپ کرنا: صلح کرنا، آشتی کرنا، جھگڑے کو ختم کرنا

مِلاپ ہونا: اختلاف ختم ہونا، صلح وصفائی ہوجانا، دوستی بڑھنا

مِلا جُلا رہنا: صلح وصفائی سے رہنا باہم جھگڑا فساد نہ کرنا

مَلّاح: مذ، کشتی بان، ناخدا

مَلاحت: مو، نمکینی، سانولا پن، خوبصورتی

مَلاحدہ، ملاحد: مذ، مُلحد کی جمع، بے دین

مُلاحظہ: مذ، معائنہ، مشاہدہ، دیکھنا، غور، توجہ

ملاحظہ سے گزرنا: دیکھنا، دیکھنے میں آنا

ملاحظہ شد: دیکھ لیا گیا، غور کرلیا گیا

ملاحظہ کرنا: بغور دیکھنا، تنقیدی نگاہ ڈالنا

ملاحظہ میں آنا: ضروری کاغذات کا کسی حاکم یا افسر کی نظر سے گزرنا

ملاحظہ ہونا: دیکھا جانا، غور کیا جانا، پڑھا جانا

ملاحن، ملاحنی: مو، ملاح کی بیوی

ملاحی: مو، ملاح کا کام، ملاح کا پیشہ، مبہم گالیاں جس میں کسی کا نام نہ لیا جائے

ملاحی سنانا: آوازے کسنا، گول مول طعنے تشنے دینا

ملاحی ہاتھ: تیرنے کا ایک خاص ڈھنگ جس میں لمبے لمبے ہاتھ مار کر دریا پار کیا جاتا ہے

ملاذ: بچاؤ کی جگہ، پناہ گاہ

ملار: مذ، وہ گیت جو برسات کے دنوں میں گاتے ہیں

ملار گانا: خوشی منانا، عیش وعشرت کرنا

ملازم: مذ، پاس رہنے والا، نوکر، چاکر، پیش خدمت، کام کرنے والا، مزدور

ملازم کرنا: ملازمت میں رکھنا

ملازمت: مو، کسی کے پاس رہنا، نوکری، ٹہل

ملازمت اختیار کرنا: کہیں نوکر ہوجانا، نوکری قبول کرنا

ملازمت پیشہ: وہ لوگ جن کا پیشہ نوکری ہو

ملاطفت: مو، لطف وکرم، بخشش، عنایت

ملاعب: مذ، ہنسی مذاق، کھیل کے میدان، کھیل گاہ

ملاقات: مو، آپس میں ملنا، آپس کی محبت، مباشرت، ہم بستری

ملاقات پیدا کرنا: میل ملاپ پیدا کرنا، دوستی کی بنیاد رکھنا

ملاقات کروانا: آشنائی کرانا، تعارف کرانا، عورت

اور مرد کو ملانا

ملاقاتی: ملاقات کرنے والا، ملنے والا، جان پہچان والا

ملاقاتی کمرہ: وہ کمرہ جس میں بیٹھ کر دوستوں سے بات چیت کرتے ہیں

مَلال: مذ، رنج، غم، دُکھ، کلفت

مَلال آنا: افسوس ہونا، غم کرنا، رنج و کدورت ہونا

مَلال اُٹھانا: دکھ برداشت کرنا، زحمت اٹھانا

ملالت: مو، رنج، کلفت، اداسی، غمگینی

مِلا لینا: شامل کر لینا، شریک کر لینا، مخالف کو اپنے گروہ میں کر لینا، مرتب کر لینا، دو تحریروں کا مقابلہ کر لینا

ملامت: مو، بُرا بھلا کہنا، ڈانٹ ڈپٹ، سرزنش

ملامت کرنا: ڈانٹنا، سرزنش کرنا

ملامتی: ملامت کے لائق، ملعون، فقیروں کا ایک گروہ

مِلان: ملاپ، اتحاد، اتفاق، دو نظریوں کا آپس میں مقابلہ کے لیے ملنا

ملانا: مرکب کرنا، مقابلہ کرنا، ملاقات کرانا، صلح کرانا

مُلّا: مُلّا، مسجد کا امام، مکتب کا مدرّس، دین دار

مُلّانی: ملا کی بیوی، معلمہ، استانی

مُلّانے: بہت سے ملا، علوم شرعیہ کے طلبا

مُلّا نے کھلانا: ملاؤں کی دعوت کرنا، مصلّی کھلانا، غریبوں کو کھلانا

مِلاوٹ: مو، آمیزش، سازش، کھوٹ

مَلائِک: مذ، ملک کی جمع، فرشتے

مَلائکہ: مذ، فرشتہ

مُلائم: نرم، پلپلا، بردبار، نازک، کمزور

مُلائمت: نرمی، پلپلاپن، بردباری

ملائی: مو، بالائی، دودھ کے اوپر کی پپڑی

ملائیاں کھانا: دوسرے کے مال سے نفع حاصل کرنا

مَلبا: مذ، کوڑا کرکٹ، خس و خاشاک، مکانات کے منہدم ہونے کے بعد اس کی اینٹیں

مُلتبس: التباس والا لباس، ملا جلا لباس پہنے ہوئے

مَلبوس: مذ، اتارے ہوئے کپڑے، اترن، لباس

ملبوسات: سلے سلائے کپڑے

مِل بیٹھنا: محبت سے بیٹھنا، کسی مسئلہ پر غور کرنے کے لیے جمع ہونا

مِلّت: فرقہ، شریعت، دھرم، میل ملاپ

مُلتجی: التجا کرنے والا، درخواست گزار، خواست گار

مُلتزم: التزام کرنے والا

مُلتفِت: التفات کرنے والا، توجہ کرنے والا

مُلتمِس: مذ، التماس کرنے والا، درخواست کرنے والا، عرضی گزار

مُلتوی: التوا میں پڑنے والا، تعویق میں پڑنے والا

مُلتوی ہونا: کسی مقررہ تاریخ کا آگے بڑھ جانا

مُلتہب: التہاب والا، بھڑکانے والا

مُلتہب: شعلہ زن، بھڑکنے والا، بھڑکا ہوا

مَلجا: مذ، پناہ گاہ، ملنے کی جگہ، مامن

مَلجا و ماوا: پناہ حاصل کرنے کی جگہ

مِل جانا: مذ بھیڑ ہو جانا، صلح ہو جانا، حاصل ہو جانا، شرکت کرنا

مِل جُل کر: اتحاد و اتفاق کے ساتھ

مَلچھ: پلید، اگھوری، کافر، بے دین

مِلح: مذ، نمک، نون، کھار، شور

مُلحِد: الحاد والا، دین سے پھرا ہوا

مُلحق: ملا ہوا، منسلک

ملحق کرنا: ملانا، ضمیمہ بنانا، شامل کرنا

ملحوظہ: خیال کیا ہوا، مروّت کیا ہوا

ملحوظِ خاطر: دل سے خیال رکھا ہوا، دلی توجہ

ملحوظ رکھنا: لحاظ رکھنا، یاد رکھنا، دھیان دینا

مَلخ: سونڈی

مُلخّص: خلاصہ لیا ہوا، تلخیص کیا ہوا، مختصر

مُلذّذ: لذت بخش، فرحت بخش

مُلزوم: لازم کیا ہوا، مجرم، خطا کار

مُلزوم: لازم کیا ہوا، شریکِ حال

مُلصَق: مذ، ملا ہوا، الصاق کیا ہوا، ملحق

ملعون: مذ، لعنت کیا ہوا، پھٹکارا ہوا، دھتکارا ہوا

ملغوبا: مذ، آلائش، اوجھڑی

ملفوظ: پڑھا ہوا، وہ حرف جو پڑھنے میں آئے، بزرگانِ دین کی باتیں

ملفوظات: وہ کتاب جس میں کسی بزرگ کے اقوال کو جمع کیا جائے

ملفوف: لپٹا ہوا، خط جو اوپر سے مہر کیا ہو

مُلقّب: لقب دیا ہوا، خطاب دیا ہوا

مَلَک: فرشتہ

مَلَکُ الموت: فرشتہ موت، عزرائیلؑ

مَلَک خصلت: فرشتہ صفت، سیدھا سادہ، معصوم

مَلِک: مذ، بادشاہ، شاہ، حکمراں، شہزادہ، مسلمانوں کی ایک ذات

مَلِکُ الشعرا: راج کوی، وہ خطاب جو بادشاہ کی طرف سے کسی شاعر کو دیا جائے، اردو میں یہ خطاب محمد ابراہیم ذوق کو شاہ ظفر نے دیا تھا

ملک التجار: بہت بڑا تاجر، رئیس التاجرین

ملک العرش: خدا تعالیٰ

ملک زادہ: شاہزادہ

ملک زادی: شہزادی

مِلک: مو، ملکیت، قبضہ میں ہونا، جاگیر، وراثت

مِلکِ یمین: لونڈی، غلام، باندی

مُلک: مذ، وطن، کشور، ہمہن، قلم رو، احاطہ، پرگنہ

ملک بقا: ہمیشہ رہنے والا ملک، عاقبت

ملک داری: جہاں داری، نظام سلطنت کو ہاتھ میں لینا، انتظام سنبھالنا

ملک ستانی: ملک فتح کرنا، قبضہ کرنا، حکمرانی

ملک سے خارج کر دینا: ملک بدر کر دینا، معزول کر دینا، بن باس دینا

ملک عدم: وہ دنیا جہاں مرنے کے بعد روح قیام پذیر ہوتی ہے

مَلکات: مو، ملکہ کی جمع، عادتیں، خوبیاں، خصلتیں

ملکات رذیلہ: بُری خصلتیں، بری عادتیں جیسے حسد، بغض، کینہ، توزی، بخل وغیرہ

ملکات فاضلہ: اچھی خصلتیں اور عادات جیسے شجاعت، عدالت، میانہ روی وغیرہ

ملکوت: مذ، بادشاہت، حکومت، فرشتوں کی دنیا، عالم ارواح

ملکوتی: فرشتوں کے متعلق، فرشتوں جیسی

ملکوتی صفات: وہ شخص جس کی عادتیں فرشتوں جیسی ہوں، معصوم

مَلکہ: مذ، مہارت، مشق، لیاقت، جانکاری

مَلکہ حاصل ہونا: کسی کام میں مہارت تامہ حاصل ہونا، بہت تجربہ کار ہونا

مَلِکہ: قیصرہ، سلطانہ، بادشاہ، شہزادی

مَلکہ مسور: بڑے قسم کی مسور کی دال

مِلکی: مذ ملک والا، جاگیردار، زمین، قبرستان

مُلکی: ملک کا، ہم وطن، وطن میں بنا ہوا

مِلَل: مذ، ملت کی جمع، ملتیں، امتیں، قومیں

ملمع: چمکایا ہوا، درخشاں، چمکدار، سونے یا چاندی کا پانی چڑھایا ہوا

ملمع پھرنا: ملمع ہونا، سونا یا چاندی چڑھانا

ملمع ساز: ملمع کرنے والا

ملمع کار: جھوٹا، دغاباز، فریبی، ڈھونگی

ملمع کرنا: سونے یا چاندی کا پانی چڑھانا، چمکانا، جلا دینا

ملمع کھل جانا: حقیقت آشکارا ہو جانا، راز افشا ہو جانا

مَلمَل: ایک قسم کا باریک کپڑا

مَلمَلا: غمگین، اداس

ململاہٹ: مو، غمگینی، اداسی، پریشانی

مِل مِل کر رونا: گلے لگ کر رونا

مَل مَل کے دھونا: خوب اچھی طرح ہاتھ پاؤں دھونا

مِلَن: مو، ملاپ، اتحاد، اتفاق

ملنسار: خوش سے ملنے والا، خوش اخلاق

ملنساری: میل ملاپ، ربط وضبط

مَلنا: رگڑنا، ہاتھ دبا کے مالش کرنا، تیل وغیرہ بدن پر پوتنا

مِلنا: پیوستہ ہونا، ایک برادری کا ہونا، وصل ہونا، ملاقات ہونا، مشابہ ہونا، ایک رائے ہونا، لمس ہونا، چھو جانا

مَلنگ: مذ، بے خود، مست و روز الست، شاہ مدار کے پیرو، مجذوب

مَلوانا: مالش کرانا، برتن وغیرہ صاف کرانا

مِلوانا: ملاقات کرانا، تعارف کرانا، صلح و آشتی کرانا

مُلوث: لتھڑا ہوا، بھرا ہوا، ناپاک، نجس، پلید، کسی جرم میں شریک کار

ملوک: ملک کی جمع، بہت سے بادشاہ

ملوکانہ: شاہانہ، شاہ کی طرح، خسروانہ

ملول: ملال والا، غمگین، مضطر

مُلوّن: مذ، رنگ کیا ہوا، رنگ دار، قسم در قسم

مُلہٹی: مو، ملٹھی، ایک قسم کی میٹھی جڑ

مُلہَم: الہام کیا ہوا، القا کیا ہوا، وہ شخص جس کو خدا کی طرف سے کوئی پیغام ملے

مُلہِم: الہام کرنے والا، دل میں بات ڈالنے والا

مَلیا میٹ: بالکل برباد، تہس نہس

مَلیا میٹ کرنا: تہس نہس کرنا، صفحۂ ہستی سے مٹا دینا

ملی بھگت: سازش، کسی کے خلاف پوشیدہ کارروائی

ملیح: خوب صورت، سانولا، ملاحت والا

ملیدہ: مذ، مالیدہ، ملا ہوا، روٹی کو توڑ کر اس میں گڑ یا چینی ملا کر بنائی ہوئی چیز

ملیریا: مذ، موسمی بخار، مچھر کے کاٹے سے جو بخار ہو

ملیشیا: رضا کار فوج، سیاہی مائل کپڑا، ایک مسلم ملک جس کا دار الحکومت کوالالم پور ہے

مُلیّن: نرم کرنے والی، قبض کشا

مِلین: مذ، ملیون، دس لاکھ

مم: مذ، چھوٹے بچے کی زبان میں پانی، پستان

ممات: مو، موت، مرگ، مرنا

مُماثل: مذ، مساوی، برابر، مشابہت والا، مماثلت رکھنے والا

مماثلت: مو، مشابہت، یکسانی

ممارست: مو، مشق، تجربہ

ممالک: مذ، مملکت کی جمع، بہت سے ملک، صوبہ جات، پرگنے

ممالکِ غیر: بیرونی ممالک، خارجی سلطنتیں

ممالکِ محروسہ: وہ علاقے جن پر قبضہ ہو

ممالیک: مذ، مملوک کی جمع، ملکیت میں آیا ہوا، باندی، غلام

مُمانعت: مو، روک، بندش، حکم شریعت، روکنا

ممانی: مو، ماموں کی بیوی، مامی

ممبر: رکن مجلس، عضو ادارہ، حصہ دار، شریک کار

ممبر شپ: ممبری، رکنیت

ممتا: ماں کی محبت، لگاؤ، تعلق

مُمتاز: صاحب امتیاز، چنا ہوا، اعلیٰ، افضل، بزرگ تر، بڑھ کر

مُمتاز فرمانا، ممتاز کرنا: عزت بخشنا، اعزاز واکرام کرنا، تشریف لانا

مُمتحن: امتحان دینے والا، آزمایا ہوا

مُمتحِن: امتحان لینے والا، جوابی بیاض جانچنے والا، پرچہ سوالات ترتیب دینے والا

مُمتنع: مذ، منع کرنے والا، رکاوٹ ڈالنے والا، باز رکھنے والا

مُمثِّل: مذ، اداکار، کسی ناٹک یا فلم میں کام کرنے والا، مندوب

مُمد: مذ، مددگار، معین، کمک کار

مَمدوح: تعریف کیا ہوا، وہ شخص جس کی تعریف کی جائے

مَمدوحہ: مو، تعریف کی ہوئی، وہ عورت جس کی تعریف کی جائے

ممدودہ: مدوالا، وہ الف جس پر مد ہو (آ)

ممزوج: ملایا ہوا، ایک مزاج کیا ہوا

مُمسِک: بخیل، بکھی چوس، امساک بڑھانے والا

مُمکِن: جو ہو سکے، آسان، سہل، طاقت، قوت

مُمکِن الحصول: وہ شئے جس کا حاصل کرنا آسان ہو، آسان کام

مُمکنات: مذ، ممکن کی جمع، ایسی باتیں جن کا واقع ہونا غیر ممکن نہ ہو

مَملِکت: مو، ملک، وطن، پرگنہ، حکومت

مَملو: مذ، بھرا ہوا، پُر

مملوک: مذ، باندی، غلام، داشتہ

مملوک: قبضہ کیا ہوا، ہاتھ میں آیا ہوا، محروسہ، مقبوضہ، زیر نگیں

ممنوع: منع کیا ہوا، شریعت مطہرہ کی طرف سے پابندی، حرام

ممنون: مذ، منت کیا ہوا، احسان کیا ہوا، احسان مند، شکر گزار

ممنون ہونا: شکر گزار ہونا، احسان مند ہونا

ممنونیت: مو، احسان مندی، شکر گزاری

ممولا: مذ، ایک چھوٹا سا پرندہ جس کے پیٹ پر سیاہ دھاریاں ہوتی ہیں، گھسفور

ممی: مو، وہ لاش جس میں مسالہ لگا کر کسی تہ خانہ یا عجائب گھر میں رکھ دیا گیا ہو، لقماں

ممیانا: میں میں کرنا، بکری کے بچے کا بولنا

مُمیت: مذ، موت دینے والا، خدا تعالیٰ کا نام

ممیرا: ایک دوا جو آنکھ کے لیے مفید ہے

ممیرا: ماموں زاد، ماموں کا لڑکا

ممیری: ماموں کی لڑکی

مُمیِّز: تمیز کیا ہوا، مالک کیا ہوا

ممیزہ: بچانے اور فرق کرنے والی قوت

مَن: مذ، دل، خاطر، قلب، چالیس سیر کا وزن

مَن اُگلنا: سانپ کا اپنے مہرے کو نکالنا

مَن اُکتانا: دل بھر جانا، بےزار ہو جانا

مَن بسنا: دل میں سمانا، دل میں جگہ کرنا

مَن بھانا: مرغوب، پسندیدہ

مَن بھاری کرنا: کڑھنا، جلنا، غمگین ہونا

مَن بھر: ایک من وزن کے برابر، دل بھر، حسب مراد، چھک کے

مَن بھر جانا: سیر ہو جانا، چھک جانا

مَن چلا: بہادر، دلیر، بے باک، نڈر

مَن چلنا: دل کا راغب ہونا، مجنوں ہونا، کسی پر فریفتہ ہونا

مَن کا میلا، مَن کا کھوٹا: کینہ توز، کینہ والا، منافق، کینہ پرور

مَن کھٹا ہونا: جی برا ہونا، طبیعت کا نہ لگنا

مَن کی مَن میں رہنا: دل کی حسرت دل ہی میں رہ جانا، آرزو پوری نہ ہونا

مَن کی موج: دل کی ترنگ، جوش و خروش

مَن مانی: حسب خواہش، خود اختیاری

مَن مانی مراد پانا: اچھی طرح آرزو پوری ہونا

مَن موجی: خود سر، آوارہ منش

مَن موہن: من موہک، دل کش، دل آویز

مَن میلا کرنا: اداس ہونا، افسردہ ہونا، کبیدہ خاطر ہونا

مَن: احسان، منت

مَن وسلویٰ: وہ دسترخوان جو حضرت موسیٰ کی قوم پر خدا کی طرف سے اترا تھا

مِن: میں، سے، پر، اوپر، ماسوا

مِن اوّلہٖ اِلیٰ آخرہٖ: شروع سے آخر تک، ابتدا سے انتہا تک

مِن بعد: اس کے بعد، آگے، آئندہ، آگے چل کر

مِن جانب اللہ: اللہ کی طرف سے، مشیت ایزدی

مِنجملہ: سارے کے سارے، تمام، سب

من حیث المجموع: مجموعی حیثیت سے، بحیثیت مجموعی

مِن کل وجوہ: ہر طرح سے، بہر حال، بہر صورت

مِن وعَن: حرف بحرف، بجنسہٖ، ہو بہو، اسی جیسا

مِنیٰ: مذ، مکہ معظمہ کے نزدیک ایک جگہ جہاں حاجی 10 سے 12 ذی الحجہ تک قربانی کرتے ہیں

مُنّا: مذ، چھوٹا بچہ، لاڈلا، ننھا

مَنابر: مذ، منبر کی جمع، وہ اونچی جگہ جس پر کھڑے ہو کر خطبہ دیتے یا تقریر کرتے ہیں

منات: مذ، قبل از اسلام ایک بڑا بت جو کعبہ میں رکھا ہوا تھا

مُناجات: سرگوشی کرنا، کانا پھوسی، وہ نظم جس میں خدا کی بڑائی اور اپنی عاجزی ہو

مُناجاتی: مناجات کرنے والا

مُنادیٰ: مذ، پکارا ہوا، وہ شخص جس کو پکارا جائے

مُنادی: پکارنے والا، منادی کرنے والا، اعلان کرنے والا، بلانے والا

منادی پھرنا، منادی ہونا: اعلان ہونا، ڈھنڈورا ہونا

منادی پھیرنا، منادی کرنا: اعلان کرنا، ڈھنڈورا پیٹنا

مناديل: مو، مندیل کی جمع، رومال، انگوچھا، دست مال

منار، منارہ: مذ، نور کی جگہ، روشنی کا مقام، اذان خانہ، مسجد کا اونچا ستون

منازعت: مو، لڑائی کرنا، جھگڑا کرنا، تکرار کرنا

منازع فیہ: وہ مسئلہ جس پر دونوں فریقین میں اختلاف ہو

مَنازِل: مو، منزل کی جمع، ٹھہرنے کی جگہ، اترنے کا مقام، مقامات، مکانات

مُناسِب: نسبت رکھنے والا، صحیح، موزوں، لائق، زیبا

مَناسِک: مذ، نسک کی جمع، حج کے ارکان، حاجیوں کی عبادت کی جگہیں۔

مناصِب: مذ، منصب کی جمع، رتبے، عہدے

مناط: مذ، مقصد، مطلب، بنیاد

مناظر: مذ، منظر کی جمع، نظارے، وہ چیزیں جن کو دیکھا جائے

مُناظِر: بحث ومباحثہ کرنے والا، مناظرہ کرنے والا، نظریہ بیان کرنے والا

مُناظَرہ: بحث ومباحثہ کرنا، اپنے دلائل پیش کرنا، دوسرے مذہب کو باطل قرار دینے کی کوشش کرنا

منافر: نفرت کرنے والا، نفرت انگیز

منافرت: مو، نفرت، پرہیز، گھن

منافست: مو، ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرنا

منافع: مذ، منفعت کی جمع، فائدہ، سود، لابھ

منافعِ عمومیہ: عوام کے فائدہ کے لیے

منافعِ مستمرہ: وہ فائدہ جو مستقل حاصل ہوتے ہیں

منافع: نفع بخش، سودمند

منافق: مذ، دوغلا، ریاکار، دکھاوے والا

منافقت: مو، ریاکاری، نفاق کا کام

منافی: مذ، نفی کرنے والا، خلاف، ضد

مناقب: مذ، منقبت، بڑائی، تعریفیں، اچھائیاں، بھلائیاں

مناقشہ: مذ، لڑائی، جھگڑا، فساد، تقضیہ

مناقصہ: بحث ومباحثہ، ایک دوسرے کی بات کاٹنا

مناکحت: مو، نکاح کرنا، عقد کرنا، رشتۂ ازدواج میں منسلک کرنا

منّان: بہت احسان کرنے والا، بہت نیکی کرنے والا، خدا کا نام

منانا: روٹھے کو راضی کرنا، منعقد کرنا

مناہج: مذ، طریقے، نہج

مناہی: مو، ممانعت، ناجائز، خلاف شریعت

مُنبَت: اگایا ہوا، وہ نقش جو اپنی جگہ سے ابھرا ہو، نقش برجستہ

منبت کاری: بیل بوٹے کا کام جو لکڑی یا کپڑے وغیرہ پر کیا جاتا ہے

منبر: مذ، وہ اونچی جگہ جہاں کھڑے ہو کر خطبہ پڑھتے یا تقریر کرتے ہیں

منبع: مذ، سرچشمہ، سوتا، سوت، پانی کا ذخیرہ

منت: مو، عاجزی، خوشامد، احسان، بھلائی

منت اُٹھانا: احسان لینا، احسان ماننا

منت پذیر: احسان مند، شکر گزار

منت سماجت: خوشامد، لجاجت، عاجزی، گڑگڑاہٹ

منت کرنا: احسان کرنا، بھلائی کرنا

منت کش: احسان اٹھانے والا، احسان مند

منت گزار: شکر گزار، مشکور

منّت: مو نیت کرنا، ماننا، نذر و نیاز کرنا

منّت اُتارنا: آرزو پوری ہونے پر طاق بھرنا، فقیر کھلانا

منّت کا چراغ، منّت کی شمع: وہ چراغ یا شمع جو عورتیں مراد پوری ہونے پر مسجدوں میں جلاتی ہیں

منّت کے بال، منّت کے چوٹی: وہ بال یا چوٹی جو کسی بزرگ یا دیوتا کے نام بچے کے سر پر چھوڑتے ہیں

منّت ماننا: مراد مانگنا، کسی کی نذر و نیاز کر کے مراد چاہنا

منتخب: انتخاب کیا ہوا، انتخاب، مجموعہ

منتخب کرنا: چننا، پسند کرنا، اٹھا لینا، کسی ادارہ کا رکن بنا دینا

منتخب ہونا: چنا جانا، پسند کیا جانا، کسی ادارہ کا رکن ہونا

منتر: مذ، جادو، ٹونا، سحر

منتر پڑھنا: جادو کا عمل کرنا، افسوں کرنا

منتر پھونکنا: کچھ پڑھ کے کسی پر دم کرنا

منتر چلانا: سحر کرنا، جادو کرنا

منتری: وزیر، صدر، رہنما، مشیر

منتشر: بکھرنے والا، پھیلنے والا، تتر بتر، پراگندہ

منتشر کرنا: تتر بتر کرنا، بھگا دینا، مجمع کو ہٹا دینا

مُنتظِر: مذ، انتظار کرنے والا، راہ تکنے والا، راستہ دیکھنے والا

مُنتظَر: انتظار کیا ہوا، وہ شخص جس کا انتظار کیا جائے

مُنتظِر رہنا: مذ، راہ دیکھنا، موقع کی تلاش میں رہنا، امید لگائے رکھنا

مُنتظِم: انتظام کرنے والا، منصرم، ناظم

مُنتفع: مذ، نفع حاصل کرنے والا، فائدہ اٹھانے والا

مُنتقل: مذ، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا، مکان بدلنے والا

مُنتقِم: انتقام لینے والا، بدلہ لینے والا، دشمنی چکانے والا

منتقم حقیقی: اصلی بدلہ لینے والا، خدا

مُنتقِم مجازی: ظاہری بدلہ لینے والا، حاکم، بادشاہ، منصف

منتہی: انتہا کو پہنچا ہوا، انجام تک پہنچا ہوا

منتہی: مبتدی کی ضد، کسی علم میں اچھا درک رکھنے والا، اونچی جماعت کا طالب علم

منٹ: مذ، گھنٹے کا ساٹھواں حصہ، ساٹھ سیکنڈ کا وقفہ

منثور: مذ، بکھرا ہوا موتی، منتشر، منظوم کی ضد

مَن جانا: مان لینا، راضی ہو جانا

منجذِب: جذب ہونے والا، اثر کرنے والا

منجلاب: میلا پانی ڈالنے کی جگہ، میلا پانی

منجم: انجم شناس، اختر شناس، نجومی

مُنجمد: جما ہوا، انجماد شدہ

مَنجن: مذ، دانت صاف کرنے والا سفوف

منجیق: پتھر برسانے کی مشین

منجھدھار: درمیانی دھار، وسطی بہاؤ

منجھدھار میں پڑنا: کسی آفت میں مبتلا ہونا

منجھلا: بیچ کا، درمیان کا، وسطی، درمیانی

منجھلا روزہ: رمضان کے مہینے کا چودھواں روزہ

منجھلی: بیچ کی، درمیان کی، درمیان والی

منجیرا: مذ، وہ دو کٹوریاں جو طبلے کے ساتھ بجائی جاتی ہیں

مُنحرف: مذ، انحراف کرنے والا، مکر جانے والا

منحصر: مذ، گھیرنے والا، موقوف، وابستہ، تعلق یافتہ

منحنی: مذ، جھکا ہوا، ترچھا، نحیف، لاغر، دبلا

منحوس: مذ، بدبخت، شوم، بخت، برا، بد

منخر: مذ، ناک کا سوراخ

منداً: کم، ہلکا، کم قیمت کا، سستا

منداً بیچنا: سستے داموں بیچنا، اونے پونے بیچنا

منداً پڑ جانا، منداً پڑنا: کاروبار کا دھیما ہو جانا، نرخ کا گرنا، بھاؤ کم ہونا

منداً لگانا: سستا بیچنا، کم قیمت پر بیچنا

مُنداً: مذ، بگلا، ہریڑ

مندر: مذ، گھر، شوالہ، صنم خانہ، بت کدہ، عبادت گاہ اہل ہنود

مندرِج: درج ہونے والا، لکھا جانے والا، لکھا ہوا، اندراج یافتہ

مندرجہ: درج کیا ہوا، لکھا ہوا، تحریر کیا ہوا

مندرجۂ بالا: اوپر لکھا ہوا

مندرجۂ ذیل: نیچے لکھا ہوا

مُندری: کان میں پہننے کا چھلا، انگوٹھی

مُندریا: مندری کی تصغیر، چھوٹی انگوٹھی

مُندفع: دفع ہونے والا، ختم ہونے والا

مُندمِل: بھرنے والا زخم

مُندنا: بند ہو جانا، آنکھیں بند ہو جانا

مندوب: مذ، نمائندہ، وہ شخص جو کسی جلسہ میں کسی ادارہ کی نمائندگی کر رہا ہو

مندی: مو، تجارت کا کم چلنا، منداً

مندیل: مو، رومال، پگڑی، لنگی

مَنڈا: ایک بنگالی مٹھائی، چپاتی روٹی، آنکھ کی چھلی

مُنڈا: منڈا ہوا سر، بے شاخ کا درخت، بے سینگ کا چوپایہ، لڑکا، بچہ

مُنڈاسا: مذ، پگڑی، دستار، عمامہ

منڈاسا باندھنا: پگڑی استعمال کرنا، بے لباسی کرنا

مُنڈانا: سر کے بال صاف کرنا، استرے سے صاف کرانا

منڈائی: مو، بال مونڈنے کی اجرت

منڈپ: مذ، شامیانہ، تقریب کی جگہ

مُنڈک: مذ، نائی، حجام، موتراش، آرائش گر

مَنڈل: مذ، گھیرا، انجمن، کمیٹی، صوبہ، ضلع

منڈلاتے منڈلاتے پھرنا: اِدھر اُدھر مارے مارے پھرنا، سرگرداں پھرنا

منڈلانا: چکر لگانا، ہر پھر کے آنا، بار بار آنا، سر کے اوپر چکر لگانا

منڈلی: مو، ٹولی، گروہ، جتھا، حزب، جماعت

مُنڈن: مذ، سر کا منڈایا جانا، بچے کے سر کو پہلی بار منڈوانے کی تقریب

مُنڈنا: استرہ سے صاف کرنا، بال صاف کرنا، لٹنا، فریب کھانا

منڈوا: مذ، تھیٹر، تماشا گاہ، شامیانہ

مُنڈوانا: منڈنے کا کام کرانا، بال صاف کروانا، فریب سے خرچ کرنا

منڈھا چھوانا: شادی کے لیے چھپر بنوانا، چھوٹی سی جھونپڑی بنوانا

منڈھوانا: چھوانا، چھپانا، مڑھوانا، ذمے لگوانا

منڈھوائی: منڈھنے کی مزدوری، چھوانے کی مزدوری

منڈی: مو، تھوک تجارت کی جگہ، تجارت گاہ، بازار، ہاٹ، پینٹھ، گزری

منڈی لگنا: منڈی کا کاروبار شروع ہونا، بازار لگنا، مجمع اکٹھا ہونا

منڈیا: مو، مونڈ کی تصغیر، چھوٹا سا سر، ذرا سی کھوپڑی

منڈیر: مو، دیوار کا اوپری ڈھلوان حصہ، مینڈ

منڈیر باندھنا: پشتہ بنانا، ذرا سی دیوار اٹھا کر حد بنانا

منڈیری: مو، منڈیر کی تصغیر، چھوٹی منڈیر

منزل: مو، منزول کی جگہ، اترنے کی جگہ، سرائے، مرحلہ

منزل اٹھانا: عمارت تعمیر کرنا، گھر بنانا

منزل اوّل: پہلی منزل، قبر، موت

منزل بھاری ہونا: سفر کا دشوار ہونا

منزل پر پہنچنا: مقام متعین پر پہنچنا

منزل دینا: جنازہ کو راستہ میں ذرا سی دیر کے لیے رکھ دینا، مردے کو آرام دینا

منزل طے ہونا: سفر کا پورا ہونا، مسافت طے ہونا

منزل مارنا: سفر ختم کرنا، مشکل پر قابو پانا

منزلِ مقصود: وہ جگہ جہاں جانے کا ارادہ ہو

منزلِ مقصود کو پہنچنا: مقصد حاصل ہونا، ٹھکانے پر پہنچنا

منزول: مذ، نیچے اتارا ہوا، نازل کیا ہوا

مُنزِل: اترنے والا، نیچے آنے والا

مُنزِل ہونا: جھڑنا، انزال ہونا، منی کا خارج ہونا

منزلہ: درجہ کا، کھنڈ والا، طبقہ کا

مُنزّہ: مذ، عیبوں سے پاک، مبرا

مِنسٹر: وزیر، صدر، دیوان، مدار المہام

منسرح: مذ، آسان کیا ہوا، علم عروض میں ایک بحر

منسک: مذ، عبادت کی جگہ، مکہ میں وہ جگہ جہاں حاجی قربانی کرتے ہیں

مُنسلِک: مذ، ساتھ لگا ہوا، مندرج، شامل

مُنسلِک کرنا: منتخی کرنا، ساتھ میں ملانا

منسوب: مذ، نسبت دیا ہوا، جس سے شادی کی بات طے ہوگئی ہو

منسوبہ: جس سے منگنی ہوگئی ہو، جس سے نکاح ہوگیا ہو

منسوخ: رد کیا ہوا، فسخ کیا ہوا، چھوڑا ہوا

منسوخی: رد کیا جانا، فسخ کیا جانا

مَنُش: مذ، آدمی، مرد، شخص، شوہر، خاوند

مَنش: مو، طبیعت، عادت، خو، خصلت

مَنشا: مذ، مراد، مطلب، خواہش، مدعا

مُنشرِح: مذ، کھلنے والا، انشراح ہونے والا، واضح ہونے والا

مُنشرَح: مذ، پھیلا ہوا، واضح، ظاہر، کھلا ہوا

مُنشعِب: مذ، شاخ در شاخ، پراگندہ، پھیلا ہوا

منشور: مذ، تتر بتر، بکھرا ہوا، کسی سیاسی جماعت کا ضابطہ، دستور

مُنشی: مذ، انشا پرداز، حساب کتاب کرنے والا، کاتب

منشی خانہ: مذ، وہ جگہ جہاں افسروں کے منشی قیام کرتے ہیں

منشی گری: منشی کا پیشہ

مُنشیانہ: منشی جیسی، منشی کے کام کی اُجرت

مَنصب: مذ، رتبہ، مرتبہ، عہدہ، درجہ

مُنصرِف: مذ، پھر جانے والا، باغی، منحرف

مُنصرِم: مذ، انصرام کرنے والا، منتظم، معتمد، ناظم

مُنصِف: مذ، انصاف کرنے والا، حاکم، جج

مُنصِف مزاج: وہ شخص جس کی طبیعت میں انصاف بھرا ہوا ہو

منصفانہ: از روئے انصاف، صحیح صحیح

منصفی: عدل، انصاف، کچہری، عدالت

منصوبہ: مذ، تجویز، تدبیر، پلان

منصوبہ بندی: کسی کام کا خاکہ یا نقشہ بنانا، عملی تجویز پیش کرنا

مَنصور: مدد دیا ہوا، نصرت بخشا ہوا، فتح یاب، کامیاب

منصوص: مذ، ظاہر کیا ہوا، قرآن شریف کی وہ آیت جس میں تاویل کی گنجائش نہ ہو

مَنصّہ: مذ، ظاہر ہونے کا مقام، جلوہ گاہ، وہ جگہ جہاں

دولہن کو بٹھا کر دکھلاتے ہیں

منصۂ شہود: ظاہر ہونے کی جگہ، جلوہ دکھانے کی جگہ

منضبط: مذ، انضباط پایا ہوا، حیطۂ تحریر میں لایا ہوا

منطبع: مذ، چھپنے والا، نقش ہونے والا

مُنطفی: مذ، بجھنے والا، اطفا ہونے والا، بجھا ہوا

مَنطِق: مو، نطق، گویائی، گفتگو، بات چیت، علم مناظرہ

منطق بگھارنا: حجت کرنا، ایران توران کی ہانکنا، بے پر کی اڑانا

منطقہ: مذ، دائرہ، حلقہ، گول لکیر

منطقۃ البروج: وہ حلقہ جس میں بارہ آسمانی برج واقع ہیں

منطقہ باردہ: وہ علاقہ زمین جہاں سال بھر شدید سردی پڑتی ہے

منطقہ باردہ جنوبی: قطب جنوبی کے چاروں طرف کا حصہ جہاں بہت سردی ہوتی ہے

منطقہ باردہ شمالی: قطب شمالی کے قریب کا وہ خطہ جہاں پورے سال برف رہتی ہے

منطقہ حارّہ: خط استوا کے قریب کا وہ علاقہ جہاں گرمی زیادہ ہوتی ہے

منطقہ معتدلہ: زمین کا وہ علاقہ جہاں سردی کم پڑتی ہے

منطقی: منطق سے منسوب، علم منطق کا ماہر

منطوق: مذ، بولا ہوا، کلام، سخن، بات

منظر: مذ، دیکھنے کی چیز، سماں، سین، نظارہ، دریچہ

مَنظرِ عام: کھلی جگہ، سب کے سامنے، شارع عام

منظور: مذ، نظر کیا ہوا، دیکھا ہوا، مقبول، مانا ہوا

منظورِ خاطر: مقبول، پسندیدہ، مستند مانا ہوا

منظوری: مرضی، قبولیت، اجازت، پروانہ ملنا

منظوم: مذ، پرویا ہوا، منسلک کیا ہوا، شعر میں ڈھالا ہوا

منظومہ: منظوم، شعر، غزل

منع: مذ، روک، روکنا، رکاوٹ، خلاف شریعت

منع کرنا: روکنا، باز رکھنا، ڈرانا

منعقد: مذ، انعقاد ہونے والا

منعقد ہونا: منایا جانا، کوئی جلسہ یا تقریب ہونا، امتحان ہونا

مُنعکِس: مذ، عکس قبول کرنے والا، الٹا، اوندھا

مُنعِم: مذ، نعمت دینے والا، امیر، مالدار، سرپرست، دولت مند

منفذ: مذ، گزر، جگہ، سوراخ، مسام بدن

منفرجہ: پھیلا ہوا، کشادہ، وسیع

منفرجہ زاویہ: وہ زاویہ جو قائمہ سے بڑا ہو

مُنفرِح: مذ، مفرح، فرحت بخش، مسرت انگیز، شاد

مُنفرد: مذ، تنہا، اکیلا، یگانہ، واحد

مُنفصِل: مذ، حد کیا ہوا، الگ کیا ہوا

مَنفعت: مو، نفع، سود، فائدہ

مُنفعِل: مذ، اثر پذیر، شرمسار، نادم، پشیمان

مُنکی: رد کیا ہوا، مثبت کی ضد، گھٹایا ہوا

مُنقاد: مذ، تابع حکم، فرماں بردار

مِنقار: مو، چونچ، نوک

مَنقبت: مو، تعریف، ثنا، توصیف

مُنقضی: گزرا ہوا، بیتا ہوا

مُنقطع: مذ، قطع ہونے والا، کٹنے والا، فیصلہ کیا ہوا

مُنقلِب: مذ، انقلاب لانے والا، الٹنے والا، اوندھا

مَنقوش: نقش کیا ہوا، کھودا ہوا، تصویر بنایا ہوا

مَنقوط، مُنقوطہ: مذ، نقطہ دیا ہوا، نقطہ دار

مَنقول: مذ، نقل کیا ہوا، بیان کیا ہوا، لکھا ہوا

منقول عنہ: وہ کتاب جس سے عبارت نقل کی جائے

منقولہ: ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائی گئی، لے جانے کے قابل

منقولہ جائداد: وہ چیزیں جن کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاسکیں، روپیہ پیسہ

منقّی: مذ، صاف کیا ہوا، بڑی کشمش

مُنقّی: مذ، صاف کرنے والا، آلائش نکالنے والا

منکا: مذ، تسبیح کا دانہ، کسی پتھر کا ٹکڑا، مالا، تسبیح

منکا پھیرنا: تسبیح پھیرنا، کسی کا نام جپنا

مُنکر: مذ، بُرا، خراب، بد، زشت، غیر مشروع

منکر نکیر: دو فرشتوں کے نام جو مردے سے حساب لیتے ہیں

مُنکِر: مذ، انکار کرنے والا، منحرف، باغی

منکرِ نعمت: ناشکرا، ناشکری کرنے والا

منکر ہونا: انکار کرنا، اپنی بات سے پھرنا

منکسر المزاج: وہ شخص جس کی طبیعت میں انکساری و انساری ہو

منکشِف: بکشاف ہونے والا، کھلنے والا، واضح ہونے والا

منکوحہ: نکاح میں آئی ہوئی، شادی شدہ، گھر والی

منگانا: اپنے پاس بلانا، طلب کرنا، چاہنا

منگتا: مذ، فقیر، بھیک مانگنے والا، گدا

منگل گانا: خوشی منانا، آنند میں ہونا

منگنی: مو، ایک رسم جس میں شادی کی نسبت طے کرتے ہیں

منگولین: منگولیا کا باشندہ

منگیتر: مذ، منسوب، وہ لڑکا یا لڑکی جس کی نسبت طے ہوگئی ہو، نام زد

مِنمِن: آہستگی، دھیرے دھیرے، ڈھیل سے

مِن مِن کرنا: سستی سے کام کرنا، ناک سے بولنا

مُن مُن: بلّی کی صدا، پھس پھس، پس پس

منمنا سا: بہت چھوٹا سا، صغیر سن

منمنی: چھوٹی سی، کوتاہ قد، پستہ قامت

منمنی آواز: مو، ناک سے نکلنے والی آواز

مِنّتیں: مو، منت کی جمع، احسانات، بھلائیاں

منوال: نذ، ڈھنگ، طریقہ، رسم، رواج

مَنوانا: منظور کرانا، اقرار کرانا

مُنوّر: نذ، روشنی والا، روشن، درخشاں

منوہر: خوبصورت، حسین، جمیل، قبول صورت

مُنہ: نذ، سوراخ، چھید، دہان، موری، شکل، صورت، حوصلہ، قوت، اختیار

مُنہ آنا: منہ میں چھالے پڑ جانا، طعنہ دینا، بُرا بھلا کہنا

منہ اپنا سا لے کر رہ جانا: شرمسار ہونا، ندامت اٹھانا

منہ اُتر جانا، منہ اترنا: چہرہ بے رونق ہونا، چہرے کا روپ باقی نہ رہنا

منہ اُٹھا کر چلنا: راستہ دیکھ کر نہ چلنا، بے پروا ہو کر چلنا، دھکے مارتے چلنا

منہ اٹھا کر کہنا: بغیر سوچے بچارے کوئی بات کہنا

منہ اٹھانا: کسی طرف جانا، کہیں جانا، کہیں کا ارادہ کرنا

منہ اٹھے: تڑکے، صبح سویرے

منہ اجلا ہونا: چہرے کی رنگت نکھر آنا، سرخ رو ہونا، عزت بچنا

منہ اس قابل ہونا: اتنی قابلیت، اتنی لیاقت، اتنی استعداد، کسی قابل ہونا

منہ باتا: منہ کھولنا، اپنی کم عقلی پر خود ہنسنا، مرجانا

منہ باندھ کے بیٹھنا: منہ بند کر کے بیٹھنا، خاموش رہنا، چپ رہنا

منہ بِرا بنانا: رنجش ظاہر کرنا، ناراضگی ظاہر کرنا

منہ بسورنا: رونے کی شکل بنانا، روہاسی صورت بنانا

منہ بگاڑنا: غصہ کرنا، مار مار کے منہ ٹیڑھا کر دینا، منہ گھما کے ہنسنا

منہ بگڑ جانا: غصہ ہونا، منہ ٹیڑھا ہو جانا

منہ بنا لینا: ناراض ہو جانا، تیوری چڑھانا

منہ بند: خاموش، زبان بستہ، کنواری، بن بیاہی

منہ بند کر دینا: بولنے پر پابندی لگا دینا، بولنے سے روک دینا

منہ بند کر لینا: خاموشی اختیار کرنا، منہ پر کپڑا یا ہاتھ دھر لینا

منہ بند ہونا: خاموش ہونا، بات نہ کرنا، رُعب کا مندمل ہونا

منہ بولا: زبان سے کہا ہوا، نامزد کردہ

منہ بولی بہن، منہ بولی بیٹی: وہ عورت جسے زبان سے بہن یا بیٹی کہہ دیا جائے اگرچہ بیٹی نہ ہو

منہ بھرائی دینا: رشوت دینا، منہ بھر دینا

منہ بھر کے کوسنا: جی بھر کے کوسنے سنانا، خوب کوسنا

منہ بھر کے گالی دینا: فحش گالی دینا، بُری بُری گالیاں سنانا

منہ بھی سامنے نہ کرنا: ذرا سی توجہ نہ دینا، صورت بھی نہ دکھانا

منہ پر: سامنے، روبرو، آمنے سامنے، ہونٹوں پر

منہ پر آنا: لب پر آنا، زبان پر آنا

منہ پر آئی بات: زبان پر آئی ہوئی بات

منہ پر بات لانا: راز ظاہر کرنا، بھید کھولنا

منہ پر بحالی ہونا: چہرہ پر رونق ہونا

منہ پر پھٹکار برسنا: چہرہ کا بے رونق ہونا

منہ پر پھینک مارنا: غصہ سے کوئی چیز واپس کر دینا

منہ پر جانا: لحاظ کرنا، مروّت کرنا

منہ پر جوتی لگنا: نہایت شرمندگی اٹھانا، ندامت اٹھانا

منہ پر چڑھنا: سامنا کرنا، لڑنے کو تیار ہونا، بے ادب ہونا

منہ پر خاک اُڑنا: چہرہ بے رونق ہونا، چہرے کی چمک جاتی رہنا

منہ پر رونق آجانا: چہرہ پر بشاشت آجانا

منہ پر سیدھی پھیرنا: آمنے سامنے کہنا، خدا لگتی کہنا

منہ پر فاختہ اڑ جانا: چہرے کا فق ہو جانا، چہرے پر ہوائیاں اڑنا

منہ پر قفل لگ جانا: منہ پر تالے لگ جانا، خاموش ہو جانا، حق بات نہ کہنا

منہ پر لانا: زبان پر لانا، کہنا، بیان کرنا

منہ پر مہر کر دینا: منہ پر تالے لگا دینا، خاموش کر دینا، پابندی لگا دینا

منہ پر ناک نہ ہونا: شرم و حیا نہ ہونا، اپنی عزت کا خیال نہ ہونا

منہ پر نہ رکھنا: زبان پر نہ رکھنا، مزہ نہ چکھنا، سامنے نہ کہنا

منہ پڑنا: حوصلہ ہونا، افواہ ہونا، منہ میں داخل ہونا

منہ پسار کر رہ جانا: حیران رہ جانا، پشیمان ہونا، نادم ہونا

منہ پسارنا: کوئی چیز کھانے کے لیے منہ کھولنا، لالچ کرنا، خواہش کرنا

منہ پھٹ: منہ زور، دریدہ دہن، گستاخ، بدتمیز

منہ پھرانا: بے رخی اختیار کرنا، توجہ نہ دینا، خیال نہ کرنا

منہ پھیلا کر بیٹھنا: خفا ہو کے بیٹھنا، رنجیدہ ہو کر بیٹھنا

منہ پھُلانا: ناراض ہونا، منہ سجانا

منہ پھوڑ کر: بے شرمی سے، آزادانہ طور پر، بے باکانہ، نڈر ہو کر

منہ پھوڑ کر کہنا: بے غیرتی سے کہنا، بے شرم ہو کر کہنا

منہ پھیرنا: رخ موڑ دینا، الٹے پاؤں بھگا دینا

منہ پھیرنا: چہرہ گھمانا، بے وفائی کرنا، ناراض ہونا، بے زار ہونا

منہ پیٹنا: غصہ یا غم کی حالت میں منہ پر تھپڑ مارنا

منہ تک جگر آنا: کلیجہ منہ کو آنا، بہت پریشان ہونا

منہ تک کے رہ جانا: حیران و ششدر رہ جانا، ہکا بکا رہ جانا

منہ تکنا: چہرے کی طرف نظر ڈالنا، حسرت کی نظر سے دیکھنا، لاجواب ہونا

منہ تمتمانا: چہرہ لال ہونا، چہرے پر سرخی آنا

منہ تو دیکھو: میاں اس قابل بھی ہو، کچھ اور پڑھو لکھو

منہ جوڑنا: منہ جوڑ کے بیٹھنا، غیبت کرنا، کسی کی پیٹھ پیچھے بُرائی کرنا

منہ جھوٹا کرنا: رسماً چند نوالے کھانا، ساتھ دینا

منہ چاٹنا: پیار کرنا، ناز اٹھانا، محبت کرنا

منہ چڑانا: کسی کی نقل اتارنا، بدشکل نقل کرنا

منہ چڑھانا: عزت بخشنا، سر پر چڑھانا، گستاخ بنانا

منہ چھپانا: وہ شخص جو شرم کی وجہ سے کسی کے سامنے نہ آئے

منہ چھٹ: منہ پھٹ، بدلگام

منہ در منہ: آمنے سامنے، روبرو

منہ در منہ کہنا: سامنے کہنا، بے جھجک کہنا، خدا لگتی کہنا

منہ دکھانے کے قابل نہ رہنا: فرطِ ندامت سے سامنے آنے کے قابل نہ رہنا

منہ دے کر بات کہنا: توجہ سے بات کرنا، غور سے بات سننا

منہ دیکھ: ذرا اپنی حیثیت کو دیکھ، اپنی قابلیت پر نظر رکھ

منہ دیکھ کر بات کرنا: کسی کے سامنے خوشامد کی باتیں کرنا

منہ دیکھ کر رہ جانا: ناامید ہونا، آس باقی نہ رہنا

منہ دیکھی: سامنے کی، خوشامدانہ، چاپلوسی کی

منہ دیکھی کہنا: طرف داری کرنا، خوشامد کی بات کرنا

منہ دینا: برتن میں جانور کا منہ ڈالنا

منہ دھانپ ڈھانپ کر رونا: زار زار رونا، بہت رونا

منہ رکھنا: لحاظ کرنا، مروت کرنا، رعایت کرنا

منہ روشن ہونا: چہرہ پر رونق آنا

منہ زبانی: زبانی، وہ امتحان جو تحریری نہ ہو

منہ زرد ہونا: چہرہ کا پیلا پڑ جانا، چہرے کی رونق باقی نہ رہنا

منہ زور: منہ پھٹ، بدلحاظ، بے مروّت، بدخُلق

منہ زوری: بدلحاظی، بے مروّتی، بدخلقی

منہ زہر ہونا: منہ میں تلخی ہونا، منہ کڑوا ہونا

منہ سرخ ہو جانا: غصہ سے چہرہ کا لال ہونا

منہ سکوڑنا: ناک بھوں چڑھانا، بُرا ماننا، ناراضی ظاہر کرنا

منہ سلونا کرنا: میٹھی چیز کے بعد کوئی نمکین چیز کھانا

منہ سنبھالنا: زبان کو قابو میں رکھنا، زبان کو لگام دینا

منہ سوکھنا: منہ خشک ہو جانا، دُبلا ہو جانا

منہ سے اُگلنا: دل کی بات نوک زبان پر لانا، راز ظاہر کرنا

منہ سے بس کرنا: زبان سے انکار کرنا، کافی سمجھنا

منہ سے پھوٹنا: جواب دینا، زبان سے بیان کرنا

منہ سے پھول جھڑنا: شیریں کلام ہونا، بہت فصاحت سے بات کرنا

منہ سے تو پھوٹو: کچھ تو بولو، زبان تو کھولو، خاموش کیوں ہو، بولتے کیوں نہیں

منہ سے دودھ کی بُو آنا: ناسمجھ بچہ ہونا، کم سن ہونا، گھامڑ ہونا

منہ سے رال ٹپک پڑنا: بڑی خواہش ہونا، بہت چاہنا

منہ سے سیاہی دھونا: بدنامی کو ختم کرنا، روسیاہی کے اثرات ختم کرنا

منہ سے کام لاف مت نکالو: بُری بات نہ بولو، خاموش رہو

منہ سے لعل اُگلنا: بہت خوش کلام اور خوش گفتار ہونا، فصیح ہونا

منہ سے منہ ملانا: بوسہ لینا، زبان سے زبان ملانا، گستاخی کی بات کرنا

منہ سے نکل جانا: زبان پر کوئی بات فی البدیہہ آجانا

منہ سے نکلی کوٹھوں چڑھی: بات زبان سے نکلتے ہی پھیل جاتی ہے

منہ سے نکلی ہوئی پرائی بات: کوئی بات زبان سے نکلنے کے بعد راز نہیں رہ سکتی

منہ سیاہ کرنا: منہ کالا کرنا، بدنام کرنا، زنا کرنا

منہ سی دینا: چپ کر دینا، زبان پر پابندی لگا دینا

منہ شکر سے بھر دینا: اچھی خبر سنانے کے بدلے میں منہ میٹھا کرنا

منہ فق: بے حواس، سراسیمہ، پریشان خاطر

منہ فق ہونا، منہ فق ہوجانا: چہرہ سفید ہوجانا، اوسان قائم نہ رہنا، خوف کھانا

منہ کا روغن اڑ جانا: چہرہ کی چمک باقی نہ رہنا

منہ کا سچا: زبان کا سچا، قول کا پکا، وعدہ کا نبھانے والا

منہ کالا کرنا: چہرے پر سیاہی پھیرنا، ذلیل کرنا، زنا کرنا، بُرا کام کرنا

منہ کا نوالہ: لقمہ، نہایت آسان کام، ادنیٰ درجہ کا

منہ کا نوالہ سمجھنا: کم درجہ کا اور آسان سمجھنا

منہ کا نوالہ ہوجانا: منہ میں چلا آنا، آسان ہوجانا

منہ کرنا: سوراخ بنانا، زخم یا پھوڑے کا منہ ظاہر ہونا

منہ کس کا ہے: کس کی مجال، کس کی طاقت ہے

منہ کو آگ لگانا: منہ میں آگ لگا لینا، ملنا جلنا، بند کرنا، کوسنا، بُرا بھلا کہنا

منہ کو خون لگنا: خون کی چاٹ لگنا، رشوت کھانے کی عادت پڑنا

منہ کو سنبھالنا: زبان سے بُری بات نہ نکالنا، گالی نہ بکنا، غیبت نہ کرنا

منہ کو کالک لگانا: رسوا کرنا، ذلیل کرنا، فضیحت کرنا

منہ کو لگنا: مزہ پڑنا، اچھا لگنا، عادت پڑ جانا

منہ کو لہو لگنا، منہ کو خون لگنا: خون کی چاٹ پڑ جانا، مفت خوری کی عادت ہوجانا

منہ کو مزہ لگا دینا: اچھی چیزیں کھانے کا عادی بنانا، چٹورین کی عادت ڈالنا

منہ کھل جانا: منہ پھٹ ہو جانا، دلیر ہو جانا، بے حیا ہو جانا، چہرے سے نقاب ہٹنا

منہ کھلوانا: بولنے پر مجبور کرنا، حقیقت بیان کروانا، سوال کرنا

منہ کھولنا: گفتگو کرنا، گالی گفتار کرنا، زبان درازی کرنا

منہ کی آنا: آمنے سامنے طعنہ دینا، روبرو طعنے کی بات کہنا

منہ کی بات چھین لینا: دوسرے کے دل کی بات کہہ دینا، ایک رائے ہو جانا

منہ کی کچی: وہ تلوار جس کی باڑھ مضبوط ہو، عہد کی پکی عورت

منہ کی کھانا: اوندھے منہ گرنا، پٹائی ہونا، ہار جانا، نقصان اٹھانا

منہ کے کوے اڑ جانا: چہرہ اجلا ہو جانا

منہ کے لچھن جھڑنا: بے غیرت بننا، حیا باقی نہ رہنا

منہ لال ہو جانا: غصے سے چہرہ لال ہو جانا، شہرت و کامیابی حاصل کرنا، طمانچے لگنے سے منہ سرخ ہونا

منہ لٹکانا: ناراض ہونا، شرم کے مارے منہ نیچے کرنا

منہ مارنا: کاٹنا، ڈسنا، شکار کو منہ سے مارنا، جلد جلد کھانا

منہ مانگا: حسب خواہش، منشا کے مطابق، جیسا چاہا

منہ مانگنا: مراد چاہنا، منت مانگنا

منہ مانگی مراد: دلی آرزو، دلی چاہت

منہ مانگے دام: اپنی خواہش کی قیمت

منہ مسل ڈالنا: منہ ہاتھ سے رگڑ دینا، منہ توڑ جواب دینا

منہ موڑنا: کسی کا ساتھ چھوڑ دینا، توجہ نہ کرنا، بے مروتی کرنا، بے رخی کرنا

منہ میٹھا کرنا: مٹھائی کھلانا، نذرانہ پیش کرنا، منگنی کرنا، نسبت طے کرنا

منہ میں بات کرنا: منہ میں بولنا، اس طرح بات کرنا کہ سمجھ میں نہ آئے، بہت آہستہ آہستہ بات کرنا

منہ میں پانی بھر آنا: طبیعت چاہنا، لالچ پیدا ہونا، حاصل کرنے کو جی چاہنا

منہ میں تنکا لینا: عاجزی اختیار کرنا، دست بستہ عرض کرنا، پاؤں چھونا

منہ میں خاک: گستاخانہ کلام کے جواب میں کہتے ہیں 'تیرے منہ میں خاک پڑے'

منہ میں روٹی سر پر چوٹی: بڑی بے عزتی کے بعد روٹی ملتی ہے

منہ میں زبان رکھنا: بولنے کی صلاحیت رکھنا، قوت گویائی رکھنا

منہ میں زبان نہ ہونا: بول نہ پانا، گونگا ہونا، بات نہ کر سکنا

منہ میں کالک لگ جانا: رسوائی اور بدنامی ہونا

منہ میں گھنگھنیاں بھر کے بیٹھنا: بولنے کے موقع پر خاموش رہنا، چپ سادھنا

منہ میں مہر لگانا: چپ ہو جانا، خاموش رہنا

منہ نہ دکھانا: شرم کے مارے چھپ جانا

منہ ہونا: حوصلہ ہونا، جرأت ہونا، بحال ہونا

منہ ہی منہ میں: چپکے چپکے، اس طرح کہ کسی کو خبر نہ ہو

منہا: مذ، گھٹانا، نفی، مجرا، لے لینا، کاٹ لینا

منہا کرنا: حساب میں سے کم کر لینا، گھٹا دینا

منہاج: مذ، بڑی سڑک، طریقہ، طریقہ، ڈھنگ، طرز، تدریس و تعلیم

منہار: مذ، چوڑیاں بنانے اور فروخت کرنے والا، چوڑیاں بیچنے والا

منہارن: چوڑیاں بنانے اور فروخت کرنے والی، چوڑیاں بیچنے والی

منہاری: چوڑیاں بیچنے والی، منہار کا کام، منہاری کا پیشہ

مُنہدم: مذ، گرا ہوا، ڈھایا ہوا، ویران

مِنہدی: مو، ایک درخت جس کی پتیاں پیس کر سرخی کے لیے لگاتے ہیں، شادی کی ایک رسم، وہ نظمیں جو بیاہ اور محرم کی منہدی کے موقع پر سنائی جاتی ہیں

منہدی بنانا: منہدی پیسنا، تیار کرنا

منہدی تو پاؤں میں نہیں لگی ہے: کیوں نہیں آتے ہو، کیا چیز مانع ہے، بہانے تراشتے ہو

منہدی رچانا: ہاتھ پاؤں میں منہدی لگانا، ہاتھ پاؤں رنگین کرنا

منہدی کی ٹٹی: منہدی کے پودوں کی قطار

منہدی کی پچھلی: منہدی کا چور، وہ جگہ جو منہدی لگانے میں کہیں کہیں چھوٹ جاتی ہے

منہدی ملنا: منہدی لگانا

منہزم: مذ، ہزیمت خوردہ، شکست کھایا ہوا، ہارنے والا

منہضم: مذ، ہضم ہونے والا، تحلیل ہونے والا، گوارا ہونے والا

منہمک: مذ، کسی کام میں بہت مشغول، ڈوبا ہوا

منہیات: مذ، نہی کی جمع، وہ کام جن سے شریعت نے روکا ہے

مَنی: مو، موہومات، لفظہ

منی: مو، غرور، گھمنڈ، خودسری، سرکشی

منی آرڈر: وہ رقم جو بذریعہ ڈاک بھیجی جائے

منی آرڈر فارم: وہ کاغذ جس پر رقم اور پانے والے کا نام لکھا جاتا ہے

منی بیگ: نقدی رکھنے کا بٹوہ، چھوٹا سا تھیلا

منّی: مو، چھوٹی لڑکی، ننھی، گڑیا

منیب: مذ، آقا، سرپرست، رجوع کرنے والے

منیجر: مذ، ناظم، متصرم، انتظام کرنے والا

مُنیر: روشن، نور دینے والا، چاند، سورج

مُنیم: مذ، منتظم، حساب دار، کھاتہ نویس، محرر، منشی، حساب لکھنے والا

مَو: مو، جوانی، جوبن، خوشی، مرضی

مُو پر آنا: جوانی چھانا، جوان ہونا، جوانی آنا

مُو: مذ، بال

موباف: وہ چھوٹا سا کپڑا جس میں عورتیں اپنے بال گوندھتی ہیں

موبمو: ذرا ذرا، تمام، مکمل

موتراش: استرہ، نائی، حجام

موشگاف: بال کو چیرنے والا، نکتہ رس، بال کی کھال نکالنے والا

موشگافی: باریک بینی، شگرف بینی، ژرف نگاہی

موقلم: بالوں کا قلم، مصوری کا قلم، مرسم

موئے زہار: موئے زیر ناف، وہ بال جو ناف کے نیچے ہو

موئے کمر: موئے میاں، پتلی کمر والا محبوب

موئے مبارک: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سر اور داڑھی کے بال جو کہیں کہیں محفوظ ہیں

مواثیق: مذ، میثاق، عہد، وعدہ، معاہدہ، پیمان

مؤاج: بہت ہی موجیں مارنے والا، تند و تیز

مواجب: مذ، موجب کی جمع، مشاہرے، تنخواہیں، درماہے

مواجہہ: مذ، روبرو، آمنے سامنے، منہ کے سامنے

مواخذہ: مذ، پکڑ، پوچھ تاچھ، حساب

مواخذہ دار: جواب دہ، ذمہ دار

مواخذہ کرنا: پکڑ دھکڑ کرنا، گیر و دار، حساب لینا

مواد: مذ، مادّہ کی جمع، میٹریل، سامان، تری

مواد آنا: زخم سے راد کا نکلنا

مواد فاسد: راد، پیپ، خون وغیرہ

موازنہ: مذ، آپس میں وزن کرنا، مقابلہ کرنا، ملانا، تقابلی مطالعہ کرنا

مَواشی: مذ، ماشیہ کی جمع، چلنے والا جانور، مویشی، ڈھور

مَواصلات: مذ، مواصلت کی جمع، سامان لے جانے اور لانے کے ذرائع

مَواضع: مذ، موضع کی جمع، گاؤں، دیہات، مقامات، جگہیں

مواظبت: مذ، ہمیشہ کرتے رہنا، کام میں لگے رہنا، ہوشیار رہنا

مواعظ: مو، موعظہ کی جمع، پند، نصائح، اندرز، وعظ

مواعید: مذ، میعاد کی جمع، وعدے

مُوافق: مذ، مطابق، برابر، مشابہ، ہم درجہ

موافقت: مو، مطابقت، برابری، محبت، مروّت

موافقت آنا: موافق ہونا، طبیعت کا ایک رنگ ہونا

موافقت کرنا: ملنا، ملاپ کرنا، دل ملانا، محبت پیدا کرنا

مواقع: مذ، موقع کی جمع، محل، مناسب وقت

مواقف: مذ، موقف کی جمع، ٹھہرنے کی جگہیں، حکومت کی خارجی اور داخلی مصلحتیں

مُوالات: مو، آپس میں محبت کرنا، سلوک کرنا، اتحاد، اتفاق

موالی: مذ، مولیٰ کی جمع، غلام، چاکر، یار، دوست

موالید ثلاثہ: جمادات، نباتات اور حیوانات

موانست: مو، آپس میں اُنس ہونا، یگانگت ہونا

موانع: مذ، مانع کی جمع، روکنے والے، رکاوٹیں

مواہب: مذ، موہبت کی جمع، خدا کی نعمتیں، شفقتیں، عطیتیں

موائد: مذ، مائدہ کی جمع، دسترخوان، کھانے کی میز

موپلا: کیرالا کا ایک مسلم قبیلہ

مُوت: مذ، پیشاب، نطفہ، اولاد، لڑکا

مُوت اٹکنا: پیشاب کا رُک جانا

مُوت دینا: پیشاب خطا ہو جانا، خوف کے مارے موت نکل جانا

مُوت آنا: مٹھاس معلوم ہونا، پیشاب کی حاجت ہونا

مُوت کی دھار پر مارنا: کسی رتبہ کا نہ سمجھنا، کم تر سمجھنا

مُوت کے ریلے میں بہا دینا: بے عزتی اور بے قدری کرنا، برے کام میں روپیہ لٹانا

مَوت: مو، مرگ، قضا، مرنا، زوال، بربادی

موت آ جانا: انتقال کرنا، دنیا سے کوچ کر جانا

موت آنا: مرنا، دیر کرنا، ناپسند ہونا، مشکل معلوم ہونا

موت اور گاہک کا کوئی اعتبار نہیں: مرنے کے لیے ہر وقت تیار رہنا چاہیے

موت پڑنا: جان نکلنا، مشکل معلوم ہونا، گھبرا جانا

موت چاہنا: موت مانگنا، اپنے لیے بددعا کرنا، زندگی سے گھبرا جانا

موت سر پر کھڑی ہے: موت سر پر کھیلتی ہے، مرنے کا وقت قریب ہے

موت کا بازار گرم ہونا: کثرت سے موتیں ہونا، وبا پھیلنا

موت کا سامنا ہونا: موت سامنے ہونا، جان جوکھوں میں ڈالنا

موت کا فرشتہ: ملک الموت، عزرائیل، جان کا دشمن

موت کا کھانا: وہ کھانا جو میت ہو جانے پر لوگوں کو کھلایا جاتا ہے، حاضری

موت کا مرض: مرض الموت، وہ بیماری جس سے آدمی جان بر نہ ہو سکے

موت کی گھڑی: مرنے کا وقت، نزع کا عالم

موت کی ہچکی آنا: نزع کے وقت ہچکیاں آنا

موت کے دن پورے کرنا: جیسے تیسے کر کے زندگی گزارنا

موت کے گھاٹ اتارنا: مار ڈالنا، قتل کر ڈالنا، جان لے لینا

موت نظر آنا: سخت مشکل میں پھنسنا، موت دکھائی دینا

موت نے گھر دیکھ لیا ہے: آفت و مصیبت نے گھر کا راستہ دیکھ لیا ہے

موت لائی ہے: موت لے کر آئی ہے

موت ہونا: مرنا، دنیا سے گزرنا، مصیبت ہونا

موتی: مذ، میت کی جمع، مرے ہوئے، مردے، مردگاں

موتمر: مو، مجلس مشاورت، کانفرنس

موتھا: مذ، ایک قسم کی چھوٹی گھاس

موتی: مذ، گوہر، دُرّ، ایک قیمتی پتھر

موتی اُگلنا: شیریں کلامی کرنا، فصاحت و بلاغت سے گفتگو کرنا

موتی برسانا: موتی لٹانا، نفیس گفتگو کرنا، اچھی گفتگو کرنا

موتی پرونا: موتی گوندھنا، موتی کو ایک دھاگے میں داخل کرنا، خوش خط تحریر کرنا، اچھا مضمون لکھنا

موتی جھرا: ایک بیماری جو عام طور پر بچوں کو ہو جاتی ہے، ٹائیفائڈ

موتی جھیل: ایک خوب صورت تالاب جو بیش باغ لکھنؤ میں ہے

موتی چگنا: موتی کھانا، متمول بننا، صاحب ثروت ہونا

موتی چور: موتی کے چورے جیسا، ایک مٹھائی

موتی چھیدنا: ازالۂ بکارت، موتی میں چھید کرنا

موتی رولنا: اچھی طرح دولت بٹورنا، مفت کا مال حاصل کرنا

موتی سی آبرو پر پانی پھرنا: بدنام ہونا، رسوائی ہونا

موتی کوٹ کوٹ کر بھرنا: بہت حسین و جمیل بنانا، حسن کاری کرنا

موتی کی آب: موتی کی درخشانی، چمک

موتی کی سی آب ہے: عزت، بہت نازک چیز ہے، عزت کی بربادی کا ہر وقت خطرہ ہے

موتی کی سیپی: سیپ، صدف، وہ خول جس میں موتی ہوتے ہیں

موتی محل: موتی کی بنی ہوئی خوبصورت عمارت، ایک عمارت جو لال قلعہ میں ہے

موتی مسجد: موتی کی بنی مسجدیں جو لاہور، آگرہ اور دہلی کے قلعوں میں ہیں

موتیوں کا نوالہ: بہت نفیس غذا، اچھی خوراک، عمدہ خورش

موتیوں کا تولنا: بڑی عزت کرنا، احترام اور اعزاز و اکرام سے پیش آنا

موتیا: موتی کی طرح، ایک قسم کی چمیلی، بیلے کی ایک اچھی قسم

موتیا بند: آنکھوں کا ایک مرض جس میں آنکھوں میں پانی اتر آتا ہے

موٹا: موٹا، فربہ، تنومند، گوشت و پوست والا آدمی، بھدا کلا، جلی

موٹاپن: موٹا ہونا، موٹائی

موٹا جھوٹا: کم تر درجہ کا، گھٹیا قسم کا

موٹا دکھائی دینا: دھندلا دکھائی دینا، صاف نہ دکھائی دینا، ہلکا دکھائی دینا

موٹا قلم: جلی قلم، خفی کی ضد، وہ قلم جس سے حروف واضح طور پر لکھے جائیں

موٹا کام: وہ کام جس میں تدبر و تفکر کی ضرورت نہ ہو اور طاقت ہی سے کام چلے

موٹر: کار، ایک تیز رفتار مشینی گاڑی

موٹھ: مو، ایک قسم کا غلّہ

موٹھ: پکڑنے کا آلہ، قبضہ، دستہ، مٹھی، مشت، جادو

موٹھ چلانا: جادو کرنا، ٹونے کرنا، سحر کرنا

موٹھ مارنا: مٹھی بھر لینا، جادو کرنا، منتر پڑھنا، مشت زنی کرنا

موٹی: مو، موٹا کا مؤنث، فربہ عورت، دبیز، سخت، طاقت ور، مضبوط

موٹی اسامی: دولت مند، صاحب ثروت

موثر: مذ، تاثیر کرنے والا، اثر ڈالنے والا، کارگر

موج: مو، لہر، تلاطم، پانی کا چکر، جوش، ولولہ

موج آنا: جوش آنا، ولولہ اور اُمنگ پیدا ہونا، دھن سوار ہونا

موج تبسم: مسکراہٹ، ہلکی مسکراہٹ، خندۂ زیرلب

موج خیز: لہریں پیدا کرنے والا، طوفان پیدا کرنے والا

موج ریگ: وہ موج جو ریتے پر ہوا سے پیدا ہوتی ہے

موج زن: ٹھاٹھیں مارنے والا، لہریں مارنے والا

موج کرنا: ٹھاٹھ کرنا، عیش کرنا، عشرت کی زندگی بسر کرنا

موج میں آنا: لہر میں آنا، موڈ میں آنا

موج نسیم: صبح کی سرد ہوا کا جھونکا

موجب: سبب، باعث، واجب، ضرورت، لازم

مُوجد: کوئی نئی چیز بنانے والا، مخترع

مُوجز: مذ، ایجاز والا، مختصر، خلاصہ، اختصار، تلخیص، ملخص

مؤجل: مذ، مہلت دیا ہوا، موقع دیا ہوا، مقبل کی ضد

موجود: وجود والا، حاضر، سامنے، اب، اس وقت، مستعد، تیار

موجود رہنا: بہ نفس نفیس ہونا، حاضر ہونا، تشریف رکھنا، قریب رہنا، شریک ہونا

موجود کر دینا، موجود کرنا: پیش کرنا، فراہم کرنا، مستعد کرنا

موجودات: مو، وہ چیزیں جو خدا نے پیدا کی ہیں

موجودات لینا: حاضری لینا، حاضرین کی گنتی لینا، جائزہ لینا

موجودگی: مو، موجود ہونا، حاضر ہونا، پاس ہونا

موجودہ: حال کا، ابھی کا، اب کا، اس وقت کا، اس دور کا

موجہ: پسندیدہ، خوب، اچھا، نفیس، معقول

موجہ: موج، لہر

موجی: آزاد طبع، ظریف الطبع

موچ: مو، ٹیڑھا پن، لچک لچک، اونچی نیچی جگہ پر پاؤں پڑنے سے پاؤں میں درد ہو جاتا ہے

موچا: مذ، کیلے کا درخت، کونپل، نئی شاخ

موچن، موچنی: مو، موچی کی عورت

موچنا: مذ، بال اکھاڑنے کا آلہ

مونچھ، موچھ: مو، بروت، ہونٹوں کے اوپر کے بال

مونچھوں پر تاؤ دینا: گھمنڈ کرنا، تکبر ہونا

موچھوں سے چنگاریاں نکلنا: بہت غصے میں ہونا، آنکھیں سرخ ہونا

موچھوں کا کونڈا: وہ رسم جس میں عورتیں لڑکوں کے جوان ہونے پر نیاز دلاتی ہیں

موچھیں اکھڑوا دینا، اکھڑوانا: بے عزت کرنا، رسوا کرنا، فضیحت کرنا، موچھیں نچوانا

موچھیں نیچی کرنا: بڑے کے مقابلہ میں اکڑنا، بند کرنا

موچھندر: بڑی بڑی موچھوں والا آدمی، موچھیل

موچی: چمڑے کی چیزیں بنانے والا، کفش دوز

مُوحّد: توحید کا اقرار کرنے والا، سچا مسلمان

موحدانہ: سچے مسلمان کی طرح، سچے مومن کی طرح

مؤخر: آخر کیا ہوا، اخیر کا

مؤخر الذکر: وہ شخص یا چیز جس کا ذکر بعد میں ہو

مؤدّب: تادیب کیا ہوا، ادب سکھایا ہوا، با آدب، ادب والا

مؤدّبانہ: ادب کے ساتھ، مودب کے طور پر

مُودّت: مو، دوستی، محبت، لگاؤ، تعلق

مودی: اناج کا تاجر، بقال، دکاندار

مودی خانہ: مودی کی دکان، بنیے کی دکان

مؤذّن: مذ، اذان دینے والا، بانگی، وہ شخص جو مسجد میں اذان دینے پر مامور ہو

مُوذی: مذ، ایذا دینے والا، اذیت پہنچانے والا، ظلم کرنے والا

مُوذی پنا: موذی پن، موذی بننا، شرارت، بغاوت، ظلم

موذی کامال: ظالم کامال، کنجوس، بخیل، مکھی چوس کامال

مور: مذ، بور، آم کا پھول، کلی، شگوفہ

مور آنا: بور لگنا، آم میں پھول لگنا

مور: مذ، طاؤس، ایک خوب صورت پرندہ

مور: مو، چیونٹی

مور بال دار: وہ چیونٹی جس کے پر اگ آئے ہوں

مور وملخ: بہت زیادہ، بہ افراط، بہ کثرت، زیادتی کے ساتھ

مورتی: مو، بت، صنم، مٹی کا وہ ڈھانچہ جس سے بچے کھیلتے ہیں یا اس کی پوجا کرتے ہیں

مورث: مذ، وہ شخص جو ترکہ چھوڑ کر مرے، باپ دادا

مورث اعلیٰ: باپ، دادا، پردادا، خاندان کا بزرگ

مور چال: ورزش کا ایک قسم، مور کی طرح چلنا، کھائی، گڑھا، گڑھا

مور چھل: مور کے پروں کا بڑا پنکھا جسے جلوس کے ساتھ لے کر چلتے ہیں

مور کا چنگھاڑنا: مور کا بولنا، کوکنا

مور چنگ: ایک ساز، مور کی چال، مستانہ چال، مور کی سی گردن، صراحی دار گردن، خوبصورت اور لمبی گردن

مورچا: مذ، وہ کھائی جو قلعہ کے چاروں طرف

کھودتے ہیں، محاذ جنگ

مورچا باندھنا: کھائی کھودنا، جنگ کے لیے آمادہ ہونا

مورچا جیتنا: دشمن کے مورچے پر قبضہ جمالینا

مورچے پر جانا: میدان جنگ میں جانا، دشمن کے مقابلے کے لیے جانا

مورچہ: مذ، چیونٹی، زنگ، زنگار

مورچہ دوڑنا: زنگ لگ جانا، زنگ آلود ہونا

مؤرّخ: مذ، تاریخ لکھنے والا، تاریخ نویس، تاریخ داں

مؤرّخانہ: تاریخ نویسوں کی طرح کا

مورّخہ: لکھا ہوا، تاریخ دیا ہوا، مرقومہ

مورد: مذ، اترنے کی جگہ، ٹھہرنے کا مقام، پانی پینے کی جگہ، چشمہ، لغت، فرہنگ، جوہڑ

مورد الزام: وہ شخص جس پر الزام عائد ہو، ملزم

مورد عنایات: مورد لطف، مورد کرم، جس پر بخشش کی جائے، مہربانی کی جائے

مورکھ: نادان، ناسمجھ، جاہل

مورکھ پن: بے وقوفی، جہالت، دوہتائیت

مورنی: مو، مور کی مادہ، مادۂ طاؤس

موروثی: باپ دادا سے ورثہ میں ملا ہوا، خاندانی تجربہ اور علم

موری: مو، وہ سوراخ جس سے گندہ پانی گزرتا ہے

موری پر جانا: پیشاب کے لیے جانا

موری کا کیڑا: وہ بچہ جو پیدا ہوتے ہی مرجائے، گندی نالی کا کیڑا

موڑ: مو، وہ مقام جہاں پر راستہ دوسری طرف کو جائے، راستہ کا لیڑھا ہونا

موڑ توڑ: چکر، گھماؤ، پھیر

موڑ دینا: منہ پھیرنا، گھما دینا، ایک سمت سے دوسری سمت کر دینا

موڑ کا آزار: بواسیر کا مرض، بواسیر کی بیماری

موڑنا: گھمانا، چکر دینا، ایک سمت سے دوسری سمت کرنا

موڑھا: مذ، ایک قسم کی کرسی جو سرکنڈے سے بنتی ہے

موز: مذ، کیلا

موزوں: جچا ہوا، بنا ہوا، مناسب

موزوں طبع: وہ شخص جس کی طبیعت میں شعر گوئی اور شعر فہمی کا مادہ ہو

موزوں طبعی: شعر فہمی کی لیاقت، شعر گوئی کی صلاحیت

موزوں کرنا: شعر کو بحر کے مطابق لکھنا، صحیح اور درست کرنا

موزہ: مذ، جراب، جوراب، جرنا

موزہ ساز: موچی، کفش دوز

مُوسا: مذ، خالو، ماں کی بہن کا خاوند، چوہا، دوست

موسرا: مذ، چوہا، بڑا چوہا

موسری: مو، بڑی چوہیا

مَولد: مذ، ولادت کی جگہ، وطن، ملک، مسکن

مَولسری: مو، ایک درخت جس کے پھول بہت خوبصورت ہوتے ہیں

مؤلف: مذ، تالیف کرنے والا، لکھنے والا، بہت سی کتابوں سے ایک کتاب لکھنے والا

مؤلفہ: مو، تالیف کرنے والی، لکھنے والی، بہت سی کتابوں سے ایک کتاب لکھنے والی

مؤلم: مو، الم ناک، مصیبت دینے والا

مولنا: آم کے پیڑ میں پھول آنا، بور آنا، مور لگنا

مولود: مذ، پیدا شدہ، یوم ولادت، لڑکا، بیٹا، میلاد، وہ کتاب جس میں حضورؐ کی پیدائش کا ذکر ہو

مولود خواں: میلاد خواں، وہ پیشہ ور آدمی جو میلادیں پڑھا کرتا ہے

مولود شریف: میلاد شریف، وہ مجلس مبارک جس میں حضورؐ کی ولادت کا بیان ہو

مولودِ مسعود: اچھی قسمت والا بچہ

مولوی: مذ، مولا والا، مدرس، معلم، فقیہ

مولویت: مو، مولوی بننا، مولوی کی تعلیم، علمیت، فضیلت

مُولی: مو، ایک ترکاری جس کے پتے اور جڑ استعمال ہوتی ہے، ترب

مُولی کے چور کو سولی: ذرا سی بات پر سخت سزا

مُولی گاجر کی طرح: بہت بے قدری سے، بُری طرح، بڑی تعداد میں

مُوم: مذ، وہ چکنی چیز جو شہد سے حاصل کی جاتی ہے، نرم، نازک

مُوم بتی: موم سے بنا ہوا دیا، شمع

مُوم جامہ: وہ کپڑا جس میں موم کی تہ جمی ہو

مُوم کا کھلونا: وہ چیز جس میں لگاؤ نہ ہو

مُوم کرنا: نرم کرنا، دل کی سختی دور کرنا، فرماں بردار بنانا

مُوم کی مریم: بہت نازک عورت، موم کی گڑیا

مُوم کی ناک: وہ شخص جس کا اپنا کوئی نصب العین نہ ہو، ہرجائی

مؤمن: مذ، صاحب ایمان، ایمان دار مسلمان، مسلمان جولاہا اور شیعہ

مومی: موم کا بنا ہوا، موم جیسا رنگ والا

مومی شمع: موم بتی

مُومیٰ الیہ: مشار الیہ، وہ شخص جس کی طرف اشارہ کیا جائے، وہ آدمی جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہو

مومیا: مو، حفاظت کی خاطر مسالا لگی ہوئی لاش، لاش پر لگانے والی دوا، ممی

مومیائی: وہ دوا جس کو زخم کے اندمال کے لیے استعمال کرتے ہیں

مُونا: مذ، ٹوکرا، سانپ رکھنے کا ٹوکرا

مؤنث: تانیث ہونا، مادہ ہونا، مذکر کی ضد

مونج: مو، ایک طرح کی گھاس جس کی رسّی سے چارپائی بنتے ہیں

مونج کا بان: مونج کی رسّی

نخل: کھجور کا پیڑ، پیڑ، درخت، نہال

نخل ایمن: وادی ایمن کا وہ درخت جس پر موسیٰ نے جلوۂ خدا دیکھا

نخل بندِ کاف و نون: خداتعالیٰ

نخلِ حیات: زندگی، حیات، زیست

نخلِ طور: کوہ طور کا وہ درخت جس پر موسیٰ کو خدا کا جلوہ نظر آیا تھا

نخلستان: مذ، کھجور کے درختوں کا جھنڈ، ریگستان میں سبز علاقہ

نخوت: مو، کبر، گھمنڈ، خودبینی، خودداری

نخوت کی ہوا بھرنا: بہت متکبر ہونا

نخود: مذ، چنا، مٹر

نخود آب: ایک قسم کا شوربہ جو چنے کی دال اور گوشت سے تیار کیا جاتا ہے

ندا: مو، آواز، صدا، پکار

ندارد: کورا، خالی، نہ ہونا

عدارد کرنا: کسی چیز کو ختم کر دینا، نیست و نابود کر دینا

عدارد ہونا: نہ ہونا، ختم ہونا، نیست و نابود ہونا

ندّاف: مذ، روئی دھنکنے والا، دھنیا، منصوری

ندّافی: مو، روئی دھننے کا پیشہ

ندامت: شرمندگی، خجالت، شرم

ندامت زدہ: پشیمان، شرمندہ

ندرت: مو، نادر ہونا، انوکھا پن، کمیابی

ندما: مذ، ندیم کی جمع، مصاحب، جلیس، ہم نشین

ندوہ: مذ، مجلس، انجمن، سبھا، مجمع علمی

ندی، ندّی: مو، چھوٹا دریا، نالا

ندی کا اترنا: دریا کا پانی کم ہونا، سیلاب کا کم ہونا

ندی کا چڑھنا: ندی کا پانی بڑھنا، سیلاب کا زیادہ ہونا

ندیدہ: بغیر دیکھا ہوا، حریص، طامع، طمع کار، لالچی

ندیدی: حریص عورت، لالچی، طمع کار عورت

ندیم: مذ، دوست، ہم نشیں، ساتھی، مصاحب

نڈر: نہ ڈرنے والا، بہادر، دلیر، شجاع، بدلحاظ

نڈھال: پژمردہ، ضعیف و ناتواں، تھکا ماندہ

نذر: مو، منت، ساجت، چڑھاوا

نذر کرنا: تحفہ کے طور پر دینا، پیشکش کرنا

نذر دینا: کسی بزرگ کو کوئی چیز دینا، ارمغان دینا

نذر گزارنا: کسی کے سامنے نقدی رقم بطور ہدیہ دینا

نذر ماننا: منت ماننا، کسی بات کو اپنے اوپر لازم کر لینا

نذر ہے: حاضر ہے، موجود ہے، آپ کے لیے تحفہ ہے، ہدیہ پیش ہے

نذرانہ: مذ، وہ رقم جو نذر کے طور پر دی جائے، بھینٹ، تحفہ، ہدیہ

نذیر: مذ، خدا کا ڈر دلانے والا، حضور اکرم کا لقب

نر: مذ، مادہ کی ضد

نر و مادہ: مرد اور عورت، طبلہ کا دایاں اور بایاں

نرادھار: بے نیاز، بے وسیلہ

نراس: مایوسی، ناامیدی

نرا پڑھ: بے وقوف، احمق، اَن پڑھ، جاہل

نرَبل: کمزور، ناتواں، لاغر، نحیف

نربھے: بے خوف، نڈر، دلیر، بہادر، شجاع

نرجل: بے آب و گیاہ، ریگستان

نردوش: بے خطا، بے قصور، معصوم

نردوش ٹھہرانا: بے خطا سمجھنا، قصور ثابت نہ ہونا

نردھن: قلاش، غریب، فقیر

نردئی: سنگ دل، ظالم، جفا کار

نرگن: بے ہنر، صفات رذیل

نرلاج: بے شرم، بے حیا، بے باک

نرمَل: پاکیزہ، صاف، ستھرا

نرملی: ایک قسم کا بیج جس سے گندہ پانی صاف ہو جاتا ہے، ضلع دربھنگہ کی مشہور چاول منڈی

نراج: مذ، لاقانونیت، فوضویت، حکومت میں استحکام نہ ہونا

نرالا: انوکھا، سب سے جدا، نادر

نرالا پن: انوکھا پن، ندرت، خوبی، اچھائی

نرالی: نرالا کا مؤنث، انوکھی، نادر

نرانا: نرائی کرنا، باغ یا کھیت سے گھاس پھوس نکالنا

نرائی: کھیت سے گھاس اکھیڑنا

نرخ: بھاؤ، در، قیمت

نرخ توڑنا: قیمت کم کرنا

نرخ تیز ہونا: بھاؤ بڑھ جانا

نرخ چڑھانا: قیمت زیادہ کر دینا

نرخ نامہ: بازار کے نرخ کی فہرست، ریٹ لسٹ

نرخرا: مذ، حلقوم، گلے کی نالی

نرخرا بولنا: گھرگھرانا، جان گلے میں اٹکنا

نردبان: مو، زینہ، سیڑھی

نرذہ: مذ، چھوٹی ترازو

نرس: مو، تیماردار، تیمارداری کرنے والی عورت، پرستار، اسپتال کی ملازمہ

نرسری: مو، پودے اگانے کی جگہ، نہال گاہ، چھوٹے بچوں کی درس گاہ

نرسنگ: مرہم پٹی، تیمارداری کرنا

نرسنگ ہوم: وہ جگہ جہاں بیمار بھرتی ہو کر باضابطہ علاج کراتے ہیں، اسپتال

نرغہ: مذ، گھیرا، بھیڑ، انبوہ، دشواری

نرغہ ہونا: دشمنوں سے چاروں طرف گھیر لیا جانا

نرغے میں جان ہونا: جان مصیبت میں ہونا، مصیبت میں پھنس جانا

نرغے میں ڈالنا: تکلیف میں پھنسا رہنا

نرکل: مذ، نے، سرکنڈا، وہ لکڑی کا پودا جس سے قلم بناتے ہیں

نرگس: مذ، آنکھ جیسا ایک پھول، شاعری میں اسے بےنور تصور کیا جاتا ہے:

ہزاروں سال نرگس اپنی بےنوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا
(علامہ اقبال)

نرگس بیمار: محبوب کی آنکھیں، مست آنکھیں

نرگس مخمور: خمار آلودہ آنکھ، متوالی اور مست آنکھ، مستانی اور مدھ بھری آنکھ

نرگسی: ایک قسم کا کپڑا

نرگسی پلاؤ: انڈے ڈالا ہوا پلاؤ

نرگسی کباب: شاہی کباب جس میں اُبلے ہوئے انڈے ڈالتے ہیں

نرگسی کوفتے: وہ کوفتے جن میں ابلے ہوئے انڈے ڈالتے ہیں

نرم: گدگدا، لوچ دار، مدھم، بردبار

نرم آواز: دھیمی آواز، ہلکی آواز

نرم باتیں: میٹھی باتیں، ہنسی خوشی کی باتیں

نرم چارہ: جلدی ہضم ہو جانے والا چارہ

نرم خو: اچھی عادت والا: وہ شخص جو گرم مزاج نہ ہو

نرم دل: رحم دل، نیک خصلت

نرم زبان: نرمی سے باتیں کرنے والا

نرم کرنا: ملائم کرنا، دھیما کرنا، پگھلانا

نرم کوس: دو میل سے کچھ کم فاصلہ، ایک میل سے کم

نرم گرم اٹھانا: نباہنا، نبھانا، تجربہ کار ہونا

نرمائی: نرمی، دھیما پن

نرمانا: نرم کرنا، ملائم کرنا

نرماہٹ: نرمی، دھیما پن

نرمہ: کان کی لو، ایک قسم کا کپڑا

نرمی: مو، نازکی، ملائمت، پلپلا پن

نرمجن: بے عیب، پاکیزہ، بے داغ

نروان: نجات، رہائی، چھٹکارا

نری: نر، بکری یا بھیڑ کا رنگین چمڑا

نریہ: نر، نر بچہ، لڑکا

نزار: دبلا، غریب، محتاج

نزاع: مو، جھگڑا، لڑائی، فساد، اختلاف

نزاع لفظی: زبانی بحث و تکرار، وہ جھگڑا جس میں ہاتھا پائی نہ ہو

نزاکت: مو، صفائی، لطافت، نازک مزاجی

نزدیک: قریب، پاس، رائے میں، سمجھ میں

نزدیک پہنچنا: پاس آنا، قریب جانا

نزع: جان کنی کا عالم، جان نکلنا

نزلہ: مذ، ایک مرض جس کی تری کا اثر اعضائے بدن پر ہوتا ہے

نزلہ گرنا: نزلہ کا اثر بدن کے کسی حصہ پر ہونا، مصیبت آنا

نزول: مذ، آنا، اترنا، تشریف لانا، مو، سرکاری ملکیت والی زمین

نزول اجلال: کسی بڑے آدمی کا تشریف لانا، حدوث سعود

نزول وحی: وحی کا اترنا، سورۃ کا نازل ہونا

نزہت: مو، تر و تازگی، بے عیب، کھرا

نزہت گاہ: سیر سپاٹے کی جگہ، سبزہ نواز

نزیل: کسی جگہ پڑاؤ کرنے والا، مہمان، مسافر، ابن السبیل، راہ گیر

نژاد: مو، اصل، نسل، نسب، باشندہ

نس: رگ، خون کی نالی

نس دار: رگوں والی، ریشہ والا

نس کا مرنا: پٹھے کا کمزور ہونا

نس کٹا: ہجڑا، خواجہ سرا، زنخا

نِساء: مو، عورتیں، زنان، بیویاں

نسّاب: مذ، علم الانساب کا ماہر

نسّاج: مذ، بنکر، جھوٹا، باتونی

نسّاخ: نسخ کرنے والا، باطل قرار دینے والا، اردو کے شاعر عبدالغفور کا تخلص

نسارنا: نکال دینا، باہر کر دینا، الگ کر دینا

نسائم: مو، نسیم کی جمع، ہلکی ہلکی ہوائیں، ٹھنڈی ٹھنڈی ہوائیں

نسب: مذ، نسل، خاندان کا سلسلہ

نسب ملنا: بہت سے لوگوں کا ایک خانوادہ سے ہونا، شجرہ ایک ہونا

نسب نامہ: کرسی نامہ، آبا و اجداد کی ایک فہرست

نسبت: مو، کسی چیز کی طرف منسوب ہونا، تعلق، منگنی، ربط

نسب ہونا: لڑکی کا رشتہ آنا، شادی کا پیام ملنا

نسبت ٹھہرنا: شادی کی بات پکی ہونا

نسبت رکھنا: ربط رکھنا، منسوب کر دینا

نسبتی: رشتہ کا، قرابت دار، نسبت رکھنے والا

نسترن: مو، سیوتی کا پھول

نستعلیق: مذ، اردو یا فارسی رسم الخط، خوبصورت خط جس میں یہ لغت ہے، مہذب، متین

نسخہ: مذ، نوشتہ، مکتوب، وہ پرچہ جس پر مرض کی تشخیص اور دوا تحریر ہوتی ہے

نسخہ باندھنا: حکیم کے لکھے نسخہ کے مطابق دوائیں دینا

نسخہ نویسی: مو، نسخہ لکھنا، دواؤں کے نام لکھنا

نسر: مذ، گدھ، لاش خور

نسرین بدن، نسرین تن، نسرین رخ: سیوتی کے پھول جیسے چہرے والا، محبوب

نسرین: مو، سیوتی کا پودا اور پھول

نسق: مذ، انتظام، قاعدہ، قانون

نسل: مو، آل، اولاد، بال بچے

نسلی: خاندانی، جدی، اچھی نسل کا

نسل ناس: مذ، بن ناس

نس ناس ہونا: مذ، نگور یا بندر

نسوار: مو، ہلاس، ناس

نسوان: مو، عورتیں، خواتین، زنان

نسیان: مذ، بھول، فراموشی، بھول کی بیماری

نسیم: مو، پچھلی رات کی نرم اور خوشبودار ہوا، صبح کی ٹھنڈی ہوا

نسیم سحر: صبح کی ہوا

نسیہ: مذ، ادھار، مستعار، قرض

نشأۃ: مو، پیدا ہونا، نئی زندگی شروع ہونا

نشأۃ ثانیہ: کسی قوم کا بربادی کے بعد دوبارہ ترقی پانا، بام عروج پر پہنچنا

نشاستہ: مذ، گیہوں کا ست، گیہوں کا سفر

نشاط: مو، خوشی، فرحت، لطف

نشاط افزا: فرحت بڑھانے والا، فرحت پیدا کرنے والا

نشاط پرست: عیش و عشرت کا رسیا

نشاط کار: کام کرنے کی اُمنگ

نِشان: مذ، آثار، پتہ، سراغ، کھوج، تلاش، جھنڈا، تمغہ، اثر

نشان بردار: علم بردار، جھنڈا لے کر چلنے والا

نشانِ پا: نقش پا، چلنے پر وہ نشان جو زمین پر بن جاتے ہیں

نشان پانا: پتہ لگانا، کھوج لگنا

نشان دہی: سراغ رسانی، پتہ دینا، ٹھکانے کا پتہ بتانا

نشان رہ جانا: یادگار باقی رہ جانا

نشان گاڑنا: کسی ملک یا جگہ پر اپنا جھنڈا لہرانا

نشان مٹنا: کوئی یادگار نہ چھوڑنا، کچھ بھی باقی نہ رہنا

نشان ملنا: سراغ ملنا، پتہ چلنا

نشانچی: مذ، اچھا نشانہ لگانے والا، جھنڈا اٹھانے والا

نشانہ: مذ، ہدف، گولی یا تیر مارنے کی جگہ

نشانہ انداز: نشانہ باز، نشانہ ٹھیک لگانے والا

نشانہ باندھنا: کسی چیز کی طرف بندوق یا تیر چلانا

نشانہ بنانا: حملہ کرنا، ہدف بنانا

نشانہ پر تیر پڑنا: تیر کا صحیح لگنا، نشانہ لگنا

نشانہ چوکنا: نشانہ خطا ہونا

نشانی: مو، یادگار، پتہ، پہچان، اولاد، بال بچے

نشانی دینا: کوئی چیز بطور تحفہ کے دینا، یادگار کے طور پر کوئی چیز دینا

نشانی رکھنا: یاد رکھنے کے لیے کوئی چیز رکھنا

نِشتر: مذ، نیشتر کا مخفف، چیرہ لگانے کا استرہ

نشتر دینا: نشتر لگانا، نشتر سے چیرنا

نشتر زن: جراح، فصاد، رگ زن، حجام

نشتر لگانا: بدن کے کسی حصہ میں نشتر چبھونا

نشر: زندہ کرنا، پھیلانا، پھیلاؤ، ترویج و اشاعت کرنا

نشریات: مو، ریڈیو کی خبریں، ریڈیو پروگرام

نشست: مو، بیٹھک، بیٹھنا

نشست گاہ: بیٹھک، دیوان خانہ

نشو: مذ، بڑھنا، پرورش پانا، پھلنا پھولنا

نشو و نما پانا: بڑھنا، ترقی کرنا، سرسبز ہونا

نشور: قیامت کے دن مردوں کا قبروں سے اٹھنا، قیامت، روزِ محشر

نشہ: مذ، مستی، سرور

نشہ اترنا: نشہ کا خمار جاتا رہنا، ہوش میں آنا

نشہ باز: نشیلی چیزیں کھانے والا

نشہ پانی: نشیلی چیز

نشہ چڑھنا: خمار ہونا، مستی آنا

نشہ کرکرا کرنا: مزہ بگاڑنا، عیش میں خلل ڈالنا

نشہ مٹی کرنا: رنگ میں بھنگ کرنا

نشہ ہرن ہونا: کسی خوف یا صدمہ سے نشہ کافور ہو جانا

نشہ ہونا: خمار ہونا، مستی ہونا، مدہوش ہونا

نشے میں چور: بہت ہی بدمست، مدہوش

نشیب: مذ، نیچائی، پستی، گہرائی

نشیب و فراز: اونچ نیچ، اتار چڑھاؤ، مصلحت

نشید: مذ، گانے کی آواز، سرود و نغمہ، گانا

نشید خواں: لے سے گانے والا، گویا

نشیدِ ملّی: ملّی ترانہ، قومی ترانہ

نشیمن: مسکن، آشیانہ، گھونسلہ، ٹھکانہ، پناہ گاہ

نشیں: بیٹھنے والا، رہنے والی، جیسے تخت نشیں، پردہ نشیں

نشینی: مو، بیٹھنا، جیسے تخت نشینی

نص: مو، چھان بین کرنا، ظاہر، آشکارا، قطعی حکم

نصِ قرآنی: قرآن کی وہ آیتیں جن کے معنی و مفہوم سمجھنے میں دشواری نہ ہو

نصاب: مذ، پڑھائی کا کورس، طے شدہ کتابیں، مال کی اتنی مقدار جس پر زکوٰۃ واجب ہو

نصابِ تعلیم: درسی کتابوں کا متعین کردہ پروگرام

نصاریٰ: مذ، عیسیٰ علیہ السلام کا پیرو، عیسائی

نصائح: مو، نصیحت کی جمع، پند، اچھے مشورے

نصب: مذ، قائم کرنا، کھڑا کرنا، برپا کرنا

نصب العین: اصلی مقصد، اصول، ضوابط، مطمحِ نظر

نصرانی: مذ، نصاریٰ، عیسائی

نصرت: مو، مدد، فتح، کمک، جیت

نصف: آدھا، نیم

نصف النہار: دوپہر کا وقت

نصوح: مذ، خالص، سچا، سچی توبہ

نصوص: مو، نص کی جمع، دیکھیے نص

نصیب: مذ، طالع، قسمت، بخیہ، مقدر

نصیب آزمانا: قسمت آزمانا، مقدر آزمانا

نصیب اعدا: دشمنوں کو ایسا ہو

نصیب الٹنا: حالات کا پلٹا کھانا، قسمت کا بگڑ جانا

نصیب پانا: اپنا حصہ حاصل کرنا، قسمت کا لکھا پانا

نصیب پھرنا: اچھے دن آنا، حالات کا سنبھل ہونا

نصیب پھوٹنا: قسمت خراب ہونا، آفت آنا

نصیب جاگنا: حالات کا سنبھل ہونا، قسمت پھرنا

نصیب دشمناں: دشمنوں کو نصیب ہو، انھیں کے ساتھ ایسا ہو

نصیب کی شامت: بدقسمتی، بدبختی، سیہ بختی، بدنصیبی

نصیب کیا دکھاتا ہے: دیکھیے آئندہ کیا ہوتا ہے

نصیب لڑانا: قسمت آزمانا

نصیبوں پر پتھر پڑنا: قسمت خراب ہونا

نصیبوں جلا: مذ، قسمت کا کھوٹا

نصیبوں جلی: مو، قسمت کی کھوٹی

نصیبوں کی خوبی: بدنصیبی، بدقسمتی، شامت

نصیبہ: مذ، قسمت، مقدر، تقدیر

نصیبہ پھر جانا: اچھے دن آنا، برے دن ختم ہونا

نصیبہ سو جانا: قسمت کا سو جانا

نصیحت: مو، پند، وعظ، اچھی بات

نصیحت آمیز: وہ بات جس میں نصیحت ہو

نصیحت پانا: عبرت پکڑنا، ہدایت پانا، کیے کی سزا پانا

نصیحت نامہ: وہ خط جس میں کسی کو نیک مشورہ دیا جائے

نصیر: مذ، مددگار، معاون، نصرت کرنے والا

نضارت: مو، ٹھنڈک، آب داری

نضج: مذ، پکنا، پختگی، فاسد مادہ کا رقیق یا غلیظ ہو کر خارج ہونا

نطفہ: مذ، صاف پانی، منی، اولاد

نطفہ ٹھہرنا: حمل ہونا، پیٹ میں بچہ ہونا

نطفۂ حرام: شرارتی، حرامی

نطق: مذ، بولنے کی طاقت، بات، گفتگو، کلام

نظار: مذ، دیکھنے والے، ناظرین

نظارت: مو، دیکھنا، نگہبانی، ناظر کا دفتر

نظارہ: منظر، سماں، تماشا

نظارہ بازی: گھور کے دیکھنا، نظر بازی

نظارہ مارنا: دیکھنا، جھانکنا

نظافت: مو، پاکیزگی، صفائی

نظام: مو، موتی کی لڑی، انتظام، بنیاد، سلسلہ، بندوبست، دکن کے حکمرانوں کا لقب

نظامت: مو، انتظام، ناظم کا کام، ناظم کا دفتر

نظامی: سلسلہ نظامیہ کا مرید، فارسی کے ایک مشہور شاعر

نظامیہ: بغداد کی ایک قدیم دانش گاہ، حیدرآباد کی ایک اعلیٰ دینی درس گاہ جو اب تک قائم ہے

نظائر: مذ، نظیر کی جمع، قوم کے سردار جن کے لوگ محتاج ہوں، عدالت خفیفہ دعالیہ کے فیصلے، مثالیں

نظر: مو، غور سے دیکھنا، نگاہ، آنکھ، غور، تامل، دیکھ بھال، اندازہ، اعتراض، بھوت پریت

نظر آنا: دکھائی دینا، معلوم ہونا، اندازہ ہونا

نظر اُتارنا: صدقہ دینا، کسی عمل سے نظر کا اثر دور کرنا

نظر اللہ پر رکھنا: خدا کی ذات والا صفات پر بھروسہ رکھنا

نظر انداز کرنا: توجہ نہ دینا، منظور نہ کرنا، اہمیت نہ دینا

نظر باز: تاڑنے والا، بھانپ لینے والا، پہچان لینے والا

نظر باندھنا: شعبدہ بازی کرنا، اپنے کھیل دکھانا

نظر بچانا: آنکھ چرانا، دیکھ کر انجان بننا

نظرِ بد: بری نظر، نظر لگنے کا اثر

نظر بدلنا: رویہ اور برتاؤ میں فرق آنا، نیت میں فرق آنا

نظر بند: وہ شخص جسے حکومت نے قید کر کے اس کی نقل و حرکت پر پابندی لگا دی ہو

نظر بند کرنا: جیل میں رکھنا، قید میں رکھنا

نظر بھر دیکھنا: اچھی طرح غور سے دیکھنا، جی بھر کے دیکھنا

نظر پتھرا جانا: آنکھوں کی روشنی کا جاتا رہنا، مرنے کا وقت قریب ہونا

نظر پڑنا: دکھائی دینا، آنکھوں کے سامنے آنا

نظر پھیلنا: نگاہ نہ ٹھہرنا، کسی چیز کا نہایت صاف و شفاف ہونا

نظرِ ثانی: دوبارہ دیکھنا، لکھے ہوئے نسخہ کو دوبارہ دیکھنا

نظرِ ثانی کرنا: مسودہ کی جانچ پڑتال کرنا، ترمیم و تصحیح کرنا

نظر چار سو ہونا: چاروں طرف دیکھنا، چوکنا ہونا

نظر چرانا: نظر بچانا، آنکھ نہ ملانا

نظر خیرہ ہونا: آنکھیں چندھیانا، آنکھوں کے سامنے تاریکی چھانا

نظر درست ہونا: تیور اچھے ہونا، غصہ یا ناراضگی نہ ہونا

نظر ڈالنا: نگاہ ڈالنا، دیکھنا

نظر رکھنا: محبت کی نظر سے دیکھنا، خبر گیری کرتے رہنا، عاشقانہ نگاہ سے دیکھنا

نظر سے اترنا: ذلیل و خوار ہونا، بے عزت ہونا

نظر سیدھی ہونا: لطف و کرم کی نگاہ ہونا

نظر کرنا: دیکھنا، نظر ڈالنا، توجہ کرنا، اشارہ کرنا

نظر گزر: بھوت پریت کا اثر

نظر لڑ جانا: محبت ہونا، یک بیک آنکھیں ٹکرا جانا

نظر لگنا: بُری نظر کا اثر ہونا، بھوت پریت کا سایہ ہونا

نظر مارنا: آنکھیں لگانا، اشارہ کرنا

نظر میں آنا: معلوم ہونا، خیال میں آنا

نظر میں پھر جانا: کسی کا خیال دل میں آنا، تصور میں آنا

نظر میں جچنا: خیال میں ہونا، نگاہ میں جانچا جانا

نظر میں تولنا: اندازہ لگا لینا، پرکھ لینا

نظر (نظروں) میں جمنا: باوقعت ہونا، باعزت ہونا، اہمیت والا ہونا

نظر (نظروں) میں حقیر ہونا: دل سے اتر جانا، بے وقعت ہونا

نظر (نظروں) میں رکھنا: دھیان میں رکھنا، نگاہ میں رکھنا

نظر میں رہنا: سامنے رہنا، خیال اور دھیان میں رہنا

نظر میں کھبنا: اچھا لگنا، پسند آنا

نظر میں کھٹکنا: بُرا لگنا، ناپسند ہونا

نظر میں ہونا: دھیان ہونا، خیال ہونا، سامنے ہونا

نظر نہ آنا: دکھائی نہ دینا، نگاہ سے اوجھل ہونا

نظر نہ ہونا: توجہ نہ ہونا، فکر نہ ہونا

نظر والا: جس پر بُری نظر کا اثر ہو، اہل نظر، دانش مند

نظر ہو جانا: بُری نظر کا اثر ہو جانا، جن پری یا آسیب کا اثر ہونا

نظر ہونا: پہچان ہونا، پرکھ ہونا، دھیان اور فکر ہونا

نظروں نظروں میں: آنکھوں کے سامنے، آنکھوں آنکھوں میں

نظریں چرا کر دیکھنا: بھنکھیوں سے دیکھنا، چھپ کے دیکھنا

نظری: بدیہی کا مقابل، ناپسند، نامنظور، خیالی، قیاسی

نظریات: نظریہ کی جمع، اصول، قواعد، خیالات

نظریہ: مذ، تصوری اصول، وہ فکر انگیز خیال جو کسی تحریک کا نصب العین ہوتا ہے

نظریۂ ارتقا: ڈارون کا یہ عقیدہ اور خیال کہ انسان پہلے زمانے میں بندر تھا

نظریۂ اضافیت: آئن اسٹائن کا یہ نظریہ کہ زمان و مکان کی مطلق حقیقت نہیں بلکہ اضافی حیثیت رکھتے ہیں

نظم: مو، لڑی، سلک، موزوں کلام، شعر، بندوبست، انتظام، کسی خاص موضوع پر لکھی جانے والی مسلسل اور مربوط شاعری جیسے اقبال کا 'شکوہ' 'جواب شکوہ' وغیرہ

نظم معرّیٰ: وہ نظم جس میں قافیہ کی پابندی نہ ہو

نظم و نسق: بندوبست، انتظام، حکومت چلانا

نظیر: مو، مانند، مثال، نمونہ

نظیر دینا: مثال دینا

نظیف: مذ، پاک، صاف، ستھرا

نعت: مو، مدح، ثنا، تعریف، حضورؐ کی شان میں مدحیہ اشعار

نعتیہ کلام: وہ نظم یا شعر جو حضورؐ کی شان میں لکھے گئے ہوں

نعرہ: مذ، للکار، بلند آواز، شور و غل، رونا دھونا

نعرہ زن: نعرہ لگانے والا، فریاد کرنے والا

نعرہ زنی: نعرہ لگانا، فریاد کرنا

نعرہ مارنا: زور سے آواز نکالنا، فریاد کرنا

نعش: مو، تابوت، ارتھی، لاش، میت، مردہ

نعش اٹھنا: میت اٹھنا، جنازہ اٹھنا

نعل: مو، جوتا، کفش، پاپوش، وہ حلقہ جو گھوڑے کے سُموں میں لگاتے ہیں

نعل باندھنا: نعل لگانا، چوپایوں کے کُھر میں لوہے کا حلقہ لگانا

نعل بند: نعل باندھنے والا، نعل لگانے والا

نعل چوبی: لکڑی کا کھڑاؤں

نعل در آتش: بے چین، بے قرار

نعلین: دونوں جوتیاں، جوتوں کا جوڑا

نِعَم: مو، نعمت کی جمع، خدا کی بخشی ہوئی چیزیں

نِعَم البدل: اچھا بدلہ، اچھا صلہ

نِعمت: مو، مال و دولت، ثروت، دھن

نِعمت پروردہ: ناز و نعمت میں پالا ہوا

نعمت خانہ: کھانے پینے کا سامان رکھنے کی الماری

نعمت غیر مترقبہ: ایسی نعمت جس کی اُمید نہیں تھی

نعمت کدہ: نعمت کا گھر، بہشت، ہوٹل لاہور اور دہلی کی دو طعام گاہوں کے نام

نعناع: مذ، پودینہ

نعوذ باللہ: ہم اللہ سے پناہ مانگتے ہیں

نعیم: مذ نعمت، مال، بھلائی، لاڈ، پیار

نغز: خوب اچھا، عمدہ، افضل، فوقیت والا

نغمات: مو نغمہ کی جمع، سریلی آواز، گیت

نغمہ: مذ، راگ، سرود، نشید، ترانہ

نغمہ پرداز، نغمہ ریز، نغمہ زن، نغمہ سنج، نغمہ طراز: بہت اچھا گویا، پیشہ ور گویا

نغمۂ تر: اچھا راگ، سریلی آواز

نغمہ سرا: گویا، گانے والا

نغمہ سرائی: گانا گانا

نفاذ: مذ، جاری ہونا، لاگو ہونا، قانون پر عمل ہونا

نفاس: مذ، وہ خون جو زچگی کے بعد چالیس دن تک آتا ہے

نفاست: مو، خوبی، عمدگی، صفائی، پاکیزگی

نفاق: مذ، پھوٹ، ظاہر میں دوستی باطن میں دشمنی

نفاق پڑنا: پھوٹ ہونا، آپس میں نااتفاقی ہونا

نفاق ڈالنا: پھوٹ ڈالنا، دو فریق کو لڑانا

نفائس: مو نفیسہ کی جمع، اچھی اور عمدہ چیزیں

نفت: مٹی کا تیل، پٹرول

نفخ: ہوا سے بھرنا، پھول جانا

نفخ صور: وہ صور جو قیامت کے دن حضرت اسرافیلؑ پھونکیں گے اور اسے سن کر دنیا کی تمام مخلوق فنا ہو جائے گی

نفر: مذ نوکر، ملازم، آدمی، شخص

نفرت: مو، گھن، کراہت، طبیعت کو بُرا لگنا

نفرت انگیز: کراہت دلانے والا، ایسی چیز جو دوسروں سے نفرت دلائے

نفرت رکھنا: گھن رکھنا، کسی چیز سے حذر کرنا

نفرت کرنا: گھن کرنا، کسی چیز سے نفرت ہونا

نفرت ہونا: بے زار ہونا، طبیعت کو بُرا لگنا

نفری: مو، ایک دن کی مزدوری، اُجرت، کام کا بدلہ

نفری میں نخرا کیا: مزدوری دینے میں احسان کیا؟

نفرین: مو ملامت، پھٹکار، لعنت

نفرین اٹھانا: لعنت ملامت برداشت کرنا

نفس: مذ سانس، دم، گھڑی، ساعت، لمحہ

نفس شماری: مرنے کا آخری وقت

نفس گرم: گرم آہ، دکھ بھرے دل کی فریاد

نفس واپسیں: موت کی گھڑی، دم آخر، نزع کا عالم

نفس: ذات، ہستی، حقیقت، اصلیت، خواہش نفسانی

نفسِ امّارہ: آدمی کی وہ خواہش جو اسے برائی کی طرف لے جائے

نفسِ بہیمی: جنسی خواہش، گناہ کی طرف جھکاؤ

نفس پرست، پرور: شہوت پرست، عیش پرست

نفس کش: نفسانی خواہش کو کچلنے والا، پرہیزگار، مُرتاض

نفس کشی: خواہش پر قابو پانا

نفسِ لوّامہ: وہ خواہش جو انسان کو بُرے کام پر ملامت کرتی ہے

نفس مارنا: دنیاوی خواہش ختم کر دینا، پاک دامنی کے ساتھ رہنا

نفسِ مُطمئنّہ: وہ نفس جو بُری عادتوں سے پاک ہو

نفسِ ناطقہ: وہ شخص جو کسی کے ساتھ ہر وقت رہے

نفسِ نفیس: خدا کی پاک ذات، اپنے آپ

نفسانی: نفس کا

نفسی: ذاتی، صفاتی

نفسی نفسی: خودغرضی، اپنی اپنی ضرورت سے مجبور ہونا

نفسی نفسی پڑنا: اپنی ہی فکر ہونا، دوسرے کی فکر نہ کرنا

نفسی نفسی کا دن: قیامت کا دن، روزِ محشر

نفسیاتی تجزیہ: انسان کے ذہنی محرکات اور اعمال کی جانچ پڑتال

نفع: مذ، فائدہ، حاصل، پھول، ثمرہ

نفع اٹھانا: فائدہ حاصل کرنا

نفع رسانی: فائدہ پہنچانا

نفع نقصان: فائدہ اور گھاٹا، بُرائی بھلائی

نفقہ: مذ، بال بچوں کا خرچ، بیوی کا کپڑا کھانا وغیرہ

نفل: مو، وہ عبادت جو فرض اور واجب نہ ہو

نفوذ: نافذ ہونا، لاگو ہونا، اندر داخل ہونا

نفوذ کرنا: سرایت کرنا، اثر کرنا، اندر داخل ہونا، نافذ کرنا، حکم دینا

نفوس: نفس کی جمع، روحیں، جانیں

نفوسِ قُدسیہ: بزرگانِ دین، اچھے لوگ، اولیاء اللہ

نفی: مو، اثبات کی ضد، کسی چیز کے ہونے سے انکار

نفی میں جواب دینا: انکار کرنا، نامنظور کرنا

نفیری: مو، ایک قسم کا باجہ، شہنائی

نفیس: عمدہ، اچھا، پاک وصاف

نقاب: مذ، گھونگھٹ، برقع، وہ کپڑا جو مسلمان عورتیں چہرہ پر ڈالتی ہیں

نقاب پوش: وہ شخص جس نے منہ پر نقاب ڈال رکھا ہو

نقاب چھوڑنا: پردہ ترک کرنا، بے حیائی اختیار کرنا

نقاد: مذ، تنقید نگار، نقد و تبصرہ کرنے والا، پرکھنے والا

نقار چی: نقارہ یا نوبت بجانے پر مامور

نقار خانہ: مذ، نوبت بجانے کی جگہ، نوبت خانہ

نقارہ: مذ، نوبت، طبل، ڈھول

نقارہ بجاتے پھرنا: منادی کرنا، مشتہری کرنا

نقارہ بجا کے: کھلم کھلا، علی الاعلان

نقارے کی چوٹ: کھلے بندوں، علانیہ

نقاش: نقش بنانے والا، مصوّر، پینٹر

نقاشِ ازل: خدائے بزرگ

نقاشی: مصوری، پینٹنگ، تصویر سازی کا ہنر

نِقاط: مذ، نقطہ کی جمع، نقطے، صفر

نقال: مذ، نقل کرنے والا، بھانڈ، بہروپیا

نقالی: مو، بھانڈ کا کام، بھانڈ پن

نقاہت: مو، کمزوری، ناطاقتی، ناتوانی

نقائص: مذ، نقص کی جمع، عیب، کھوٹ

نقب: مو، سیندھ، سرنگ، شگاف، دیوار میں سوراخ کر کے داخل ہونا

نقب زن: نقب لگانے والا، چور

نقب زنی: مو، سیندھ لگانا، گھر میں دیوار توڑ کے داخل ہونا

نقد: مو، سکہ کو پرکھنا، ادھار کی ضد

نقد دم: اکیلا، یکہ و تنہا

نقد مال: عمدہ مال، اچھا مال

نقد نامہ: نقد ادائیگی کی رسید

نقدی: مو، روپیہ مال و زر، دولت، دھن

نقرس: مذ، ایک قسم کی بیماری

نقرہ: مو، چاندی، سفید چیز، سفید گھوڑا

نقرئی: نقرہ کا بنا، سفید رنگ کا، چاندی کے رنگ کا

نقش: مذ، نگار، صورت، مورت، تصویر، چھاپ، مہر، ٹھپہ، علامت، خیال، ٹونا، جادو، منتر

نقشِ آب: فانی، مٹنے والا، ناپائدار

نقشِ اوّل: پہلی تحریر، مسودہ، پہلی تصویر

نقش بٹھانا: رعب و دبدبہ پیدا کرنا، تعلق پیدا کرنا، تاثر قائم کرنا

نقش بند: نقاش، مصوّر، نگار

نقشبندیہ: صوفیہ کا ایک سلسلہ جو حضرت بہاءالدین زکریا ملتانی سے شروع ہوتا ہے

نقش بر دیوار: حیران، ششدر، بھونچکا

نقش بھرنا: تعویذ لکھنا

نقش پرداز: مصوّر، نقاش، تصویریں بنانے والا

نقش جمانا: رعب بٹھانا، اثر پیدا کرنا

نقش دل کرنا: دل میں جما لینا، خوب یاد رکھنا

نقش دل ہونا: پورا یقین ہونا، دل پر اچھا اثر چھوڑنا

نقش قدم پر چلنا: کسی کی پیروی کرنا

نقش کرنا: چھاپنا، کھودنا، نقش بنانا

نقش گر: نقاش، مصوّر

نقش و نگار: بیل بوٹے، پھول پتی

نقشہ: مذ، تصویر، صورت، شکل، چہرہ، حلیہ، خاکہ، مکان کا نمونہ

نقشہ اتارنا: خاکہ کھینچنا، تصویر لینا

نقشہ بگاڑنا: شکل بگاڑنا، بُرا حال کر دینا

نقشہ بنانا: تصویر بنانا، تصویر کشی کرنا

نقشہ بن کر بگڑ جانا: حالت کا سنبھل کر بگڑ جانا

نقشۂ پیدائش واموت: وہ رجسٹر جس میں کسی علاقے کی پیدائش اور موت درج کی جاتی ہے

نقشہ تیز ہونا: نصیب کا اچھا ہونا، قسمت سنورنا

نقشہ جم کر اکھڑنا: اثر پیدا ہو کر مٹ جانا

نقشہ نکالنا: بہتان لگا کے بدنام کرنا

نقشہ نویس: مصوّر، نقش گر، مکان کا خاکہ تیار کرنے والا

نقص: مذ، خرابی، کمی، کسر

نقص نکالنا: عیب اور بُرائی بیان کرنا

نقصان: مذ، کمی، عیب، کوتاہی

نقصان اُٹھانا: گھاٹا پورا کرنا، نقصان ہونا

نقصان پہنچانا: ضرر پہنچانا، تکلیف دینا

نقصان رساں: خسارہ پہنچانے والا

نقصان رسائی: گھاٹا پہنچانا

نقصان کرنا: کام خراب کرنا، گھاٹا لگانا

نقفس: مذ، ٹوٹ پھوٹ، بگاڑ

نقضِ امن: فساد، جھگڑا، دنگا

نقضِ عہد: وعدہ خلافی

نقطہ: مذ، صفر، مرکز، منطقہ

نقطۂ انتخاب: وہ نقطہ جو کسی کتاب کے حاشیہ پر یا کسی عبارت یا شعر پر اظہار پسندیدگی کے طور پر لگایا جاتا ہے

نقطہ اور شوشے کا فرق: ذرا سا فرق

نقطہ کا فرق نہ ہونا: ذرا سا بھی فرق نہ ہونا، ہو بہو ہونا،

نقطہ لگانا: عیب لگانا، صفر لگانا

نقطۂ موہوم: محبوب کا منہ

نقل: مو، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا، لے جانا، نمونہ

نقل اتارنا: ہو بہو بیان کرنا، کسی عبارت یا شعر کو کتاب سے لکھنا، مثنّی لکھنا

نقل کرنا: سوانگ کرنا، روپ بھرنا، حکایت بیان کرنا

نقل لینا: کسی تحریر کی نقل حاصل کرنا، مثنّی لینا

نقل مکان: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا

نقل نویس: منشی، محرّر، عدالت کے کاغذات نقل کرنے والا

نقل نویسی: منشی گری، محرّری، عدالت میں نقل کرنے کا کام

نقل وحمل: سامان ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجنا، بھیجنے کا ذریعہ

نقل: مذ، نشہ کے بعد کھانے کی ایک مٹھائی، گزک

نقل فروش: گزک بیچنے والا

نقل کرنا: ناشتہ کرنا، ذرا ذرا سا کھانا

نقود: مذ، نقد کی جمع، روپیہ، پیسہ

نقوش: مذ، نقش کی جمع، تصویریں، گل بوٹے، کھدائی کی ہوئی چیزیں، آثار، باقیات، نشانات

نقی: مذ، پاک، صاف، خالص، امام دہم علی بن محمد کا لقب

نقیب: مذ، خبر دینے والا، ہرکارہ، چوب دار

نقیض: مخالف، برعکس، پلٹ

نقیہ: نقاہت والا، کمزور، ناتواں

نک: سو، ناک کا مخفف، بینی

نک بال: ناک کا بال

نک بہنا: وہ شخص جس کی ناک ہر وقت بہتی رہے

نک توڑا: ناز نخرا، نخوت، کبر، تمکنت

نک چڑھا: بد دماغ، مزاج دار، مغرور، متکبر، گھمنڈی

نک چھکنی: ایک جڑ جسے سونگھنے سے چھینکیں آتی ہیں

نک سک سے درست: ناک نقشہ کی صحیح، خوبصورت

نک کٹا: بے غیرت، بے حیا

نک کٹی: بے غیرت، بے حیا، بے شرم، بے لاجی

نک کٹی ہونا: رسوائی، بدنامی ہونا

نک گھسنی: ناک رگڑنا، خوشامد کرنا

نک گھسنی کرنا: ناک رگڑنا، منت سماجت کرنا

نکا: نوک دار، نکیلا، ایک قسم کا کھیل

نکا ٹوپی: وہ ٹوپی جس کو اونچا کر کے سر پر رکھیں

نکات: مذ، نکتہ کی جمع، باریک باتیں، کام کی باتیں

نکاح: مذ، مجامعت، جماع، ہم بستری، شادی

نکاح پڑھنا: شادی کرنا، بیاہ کرنا

نکاح پڑھانا: قاضی کا عورت مرد کو شادی کے بندھن میں باندھنا

نکاح پڑھائی: قاضی کی اُجرت

نکاح متعہ: شیعہ فرقہ کے عقیدے کے مطابق کچھ مدت کے لیے نکاح کرنا

نکاح نامہ: کابین نامہ، نکاح کی دستاویز

نکاحی: نکاح میں آئی ہوئی، منکوحہ، زوجہ

نکارا: مذ، ناکارہ

نکاس: مذ، اصل جڑ، بنیاد، شروع، ابتدا، کھپت

نکاسی: بکری، اخراج، محصول، چنگی، برآمد

نکالا: مذ، شہر بدر، اخراج، جلاوطن

نکالا ملنا: شہر بدر ہونا، جلاوطن کیا جانا

نکال دینا: باہر کر دینا، دور کرنا، دارالاقامہ (ہاسٹل) سے نام خارج کر دینا

نکال لانا: کھوج لگانا، انکشاف کرنا

نکال لے جانا: رہائی دلانا، باہر لے جانا، چرا کر

لے جانا، اغوا کر کے لے جانا

نکال لینا: چرا لینا، سوال حل کرنا

نکالنا: باہر کرنا، اخراج کرنا، چھانٹنا، سدھانا، برطرف کرنا، شروع کرنا

نکائی: مو، بتلائی

نکبت: مو، افلاس، غریبی، غربت، تنگ دستی

نکتہ: مذ، باریکی، نکتہ کی بات، لطیفہ

نکتہ باقی چھوڑنا: پوری کوشش کرنا

نکتہ بیں: نازک خیال، باریکی تک پہنچنے والا

نکتہ پرور، نکتہ سنج: خوش گفتار، ہوشیار، عاقل، فریس

نکتہ چین: عیب جو، برائی کی ٹوہ میں رہنے والا

نکتہ چینی: عیب جوئی، برائی کی ٹوہ میں رہنا

نکتہ داں: باریک بیں، معاملہ فہم

نکتہ رس: باریکی تک پہنچنے والا

نکتہ سنج، نکتہ شناس: صحیح بات کہنے والا، اچھی بات کہنے والا

نکتہ سنجی، نکتہ وری: خوش گفتاری، خوش بیانی

نکتہ نواز: اچھی باتوں کی قدر جاننے والا، قدر دان

نکتی: مو، ایک قسم کی مٹھائی

نکتی پلاؤ: ایک قسم کا پلاؤ جس میں چنے کی نکتیاں ڈالتے ہیں

نکٹا: بغیر ناک والا، بے شرم، بے غیرت، بے حیا

نکما جیے مُردے احوال: ذلیل و رسوا آدمی کی زندگی بُری طرح گزرتی ہے

نکمائی: ایک لمبی پٹی جو کالر سے ملا کر باندھ کر لٹکاتے ہیں

نکرہ: مذ، وہ اسم جو غیر معین چیزوں کے لیے بولا جائے

نکلو: مو، نوک کی تصغیر، راستہ کا موڑ، گوشہ

نکسیر: مو، ناک سے خون نکلنا

نکسیر بھی نہیں پھوٹی: ذرا سا بھی نقصان نہیں ہوا

نکسیر پھوٹنا: ناک کے ذریعہ خون بہنا

نکل آنا: باہر آ جانا، خارج ہونا، ٹپک پڑنا

نکل بھاگنا: چل دینا، پکڑ سے باہر ہونا، بچ کر چلا جانا

نکل پڑنا: ظاہر ہونا، سامنے آ جانا، راز کھل جانا، اُگل دینا

نکل جانا: بھاگ جانا، پکڑ میں نہ آنا، ختم ہونا، آگے بڑھنا

نکل چلنا: اپنی قدرت اور حیثیت سے بڑھ کر بات کرنا، شیخی بگھارنا

نکل کھڑا ہونا: چل دینا، باہر جانا، سفر کو جانا

نکلنا: اُگنا، زمین پر آنا، جاری ہونا، باہر آنا، بھاگنا

نکلی ہونٹوں چڑھی کوٹھوں: بات منہ سے نکلتے ہی مشہور ہو جاتی ہے

نکما: بے کار، ناکارہ، بے مصرف، فضول

نکما کر دینا: بے کار بنا دینا، ناکارہ بنا دینا، بے مصرف بنا دینا

نکما ہوجانا: بے کار ہوجانا، ناکارہ ہوجانا، بے مصرف ہوجانا

نکٹو: بدنام، ذلیل، رسوا، لمبی ناک والا

نکٹو بنانا: رسوا کرنا، ذلیل کرنا

نکٹو بننا: بدنام ہونا، ذلیل ہونا

نکو: نیکو کا مخفف، نیک، اچھا، خوب

نکوکار: پرہیزگار، اچھے اعمال والا

نکوہش: مو، ملامت، لعنت، طعنہ، تشنیع

نکوئی: اچھائی، بھلائی

نکھ سکھ سے درست: صحیح، بے عیب، خوب صورت

نکھار: مذ، رونق، زینت، تازگی

نکھارنا: میل کچیل نکالنا

نکہت: مو، پھول کی خوشبو، خوشبو، مہک

نکھٹو: کام چور، کام سے جی چرانے والا، نکما

نکھرا: خوب صورت، حسین، تروتازہ

نکھرنا: تازگی ہونا، صاف ستھرا ہونا

نکی: مو، ناک میں بولنے والی

نکیر: مذ، قبر میں سوال و جواب کرنے والا فرشتہ

نکیرین: منکر نکیر

نکیل: اونٹ کی مہار، اونٹ کی ناک کی ڈور

نکیل ہاتھ میں ہونا: قابو ہونا، قبضہ میں ہونا

نکیلا: نوک والا، مخروطی شکل والا

نکیلی: نوک والی، وضع دار

نگ: مذ، نگینہ، قیمتی پتھر، وہ پتھر جو انگوٹھی میں لگاتے ہیں

نگ جڑنا: نگینہ لگانا، نگینہ بٹھانا

نگ کی چوڑیاں: وہ چوڑیاں جس میں نگ استعمال کرتے ہیں

نگار: مذ، تصویر، بت، محبوب، زینت

نگار خانہ: تصویر گھر، تصویر کی جگہ

نگارستان: تصویر خانہ

نگارش: مو، تحریر، لکھائی

نگاریں: مذ، مہندی لگایا ہوا، سجا ہوا، محبوب، معشوق

نگاہ: مو، نظر، چتون، بصارت، نگرانی، دیکھ بھال، امید، بھروسہ

نگاہ ایک سی ہونا: ہم خیال ہونا، ہم فکر ہونا، اختلاف نہ ہونا، ایک رائے پر ہونا

نگاہبان: نگہبان، محافظ، چوکیدار، رکھوالا، پاسبان

نگاہبانی: نگہبانی، پاسبانی، دیکھ بھال، حفاظت

نگاہ بدلنا: ناراض ہونا، غصہ ہونا

نگاہ بلند ہونا: اونچے خیالات والا ہونا، عالی حوصلگی پیدا ہونا

نگاہ بھر کے دیکھنا: اچھی طرح دیکھنا، جی بھر کے دیکھنا

نگاہ پڑنا: نظر آنا، دکھائی دینا، روبرو ہونا، نزدیک آنا

نگاہ پہچاننا: تیور پہچاننا، تاڑ جانا، شکل دیکھ کے کیفیت معلوم کر لینا

نگاہ پھرنا: توجہ ختم ہونا، اِدھر اُدھر نظر دوڑنا

نگاہ (پھیر لینا) پھیرنا: توجہ نہ دینا، بے رخی اختیار کرنا

نگاہ ترچھی کرنا: آنکھوں سے غصہ ظاہر کرنا، آنکھ لال پیلی کرنا

نگاہ ٹیڑھی ہونا: ناراضگی ہونا، غصہ ہونا

نگاہ چرانا: آنکھ سے آنکھ نہ ملانا، بے رخی کرنا، انجان بننا

نگاہ چڑھنا: پسند آنا، آنکھوں میں سمانا

نگاہ رکھنا: توجہ رکھنا، دھیان رکھنا، خیال کرنا

نگاہ سے گرنا: بے عزت ہونا، وقعت باقی نہ رہنا

نگاہِ شوق: چاہت کی نظر

نگاہِ غلط انداز: اچٹتی نظر، سرسری نظر، طائرانہ نظر

نگاہ کا مارا: عاشق، محبت کا مارا

نگاہِ کج: ترچھی نگاہ، غصہ کی نظر

نگاہ لڑانا: آنکھیں لڑانا، آنکھوں سے اشارہ بازی کرنا

نگاہ لڑنا: آنکھیں ملنا، محبت پیدا ہونا

نگاہ (نگاہیں) ملنا: محبت ہونا، توجہ ہونا، روبرو ہونا

نگاہ میں خار ہونا: آنکھوں کو بُرا لگنا، پسند نہ آنا

نگاہ میں سمانا: پسند ہونا

نگاہِ ناز: ناز و انداز کی نظر، محبوب کی آنکھ

نگاہ نہ ٹھہرنا: آنکھیں چوندھیا جانا

نگاہ (نگہ) واپسیں: مرنے کے وقت کی نظر، جو آخری وقت میں ڈالتے ہیں

نگاہوں میں کہنا: آنکھ کے اشارے سے بات کرنا، اشارہ کرنا، اشارہ بازی کرنا

نگراں: دیکھ بھال کرنے والا، محافظ، پاسبان

نگرانی: حفاظت، دیکھ بھال

نگلا: نذ، چھوٹا گاؤں، گاؤں کا ایک حصہ، کھیڑہ

نگلنا: کسی چیز کو بغیر چبائے حلق سے اُتارنا، کھانا

نگم: آسمانی صحیفہ، برہموں کی ایک ذات، مجلس، پاک، مقدس

نگلندنا: لحاف، رضائی وغیرہ میں دھاگا ڈالنا

نگلندہ: نذ، بخیہ، ڈورے ڈالنا

نگوڑا: نذ، نکما، اپاہج، کاہل

نگوڑی: مو، بے کس عورت، لاوارث عورت، نکمی عورت

نگوں: خمیدہ، ٹیڑھا، جھکا ہوا

نگوں بخت: کم بخت، بدنصیب، بدقسمت

نگوں سار: سر جھکائے ہوئے

نگوں ہمت: کم ہمت، بزدل، دون ہمت

نگہ: نگاہ کا مخفف، نظر، چشم، آنکھ

نگہت: نکہت، خوشبو، معطر

نگینہ: نذ، مگینہ، بیش قیمت پتھر جو انگوٹھی میں لگایا جائے

نگینہ جڑنا: انگوٹھی یا زیور میں نگینہ لگانا

نل: مذ، موٹی نلی، اندر سے کھوکھلا

نل کنواں: وہ کنواں جس سے نل کے ذریعہ پانی حاصل کیا جائے

نلا: پیشاب کی نالی، ناف کی طرف ایک نلی تھا

نلا نکل جانا: ناف نکل جانا

نلوہ: بے لوث، خاص، صاف، کھرا

نلوہ چلا جانا: صاف صاف چلا جانا، بے لاگ چلا جانا

نلی: مو، پنڈلی کی ہڈی، کھوکھلی، سوراخ دار

نم: گیلا پن، تری، گیلا، طراوت والا

نم خوردہ، نم دیدہ، نم رسیدہ: نمناک، تری والا، بھیگا ہوا

نم گیرہ: شامیانہ، سائبان

نم ناک: تر، گیلا، مرطوب

نماز: مو، عبادت، پوجا، صلوٰۃ

نماز آنا: نماز کی ترکیب معلوم ہونا، نماز پڑھنے کا ڈھنگ معلوم ہونا

نماز ادا ہونا: نماز کا صحیح طور پر پڑھا جانا، وقت پر پڑھ لینا

نماز استسقا: وہ نماز جس میں خشک سالی کے موقع پر بارش کی دعا مانگتے ہیں

نماز باجماعت: امام کے ساتھ نماز پڑھنا

نماز پنج گانہ: پانچوں وقت کی نماز، فجر، ظہر، عصر، مغرب، عشا کی نماز

نماز پیشیں: ظہر کی نماز، دوپہر کی نماز

نماز جانا: نماز کا قضا ہونا، وقت پر نہ پڑھنا

نماز جنازہ: وہ نماز جو مسلمان مردے کی لاش پر پڑھی جاتی ہے

نماز چاشت: ایک نفل نماز جو سورج نکلنے کے کچھ دیر بعد پڑھی جاتی ہے

نماز خسوف: وہ نماز جو چاند گرہن پر پڑھی جاتی ہے

نماز شام: مغرب کی نماز

نماز شکر: شکرانہ کے طور پر پڑھی جانے والی نماز

نماز ظہر: دوپہر کی نماز

نماز عصر: وہ نماز جو سورج ڈوبنے سے پہلے پڑھی جاتی ہے

نماز عید: رمضان کے بعد شوال کی پہلی تاریخ کی دوگانہ نماز

نماز فجر: سورج نکلنے سے پہلے پڑھی جانے والی نماز

نماز قصر: وہ مختصر نماز جو سفر کی حالت میں کم کر کے پڑھی جاتی ہے

نماز قضا: وہ نماز جو اپنے وقت کے بعد پڑھی جائے

نماز کسوف: وہ نماز جو سورج گرہن کے موقع پر پڑھی جائے

نماز گذار: نمازی، نماز کا پابند

نمازِ وتر: وہ واجب نماز جو عشا کی فرض اور سنت کے بعد پڑھتے ہیں

نمازی: نماز پڑھنے والا، پرہیزگار

نمائش گاہ: عجائب گاہ، وہ میلہ جس میں ہر طرح کی چیزیں مقابلے کے لیے جمع کی جاتی ہیں

نمائشی: دکھانے کے قابل، محض دیکھنے کی چیز

نمائندہ: مذ، دکھانے والا، نائب

نمایاں: اچھی طرح دکھائی دینے والا، ظاہر ہونے والا، عیاں

نمبر: مذ، تعداد، گنتی، عدد

نمبردار: گاؤں کا سردار

نمبری: نمبر سے نسبت رکھنے والا، مشہور، بدنام

نمٹانا: نپٹانا، نبیڑنا، چکانا، ادا کرنا

نمٹا ہوا: تجربہ کار، جہاں دیدہ

نمٹنا: بھگتنا، ختم ہونا

نمد: مذ، اون کا گدّہ، بستر، نمدہ

نمد پوش: فقیر، درویش، پٹو کا لباس پہننے والا

نمدا، نمدہ: اون سے بنا کپڑا، وہ کپڑا جو گھوڑے کی پیٹھ پر ڈالتے ہیں

نمدہ بندھ جانا: دیوالیہ ہونا، قلاش و محتاج ہونا

نمدہ بندھوا دینا: محتاج اور مفلس بنا دینا، سزا دینا

نمک: مذ، لون، نون، ایک کھاری چیز جو سالن اور دوسری چیزوں میں ڈالتے ہیں

نمک افشاں: نمک بکھیرنے والا، دکھ دینے والا

نمک بر جراحت ہونا: تکلیف پہ تکلیف ہونا، بہت اذیت دینا

نمک بند: نمک بھرا زخم

نمک پاش: نمک چھڑکنے والا، تکلیف پر تکلیف پہنچانے والا

نمک پروردہ: نمک حلال، نمک خوار، غلام، خادم

نمک چشی: نمک چکھنا

نمک چھڑکنا: تکلیف میں اور اضافہ کرنا

نمک حرام: ناشکرا، وہ نوکر جو اپنے مالک کی بُرائی چاہے

نمک حرامی: ناشکری، مالک سے بے وفائی

نمک حلال: احسان مند، شکر گزار، احسان ماننے والا

نمک دان، نمک دانی: نمک رکھنے کا برتن

نمک زار: وہ جگہ جہاں سے نمک نکلتا ہے، کان نمک

نمک زہر کر دینا: بہت سا نمک ڈال دینا

نمک زہر ہو جانا: کھانے میں نمک بہت زیادہ ڈال دیا جانا

نمک کا حق ادا کرنا: خیر خواہی کرنا، وفاداری کرنا

نمک کا پاس: کسی کی مروّت ہونا، لحاظ کرنا

نمک کا سہارا: تھوڑی روزی کا سہارا، معمولی نوکری کا سہارا

نمک کی مار پڑنا: نمک حرامی کی سزا ملنا

نمک مرچ چھڑکنا: بہت تکلیف دینا، بہت اذیت پہنچانا

نمک مرچ لگانا: مسالے دار بنانا، بھڑکانا، چغلی کھانا

نمکین: نمک والا، ملیح، سانولا، گندم گوں

نمکینی: سانولا پن، ملاحت

نمل، نملہ: مو، چیونٹی، مور، مورچہ

نمو: مو، بڑھنا، بالیدگی، اُگنا

نمود: مو، علامت، نشان، نشانی، دکھاوا، ریاکاری، دیدار، تجلی

نمود کرنا: دھوم دھام کرنا، شہرت حاصل کرنا، شہرت کی خاطر کوئی کام کرنا

نمود کھونا: غرور توڑنا، عزت برباد کرنا

نمود ہونا: شہرت ہونا، عزت ہونا، نمائش ہونا، آثار باقی رہنا

نمودی: نمود والا، دکھاوے والا

نمودی: کم بولنے والی، کم گو، کم سخن

نمی: مو، تری، رطوبت، بھیگا پن

نمیقہ: مذ، خط، لکھی ہوئی چیز

نن: مو، راہبہ، وہ عورت جو تارک الدنیا ہو کر چرچ میں رہے

ننا: ننھا، بچہ، بالک، طفل

ننامنا: بہت چھوٹا بچہ

ننانوے کا پھیر: دولت جمع کرنے کی حرص، دولت بڑھانے کی حرص

نند: مو، شوہر کی بہن

نندوئی: مذ، نند کا شوہر

نندیا: مو، ذرا سی نیند، چھوٹی نیند

ننگ: مذ، ذلت، لحاظ، بدنامی

ننگ خلائق: مخلوق کے لیے شرم کا باعث

ننگ و نام: عزت اور شہرت

ننگ و ناموس: لحاظ اور شرم، عزت اور آبرو

ننگ ہونا: عار ہونا، غیرت ہونا

ننگ: ننگا، عریاں، برہنہ، مفلس

ننگا بوچا سب سے اوچا: غیر شادی شدہ سب سے زیادہ بے فکر ہوتا ہے

ننگا دھڑنگا: بالکل ہی ننگا، عریاں

ننگا سب سے چنگا: بے حیا کو کسی کا لحاظ نہیں ہوتا، بہت بے شرم ہوتا ہے

ننگا کر دینا: کپڑے اتار لینا، لوٹ لینا، کچھ باقی رہنے نہ دینا

ننگا لچا: بدمعاش، شہدا

ننگا ماورزاد: بالکل عریاں

ننگوں نے ننگوں کو لوٹ لیا: بدمعاشوں نے بدمعاشوں کے ساتھ برا برتاؤ کیا

ننگی: ننگا کی تانیث، برہنہ عورت، وہ عورت جس کے بدن پر کپڑا نہ ہو

ننگی تلوار: وہ تلوار جو میان میں نہ ہو

ننھا: ند، ننا، چھوٹا سا بچہ، نادان، نافہم، ناسمجھ، بالک، کم سن

ننھا بننا: جان بوجھ کر انجان بننا

ننھا بھولا: کم عقل، چھوٹی عقل کا

ننھا سا کلیجہ: بچے کا سینہ

ننھا سا منہ گز بھر کی زبان: چھوٹی حیثیت مگر بڑھ چڑھ کے بات کرنا

ننھی: مو، چھوٹی سی، ننھی سی بچی

ننھیا ساس: ساس کی والدہ، بیوی کی نانی

نو: آٹھ اور ایک، دس سے ایک کم

نورتن: نو جواہرات، نو آدمیوں کی انجمن جو بکرماجیت اور اکبر کے دربار میں تھے، ایک زیور

نوگٹی: ایک کھیل جس میں زمین پر چند خاکے بنا کے نو ٹھیکریوں سے کھیلتے ہیں

نولکھا: نو لاکھ کا، بہت قیمتی

نوماسہ: ایک رسم جو حمل کے نویں مہینے میں ادا کی جاتی ہے

نو: جدید، تازہ، نیا، پرانا کی ضد

نوآباد: حال ہی میں بسایا ہوا علاقہ

نوآبادکار: کسی مقام پر نیا آ کر آباد ہونے والا

نوآبادیات: نئی کالونیاں، کسی ملک پر قبضہ کر کے اس میں اپنی آبادی بسانا

نوایجاد: نیا ایجاد کیا ہوا، حال ہی میں ایجاد شدہ

نوآموز: جس نے ابھی پڑھنا سیکھا ہو، ناتجربہ کار، فارسی کا ایک پندرہ روزہ رسالہ

نوایجاد: نیا ایجاد، نئی دریافت

نوبہار: موسم بہار کا شروع، ایسی چیزیں جس پر رونق ہو

نوبہ نو: تازہ بہ تازہ، نیا نیا

نوجوان: جس کی جوانی کا ابھی ابھی آغاز ہوا ہو، نوعمر

نوجوانی: شباب، جوانی، بلوغ، بلوغت

نوچندی: نئے چاند کی پہلی جمعرات، شہر میرٹھ کا مشہور میلہ جو سال میں ایک بار لگتا ہے

نوخط: وہ نوجوان جس کی مسیں ابھی بھیگ رہی ہوں

نوخیز: تازہ اُگا ہوا، ناتجربہ کار نوجوان

نودولت: وہ شخص یا قوم جو ابھی ابھی دولت مند ہوئی ہو

نورس: نیا پہنچا ہوا، نیا پھل، نوجوان

نوروز: برس کا پہلا دن، ایرانیوں کا قومی ملّی تہوار

نوشاہ نوشہ: دولہا بننا، مرزا غالب کا لقب

نوعروسانِ چمن: تازہ کلیاں، تازے پھول

نوعمر: کم سن، چھوٹی عمر

نومسلم: وہ شخص جو غیر مذہب سے خود ہی مسلمان ہوا ہو

نونہال: نیا پودا، نیا بچہ

نووارد: نیا آنے والا، مسافر، اجنبی

نوا: سو، آواز، صدا، چہچہا، چہچہاہٹ، سُر، راگ، سامان، خوراک

نواپرداز، نواساز، نواگر: گویّا، مطرب، گانے والا، ساز والا

نواب: مذ، نیابت کرنے والا، نائب، کسی شہر یا علاقے کا حاکم

نواب زادہ: نواب کی اولاد، نواب کا لڑکا، شان و شوکت والا

نوابی: سو، حکومت، ریاست، صوبہ داری، فضول خرچی

نوابی (ٹھاٹھ) کارخانہ: رئیسانہ زندگی

نواح: مذ، ناحیہ کی جمع، پاس پڑوس، ارد گرد کے علاقے

نوادر: مذ، نادر کی جمع، عجیب و غریب چیزیں

نوادرات: نوادر کی جمع، انوکھی چیزیں، بیش قیمتی

نوارنا: آوارہ پھرنا، سیر و سفر کرنا

نوار: دھاگے کا سونا اور چوڑا فیتہ

نواڑا: مذ، بجرا، تفریح کرنے کی ایک چھوٹی کشتی

نوازش: مہربانی، لطف، رحم

نوازش خسروانہ: شاہی عنایت، بزرگوں کی طرف سے مہربانی

نوازش نامہ: عنایت نامہ، وہ خط جو بڑوں کی طرف سے چھوٹوں کو بھیجا جائے

نوازنا: مہربانی اور عنایت کرنا

نواسہ: مذ، بیٹی کا بیٹا

نواصب: مذ، مسلمانوں کا ایک فرقہ جو حضرت علیؓ کو نہیں مانتا، خارجی

نوافذ: مذ، بدن کے وہ حصے جن کے ذریعہ احساس ہو سکے، آنکھ، کان، ناک وغیرہ

نوافل: مذ، نفل کی جمع، فرض اور سنت کے بعد کی عبادتیں

نوالہ: مذ، لقمہ، کسی کھانے کی اتنی مقدار جو ایک بار منہ میں داخل ہو

نوالہ اگلنا: لقمہ کو منہ سے نکال دینا، لقمہ منہ سے باہر پھینک دینا

نوالہ توڑنا: روٹی کا ٹکڑا توڑنا، کسی کے بھروسہ پر زندگی گزارنا

نواہی: مذ، نہی کی جمع، شریعت کے خلاف چیزیں، ممنوعات

نوبت: سو، بار، باری، دفعہ، نقارہ، طبل

نوبت آنا: باری ہونا، کسی کام کے کرنے کا وقت آنا، نقارہ بجنا

نوبت بجنا: نقارہ بجنا، شادی ہونا

نوبت پہنچنا: باری آنا، حالت کو پہنچنا

نوبت خانہ: طبل بجانے کی جگہ، نقار خانہ

نوبت صبح: وہ نوبت جو صبح کو بجائی جائے

نوبت طلبی: بلاوا ہونا، عدالت میں بلایا جانا

نوبت گاہ، نوبت کدہ، نوبت خانہ: نقار خانہ

نوبت نواز: نقارہ بجانے والا، نقارچی

نوبل: شریف، عالی مرتبہ، عالی خاندان

نوبل پرائز: وہ سالانہ انعام جو مشہور کیمیاداں نوبل کے نام پر اس کے وقف میں دیا جاتا ہے

نوٹ: ند، کاغذ کا سکہ، روپیہ، ٹکا، پرچہ، حاشیہ

نوٹ بک: روزنامچہ، چھوٹا رجسٹر جس میں ضروری یادداشت تحریر کرتے ہیں

نوٹ لکھنا: شرح یا تفسیر تحریر کرنا

نوٹس: ند، آگاہی، اطلاع، وہ اطلاع جو عدالت یا دفتر سے جاری ہو

نوج: خدا نہ کرے، نہ نہیں

نوچ کھانا: ناخنوں سے بوٹیاں نوچ لینا، بہت ستانا

نوچ کھسوٹ: لوٹ مار، غارت گری، تہلکہ مچانا

نوچا نچی: سو، چھینا جھپٹی

نوچنا: ناخن سے مارنا، چٹکی لینا، پھاڑ کھانا

نوح: ند، تسلی و تسکین دینے والا، ایک مشہور نبی کا نام

نوح کا طوفان: وہ طوفان جو حضرت نوحؑ کے زمانہ میں آیا تھا

نوح کی کشتی: کشتیٔ نوح، وہ کشتی جو حضرت نوحؑ نے خدا کے حکم سے بنائی اور اس میں ہر جان دار کا ایک ایک جوڑا رکھ لیا تھا

نوحہ: ند، ماتم، ماتم کرنا، میت پر زور سے رونا

نوحہ خوانی: ماتم، رونا پیٹنا

نوحہ خواں: نوحہ گر، ماتم کرنے والا، نوحہ پڑھنے والا

نوحہ کرنا: رونا پیٹنا، آہ وزاری کرنا

نور: روشنی، اجالا، رونق، قرآن پاک کی ایک سورت، ایک مشہور اردو ماہنامہ جو بچوں اور نوجوانوں کے لیے رام پور سے نکلتا ہے

نور آگیں: نور سے بھرا ہوا، روشنی والا، روشن

نور افزا: روشنی بڑھانے والا

نور العین: آنکھ کی روشنی، اولاد، بیٹا، بیٹی

نور باف: جولاہا، بنکر، انصاری

نور بافی: جولاہے کا کام کرنا

نور برسنا: خدا کی تجلیات کا ظہور ہونا

نور جھلکنا: چمکنا، درخشاں ہونا

نور چشم: اولاد، بیٹا، بیٹی

نور چھٹکنا: روشنی پھیلنا

نور دیدہ: نور چشم، اولاد

نور کا ظہور کا وقت: تڑکے، صبح سویرے

نور علیٰ نور: ایک پر ایک، سونے پر سہاگہ

نور کا پتلا: بہت خوب صورت، پاکیزہ، عمدہ نورانی صورت

نور کا دریا: سراپا نور، مجسم نور

نور کا مینہ: بہت زیادہ روشنی

نور کی آواز: شیریں آواز، میٹھی اور سریلی آواز

نور کی تانیں: سریلی تانیں

نور کی چادر: نور کی کثرت، بہت زیادہ اُجالا

نور کے بول: میٹھی باتیں، دلکش باتیں

نورِ نظر: لختِ جگر، محبوب، اولاد

نورا، نورہ: ند، بال اڑانے کا پاؤڈر

نورا لگنا: بال اڑانے کا پاؤڈر لگنا، دھوکا کھانا

نوش: ند، اچھی لگنے والی چیز، امرت، آبِ حیات

نوش جان کرنا: کھانا پینا، تناول فرمانا

نوش جان ہونا: دل لگا کے کھانا

نوش دارو: شراب، تریاق

نوشادر: ند، ایک چیز جو بطور دوا کے استعمال ہوتی ہے

نوشت: مو تحریر، لکھائی، لکھاوٹ

نوشت و خواند: لکھائی پڑھائی، لکھنا پڑھنا

نوشتہ: ند، لکھا ہوا، دستاویز، قسمت

نوشتۂ تقدیر: نصیبے کا لکھا ہوا، قسمت

نوشتہ لینا: اقرار نامہ لکھ کر اس پر دستخط لینا

نوشی: پینا، جیسے شراب نوشی، شراب پینا

نوشین: شیریں، میٹھا، خوش ذائقہ

نوع: مو وضع، حالت، کیفیت، ڈھنگ

نوک: اَنی، کسی چیز کا سرا، چونچ، پھنی

نوک پلک: آنکھ ناک کا موزوں ہونا، کتابت میں حرفوں کا صحیح لکھا جانا

نوک جھونک: لعن طعن کی باتیں، تکرار، بحث

نوک رہ جانا: عزت بچنا، آبرو باقی رہنا

نوک زبان: ازبر، زبانی یاد، سینہ میں محفوظ

نوک قلم پر آنا: لکھا جانا، تحریر ہونا

نوک کا: وضع والا، آن بان کا

نوک کی باتیں: طعنہ کی باتیں، دل کو دکھانے والی باتیں

نوک کی لینا: ڈینگیں مارنا، پھنی بگھارنا

نوک نشتر ہونا: نشتر کی طرح چبھنا، بہت تکلیف محسوس ہونا

نوکر: ند، ملازم، خادم، خدمت گار

نوکر ہونا: نوکری اختیار کرنا، ملازم ہونا، خدمت گار بننا

نوکری: مو، چاکری، خدمت، ملازمت، برسرِ روزگار ہونا

نوکری بجانا: ملازمت کرنا، خدمت کرنا

نوکری چھوٹ جانا: ملازمت سے برخاست ہو جانا، برطرف کیا جانا

نوکری کی جڑ زبان پر ہے: نوکری کا کوئی بھروسہ نہیں، ابھی ہے ابھی نہیں

نوم: مو، نیند، خواب

نومید: مایوس، راس، ناامید

نون: مذ، نون، نمک، ایک کھاری چیز

نون تیل: زندگی میں روزمرہ کام آنے والی چیزیں، کھانے پینے کی چیزیں

نون غنہ: وہ نون جو ناک میں پڑھا جائے اور اس کی آواز ن کی طرح صاف نہ ہو

نونچا: وہ کھاری زمین جس میں نمک یا کھاریت ہو

نونچی: کھار

نونی: مو، بچوں کا عضو تناسل

نونیا: مذ، نمک بنانے والا، کھار جمع کرنے والا، ایک قسم کا ساگ

نوید: مو، خوش خبری، مژدہ، بشارت، دعوت نامہ

نویس: مذ، لکھنے والا، جیسے اخبار نویس، کھاتہ نویس

نویسی: لکھنے کا پیشہ، محرری

نویلا: مذ، نیا، تازہ، جدید، نادر، انوکھا

نویلی: مو، نویلا کی مونث، انوکھی، نرالی، کنواری، نوخیز

نوین: تازہ، جدید، نو

نوین: ترتیب کے اعتبار سے نو

نہ: نفی، نہیں، نا، مت

نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا: کسی طرف نہیں، بے کار، کسی کام کا نہیں

نہ الی الذی نہ اولی الذی: نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا، کسی معرف کا نہیں

نہ باسی بچے نہ کتا کھائے: نہ زیادہ ہوگا اور نہ نقصان ہوگا

نہ پانا: کسی کی برابری نہ کرسکنا

نہ پوچھنا: قدر نہ ہونا، خیال نہ کرنا، پروا نہ کرنا

نہ پوچھو: بیان سے باہر ہے، بیان نہیں ہوسکتا، ناگفتہ بہ ہے

نہ جانے: نہ معلوم، شاید، خدا معلوم

نہ دیکھ سکنا: کسی کی ترقی کو دیکھ دیکھ جلنا، حسد کرنا

نہ رہا جانا: قرار نہ آنا، صبر نہ ہونا، برداشت نہ ہونا

نہ سہی: کوئی ہرج نہیں، کوئی بات نہیں

نہ معلوم: خدا معلوم، پتہ نہیں، خدا جانے

نہ منہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت: بہت ہی بوڑھا، کھوسٹ

نہ ہو، نہو: کہیں ایسا نہ ہو، شاید، نہیں ہے

نہ: نو (9) دس سے ایک کم

نہا جانا: بھیگ جانا، شرابور ہوجانا

نہ گہر: نو (9) جواہر (1) لعل (2) یاقوت (3) فیروزہ (4) الماس (5) زمرد (6) عقیق (7) مرجان (8) نیلم (9) گاؤمیدک

نہار رہنا: باسی منہ رہنا، صبح سے کچھ نہ کھانا

نہاری: مو، تھوڑا سا کھانا، ایک قسم کا دوربادار سالن

نہال: مذ، نیا پودا، شکار، صید، خوش حال، کامیاب

نہال کر دینا: مالا مال کر دینا، مدد کے لیے پہنچنا، ہرا بھرا کرنا

نہال ہو جانا: مال دار ہونا، کامیابی حاصل کرنا، مراد پانا

نہالچہ: مذ، بچے کی توشک

نہالی: مو، توشک، لحاف، رضائی

نہاں: پوشیدہ، چھپا ہوا، نہفتہ، پنہاں

نہاں رکھنا: چھپا رکھنا، چھپانا، پوشیدہ رکھنا، راز پوشی کرنا

نہانا: بدن کو پانی سے تر کرنا، غسل کرنا

نہانا دھونا: بدن کو پاک کرنا، پانی میں ڈبکی لگانا

نہانی: نہانے کی حاجت، احتلام

نہانی ہونا: نہانے کی ضرورت ہونا، احتلام ہونا، کپڑے ناپاک ہونا

نہایت: مو، حد، انتہا، آخری سرا، انجام

نہتا: مذ، خالی ہاتھ، غیر مسلح

نہج: مذ، واضح اور وسیع راہ، ڈھنگ، اسلوب، طریقہ

نہر: مو، دریا کی شاخ، بڑی نالی جو سینچائی کے لیے بنائی جائے

نہر توڑنا: نہر کا کنارا توڑ کے پانی کو ضائع کر دینا

نہرنی: ناخن کیر، ناخن تراش، ناخن کاٹنے کا آلہ

نہوڑنا: جھکنا، رکوع کرنا، تعظیم کے لیے سر نیچے کرنا، آداب بجالانا

نہضت: مو، رخصت، اٹھنا، ترقی، نشوونما

نہضت کرنا: سفر کرنا، روانہ ہونا، کوچ کرنا، ترقی کرنا

نہفتہ: پوشیدہ، نہاں، پنہاں، چھپا ہوا، آنکھ سے اوجھل

نہلا: مذ، تاش یا گنجفہ کا وہ پتہ جس پر نو بندیاں ہوتی ہیں

نہلانا: غسل دینا، ڈبو دینا، میت کو غسل دینا

نہلانا دھلانا: اچھی طرح غسل کرانا، پانی سے تر کرنا

نہم: نواں درجہ، نویں چیز

نہنگ: مذ، مگرمچھ، گھڑیال، ناکا، سکھوں کا ایک فرقہ

نہی: مو، روک، ممانعت، منع

نہی عن المنکر: غیر شرعی باتوں سے روکنا

نہیب: مذ، ہَوّا، خوف، ہیبت، دہشت، لوٹ مار

نہیں: انکار کا کلمہ، ورنہ، وگرنہ، اور اگر نہ

نہیں نہی: کوئی مضائقہ نہیں، کوئی فکر کی بات نہیں

نئی: نیا کی تانیث، جدید

نئی بات: عجیب بات، نادر بات، انوکھی بات، دلچسپ بات

نئی بات کرنا: انوکھا کام کرنا، نئی بات ایجاد کرنا

نئی بات نکالنا: عجیب بات پیدا کرنا، جدت طرازی کرنا، انوکھی حالت اختیار کرنا

نئی پود: نئی نسل، نژادِ نو، طبقۂ نوجوان

نئی جوانی: جوانی کی شروعات، شباب کی ابتدا

نئی جوانی اور بانجھا ڈھیلا: جوانی میں کم ہمتی اور ناتوانی

نئی جوتی پہننا: دوسری نئی شادی کرنا

نئی چال چلنا: نئی رسم کرنا، شرارت کی بات کرنا

نئی چیز: نئے شعر، نئی بات، نیا طرز

نئی دنیا دیکھنا: نئی نئی باتیں دیکھنا، عجیب چیزوں سے سابقہ پڑنا

نئی روح پھونکنا: نیا ولولہ اور اُمنگیں پیدا کرنا، جوش و ولولہ پیدا کرنا

نئی روشنی: نئی تہذیب، نیا زمانہ، نئے علوم و فنون

نئی کہی: انوکھی بات، بیان کی نرالی بات بتائی

نئی نویلی: چند روز کی بیاہی ہوئی دلہن، جدید، نئی چیز

نئے: جدید، نرالے، انوکھے

نئے رنگ دکھانا: نئی نئی باتیں ظاہر کرنا، قسم قسم کے روپ دکھانا

نئے سرے سے: از سرِ نو، نئے ڈھنگ سے، نئے طریقے سے

نئے سرے سے جنم پانا: بیماری سے اچھا ہونا، خطرے سے بچنا

نئے سوانگ لانا: نئی نئی شکل بدل کے سامنے آنا، نئی نئی صورتوں میں ظاہر ہونا

نئے نواب آسمان پر دماغ: نو دولتیا مغرور ہوا کرتا ہے

نے: مو، نرکل، بانسری، حقہ کی نگالی

نے شکر، نیشکر: گنا، اوکھ، اکھ

نے نواز: بانسری بجانے والا

نے نوش: عیش و نشاط، گانا بجانا، محفل رقص و سرود سجانا

نے: نہیں، نہ

نیا: جدید، تازہ، انوکھا، نادر

نیا حکیم دیوے الیم: نیم حکیم خطرۂ جان

نیا خریدار: نیا گاہک، کسی رسالہ کا نیا ممبر

نیا ڈھنگ: نیا طریقہ، نیا اسلوب، نیا طرز

نیا راگ لانا: نیا جھگڑا کھڑا کرنا، کوئی تازہ اور عجیب بات کہنا

نیا رنگ لانا: نئی بات کا پیدا کرنا، نیا فتنہ پیدا کرنا

نیا شگوفہ کھلنا: کوئی نئی بات کا ظاہر ہونا

نیا گل کھلانا: نئی بات پیدا کرنا، انوکھی بات کہنا

نیا ہونا: ناتجربہ کار ہونا، اجنبی ہونا

نیابت: مو، سفارت، قائم مقامی

نیازی: مو، الگ تھلگ رہنے والی، عجیب، انوکھی

نیاز: نذر، مو، حاجت، احتیاج، ضرورت، خواہش، تمنا، تبرک، بھینٹ

نیاز پیدا کرنا: بزرگوں سے ربط پیدا کرنا، بزرگوں کے پاس اٹھنا بیٹھنا

نیاز دلوانا: کسی کھانے پر فاتحہ دلوانا

نیاز کرنا: فاتحہ پڑھوانا، کسی ولی کے نام کا کھانا کھلانا، بھینٹ دینا، نذر دینا

نیاز کیش: خلوص کیش، عقیدت مند، ارادت مند

نیاز مند: محتاج، احتیاج والا، آرزو مند، عقیدت مند

نیاز مندی: آرزو، اطاعت، فرماں برداری

نیاز نامہ: انکساری لی ہوئی تحریر، بڑوں کے نام چھوٹوں کا خط

نیاگان: باپ دادا، پردادا، لکڑ دادا

نیام: مذ، تلوار و خنجر کا ایک دستہ

نیام سے تلوار لینا: نیام سے تلوار باہر نکال لینا

نیام کرنا: تلوار نیام کے اندر کرنا

نیائش: مو، حمد، تعریف، ستائش، ثنا

نیپالی: نیپال کا رہنے والا، لال سنکھیا

نیت: مو، دلی ارادہ، اصل مقصد

نیت باندھنا: ارادہ کرنا، احرام باندھنا، تکبیر تحریمہ پڑھ کے ہاتھ باندھنا

نیت بخیر ہونا: خلوص ہونا، اچھا ارادہ ہونا، نیت میں فتور نہ ہونا

نیت بد کرنا: برائی کا قصد و عزم کرنا، برائی کا خیال دل میں لانا

نیت بد ہونا: ارادہ غلط ہو جانا، نیت میں خرابی آنا

نیت ثابت رکھنا: اپنے ارادہ پر قائم رہنا، ثابت قدم رہنا

نیت لگی رہنا: خیال رہنا، دھیان رہنا، لالچ ہونا

نیچا: گہرا، اوچھا، کم درجہ کا

نیچا اونچا: نشیب و فراز، اتار چڑھاؤ، مصلحت، تجربہ

نیچا پڑنا: مغلوب ہونا، فرماں بردار ہونا، حکم ماننا

نیچا دکھانا: مغلوب کرنا، رسوا کرنا، غرور ڈھانا

نیچر: مذ، قدرت، فطرت، عادت

نیچرل: قدرتی، فطرتی، جبلی

نیچہ بند: بچہ بنانے والا، حقہ کے نیچے بیٹھنے والا

نیچہ بندی: بچہ بنانے کا کام

نیچہ: مذ، حقے کی نلیاں

نیچہ تازہ کرنا: بچہ میں پانی ڈالنا

نیچی: مو، پست، کم درجہ کی، کمین

نیچی آواز: ہلکی آواز، دھیمی آواز

نیچی نظر: شرم کے مارے جھکی نگاہ

نیچی نظر کرنا: شرم اور حیا سے جھکنا، شرمندہ ہونا

نیچی نظر ہونا: کسی کا احسان اٹھانا، شرم سے نگاہ اوپر نہ اٹھنا

نیچے: پستی میں، نشیب میں، مدھم، دھیما، کم درجہ کا

نیچے اوپر: ایک کے اوپر ایک، اتھل پتھل

نیچے سے اوپر تک: تمام کا تمام، سب کے سب

نیچے لانا: بیچ دینا، کشتی میں دبا لینا

نیر: نہایت چمک دار ستارہ

قمر اصغر: چاند، ماہتاب

نیرنگ: مذ، شعبدہ، جادو ٹونا

نیرنگ زمانہ: زمانہ کا شعبدہ، انقلاب روزگار

نیرنگ ساز: شعبدہ باز، بازی گر، حیلہ گر، مکار

نیرنگی: مو، جادوگری، ٹونے کا کام، شعبدہ بازی

نیرو: مو، قوت، طاقت، زور، فوج

نیز: اور، بھی، مزید، مزید برآں

نیزہ: مذ، برچھی، بھالا، ہلم، کلک

نیزہ باز: بھالے کے کرتب دکھانے والا

نیزہ بازی: بھالے کا کھیل، ہلم کا تماشہ

نیسان: رومی سال کا ساتواں مہینہ

نیست: خالی، عدم، نہ ہونا، نفی ہونا

نیست کرنا: ختم کرنا، برباد کرنا، نابود کرنا

نیست و نابود کرنا: بالکل ختم کر دینا، فنا کے گھاٹ اتار دینا

نیست و نابود ہونا: مٹ جانا، ختم ہونا، فنا ہونا

نیستاں: نڈھے کا جنگل، ہزل کا جنگل، سرکنڈوں کی جھاڑی

نیستی: مو، عدم، ناپید، نحوست، کم بختی، پستی

نیستی چھانا: نحوست چھانا، کم بختی آنا، بدنصیبی آنا، پستی چھانا

نیش: مذ، نوک کی تیزی، ڈنک، زہر

نیش زنی: برائی کرنا، ڈنک مارنا، کسی کے حق میں نقصان دینے کا کام کرنا

نیش عقرب: بچھو کا ڈنک، دشمنوں کی دشمنی

نیشتر، نشتر: مذ، زخم چیرنے کا آلہ

نیشتر لگانا، نشتر لگانا، نشتر چبھونا: صدمہ پہنچانا

نیشنل: قومی، ملی، ملکی، نیشن سے منسوب

نیشنل اسمبلی: قومی مجلس قانون ساز، مجلس ملی

نیفہ: مذ، پاجامے کے گھیر کا وہ حصہ جس میں ازار بند ڈالتے ہیں

نیک: اچھا، سچا، صحیح چال چلن کا، مہذب

نیک اختر: خوش قسمت، مبارک

نیک اندیش: خیر اندیش، ہوا خواہ

نیک بخت: اقبال والا، نصیب والا، اچھا آدمی، سیدھا سادہ

نیک بختی: سعادت مندی، پرہیزگاری، بزرگی

نیک چلن: نیک، صالح، پرہیزگار، اچھی عادت کا

نیک چلنی: اچھی عادت، اچھی خصلت

نیک خصلت: اچھی عادت والا، اچھے اطوار والا

نیک خواہ: خیر خواہ، خیر اندیش

نیک دل: اچھے دل والا، اچھی نیت کا

نیک راہ پر لگانا: اچھے ڈھنگ سکھانا، نیکی سکھانا

نیک فال: اچھا شگون، مبارک فال

نیک فرجام، نیک انجام: اچھا نتیجہ

نیک مخبر: وہ شخص جو کسی کی بُرائی نہ کرے، غیبت سے پرہیز کرنے والا

نیک منش: اچھی عادت والا

نیک نام: وہ شخص جو بدنام نہ ہو

نیک نامی: شہرت، مشہوری، خوش نامی

نیکو: نیک، اچھا، عمدہ، بڑھیا

نیکو خصال: اچھی عادت والا، اچھی خصلت کا

نیکو سیَر: اچھی عادتوں والا، اچھی خصلتوں والا

نیکوکار: پرہیزگار، برائیوں سے بچنے والا

نیکونہاد: پاک طبیعت والا

نیکوئی: نیکی، بھلائی، اچھائی، خوبی

نیکی: اچھائی، خوبی، بھلائی

نیکی اترے: خدا کی سنوار، اللہ سمجھ دے

نیکی اور پوچھ پوچھ: اچھا کام کرنے کے لیے مشورہ کی ضرورت نہیں

نیکی بدی کے فرشتے: کراماً کاتبین جو اچھے بُرے اعمال لکھتے ہیں

نیکی بدی کے واسطے رکھنا: آڑے وقت کے لیے بچائے رکھنا

نیکی کا زمانہ نہیں رہا: کسی کے ساتھ بھلائی کرنے کا زمانہ نہیں رہا

نیکی کی جڑ سدا ہری: نیکی کبھی رائیگاں نہیں جاتی

نیگ: مذ، حصہ، نذر، شادی میں خادموں کو کچھ رقم دینا

نیگ دینا: شادی کے موقعوں پر خادموں اور رشتہ داروں کو انعام دینا

نیگ لگانا: اچھے کام پر لگانا، مصالح کرنا

نیگرو: مذ، حبشہ کا باشندہ، سیاہ فام

نیل: حاصل ہونا، پانا

نیل مرام: مطلب پانا، مقصد حاصل ہونا

نیل: مذ، نیلا رنگ، مصر کا ایک مشہور دریا، چوٹ کا نشان

نیل بگڑنا: نیل کا پھٹ کر خراب ہو جانا، بدنصیبی ہونا، غلط افواہیں اڑنا، جنون ہونا

نیل پڑ جانا: چوٹ کے صدمہ سے بدن پر نیلا نشان پڑ جانا

نیل ڈھلنا: مرنے کے وقت آنسو ٹپکنا، موت کی علامت ظاہر ہونا، بے حیائی اختیار کرنا

نیل کا ٹیکا: بدنامی کا داغ، روسیاہی، وہ ٹیکہ جو بچوں کو پیشانی پر لگا دیتے ہیں

نیل کنٹھ: ایک رنگین پرندہ جس کی گردن اور پَر نیلے ہوتے ہیں

نیل کی سلائیاں آنکھوں میں پھیرنا: آنکھ کی روشنی ختم کرنا، سلائی پھیر کر اندھا بنانا

نیل کی کوٹھی: نیل بنانے کا کارخانہ

نیل گر: نیل کا کام کرنے والا، رنگنے والا، رنگ ریز

نیلگوں: نیلے رنگ کا، نیلا، آسمانی رنگ کا

نیلا پیلا ہونا: غصے ہونا، ناراض ہونا، غصے سے چہرے کا رنگ بدلنا

نیلام: مذ، بولی بول کر سامان بیچنا، سب کے سامنے قیمت لگا کے بیچنا

نیلام کرنا: بول بول کر بیچنا

نیلام گھر: وہ جگہ جہاں سامان نیلام کیا جاتا ہے

نیلامچی: نیلام کرنے والا، نیلام گھر کا افسر

نیلم: مذ، نیلے رنگ کا ایک قیمتی پتھر

نیلم پری: ایک فرضی پری

نیلوفر: مذ، پانی کا ایک پھول جس کا رنگ نیلا ہوتا ہے، کنول

نیلی فام: نیلگوں، نیلے رنگ کا، آسمان

نیم: مذ، ایک پیڑ جس کے پتے چھال اور رس میں بہت تلخی ہوتی ہے

نیم کی نبولی: نیم کا پھل

نیم: آدھا، نصف، کسی چیز کے دو حصوں میں سے ایک حصہ

نیم اشارہ: ایسا اشارہ جو سمجھ میں نہ آ سکے

نیم باز: آدھا کھلا ہوا

نیم برشت: آدھا پکا ہوا، وہ چیز جو پوری طرح پکی نہ ہو

نیم بسمل: آدھا ذبح کیا ہوا، زخمی، آدھا مرا ہوا

نیم جان: ادھ موا، جس کی جان ابھی پوری نہ نکلی ہو، کمزور

نیم جوش: آدھا اُبالا ہوا، آدھا پکا ہوا

نیم حکیم: ناتجربہ کار حکیم، عطائی

نیم حکیم خطرۂ جان، نیم ملّا خطرۂ ایمان: ناتجربہ کار سے اکثر نقصان ہوتا ہے

نیم خواب: کچی نیند، ایسی حالت کہ آدمی نہ سویا ہوا ہو اور نہ جاگا ہوا ہو

نیم راضی: تھوڑا رضامند

نیم رُخ: ایک رخ والی تصویر

نیم رس: جو چیز ابھی پوری طرح پکی نہ ہو، جو پھل ابھی تک اچھی طرح پکا نہ ہو

نیم رضا: تھوڑی رضامندی

نیم روز: دوپہر

نیم سفت: نامکمل، آدھا گندھا ہوا

نیم سوختہ: آدھا جلا ہوا، اَدھ جلا

نیم گرم: وہ پانی جو خوب گرم نہ ہو، گُنگُنا، ہلکا گرم

نیم وا: آدھا کھلا ہوا

نیمچہ: مذ، چھوٹی سی تلوار

نیمہ: مذ، آدھا، نصف، برقع، محرم، باڈی

نیند: مو، خواب، سونے کی کیفیت

نیند حرام کرنا: سونے نہ دینا، نیند سے جگا دینا

نیو: مو، بنیاد، دیوار کی جڑ، پنا

نیولا: چوہے کی قسم کا ایک بڑا جانور

و

وا: کھلا ہوا، کشادہ، پھر

وابستگان: وابستہ کی جمع، وہ لوگ جو خاص تعلق رکھتے ہوں، رشتہ دار یا ملازمین

وابستگی: لگاؤ، تعلق، واسطہ

وابستہ: رشتہ دار، عزیز، ملازم، متعلق

واپس: پیچھے، مسترد کیا ہوا، پھر

واپسی: واپس ہونے یا لوٹنے کی حالت

وارستگی: آزادی، چھٹکارا

وارستہ: آزاد، فارغ البال، کھاتا پیتا، وہ شخص جسے روزی کی فکر نہ ہو

وارستہ طبع، وارستہ مزاج: آزاد طبیعت والا، بے پروا

وارفتگی: آپے سے باہر ہونے کی کیفیت، بے خودی، بے خبری

وارفتہ: بے خود، عاشق، دل باختہ

وارفتہ مزاج: جس کا دل اس کے قابو میں نہ ہو، بے خود، بے خبر، عاشق

واسوخت: نظم کی وہ صنعت جس میں محبوب کے ظلم وستم بیان کر کے اس سے بے تعلقی کا اظہار کیا جاتا ہے

وا کرنا: کھولنا، کھول دینا

وا گزار کرنا: چھوڑ دینا، واپس کر دینا، لوٹا دینا

واماندگان: وامانده کی جمع، پیچھے رہ جانے والے، تھک کے بیٹھنے والے

واماندگی: پیچھے رہ جانا، تھکان، تھکاوٹ

وامانده: تھک کر پیچھے رہا ہو، باقی بچا ہوا، عاجز

واہونا: کھلنا، آزاد ہونا، غم سے رہائی پانا

وا: آہ، افسوس

واحسرتا: افسوس، ہائے افسوس!

وامصیبتا: ہائے مصیبت!

واویلا: ماتم، افسوس، دہائی، فریاد

واویلا کرنا، واویلا مچانا: رونا پیٹنا، دہائی دینا، ہائے افسوس کرنا

واٹق: پکا، پختہ، مستقل

واجب: ضروری، لازم، صحیح، دین کی وہ بات جس کا ادا نہ کرنے والا گنہگار ہو

واجب آنا: ضروری ہونا، لازم آنا، زیبا ہونا

واجبُ الاتباع: وہ شخص جس کا حکم ماننا ضروری ہو، وہ حکم جس کا بجالانا ضروری ہو

واجبُ الادا: جس کا پورا کرنا ضروری ہو، وہ رقم جو کسی کے ذمہ نکلتی ہو

واجبُ التسلیم: جس کا ماننا ضروری ہو

واجبُ التعزیر: سزا کے قابل، ایسا جرم جس میں سزا لازمی طور سے دی جائے

واجبُ التعظیم: وہ جس کا احترام لازمی ہو

واجبُ التعمیل: ایسا حکم جس پر عمل کرنا ضروری ہو

واجبُ الرحم: ترس کھانے اور رحم کرنے کے قابل

واجبُ الرعایات: معافی کے قابل، رعایت کے حق دار

واجبُ الطلب: جس کا مانگنا یا وصول کرنا ضروری ہو

واجبُ القتل: قتل کیے جانے کے قابل، گردن مارنے کے لائق

واجبُ الوجود: جس کی ذات اپنے وجود میں کسی اور کی محتاج نہ ہو، خدا تعالیٰ

واجبُ الوصول: وہ رقم جس کا وصول کرنا ضروری ہو

واجب ہونا: لازمی ہونا، کوئی رقم کسی پر قرض ہونا

واجبات: مذ، واجب کی جمع، ضروری باتیں یا چیزیں، وصول کرنے کے قابل رقم

واجبی: ضروری، لازمی، صحیح، درست، تھوڑی، کسی قدر

واجبی سا: تھوڑا سا، ذرا سا، تھوڑی مقدار میں

واجد: پانے والا، حاصل کرنے والا، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام

واحد: ایک، مفرد، جمع کی ضد، یک، صرف، خدا تعالیٰ کا نام

واحد العین: کانا، یک چشم، ایک آنکھ والا

واحدِ حقیقی: اصلی، خدا تعالیٰ

واحدِ شاہد: واقفیت رکھنے والا، جاننے والا، علم رکھنے والا

وادی: مو، گھاٹی، دو پہاڑوں کے بیچ کا راستہ، جنگل، صحرا، بیابان

وادیٔ ایمن: وہ جنگل جہاں حضرت موسیٰ اپنی بیوی کو در وزہ میں چھوڑ کر آگ کی تلاش میں نکلے تو ایک درخت پر خدا کی تجلی دکھائی دی

وادیٔ خاموشاں: قبرستان، گورستان، مردوں کے دفنانے کی جگہ

وادیٔ مجنوں: وہ صحرا جس میں قیس لیلیٰ کے عشق میں مارا مارا پھرتا تھا

وار: مذ، حملہ، چوٹ، مار، الزام، مقدار، ڈھیر

وار بچانا: حملہ روکنا، دفاع کرنا، مار کو روکنا

وار بیٹھنا: مارتے میں پورا ہاتھ بیٹھنا

وار پار: اس پار سے اس پار تک

وار چلنا: موقع ہاتھ لگنا، داؤ کا کامیاب ہونا

وار خالی جانا: مار نہ لگنے پانا، نشانہ چوک جانا

وار خالی دینا: مار اپنے اوپر نہ پڑنے دینا، چوٹ بچانا

وار کرنا: چوٹ مارنا، حملہ کرنا، فریب دینا

وار ملنا: موقع میسر ہونا، فرصت ملنا

وارث: مذ، مرنے والے کے مال کا جائز حق دار، شوہر، مددگار، حامی

وارثِ بعید: دور کا وارث، دور کا رشتہ دار

وارثِ تخت وتاج، وارث تاج وتگیں: حکومت کا وارث، ولی عہد، شاہزادہ

وارثِ صُلبی: جو نسلی وارث ہونے کی وجہ سے وارث بنے

وارد: آنے والا، پہنچنے والا

وارد وصادر: مہمان، مسافر، آنے جانے والا

وارد ہونا: اندر آنا، گھسنا، پیش آنا

واردات: مو، بیتی ہوئی، سانحہ، واقعات، حادثات

وارداتِ خفیف: معمولی جھگڑا یا واقعہ

وارداتِ سنگین: سخت جھگڑا، بڑا واقعہ

وارنا: صدقے کرنا، قربان کرنا، نذر دینا

واری: مو، صدقے، قربان

واری جانا: قربان ہونا، صدقے جانا

واڑا، واڑہ: جگہ، محلہ، مقام

واڑگوں واڑوں: اوندھا، منحوس، نامبارک

واڑوں بخت: بدنصیب، بدقسمت

واسط: نذ، عراق کا ایک شہر

واسطہ: درمیانی چیز یا شخص، قاصد، پیامبر، بچولیا

واسطہ پڑنا: کام پڑنا، ضرورت پڑنا، سروکار ہونا

واسطہ پیدا کرنا: وسیلہ ڈھونڈنا، ذریعہ پیدا کرنا

واسطہ رکھنا: ربط رکھنا، تعلق رکھنا، غرض رکھنا

واسطہ ہونا: تعلق ہونا، غرض ہونا

واسطی: شہر واسط سے منسوب، شہر واسط کا باشندہ

واسطے: نذ، لیے، تعلقات، لگاؤ، بوجہ

واسع: پھیلنے والا، وسیع ہونے والا، خدا تعالیٰ کا نام

واصف: تعریف کرنے والا، توصیف کرنے والا، خوبیاں بیان کرنے والا

واصل: ملنے والا، ملاقات کرنے والا، ملا ہوا، وصول ہونے والا

واصل بحق ہونا: اللہ تعالیٰ سے جاملنا، مرجانا، انتقال کرجانا، وفات پاجانا

واضح: ظاہر، صاف صاف، موٹے قلم سے لکھا ہوا

واضح کرنا: ظاہر کرنا، تفصیل سے لکھنا یا بتانا

واضح لکھنا: موٹے قلم سے لکھنا، صاف صاف لکھنا

واضع: رکھنے والا، وضع کرنے والا، بنانے والا

واضع قانون: قانون بنانے والا، قانون ساز

واعظ: وعظ و نصیحت کرنے والا، ناصح، مذہبی مقرر

وافر: فراواں، کثرت سے، بہت زیادہ

وافی: پورا، مکمل، بہت سا

واقع: ہونے والا، رونما ہونے والا، پیش آنے والا

واقع ہونا: پیش آنا، ہونا، عمل میں آنا

واقعات: حادثات، واردات، واقعہ کی جمع

واقعاتِ غیر مشتبہ: یقینی حادثات، ایسے حادثات جن کے ہونے میں شک نہ ہو

واقعاتِ نفس الامری: ایسی باتیں جو سچ مچ ہو رہی ہوں

واقعہ: مذ، حادثہ، سانحہ، ماجرا، جگ بیتی، آپ بیتی

واقعہ دیدہ: جس نے واقعہ کو ہوتے ہوئے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہو، تجربہ کار، جہاں دیدہ

واقعہ نویس: خبریں لکھنے والا، پرچہ نویس، مرکزی حکومت کو علاقائی خبریں بھیجنے والا

واقعہ نویسی: واقعات وحادثات کا اندراج کرنا، پرچہ نویسی

واقعہ ہونا: حادثہ پیش آنا، موت ہونا

واقعی: صحیح، سچ مچ، دراصل، درحقیقت

واقف: شناسا، جان پہچان کا، جس سے پہلے سے دعا سلام ہو، کوئی جائداد وقف کرنے والا

واقف کار: جاننے والا، ماہر، جان پہچان کا، تجربہ والا

واقف کاری: جان پہچان، شناسائی، تجربہ کاری

واقفیت: مو، جان پہچان، علم، آگاہی، خبر، تجربہ کاری

والا: بلند، عالی، اونچا، عزت والا، بزرگ

والا جاہ، والا شان، والا قدر، والا گہر: بلند رتبے والا، بڑی شان وشوکت والا، بڑے گھرانے کا

والا نامہ: بلند مرتبہ آدمی کا خط، کسی بزرگ کا خط، مبارک خط

والا ہمت: بلند ہمت، عالی حوصلہ

والِد: مذ، باپ، ابّا، ابّو، بابا

والدِ بزرگ وار، والد ماجد: احترام کے قابل باپ، عزت کے لائق ابّا

والدہ: مو، امّی، ماں، جننے والی، اماں

والدین: مذ، ماں باپ، امی ابّا

والسّلام: اور سلام پہنچے

واللہ: اللہ کی قسم، بخدا، بے شک، درحقیقت

واللہ اعلم: اور اللہ بہتر جاننے والا ہے، مجھے معلوم نہیں

واللہ اعلم بالصّواب: خدا ہی بہتر جانتا ہے، خدا ہی کو خوب معلوم ہے

والہ: شیدا، عاشق، فریفتہ، شیفتہ

والہ وشیدا: بہت زیادہ چاہنے والا، عاشق

والہانہ: شیفتگی اور وارفتگی کے انداز سے

والی: مذ، آقا، سردار، مالک، حمایتی، رشتہ دار

والیٔ مالک: ملک کا مالک، ملک کا بادشاہ

والی وارث: حمایت کرنے والا، پشت پناہ

وام: مذ، قرض، اُدھار، کچھ معینہ مدت کے لیے کسی سے کچھ رقم لینا

وامق: مذ، عرب کی معشوقہ عذرا کے عاشق کا نام

واہ: بہ بہ، ماشاءاللہ، آفریں، بے شک

واہ رے: تعجب، تعریف، طنز، نفرت، اظہار افسوس کا کلمہ

واہ رے میں: اپنے کسی کام پر فخر کرنا، میں بھی کتنا بڑا آدمی ہوں، میری کیا بات ہے

واہ وا، واہ واہ: سبحان اللہ، شاباش، مرحبا

واہ واہ کرنا: تعریف کرنا، سراہنا، توصیف کے کلمات بلند کرنا

واہ واہ مچنا، واہ واہ ہونا: تعریفیں ہونا، نام ہونا، دھوم مچنا

واہب: دینے والا، عطا کرنے والا، ہبہ کرنے والا، اللہ تعالیٰ کا نام

واہبُ الحاجات: ضرورتیں پوری کرنے والا خدا تعالیٰ

واہبُ العطایا: بخششیں کرنے والا، اللہ تعالیٰ

واہبِ بے منّت: بغیر احسان جتائے دینے والا

واہمہ: مذ، تصور کی قوت

واہی: بے ہودہ، بے مغز، بے فائدہ، دربدر پھرنے والا، لچا، لفنگا، بے کار، ناکارہ، گمراہ

واہی تواہی: فضول، بکنا، آوارہ، دربدر، لچا، لفنگا

واہی تواہی بکنا: فضول باتیں کرنا، گالیاں دینا، بے کار باتیں کرنا

واہی ہو جانا: آوارگی اختیار کرنا، سرگرداں پھرنا، خراب ہو جانا، دیوانہ ہو جانا

واہیات: واہی کی جمع، بے ہودہ، بے فائدہ، بے کار، فضول باتیں

وائٹ پیپر: قرطاسِ ابیض، وہ اعلان جو حکومت یا جماعت کی طرف سے عوام کی واقفیت کے لیے شائع کیا جائے

وائس: قائم مقام، نائب

وائس پریزیڈنٹ: نائب صدر، قائم مقام صدر

وائس چانسلر: شیخ الجامعہ، کسی یونیورسٹی کا اعلیٰ ترین عہدیدار

وائسرائے: بادشاہ کا نائب، نائب السلطنت

وائے: مو، افسوس یا اظہار مصیبت کا کلمہ

وائے تقدیر، وائے قسمت، وائے نصیب: ہائے قسمت، ہائے مقدر

وایا: براہ، بذریعہ

وَبا: مو، وہ بیماری جو ہوا کے خراب ہو جانے سے پھیلتی ہے، متعدی مرض

وبا پھیلنا: چھوت کی بیماری کا پھیل جانا

وبال: مذ، بوجھ، بار، عذاب، مصیبت

وبالِ جان، وبالِ دوش: جان کا عذاب، دوبھر، سخت ناگوار

وبال سینا، وبال سر لینا: عذاب مول لینا، اپنی ذمہ داری اپنے سر لینا جس کے پورا کرنے کی خواہش نہ ہو

وبال ہونا: بوجھ بن جانا، ناپسند ہونا، دوبھر ہونا

وبائیات: مو، وہ علم جس میں وباؤں کے پھیلنے اور اس کے روک تھام کے بارے میں تحقیقات کی جاتی ہے

وَتد: مذ، کھونٹی، کھونٹا، میخ، ڈانڈا

وتر: مذ، تنہا، طاق، وہ تین رکعت واجب جو عشا کی فرض نماز کے بعد پڑھتے ہیں

وتیرہ: مذ، عادت، طریقہ، شیوہ، روش، ڈھنگ

وثائق: ن۔ وثیقہ کی جمع، وعدے، معاہدے، دستاویزیں، سرکاری مہر لگے کاغذ

وثاق: ن، بندھن، معاہدہ، عہد، اقرار، میثاق

وثوق: ن، مضبوط، پائداری، اعتماد، بھروسہ

وثیقہ: ن، معاہدہ، اقرار نامہ، وہ کاغذ جس میں معاہدہ کی شرائط درج ہوں، دستاویز

وثیقہ دار: جس کے حق میں وثیقہ تحریر کیا گیا ہو، وثیقہ کا مالک

وثیقۂ سرکار: سرکاری کاغذ، سرکاری اسٹامپ

وثیقۂ ضمانت: ضمانت نامہ، وہ کاغذ جس پر ضمانت کی درخواست ہو

وثیقہ نویس: وہ شخص جس کو حکومت کی طرف سے وثیقے لکھنے کی سند مل چکی ہو

وجاہت: مو، خوبصورتی، شان و شوکت، عزت

وَجَب: مو، بالشت، 9 انچ کی لمبائی

وَجْد: ن، بے خودی کی حالت، جذبہ، بے حد خوشی

وجد کرنا: کوئی شعر سن کر مسرت سے جھومنے لگنا، کوئی اچھی بات سن کر سر دھننے لگنا

وجد میں آنا: مستی آنا، حال آنا

وجدان: ن، جاننا، معلوم کرنا، ذکاوت

وَجَع: ن، درد، ٹیس

وَجَعِ مفاصل: جوڑوں کا درد، گٹھیا، بدن کے حصوں میں درد

وَجوب: ن، لازم ہونا، ضروری ہونا

وُجُود: ن، زندگی، حیات، موجودگی، مادہ، جوہر

وجود پانا، وجود پکڑنا: پیدا ہونا، کوئی شکل اختیار کرنا، کوئی چیز بن جانا

وجود میں لانا: پیدا کرنا، نیست سے ہست کرنا، ایجاد کرنا

وجوہ: ن، مو، وجہ کی جمع، دلیلیں، اسباب

وجوہات: ن، دلیلیں، وجوہ کی جمع الجمع، بہت سی وجہیں

وجہ: مو، چہرہ، سبب، صورت، باعث، دلیل، طریقہ، ذریعہ

وجہ تسمیہ: نام رکھنے کا باعث، نام کا سبب

وجہ ثبوت: ثبوت کی دلیل، گواہی

وجہ ثبوت کامل: یقینی ثبوت

وجہ ثبوت واقعات: ایسے حالات و کیفیات جن سے ثبوت واقعہ فراہم ہوتا ہو

وجہ قوی: مضبوط دلیل، بڑا سبب

وجہ کافی: پورا پورا ثبوت

وجہ معاش، وجہ قوت، وجہ گزران: زندگی کے گزارنے کا ذریعہ

وجہ مقرری: معینہ گزارہ کا روزینہ

وجہ نالش: مقدمہ دائر کرنے کا سبب، شکایت کرنے کا سبب

وجیہ: وجاہت والا، خوبصورت، موزوں، زیبا

وَحْدَانی: ایک سے تعلق رکھنے والا

وحدانیت: مو، ایک ہونا، خدا کی یکتائی، توحید پرستی

وحدت: مو، ایک ہونا، توحید، اکیلا پن

وحدہٗ: وہ اکیلا ہے، تنہا ہے، کوئی اس کا شریک نہیں

وحدہٗ لاشریک لہٗ: اللہ تعالیٰ اکیلا ہے، اس کا کوئی مقابل نہیں

وحش: مذ، جنگلی جانور

وحش وطیر: چوپائے اور پرندے

وحشت: مو، گھبراہٹ، بے قراری، بے چینی

وحشت اثر: ایسی خبر یا چیز جس سے وحشت پیدا ہو، گھبرانے والی

وحشت انگیز: وحشت پیدا کرنے والا، ہولناک، خوف ناک

وحشت برسنا: اداسی چھانا، پاگل پن کا اثر ظاہر ہونا

وحشت خیز: وحشت پیدا کرنے والا، ہیبت ناک

وحشت زدہ: گھبرایا ہوا، خوف کھایا ہوا، پاگل

وحشت کرنا: جانوروں کی طرح بدکنا

وحشت ناک: خوف ناک، ہیبت ناک

وحشت ہونا: پریشان ہونا، گھبرانا، خبط ہونا، دیوانگی ہونا

وحشی: غیر مانوس، بدکنے والا، جنگلی، بدتمیز، اُجڈ، بدیہاتی

وُحُوش: مذ، وحش کی جمع، جنگلی جانور

وحی: مو، خدا کا پیام، وہ پیام جو حضرت جبرئیلؑ کے ذریعہ کسی نبی یا رسول پر آتا تھا

وحی آنا، وحی اُترنا: وحی نازل ہونا، اللہ کی کتاب کا نازل ہونا، حضرت جبرئیلؑ کا اللہ کا پیام لے کر نبیوں کے پاس آنا

وحی مُنزّل: وہ وحی جو اتاری گئی، قرآن مجید

وحید: یگانہ، فرید، بے مثال، بے نظیر، فارسی کا مشہور ماہنامہ جو تہران سے شائع ہوتا ہے

وحیدُالعصر: یکتائے روزگار، وہ شخص جس کا زمانے میں کوئی دوسرا مد مقابل نہ ہو

وداد: مو، چاہت، دوستی، لگاؤ

وَداع: مو، رخصت، روانگی، دلہن کی رخصتی کی تقریب

وَدُود: دوست، شفیق، نیک بندوں سے محبت رکھنے والا

ودیعت: مو، امانت، سپردگی، سپرد ہونا

ودیعتِ ایزدی: خدا کی امانت، زندگی، جان، لیاقت

ور: آور کا مخفف، رکھنے والا، والا، والا کا مخفف

ورا، ورائے: پیچھے، پرے، سوا، دوسری طرف

وراثت: مو، ورثہ، میراث، ترکہ، وہ مال جو مرنے والے کے رشتہ داروں کو ملے

وراثت نامہ: کسی کے وارث ہونے کا ثبوت

وراثۃً: ترکہ کے طور پر، میراث کے طور پر

وراثۃً پہنچنا: کوئی ترکہ وراث ہونے کی وجہ سے ملنا

ورثا: مذ، وارث کی جمع، ترکہ کا مال پانے والے

ورثہ: مذ، مرنے والے کا چھوڑا ہوا مال، میراث

ورثہ پانا: ترکہ حاصل کرنا

ورثہ دار: ترکہ میں حصہ دار

وِرد: مذ، وہ کام جو روزانہ کیا جائے، وہ دعا جو روزانہ پڑھی جائے

ورد زباں: زبان پر چڑھا ہوا، زبانی یاد، ازبر

ورد کرنا: دہرانا، یاد کرنا، ازبر کرنا

وردی: مو، فوجی لباس، یونیفارم، وہ خاص لباس جو سپاہی یا فوجی پہنتے ہیں، فوجی بگل

وردی بولنا: کسی اہم واقعہ کی خبر دینا، مخبروں کا کوئی خاص خبر دینا

ورزش: مو، کسرت، ریاضت، مقررہ اصول کے تحت ہاتھ پاؤں پھیلانا

ورزشی: ورزش سے متعلق، ورزش کے ذریعہ بنایا ہوا بدن

وَرطہ: مذ، ہلاک ہونے کی جگہ، جوکھوں کی جگہ، بھنور، گرداب

وَرَع: مو، پرہیزگاری

ورغلانا: بہکانا، اغوا کرنا، فریب دینا

وَرَق: مذ، کاغذ کا ٹکڑا، پھول کی پتی، موٹے یا چاندی کا کوٹا ہوا پترا

ورق اُتارنا: کسی چیز کا باریک تراشا کاٹنا

ورق اترنا: ورق کی طرح پتلا ٹکڑا اتارا جانا

ورق الٹنا پلٹنا: کاغذ کا ورق ایک طرف سے دوسری طرف کرنا، نیا دور شروع کرنا

ورق الخیال: بھنگ، ایک پتی جس کے پینے سے نشہ ہوتا ہے

ورق داغ: وہ ہندسہ جو صفحوں کے شمار کے لیے لکھتے ہیں

ورق ساز: چاندی یا سونے کا ورق بنانے والا، زرکوب

ورق کائنات: دنیا، عالم، اور دنیا میں جو کچھ موجود ہے

ورق کے ورق سیاہ کرنا: بہت زیادہ تحریر کرنا، بہت مضمون لکھنا

ورق گردانی کرنا: کسی کتاب یا رسالہ کو سرسری نظر سے دیکھنا، یوں ہی ورق پلٹنا

ورق گل: پھول کی پتی، پنکھڑی

وَرم: مذ، سوجن، پھولن

ورق آنا، ورم کر جانا، ورم ہو جانا: سوج جانا، پھول جانا

ورم اتر جانا: سوجن ختم ہو جانا، پھولن کا جاتا رہنا

ورنہ: واگرنہ، وگرنہ، اور نہیں تو

وُرود: مذ، اترنا، اندر آنا، تشریف لانا، پہنچنا

ورود پانا: پہنچنا، تشریف لانا

ورید: مو، گردن کی موٹی رگ، شہ رگ

وزارت: مو، وزارت کا عہدہ، مدار المہام ہونا، وزیر کا دفتر

وزرا: وزیر کی جمع، حکومت کے وہ ذمہ دار حضرات جن کے ذمہ ایک ایک محکمہ سپرد ہو جیسے وزیر صحت،

وزیرِ خوراک وغیرہ

وزن: مذ، تول، اندازہ، آبرو، مقدر، سنجیدگی

وزنہ: مذ، لوہے شیشے یا پتھر کی وہ چیز جس سے کاغذات کو دباتے ہیں تاکہ میز پر سے اڑنے نہ پائیں

وزنی: بھاری، بوجھ والا، ٹھوس

وزیر: مذ، دیوان، بادشاہ کا مشیر، مدار المہام

وزیرِ اعظم: سب سے بڑا وزیر، صدر اعظم

وزیرِ اعلیٰ: ریاستی حکومت کا سب سے بڑا وزیر

وزیری: وزارت، پٹھانوں کا ایک قبیلہ

وسادہ: تکیہ، مسند

وساطت: وسیلہ، ذریعہ، واسطہ

وساوس: مذ، وسواس کی جمع، اندیشے، بُرے خیالات

وسائد: وسادہ کی جمع، تکیے، مسندیں

وسائط: مذ، واسطہ کی جمع، تعلقات، ذریعے

وسائل: مذ، وسیلہ کی جمع، وسیلے، ذریعے

وسط: مذ، درمیان، بیچ، ثالث

وسطی: بیچ والا، درمیان والا، درمیان کا

وُسطی: میانہ، بیچ کی انگلی، بیچ کی چیز

وسعت: مو، گنجائش، چوڑائی، سمائی

وسمہ: مذ، نیل کے پتے جن سے خضاب بنتا ہے

وسمہ کرنا، وسمہ لگانا: خضاب استعمال کرنا

وَسیع: فراخ، چوڑا، دور تک پھیلا ہوا

وسیع النظر: بلند خیال، تنگ نظر کی ضد

وسیع النظری: رواداری، بلند خیال ہونا، تنگ نظری سے پاک ہونا

وسیلہ: مذ، ذریعہ، واسطہ، وجہ، سہارا، حمایت

وسیلہ پیدا کرنا: ذریعہ پیدا کرنا، کسی کو اپنا حامی بنالینا

وسیم: خوبصورت، خوش وضع، حسین و جمیل

وش: مانند، طرح، مثل، اس جیسا، جیسے پری وش، پری جیسا، ماہ وش، چاند جیسا

وَصّاف: بہت تعریفیں کرنے والا

وصال: مذ، صحبت، ایک ساتھ ہونا، میل ملاپ، ملاقات، مرجانا، کسی بزرگ کا انتقال کر جانا

وصایا: مذ، وصیہ کی جمع، نصیحتیں، مرنے والے کی نصیحتیں

وَصف: مذ، خوبی، اچھائی، فائدہ، گن

وَصف رکھنا: خوبی رکھنا، کسی صفت کا حامل ہونا

وَصل: مذ، محبوب سے ملنا، ملاقات کرنا، وصال

وصلہ: مذ، کاغذ کا ٹکڑا، کپڑے کی دھجی

وصولی: قابل توجہ، پانے کی قابل

وصی: وہ شخص جس کو وصیت کی گئی، وصیت پر عمل کرنے والا

وصلی: خوشنویسوں کے مشق کرنے کا دہرا کاغذ جس پر اچھی تحریر میں کچھ لکھا ہو

وصیت: مو، سفر یا موت کے وقت اپنے رشتہ داروں کو بھلائی کی تلقین کرنا

وصیت نامہ: وہ دستاویز جس میں وصیت کے بارے میں معلومات تحریر ہوں

وَصیّہ: مو، وہ عورت جو کسی کے مرنے پر ترکہ کی حق دار بنی ہو، وہ عورت جس کے حق میں وصیت کی گئی ہو

وضاحت: مو، واضح کرنا، صراحت کرنا، کھول کے بیان کرنا

وضع: مو، شکل وصورت، ظاہری حالت، رنگ، مجرا، کاٹنا، منہا

وضعِ حمل: بچہ کی پیدائش ہونا

وضع دار: وضع نباہنے والا، اسلاف کے طور طریقے پر چلنے والے، طرح دار

وضع داری: وضع کو آخری وقت تک نباہنا، سلیقہ، ڈھنگ

وضع قوانین: قانون بنانا، قانون پاس کرنا

وضع کرنا: مجرا کرنا، منہا کرنا، حساب میں لکھ لینا

وُضو: نذ، نماز یا تلاوت قرآن کے لیے بدن کے خاص خاص حصے کو دھونا

وضو ٹوٹنا: وضو باقی نہ رہنا، پاکی قائم نہ رہنا

وضو ٹھنڈے ہونا، وضو ڈھیلے ہونا: ہمت پست ہونا، نیت بدل جانا

وضیع: کم درجہ کا، کمینہ، فرومایہ

وضیمہ: نذ، ماتمی مہمان داری، غمی کا کھانا، ولیمہ کی ضد

وطن: نذ، پیدا ہونے کی اور بالغ ہونے کی جگہ، اپنا دیس

وطن اختیار کرنا: کسی جگہ کو اپنا وطن بنالینا

وطنِ مالوف: وہ جگہ جہاں سے دلی لگاؤ ہو، اپنا ملک، اپنا علاقہ

وطنی: وطن سے منسوب، وطن کا بنا ہوا

وطی: مو، عورت سے جماع کرنا، ہم بستری کرنا، صحبت کرنا

وظائف: نذ، وظیفہ کی جمع، وہ دعائیں جو مقررہ اوقات پر روزانہ پڑھی جائیں، وہ رقم جو کسی محکمہ کی طرف سے کسی کو ملے

وظیفہ: نذ، روزینہ، روزانہ کی مزدوری، در ماہہ، وہ دعا جو روزانہ پڑھی جائے، وہ کام جو روزانہ کیا جائے

وظیفہ خوار: وظیفہ لینے والا، پنشن پانے والا

وعدہ: نذ، اقرار، قرار، عہد، مرنے کا دن

وعدہ آ پہنچنا، وعدہ آ جانا: موت کا وقت آجانا، زندگی کا خاتمہ ہونا

وعدہ ایفا کرنا: وعدہ وفا کرنا، وعدہ نبھانا

وعدہ برابر آنا، وعدہ برابر ہونا: موت آنا، زیست کا خاتمہ ہونا

وعدہ ٹالنا: وعدہ کو پورا نہ کرنا، حیلے حوالے کرنا

وعدہ ٹھہرنا: قول وقرار ہونا، طے ہونا

وعدہ خلاف، وعدہ شکن: جھوٹے وعدے کرنے والا، وعدہ کو نہ نبھانے والا

وعدہ خلافی، وعدہ شکنی: وعدہ نہ نبھانا، قول وقرار

سے پھرنا

وعدۂ شب درمیان: اگلے دن کا وعدہ، کل کا وعدہ

وعدہ فراموش: وعدہ کر کے بھول جانے والا

وعدہ وعید: آج کل کرنا، ٹال مٹول، آج کل کرنا

وعدہ وعید کرنا: جھوٹے وعدے کرنا، ٹالنا

وعدہ وفا، وعدے کا سچا: قول کا پکا، بات کا پورا

وعدہ وفا کرنا: وعدہ پورا کرنا، قول کو نبھانا

وعدے پر جینا: وعدہ پورا ہونے کی امید رکھنا، ناامید نہ ہونا

وعدے پر رہنا: قول نباہنا، بات پر اٹل رہنا

وعظ: مذ، مذہبی نصیحت، مذہبی باتیں، خدا اور رسول کی باتیں

وعظ کرنا، وعظ کہنا: مذہب سے متعلق بیان کرنا، نصیحت کرنا

وعلیکم السّلام: مذ، اور تم پر بھی خدا کی سلامتی ہو، السلام علیکم کا جواب

وعید: سزا دینے کا وعدہ، سزا دینے کی دھمکی

وغا: مو، لڑائی، جنگ، ہنگامہ، فساد

وغیرہ: اور اس کے علاوہ، اور دوسرے

وفا: مو، نباہنا، نبھاؤ، نباہ، بھلائی چاہنا، عقیدت مندی

وفا بیگانہ: بے وفا، جو وعدہ پورا نہ کرتا ہو

وفا پرست: وفادار، نباہنے والا، اخلاص والا

وفا پیشہ: جو سب کے ساتھ وفا کرے، جو ہمیشہ وفادار رہے

وفادار: وفا کرنے والا، قول پورا کرنے والا، نباہنے والا

وفاداری: نباہ، ساتھ دینا، وفا کرنا

وفا شعار: وفادار، جس کی عادت وفا کرنے کی ہو

وفا کیش: وفا شعار، وفا پیشہ

وفات: موفوت ہونا، انتقال کرنا

وفات پانا: مرجانا، انتقال کر جانا

وفات شریف: حضرت محمدؐ کی وفات، کسی بزرگ کا دنیا سے گزرنا

وفاق: مذ، اتحاد، اتفاق، کئی صوبوں کے ملنے کے بعد ایک حکومت کا قیام

وفاقی: وفاق سے منسوب

وفد: مذ، نمائندگان کی جماعت، ہیئت، کوئی خاص کام سے یا شکایت لے کر افسر کے پاس کئی آدمیوں کا ساتھ جانا

وفق: موافق، مطابق

وفود: مذ، وفد کی جمع، نمائندوں کے ارکان جو خاص مقصد کے لیے غیر ملکی دورے کرتے ہیں یا کسی متعلقہ افسر سے ملاقات کر کے اپنی شکایت پیش کرتے ہیں

وفور: مذ، افراط، زیادہ ہونا، کثرت، بہتات، فراوانی

وقار: مذ، بھاری بھرکم ہونا، متانت اور سنجیدگی ہونا، بردباری، رعب و دبدبہ

وقائع: مذ، واقعہ کی جمع، جنگ کی خبریں، واقعات و حالات

وقائع نگار، وقائع نویس: جنگ کی خبریں دینے والا، اخبار نویس

وقائع نگار: نامہ نگار، پرچہ نویس، خبریں بھیجنا

وقت: مدّ، گھڑی، ساعت، عرصہ، مدت، موقع، باری، عمر، زندگی، موت

وقت آ پہنچنا: موت، وقت آجانا، زندگی کا آخری لمحہ آپہنچنا

وقت آجانا: موسم آجانا، رُت آجانا، موت آجانا

وقت برابر آنا، وقت برابر ہونا: زندگی کے دن پورے ہونا

وقت بوقت: کبھی کبھار، گاہے بگاہے، موقع بموقع

وقت پانا: موقع پانا، فرصت میسر ہونا

وقت پر: عین موقع پر، دکھ یا لڑائی کے وقت

وقت پر اوسان بجا رہنا: مصیبت یا گھبراہٹ کے موقع پر اوسان قائم رہنا

وقت پر صاف جواب دینا: ضرورت پڑنے پر کام نہ آنا، موقع پر پیٹھ دکھانا

وقت پر صاف نکل جانا: عین موقع پر عہدہ سے پھر جانا

وقت پر کام آنا: ضرورت پڑنے پر مفید ثابت ہونا، وقت پر مدد کرنا

وقت پڑنا: مصیبت آنا، دکھ اور دشواری ہونا، حاجت مند ہونا

وقت پڑے پر جانئے کون بیری کون میت: یہ بات دکھ کے وقت معلوم ہوسکتی ہے کہ کون دشمن ہے اور کون دوست

وقت تنگ ہونا: کسی کام کو مقررہ وقت پر انجام دینے میں تھوڑی دیر باقی رہنا

وقت کاٹنا: وقت گزارنا، دل بہلانا

وقت کو غنیمت جانیے: موقع سے فائدہ اٹھایئے، موقع کو ہاتھ سے نہ جانے دیجیے

وقت کی بات: اتفاقی بات، ہونے والی بات

وقت کی خوبی ہے: قسمت کی بات ہے، اس دَور نے یہ دن دکھائے ہیں

وقت کے بادشاہ ہیں: انھیں بڑے اختیارات حاصل ہیں، بے پرواہیں، بے فکر ہیں

وقت کے وقت: عین اسی وقت پر، ضرورت کے وقت

وقت نازک ہونا: حالات اچھے نہ ہونا، حالات دگرگوں ہونا

وقت نکل جانا: حاجت پوری ہونا، مصیبت ٹل جانا، موقع ہاتھ سے کھو جانا

وقت وقت کا راگ اچھا ہوتا ہے: ہر چیز اپنے موقع و محل پر اچھی ہوتی ہے

وقت ہاتھ سے جانا: وقت نکل جانا، وقت گزر جانا

وقت ہاتھ سے نہ دینا: موقع نہ کھونا

وقتاً فوقتاً: کبھی کبھی، گاہ بگاہ

وقتی: وقت سے منسوب، عارضی، جو مستقل نہ ہو

وقر: مدّ، وقار، بزرگی، بڑائی، عزت

وقر اٹھ جانا: عزت نہ رہنا، عزت ختم ہوجانا

وقر پانا: عزت حاصل کرنا، آبرو پانا

وقر کھونا: عزت گنوانا، بے آبرو ہونا

وقس علیٰ ہذا: اور اسی پر دوسرے کو بھی قیاس کرلو، اور دوسرے بھی اسی طرح ہیں

وقعت: مو، احترام، عزت، اعتبار

وقعت کھونا: عزت قائم نہ رکھنا، اعتبار کو برباد کردینا

وقف: مذ ٹھہراؤ، توقف، وہ زمین جائداد جو کسی مسجد یا مدرسہ کو دے دی جائے، وہ رقم یا جائداد جو کسی فلاحی کام کرنے کے لیے خدا کے نام پر دی جائے

وقف کرنا: خدا کے نام پر دینا

وقف نامہ: وہ دستاویز جو وقف کے بارے میں لکھا جائے

وقف ہونا: خدا کے نام چھوڑا جانا، کسی کی ملکیت نہ ہونا، بہت زیادہ مصروف ومشغول ہونا

وقفہ: مذ، مہلت، ذرا سی دیر، قرآن مجید کی تلاوت میں اوقاف پر رکنا

وقفہ دینا: مہلت یا ڈھیل دینا۔ فرصت دینا

وقوع: مذ، واقع ہونا، ظہور، اظہار، ظاہر ہونا

وقوع میں آنا: ظاہر ہونا، پیش آنا، ہونا

وقوعہ: مذ، واقعہ، حادثہ، سانحہ، ہنگامہ، دنگا

وقوف: مذ، جاننا، علم، سمجھ، دانائی، تمیز، حاجیوں کا مقام عرفات میں قیام کرنا

وقوف پکڑنا: عقل سیکھنا، تمیز پیدا کرنا، شعور پیدا کرنا

وقوف دار: جاننے والا، علم رکھنے والا، تجربہ والا

وقیع: وقعت والا، منزلت اور عزت والا، وقار والا

وکالت: مو، وکیل کا پیشہ، وکیل بننا، قائم مقام ہونا، نائب بننا، کسی کی طرف سے پیروی کرنا

وکالت کرنا: وکالت کا پیشہ اختیار کرنا، کسی کی طرف داری کرنا

وکالت نامہ: کسی کو اپنی طرف سے وکیل مقرر کرنے کا تحریری ثبوت، مختار نامہ

وکالت نامہ تصدیق، تصدیق نامہ: وکالت نامے پر حاکم کا دستخط ہونا

وکالۃً: وکیل کے ذریعہ، وکیل کی معرفت

وکلا: مذ، وکیل کی جمع، قانون دانوں

وکیل: مذ، مختار، نائب، قانون داں، جس کے ذمہ کوئی کام کیا جائے

وکیل سرکار: حکومت کی طرف سے مقدمے کی پیروی کرنے والا

وکیل عام: ایسا کارکن جسے ہر طرح کے اختیارات حاصل ہوں

وکیل کرنا: اپنی طرف سے وکیل مقرر کرنا

وگر: اور، اگر، ور

وگرنہ: اور اگر نہیں، ورنہ

ولا: مو، محبت، دوستی، الفت، لگاؤ

ولادت: مو، بچہ کی پیدائش، جنم، پیدائش

ولایت: مو، ملک، اقلیم، کشور، بادشاہت، بادشاہ کا ملک، ولی بننا

ولایت پانا: ولی بننا، ولی کا رتبہ حاصل کرنا

ولایۃ: ولی ہونے کی وجہ سے، والی وارث ہونے کی وجہ سے

ولایتی: ولایت کا باشندہ، ولایت کا بنا ہوا، تلوار، شمشیر

ولد: بیٹا، لڑکا، فرزند، پوت

ولدالحرام: حرامی، حرام کا پیدا

ولدالحلال: حلالی، حلال کا

ولدالزنا: حرام زادہ، حرامی

ولدیّت: باپ کا نام، حسب نسب، خاندان

ولولہ: مذ، جوش، امنگ، بہت زیادہ شوق

ولولہ اٹھنا، ولولہ آنا: امنگ پیدا ہونا، جوش آنا

ولی: مذ، خدا کا خاص بندہ، سرپرست، مربی، محافظ

ولی اللہ: خدا رسیدہ، اللہ کا دوست، بزرگ دین، ہند کے ایک بڑے عالم دین جن کا نام شاہ ولی اللہ دہلوی ہے

ولی جائز: وہ شخص جسے کسی لڑکا یا لڑکی کا جائز ولی مقرر کیا گیا ہو

ولی عہد: بادشاہ کا وہ لڑکا جو آگے چل کر بادشاہ بنے، تخت و تاج کا مالک

ولی عہدی: ولی عہد کا درجہ، ولی عہد رہنے کا زمانہ

ولی نعمت: پرورش کرنے والا، آقا، سرپرستی کرنے والا

ولے: ولیک کا مخفف، لیکن، اگر

ولیک: لیکن، مگر

ولیمہ: خوشی کا کھانا، وہ دعوت جو زفاف کے بعد دولہا والے کی طرف سے دی جاتی ہے

ولیہ: مو، ولی عورت، وہ عورت جو کسی نابالغ کی سرپرست مقرر کی جائے

وَہ: واہ! شاباش!

وہّاب: بہت بخشنے والا، خدا کا صفاتی نام

وہابی: مذ، غیر مقلد، اہلِ حدیث، مسلمانوں کا ایک فرقہ جو ائمہ کی تقلید نہیں کرتا

وہاج: بہت ہی چمکنے والا، نہایت درخشاں

وہاں: اس جگہ، اس مقام پر، اُدھر

وَہَب: مذ، بخشش، عطا، سخاوت

وہبی: بخشا ہوا، اللہ کی طرف سے دیا ہوا

وہلہ: مذ، باری، نوبت

وہم: مذ، شک، دماغ کی وہ قوت جو بُرے خیالات پیدا کرتی ہے

وید: مذ، ہندوؤں کی مذہبی کتاب، آیورویدک طریقۂ علاج کا ماہر

ویدانت: ہندوؤں کے فلسفے اور مبنیات کا ایک شعبہ جس میں خدا کی ذات پر بحث ہے

ہ

ہا: مو، ہ کا تلفظ جمع کی علامت، جیسے بارہا، خارہا

ہائے دوچشمی: دوچشمی ہ (ھ) ہائے مخلوط

ہائے مختفی: وہ ہائے ہوز جو کھل کر نہ پڑھی جائے جیسے دیوانہ، پروانہ

ہائے ملفوظ: وہ ہ جو خوب ظاہر ہو کے پڑھی جائے جیسے گاہ، راہ، شاہ

ہا: افسوس، صد حیف

ہابیل: مذ، حضرت آدمؑ کے بیٹے کا نام جنھیں ان کے بھائی قابیل نے قتل کر دیا تھا

ہات: مذ، ہاتھ

ہاتف: مذ، غیبی آواز، نوائے سروش، ٹیلی فون

ہاتف غیب، ہاتف غیبی: سروش ایک فرشتہ جو غیب کی آواز دیتا ہے

ہاتھ: مذ، ہتھیلی، کف، انگلی کے سرے سے کہنی تک کا حصہ، طفیل، قابو، مدد، قدرت، طاقت، ذریعہ

ہاتھ آنا: ہاتھ لگنا، ملنا، حاصل ہونا، قبضہ ہونا، جاننا، معلوم ہونا

ہاتھ اتر جانا: ہاتھ کا جوڑ اپنی جگہ سے ہٹ جانا

ہاتھ اٹھا بیٹھنا: مارنا، دست درازی کرنا، دست بردار ہونا، توبہ کرنا

ہاتھ اٹھا کے دینا: کوئی چیز اپنی خوشی سے دینا

ہاتھ اٹھا لینا: کسی کام سے تعلق نہ رکھنا، توبہ کر لینا

ہاتھ اٹھانا: ہاتھ بلند کرنا، سلام کرنا، پیشانی پر ہاتھ رکھنا، بددعا دینا، مارنا

ہاتھ اُدھار: قرض، دست گرداں، وہ ادھار جس کی باضابطہ نوشت وخواند نہ ہو

ہاتھ اوچھا پڑنا: پورا وار نہ پڑنا، ضرب کا اچھی طرح نہ لگنا

ہاتھ اونچا رہنا: دست بلند رہنا، بول بالا رہنا، کسی کو کچھ دے سکنا

ہاتھ باندھنا: ہاتھ جکڑنا، منت سماجت کرنا، اکرام کی خاطر سینہ پر ہاتھ رکھنا

ہاتھ باندھے کھڑا رہنا: حکم سننے اور عمل کرنے کے لیے تیار رہنا

ہاتھ بٹانا: کسی کام میں شریک ہونا، مل جل کر کام کرنا، مدد پہنچانا

ہاتھ بڑھانا: ہاتھ آگے کو کرنا، اپنی حد سے بڑھنا، مانگنا

ہاتھ بکنا، ہاتھوں بکنا: فروخت ہو جانا، کسی کا غلام یا فرماں بردار بن جانا

ہاتھ بھر: ایک ہاتھ کے برابر، آدھ گز، تقریباً نصف میٹر

ہاتھ بھر جانا: ہاتھ کا تھک جانا، ہاتھ میں خون اتر آنا، ہاتھ کا سُن ہو جانا

ہاتھ بھر کا کلیجہ ہونا: ہمت بڑھنا، شجاعت و دلیری پیدا ہونا

ہاتھ بھر کی زبان ہونا: منہ پھٹ اور گستاخ ہونا

ہاتھ بھیجنا: کسی کی معرفت بھیجنا

ہاتھ پاؤں باندھنا: مجبور کر دینا، لاچار کر دینا

ہاتھ پاؤں بچانا: بڑی ہوشیاری سے کام کرنا، اپنے آپ کو بچانا

ہاتھ پاؤں پڑنا: بہت خوشامد کرنا، ہاتھوں کو بوسہ دینا اور پاؤں پر گرنا

ہاتھ پاؤں پھیلانا: کام کو وسعت دینا، ترقی پانا، غلبہ حاصل کرنا

ہاتھ پاؤں پیٹنا: بے فائدہ دوڑ دھوپ کرنا

ہاتھ پاؤں توڑنا: ہاتھ پاؤں کو بُری طرح مار کر بے کار کر دینا، خوب محنت کرنا، سستی نہ کرنا

ہاتھ پاؤں ٹوٹنا: ہاتھ پاؤں میں درد ہونا

ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہونا: ہاتھ پاؤں میں گرمی نہ رہنا، مرنے کا وقت قریب ہونا

ہاتھ پاؤں جھوٹے پڑ جانا: ہاتھ پاؤں کا کام نہ کرنا

ہاتھ پاؤں چومنا: اکرام اور احترام کے طور پر ہاتھ اور پاؤں کا بوسہ دینا

ہاتھ پاؤں رہ جانا: ہاتھ پاؤں کا بے کار ہو جانا، فالج گر جانا

ہاتھ پاؤں سرد ہونا: بیماری، خوف یا درد کی وجہ سے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے پڑ جانا

ہاتھ پاؤں سنبھالنا: خوب موٹا تازہ ہونا، فربہ ہونا

ہاتھ پاؤں شل ہو جانا: تھک کر ہاتھ پاؤں بے کار ہو جانا

ہاتھ پاؤں کہنے میں نہ رہنا: کمزوری کی وجہ سے ہاتھ پاؤں قابو میں نہ رہنا

ہاتھ پاؤں مارنا: ہاتھ اور پاؤں کو حرکت دینا، بے چین ہونا، جانکنی کے عالم میں ہونا، دوڑ دھوپ کرنا

ہاتھ پاؤں ہارنا: ہاتھوں اور پاؤں میں طاقت نہ رہنا، ہمت نہ رہنا

ہاتھ پاؤں ہلانا: ہاتھوں اور پاؤں کو حرکت دینا، دوڑ دھوپ کرنا

ہاتھ پتھر تلے آنا، ہاتھ پتھر تلے رہنا: نہایت دشواری اور مشکل میں پھنسنا، مجبور اور لاچار ہونا

ہاتھ پر دھرا ہونا: کسی چیز کا ہر وقت موجود رہنا

ہاتھ پر قرآن دھرنا (رکھنا): قرآن کی قسم کھانا، حلف لینا

ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھنا: بے کار بیٹھنا، کسی کام میں مشغول نہ رہنا، مایوس ہو کے بیٹھ رہنا

ہاتھ پر ہاتھ مارنا: وعدہ کرنا، عہد و پیمان کرنا

ہاتھ پڑنا: مفت ہاتھ لگنا، قابو میں آنا، پکڑ میں آنا

ہاتھ پسارنا: فقیری کرنا، مانگنے کے لیے ہاتھ پھیلانا

ہاتھ پسارے جانا: ہاتھ پھیلائے جانا، دنیا سے خالی ہاتھ جانا

ہاتھ پکڑا دینا: کسی کو کسی کی حفاظت میں دینا، کسی عورت کی شادی کر دینا

ہاتھ پھیرنا، ہاتھ ملنا، ہاتھ سے سہلانا: پیار کرنا، لوٹنا

ہاتھ پھینکنا: ہاتھوں کا وار کرنا، ہاتھ کو چکر دینا، تلوار اور پٹے کا ہاتھ مارنا

ہاتھ تکنا: کسی کا محتاج ہونا، کسی کی مہربانی کا منتظر رہنا

ہاتھ پیلے کرنا: غریبوں کی طرح شادی کر دینا

ہاتھ تلے: ماتحت، قبضے میں، قریب، نزدیک

ہاتھ تنگ ہونا: غریب ہونا، مفلس ہونا

ہاتھ تھامنا: گرتے ہوئے کو سنبھالنا، ہاتھ میں ہاتھ لینا

ہاتھ تھرانا: ہاتھ کانپنا

ہاتھ تھرکانا: ہاتھ کو چاروں طرف چکر دینا

ہاتھ تہ سنگ ہونا: مجبور ہونا، لاچار ہونا

ہاتھ جڑنا: حملہ کرنا، طمانچہ مار دینا

ہاتھ (جگر) دل پر رکھنا: بہت بے چینی کا اظہار کرنا

ہاتھ جمنا: ہاتھ بیٹھنا، مشق ہو جانا

ہاتھ جوڑ کر کھڑا ہو جانا: دست بستہ کھڑا ہونا، ادب سے کھڑا ہونا

ہاتھ جوڑ کر کہنا: نہایت ادب واحترام سے کہنا، خوشامد اور لجاجت سے کہنا

ہاتھ جھوٹا پڑنا: وار خالی جانا، نشانے کا چوک جانا

ہاتھ جھوٹا کرنا: ذرا سا کھانا، ایسا حملہ کرنا کہ جس کی مار معمولی ہو

ہاتھ چلانا: مارنے کو ہاتھ اٹھانا، حملہ کرنا، مارنے کو ہاتھ بڑھانا

ہاتھ چمکانا: عورتوں کا ہاتھ لچا لچا کر باتیں کرنا، تلوار چلانا

ہاتھ چھوڑنا: ہاتھ مار دینا، حملہ کرنا

ہاتھ خالی جانا: نشانہ خالی جانا، داؤ نہ لگنا، دنیا سے خالی ہاتھ جانا

ہاتھ خالی دینا: دشمن کی مار کو پڑنے نہ دینا، دشمن کے وار کو ناکام بنا دینا

ہاتھ خالی نہ ہونا: فرصت نہ ہونا، خالی وقت نہ ہونا

ہاتھ دانتوں سے کاٹنا: بے حد پشیمان ہونا، اپنی خطا پر رنج وغصہ کرنا

ہاتھ دکھانا: نبض دکھانا، آنے والے زمانے کا حال نجومی سے معلوم کرنا، سپاہ گری کے کرتب دکھانا

ہاتھ دھو بیٹھنا: مایوس ہو جانا، کھو دینا، چھوڑ دینا، ترک کر دینا

ہاتھ دھو کے پیچھے پڑنا: ستانے کے پیچھے پڑنا، سب کام چھوڑ کے ایک ہی کام پر لگ جانا

ہاتھ دھونا: پانی حاصل کرنا، امید ختم کرنا

ہاتھ دیکھنا: نبض دیکھنا، مریض کی کیفیت معلوم کرنا، کسی عطیہ کا انتظار کرنا، کسی کی قسمت کا حال اس کے ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر بتانا

ہاتھ دینا: ہاتھ سے ہاتھ ملانا، تعریف کرنا، داد چاہنا، دھرہ کرنا، چیک کے دانوں کا مرجھا جانا، تاجروں کا ایک دوسرے کے ساتھ معاملہ کرنا، سپرد کرنا

ہاتھ ڈالنا: کسی چیز میں ہاتھ داخل کرنا، کسی کام میں

مشغول ہونا، چھیڑنا، چھونا

ہاتھ رکھنا: ہاتھ دھرنا، روکنا، کسی چیز کا منہ بند کرنا

ہاتھ رنگنا: ہاتھ میں مہندی لگانا، مال یا رشوت لینا

ہاتھ رواں کرنا: کسی کام کی ہاتھ سے مشق کرنا، ہاتھ کی صفائی پیدا کرنا

ہاتھ رواں ہونا: ہاتھ میں مشاقی آنا، ہاتھ خوب چلنا

ہاتھ روکنا: خرچ میں میانہ روی اختیار کرنا، فضول خرچی نہ کرنا، حملہ روکنا

ہاتھ رہ جانا: ہاتھوں کا شل ہو جانا، ہاتھوں کا بے کار ہو جانا

ہاتھ سر پر رکھنا: مربی اور سرپرست بننا، پیار کرنا

ہاتھ سمیٹنا: ہاتھ روکنا، دینے سے ہاتھ کھینچ لینا، لڑائی کر دینا

ہاتھ سے: ذریعہ سے، ذلت سے، دم سے، طاقت سے

ہاتھ سے تنگ آنا: کسی کے کاموں اور حرکتوں سے پریشان ہونا

ہاتھ سے جاتا رہنا: قبضہ اور اختیار سے نکل جانا، قابو میں نہ آنا، مر جانا

ہاتھ سے جانا: کھو جانا، ختم ہو جانا، کسی چیز کا گرفت سے باہر ہو جانا

ہاتھ سے چھوٹنا: قبضہ سے نکلنا، پکڑ سے باہر ہو جانا

ہاتھ سے دل پھسلنا: والہ و شیدا ہونا

ہاتھ سے دے بیٹھنا: کھو دینا، برباد کر دینا

ہاتھ سے دینا، بخشنا: بخشش کرنا، چھوڑنا، پکڑ سے آزاد کرنا

ہاتھ سے کام نکالنا: کسی کام کا تجربہ ہونا، کسی کام کا ہاتھ سے جاتا رہنا

ہاتھ سے ہاتھ ملنا: افسوس کرنا، پشیمان ہونا

ہاتھ شل ہو جانا: ہاتھ کا تھک جانا، ہاتھ تھک کے چور چور ہونا

ہاتھ صاف کرنا: مشق بہم پہنچانا، ہاتھ سے کوئی کام کرنا، تحریر کو اچھا کرنا، قتل کرنا، لوٹنا

ہاتھ طوقِ کمر ہونا: کسی کی کمر میں ہاتھ ڈالنا

ہاتھ قلم کرنا: ہاتھ کاٹنا، ہاتھ کا بدن سے الگ کرنا

ہاتھ کاٹ دینا: ہاتھ قلم کر دینا، لکھائی میں اقرار لے لینا، دستاویز لکھا لینا

ہاتھ کانوں پر رکھنا: بالکل بے علمی کا اظہار کرنا، واقف نہ ہونے کا اظہار کرنا

ہاتھ کٹ جانا: دستاویز لکھ دینا، بے دست و پا ہو کے رہ جانا

ہاتھ کٹ چکے: اپنے ہاتھ کی تحریر دے بیٹھے

ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ہے: جو ظاہر اور سب کو معلوم ہے اس کے بیان کرنے کی ضرورت کیا ہے

ہاتھ کو ہاتھ پہچانتا ہے: جس سے لیتے ہیں اسی کو واپس کرتے ہیں

ہاتھ کو ہاتھ نہیں سوجھتا: بہت اندھیرا ہے، نہایت تاریکی چھائی ہے

ہاتھ کھلا ہونا: سخاوت کی عادت ہونا، خیر خیرات کرنے کی عادت ہونا

ہاتھ کھینچ لینا، ہاتھ کھینچنا: باز آنا، کسی کام سے ہاتھ روکنا

ہاتھ کے ہیرنہ کھانا: کسی کے ہاتھ کی کوئی چیز نہ کھانا، بہت دشمنی رکھنا

ہاتھ (ہاتھوں) کے طوطے اُڑ جانا: اوسان خطا ہونا، کوئی حیرت کی چیز دیکھ کر حواس قائم نہ رہنا

ہاتھ (ہاتھوں) کی لکیریں: وہ گہرے نشانات جو ہاتھ کی ہتھیلی پر ہوتے ہیں، رشتہ دار، عزیز

ہاتھ کی لکیریں مٹنا: محبت ختم ہونا، رشتہ داری کا ٹوٹ جانا، تقدیر کا لکھا مٹنا

ہاتھ کی مچھلی: ہتھیلی کا ابھرا ہوا حصہ جس میں گوشت بھرا ہوتا ہے

ہاتھ کے نیچے آنا: قابو میں آنا، قبضہ ہو جانا

ہاتھ گردن میں ڈالنا: ہاتھ گلے میں ڈالنا، محبت سے ہاتھ لگانا، ملاپ کرنا

ہاتھ گریبان تک جانا: جنون کا زور ہونا، گریبان چاک کرنا

ہاتھ گلنا: سردی کی وجہ سے ہاتھ ٹھٹھرنا، پھوڑوں یا زخموں کی کثرت سے ہاتھ سڑنے لگنا

ہاتھ گھسانا: بغیر فائدہ کے کوشش کرنا

ہاتھ گھس جانا: ہاتھ سے اس قدر کام لینا کہ اُسے نقصان پہنچے

ہاتھ گھنگھولنا: پانی کے برتن میں ہاتھ ڈال کے ہلانا

ہاتھ لا: شاباش! واہ وا! کیا کہنا ہے

ہاتھ لال کرنا: انعام لینا

ہاتھ لپکانا: ہاتھ بڑھانا، کسی کی طرف ہاتھ کرنا

ہاتھ لگانا: چھونا، چھیڑنا، امداد کرنا، ہاتھ مارنا، کوئی کام شروع کرنا

ہاتھ لگائے کملانا: بہت نازک اور کمزور ہونا

ہاتھ لگائے (لگے) میلا ہونا: بہت سفید اُجلا اور چمک دار ہونا، نہایت لطافت اور پاکیزگی والا ہونا

ہاتھ لگنا: چھونا، ملنا، حاصل ہونا، سہارا ملنا

ہاتھ لینا: تھامنا، روکنا

ہاتھ مارنا: ضرب لگانا، چوٹ لگانا، غبن کرنا، مال میں ہیرا پھیری کرنا، رشوت لینا

ہاتھ ملانا: مصافحہ کرنا، پنجہ آزمائی کرنا

ہاتھ ملتے رہ جانا: پچھتانا، افسوس کرنے لگنا

ہاتھ ملنا: افسوس کرنا، پشیمان ہونا

ہاتھ منہ پر سے نہیں اترے: ابھی نئی دلہن ہے، شرم وحیا کا زمانہ ہے

ہاتھ منہ دھلانا: کسی کی خدمت کرنا، خادم بن کے رہنا

ہاتھ میں دل رکھنا: ہاتھ میں دل لیے رہنا، کسی کی ہر طرح سے خاطر داری کرنا، کسی کی دل آزاری نہ کرنا

ہاتھ میں گریبان ہونا: کسی کے ظلم کے خلاف فریاد کرنا

ہاتھ میں لانا، پات میں کھانا: ایسا غریب ہونا کہ

جو کمائے وہ کھا جائے، ایک پیسہ بھی پس انداز نہ کرنا

ہاتھ میں لینا: کسی کام کا ذمہ دار بننا

ہاتھ میں لیے پھرنا: ہاتھ میں دبائے پھرنا، شہوت میں بے چین ہونا

ہاتھ میں ہاتھ دینا: کسی کو کسی کے حوالے کر دینا، عورت کا نکاح کر دینا، مصافحہ کرنا

ہاتھ میں (ہنر) جوہر ہونا: ہنر والا ہونا، کمال والا ہونا

ہاتھ نچانا: ہاتھ مٹکا مٹکا کر باتیں کرنا

ہاتھ نہ آنا: پکڑ میں نہ آنا، قبضہ میں نہ آنا، کسی چیز کا حاصل نہ ہونا

ہاتھ ہلاتے ہوئے آنا: خالی ہاتھ آنا، کچھ کما کے نہ لانا

ہاتھ ہلنا: ہاتھ میں رعشہ کی بیماری ہونا، ہاتھ میں کپکپی ہونا

ہاتھوں: سبب، وجہ، ہاتھ سے، ذریعہ سے، وسیلہ سے

ہاتھا چھلنا: بہت تڑپنا، زیادہ بے قرار ہونا، بہت اچھلنا

ہاتھوں بڑھ جانا: بہت بڑا ہو جانا

ہاتھوں پر سانپ کھلانا: جان جوکھوں میں ڈالنا، خطرے میں پڑنا

ہاتھوں چھاؤں رکھنا: بہت حفاظت سے رکھنا

ہاتھوں دل بڑھانا: بڑا حوصلہ بڑھانا، حوصلہ افزائی کرنا

ہاتھوں کلیجہ اچھلنا: بہت اضطراب اور بے چینی ہونا، دل کا بہت دھڑکنا

ہاتھوں ہاتھ: اوپر ہی اوپر، ایسا کام کہ بیچ میں رُکے نہیں، جلد

ہاتھ ہاتھ اڑ جانا: بہت جلد خرچ ہو جانا، بہت جلد فروخت ہو جانا

ہاتھوں ہاتھ لانا: بہت عزت اور احترام سے لانا

ہاتھوں ہاتھ لیے جانا: بہت عزت کرنا

ہاتھا پائی: مار پیٹ، گھوسم گھوسا، لڑائی جھگڑا

ہاتھی: مذ، ایک بڑے ڈیل ڈول کا جانور، لیل، پیل

ہاتھی پاؤں: فیل پا، ایک بیماری جس میں پاؤں پھول کر موٹے ہو جاتے ہیں

ہاتھی جھولنا: دروازے پر ہاتھی بندھا ہونا، بہت دولت مند ہونا

ہاتھی چنگھاڑنا: ایک قسم کا درخت

ہاتھی خانہ: ہاتھیوں کے رہنے کا گھر، لیل خانہ

ہاتھی دانت کا چوڑا: ہاتھی کے دانتوں کی بنی ہوئی چوڑیاں

ہاتھی کا پاٹھا: جوان ہاتھی، ہاتھی کا بچہ

ہاتھی کے پاؤں میں سب کا پاؤں: بڑے آدمی کے سب فرماں بردار ہوتے ہیں، امیروں سے غریبوں کو فائدہ پہنچتا ہے

ہاتھی کے دانت بٹھانا: ناممکن بات کرنا، بوڑھے طوطے کو پڑھانا

ہاتھی کے ساتھ گنے چوسنا: زبردست سے مقابلہ کرنا

ہاتھی نال: مو، ایک قسم کی توپ جسے ہاتھی پر لادتے تھے

ہاٹ: مو، دکان، سودا بیچنے کی جگہ، ہفتہ واری بازار

ہاٹ کرنا، ہاٹ کھولنا: دکان شروع کرنا، ہفتہ واری بازار جانا

ہاجرہ: مو، نہایت گرم، دوپہر کا وقت، حضرت اسمٰعیلؑ کی نناں کا نام

ہاجی: ہجو کرنے والا، ہجو لکھنے والا

ہادِم: ڈھانے والا، گرانے والا، عمارتوں کو مسمار کرنے والا

ہادِم اللذّات: لذّتوں کو ڈھانے والا، موت

ہادی: ہدایت کرنے والا، رہنما، پیشوا

ہار: مو، مات، ہزیمت، ماندگی، تھکاوٹ

ہار جیت: نفع نقصان، شکست اور فتح

ہار کر بیٹھ رہنا: تنگ آ کر چھوڑ دینا، کچھ نہ کرنا، چھوڑ دینا

ہار کے جھک مار کے: مجبور ہو کر، لاچار ہو کر

ہار: نذ، مالا، تسبیح، موتیوں کا گلوبند

ہار چڑھانا: شہید یا کسی بڑے رہنما کی قبر پر پھولوں کے ہار ڈالنا

ہارب: بھاگنے والا، فرار ہونے والا

ہارسنگار: نذ، ایک پیڑ جس کے پھول کی ڈنڈیوں سے پیلے اور سنہرے رنگ حاصل کرتے ہیں

ہارنا: شکست پانا، شکست کھانا، مغلوب ہونا، دق ہونا

ہاروت: نذ، اُن دو فرشتوں میں سے ایک کا نام جو دنیا میں آ کر زہرہ نامی عورت پر عاشق ہو گئے اور لوگوں کو جادو سکھاتے تھے، اب چاہ بابل میں لٹکے ہوئے اللہ کے عذاب میں گرفتار ہیں

ہارون: نذ، شریر اور سرکش گھوڑا، حضرت موسیٰؑ کے بھائی کا نام، سردار، ایک عباسی خلیفہ

ہارونی: نافرمان، سرکش

ہاڑ: نذ، ہڈی، ڈھانچہ، پنجر

ہاشم: نذ، حضرت محمدؐ کے پردادا کا نام

ہاشمی: ہاشم کے ساتھ نسبت رکھنے والا

ہاضم: ہضم کرنے والا، گھلانے والا

ہاضمہ: نذ، معدہ کے اندر غذا کو گھلانے کی طاقت

ہالہ: نذ، دائرہ، چاند کا کنڈل جو زمین کے بخارات سے چاند کے گرد پڑ جاتا ہے

ہامون: نذ، بیابان، میدان، جنگل، صحرا

ہاں: اچھا، ہوں، ضرور، ٹھیک، تاکید، تنبیہ، وہاں اور یہاں کا مخفف

ہاں جی: بے شک، بجا فرمایا، صحیح ہے

ہاں کرنا: اقرار کرنا، قبول کرنا، منظور کرنا

ہاں میں ہاں ملانا، ہاں جی ہاں جی کرنا: بغیر سوچے سمجھے مان لینا

ہاں ہاں: اقرار، منظوری، البتہ، ہرگز نہ، مت

ہانپنا: جلد جلد سانس لینا، سانس اکھڑنا

ہانڈی: مو، ہنڈیا، کھانا پکانے کا برتن، لیپ کا گلوب

ہانڈی پکنا: آپس میں مشورہ ہونا، سالن پکانا، کھانا تیار ہونا

ہانڈی پھوڑنا: بھانڈا پھوڑنا، بھید ظاہر کرنا

ہانڈی گرم کرانا: رشوت دلانا، فائدہ کرانا

ہانڈی گرم کرنا: مفت میں مال حاصل کرنا، رشوت لینا

ہانک پکار: آدمیوں کا شور وغل، چیخ پکار

ہانک مارنا: آواز لگانا، پکارنا، زور سے بلانا

ہانکے پکارے: علانیہ، کھلم کھلا، سب کے سامنے

ہانگی: مو، کپڑے کی چھلنی، میدہ چھاننے کی باریک چھلنی

ہاون: مذ، اوکھلی، کھرل، کسی چیز کو باریک کوٹنے کا برتن

ہاون دستہ: اوکھلی اور موسل

ہاویہ: مذ، دوزخ کا سب سے نیچے کا حصہ، اندھیرا غار

ہاؤ ہاؤ: مو، جلدی، گھبراہٹ، واویلا، کمی

ہاؤ ہاؤ کرنا: جلدی کرنا، گھبراہٹ میں ہونا

ہاہا: مو، ہی ہی، ہنسنے کی آواز، افسوس، التجا، درخواست

ہاہا ٹھی ٹھی: ہنسی ٹھٹھا

ہاہا کرنا: خوشامد کرنا، التجا کرنا

ہاہا ہو ہو: وہ ہنسی مذاق جس میں بدتمیزی شامل ہو، ہنسی ٹھٹھا

ہاہا ہی ہی: بے ہودہ ہنسی، قہقہہ

ہاہا ہی ہی کرنا: قہقہہ مارنا، زور سے ہنسنا

ہاہو کرنا: شور کرنا، غل مچانا، چیخنا

ہائل: ہولناک، ہیبت ناک، بھیانک

ہائی: اونچا، بڑا، اعلیٰ درجے کا

ہائی اسکول: مدرسہ فوقانیہ، وہ اسکول جس میں درجہ دہم تک تعلیم ہوتی ہو

ہائی کورٹ: عدالت عالیہ، بڑی عدالت

ہائے: مو، افسوس، دریغ، بیماری، ماتم

ہائے اللہ: اے خدا، اے اللہ، یا خدا

ہائے رے: ہائے افسوس

ہائے ہائے کرنا: کراہنا، واویلا کرنا، شور مچانا، بڑی محنت کرنا، کسی چیز کے نہ ہونے پر شور مچانا

ہائے ہو: غل، شور، چیخ، پکار

ہائیں: آگاہ کرنے اور دھمکانے کا کلمہ

ہبڑا: مذ، بڑے بڑے دانتوں والا، بھدا

ہبڑی: مو، ہبڑا کی تانیث، بھدی، بڑے دانتوں والی

ہُبل: مذ، ایک مشہور بُت جو اسلام سے پہلے مکہ میں تھا

ہُبّک: چھوٹے قد کا، سڑی، بادلا، ہونق

ہبوب: مذ، ہوا کا چلنا

ہبوط: مذ، نیچے آنا، نازل ہونا، اترنا، نشیب

ہبہ: مذ، عطا، بخشش، وقف، خیرات

ہبہ استقبالی: آئندہ کا ہبہ

ہبہ کرنا: بخشنا، عطا کرنا، دینا، دان دینا

ہبہ نامہ: وہ کاغذ جس میں کسی کو کوئی چیز بخشنے کے بارے میں تحریر ہو

ہپ: سو، نگلنے کی آواز، ہڑپ کرنے کی آواز

ہپ کر جانا: ہڑپ کر جانا، نگل جانا، مار لینا، کسی کا مال دبا لینا

ہپ ہپ: جلد جلد نگلنے کی آواز، پوپلوں کے بولنے کی آواز

ہپڑ ہپڑ: سو، ہپ ہپ

ہپو: افیون کی گولی جو عورتیں بچوں کو دیتی ہیں

ہت: نفرت کا کلمہ، پرے ہٹ، دور جا، چل دور ہو

ہت تیری، ہت تیری کی، ہت تیری کی ایسی تیسی: خدا تیرا بیڑا غرق کرے، کبھی پیار سے بھی کہتے ہیں

ہت کار، ہت کاری: احسان کرنے والا، دست محسن

ہتا مارنا: ہاتھ مارنا، مال حاصل کرنا، زبردستی چھین لینا

ہتوں (ہتھوں) سے جانا: پتنگ کا ہاتھ پر سے ٹوٹ جانا یا کٹ جانا

ہتے (ہتھے) پر ٹوک دینا: شروع ہی میں کسی کو غلطی پر متنبہ کرنا، اعتراض کرنا

ہتے (ہتھے) چڑھنا: ہاتھ آنا، کسی کے قابو میں آنا، مہارت ہونا

ہتک: سو، پردہ دری، رسوائی، بے عزتی

ہتک آمیز: گستاخی سے بھرا، بے عزت کرنے والا

ہتک عزت: کسی کو رسوا کرنا، کسی کو ذلیل کرنا، کسی کو بدنام کرنا

ہتو: نذ، ہوا خواہ، خیر خواہ، خیر اندیش

ہتوڑا، ہتھوڑا: لوہاروں کا ایک اوزار جس سے لوہا کوٹتے ہیں

ہتوڑی، ہتھوڑی: سو، چھوٹا ہتوڑا

ہتھ چھٹ: جھگڑالو، ذرا سی بات پر مار بیٹھنے والا

ہتھکڑی: لوہے کی وہ زنجیر جو مجرم کے ہاتھ میں ڈالتے ہیں

ہتھ نال: ایک قسم کی چھوٹی توپ جس کو ہاتھی کی پیٹھ پر لادتے ہیں

ہتھنی: سو، ہاتھی کی تانیث

ہتھیار: نذ، اسلحہ، جنگ کا سامان، لڑائی کا سامان، کام کرنے کا سامان

ہتھیار باندھنا: اپنے بدن پر اسلحہ سجانا

ہتھیار بند: ہتھیار لگائے ہوئے، مسلح

ہتھیار چلانا: لڑنا، ہتھیار کو استعمال کرنا

ہتھیار ڈال دینا، ہتھیار رکھ دینا: ہار مان لینا، اپنے کو دشمن کے حوالے کر دینا

ہتھیار کھولنا: ہار مان لینا، لڑائی سے ہاتھ اٹھانا

ہتھیار باندھنا: اسلحہ سے لیس ہونا

ہتھیانا، ہتیانا: ہاتھ میں لینا، اختیار میں کرلینا، ملکیت بنالینا

ہتھیلی، ہتیلی: مو، پنجے کے نیچے کا حصہ، کفِ دست

ہتھیلی پر سر رکھ لینا: مرنے کو تیار ہونا، کفن بردوش ہونا، سر بہ کف ہونا

ہتھیلی پر سرسوں جمانا: مشکل کام کو جلدی سے انجام دینا، کام کو اس طرح انجام دینا کہ عقل حیران رہ جائے

ہتھیلی پر سر لیے پھرنا: مرنے کو تیار پھرنا، ہر وقت مرنے کے لیے تیار رہنا

ہتھیلی چبانا: بہت غصے کا اظہار کرنا، بہت ناراض ہونا

ہتھیلی سلسلانا: ہتھیلی میں تھوڑی تھوڑی کھجلی ہونا

ہتھیلی میں چور پڑنا: مہندی کے رنگ میں دھبہ رہ جانا، مہندی کا برابر نہ لگنا

ہتیا: مو، قتل، پاپ، گناہ

ہتھیارا: مذ، قاتل، گناہ گار، خونی

ہٹی: مو، دکان، ہاٹ، بازار، ضدی، ہٹ کرنے والی

ہٹیلا: مذ، ضد کرنے والا

ہٹیلی: مو، ضد کرنے والی

ہجا: مذ، حرف کا اِعراب سے ظاہر کرنا، زبر، زیر، پیش ادا کرنا

ہجر: مذ، جدائی، دوری، فرقت، فراق

ہجران: مذ، جدائی، دوری، فرقت، فراق

ہجرانِ نصیب: فراق کا مارا، وہ شخص جو اپنوں کی ملاقات سے محروم رہے

ہجرت: مو، وطن کو خیر باد کہنا، الوداع کہنا، حضرت محمدؐ کا مکّہ سے مدینہ آنا

ہجری: مو، ہجرت کی طرف منسوب، وہ سنہ جو حضرت محمدؐ کی ہجرت سے شروع ہوتا ہے

ہجو: مو، مذمّت، بُرائی

ہجو کرنا: بدگوئی کرنا، بُرا کہنا، فحش کلام زبان سے نکالنا

ہجو کہنا: کسی کی برائی میں شعر کہنا

ہجوِ ملیح: وہ ہجو جس میں بظاہر مدح ہو لیکن اصل میں وہ ہجو ہو

ہجوم: مذ، بھیڑ بھاڑ، ازدہام، ہنگامہ کھڑا کرنا

ہچر مچر: مو، پس وپیش، بہانہ، لیت ولعل

ہچر مچر کرنا: پس وپیش کرنا، تامل کرنا

ہچکچانا: پس وپیش کرنا، کسی کام میں تامل کرنا

ہچکچاہٹ: مو، جھجک، ہچر مچر

ہچکنا، ہچکچانا: کسی کام میں تامل کرنا

ہچکی: مو، وہ ہوا جو آواز کے ساتھ گلے سے رُک رُک کر نکلتی ہے، جان نکلنے کے وقت کی آواز

ہچکی آنا، ہچکیاں آنا: آواز کے ساتھ سانس رک رک کے نکلنا، جان نکلنے کے وقت سانس رک کر آنا

ہچکی (ہچکیاں) بندھ جانا، ہچکی (ہچکیاں) لگ جانا: زیادہ رونے سے سانس رکنے لگنا، لگاتار ہچکیاں آنا

ہچکیاں لینا: رونے کی وجہ سے سانس کا رک کر آنا

ہچکیاں لے لے کر رونا: بہت تیزی سے رونا

ہدا، ہدیٰ: مذ ہدایت، سیدھا راستہ صحیح راستہ صراطِ مستقیم

ہدایا: مذ، ہدیہ کی جمع، تحفے، ارمغان، سوغات

ہدایت: مو، رہنمائی، سمجھانا، حکم

ہدایت پانا: سیدھے راستہ پر آنا رہبری حاصل کرنا

ہدایت کرنا: راستہ دکھانا، سمجھانا، سکھانا

ہدایت نامہ: طریقۂ کار، وہ رسالہ جس میں کسی کام کے بارے میں قواعد وضوابط ہوں، نصاب نامہ

ہدر: مذ، کسی کے خون کرنے کو مباح کرنا

ہدف: مذ، نشانہ، زد، مار

ہدف آفت: دکھ کا نشانہ، مصیبت میں پھنسنا

ہدف بننا: نشانہ بننا، زد پر ہونا

ہدف مارنا: نشانہ لگانا، نشانے پر تیر لگانا، کوئی بڑا کارنامہ انجام دینا

ہدف ملامت: وہ شخص جس پر ہر طرف سے نفریں ہو

ہُدہُد: مذ، ایک مشہور پرندہ جس کے سر پر تاج ہوتا ہے، کھٹ بڑھئی

ہدی: مو قربانی کا جانور جسے حاجی منیٰ میں لے جاتے ہیں

ہدیہ: مذ، تحفہ، ارمغان، سوغات، قرآن مجید کی قیمت

ہدیہ کرنا: قرآن شریف یا کوئی متبرک چیز بیچنا

ہڈی میں ہڈی پیوند میں پیوند ملنا: میاں بیوی کا اچھی نسل سے ہونا

ہڈی ہڈی توڑنا: خوب مارنا، خوب کوٹنا

ہڈیاں خاک میں سو جانا: مردہ کو دفن کرنا

ہڈیاں سرمہ ہو جانا: ہڈیوں کا بُور ابُور ہو جانا

ہڈیاں کچلنا: بُری طرح مارنا، بہت چوٹ پہنچانا

ہڈیاں گن لینا: دبلے پن کی وجہ سے ہڈیاں صاف ظاہر ہونا

ہڈیاں نکل آنا: بہت دبلا ہونا، بہت لاغر و کمزور ہونا

ہڈیلا: ہڈی والا، ہڈی دار

ہذا: یہ، موجود کی طرف اشارہ

ہذیان: مذ، بڑ، بکواس، خرافات

ہر: ایک، تمام، سب

ہر آن: ہر وقت، ہر بار

ہر آئینہ: بے شک، ضرور، ہر حالت میں

ہر ایک: ہر آدمی، ہر فرد، ہر آدمی زاد

ہر بانی: ہر جائی، دروازے سے دروازے پھرنے والا

ہر بار: ہر دفعہ، گھڑی گھڑی، لحہ بہ لحہ

ہر جائی: آوارہ پھرنے والا، ایک جگہ نہ ٹھہرنے والا

ہر چند: کتنا ہی، کیسا ہی، بہتیرا، بہت زیادہ

ہر چہ: ہر چیز، جو کچھ

ہر چہ باداباد: کچھ ہی کیوں نہ ہو جائے، جو ہو سو ہو

ہر بار: ہر بار، ہمیشہ

ہر دل عزیز: سب کا پیارا، مقبول عوام

ہر دم: ہر بار، ہر دفعہ، ہر لحہ، ہمہ وقت

ہر سو: ہر طرف، سب طرف

ہر فن مولا: تمام فنون جاننے والا، ہر کام میں ماہر

ہر کارہ: سب کام انجام دینے والا، ملازم، نامہ رساں، ڈاکیہ، مخبر

ہر کجا: ہر جگہ، ہر کہیں، جہاں کہیں

ہر کس: ہر کوئی، ہر آدمی، ہر شخص، ہر بشر

ہر کہ و مہ: ہر چھوٹا بڑا، ہر کہتر و مہتر کا مخفف، ادنیٰ و اعلیٰ

ہر گاہ: جب، جس وقت، چونکہ

ہر ہر: ایک ایک، سب کے سب

ہُر: مو، وہ آواز جو پرندوں کے اڑنے سے پیدا ہوتی ہے

ہَرا: سبز، دھانی، تر و تازہ، چرنے کی گھاس

ہرا باغ دکھانا: سبز باغ دکھانا، فریب دینا، جُل دینا

ہرا بھرا: سرسبز، شاداب، پھل لانے والا، کامیاب

ہرا ہو جانا: سرسبز ہو جانا، زخم تازہ ہو جانا، مسرور ہو جانا، تھکاوٹ ختم ہو جانا، چہرے پر رونق آنا

ہراس: مو، خوف، ڈر، ناامیدی

ہراساں: ڈرا ہوا، خوف کھایا ہوا، ناامید و مایوس

ہر یونگ: ند، مو، بدنظمی، بے انتظامی، فساد، افراتفری

ہر یونگ مچانا: بدنظمی پیدا کرنا، فساد کرنا، افراتفری مچانا

ہر یونگ ہونا: لوگوں کی زیادتی کی وجہ سے بدنظمی ہونا

ہرج: ند، شورش، فساد، نقصان، خسارہ

ہرج کرنا: دیر کرنا، نقصان کرنا

ہر جانا: ہار جانا، تھک جانا

ہرجانہ: ند، ہرج کرنے کا معاوضہ، تاوان کی رقم

ہرجہ: ند، نقصان، تاوان، ہرجانہ

ہرزہ: بے ہودہ، بے کار، غیر مناسب

ہرزہ سرا: بیہودہ بکواس کرنے والا، لغو باتیں کرنے والا

ہرزہ سرائی: بکواس کرنا، بے کار باتیں کرنا

ہرزہ کار: بیہودہ باتیں کرنے والا

ہرزہ گرد: بلاوجہ مارا مارا پھرنے والا، آوارہ پھرنے والا

ہرزہ گو: یاوہ گو، بکواس کرنے والا

ہرگز: زنہار، کبھی نہیں، کسی حالت میں بھی نہیں

ہرگز ہرگز: کبھی نہیں، کسی طرح نہیں

ہری: ہرا کی تانیث، سبزی کے رنگ کا، تر و تازہ

ہریالا: سرسبز اور شاداب، نوجوان، خوبصورت

ہریالا بنّا: خوب صورت دولہا

ہریسہ: ایک قسم کا کھانا جس میں گوشت ڈالتے ہیں، گلا ہوا، گھلا ہوا

ہڑ: مو، ایک قسم کا کسیلا پھل، ہڈی

ہڑ بیرہ: پرانی عداوت، پرانا بیر

ہڑ پھوہن: ہڈیوں کا درد، بدن کے حصے میں درد

ہڑ واڑ: خاندانی قبرستان

ہڑ بڑانا: گڑبڑ ہو جانا، بے چین ہو جانا

ہڑ بڑی: سو، گھبراہٹ، اضطراب، ہلچل، افراتفری

ہڑ پنا: نگل جانا، ایک ہی دفعہ منہ میں ڈال لینا

ہڑتال: ظلم زیادتی یا حق تلفی کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے کام پر نہ جانا

ہڑتال کرنا: دکانیں بند رکھنا، دفتروں میں کام نہ کرنا، کارخانوں میں کام نہ کرنا، بازار بند رکھنا

ہڑدنگے کرنا: شرارت کرنا، کودتے پھرنا

ہزار: دس سو (1000)، کتنا ہی، بہتیرا، ہزار داستان بلبل

ہزار بار: بارہا، ہزاروں دفعہ

ہزار پا: کنکھجورا، وہ کیڑا جس کے ایک ہزار پاؤں ہوتے ہیں

ہزار پر غالب ہونا: بڑی تعداد پر غالب ہونا، بڑا طاقت والا ہونا

ہزار چشم: ایک آبی کیڑا، کیکڑا، خرچنگ

ہزار چند: ہزار گنا

ہزار حیف: نہایت افسوس، بہت افسوس

ہزار داستان: ہزار قسم کی بولیاں بولنے والا، بلبل

ہزار میں نہ چوکنا: حق بات منہ پر کہنا، سب کے سامنے کہنا، لحاظ نہ کرنا

ہزار ہاتھ: بہت سے ہاتھ ہیں، خدا دینے پر آئے تو بہت سے ذرائع ہیں

ہزاروں باتیں سنانا: آوازے کسنا، برا بھلا کہنا

ہزارا، ہزارہ: ایک قسم کا گیندا، ایک قسم کا شوارہ

ہزار ہا: ہزاروں

ہزاری روزہ: رجب کی 27 ویں تاریخ کا روزہ

ہزاری منصب: ایک عہدہ جس میں فوج کی تعداد کی مناسبت سے عہدیدار کا نام ہوتا تھا، ایک ہزار سپاہیوں کا افسر

ہزال: ہزل کہنے والا، ہزلیہ نظمیں لکھنے والا

ہزبر: مذ، شیر ببر، پھاڑنے والا شیر، بہادر، شجاع

ہزل: مو، مذاق، تمسخر، وہ نظم جس میں پھکڑپن ہو

ہزیمت: مو، شکست، فتح کی ضد، ہار

ہزیمت اٹھانا: بھاگنا، پسپا ہونا، ہار ہونا

ہژدہ ہزار عالم: تمام مخلوق جس کی اٹھارہ ہزار قسمیں ہیں

ہسپتال: مذ، شفاخانہ، وہ جگہ جہاں مریض کا علاج ہوتا ہے

ہست: مو، ہستی، حیات، زندگی، وجود

ہست کرنا: پیدا کرنا، وجود میں لانا

ہست نیست: ہاں نہیں

ہست و بود: زندگی، حیات، ہستی، وجود

ہست و ممات: جینا مرنا، زندگی اور موت

ہستی: مو، وجود، قیام، دولت، طاقت

ہستیٔ جاوداں: ہمیشہ باقی رہنے والی زندگی، لافانی زندگی

ہستیٔ فانی، ہستیٔ موہوم، ہستیٔ ناپائدار، ہستیٔ دوروزہ: ختم ہونے والی زندگی

ہُش: مو، کتے کو دھتکارنے کی آواز، پرندوں کے اڑانے کی آواز

ہشاش: شاداں، خوش، مسرور

ہشاش بشاش: بہت مسرور، باغ باغ

ہشت: آٹھ (8)

ہشت بہشت: آٹھ جنتیں، خلد، دارالسلام، دارالقرار، جنت عدن، جنت الماویٰ، جنت النعیم، علیین، فردوس

ہشت پہلو: آٹھ کونے والا

ہشت: نفرت کرنے یا کسی کام سے روکنے کا کلمہ

ہشتاد: اسی (80)

ہشتم: آٹھواں

ہشیار: ہوشیار، کائف، دانا، عقل مند

ہشیاری: مو، ہوشیاری، کائف، دانائی، عقل مندی

ہضم: غبن، تحلیل، غبن، چوری

ہضم کرنا: بچانا، مال مارنا، دبالینا، مار جانا

ہضم ہونا: غذا کا پیٹ میں گھلنا، مال کا ہاتھ سے چلا جانا

ہفت: سات (7)

ہفت اقلیم: سات ولایتیں، تمام دنیا

ہفت الوان: مختلف قسم کے لذیذ کھانے

ہفت اندام: ایک رگ کا نام جس پر فصد لگانے سے سر سینہ پشت اور ہاتھ پاؤں کا خون نکلتا ہے

ہفت پشت: سات پیڑھی، سات نسلیں

ہفت جوش: وہ چیز جو سات دھاتیں ملا کے بنائی جائے

ہفت چشمۂ بہشت: جنت کی سات نہریں، کوثر، کافور، سلسبیل، تسنیم، معین، زنجبیل، ہیم

ہفت دوزخ: دوزخ کے سات درجے: سقر، سعیر، لظی، حطیم، جحیم، جہنم، ہاویہ

ہفت رنگ: ساتوں رنگ، سیاہ، سفید، سرخ، سبز، پیلا، قرمزی، کبود

ہفت روزہ: سات دن والا، ہفتہ واری اخبار

ہفت زبان: سات زبانیں جاننے والا

ہفت زبان ہونا: بہت سی زبانیں جاننا

ہفت قلزم، ہفت دریا: سات سمندر

ہفت کشور: ہفت اقلیم، پوری دنیا

ہفت گردوں: سات آسمان

ہفت میوہ: سات قسم کے میوے: کشمش، انجیر، شفتالو، خرما، آلو بخارا، سیب، انگور

ہفت ہیکل: سلامتی کے لیے سات دعائیں

ہفتاد بستر (70)

ہفتاد و دو ملت: مسلمانوں کے بہتر (72) فرقے

ہفتہ: مذ، سات دن کی مدت، ساتوں دن، سنیچر

ہفتہ عشرہ: آٹھ دس دن میں، چند روز میں

ہف نظر: چشم بد دور، ماشاء اللہ

ہفوات: مو، بے کار باتیں، لغو باتیں

ہکا بکا: حیران، ششدر، سراسیمہ، گھبرایا ہوا

ہکا بکا ہونا: حیران ہونا، متحیر رہ جانا

ہکذا: اسی طرح، بجنسہ

ہکلا: مذ، ہکلانے والا، لکنت کرنے والا، اُلکن

ہکلانا: لکنت کرنا، زبان کا لڑکھڑانا

ہکلی: مو، ہکلا کی تانیث، لکنت کرنے والی عورت

ہگ: پاخانہ، براز، فضلہ

ہگ دینا، ہگ مارنا: پاخانہ کر دینا، براز کرنا

ہگاس: پاخانہ پھرنے کی خواہش، رفع حاجت کی خواہش

ہگاس لگنا: پاخانہ محسوس ہونا

ہگاسا: وہ جس کو بہت زور کا پاخانہ محسوس ہو

ہگانا: پاخانہ کرانا

ہگنا: پاخانہ کرنا

ہگو، ہگوڑا: بار بار ہگنے والا، بہت زیادہ ہگنے والا، بُزدل

ہل: مذ، زمین جوتنے کا آلہ، قلبہ

ہل جوتنا: مذ، ہل دھر، کسان

ہل جوتنا، ہل چلانا: بیج بونے کے لیے زمین کو ہل سے کھودنا

ہل دار: ہل دھر، ہل کا مالک، کسان، زارع

ہلا: مذ، چڑھائی، حملہ، شور غل، چیخ پکار

ہلا دینا: (کرایہ) ہل دینا، حرکت میں لے آنا، جنبش دینا

ہلاس: مو، خوشی، مسرت، شادی، موٹھنے کا پہلا ہوا تمباکو

ہلاس لینا: نسوار لینا، بو لینا

ہلاک: مذ، قتل، فنا، تباہی، بربادی

ہلاک کرنا: مارنا، قتل کرنا، مضمحل کرنا

ہلاک ہونا: مارا جانا، ختم کیا جانا، تھکنا

ہلاکت: مو، تباہی، بربادی، خرابی، موت، مرگ

ہلاکو: مذ، ظالم، ایک تاتاری بادشاہ

ہلال: مذ، پہلی رات کا چاند، ماہ نو

ہلالی: ہلال سے منسوب، ہلال کی وضع کا، ایک قسم کا تیر

ہلاہلا: نانوس

ہلانا: حرکت دینا، جنبش دینا، خوگر کرنا، پرچانا

ہلاہل: قاتل، مہلک، زہر قاتل

ہلا ہونا: مانوس ہونا، وحشت نہ ہونا

ہلبلانا: بے چین ہونا، گھبراہٹ، ہڑبڑی

ہل جانا: لرز جانا، کانپ جانا، مانوس ہو جانا

ہلچل: مو، بھاگڑ، بے قراری، بلوہ، دنگا

ہلچل پڑنا، ہلچل مچنا: کھلبلی ہونا، گھبراہٹ ہونا، فساد ہونا

ہلدی: مو، ایک قسم کی پیلے رنگ کی جڑ جو سالن میں ڈالی جاتی ہے

ہلدی تھوپنا: ہلدی لگانا، چوٹ کے درد کے ازالہ کے لیے ہلدی کا پلستر باندھنا

ہلّو: مذ، شور وغل، ہنگامہ

ہلّو مچانا: ہنگامہ کرنا، شور وغل کرنا

ہلکا: بھاری کی ضد، سبک، کم وزن، اوچھا، بے عزت

ہلکا جوڑا: معمولی لباس

ہلکا خون: وہ شخص جسے جلد نظر لگ جائے

ہلکا کام: معمولی کام، آسان کام

ہلکا کرنا: بوجھ اتارنا، بوجھ کم کرنا، ذلیل کرنا، رسوا کرنا

ہلکا گلابی جاڑا: معمولی سردی کا موسم

ہلکا ہاتھ: اوچھا وار

ہلکا ہلکا: کم وزن کا، کم بھاری، ذرا ذرا

ہلکا ہونا: وزن کم ہونا، ذلیل ہونا، رسوا ہونا، پتلا پڑنا، پھیکا پڑنا

ہلکے سے: آہستہ سے، آہستگی کے ساتھ

ہلکان: تھکا ہوا، اَدھ مُوا

ہلکان کرنا: تھکا دینا، پریشان کرنا

ہلکان ہونا: تھکنا، حیران ہونا، سخت پریشان ہونا

ہلکم: مذ، مو، ہلچل، کھلبلی، گھبراہٹ

ہلکم ڈالنا: تہلکہ ڈالنا، ہنگامہ برپا کرنا

ہلکورنا: جھنجھوڑنا، ہلانا، حرکت دینا

ہلکی: مو، ہلکا کی تانیث، کم وزن، بے عزت، ذلیل

ہلکی بات کہنا: اُوچھی بات کہنا، کم تر درجہ کی بات کہنا

ہلکی چوٹ: معمولی سی چوٹ، ذرا سی ضرب

ہل کے پانی نہ پی سکنا: بہت کمزور ہونا

ہل کے پانی نہ پینا: بہت کاہل اور سُست ہونا، اپنے ہاتھ سے کوئی کام نہ کرنا

ہل مل جانا: گھل مل جانا، آپس میں مانوس ہو جانا

ہلنا: حرکت ہونا، کانپنا، جنبش ہونا، تھرتھرانا

ہلہُل: مذ، ایک پودا جس کو بواسیر میں استعمال کرتے ہیں

ہلیلہ: مذ، ہڑ، ایک دوا کا نام

ہم: ضمیر جمع متکلم، میں اور میرے ساتھی

ہم جانیں یا تم جانو: ہمارے تمہارے سوا کوئی دوسرا واقف نہ ہو

ہم خوش ہمارا خدا خوش: رضامندی ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں، ہمارے دل میں کوئی بغض نہیں

ہم کون ہیں: ہماری کیا حیثیت ہے، ہم اس لائق کہاں ہیں

ہم کہاں: ہم نہ ہوں گے

ہم نہ کہتے تھے: دیکھو ہم یہی بات کہتے تھے نا، وہ

ہوا جو ہم کہا کرتے تھے

ہم: نیز بھی، اس کے علاوہ، ساتھی، جیسے، ہم عمر، ہم وطن

ہم آغوش: بغل گیر، ہم کنار، آپس میں گلے ملنے والا

ہم آغوش ہونا: گلے لگنا، گلے ملنا

ہم آغوشی: ہم کناری، بغل گیری

ہم آواز، ہم آہنگ: ایک آواز والا، ایک رائے والا

ہم بزم: مجلس کا شریک، محفل کا ساتھی

ہم بستر: ایک بستر پر سونے والا، ساتھ سونے والا

ہم بستر ہونا: ایک ہی بستر پر سونا، جماع کرنا، وطی کرنا

ہم بستری: جماع، صحبت

ہم بغل: ہم آغوش، ساتھ میں رہنے والا

ہم پایہ: ہم مرتبہ، ہم عصر

ہم پلہ: برابر کی ٹکر کا، ہم رتبہ، برابر فاصلے کا

ہم پہلو: ساتھی، رفیق، برابر

ہم پیالہ، ہم کاسہ: ساتھ میں کھانے پینے، اٹھنے بیٹھنے والا

ہم پیشہ: ایک ہی پیشہ کا ساتھی

ہم ترازو: ہم پلہ، ہم وزن، ایک ہی درجہ اور رتبہ کا

ہم جلیس: ہم نشین، ساتھ اٹھنے بیٹھنے والا

ہم جماعت: جماعت کا ساتھی، کلاس کا ساتھی، ہم کلاس

ہم جنس: ایک جنس کا، ایک ہی قسم کا

ہم جوار، ہم سایہ: پڑوسی

ہم جولی: ہم عمر، ہم سن، ساتھ میں کھیلنے والا

ہم چشم: برابر والا، ہم رتبہ، ایک ہی عہدہ کا

ہم چشمی: برابری، ہم سری

ہم چشمی کرنا: برابری کا دعویٰ کرنا، ہم سری کرنا

ہم خواب ہونا: ایک ساتھ سونا، جماع کرنا

ہم خواب: ساتھ میں سونے والی عورت، بیوی

ہم داستان: ہم کلام، ہم صحبت، ایک ساتھ بات چیت کرنے والا

ہم دامان: بیوی کی بہن کا دولہا، ہم زلف، سازھو

ہم دبستان، ہم مدرسہ، ہم مکتب: ایک ہی درس گاہ کا پڑھا ہوا

ہم درد: دردمند، دکھ کا ساتھی، دوست، مہربان، سکھ دکھ میں ساتھ دینے والا

ہم درس: ہم سبق، سبق کا ساتھی، درجہ کا ساتھی

ہم دست: ہمراہ، ساتھی، متفق

ہم دگر: باہم، آپس میں

ہم دم: رفیق، یار، دوست، بیوی

ہم دوش: برابر بیٹھنے والا، برابر کا، برابر کی ٹکر کا

ہم دیوار: پڑوسی

ہم ذات: ایک ہی برادری کا

ہم راز: راز داں، بھید، راز جاننے والا، بیوی

ہم راہ: ساتھ چلنے والا، ساتھی، ساتھ

ہم رشتہ: جو رشتہ میں برابر ہو

ہم رکاب: ہم سفر، سواری کے ساتھ

ہم رنگ: یکساں، ایک طرح، ایک رنگ کا

ہم رَو: ہم راہ، ہم سفر

ہم زاد: وہ روایتی شیطان جو انسان کے ساتھ پیدا ہوتا ہے اور ہمیشہ ساتھ رہتا ہے

ہم زُلف: ساڑھو، سالی کا دولہا

ہم زماں، ہم عصر: ایک ہی زمانے کے لوگ، دوست، معاصرین

ہم ساز: ہم دم، موافق

ہم سال: ہم عمر، عمر میں برابر

ہم سایہ: پڑوسی، پڑوس میں رہنے والا

ہم سبق: ہم درس، سبق کا ساتھی

ہم سخن: ہم زبان، ہم کلام، ساتھی

ہم سر: برابر کا، ہم چشم

ہم سری: برابری، ہم چشمی، مساوات

ہم سفر: ساتھ میں سفر کرنے والا، سفر کا ساتھی

ہم سلک: ہم رتبہ

ہم سن: ہم عمر، ہم جولی

ہم سنگ: درجہ میں برابر

ہم شان: برابر کی شان کا، ہم رتبہ، ہم درجہ، ہم پلہ

ہم شکل: ایک طرح کی صورت کا

ہم شیر: دودھ شریک بھائی یا بہن

ہم شیر زاد، ہم شیر زادہ: بھانجا، خواہر زادہ، بہن کا بیٹا

ہم شیر زادی: بہن کی بیٹی، بھانجی

ہمشیرہ: دودھ شریک بہن، خواہر

ہم صفیر: ہم آواز، ہمدم، ساتھی، شریک کار

ہم طالع: ایک ہی طرح کی قسمت والا

ہم عصر، ہم عہد، ہم زمانہ: ایک وقت کا

ہم عمر: ہم سن، برابر کی عمر کا

ہم عناں: ہم رکاب، ساتھی

ہم عہد: ہم عصر، ہم زمانہ، ایک ہی عہد کا

ہم قد: برابر قد کا

ہم قدم: ساتھی، ہم راہی، ساتھ میں چلنے والا

ہم قران، ہم قرین: ساتھی، ساتھ میں اٹھنے بیٹھنے والا

ہم قوم: ایک ہی قوم کا، ایک ہی ذات برادری کا

ہم کُلھو: ایک ہی خاندان کا، ایک ہی کنبے کا

ہم کلام: ہم سخن، مل جل کر بات کرنے والا، باہم گفتگو کرنے والا

ہم کلام ہونا: آپس میں باتیں کرنا

ہم کلامی: آپس میں بات چیت

ہم کنار: ہم آغوش، بغل گیر

ہم مذہب: ایک ہی مذہب کا، مذہب کا شریک

ہم مشرب: ایک ہی طریقے کا، ایک ہی مسلک کا

ہم مکتب: ہم مدرسہ، ایک ہی درس گاہ کے تعلیم یافتہ، ایک مدرسہ کے پڑھنے والے

ہم نام: ایک ہی نام کا

ہم نبرد: مقابل، مقابلہ کرنے والا، جنگ کرنے والا

ہم نشیں: ساتھ میں بیٹھنے والا، ساتھی

ہم نفس: ایک ساتھ سانس لینے والا، دوست، رفیق

ہم نوا: ہم آہنگ، ہم آواز، ہم صفیر

ہم نوالہ: ساتھ میں کھانے پینے والا

ہم وطن: ایک دیس کا، ایک شہر کا، ایک ملک کا

ہم وقت: ہم عصر، ہم زمانہ، ہم عہد، ایک ہی وقت کا

ہُما: ایک مشہور خیالی پرندہ جس کے بارے میں بتایا جاتا ہے کہ جس کے سر پر سے گزر جائے وہ بادشاہ بن جاتا ہے

ہمارا ذمہ: ہم اس کے ضامن ہیں

ہمارا اسلام ہے: ہم اس سے باز آئے

ہمارا کیا ہے: کیا بگڑتا ہے، ہمارا کیا نقصان ہے

ہمارے فرشتوں کو بھی خبر نہیں: ہمیں بالکل خبر نہیں، ہمیں ذرا بھی اطلاع نہیں

ہماری بندگی پہنچے: ہمارا اسلام پہنچے، ہم باز آئے، ہم معافی چاہتے ہیں

ہمالہ: ہمالیہ، دنیا کا سب سے اونچا پہاڑ جو ہندوستان میں واقع ہے

ہماں: وہی، ہم چناں، ہم چنیں

ہمایوں: مبارک، برکت والا، مسعود

ہمت: عزم، ارادہ، قصد، جرأت

ہمت باندھنا: حوصلہ بلند کرنا، جرأت کرنا

ہمت جوان رہنا: ہمت باقی رہنا

ہمت سرد ہو جانا: ہمت کا ختم ہو جانا

ہمت کا حامی خدا ہے: جو ہمت سے کام لے خدا بھی اس کی مدد کرتا ہے

ہمت کرنا: جرأت سے کام لینا، دلیری دکھانا

ہمتِ مردانہ: دلیروں جیسی ہمت

ہمت ہارنا: کم ہمت ہونا، حوصلہ بلند نہ رہنا

ہمتا: برابر، مثل، مانند، شریک

ہمتائی: عزم، برابری، ہمسری، ہم پلہ ہونا

ہمزہ: ء، تہجی حروف کا ایک حرف، بعض جگہ اضافت کا کام دیتا ہے، جیسے تختۂ دار

ہمکنا: بچے کا ہاتھ پاؤں مار کر ایک کی گود سے دوسرے کی گود میں جانے کا ارادہ کرنا

ہمک ہمک کے چلنا: ٹھمک ٹھمک کے چلنا، اُچک اُچک کر چلنا

ہمّم: مو، ہمت کی جمع، حوصلے، امنگیں

ہموار: برابر، یکساں، موزوں

ہموار کرنا: زمین کو برابر کرنا، کسی کو اپنے ساتھ ملالینا

ہمہ: کل، سارا، سب تمام

ہمہ تن: سر سے پاؤں تک، بالکل، سب کا سب

ہمہ تن گوش ہونا: بہت جی لگا کے سننا

ہمہ دان: سب کچھ جاننے والا، ہرفن مولا، تمام علموں کا ماہر

ہمہ دانی: سب کچھ جاننا، ہرفن مولا ہونا

ہمہ صفت موصوف: تمام خوبیوں کا مالک

ہمہ نعمت: تمام اچھی چیزیں، ہر قسم کی نفیس چیزیں

ہمہ وقت: ہر وقت، تمام وقت

ہمہ: مذ، شیر، گھوڑے، بیل اونٹ وغیرہ کی بھاری آواز

ہمیانی: مو، روپیہ پیسہ رکھنے کی تھیلی

ہمیشگی: مو، دوام، قدامت، قیام

ہمیشہ: دائم، سدا

ہمیشہ سے چلا آتا ہے: ہوتا آیا ہے، پرانی رسم ہے

ہمیں: ہم سب کو، ہم سب لوگوں کو

ہمیں کچھ کام نہیں: ہمیں کچھ غرض نہیں، ہمارا کوئی مطلب نہیں

ہمیں: ہم ہی کا مخفف، ہمارے سوائے کوئی نہیں

ہمیں پر کیا ہے: ہماری ذات پر منحصر نہیں ہے

ہمیں ہم: صرف ہم بنتا ہم، ہمارے علاوہ کوئی نہیں

ہُمن: مذ، حیدرآباد کے ایک پرانے سکّے کا نام، دولت، دھن

ہُمن برسنا: دولت حاصل ہونا، زیادہ آمدنی ہونا

ہَنجار: مذ، راہ، راستہ، طرز، روش

ہند: مذ، ہندوستان، بھارت، آریہ ورت

ہَنڈیا: ہانڈی کی تصغیر، چھوٹی ہانڈی، مٹی کی دیگچی، ترکاری

ہنڈیا چڑھانا: ہانڈی چولہے پر رکھنا، دال ساگ ترکاری پکانا

ہُنر: مذ، فن، کام، کاریگری، کمال، جوہر، حکمت، دانائی

ہنر کی پوٹ: بڑا ہنر والا

ہنرمند، ہنرور: ہنر والا، ہنر جاننے والا

ہنرمندی، ہنروری: کاریگری، ہنر جاننا، قابلیت

ہنسانا: ہنسی دلانا، خوش کرنا، مسرور کرنا

ہنس بول بسر کرنا: خوش دلی کے ساتھ زندگی گزارنا

ہنس بول لینا: ہنسی خوشی کے ساتھ بات چیت کرنا

ہنستے ہنستے پیٹ میں بَل پڑ جانا: بہت ہنسنا، دیر تک ہنسنا

ہنستے ہنستے لوٹ جانا: ہنسی کے مارے لڑھکنیاں کھانے لگنا، ہنسی سے لوٹ پوٹ ہو جانا

ہنسلی: مو، گردن کے نیچے کی ہڈی، ایک قسم کا زیور جسے گردن میں پہنتے ہیں

ہنس مکھ: خوش مزاج، شگفتہ رو

ہنسنا بولنا: دل لگی کرنا، مذاق کرنا

ہنسوانا: کسی پر ہنسنے کے لیے دوسرے کو اُکسانا

ہنسوڑ: خوش طبع، خوش مزاج، ظریف طبع

ہندسہ: مذ، رقم، اقلیدس، عدد کی شکل

ہندسہ دان: ہندسہ کے علم کا ماہر، اقلیدس کا ماہر

ہندو: بھارت کا باشندہ، ہندی، بھارتی، محبوب کے رُخ کا تل، محبوب کی زلف

ہندومت: ہندوؤں کا مذہب

ہندوستان: ہند، بھارت، آریہ ورت

ہندوستانی: ہندوستان کا باشندہ، ہندوستان کی زبان، وہ آسان ہندی اور اردو جو اردو اور ناگری رسم الخط میں لکھی جاتی ہے

ہنڈولا: مذ، پالنا، گہوارہ، جھولا، پگوڑا

ہنڈولا جھولنا: جھولا جھولنا، ہنڈولے میں جھولنا

ہنڈوی، ہُنڈی: مو، روپیہ کا کاغذ، وہ کاغذ جو ساہوکار دوسری جگہ روپیہ وصول کرنے کے لیے بھیجتے ہیں

ہنڈی بھیجنا: مہاجن کی معرفت روپیہ بھیجنا، ساہوکار سے روپیہ کا پرچہ لے کر بھیجنا

ہنڈی پٹنا: ہنڈی کے روپے کی وصولی ہونا

ہنڈی کرنا: ساہوکار کے ذریعہ ایک مقام سے دوسرے مقام کو روپیہ بھیجنا

ہنڈی کھڑی رکھنا: ہنڈی کو کسی وجہ سے روک لینا

ہنسی: مو، خندہ، قہقہہ، مزاح، کھیل، آسان کھیل

ہنسی اڑانا: کسی پر ہنسنا، کسی کے ساتھ مذاق کرنا

ہنسی اڑانا: ذلیل ہونا، مذاق کا نشانہ بننا

ہنسی خوشی سے: رضامندی سے، بغیر کسی جبر کے

ہنسی خوشی کا سودا: رضامندی کا معاملہ

ہنسی سے کہنا: مذاق کے طور پر کوئی بات کہنا

ہنسی ضبط کرنا: ہنسی روک لینا، ہنسی پر قابو پانا

ہنسی کی بات: مذاق کی بات، بُری بات

ہنسی میں اُڑا دینا: کسی کی بات پر دھیان نہ دینا، بات پر کان نہ دھرنا

ہنسی ہونا: مذاق ہونا، ذلت ہونا، تضحیک ہونا

ہنسیا: مذ، فصل یا گھاس کاٹنے کا اوزار

ہنکارا بھرنا، ہنکاری بھرنا: ہوں کرنا، اشارہ کرنا، بہکانا

ہنکارنا: ہوں کرنا، اشارہ کرنا، بہکانا

ہنگ: مذ، بھاری بھرکم، وقار، ارادہ، قصد، فساد، عاقل

ہنگام: مذ، وقت، زمانہ، عہد

ہنگامہ: مذ، مجمع، بھیڑ، فساد، دنگا، زور شور

ہنگامہ آرا: جنگ کرنے والا، فتنہ اٹھانے والا

ہنگامہ برپا کرنا: فساد کھڑا کرنا، جھگڑا شروع کرنا

ہنگامہ پرداز: ہنگامہ برپا کرنے والا، فساد کرانے والا

ہنگامہ پردازی: بلوہ کرنا، دنگا کرنا، فساد کرنا

ہنگامہ کرنا: فتنہ وفساد اٹھانا، شور وغل کرنا

ہنگامہ ہونا: جھگڑا ہونا، فساد ہونا، چیخ پکار ہونا، زور شور ہونا

ہنگامی: چند روز کا، متعینہ وقت تک کا

ہنود: ہند، ہندو کی جمع، ہندوستان کی پرانی قومیں

ہنوز: ابھی تک، تادم تحریر، اس وقت تک

ہنومان: ہندوؤں کا ایک دیوتا

ہنہنانا: گھوڑے کا بولنا

ہنہناہٹ: مو، گھوڑے کے ہنہنانے کی آواز

ہنی مون: ماہ عسل، ماہ نوشیں، شادی کا پہلا مہینہ جس میں دولہا دولہن باہر سیر وتفریح کے لیے چلے جاتے ہیں

ہو: مو، پکارنے کی آواز، اے، ہوا کرے، اگر ہو سکے تو

ہؤ: عربی ھُوَ (وہ) کی بگڑی شکل، غل، ہنگامہ، خوف، ڈر

ہُو بہو: بعینہٖ، ٹھیک ٹھیک، بجنسہ

ہُو حق: شور وغل، مستی میں منہ سے نکلنے والا نعرہ

ہُو حق کرنا: اللہ کا نام لینا، اللہ اللہ کرنا، شور وغل کرنا، شور مچانا

ہُو حق ہو جانا: مٹ جانا، ختم ہو جانا، فنا فی اللہ ہو جانا

ہُو کا عالم، ہُو کا مقام، ہُو کا مکان، ہُو کا میدان: عالم لاہوت، اجاڑ، سنسان، ایسی جگہ جہاں آدمی کو دہشت ہو

ہُو کرنا: ڈر کر چیخنا، چیخ کر بھاگنا

ہُو ہو جانا: ویران ہو جانا، سناٹا چھا جانا، خراب ہو جانا

ہُو: وہ (ضمیر مذکر غائب عربی)

ہُوالاوّل والآخر: وہ (خدا) سب سے پہلے اور آخر میں ہے

ہُوالشافی: وہ (خدا تعالیٰ) شفا بخشنے والا، حکیم نسخے کے شروع میں لکھتے ہیں

ہُوالغفور: وہ (خدا تعالیٰ) بخشنے والا ہے

ہوآنا: لوٹ کے واپس آجانا، پلٹ آنا

ہوا: مو، خلا اور زمین کے بیچ کی جگہ، باد، ریح، حرص، لالچ، طمع، آرزو، ساکھ، اثر، شہرت، معدوم

ہوا اڑ جانا: بھرم جاتا رہنا، ساکھ ختم ہونا، چرچا ہونا

ہوا اکھڑ جانا: عزت میں فرق آنا، ساکھ جاتا رہنا

ہوا اور ہو جانا، ہوا اور کچھ ہو جانا: طریقے بدل جانا، انقلاب برپا ہونا، پہلی سی بات باقی نہ رہنا

ہوا باندھنا: رعب جمانا، ڈینگ مارنا، سماں باندھنا

ہوا بدلنا: ہوا کا رخ بدلنا، حالت بدلنا، زمانہ کا رخ بدلنا، موسم پلٹنا، زمانہ سازگار ہونا

ہوا برخلاف ہونا: زمانہ کا سازگار ہونا

ہوا بگڑ جانا (بگڑنا): ہوا میں خرابی آنا، ہوا میں فساد پیدا ہو جانا، زمانے کا ناسوافق ہونا، بات خراب ہو جانا

ہوا بھر جانا: کسی چیز کا ہوا سے پھول جانا، ڈھن سمانا، اترانا، غرور کرنا

ہوا بھی نہ دینا: ہوا بھی نہ لگنے دینا، کسی کو خبر بھی نہ ہونے دینا

ہوا پر چڑھا دینا: مغرور و متکبر بنا دینا

ہوا پر چڑھنا: متکبر ہونا، مغرور ہونا

ہوا پر دماغ ہونا: مغرور ہونا

ہوا پرست: عیاش، عیش و عشرت میں مشغول رہنے والا، ہوا کے رخ کو بدل دینے والا

ہوا پر گرہ لگانا: بہت چالاکی کرنا، ناممکن کام کو کر دکھانا

ہوا پر ہونا: اِترانا، فخر کرنا، ظاہری شان و شوکت دکھانا

ہوا پلٹنا: زمانہ کا رخ بدل دینا

ہوا پھانکنا، ہوا پھانک کے رہنا: بھوکوں مرنا، فاقہ کشی کرنا، بغیر غذا کے رہنا

ہوا پھلنا: زمانہ کا سازگار ہونا، نصیبے کا مددگار ہونا

ہوا چھوڑنا: پاخانے کے راستے سے ہوا خارج کرنا، پادنا

ہوا حبس ہونا: ہوا بند ہونا

ہوا خلاف ہونا: الٹی ہوا چلنا، زمانہ کا ناسازگار ہونا

ہوا خواہ: خیر خواہ، بہی خواہ، خیر اندیش

ہوا خواہی: خیر خواہی، بہی خواہی، خیر اندیشی

ہوا خوری: کھلی فضا یا باغ، پارک وغیرہ میں جا کر سیر و تفریح کرنا

ہوادار: خواہش مند، ایسی جگہ جہاں ہوا اچھی طرح گزر سکے، ایک قسم کی سواری جسے کہار اٹھاتے ہیں

ہوا داری: خواہش مندی، بھلائی چاہنا

ہوا دینا: پنکھے یا دامن سے ہوا پہنچانا، کسی چیز کو ہوا میں رکھنا، آگ بھڑکانا، اُکسانا، ورغلانا

ہوا راس نہ آنا: ہوا اور موسم کا مزاج کے موافق نہ آنا

ہوا روگی: ہوا لگ جانا، زکام، سردی، نزلہ

ہوا سر میں ہونا: لگن ہونا، دھن سوار ہونا، کسی کام میں زیادہ لگنا

ہوا سے آگے جانا: بہت تیزی کے ساتھ جانا، تیز رفتاری سے چلنا

ہوا سے اڑ جانا: بہت کمزور اور دُبلا ہونا

ہوا سے باتیں کرنا: بہت چست و چالاک ہونا، متکبر ہونا

ہوا سے بچ کر نکلنا: بہت نفرت کرنا، کسی سے بہت دور بھاگنا، قریب سے نہ گزرنا

ہوا کا تھپیڑا: جھٹکا، ہوا کا زور کا جھونکا

ہوا کا رخ پھرنا: ہوا کا دوسری طرف چلنے لگنا، زمانے کا رنگ بدلنا

ہوا کا رخ دیکھنا: زمانے کے حالات کے مطابق کام کرنا، زمانے کی چال کو دیکھنا

ہوا کا کارخانہ: ناپائدار کام، وہ کام جس میں ثبات نہ ہو

ہوا کو گرہ دینا، ہوا کو گرہ میں باندھنا: مشکل کام کو انجام دینا، دشوار کام کرنا

ہوا کھانا: کھلی جگہ میں ٹہلنا، چلے جانا

ہوا کھاؤ: چلے جاؤ، چلتے بنو، دفع ہو

ہوا کھلانا: سبز باغ دکھانا، فریب دینا، سیر کرانا

ہوا کی چال: بہت تیز رفتار

ہوا کی روٹی: نان ہوا، ایک قسم کی پتلی چپاتی

ہوا کی طرح چلنا: تیز چلنا، آہستہ چلنا

ہوا لگنا: ہوا کا جسم سے چھو جانا، ہوا کے اثر سے بدن کا اکڑنا، کسی کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے کا اثر ہونا

ہوا لینا: ہوا کھانا

ہوا نہ آسکنا: کسی کا گزر نہ ہونا، کسی کی پہنچ نہ ہونا

ہوا نہ چھونا: ذرا سا بھی اثر نہ ہونا

ہوا نہ دینا: پتہ نہ لگنے دینا، خبر نہ ہونے دینا

ہوا نہ رہنا: رونق باقی نہ رہنا، بہار جاتی رہنا

ہوا و ہوس: حرص، طمع، شہوت کوشی

ہوا ہونا: ہوا جیسا ہونا، ہوا کی طرح تیز چلنا، ختم ہو جانا، فنا ہو جانا

ہُوا: ہو چکا، بیت گیا، تیار ہو گیا

ہُوا چاہتا ہے: عنقریب ہونے والا ہے، یقیناً ہوگا

ہُوا سو ہُوا: جانے بھی دو، اتنا خیال نہ کرو

ہوا کرے: کوئی پروا نہیں، میری بلا جانے، ہمیں کچھ غرض نہیں

ہوّا: بچوں کو ڈرانے کے لیے ایک فرضی چیز، ہیبت ناک شکل

ہوائی: ہوا سے منسوب، چالاک، مستعد، بے کار باتیں، ایک قسم کی آتش بازی

ہوائی اڑانا: جھوٹی خبریں پھیلانا، چہرہ پیلا ہونا، چہرے کی رونق ختم ہونا

ہوائی خبر: بے سر کی باتیں، بے بنیاد افواہ

ہوائی دیدہ: بے مروت، بدلحاظ، گستاخ، ڈھیٹ

ہوتا: ہونے والا

ہوتا آیا ہے: پرانی رسم ہے، پرانے زمانے سے ایسا ہو رہا ہے

ہوتے ہوتے: دھیرے دھیرے، آہستہ آہستہ

ہوتے ہوئے: موجودگی میں، موجود ہونے کی صورت میں

ہوٹل: مذ، طعام گاہ، نعمت کدہ، وہ جگہ جہاں مسافر کھانا کھاتے ہیں

ہو جانا: کام پورا ہو جانا، اگر واپس جانا، ختم ہو جانا، طلوع ہونا، ظاہر ہونا

ہو چکنا: پورا ہو جانا، خرچ ہو جانا، دنیا سے چلا جانا، ہونا

ہَودہ: مذ، عماری جو ہاتھی کی پیٹھ پر بیٹھنے کے واسطے رکھتے ہیں

ہوس: موہبط، بری خواہش، چاہت، آرزو، شہوت

ہوس بجھنا: ہوس ختم ہونا، خواہش پوری ہونا

ہوس پرور: خواہش کا غلام، لالچی، لالچ کرنے والا

ہوس کیش: لالچی، خواہش کا بندہ، حریص

ہوس ناک: لالچی، حریص، شہوت سے بھرا ہوا

ہوس نکالنا: خواہش پوری کرنا، حوصلہ نکالنا

ہوش: مذ، عقل، سمجھ، بوجھ، خبر، واقفیت، جان

ہوش آنا: ہوشیار ہونا، عقل آنا، غفلت ختم ہونا، سیانا ہونا

ہوش اڑا دینا: گھبرا دینا، حواس باختہ کر دینا، اوسان خطا کر دینا

ہوش اڑ جانا: گھبرا جانا، عقل ٹھکانے نہ رہنا، حواس قائم نہ رہنا

ہوش بجا رکھنا: عقل صحیح رکھنا

ہوش بجا رہنا: ہوش صحیح وسلامت رہنا

ہوش پراگندہ ہونا: حواس قائم نہ رہنا، ہوش جاتا رہنا

ہوش ٹھکانے نہ رہنا: عقل کا صحیح سلامت نہ رہنا

ہوش جانا، ہوش جاتے رہنا: عقل کا گم ہو جانا، اوسان خطا ہونا

ہوش رُبا: ہوش لے جانے والا، عقل وحواس کو ختم کر دینے والا

ہوش سنبھالنا: بڑا ہونا، عقل آنا، تمیز پیدا ہونا

ہوش کافور ہونا: عقل وحواس کا باقی نہ رہنا

ہوش کی بناؤ، ہوش کی خبر لو، ہوش کی دوا کرو، ہوش کی لو، ہوش کے ناخن لو، ہوش میں آؤ: سنبھل جاؤ، سمجھو، غور کرو، فکر کرو

ہوش گوش: ہوشیاری، عقل مندی، سمجھداری

ہوش مند: ہوش والا، عقل مند، شعور والا

ہوش میں آؤ: عقل سیکھو، تمیز پیدا کرو، عقل کے ناخن لو

ہوش نہ رہنا: بے ہوش ہو جانا، حواس قائم نہ رہنا

ہوش نہ ہونا: حواس صحیح نہ ہونا، دنیا کی کچھ خبر نہ ہونا

ہوش وحواس: عقل، تمیز، سمجھ بوجھ

ہوشیار: سمجھدار، عقل مند، ہوش والا، خرد مند

ہوشیاری: سمجھداری، عقل مندی، ہوش، خرد، احتیاط

ہوک: مو، سینے کا ہلکا ہلکا درد، کراہ

ہوک اٹھنا: درد ہونا، پہلو میں درد اٹھنا

ہول: مذ، خوف، اندیشہ، گھبراہٹ، پریشانی

ہول آنا: دہشت سمانا، ڈر لگنا، ڈر کا احساس ہونا

ہول اٹھنا: ڈر پیدا ہونا، ڈر لگنا

ہول دل: دل کی تپش، دل کی دھڑکن، خفقان

ہول زدہ: خوف زدہ، دہشت زدہ

ہول سمانا: دل میں خوف ہونا، دہشت سمانا

ہول ناک: بھیانک، خوف ناک، ہیبت ناک

ہولی: مو، ہندوؤں کا ایک تہوار جو بہار کے موسم میں منایا جاتا ہے

ہولیلہ: ہو جانا، ہو چکنا، پورا ہو جانا، ساتھ چلنا، لڑائی ہونا

ہوم: مذ، گھر، مکان

ہوم منسٹر: وزیر داخلہ، وہ وزیر جس کے ذمہ ملکی نظم

دُنسق ہوتا ہے

ہوں کرنا: زبان سے ہاں کرنا، رضامندی کا اظہار کرنا ہو کنا

ہونا: پیدا ہونا، دنیا میں آنا، واقع ہونا، پیش آنا، رہنا، انزال ہونا، ملنا

ہونے دو: ہو جانے دو، مت روکو، کچھ ڈر نہیں، کچھ پروا نہیں

ہونے کے دن: حیض کے ایام

ہونے والا: پیش آنے والا، ممکن، ہونہار

ہونٹ: مذ، لب

ہونٹ تک نہ ہلنا: زبان سے بات نہ نکلنا، زبان سے اشارہ نہ کرنا

ہونٹ چاٹنا: میٹھی چیز کھانے کے بعد ہونٹوں پر زبان پھیرنا، لذیذ چیز کا ذائقہ یاد رکھنا

ہونٹ چبانا: غصے سے ہونٹوں کو دانتوں سے کاٹنا

ہونٹ سی دینا: منہ بند کر دینا، چپ کر دینا

ہونٹ سی لینا: خاموش ہو جانا، خاموشی اختیار کر لینا

ہونٹوں پر ہنسی ہونا: مسکراہٹ ہونا

ہونٹوں کا ہلنا: دھیرے دھیرے بات کرنا

ہونٹوں کی مسّی پونچھو: بات کرنے میں تمیز سیکھو، تمیز سے بات کرو

ہونق: احمق، بے وقوف، گاؤدی

ہونہار: ہونے والا ہو، جس میں قابلیت کے آثار ہوں

ہونہار بِروے کے چکنے چکنے پات: ہونہار بچے کے آثار پہلے ہی اچھے نظر آتے ہیں

ہونی: شدنی، ہونے والی بات

ہوا کرنا: شور کرنا، غل کرنا، کبوتر اُڑانا

ہونی ہے نہ ہوگی: ممکن نہیں، ایسا کبھی نہیں ہو سکتا

ہویدا: ظاہر، عیاں، آشکارا، صراحت کے ساتھ بیان کیا ہوا

ہیولا، ہیولیٰ: مذ، ہر چیز کا مادّہ، اصل، ڈھیر، انبار، تہذیب سے بعید، خلافِ تمیز

ہیہات: افسوس، ہائے! ہائے، حیف

ہیئت: مو، وہ علم جس میں چاند تارے وغیرہ اور زمین کی بناوٹ اور گردش سے بحث کی جاتی ہے، صورت، شکل، بناوٹ

ہیئت کذائی: موجودہ حالت، موجودہ کیفیت

ہے ہے: افسوس کا کلمہ، ہائے ہائے

ہیبت: مو، دہشت، رُعب، دبدبہ، شان و شوکت

ہیبت زدہ: سہما ہوا، ڈرا ہوا، خوف کھایا ہوا

ہیبت ناک: خوف ناک، خطرناک، خطرے سے پُر، مہیب

ہیٹ: نیچے، تلے، کمینہ، کم درجہ کا

ہیٹا: مذ، کمینہ، رذیل، کم درجہ کا

ہیٹی: مو، ذلت، بدنامی، رسوائی، تحقیر

ہیٹی کرنا: رسوائی کرنا، بے عزتی کرنا

ہیجا: مذ، جنگ، لڑائی، حرب، رزم

ہیجان: مذ، جوش وخروش، شدت، تیزی

ہیجڑا: مذ، مخنث، خواجہ سرا، نامرد، زنانہ

ہیجڑا بنانا: نامرد بنانا، عضو تناسل کاٹ دینا، مخنث بنانا

ہیچ: معدوم، کچھ نہیں، کم، تھوڑا، نفرت کے قابل

ہیچ سمجھنا: ناچیز سمجھنا، کم درجہ کا جاننا، گھٹیا سمجھنا

ہیچ کارہ: نالائق، کسی کام کا نہیں، ناکارہ، بے فائدہ

ہیچ مدان: بے علم، ناواقف، کچھ نہ جاننے والا، عام طور پر عاجزی ظاہر کرنے کے لیے لکھتے ہیں

ہیچ میرز: بے قیمت، ناچیز، احقر

ہیڈ: مذ، سر، صدر

ہیڈ آفس: صدر دفتر، کسی محکمہ کا سب سے بڑا دفتر

ہیڈ کلرک: میر منشی، صدر محرر، وہ کلرک جس کے ماتحت بہت سے کلرک کام کرتے ہیں

ہیڈ ماسٹر: صدر مدرس، استادوں کا سردار، مدرسہ کا منتظم

ہیر: مو، خلاصہ، مغز، رانجھا کی محبوبہ کا نام

ہیرا: مذ، الماس، ایک قیمتی پتھر، عمدہ، نفیس، بڑھیا

ہیرا آدمی: سچا آدمی، کھرا آدمی

ہیرا کھانا: خودکشی کے ارادے سے الماس کھانا، حسد سے جلنا

ہیرا پھیری: اچھے قسم کا دھوکہ

ہیرے کی کنی کھانا: خودکشی کرنا، غیر فطری موت ہونا

ہیر پھیر: مذ، گڑبڑ، چکر دے کر کام نکالنا، فریب

ہیر پھیر کی باتیں: مکر وفریب کی باتیں، دھوکہ کی باتیں

ہیئر ڈریسر: مذ، بال سنوارنے والا، نائی، حجام، بال کاٹنے والا

ہیرنا: دیکھنا، مشاہدہ کرنا، ڈھونڈنا، پکڑنا

ہیرو: مذ، آدھا دیوتا فوق البشر، بہادر، سورما، میر المسانہ

ہیروئن: مو، ہیرو کی تانیث، بہادر عورت، شجاع عورت، وہ عورت جس پر افسانہ کا دارومدار ہو، میر المسانہ

ہیز: مذ، ہیجڑا، مخنث، خواجہ سرا، نامرد، بزدل، ڈرپوک

ہیزم: مو، جلانے کی لکڑی، ایندھن، جلاون

ہیزم فروش: لکڑہارا، جلاون جمع کر کے بیچنے والا

ہیضہ: مذ، ایک جان لیوا اور متعدی مرض

ہیضہ پھیلنا: پیٹ میں لوگوں کا جلنا ہونا

ہیضہ کرنا: ہیضہ کا مریض بننا، ہیضہ کا شکار ہونا

ہیضہ ہونا: پیٹ کی بیماری ہونا

ہیکڑ: زبردست، بھاکا کلا، بگڑا

ہیکڑی: مو، طاقت، قوت، شیخی، بغاوت، سرکشی

ہیکڑی جتانا، ہیکڑی کرنا: زبردستی کرنا، زور لگانا، زور دکھانا، دھمکی دینا

ہیکل: مو، وہ صورت یا بت جو کسی سیارے کے نام

پر بنایا جائے، شان وشوکت، نقشہ، علامت، عدد، ہندسہ، جسم، قد

ہیل: مو، سفید الائچی، چھوٹی الائچی

ہیل میل: مذ میل جول، میل ملاپ، پیار، ربط

ہیلنا: تیرنا، پیرنا، پانی کے اوپر یا اندر ہاتھ پاؤں کی حرکت سے چلنا

ہینڈ: مذ، ہاتھ

ہینڈ بک: کتابچہ، رسالہ، دستور العمل، قواعد وضوابط، نصاب

ہینڈ بل: دستی اشتہار، چھوٹے اشتہار جو تقسیم کیے جاتے ہیں

ہینڈ بیگ: دستی بیگ، چھوٹا صندوق

ہینگ: ایک درخت کا گوند جو بدبودار ہوتا ہے

ہینگا: مذ، کھیت کو ہموار کرنے کا پٹرا

ہینگر: مذ، کپڑے وغیرہ لٹکانے کی کھونٹی

ہیو: مو، گائے وغیرہ کے بلانے کی آواز

ی

ی کی دو قسم ہے ایک یائے معروف، دوسری یائے مجہول:

یائے معروف وہ ی ہے جس سے پہلے والے حرف پر زیر ہو اور خوب ظاہر کر کے پڑھا جائے جیسے عید، فقیر وغیرہ، آج کل ی معروف ظاہر کرنے کے لیے ی کے دو نقطوں کے نیچے الٹی زیر دیتے ہیں جیسے عید

یائے مجہول وہ ی ہے جس سے پہلے والے حرف پر زیر ہو یا نہ ہو اور خوب ظاہر ہو کے نہ پڑھی جائے مثلاً: دیر وغیرہ یائے مجہول پر کوئی علامت نہیں لگاتے

یائے معروف کی پھر کئی قسمیں ہیں اس میں سے چند کا ذکر بیان کیا جاتا ہے: (1) یائے نسبی جیسے ہندوستانی، ایرانی، امریکی، حنفی، مدنی (2) یائے خطاب جیسے مشفقی محترمی (3) یائے مصدری جو اسم صفت کے بعد آتی ہے جیسے دانائی، شیکبائی، برنائی، چوڑائی (4) یائے لیاقت جو مصدر کے آخر میں آ کر صلاحیت کا اظہار کرتی ہے جیسے کشتنی، گردن زدنی، خوردنی (5) یائے متکلم جیسے الٰہی، قبلہ گاہی (6) یائے فاعلی جیسے کسبی، شرابی، شکاری (7) یائے مفعولی جیسے تحریری، لفظی

یا: حرف ندا یا مناجات، اے، اجی، ارے، ارمی

یا: حرف عطف، خواہ، اگر چاہو تو، دو خبروں کے جمع ہونے سے روکنے کے لیے استعمال کرتے ہیں جیسے زید آیا یا بکر

یا اللہ، یا الٰہی: اے خدا، اے رب، دعا مانگنے یا حیرت ظاہر کرنے کا کلمہ

یا رب: اے خدا، اے پالنہار

یاسین، یٰسین، یٰسٓ: یا سید، اے انسانوں کے سردار، قرآن شریف کی ایک سورت جو 22ویں پارہ میں ہے

یاسین سنانا: مرنے والے کے سرہانے جانکنی کی حالت میں آسانی سے جان نکلنے کی خاطر سورۂ یاسین کی تلاوت کرنا، موت کی خبر سنانا

یاللعجب: عجیب بات ہے، تعجب کا مقام ہے

یالیت: اے کاش کہ!

یاوحشت: طنز اور تمسخر کے موقع پر بولتے ہیں

یاہو: اے خدا، کبوتر کی ایک قسم کی آواز

یاب: فارسی مصدر یافتن کا امر، آخر میں آکر فاعل کا کام کرتا ہے جیسے ظفر یاب، فتح یاب

یابس: خشک، خشک کرنے والا، سوکھا ہوا

یابندہ: پانے والا، حاصل کرنے والا، منزل تک پہنچنے والا

یابو: مذ، ٹٹو، چھوٹا گھوڑا

یاجوج ماجوج: مذ، دو فتنہ پرداز قومیں جن کا ذکر قرآن مجید میں آیا ہے، فسادی

یاد: مو، حافظہ، ذہن، خیالی

یاد آنا، یاد پڑنا، یاد ہونا: دھیان میں آنا، خیال میں آنا، دل میں آنا

یادآوری: یاد کرنا، خیریت معلوم کرنا

یاداللہ: رسمی ملاقات، علیک سلیک، واقفیت، صاحب سلامت

یادایام، یادایامے کہ: بیتے ہوئے دنوں کی یاد

یادداشت: یاد رکھنے کی قوت، حافظہ، روزنامچہ، یادہانی، وہ یاض جس میں ہونے والے واقعات درج ہوں

یاددلانا: جتانا، دھیان دلانا، بھولی ہوئی بات کسی کے ذہن میں ڈالنا

یاددہانی: کسی بات کی تاکید کے لیے دوبارہ کہنا یا لکھنا

یادرکھنا: دھیان میں رکھنا، بھول نہ جانا، غفلت اور لاپروائی نہ کرنا

یادرہنا: دماغ میں محفوظ رہنا، زبانی ہونا، ازبر ہونا

یادش بخیر: دعائیہ کلمہ، اس کی خیر ہو، اس کی یاد ہمارے لیے مبارک ہو

یاد کرنا، فرمانا: بلانا، بلا بھیجنا، زبانی یاد کرنا، دھیان میں بٹھانا

یاد کروگے: پچھتاؤ گے، افسوس کروگے، پشیمان ہوگے

یادگار: نشانی، آثار، علامت، اولاد، نسل

یادگار زمانہ: یاد رہنے والی چیزیں، اچھی چیزیں، بڑے اور اچھے لوگ

یادگاری: یاد رکھنے کی صلاحیت، یادگار کے طور پر

یادگدگدانا: کسی کی یاد بار بار آنا، کسی کی یاد میں بار بار کھو جانا

یار: مذ، دوست، یاور، معاون، مددگار، محبوب، ساتھی

یارباش: ملنسار، دوست دار، دوستی اور یاری کرنے والا، ہنسمکھ دل، عیاش

یار باشی: دوستی، یاری

یار بنانا: دوستی پیدا کرنا، ڈھب پر لانا، اپنے کام کا بنانا

یار بننا: دوست بننا، مددگار ہونا، ہمدم اور ہمدرد ہونا

یار جانی: بہت ہی پیارا دوست، دلی دوست

یار زندہ صحبت باقی: اب نہیں تو آئندہ سہی، زندگی باقی ہے تو ملاقات ضرور ہوگی

یار شاطر: چالاک دوست، عقل مند ساتھی، شطرنج کا ساتھی، ایک ساتھ شطرنج کھیلنے والا

یار غار: غار کا دوست، سچا اور پکا دوست، ہجرت کے موقع پر حضرت ابوبکرؓ حضورؐ کے ساتھ غار میں رہے اس کی طرف اشارہ ہے

یار مند: دوست، مددگار

یار وفادار: سچا دوست، پکا دوست

یارا: ند، قوت، طاقت، حوصلہ، مقدور

یاراں: ند، یار کی جمع، دوست، احباب

یارانِ رفتہ، یارانِ عدم: مرے ہوئے لوگ، وہ دوست احباب جن کا انتقال ہو چکا ہو

یارانہ: دوستی، آشنائی، الفت، شناسائی، پریم، محبت، میل ملاپ

یارانہ ہونا: دوستی اور محبت ہونا

یارگی: قدرت، توانائی، صلاحیت

یارو: ند، دوستو، ساتھیو

یارہ: ند، کنکن، کلائی، ایک مسہل دوا، لگان، محصول

یاری: مو، دوستی، الفت، مدد، کمک

یاری جوڑنا: آپس میں دوستی پیدا کرنا

یاری کٹ کرنا: بچوں کا ایک دوسرے سے دوستی ختم کرنا

یازدہ: گیارہ (11)، دس اور ایک

یازدہم: گیارہواں

یازہ: ند، جمائی، انگڑائی، خمیازہ، تھکاوٹ کے وقت بدن کا ٹوٹنا اور منہ کھلنا

یاس: مو، ناامیدی، محرومی، مایوسی

یاس کلی: پوری ناامیدی

یاس ہو جانا، یاس آ جانا: ناامید ہو جانا، ہمت باقی نہ رہنا

یاستا: ند، ماتم، قتل، جان سے مار ڈالنا، قوم منگول کی قانونی کتاب

یاسمن، یاسمین: چنبیلی کا پھول، چنبیلی کا پودا

یاغ: ند، گھی، روغن، تیل

یافت: مو، آمدنی، کمائی، اوپر کی آمدنی، مقررہ آمدنی کے علاوہ

یافتنی: پانے کے لائق

یافتہ: پایا ہوا، حاصل شدہ

یاقوت: ند، لعل، ایک قیمتی پتھر جو لال، نیلا، سفید یا پیلا ہوتا ہے، لال رنگ کا پلاؤ

یاقوت احمر: لال رنگ کا یاقوت

یاقوت جگری: گہرا لال یاقوت

یاقوت رُمّانی: انار کے رنگ کا یاقوت

یاقوت لب: محبوب، حسین

یاقوتی: مو، یاقوت سے منسوب، ایک معجون کا نام محبوب

یال: مو، وہ لمبے بال جو جانوروں کی گردن پر اُگے ہوتے ہیں

یاور: مذ، مددگار، دست گیر، مدد کرنے والا

یاوری: مو، مدد، حمایت، امداد، کمک، اعانت

یاوہ: بے ہودہ، بکواس، ناپید، گم

یاوہ گو: بیہودہ باتیں کرنے والا، بکواس کرنے والا

یاوہ گوئی: بکواس، بے فائدہ گفتگو

یائے تحتانی: مو، چھوٹی 'ی'، یائے معروف، وہ 'ی' جو خوب ظاہر ہو کے پڑھی جائے

یائے مکسوس: مو، بڑی 'ے'، یائے مجہول، وہ 'ے' جو خوب ظاہر ہو کے نہ پڑھی جائے

یُبس: مذ، خشکی، سوکھا پن

یُبوست: مو، سوکھا پن، روکھا پن

یتامیٰ: مذ، یتیم کی جمع، وہ بچے جن کے ماں باپ مر گئے ہوں

یتیم: مذ، وہ جس کے باپ کا انتقال ہو گیا ہو، نہایت قیمتی چیز

یتیم خانہ: وہ جگہ جہاں یتیم بچوں کی تعلیم و تربیت اور رہائش وغیرہ کا انتظام ہوتا ہے

یتیم ہونا: ماں یا باپ کا انتقال ہونا

یتیمی: مو، بن باپ کا ہونا

یثرب: مذ، مدینہ شریف کا پرانا نام

یحییٰ: مذ، ایک نبی کا نام

یخ: مو، برف، بہت ٹھنڈا، منجمد

یخ بستہ: سردی کی وجہ سے برف کی طرح جما ہوا

یخنی: مو، شوربا، ابالے ہوئے گوشت کا پانی، آب گوشت

یخنی پلاؤ: وہ پلاؤ جس میں یخنی ڈالتے ہیں

ید: مذ، ہاتھ، دست، مدد، پشت پناہی

یدُ اللہ: اللہ کا ہاتھ، حضرت علی کرم اللہ وجہہ

ید بیضا: روشن اور چمک دار ہاتھ، سفید ہاتھ، حضرت موسیٰ کا معجزہ، فارسی تذکرہ

ید سفلیٰ: نیچے والا ہاتھ، مانگنے والا ہاتھ، سوالی ہاتھ

ید طولیٰ: لمبا ہاتھ، تجربہ، پورا کمال

ید طولیٰ رکھنا: کسی کام میں بڑا ماہر ہونا، کمال رکھنا، بڑی مہارت ہونا

ید علیا: اوپر کا ہاتھ، بخشنے والا ہاتھ

ید قدرت: اللہ کی قدرت، اللہ کی طاقت

یدین: مذ، دونوں ہاتھ

یراق: مذ، لڑائی کا سامان، ہتھیار، اسلحہ، سامان

یرغار: مذ، تیز گھوڑا، حملہ، یلغار، دھاوا، چڑھائی

یرغمال: مذ، کفالت کرنے والا، ضمانت دار

یرقان: مذ، ایک بیماری جس میں بدن، آنکھیں اور چہرہ زرد ہو جاتا ہے

یرقانی: یرقان میں مبتلا ہونا، پیلا رنگ

یرمغان: مذ، تحفہ، ہدیہ، ارمغان، سوغات

یزد: مذ، ایران کا ایک شہر

یزدان: مذ، خدا، ایزد، رب

یزداں پرست: خدا پرست، آگ کی پوجا کرنے والا، پارسی قوم

یزدانی: یزداں سے منسوب، زاہد اور پرہیزگار

یزدی: شہر یزد کا باشندہ، شہر یزد کی بنی ہوئی چیز

یزید: مذ، حضرت امیر معاویہؓ کے بیٹے کا نام جس کے زمانہ میں حادثہ کربلا ہوا

یسار: مذ، بایاں ہاتھ، الٹا ہاتھ، دولت مندی، بہتات

یسارت: مو، دولت مندی

یسال: مذ، فوج کا پہرہ

یساول: مذ، نقیب، چوکیدار، پہریدار

یُسر: مو، آسانی، خوش حالی، دولت مندی، امیری، ثروت

یُسیر: آسان، تھوڑا، وہ بچہ جس کی ماں مر گئی ہو، مسکین

یشب: مذ، ایک قیمتی پتھر جو سبزی مائل ہوتا ہے

یعسوب: مذ، شہد کی مکھیوں کا راجا، قوم کا رہنما

یعقوب: مذ، اڑنگا لگانے والا، پیچھا کرنے والا، حضرت یوسفؑ کے والد کا نام

یعنی: مطلب یہ ہے، مراد یہ ہے، اس لیے کہ

یغما (یغمان): مو، لوٹ کا مال، غنیمت کا مال

یغائی: مذ، لوٹنے والا، ڈاکو، قزاق

یفاع: مو، اونچی زمین، فراز، ٹیلہ، تل

یقظہ: مو، بیداری، نیند سے جاگنا، کسی قوم کا غفلت سے جاگنا، شعور اور سمجھ پیدا ہونا

یقین: مذ، اعتبار، اعتماد، بھروسہ، بلاشک، ضرور

یقین آنا: اعتبار ہونا، اعتماد ہونا

یقین کرنا: اعتبار کرنا، باور کرنا، اعتماد کرنا، بھروسہ کرنا، مان لینا

یقین لانا: اعتبار کرنا، باور کرنا، اعتماد کرنا، بھروسہ کرنا، مان لینا

یقین مانو: سچ سمجھو، صحیح جانو، میں سچ کہتا ہوں، یقین کرو

یقیناً: ضرور، بے شبہ، بلاریب، بغیر کسی گمان کے

یک: ایک، اکیلا، واحد، تنہا

یک اسپہ: وہ شخص جس کے پاس ایک گھوڑا ہو

یک بار: ایک دفعہ، ایک بار، ایک مرتبہ

یک بارگی: اچانک، یکا یک

یک جا: ایک مقام پر ملے، اکٹھے

یک جان و دو قالب: بہت گہرے دوست، پکے دوست

یک جدّی: ایک ہی دادا کی اولاد، اجدادی، موروثی، خاندانی

یک جہت: متفق، متحد، موافق

یک جہتی: اتحاد، اتفاق، دوستی

یک چشم: کانا، واحد العین، ایک آنکھ کا

یک چشمی: اچھے برے میں تمیز نہ ہونا، کھرے کھوٹے میں فرق نہ کرنا

یک چند: ایک لمحے کو، ذرا سی دیر کو

یک چوبہ: وہ خیمہ جو ایک بانس پر کھڑا ہو

یک دست: ایک طرح کا، یکساں، ہموار

یک دستی: ایک ہاتھ کا، کشتی کا ایک داؤ

یک دگر: ایک دوسرا، باہم دگر، ایک دوسرے کے ساتھ

یک دل: ہمدرد، دوست، غم خوار

یک دلا: متفق، متحد، بہادر، ہمت والا

یک دلی: اتفاق، میل جول، ملاپ، اتحاد، محبت، رفاقت

یک رنگ: ایک ہی طرح کا، ایک جیسا، صاف دل، سچا، مخلص، دوست

یک رنگی: ایک طرح کا ہونا، محبت، یگانگت

یک رو: دوست، سچا یار

یک زبان: ثابت قدم، بات کا پکا، اتفاق رائے

یک زبان ہونا: اتفاق رائے ہونا

یکساں: ایک جیسا، ہموار، چورس

یکسانی، یکسانیت: مشابہت، ایک شکل کا ہونا

یکسر: تمام، سب، بالکل، شروع سے آخر تک

یکسو: ایک طرف، ٹھہرا، پوری توجہ، ایک سمت مبذول کیے ہوئے، ایک جانب

یکسوئی: اطمینان، طمانیت، فرصت، موقع

یک شنبہ: اتوار

یک طرفہ: ایک ہی سمت، ایک ہی جانب

یک طرفہ رائے: فلاں رائے، یک طرفہ رائے

یک طرفہ فیصلہ: وہ فیصلہ جو دوسرے فریق کی غیر موجودگی میں کر دیا جائے

یک فنی: بے مثال، بے عدیل، لاجواب، فن کا استاد

یک قلم: یکسر، ضرور، فوراً

یک گونہ: کسی قدر، ذرا سا، ایک ہی رنگ کا

یک لخت: تمام، سب، بالکل

یک لوتا: اکلوتا، فرد، ماں باپ کی اکیلی اولاد

یک مشت: ایک دفعہ، ایک ہی بار، سب، تمام

یک نفس: بہت مختصر مدت، ذرا سی دیر

یگانہ، اگانہ: نرا، اکیلا، تنہا، تاش کا سب سے بڑا پتا

یکا یک: اچانک، ناگاہ، یک بیک

یکتا: بے ہمتا، بے مثال، بے عدیل، جس کا کوئی ثانی نہ ہو

یکتائی: موحد، وحدت، توجہ، انوکھا پن، نرالا پن

یکم: مو، پہلی، مہینے کی پہلی تاریخ، اول روز

یکہ، یکا: مذ، رتھ، ایک گاڑی جس میں گھوڑا جوتا جاتا ہے

یک باز: یکہ چلانے والا، بہادر، سورما، یکہ بان

یکے: ایک، واحد

یکے بعد دیگرے: ایک دوسرے کے بعد بترتیب سے

یگانگت: سو، رشتہ داری، اتحاد، اتفاق

یگانگی: سو، یگانگت، اتفاق، محبت

یگانہ: سگا، قرابت والا، عزیز، بے نظیر، بے مثال

یل: مذ، پہلوان، بہادر، موٹا

یل شل: خوب موٹا اور تگڑا

یلدا: سو، تاریک اور طویل ترین رات، کالی اور لمبی رات

یلغار: سو، دشمن کی فوج پر دھاوا بولنا، حملہ، دھاوا

یلمی: ذہین، ہوشیار، چالاک

یلہ: بے قید، آزاد

یم: مذ، دریا، سمندر، طرف، سمت، حصہ

یمام: مذ، جنگلی کبوتر

یمن: ایک عرب ملک

یُمن: مذ، برکت، سعادت، نیک بختی، کامرانی

یَمنی: ملک یمن کا باشندہ، یمن سے منسوب

یمین: مذ، سیدھا ہاتھ، دائیں طرف، قسم، طاقت

یمین الدولہ: حکومت کا مشیر، ایک خطاب جو امرا کو بادشاہ کے دربار سے عطا ہوتا تھا

یمین و یسار: دایاں بایاں، فوج کا دایاں اور بایاں بازو

ینابیع: مذ، چشمے، ینبوع کی جمع

یُوحنا: مذ، خدا کا فضل، اللہ کی مہربانی، حضرت عیسیٰؑ کے حواریوں میں سے ایک کا نام

یُورش: سو، حملہ، ہلہ، دھاوا، چڑھائی، یلغار، ہنگامہ، فتنہ، بلوہ

یُوز: مذ، چیتا، تیندوا، 100 کا عدد

یوز باشی: سو (100) سپاہیوں کا سردار

یوسف: مذ، حضرت یعقوبؑ کے بیٹے کا نام، بہت خوب صورت، حسین و جمیل

یوسف ثانی: حضرت یوسف جیسا خوبصورت

یوم: مذ، روز، دن، تاریخ، جمع ایام

یوم الحساب: قیامت کا دن، حساب کی جانچ کا دن

یوم القیامت: روزِ قیامت، روزِ محشر

یوم النشور: دوبارہ اٹھائے جانے کا دن، روزِ محشر

یوماً فیوماً: روز بروز، آئے دن

یومیہ: مذ، روزانہ، روزنامہ، ایک دن کی اجرت

یوں: اس طرح، بایں طور، اس ڈھنگ سے

یوں بھی سہی: اس طرح بھی منظور ہے، جیسا بھی تم چاہو

یوں ٹرخا دیا: ناکام واپس لوٹا دیا، خالی خولی ٹال دیا

یوں ہی سہی: اس طرح بھی منظور ہے، ہم اس طرح بھی خوش ہیں

یونانی: مذ، ملک یونان کا باشندہ، یونان سے منسوب

یونٹی: مو، وحدت، اتحاد، اتفاق

یونس: مذ، ستون، رکن، بنی اسرائیل کے ایک پیغمبر، مچھلی والے پیغمبر

یونیسکو: مذ، اقوام متحدہ کا ایک ذیلی ادارہ جو تعلیم، سائنس اور ثقافت کے متعلق امور انجام دیتا ہے

یونی سیف: اقوام متحدہ کی ایک انجمن جو عالمی پیمانے پر بچوں کی تعلیم کا کام کرتی ہے

یونی فارم: مذ، وردی، پولیس، فوج اور اسکولی بچوں کا مخصوص لباس

یونین: مو، اتحاد، ایکا، میل جول، ادارہ، انجمن

یونی ورسٹی: مو، جامعہ، دانش گاہ، وہ جگہ جہاں اعلیٰ تعلیم ہوتی ہے

یہ منہ اور مسور کی دال: تم اس قابل نہیں، تم اس کے حق دار نہیں

یہود: مذ، یہودی کی جمع، حضرت موسیٰ کی امت، ایک مسلم دشمن قوم جس کی حکومت عربوں کی زمین پر زبردستی قبضہ کر کے فلسطین (اسرائیل) میں قائم کی گئی ہے

یہی نا: صرف اتنی بات ہے نا

یہیں: اسی جگہ، اسی مقام پر، اسی طرف، اسی عالم میں

یہیں سے سلام کرتے ہیں: بیزاری کا اظہار کرتے ہیں، لاحول پڑھتے ہیں

ییلاق: مذ، وہ ٹھنڈی جگہ جہاں گرمی کا موسم گزارا جائے

○○○

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کی چند مطبوعات

اُردو۔ ہندی لغت



صفحات:416

قیمت : -/220روپے

فرہنگ اصطلاحات شماریات (انگریزی اُردو)



صفحات:95

قیمت : -/58روپے

فرہنگ اصطلاحات لسانیات



صفحات : 222

قیمت : -/55روپے

فرہنگ اصطلاحات سماجیات (انگریزی اُردو)



صفحات:165

قیمت : -/53روپے

فرہنگِ اصطلاحات کامرس



صفحات : 210

قیمت : -/32روپے

فرہنگِ اصطلاحات کیمیا



صفحات : 208

قیمت : -/62روپے

₹ 240/-

ISBN: 978-93-5160-055-8

9 7899351 600558

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language

Farogh-e-Urdu Bhawan, FC- 33/9, Institutional Area,
Jasola, New Delhi-110 025